ماشہ کے حساب سے دستیاب ہو سکتا ہے۔ بھیم سینی کافور کے ایک گھنٹہ بعد مندرجہ ذیل سرمہ آنکھوں میں ڈالیں۔

نسخہ سرمہ۔ سرمہ سیاہ آگ میں تپا کر سُرخ کرے اور ترپھلہ کے پانی میں بجھا دے۔ اور اس طرح سات بار کرے۔ پھر اس طرح ۷ بار گرم کر کے اگر عورت کے دودھ میں بجھا دیں تو اچھا ہے۔ پھر اس کی باریک ڈلیاں کر کے باریک کپڑے میں باندھ کر ایک حقہ میں لٹکا دیں جیسے حقہ کا پانی روز نیا بدلتے رہیں۔ مگر پوٹلی کو حقہ کے نیچے میں پڑا رہنے دیں اور ساتویں دن نکالیں۔ اور اس تو اس سرمہ میں قلمی شورہ ۳ ماشہ۔ مرچ چینی ۳ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۳ ماشہ اضافہ کر کے باریک پیس لیں۔ قیمت اس کی ۸ روپے تولہ ہے۔ اس سرمہ کو ڈالنے سے دس منٹ بعد اطریفل کشنیز بھی کھا دیں۔

ترکیب اطریفل کشنیزی۔ پوست ہلیلہ زرد ½ ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ½ ۱ تولہ ہلیلہ سیاہ ½ ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ (بہیڑہ) ½ ۱ تولہ بہیڑہ پوست آملہ ½ ۴ تولہ کشنیز خشک ½ ۴ تولہ روغن گاؤ ۵ تولہ شہد ½ ۴ تولہ۔ کھانڈ ۲ تولہ۔ ادویات کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ سے چرب کر کے شہد و شکرتری ملا کر کسی ظرف چینی یا مرتبان روغنی میں ڈال کر دو تین ہفتہ غلہ میں دبا رکھیں اور بعد ازاں استعمال کریں۔ خوراک ۱ تولہ سے ۲ تولہ تک۔ اس میں اگر کشتہ مرجان ۲ تولہ داخل کریں تو نہایت مفید ہے۔

ترکیب کشتہ مرجان۔ مرجان (گلیاں) کو دودھ میں ڈالیں بعد ازاں لعاب گھیکوار اور گندل سمیت ایک سکورہ میں رکھ کر اوپر مٹی لگا دیں اور ۵ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ سفید ہو جاوے گا۔ نکال کر عرق گلاب میں پہر بھر تک کھرل کریں اور کار خانہ امرت دھارا لاہور سے ۸ روپے تولہ ملے گا) اس دوائی پر ایک دو گھنٹہ بعد کھانا کھا دیں۔ اور سُرخ مرچ کھٹائی۔ تیل کی اشیا وغیرہ سے بالکل پرہیز رکھیں۔ سہ پہر کو بھیم سینی کافور پھر ڈالیں۔ اور رات کو سوتے وقت سرمہ مذکورہ بالا ڈالیں اور دودھ بھی پیویں۔ نشاستہ کی روٹی بھی تمام عورتیں بنا سکتی ہیں۔ وہ بنوا لیں۔ اسی طرح باقاعدہ سوا مہینے تک عمل کرنے سے امید ہے ضرور آرام ہو جاوے گا۔

(۵) **سرمہ دافع امراض چشم** { پھٹکڑی سفید ۲ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ پھٹکڑی کو کڑاہی یا توے میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ اس کے پگھلنے پر درمیان میں پارہ ڈالدیں۔ اور فوراً ہی اس پر نوشادر کا سفوف ڈالیں اس کے بعد پسا ہوا نیلا تھوتھا اس پر چھڑک دیں۔ اور اس کے چھڑکنے کے ایک منٹ بعد باقیماندہ نوشادر چھڑک دو جب ایک طرف سے پک جاوے دوسری طرف سے اُلٹا کر پکاؤ جب بالکل مکمل ہو جاوے کھرل کر کے پیس کر شیشی میں محفوظ رکھو۔ یہ سرمہ جملہ امراض چشم

(س) **درد سر دائمی** اگر مندرجہ ذیل نسخہ باقاعدہ استعمال کریں تو فائدہ عظیم دیکھیں۔

خوراک صبح۔ دانہ الائچی کلاں ۱ ماشہ۔ طباشیر ۱ ماشہ۔ سرمہ زیدنا سفتہ ۱ ماشہ کشتہ چاندی ۱ ماشہ کشتہ سونا ۱ ماشہ۔ اگر کشتہ چاندی و سونا نہ ملیں تو ورق چاندی اور ورق سونا ڈال سکتے ہیں مگر اتنا فائدہ نہ ہوگا۔ سب کو باریک کھرل کر یا ورہ ۲۸ پڑیاں بنا دیں۔ رات کو خشخاش سفید ۳ ماشہ اور مغز بادام ۷ دانہ بھگو رکھیں۔ صبح مغز بادام کا چھلکا اُتار لیں اور پھر دونوں کو خوب باریک پیس کر ۲ تولہ مکھن اور ۲ تولہ مصری ملا دیں اور اس میں مندرجہ بالا ایک پڑیا لپیٹ کر کھا لیویں۔ اوپر سے اگر دودھ پی سکتے ہو تو پی لیں۔

خوراک دوپہر۔ مربہ آملہ ۱ عدد۔ ورق نقرہ ۲ عدد کھا دیں۔

خوراک سہ پہر۔ مربہ آملہ ۴ تولہ مربہ ہڑ ۴ تولہ مربہ سیب ۴ تولہ۔ مربہ ہلیلہ ۴ تولہ۔ کشتہ مرجان ۴ تولہ کشتہ سنگ یشب ۴ تولہ۔ زہر مہرہ ۴ تولہ اچھی طرح ملا کر ایک مرتبان روغنی میں رکھیں اور ۶ ماشہ کے قریب کھا یا کریں۔

خوراک شب۔ سونف مقشر ۳ ماشہ شکر سُرخ ۳ ماشہ نیم گرم دودھ کے ساتھ کھا دیں۔

ترکیب کشتہ سنگ یشب۔ ۵ تولہ سنگ یشب کو سُرخ کر کے ایک صد بار عرق گاؤزبان میں بجھا دے۔ پھر برگ گاؤزبان ۱۰ تولہ کا نغدہ کر کے درمیان میں رکھ کر ۲ سیر کے قریب آگ دیوے۔ اور سرد ہونے پر پیس کر نکال لیوے۔ سر درد دائمی۔ زکام۔ نزلہ۔ کمزوری حافظہ خفقان وغیرہ کے واسطے یہ اکسیر ہے۔

نسخہ پھلبہری۔ سنکھیا بلوری۔ دار چکنا۔ سکھ کپور شنگرف مردار سنگ ہر ایک ایک تولہ کو ۱۲ گھنٹے کے قریب انگریزی شراب برانڈی میں کھرل کریں۔ بعد ازاں دو چار ٹکیہ بنا کر ایک پیالہ گلی میں رکھیں۔ اور اس کے عین برابر دوسرا پیالہ جوڑ کر خوب مضبوط بند کر دیں۔ چکنی مٹی وغیرہ لگا کر سکھا دیں اور چولھے پر رکھ کر اس کے نیچے بیری کی لکڑی کی آگ دھیمی دھیمی روشن رکھیں۔ یہاں تک کہ ۲ سیر لکڑیوں کے قریب جل جاویں۔ انگوٹھے کے برابر دو لکڑیاں برابر جلتی رہیں۔ یہ آگ کافی ہے اس سے کم بھی نہ ہو۔ جو ہڑتال کر اوپر کی سطح کو لگ جاویں گے مگر اوپر کے پیالہ کو کسی کپڑے سے تر رکھنا چاہئیے تاکہ جوہر خوب جمیں۔ یہ بھی خیال رہے کہ پیالوں کے بند کہیں سے کھل کر دھواں نہ نکلنے پاوے۔ اگر نکل آوے تو جھٹ مٹی وغیرہ کچھ لگا دیں۔ اور اس دھوئیں سے اپنے آپ کو بچا دیں ورنہ بہت نقصان کا اندیشہ ہے۔ ٹھنڈا ہونے پر اوپر کے پیالے سے دوائی کھرچ لیں اور شیشی میں رکھ چھوڑیں۔ اور ضرورت کے وقت ایک چاول منقہ میں ڈال کر کھا دیں۔ مگر منقہ کے بیج ضرور نکال دیں۔ اور دودھ گھی کا استعمال رکھیں اور کم از کم دو مہینہ کھا دیں۔

عرق بال صفا۔ بیری ام سلفائیڈ ایک انگریزی دوائی انگریزی دوا فروشوں سے

روپیہ کا پھونکنا: تتلی کی بتی جو اکثر گیہوں کے کھیت میں پیدا ہوتی ہے اس کا ایک پاؤ عرق لیکر چار دن رات اس میں روپیہ کو بھگو ڈیں۔ بعد چار یوم کے نکالکر آدھ سیر تقدی تتلی کی بتی سے کر کپڑ مٹی کر کے بیس سیر کی آنچ دیں کشتہ ہو جاوے گا۔ اور حروف بدستور رہیں گے۔ آگے کر یا کرنے کے بعد خشک ہو جاتی ہے۔ (گیان دین وید از جہور)

(۲۰) شمال کی طرف سر اور جنوب کی طرف پاؤں کر کے کیوں نہ سونا چاہئے؟

یہ بذات خود ایک طویل مضمون ہے۔ اس واسطے صرف اسی قدر اشارہ دے سکتا ہوں کہ زمین بیضوی شکل کی ہے۔ دونوں سروں کو قطب شمالی اور قطب جنوبی کہتے ہیں۔ دونوں قطبوں پر زمین ذرا نیچے کو پی ہوئی ہے کشش ثقل جو زمین میں ہر ایک چیز کو اپنی طرف کھینچنے کی جو طاقت ہے۔ وہ زمین کی چیزوں پر زیادہ اثر کرتی ہے اسی اصول پر قطب نما چلتا ہے۔ انسان کے اندر قوت مقناطیس سر میں جمع ہو کر خلل دماغ پیدا کر سکتی ہے ہمارے متقدمین کی ایک ایک بات علمی دلائل پر مبنی ہے۔ اگرچہ ہم ان کو نہ سمجھ کر کے فائدہ نہ اٹھائیں۔

(۲۱) اپریل سے اکتوبر تک ہاتھ پاؤں میں جلن

صندل سفید اور نیم کی چھال کو پانی یا عرق گلاب وغیرہ سے پیس کر لیپ کیا کریں۔ کچھ دیر کے بعد آرام ہو جاوے گا۔ اور کشتہ چاندی ہمراہ آب ملی اور شربت نیلوفر کے کھاویں۔ تاکہ دیر تک بھی ٹھیک ہو جاوے اور صفرا بھی دور ہو املی کو رات کو بھگو کر صبح پانی نتھار لیں۔ اور اس میں میٹھے کی جگہ شربت نیلوفر ملا دیں۔ ۲ چاول کشتہ چاندی زبان پر رکھ کر اوپر سے اس کو پی لیں کشتہ چاندی نہ ملے تو کشتہ قلعی اگر وہ بھی دستیاب نہ ہو تو صرف اسی کو پیا کریں۔

ترکیب کشتہ چاندی: چاندی اور کے پترے کو تپا تپا کر تیل۔ کانجی۔ گئو موتر لسی کے کاڑھے اور دہی کے مٹھے میں سات سات بار بجھا کر صاف کرے پھر برگ نار ایک پاؤ کا نغدہ کر کے اور چاندی کا پترہ اس میں رکھ کر گل حکمت کر کے چینی مٹی وغیرہ سے کپڑ مٹی کر کے خشک کرے اور ۱۵ سیر کے قریب گڑھے میں اپلہ کی آگ دیوے۔ ایک دو آگ میں کشتہ ہو جاوے گا۔

(ایڈیٹر)

(۲۲) مرض جریان

۱ تولہ رانگ مینی قلعی کا پترا کر کے سہاگہ ۱۶ ماشہ کو بقدر حاجت عرق کی رس میں کھرل کر کے پترہ مذکور پر چڑھا دیں۔ بعدہ اوپر اس کے ایک چپاتی لپیٹ کر سیر پختہ پرانے کپڑوں کی آگ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکال لیں۔ کشتہ رانگ ۱ تولہ گورا کھد ۔ ۵ اتولہ مصطفی ہر سہ شامل کر کے خوراک ۲ رتی ۔ شیر بدف علاج ہے۔

(دوست محمد خاں مالیرکوٹلہ)

(۲۳) بواسیر کا نہایت سہل علاج

اصل السوس ۱۰ ماشہ۔ کتھ سفید ۱۰ ماشہ مجیٹھ ۱۰ ماشہ گیرو ۱۰ ماشہ۔ رسونت ۱۰ ماشہ۔ لاکھ کنار ۱۰ ماشہ زرد چوب ۱۰ ماشہ۔ میدہ لکڑی ۱۰ ماشہ غنچہ انار ۱۰ ماشہ ان جملہ ادویات کو لیکر جھوٹن کوٹ پیس کر بقدر موافق طبیعت صبح دو پہر رات، گائے کی لسی کیساتھ کھاویں۔ خونی و بادی دونوں قسم کی بواسیر دور ہوگی۔

(دوست محمد خاں مالیرکوٹلہ)

نوٹ:۔ اصل السوس (ملٹھی)، زرد چوب (ہلدی)، غنچہ انار (پھول انار) لاکھ کنار (لاکھ دانہ)

(ایڈیٹر)

(۲۴) جلدی پھنسیاں

نیم کی نمولی کی گری ۵ تولہ۔ آدھ کوٹی (جو کوب) کر کے تیل سرسوں ۱۰ تولہ میں نرم آگ پر پکاویں جب سڑ جاویں اتار کر چھان کر نگاہ رکھیں اور دن میں ۲ بار لگایا کریں۔ (,,)

(۲۵) عورت کے پیڑو میں درد اور مروڑا

ناگ کیسر کا سفوف بنا رکھیں اور ایک ماشہ ہر روز صبح کھلایا کریں۔ جب حیض آ جاوے یہ دوا نہ دیں۔ سہاگہ ۹ ماشہ کیسر ۲ رتی کو باریک کر کے تین پڑیے بنا دیں اور صبح تازہ پانی سے ہر روز کھلا دیں۔ اگر رحم اپنی جگہ پر نہیں لاتق دوا یہ سے کام لیں۔

(۲۶) کرم امعاء

باؤ بڑنگ ۶ ماشہ کو ہمراہ دہی کے روز صبح کھایا کریں۔ تیل کی اشیاء سے بالکل پرہیز۔ ۴۰ دن استعمال کریں کرم گر پڑینگے۔ امید ہے کہ پھر پیدا نہ ہونگے۔ دو تین ماہ ہر مہینے کے شروع میں ایک دو دن اور کھا چھوڑا کریں۔ تاکہ کوئی خطرہ نہ رہے۔

(ایڈیٹر)

(۲۷) آنکھیں بڑی نعمت ہیں

ہر قسم کے آنکھوں کے مرضوں کیواسطے کیا دو اخبار ورشتی پکارک کا شکر یہ ادا کریں جو ادویات ہزاروں صرف کر کے دستیاب نہیں ہو سکتیں وہ دوشتی پکارک کے ذریعہ کوڑیوں کو ملتی ہیں۔ دھندہ جالا غبار پھولا۔ آشوب۔ ڈھلکہ۔ سرخی پڑی ہوئی جیسے آنکھ پر بال پیدا نہ ہوں۔ پڑبال وغیرہ سب قسم کی مرضوں کی بیخکنی کرنیوالی دوائی ہے۔ ترکیب یہ ہے:۔

عقرقرحا ۱۲ ماشہ۔ رسونت ۲ تولہ۔ زاج سفید ا تولہ۔ نوشادر ۵ ماشہ۔ توتیا سبز دیسی ۳ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۴ ماشہ۔ آب زہرہ (پتہ) بزہ ۲ تولہ میں خوب کھرل کریں۔ بعدہ بقدر مناسب گولیاں باندھ کر رکھ چھوڑیں۔ دن کو یا رات کو گولی تھوڑی تھوڑی سی سادہ پانی میں گھسا کر سرمچو سے ڈال لیا کریں۔ ایک دو ہفتہ کے اندر اندر کامل فائدہ ہوگا۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔

(دوست محمد خاں)

جو آب زہرہ بزنہ ڈالنا چاہیں وہ شیر عورت ڈال لیں۔

(ایڈیٹر)

(۲۸) خضاب

پوست ہلیلہ زرد ۔ آملہ۔ نیل بڑی۔ برگ نیل۔ برگ حنا۔ بیخ نیلوفر

ہو گا۔ میرا آزمودہ ہے۔ اگر باقاعدہ استعمال کیا جاوے جلا رکت کو بول کشٹ کو دور کرے گا۔

(دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

(۳۴) کشتہ ہڑتال برنگ سفید } ہڑتال ورقی ایک تولہ کو چار پہر گھیکوار کے عرق میں کھرل کریں۔ بعدہ ٹکیہ بنا کر خوب سایہ میں خشک کرلیں۔ ایک سیر برگ سنبھالو کے نگدہ میں دے کر کپڑ وٹی کریں۔ بعد خشک ہونے کپڑ وٹی کے سات سیر وزن خام کی آنچ گڑھا کھود کر دیں۔ جب سرد ہووے نکال لیں کشتہ ہڑتال برنگ سفید وزن میں پورا نکلے گا۔ آزمودہ ہے۔

(" ")

تھکی پیلک (کھوہ) کے پتوں کے رس میں ہڑتال کو بجھا دیں یعنی اس کا اتنا پانی ڈالیں کہ اوپر تیرنے لگے پھر کھرل کرکے خشک کردیں۔ یہ ایک پٹھ ہے اسی طرح کی سات پٹھیں دیں پھر سات پٹھ سنگ پشپی کی (سکھا ؤلی) پانی کی دیں۔ اور پھر اسکی ٹکیہ بنا کر سکھا لیں۔ ان پٹھوں میں اس قدر طاقت ہے کہ جب دھوپ میں رکھوگے مکھیاں جل لیں گی۔ پھر ایک تھالی میں ایک گڑھا کھود کر بیل کی راکھ اور بیچ اس ٹکیہ کو درمیان میں رکھیں اور اوپر دوسری تھالی دے کر منہ کو گوبر سے بند کردیں۔ دو سیر اپلے اردگرد لگا کر آگ لگا دیں ہڑتال سفید براق ہو جاوے گی۔

نوٹ۔ اگر سنگ پشپی نہ مل سکے تو کوہی کی اور پٹھیں دے لیں۔ سات سات پٹھے سے کم دینے سے مکھی مرجاتی ہے مگر اس طرح ہوا اڑجاتی ہے۔

(۳۵) حلق سے دماغ اور آنکھیں کمزور } درخت جنڈی کے برگ ۲ سیر باریک کوٹ کر نگدہ تیار کریں کسی برتن میں نصف حصہ نگدہ مذکورہ ڈال کر اوپر سے قلعی ۲ تولہ بھر قرص کی سالم ڈلی دھردیں۔ پھر اوپر اس کے باقیماندہ نگدہ دے کر برتن کا منہ بند کردیں۔ اور مضبوط گل حکمت کرنے کے بعد ۱۰ سیر سنید ہوا کی آنچ دیں۔ سرد ہونے کے نکال لیں۔ سالم ڈلی قلعی رانگ کا کشتہ ہوگا۔ مناسب لو پان کے ساتھ ۱ یا ۲ رتی روزانہ کھاویں۔ اس کے استعمال سے کل مسلوبہ طاقتیں عود کر آئیں گی۔ (دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

(۳۶) موصلی پاک } موصلی سفید ایک سیر دس سیر دودھ میں ابالے۔ پھر جب سب دودھ خشک ہوجاوے تو پاؤ بھر گھی ڈال کر بھونیں۔ ۲ سیر کھانڈ کا قوام کر اور اس میں مندرجہ بالا کھو یا ڈال دیں۔ مندرجہ ذیل ادویات بھی باریک پیس کر ڈالے۔ گوند کیکر، صمغ عربی، ۲/۱ تولہ ناریل ۲/۱ تولہ۔ مغز بادام ۲ تولہ جدوتی ۲/۱ تولہ معاقل لونگ۔ کیسر جب چھڑ۔ کوہنج بیج۔ دار چینی۔ الائچی خورد۔ ناگ کیسر۔ تیج۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ پیپل۔ جاوتری سب ۹-۹ ماشہ مندرجہ ذیل بھی ڈال لیں ۲ زعفران کشتہ قلعی۔ چاندی۔ فولاد۔ مرجان میں سے جو ملے ملا لیوے۔ نہ ملے نہ سہی قریب قریب تین تین تولے کے لڈو بنا دے اور ہر صبح ایک ہمراہ دودھ تازہ

کے کھاوے۔ اس سے ضعف چشم ضعف دماغ ضعف معدہ، کھانسی۔ دمہ۔ دبلا پن۔ نامردی منی کا پتلا ہونا جسم کی خشکی۔ زیابیطس وغیرہ دور ہوتے ہیں۔ بانجھ عورت کھاوے تو حاملہ ہووے اس کے کھانے والے کے بال جلدی سفید نہیں ہوتے۔ رنگ دن بدن چمکتا ہے اور جوانی کی طاقت بڑھتی ہے۔ (ایڈیٹر)

(۳۷) طلائے :- یہ طلا مجلوقوں کیوسطے بہت اکسیر ہے۔ اور آلۂ تناسل کی کجی کو دور کرتا ہے اور باہ کو قوت دیتا ہے۔ اس کے استعمال سے بفضل خدا چند دن میں مریض اصلی حالت پر آجاتا ہے۔ وہ یہ ہے۔

ایک مانڈو بینگن جو درخت میں پک کر زرد ہوگیا ہو اس میں ۷ عدد جائفل چھو کر لٹکا دیں جب بینگن خشک ہوجاوے آدھ سیر تیل میٹھا میں اسے جوش دیں جب تیل جوش میں آ جاوے تو ۲ تولہ کچور خشک تیل میں ملالیں جب کچور جل جاوے تو اسی تیل کو اس میں دھتورہ ڈال لیں پھر کھرل میں حل کرکے ایک شیشی میں رکھیں، اور پندرہ دن تک طلا کرکے ہر روز پر کچھ بار کسوڑی کے پتے باندھیں۔ نا امیدوں کی امید بر آئیگی۔ (سورج نرائن (الہ آباد))

(۳۸) یہ بڑی بلا یونانی روگ ہے۔ اس کو فارسی میں عسر حیض اور انگریزی میں ڈیس مینوریا کہتے ہیں۔

کمی و بندش حیض کا علاج یہ ہے :- بروقت ایام ماہواری ارنڈی کے پتے چنبیلی سے چپڑ کر پستانوں پر باندھیں۔ اور یہ دوا کھلائیں۔ سونف ۱ تولہ میتھی ۱ تولہ کشمش (میوہ) ۱ تولہ۔ ناریل ۱ تولہ مجیٹھ ۲ تولہ سب کو آدھ سیر پانی میں ڈالیں جب آدھا رہ جاوے تو آگ پر سے اتار کر مل چھان لیں۔ اور ۲ تولہ گڑ ملا کر آگ پر رکھیں۔ ذرا جوش دے کر کھا نڈ ملاکر پلادیں تین دن ایسا ہی کرنا چاہئے۔ (ایڈیٹر)

لکوریا اور جریان الرحم کیواسطے مندرجہ ذیل نسخہ تریاق ہے کشتہ چاندی کو زبان پر رکھ کر اوپر آملہ کا پانی پی لیں۔ اور بعد اس کے کیلا کھاویں۔ یہ نسخہ بہت جلد آرام دیگا۔ (")

(۳۹) پارہ گرہ بالوٹی } سہدل بوٹی جو کہ دریاؤں پر ہوتی ہے جس کے پھول زرد رنگ کے چنے مرچ کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں اس کے پانی میں ۹ پہر تک کھرل کریں۔ عمدہ گرہ ہوجاوے گی تبھی کے پانی سے بھی گرہ ہوجاتی ہے مگر ویسی عمدہ نہیں چنے کے پھول کیساتھ کھرل کرنے سے بھی گرہ ہوجاتی ہے۔

(۴۰) بچوں کے پیٹ کے کرم کی آسان دوا } خراسانی اجوائن بقدر مناسب باسی پانی کے ہمراہ روز صبح کھلادیں۔ ۲ رتی سے ۲ ماشہ حسب عمر۔

(۴۱) رسائن } پارہ ۱ تولہ گندھک ۱ تولہ ان ہر دو کو اکٹھا کھرل کرکے یعنی پیس جو کہ ۲۴ پہر تک دست چلنے سے کھرل میں بند ایک دم بھی نہ ہو مگر کشتہ

اس مدت کے اندر بخار یا گیا تو عمل باطل ہوگا۔ بعد ۲۴ پہر کے شیشی میں دوائی احتیاط سے رکھیں۔ تپ بلغمی ایک خوراک میں، تپ تیہ دو خوراک میں، تپ چوتھیہ تین خوراک میں رفع ہوتی ہے۔ بچوں کے لئے چاول بھر۔ دو دن خوراک ایک سرخ۔ اگر ایک سرخ کھجی میں دیویں تپ دق کھانسی کف بھی دور ہوتی ہے۔ نیز دمہ، سعال اور سب روگ آنکھوں کے بھی اس سے دور ہو جاتے ہیں ۔ (دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

(۴۲) تپ تیہ و چوتھیہ کا مجرب نسخہ جو دو تین خوراک میں آرام کرے۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۱ تولہ۔ جوز ہ ۱ تولہ، بیج دستورہ ۲ تولہ کوٹ چھان کر مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ہر روز تین گولی کھا دیں (حکیم احمد سعید ...)

(۴۳) تپ تیج چوتھیہ کا مجرب نسخہ (تپ تیج کے واسطے ایک طلسم درج کرتا ہوں) بخار کے وقت سے ایک گھنٹہ قبل پیپل کی داتن (مسواک) کرنی شروع کردیں اور اس کے رس کو چوستے رہیں۔ انشاء اللہ تو پہلی بار بخار دور ہو جاوے گا۔

کھانے کے نسخے مندرجہ ذیل ہیں

(۴۴) پھٹکڑی کو کھیل کرے اور ۲ رتی بتاشہ میں رکھ کر دودھ کیساتھ کھلا دے۔
ہینگ ۱ ماشہ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔ ہینگ ایک رتی سفوف کرکے بخار سے ایک گھنٹہ قبل کھلاویں۔

چوتھیہ تپ فساد سے اٹھتا ہے مندرجہ بالا نسخہ بھی بعض اوقات کارگر ہوتے ہیں نیچے چند مجرب نسخہ جات درج کئے جاتے ہیں جو تپ تیج اور تپ چوتھیہ دونوں کو نہایت مفید ہیں۔

شنگرف ۱ تولہ پھٹکڑی ۱ تولہ جیبل جلاد ۱ تولہ۔ پانی کیساتھ تمام دن کھرل کرکے دال کے دانہ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی صبح دودھ۔ پانی وغیرہ کے ساتھ دیویں۔ ... گولیوں سے آرام ہوگا۔ اگر گرمی ہو تو عرق گاؤزبان بید مشک وغیرہ پیویں۔

(۴۵) اکسیر ملیریا سنکھیا سفید ۱ تولہ لکر آدھ سیر تھوہر کی رس میں کھرل کرکے خشک کریں۔ اور ایک پیالہ میں رکھیں پھر دوسرا پیالہ اس پر اوندھا کر اس کے منہ کیساتھ خوب مضبوط جوڑ دیں۔ نیچے ... دھیمی دھیمی آنچ جلا دیں۔ اوپر کے پیالے پر جو ہر لگا ہو اس کو اتار لیں۔ ایک تولہ یہ جوہر ... کیساتھ ملا کر ... کھلایا کریں۔ اگر گرمی معلوم ہو تو دودھ کچا اور عرق وغیرہ پلاویں۔ دوائی ڈالتے وقت شیشی کو ہلا لینا چاہئے۔

طلسم ۲ تولہ ہڑتال ورقیہ کو ... گھیکوار (گوار گندل) سے ایک دن کھرل

کرکے ٹکیہ بنا کر سایہ میں خشک کریں اور ایک ہنڈیا میں آدھی پیپل کی راکھ بھر کر اوپر اس ٹکیہ کو رکھیں، اور پیپل کی راکھ سے ہانڈی کو دبا کر بھر دیں۔ منہ بند کرکے نیچے آگ جلا دیں۔ ۲۴ پہر تھوڑی تھوڑی آنچ جلتی رہے۔ پھر سرد ہونے پر ہڑتال کی سفید ٹکیں نکالیں ۔

کشتہ ہڑتال ۱ تولہ۔ پارہ مصفیٰ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ پہلے پارہ و گندھک کو کھرل کرکے سیاہ کجلی کرے۔ پھر ہڑتال ملا کر ایک ریشمی کپڑے میں پوٹلی باندھیں۔ پھر ایک زہردار کالے سانپ کو ۳ انگل کے قریب سر کی طرف سے کاٹ لیں اور منہ میں نیچے اوپر نمک بچھا کر درمیان میں پوٹلی مذکور رکھیں اور منہ کو سی کر کپڑ مٹی کرکے مٹی سے خوب مضبوط کریں پھر ایک ہانڈی میں آدھی ریت بھریں اور تمام دن نیچے آگ جلا دیں پھر سرد کرکے پوٹلی کو نکال لیں اور دوائی کو باریک پیس لیں ۔

چاہے کسی قسم کا تپ کیوں نہ ہو آنکھوں میں سرمہ کی طرح لگا دے۔ فوراً تپ کافور ہوگا۔ لطف تو یہ ہے کہ اگر ایک آنکھ میں ڈالیں ایک طرف کا بخار جاوے اور دونوں آنکھ میں ڈالنے سے دونوں طرف کا بخار جاتا رہے ۔ (ایڈیٹر)

(۴۶) ہر قسم کے بخارات کیلئے } شنگرف ۲ ماشہ۔ پارہ ۵ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ، گھماں ۴ ماشہ مرچ سیاہ ۲۰ ماشہ۔ ان سب کو آک (مدار) کے پانی کیساتھ کھرل کریں۔ چار پہر تک کم از کم کھرل کرنا چاہئے۔ بعد ازاں برابر نخود گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی خوراک۔ بیمار کا جیسی شے کو جی چاہے کھلائے۔ انشاء اللہ ہر قسم بخار کیلئے عمدہ دوائی ہے میرا آزمودہ ہے ۔ (دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

(۴۷) جب فوطہ میں کسی قسم کی چوٹ لگ جاوے تو تمباکو کے پتے کو گرم کرکے فوطوں پر باندھیں۔ فوراً صحت ہوگی ۔ (محمد سجاد علی)

ٹیسو کا بھرتہ باندھیں ۔ (دوست محمد مالیر کوٹلہ)

(۴۸) نسخہ دافع درد آدھے سر کا } سبز آنولہ ننگا کر رکھ لیا جاوے اور قبل درد شروع ہونے کے ایک گھنٹہ اگر درد جانب بائیں ہے تو دہنے کان میں اور اگر درد جانب داہنے ہے تو بائیں کان میں اس آنولہ کو نچوڑ کر دو تین قطرے عرق دو تین روز تک ڈالیں۔ اس امر سے درد دو ہی دن میں کافور ہو جائے گا سینکڑوں آدمی اس سے صحت پا چکے ہیں ۔ (سورج نارائن الہ آباد)

(۴۹) برائے روشن آنکھ } سنگ صاف کیا ہوا ۱ تولہ۔ پارہ صاف کیا ہوا ۱ تولہ۔ پھول چنبا یا چنبیلی ۱ تولہ۔ برگ نیم اور برگ حنا (مہندی) کے پانی میں چالیس پہر کھرل کریں۔ بعدہٗ رات کو ہمیشہ آنکھوں میں ڈالیں ایک ہی ہفتہ کے استعمال سے آنکھیں روشن ہوں گی۔ اول پارہ اور سنگ کو عقد کر لینا چاہئے۔ (دوست محمد علی)

(۵۰) سرمہ ضعف بصارت: کھپریا یعنی سنگ بصری نہایت عمدہ کسی وید سے امتحان کرا کر یں کھرل کر کے نہایت باریک کریں پھر اس میں گنتا چوگنا پانی ڈالیں اور ہلا کر تھوڑی دیر بعد نتھار لیں نیچے جو کھوٹ رہ جاوینگے ان کو پھینکدیں اور نتھرے ہوئے پانی کو سکھاویں نیچے پیپڑی سی جم جاویگی اسکو ترپھلا کے کاڑھے میں ۳ دن کھرل کر کے اس کا ۱/۴ حصہ بھیم سینی کافور ملا کر باریک سرمہ کر کے رکھے اس کو روزانہ صبح لگانے سے آنکھوں کی امراض دور ہوتی ہیں ۔

(ایڈیٹر)

(۵۱) بواسیر موہکے والی } تانبہ سوختہ ۔ زنگار ۔ رسکپور ۔ نوشادر ۔ ہڑتال زرد ۔ چونہ آب نارسیدہ ہر ایک برابر وزن لے کر کوٹ چھان کر عرق تیہ کا ڈمیں دن میں تین چار دفعہ موہکوں پر لگا دیں ۔ بواسیر خونی ہو یا بادی دفع ہوگی (محمد اسمعیل)

(۵۲) مجرب علاج بواسیر } کوکن بیلی کے سبز پتے ۲ تولہ رگڑ کر پانی میں حل کر کے تھوڑی مصری ڈالکر دو دفعہ صبح و شام پلا دیں ۔ بواسیر خونی و بادی دفع ہوگی ۔ پرہیز سرخ مرچ و ترشی سے

(۵۳) بوٹی سے پارہ گرہ کرنا } لازم تیری پنساریوں کی دکان سے لیکر کھرل میں ڈالکر اور اس کے اندر ساتھ ہی پارہ شامل کر کے کھرل کریں ۔ مگر دستہ کھرل کیساتھ نہ گھسایا جائے صرف پارہ ہی کے اوپر دستہ پھیرتے رہیں ۔ پانچ دس منٹ میں ہی عقد ہو جاوے گا ۔

(دوست محمد خان مالیر کوٹلہ)

(۵۴) عجائبات بدولت سرعت دل و دماغ خراب } دل جلا سنگرہ ایک مشہور بوٹی ہے جو ضلع لودھیانہ میں دریائے ستلج کے کناروں پر بکثرت پیدا ہوتی ہے اور دریائے جمن وغیرہ کے گرد و گرد بھی بہت ہے اس کے قریب کر جاؤ کا تندہ تیار کریں اور اس تگہ میں روپیہ رکھ کر دو باقیوں کے درمیان دیں گڑھا میں رکھ کر گجپٹ کی آنچ دیں ۔ اور بعد سرد ہونے کے نکال لیں ۔ روپیہ کشتہ ہو گا ۔ یہ کشتہ مجلوقوں کے لئے اکسیر ہے ۔ کل اعضائے متناسل کے لئے ایک قادری علاج آئندہ عرض کیا جاوے گا ۔ خوراک کشتہ ایک برنج (دوست محمد خان)

الیضاً ۔ پارہ مصفےٰ ۱ تولہ گندھک ۱ تولہ سار ۱ تولہ ۔ دو دو کو دو پہر کھرل کر کے یکجان کریں ۔ پھر مندرجہ ذیل دوا یہ ملا دیں ۔

کشتہ قلعی ۲ تولہ ۔ رجح ۲ تولہ ۔ زنجبیل ۲ تولہ ۔ جائفل ۲ تولہ ۔ لونگ ۲ تولہ ۔ جاوتری ۲ تولہ ۔ سونٹھ ۲ تولہ ۔ پیپل ۲ تولہ ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ ۔ سونٹھ ۲ تولہ ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ ۔ مغز بادام شیریں ۲ تولہ ۔ شہد ۲ تولہ ۔ تاریل ۱ تولہ ۔ جب اچھی طرح مل جاوے تو روغن گاؤ ۳ تولہ مصری ۲ تولہ ۔ شہد خالص ۳ تولہ سے ملا کر کے ظرف چینی میں رکھیں ۔ یا گولیاں بنا دیں ۔ خوراک ۱/۲ ماشہ سے ایک ماشہ تک ۔ بیشمار قوت حاصل ہو ۔ آزما کر دیکھیں ۔

(ایڈیٹر)

(ب) منقیٰ نیلا تھوتھا ۱ تولہ کڑچھی میں ڈالیں اور سات تولہ گھی بھی ڈالیں اور کوئلوں کی آنچ پر رکھیں جب تمام نیلا تھوتھا ڈالیا جل جاوے اور بلبلے نکلنے بند ہو جاویں تو اتار کر ٹھنڈا کر کے نیلا تھوتھا کو نکال کر علیحدہ رکھیں ۔ بقدر تین چار رتی کے بتاشہ میں ڈالکر گرم پانی سے کھلاویں ۔ قے آویگی اور بلغم جو چھاتی پر جمی ہوئی ہے دور ہو جاوے گی ۔ اگر ضرورت محسوس کریں ایک اور خوراک دیں ۔

(۵۵) اڑھائی سالہ لڑکی کے ورم طحال و ورم معدہ ضعف جگر وغیرہ

شربت اعجاز ۲ تولہ عرق مکو ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۲ تولہ ہر وقت بچے کو پلا دیں ۔

(دوست محمد خان مالیر کوٹلہ)

(ب) مکو ایک سیر کاسنی آدھ سیر سونف آدھ سیر گاؤزبان ایک پاؤ ۔ الائچی خورد ۱ تولہ ۔ نوشادر ۔ ۵ نسخہ کا عرق کھینچیں اور موافق عمر و طاقت کے پلایا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۵۶) بائیس سالہ لڑکے کو نہایت سخت مرگی } ایک ڈبیہ قلعی کی تیار کر کے اس میں ۱ تولہ پارہ ڈالدیں ۔ پاؤ بھر تخم مہندی ایک باریک کریں ۔ پاتھی میں گڑھا کھود کر نصف مہندی بچھا دیں ۔ اور ڈبیہ مذکور رکھ کر باقیماندہ مہندی بھی اوپر بچھا دیں پھر دوسری پاتھی کہ شتی ساتھ ملا کر آگ لگا دیں ۔ جب جل کر سرد ہو جاوے نکال لیں قلعی رنگ خام رہے گی اور پارہ کشتہ ہو گا ۔ مریض مرگی کو چار چاول کے حساب سے روز مکھن میں دیوے انشاء اللہ دورہ موقوف ہو گا ۔ (دوست محمد خان مالیر کوٹلہ)

(ب) مندرجہ بالا نسخہ تو کھانے کو دیں اور یہ نسوار دو چار بار دن میں جب مرگی پڑے ناک میں پھونک دے ۔ کافور ۔ نوشادر ایک ایک تولہ باریک کھرل کریں اور نسوار بنا لیں ۔

(ایڈیٹر)

(۵۷) شوبھاگیہ شونٹھی برائے امراض عورات } ایک سیر سونٹھ کو باریک پیسے ۔ ۴ سیر گائے کا دودھ کڑاہی میں چولہے پر چڑھاوے اور ہلاتا چلا جاوے ۔ جب آدھا رہ جاوے سونٹھ ڈال کر کھویا کرے پھر اس کھویا کو پاؤ بھر گھی میں بھونے اور بعد ازاں ۴ سیر مصری کی چاشنی کر اور اس بھونے ہوئے کھوئے کو ڈالدے ۔ اور ساتھ ہی مندرجہ ذیل اشیاء بھی ڈالے ۔

جائفل ۔ ہرڑ (بلیلہ) بہیڑہ (بلیلہ) آملہ ۔ زیرہ سفید ۔ دھنیا ۔ سونف ۔ الائچی ۔ پیپل ناگرموتھا ۔ اسگندھ ۔ بالا ۔ کشمش ۔ بداری کند ۔ چھوہارے ۔ ایک ایک تولہ ۔ ناریل ۲ تولہ ۔ نسوت (ترودی) ۹ تولہ ۔ چرونجی ۳ تولہ ۔ سلاجیت ۲ تولہ بھیم سینی کافور ۱ تولہ اگر بھیم سینی کافور نہ ملے تو کچھ مضائقہ نہیں ۔

سب چیزوں کو اچھی طرح ملا کر ۱/۲ ۲ ۔ ۱/۲ ۲ تولے کے لڈو بنا دے ایک صبح ایک

شام گائے کے دودھ کے ساتھ کھاوے۔ یہ دوائی عورتوں کی خوبصورتی اور طاقت کو بھی بڑھاتی ہے۔ بچہ پیدا ہونے کے بعد اس دوائی کو کھلانا چاہئے۔ بچہ اور زچہ دونوں تندرست رہیں گے۔ اس کا نام شوبھا گیہ شونٹھی (سہاگ سنٹھ) ہے۔ (ایڈیٹر)

طاقت کو زوال وجہ باہ ان ۔ کنور خالص کسی کوزہ میں ڈال کر دو چند دہی ترش اس میں ڈالدے منہ بند کرکے ایک بن جنگلی اوپلہ کی آنچ دیں۔ اور جب سرد ہو وے نکال لیں بعدہ چار پہر گنوار گندل کے رس میں کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر خوب خشک ہونے کے پیچھے ایک بڑے گھڑے میں ٹکیاں رکھ کر اور اس کے منہ کو گل حکمت کرکے جب سوکھ جائے گجپٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر پیس رکھیں۔ خوراک ایک ماشہ بادی ترشی سے پرہیز۔ (دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

(۵۸) **کشتہ سنکھیا (سم الفار)** } سنکھیا سفید کو کنگل کے رس میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور خشک ہونے کے بعد شیر مدار (آک) میں ٹکیہ مذکور تر کرکے ایک برگ آک (مدار) اوپر تو لپیٹ دیں۔ دوسری کنگل کو شگاف دیکر اس کے اندر رکھ دیں۔ تر بتر کے بعد دیگرے انہیں کپڑ ولی کریں۔ جب یہ خشک ہوجاوے پانچ سیر جنگلی اوپلے کی آنچ دیں۔ سرد ہونے کے پیچھے نکال لیں۔ سم الفار شگفتہ ہوگا۔ اگر اس کشتہ کا ایک برنج دودھ کے ساتھ جلو دھروانے کو دیں تو فائدہ ہوگی اور درد شکم کو بھی اکسیر ہے۔ (دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

ایضاً ۔ خاکستر ٹھیکنڈ تقریباً ۲½-۳ سیر لے کر نصف حصہ ایک کڑاہی آہنی یا ہنڈیا میں بچھاؤ۔ اور اس کے اوپر ایک تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ کر دوسرا حصہ خاکستر مذکور کا اس کے اوپر سم الفار پر بچھا کر خوب دبا دیں۔ اور دو چار دانہ گندم خاک پر جو کہ دوائی پر بچھائی ہوئی ہے رکھ دیں۔ اور نیچے ہنڈیا یا کڑاہی کے آگ جلا دیں۔ جب گندم کے دانے جل جاویں تو ٹھنڈا کرکے سم الفار کا کشتہ سفید براق تیار ہوگا۔ مجرب ہے۔ (سید محمد اسرار اللہ حکیم)

ایضاً ۔ سنکھیا کی ڈلی تولہ آہنی یا کڑاہی میں رکھے۔ نیچے آگ جلاوے اور اوپر اس کے حنظل اور پیاز کے پانی کا چھاوے۔ (پاؤ بھر حنظل کا پانی نکالے اور پاؤ بھر ہی پیاز کا نکال کر دونوں کو ملالیوے تھوڑا تھوڑا نیچے سے اوپر ڈلی کے ڈالتا رہے) آنکھوں کا بچاؤ رکھنا بہت لازمی ہے۔ ورنہ دھواں لگ جانے سے سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔ جب تمام پانی جذب ہو جاوے کڑاہی اتار لے اور ٹھنڈا ہونے پر سپید شیشی میں رکھے نامردی میں نہایت ہی مفید ہے اگر بعد خشک کرلے پانی کے حنظل کا قبہ بنا کر نیچے اوپر دے کر ایک کڑاہی یا توا پر رکھ کر نیچے آگ جلادیں حتٰی کہ حنظل جل جاوے تو پھر اس سنکھیا کے ہاتھ دیکھیں اکسیر ہو جاوے گا۔ (ایڈیٹر)

(۵۹) **نامردی و احتلام** ۔ روغن بادام ۳ تولہ۔ تا سفودس ۲ رتی۔ تخم دھتورہ

سیاہ ۲ تولہ کوٹ کر آگ پر رکھ کر گرم کرو۔ جب خوب گل جائے تو بار یک پارچہ سے چھانکر ۳ بوند ہر روز ۳ تولہ شہد میں ڈال کر کھاؤ اوپر سے دودھ گائے نوش کرو۔ (محمد اسمٰعیل خاں)

(۶۰) **سوزاک کہنہ** ۔ روپیہ کلدار کو عرق نچھلکنی میں بجائے بجھاؤ دیکر پھر اسی کے دوسرے عرق میں رکھ کر گجپٹ آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک برنج۔ (دوست محمد خاں مالیر کوٹلہ)

ایضاً ۔ گندہ بہروزہ جس کو بہروزہ کہتے ہیں) ایک سیر۔ الائچی ۵ تولہ۔ بڑی صنگی ۳ تولہ ان آخری دو چیزوں کو تھوڑا کوٹ کر بہروزہ میں ملادیں اور عرق کھینچیں۔ عرق کھینچنے کی ترکیب دو چھوٹے گھڑے لے کر ایک میں دوائی کو بھر دیں لیکن دوائی آدھے گھڑے سے زیادہ نہ ہو۔ دوسرے گھڑے کا منہ اس کے منہ پر رکھ کر ان دونوں کے منہ کو گل حکمت کردیں جس گھڑے میں دوائی ہے اس کو چولھے پر رکھیں اور دوسرے گھڑے میں بار یک سوراخ کرکے اس سوراخ میں گھوڑے کے بال رکھدیں۔ تاکہ عرق اسی میں بہے۔ خوراک باسی پانی سے ۵ بوند ڈال کر پینا چاہئے پہلے روز ۵ بوند اور دوسرے روز ۶ بوند یعنی ایک ایک بوند بڑھاتا جانا چاہئے۔ کیسا ہی سوزاک کیوں نہ ہو۔ کافور ہوگا۔ وعدہ ہے (فرید احمد)

ایضاً ۔ سکہ ۳ تولہ۔ شورہ ۱۰ تولہ۔ بھنگرہ ۱۰ تولہ۔ سکہ کو کڑاہی میں ڈالے اور پگھلاوے اور شورہ اور بھنگرہ کو سفوف کرکے اوپر چھڑکتا جاوے اور شورہ کو ڈنڈی وغیرہ سے ہلاتا جاوے جب تمام شورہ اور بھنگرہ جل جاوے۔ تو سکہ گلابی رنگ کا ہوگا خوراک ایک چاول زیرہ سفید کو گھوٹ کر اس کے پانی کے ساتھ دیوے تین دن میں سوزاک دور ہو جاتا ہے۔ (ایڈیٹر)

(۶۱) **احتلام** ۔ اسپغول ۲ تولہ بھگو دیں اور مل چھان کر شربت نیلوفر ملا کر دیں کشتہ چاندی ۲ چاول زبان پر رکھ کر اوپر سے اس کو پی لیں۔ ایک ماہ استعمال کرنے سے مرض دور ہو جاتا ہے۔ (")

(۶۲) **علاج ہیجرال (خنازیر)** } بکری کے شانہ کی ہڈی جلا کر سفوف بنا دیں اور بقدر ۵ ماشہ پانی سے روزانہ صبح کھا لیا کریں بہتر ہو اگر دوائی شروع کرنے سے پہلے جلاب لیں۔ گوگل ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱½ تولہ۔ کو سرکہ میں کھرل کرکے مرہم بنا دیں اور لگایا کریں۔ (")

(۶۳) **عورت کے داڑھی کیوں نہیں ہوتی** } بال ایک جسم ہے بخار دخانی سے متولد ہوتا ہے اور طبیعت اسکو فضلہ سمجھ کر مسام کی راہ سے خارج کرتی ہے۔ چونکہ قادر قدرت نے مردوں کو گرم مزاج بنایا ہے۔ بسبب خاصہ حرارت کے خون طبیعی کا فضلہ بہ رستہ مسامات دفع ہونا ضروری تھا اس لئے مردوں کی داڑھی اور بدن پر بال ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو بالذات بارد مزاج پیدا کیا ہے۔ بباعث برودت ان کے مسامات جسم بھی تنگ ہیں۔

شام کھائے کے دودھ کے ساتھ کھاوے۔ یہ دوائی عورتوں کی خوبصورتی اور طاقت کو بھی بڑھاتی ہے بچہ پیدا ہونے کے بعد اس دوائی کو کھلانا چاہیئے بچہ اور زچہ دونوں تندرست رہیں گے۔ اس کا نام شوبھاگیہ شونٹھی (سہاگ سونٹھ) ہے۔ (ایڈیٹر)

طاقت کو زوال وجہ باہ۔ کنوار خالص کسی کوزہ میں ڈال کر دو چند دہی ترش اس میں ڈالے۔ منہ بند کرکے ایک من جنگلی اوپلہ کی آنچ دیں۔ اور جب سرد ہووے نکال لیں بعدہٗ چار پہر کنوار گندل کے رس میں کھرل کریں اور ٹکیاں بنا کر خوب خشک ہونے کے پیچھے ایک بڑے گھڑے میں ٹکیاں رکھ کر اور اس کے منہ کو گل حکمت کرکے جیسے سوکھ جائے گجپٹ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر پیس رکھیں۔ خوراک ایک ماشہ بادی ترشی سے پرہیز۔ (دوست محمد خاں مالیرکوٹلہ)

(۵۸) کشتہ سنکھیا (سم الفار) } سنکھیا سفید کو گگل کے رس میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور خشک ہونے کے بعد شیر مدار (آک) میں ٹکیہ مذکور تر کرکے ایک برگ آک (مدار) اوپر تو لپیٹ دیں۔ دوسری گگل کو شگاف دے کر اس کے اندر رکھ دیں۔ دو جتیکے بعد دیگرے انہیں کپڑ مٹی کریں۔ جب بالکل خشک ہو جاوے پانچ سیر جنگلی اوپلے کی آنچ دیں۔ سرد ہونے کے پیچھے نکال لیں۔ سم الفار شگفتہ ہو گا۔ اگر اس کشتہ کا ایک برنج دودھ کے ساتھ جلو دھرواے کو دیں شفا ہوگی اور درد شکم کو بھی اکسیر ہے۔ (دوست محمد خان ذمالیرکوٹلہ)

ایضاً۔ خاکستر ڈھاک تقریباً ۱½-۲ سیر لے کر نصف حصہ ایک کڑاہی آہنی یا ہنڈیا میں بچھاوے اور اس کے اوپر ایک تولہ سم الفار کی ڈلی رکھ کر دوسرا حصہ خاکستر مذکور کا اس کے اوپر سم الفار پر بچھا کر خوب دبا دے۔ اور دو چار دانہ گندم خاک پر جو کہ دوائی پر بچھائی ہوئی ہے رکھ دیں۔ اور نیچے ہنڈیا یا کڑاہی کے آگ جلاویں۔ جب گندم کے دانہ جل جاویں ٹھنڈا کر کر سم الفار کا کشتہ سفید براق تیار ہوگا۔ مجرب ہے۔ (سید محمد اسرار اللہ حکیم)

ایضاً۔ سنکھیا کی ڈلی توا آہنی یا کڑاہی میں رکھے۔ نیچے آگ جلاوے۔ اور اوپر اس کے حقوم اور پیاز کے پانی کا چوا دے۔ (یا تو تھوہر حقوم کا پانی نکالے اور یا تو بھی پیاز کا نکال کر دونوں کو ملا لیوے تھوڑا تھوڑا ویسے اوپر ڈلی کے ٹپکاتا رہے) آنکھوں کا بچاؤ رکھنا بہت لازمی ہے۔ ورنہ دھواں لگ جانے سے سخت نقصان کا اندیشہ ہے۔ جب تمام پانی جذب ہو جاوے کڑاہی اتار لے اور ٹھنڈا ہونے پر بیلہ شیشی میں رکھے نامردی میں نہایت ہی مفید ہے اگر بعد خشک کر لے پانی کے حقوم کا نغدہ بنا کر نیچے اوپر دے کر ایک کڑاہی یا توا پر رکھ کر نیچے آگ جلاویں حتے کہ حقوم جل جاوے تو پھر اس سنکھیا کے بالکل دیکھیں اکسیر ہو جاوے گا۔ (ایڈیٹر)

(۵۹) نامردی و احتلام ۔ روغن بادام ۶ تولہ۔ فاسفورس ۵ رتی۔ تخم دھتورہ

سیاہ ۲ تولہ کوٹ کر آگ پر رکھ کر گرم کرو جب خوب گل جاوے تو باریک پارچہ سے چھان کر ۴ بوند ہر روز ۳ تولہ شہد میں ڈال کر کھاویں یا اوپر سے دودھ گائے نوش کرو۔ (محمد اسمعیل خاں)

(۶۰) سوزاک کہنہ۔ دو پیسہ کلما ر کو عرق چھکنی میں پچاس بجھاؤ دیکر ہی کے آدھ سیر قند میں رکھ کر گجپٹ آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک برنج۔ (دوست محمد خاں مالیرکوٹلہ)

ایضاً۔ گندہ بہروزہ (جس کو بہروزہ کہتے ہیں) ایک سیر۔ لاچی ۵ تولہ۔ رومی مصطگی ۲ تولہ ان آخری دو چیزوں کو تھوڑا کوٹ کر بہروزہ میں ملا دیں اور عرق کھینچیں۔ عرق کھینچنے کی ترکیب دو چھوٹے گھڑے لے کر ایک میں دوائی کو بھر دیں لیکن دوائی آدھے گھڑے سے زیادہ نہ ہو۔ دوسرے گھڑے کا منہ اس کے منہ پر رکھ کر ان دونوں کے منہ کو گل حکمت کر دیں۔ جس گھڑے میں دوائی ہے اس کو چولھے پر رکھیں اور دوسرے گھڑے میں باریک سوراخ کرکے اس سوراخ میں گھوڑے کے بال رکھ دیں۔ تاکہ عرق اسی میں بہے۔ خوراک باسی پانی سے ۵ بوند ڈال کر پینا چاہیئے پہلے روز ۵ بوند اور دوسرے روز ۶ بوند لیا اور روز روز ۱ بوند بڑھاتا جانا چاہیئے۔ کیسا ہی سوزاک کیوں نہ ہو۔ کافور ہوگا۔ آزمودہ ہے (فرید احمد)

ایضاً۔ سکہ ۳ تولہ۔ شورہ ۱۰ تولہ۔ پھٹکڑی ۱۲۵ تولہ۔ سکہ کو کڑاہی میں ڈالے اور پگھلاوے اور شورہ اور پھٹکڑی کو سفوف کرکے اوپر چھڑکتا جاوے اور شورہ کو ڈانتی وغیرہ سے ہلاتا جاوے۔ جب تمام شورہ اور پھٹکڑی جل جاوے۔ تو سکہ گلابی رنگ کا ہو گا خوراک ایک چاول زیرہ سفید کو گھوٹ کر اس کے پانی کے ساتھ دیں۔ تین دن میں اکثر سوزاک دور ہو جاتا ہے۔ (ایڈیٹر)

(۶۱) احتلام ۔ اسبغول ۲ تولہ بھگو دیں اور مل چھان کر شربت نیلوفر ملا کر دیں کشتہ چاندی ۲ چاول زبان پر رکھ کر اوپر سے اس کو پی لیں۔ ایک ماہ استعمال کرنے سے احتلام دور ہو جاتا ہے۔ (")

(۶۲) علاج بجیرال (خنازیر) } بکری کے شانہ کی ہڈی جلا کر سفوف بنا دیں اور بقدر ۵ ماشہ پانی سے روزانہ صبح کھالیا کریں بہتر ہو اگر دوائی شروع کرنے سے پہلے جلاب لیں۔ گوگل ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱½ تولہ۔ کوٹ کر میں کھرل کرکے مرہم بنا دیں اور لگایا کریں (")

(۶۳) عورت کے داڑھی کیوں نہیں ہوتی } بال ایک جسم ہے بخار دخانی سے متولد ہوتا ہے اور طبیعت اس کو فضلہ سمجھ کر مسام کی راہ سے خارج کرتی ہے۔ چونکہ قادر قدرت نے مردوں کو حار مزاج بنایا ہے۔ بسبب خاصہ حرارت کے خون طبعی کا فضلہ بہ ہستہ مسامات وضع ہو ضروری تھا۔ اس لئے مردوں کی داڑھی اور بدن پر بال ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے عورتوں کو بالذات بارد مزاج پیدا کیا ہے۔ بباعث برودت ان کے مسامات جسم بھی تنگ ہیں۔

نے کے واسطے کام یہ ہے کہ پارہ کو گرہ کیا جاوے جب مانند مکھن کے نرم ہو جاوے
پھر اگر گولی بنانی ہو تو گولی کرکے صرف پانی یا پودنے کے پانی یا تلسی کے پانی کے
ڈالنے سے سخت ہو جاوے گی ؎
اگر گلاس وغیرہ بنانا ہو تو مٹی کے خام گلاس کے اندر لیپ کرکے انہی پانیوں
میں سے کسی پانی میں رکھ دیں مٹی گل جاوے گی اور گلاس وغیرہ درست ہو جاوے گا ؎

(۷۴) گرہ کرنیکی ایک آسان ترکیب بھی لکھ دیتے ہیں } پارہ ایک تولہ کو کڑاہی میں رکھیں
نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ نمک ۱ تولہ کو پیس کر اوپر ڈال دیں۔ اس پر ایک پیالہ رکھیں اور پانی ڈال دیں
پھر آہستہ سے پیالہ کو نکال لیں۔ پیالہ صرف اس واسطے رکھا جاتا ہے کہ پانی ڈالتے
وقت پارہ سے دوائی علیحدہ نہ ہو جائے۔ اور نیچے آگ جلا دیں جب تھوڑا پانی
رہ جاوے اُتار لیں اور پانی نکال ڈال کر دھو لیں پارہ گرہ ہو جاوے گا۔ (ایڈیٹر)

(۷۵) ایک عورت کو ہچکش۔ بواسیر اور حیض کی بیقاعدگی } کنڈ خشک ۲۰ تولہ۔ بدھارا
۲۰ تولہ۔ موصلی ۸ تولہ چیتے کی چھال ۸ تولہ۔ ہرڑ ہلیلہ ۴ تولہ۔ بہیڑہ ۴ تولہ۔ آملہ ۴ تولہ۔
بائبڑنگ ۴ تولہ۔ سونٹھ (زنجبیل) ۴ تولہ۔ پیپل (فلفل دراز) ۴ تولہ۔ بھلانوہ ۴ تولہ۔ پیپلا مول
۴ تولہ۔ تالیس پتر ۴ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ الائچی دانہ ۳ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ
پیس کر گڑ پرانا ملا کر جھڑ بیری کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دے۔ ایک گولی ہر روز باسی
پانی سے کھا دیں ؎ (ایڈیٹر)

(۷۶) دانتوں کی جڑھیں کمزور اور پانی لگنا } دیکھا نہ رے کتھہ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۳ ماشہ۔
نمک سفید ۱ تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۱ تولہ۔ زیرہ سفید بریاں ۶ ماشہ۔ دھنیا (کشنیز) بریاں
۶ ماشہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ [illegible] ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا دیں۔ اور
صبح مسواک کے بعد انگلیوں سے مالش کیا کریں۔ پانی مولسری کی سب سے اعلیٰ ہے (ر)

(۷۷) چنبل } کا یہ اعلیٰ درجہ کا بلا تکلیف کے علاج ہے۔ برشف کا ایک سیر خام وزن
میں تیل لیکر اس کے اندر دو بالشت ڈنڈا مقوہر کا ڈنڈا ڈال دیں اندر تیل کو آگ
پر چڑھا دیں جب تمام ڈنڈا جل کر کوئلہ ہو جاوے تو لوہے کی ٹوکرے سے تیل کے اندر گرد دیں
پھر اس تیل کو شیشی میں ڈال لیں اور صبح و شام چنبل پر تیل معمولہ لگا دیا کریں انشاء اللہ
بہت جلد چنبل دفع ہو جاوے گی۔ اور پھر کبھی نہ ہوگی ؎ (دوست محمد خاں حکیم)

(۷۸) بوجہ اختلاط کاری جریان و ضعف باہ } چاندی کا کشتہ جو اجود اجوائن میں ہر ایک کی آنچ ۶ سیر کل

باروں آنچ میں کیا گیا ہو۔ ۲۰ ہفتہ تک کھاویں۔ پھر قوت باہ کا تماشہ دیکھیں اور بھی
اعضاء کے لئے خارجی علاج بھیڑ کے دودھ میں عقرقرحا پیس کر خصیہ چھوڑ کر طلا کریں
(حکیم دوست محمد خان)

ایضاً۔ سیپ (صدف بحارات) کو پانی میں بھگو رکھیں صبح اوپر کا چھلکا کھرچ کر کشتہ کریں

(۷۹) صدف کشتہ کرنیکی ترکیب یہ ہے } کہ صدف مروارید ی ایک تولہ کو ایک کوزہ گلی میں ڈالیں اور ۱ تولہ رانگا یعنی قلعی [illegible]
کے تراش کر ڈال دیں۔ کوزے میں پاؤ بھر لعاب گھیکوار کو ملا دیں اور منہ مٹی سے بند کر دیں
۵ سیر اپلوں کی آگ دے دیں۔ یہ کشتہ میں سے ۱ تولہ ۲ تولہ پڑھ دے دودھ میں حل کریں۔ جب
دودھ جذب ہو جاوے تو ایک تولہ مصری سفید اور ایک تولہ ثعلب اور ایک تولہ تالمکھانا پیس کر
ملا دیں۔ خوراک ۴ ماشہ صبح و شام دودھ گائے کے ساتھ کھا دیں۔ اور تیل مالکنگنی بطور
مالش کے استعمال کریں ؎ (ایڈیٹر)

(۸۰) کشتہ تانبا بالعجلی } کئی ترکیبیں درج ہو چکی ہیں۔ نیچے اور بھی درج کی جاتی ہیں:-
بھلانوہ ۵ تولہ۔ جانگوشٹہ ۵ تولہ باریک پیس کر درمیان میں ایکتولہ تانبہ رکھے اور گولا کر
۱ سیر کپڑے کو گرد لپیٹ کر کپڑے کو ہی آگ لگا دے کشتہ ہوگا۔ (ایڈیٹر)

(۸۱) مغز بادام شیریں } ۵ تولہ۔ مغز پستہ ۵ تولہ۔ مغز اخروٹ ۵ تولہ۔ مغز ناریل مقشر
۵ تولہ۔ مغز کدوئے شیریں ۵ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ نیم کی
نبولی ۵ تولہ۔ تل ۵ تولہ۔ مغز بنڈے ۱ تولہ۔ نمک [illegible] رات بھر پانی میں رکھیں۔ صبح کو کولہو میں تیل نکالیں
یا بادام روغن کی طرح رگڑ کر تیل نکال لیں۔ یا آتشی شیشی سے تیل نکالیں۔ ہاتھ اور پاؤں
پر مالش کیا کریں اور دو بوند دودھ میں ڈال کر کھایا کریں۔ بہت آرام دیگا۔ (ایڈیٹر)

(۸۲) کشتہ سیماب (پارہ) } خراب تندی دوا کشتہ جس میں عرق پیاز ملا کر جلایا گیا ہو۔
ایک ڈبل ایک تولہ سیماب پر چھڑک دیں۔ سیماب شگفتہ ہوگا میرا تجربہ شدہ ہے
مجرب ہے ؎ (دوست محمد خاں)

(۲) پارہ کو ایک پہر برابر گوار کے دودھ میں کھرل کریں۔ پھر گولی باندھ کر سکھا لیویں اور
ہینگ خالص ۴-۵ تولہ لیکر گوار کے دودھ سے تر کرکے دو چھوٹی چھوٹی کٹوریاں بنا دیں
پارہ کی گولی انکے درمیان میں رکھیں اور منہ جوڑ کر سکھا لیں اوپر نرم کپڑا اور ملا پیٹ دیں اور ایک نم لیپ
چاچنی مٹی کا کریں اور سکھا کر ہوا سے محفوظ جگہ میں ایک سیر اوپلہ جنگلی کی تھوبل میں کھود یعنی ایک
گڑھا صحرائی کو جلا دیں جب دھواں بند ہو جاوے اسکے درمیان رکھ کر خاکستر سے ڈھانپ دیں۔
ٹھنڈا ہونے پر پارہ کشتہ نکال لیں۔ خوراک ½ چاول سے ایک چاول تک۔ جذام۔ آتشک۔ بھگندر
وغیرہ امراض کو نہایت مفید ہے۔ (ایڈیٹر)

(۸۳) بدن پتلا کرنیکا نسخہ } ورزش یعنی ڈنڈ موگلی کے کیا کریں۔ اور جنگل میں جا کر خوب بھاگا کریں۔ (دوست محمد خان)

ایضاً سنکھیا سفید ۱ تولہ پھٹکڑی سفید ۱۰ تولہ پھٹکڑی باریک پیسکر ایک کوزہ میں آدھی اوپر آدھی نیچے سنکھیا کے ڈالیں۔ کوزہ کا منہ سرپوش سے بند کریں۔ نہایت عمدہ گل حکمت کرکے سکھا دیں کہ کوئی سوراخ ہوا کو نہ رہے مٹی کو روئی، گڑ، تیل ڈال کر خوب چکنی بنا لیا ہو۔ ۵ سیر کے قریب آگ دیویں پھٹکڑی اور سم الفار کا کچھ حصہ دونوں کشتہ ہوں گے۔ پاس رکھیں اور ایک چاول سے ۲ چاول تک صبح پانی کیساتھ کھایا کریں۔ تلخی معلوم ہو تو عرق گاؤزبان یا بید مشک وغیرہ پیویں۔ ۷ دن تک استعمال کرکے ۷ دن چھوڑ دیا کریں۔ جبتک کہ مقصد حاصل نہ ہو۔ (ایڈیٹر)

(۸۴) گولی پارہ خاص قسم کی } پارہ کو آب اسپند یعنی حرمل سے صلایہ کرکے آب لیموں سے دھوئیں کہ صاف اور درخشاں ہو وے پھر پارہ چاندی کیساتھ ایک کھرل میں خیر لسن ایک پوتھیہ سے تمام روز کھرل کرکے غلولہ بنا لیویں اور ایک انڈا مرغ سے سفیدی اور زردی دفع کرکے اس کو آب لسن سے پر کرکے اس میں غلولہ مذکور کو رکھیں۔ اور اوپر سے دوسرا پوست انڈا کا رکھ کر بند کر دیویں۔ پھر مقوم یعنی لہسن ۲ تولہ، ۱ رو ماش ۲ تولہ، خوب باریک پیسکر بطور مرہم بنا کر چار لیپ دیویں پھر اس پر آرد گندم کا لیپ دے کر خشک کرکے روغن سرشف کو ایک دیگچہ میں بھر کر بطریقہ ڈول جنتر بیضہ کو لٹکا کر نیچے آگ لگا دیں اور خیال رکھیں کہ تہ کو نہ لگے۔ بعد سکے سرد کرکے عقد کو نکالکر کپڑے میں بند کرکے روغن دھتورہ میں ایک شبانہ روز اور پھر ایک شب آب سرد میں رکھیں کہ خوب مستحکم ہو جاوے کام میں لاویں۔ (از بھارت مسافر)

(۸۵) شنگرف کا کشتہ کرنیکی ترکیب } (الف) بکرے کی نلی میں ایک تولہ شنگرف کی ڈلی ڈال کر اوپر سے پیاز کا پانی اسقدر ڈالیں کہ جس سے وہ نلی بھر جائے۔ بعد ازاں مضبوط مٹی کا سرپٹ کرکے خشک کریں اور پانچ سیر کی آنچ دیں شنگرف دندہ رنگ سفید کشتہ ہوگا۔ (دوست محمد خان حکیم)

(ب) ایک تولہ شنگرف (۲) تولہ دودھ مدار (آک) شنگرف کو شیر مدار میں کھرل کر دو۔ جب دودھ جذب ہو جاوے ایک گولی بناؤ۔ اور ۵ تولہ سوت اس گولی پر لپیٹ دو۔ گیند کی طرح بناؤ۔ بعد میں آہنی توا کڑاہی میں رکھ کر ایک طرف سے آگ دیدو۔ ایک انگیاری سے ہی جب جل کر سرد ہو جاوے۔ تو صاف کرکے نکال لو۔ سفید برآمد ہوگا۔ مگر ہوا کا بہاؤ تیز ہو۔ (حکیم سالگرام)

نوٹ۔ میرا تجربہ ہے کہ سفید رنگ بہت تھوڑا نکلتا ہے۔ ممکن ہے کہ مجھ سے کوئی غلطی رہ گئی ہو۔ (ایڈیٹر)

(۸۶) عمدہ مصفی خون } یہ ہے کہ عرق سیب شہد کے ہمراہ نوش کریں اور تا استعمال روٹی چنے کی معہ روغن زرد کے کھا دیں۔ (محمد اسمعیل محمد قریشی)

ایضاً عشبہ مغربی ۱ تولہ۔ برگ شاہترہ ۶ ماشہ۔ چرائتہ ۶ ماشہ۔ بکائن ۶ ماشہ چھال نیم ۶ ماشہ گل نیم ۶ ماشہ برگ نیم ۶ ماشہ گل حنا ۶ ماشہ چھال بکائن ۶ ماشہ۔ نیل کنٹھی ۶ ماشہ۔ برہم ڈنڈی ۶ ماشہ سرپھوکہ ۶ ماشہ۔ دھمانسہ ۶ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ مغز تخم کدوئے شیریں ۱ تولہ برادہ چوب چینی ۱ ماشہ عناب مقشر ۶ ماشہ برادہ چوب شیشم ۶ ماشہ برادہ صندل ۶ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر ۶ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر بقدر نخود گولیاں بنا کر رکھ چھوڑو۔ ہر روز دس گولیاں صبح کے وقت کھلایا کرو۔ یہ نسخہ کئی بار کا مجرب ہے۔ (سید محمد اسرار اللہ بھلواری)

ایضاً گلاب چند صاحب سب سے عمدہ مصفی خون دریافت کرتے ہیں۔ پورا پورا علم تو خدا کے سوا کس کو ہے۔ "لا علم لنا الا ما علمتنا" برہم ڈنڈی اور ہرن کھری جو مشہور بوٹیاں ہیں بڑی مصفی خون ہیں۔ بھرت پور میں ایک شخص کو جذام کا دوسرا درجہ تھا۔ نہار منہ کو ۲ تولہ دونوں بوٹیاں ۵ دانہ کالی مرچ کے ہمراہ پیسکر پینا بتایا گیا ہے۔ اللہ نے شفا دی اور بہت جلدی۔ اور اگر ان دونوں کا اور مناسب دوایات شامل کرکے عرق نکلوا کر استعمال کرایا جائے تو بہت فائدہ ظاہر ہوگا۔ (حکیم حبیب الرحمان خان)

ایضاً نیم کی نبولی کی گری کا تیل جس کے ذریعہ جس کا ذکر رسالوں میں ہو چکا ہے تیل نکالیں۔ ایک بوند دودھ میں ڈال کر کھایا کریں۔ نہایت اعلےٰ مصفی خون ہے۔ آج کل ڈاکٹر لوگ بھی اس کو اول درجہ کا مصفی خون کہنے لگ پڑے ہیں۔ (ایڈیٹر)

سوزاک } گوار پاٹھا گودہ صاف کیا ہوا ۴ تولہ۔ ایک ولفتری گلی آب نادیدہ میں رکھ کر اوپر سے شکر سرخ خام ۸ تولہ پاشیدہ کرکے شبنم میں رکھ دے۔ صبح نہار کھالیوے۔ اسی طرح ایک ہفتہ استعمال کرے۔ کیسا ہی سوزاک مرد و عورت کو کیوں نہ ہو حکمیہ دفع ہوگا۔ (محمد اسمعیل)

بعد بند ہونے ریم کے ملاوات کا استعمال کریں۔

ایضاً اسیسہ (سرب) کو ایک لوہے کی کڑاہی میں گلا کر ڈالے کرنٹھے کے چیا ڈو دو سے ہلاتے جاؤ۔ یہاں تک کہ ہلکا سبز رنگ کا خاک ہو جاوے۔ ذرا ذرا شورہ بھی ملانے میں ملاتے جاؤ تو بہت اچھا ہے۔ ایک رتی نہار منہ گلابی پھول والی کے عرق ۳۰ تولہ میں استعمال کرو اور خدا کی قدرت کا تماشا دیکھو۔ (حکیم حبیب الرحمن خان)

(۸۷) کشتہ ہڑتال ورقی سفید } ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ بیخ چکنی بوٹی کا نغدہ ایک پاؤ گل حکمت کرکے خشک کریں اور خشک کرنے کے بعد تین سیر اپلے کی آگ دیں مجرب ہے۔ (موتی رام ریڈر)

(۸۸) کشتہ طوطیا سفید۔ ½ پاؤ پھٹکڑی وزن کا املتاس کا گودہ لیویں اس کو

(۸۳) بدن تپلا کرنیکا نسخہ } ورزش یعنی ڈنڈ موگلی کے کیا کریں۔ اور جنگل میں جاکر خوب بھاگا کریں۔ (دوست محمد خاں)

ایضاً سنکھیا سفید ۱ تولہ پھٹکڑی سفید ۱۰ تولہ پھٹکڑی باریک پیسکر ایک کوزہ میں آدھی اوپر آدھی نیچے سنکھیا کے ڈالیں۔ کوزہ کا منہ سرپوش سے بند کریں۔ نہایت عمدہ گل حکمت کرکے سکھا دیں کہ کوئی سوراخ ہوا کو نہ رہے مٹی کو روئی گڑ تیل ڈال کر خوب چکنی بنا لیا ہو۔ ۵ سیر کے قریب آگ دیویں پھٹکڑی اور سنکھیا کا کچھ حصہ دونوں کشتہ ہوں گے۔ پاس رکھیں اور ایک چاول سے ۲ چاول تک صبح پانی کیساتھ کھایا کریں۔ تلخی معلوم ہو تو عرق گاؤزبان یا بید مشک وغیرہ ہو۔ ۷ دن تک استعمال کرکے ۷ دن چھوڑ دیا کریں جبتک کہ مقصد حاصل نہ ہو۔ (ایڈیٹر)

(۸۴) گولی پارہ خاص قسم کی } پارہ کو آب اسپند سوختنی یعنی حرمل سے کھلایا کرکے اہلیوں سے دھوئیں کر صاف اور درخشاں ہو وے پھر پارہ چاندی کیساتھ ایک کھرل میں خیر بلسن ایک ہفتہ سے تمام روز کھرل کرکے غلولہ بنا لیں اور ایک انڈا مرغ سے سفیدی اور زردی دفع کرکے اس کو بلسن سے پر کرکے اس میں غلولہ مذکور کو رکھیں اور اوپر سے دوسرا پوست انڈا کا رکھ کر بند کر دیویں پھر مقوم یعنی لسی ۴ تولہ ۱۲ رو ماشہ ۴ تولہ خوب باریک پیسکر بطور مرہم بنا کر چار لیپ کر دیویں پھر اس پر آرد گندم کا لیپ دے کر خشک کرکے روغن سرشف کو ایک دیگچہ میں بھر کر بطور ڈول جنتر بیضہ کو لٹکا کر نیچے آگ دیں اور خیال رکھیں کہ تہ کو نہ لگے۔ بعد اسکے سرد کرکے عقد کو نکالکر کپڑے میں بند کرکے روغن دستور دیں ایکشبانہ روز اور پھر ایک شب آب سرد میں رکھیں کہ خوب مستحکم ہو جاوے کام میں لاویں۔ (از بشارت مسافر)

(۸۵) شنگرف کا کشتہ کرنیکی ترکیب } خرالدم بکرے کی نلی میں ایک تولہ شنگرف کی ڈلی ڈال کر اوپر سے پیاز کا پانی اسقدر ڈالیں کہ جب وہ نلی بھر جائے۔ بعد ازاں مضبوط مٹی کا سمپٹ کرکے خشک کریں اور پانچ سیر کی آنچ دیں شنگرف برنگ سفید کشتہ ہوگا۔ (دوست محمد خاں حکیم)

ذب ایک تولہ شنگرف ۱۲ تولہ دودھ مدار آک شنگرف کو شیر مدار میں کھرل کرو۔ جب دودھ جذب ہو جاوے ایک گولی بنا لو۔ اور ۱۵ تولہ سوت اس گولی پر لپیٹ دو۔ گیند کی طرح بنا لو۔ بعد میں آہنی توا کڑاہی میں رکھ کر ایک طرف سے آگ دیدو ایک انگیاری سے ہی جب جل کر سرد ہو جاوے۔ تو صاف کرکے نکال لو۔ سفید برآمد ہوگا۔ مگر ہوا کا ٹھیک ہو۔ (حکیم سالگرام)

نوٹ۔ میرا تجربہ ہے کہ سفید رنگ بہت تھوڑا نکلتا ہے۔ ممکن ہے کہ مجھ سے کوئی غلطی رہ گئی ہو۔ (ایڈیٹر)

(۸۶) عمدہ مصفیٰ خون } یہ ہے کہ عرق بیب شہد کے ہمراہ نوش کریں اور تا استعمال روٹی چنے کی معہ روغن زرد کے کھا دیں۔ (محمد اسمعیل قریشی)

ایضاً عشبہ مغربی ۱ تولہ۔ برگ شاہترہ ۶ ماشہ۔ چرائتہ ۶ ماشہ۔ بکائن ۶ ماشہ چھال نیم ۶ ماشہ گل نیم ۶ ماشہ برگ نیم ۶ ماشہ گل حنا ۶ ماشہ چھال بکائن ۶ ماشہ نیل کنٹھی ۶ ماشہ۔ برہم ڈنڈی ۶ ماشہ سرپھوکہ ۶ ماشہ۔ دھمانسہ ۶ ماشہ۔ ہلیلہ کابلی ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ مغز تخم کدوئے شیریں ۱ تولہ۔ برادہ چوب چینی ۱ ماشہ چاکسو مقشر ۶ ماشہ برادہ چوب شیشم ۶ ماشہ برادہ صندل سفید ۶ ماشہ۔ تخم کاہو مقشر ۶ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر بقدر نخود گولیاں بنا کر رکھ چھوڑو۔ ہر روز دس گولیاں صبح کے وقت کھلایا کرو۔ یہ نسخہ کئی بار کا مجرب ہے۔ (سید محمد اسرار اللہ پھلواری)

ایضاً گلاب چند صاحب سب سے عمدہ مصفیٰ خون دریافت کرتے ہیں۔ پورا پورا علم تو خدا کے سوا کس کو ہے "لا علم لنا الا ما علمتنا" برہم ڈنڈی اور ہرن کھری جو مشہور بوٹیاں ہیں بڑی مصفیٰ خون ہیں بھرتپور میں ایک شخص کو جذام کا دوسرا درجہ تھا۔ نہار منہ کو تولہ تولہ دونوں بوٹیاں ۵ دانہ کالی مرچ کے ہمراہ پیسکر پینا بتایا گیا ہے۔ اللہ نے شفا دی اور بہت جلدی اور اگر ان دونوں کا اور حسب ادویات شامل کرکے عرق نکلوا کر استعمال کرایا جائے تو بہت فائدہ ظاہر ہوگا۔ (حکیم حبیب الرحمان خان)

ایضاً نیم کی نبولی کی گری کا تیل جنتر کے ذریعہ جس کا ذکر پرچا جات میں ہو چکا ہے نکال لیں۔ ایک بوند دودھ میں ڈال کر کھایا کریں۔ نہایت اعلیٰ مصفیٰ خون ہے۔ آج کل ڈاکٹر لوگ بھی اس کو اول درجہ کا مصفیٰ خون کہنے لگ پڑے ہیں۔ (ایڈیٹر)

سوزاک } گیا رہا تھا گردہ صاف کیا ۱۲ تولہ۔ ایک طشتری گلی آب نا دیدہ میں ڈالکر اوپر سے شکر سرخ خام ۸ تولہ پاشیدہ کرکے شبنم میں رکھ دے۔ صبح نہار کھا لیوے۔ اسی طرح ایک ہفتہ استعمال کرے کیسا ہی سوزاک مرد عورت کو کیوں نہ ہو حکمتیہ دفع ہوگا۔ (محمد اسمٰعیل)

بعد بند ہونے ریم کے ملاوات کا استعمال کریں۔

ایضاً اسپیسہ (سرب) کو ایک لوہے کی کڑاہی میں گلا دو اور اسے کنگھی کے تیل ڈالو۔ سے ہلاتے جاؤ۔ یہاں تک کہ ہلکا سبز رنگ کا خاک ہو جاوے سوڈا شورہ بھی ہلانے میں ملاتے جاؤ تو بہت اچھا ہے۔ ایک رتی نہار منہ سنگھاڑتی گلابی پھول والی کے عرق ۳۰ تولہ میں استعمال کرو اور خدا کی قدرت کا نظارہ دیکھو۔ (حکیم حبیب الرحمٰن خاں)

(۸۷) کشتہ ہڑتال ورقی سفید } ہڑتال ورقی ایک تولہ۔ نمک چکنی بوٹی کا نغدہ ایک پاؤ گل حکمت کرکے خشک کریں اور خشک کرنے کے بعد تین سیر اپلے کی آگ دیں مجرب ہے۔ (موتی رام ریڈر)

(۸۸) کشتہ طوطیا سفید۔ ایک پاؤ بھر نخنہ وزن کا ملتا اس کا گودہ لیویں اس کو

کوٹ کر پیڑا سا بنالیں۔ اور اس کے اندر طوطیا رکھ دیں۔ خوب مضبوط ایک دو کپڑ مٹی کرکے
کسی کوزہ میں بند کرکے منہ ڈھانپ دیں۔ ۱۰۰ سیر کی آنچ کافی ہے۔ بعد سرد ہونے کے
نکالیں طوطیا رنگ سفید اور قائم ہو جاوے گا۔ (دوست محمد خان)

(۸۹) **کشتہ شنگرف:** ایک کڑاہی میں سوا سیر کچلوں کا سفوف نیچے اوپر رکھ کر درمیان
ایک چھٹانک ڈلی شنگرف رکھ کر اوپر ۲ سیر گھی ڈالدیں جب گھی اور کچلے جل جاویں تو آگ اتار لیں اور
شنگرف کا کشتہ آہستہ سے نکالیں۔ (ایڈیٹر)

(۹۰) **پیٹ بڑھنا اور قے۔** مندرجہ ذیل نسخہ تسکین دے گا۔ آدھ تولہ سارگندھک
کو گھی کے ساتھ ظرف آہنی میں نرم نرم آنچ پر پگھلا دیں اور دودھ گائے میں ڈالدیں
اس طرح تین بار کریں پھر اس کو مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ۔ پیلا مول ۱ تولہ کچلہ
مدبر ۱ برگ تلسی ۱ تولہ سونٹھ ۱ تولہ کے ساتھ لیموں کے رس سے کھرل کرکے جنگلی بیر سے ذرا
کم گولیاں بنا دیں۔ بلغمی طبیعت اگر ہو تو ایک گولی ورنہ نصف گولی بعد طعام گرم پانی سے
کھایا کریں۔ یہ گولی نہایت ہی ہاضم ہے۔ (ایڈیٹر)

(۹۱) **بوجہ فسادی کمسنی احتلام جریان منی بول زردی وغیرہ** { پارہ ۱۵ تولہ پوست بیضہ
۲ تولہ، ہر دو کو ۱۰۰ دلیموں کے رس میں کھرل کریں۔ بعد ازاں ایک تولہ عرق مکو سیاہ میں
کھرل کرکے ٹکی بنا کر سکورہ گلی میں رکھ کر مضبوط گل حکمت کریں اور ۵ سیر اپلوں کی آنچ دے کر
نکال لیں خوراک ۲ سرخ مسکہ یا بالائی میں۔ پرہیز حسب ضرورت۔ (دوست محمد خان)

(۹۲) **ایضاً** کشتہ فولاد یا کشتہ فولاد شنگرفی جن دونوں کے نسخے درج اخبار ہو چکے ہیں
کھاویں۔ ایک رتی صبح دودھ کیساتھ کھایا کریں۔ بادی بکھاری ترش، تیل اور تیل
کی بنی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔ درد کو بھی آرام آجاوے گا اور نقص بھی آہستہ آہستہ
دور ہو گا۔ (ایڈیٹر)

(۹۳) **اکھی:** یہ زیادہ تر اسی نام سے مشہور اور ایک قسم کی مدار ہے لیکن اس میں دودھ
نہیں ہوتا پھل پھول البتہ پیدا ہوتا ہے اور بیج چھوٹے چھوٹے جدا جدا
اس میں ہوتے ہیں۔ ایک بالشت سے لیکر ایک ہاتھ تک اونچی ہوتی ہے۔ اگر اس کو سکھا کر
اس کی بھکی کو ۴ ماشے کرکے ایک تولہ قلعی یا سیماب پر طرح آگ پر کرے خالص نقرہ
ہو جاوے۔ (دوست محمد خان)

(۹۴) **پاؤں میں پسینہ** { نیم کی نبولی کا تیل ۲ بوند صبح دودھ میں ملا کر کھایا کریں
اور کوڑی سوختہ پاؤں پر مالش کیا کریں۔ ترکیب تیل نکالنے
کی درج ہو چکی ہے۔ (ایڈیٹر)

(۹۵) **طلا فاسلے مجلوق۔** کئی نسخے بدوں اسم الفاظ بھی درج ہو چکے ہیں۔

ایک اور بھی لیجئے یا کنگنی یا لگوٹہ کی گری۔ تخم دھتورہ ہموزن کا آتشی شیشی میں تیل
نکالیں اکسیر ہے۔ ترکیب تیل نکالنے کی درج ہو چکی ہے۔ (ایڈیٹر)

(۹۶) **بھنگڑی کا روغن دافع سوزاک بہت لا** { موسم برسات میں نکالنے کو استاد نے فرمایا تھا۔
میں نے اس کا برعکس کیا۔ دوبارہ یہ عمل آج کل کے موسم برسات میں جو کیا گیا۔ صحیح
نکل آیا بھنگڑی کے تیل نکالنے کی مفصل ترکیب یہ ہے:۔
ایک قلعی مہر پوش کوزہ گراں سے تیار کرا کر دھوپ یا سایہ میں خشک کریں۔
بعدہٗ نیلا تھوتھا ۱ تولہ سہاگہ ۱ تولہ۔ کانچ سبز ۱ تولہ۔ ہر شے کو اول جدا گانہ باریک پیس کر پھر کھرل
میں ڈالدیں اور سادہ کنوئیں کا پانی قطرہ قطرہ ڈالکر خوب باریک کھرل کریں اور تقریباً
تین گھنٹہ تک کھرل بند نہ کریں۔ بعد ازاں قلعی تیار خشک شدہ مہر پوش کے اندرونی
حصہ میں ضماد کریں جب ضماد خشک ہو جاوے خزاوہ کمہاراں میں ان کے ساتھ ہی آگ پر
رکھیں۔ جب خزاوہ سے قلعی نکلے گی ایک قسم کی روغنی ہوئی معلوم ہوگی۔ پھر اس میں بھنگڑی
خواہ کسی رنگ کی ہو منہ تک بھر دیں۔ وزن بھنگڑی کی ضرورت نہیں اندازاً جسم قلعی
کی بھی کوئی قید نہیں۔ سر پوش منہ پر دے کر نیچے اوپر ۲ من سرگین تازہ اسپ ڈال کر گڑھا
کھود کر دفن کر دیں اور ایک بالشت لید کے اوپر خاک بچھا دیں پھر اس کے اوپر ۲ انگل
ریگ بالو کی تہ دیں۔ ان سب کے سر پر منگنی بز ۷ سیر کی آنچ دیں۔ چالیس دن کے بعد نکالیں
انشاء اللہ قلعی روغن بھنگڑی سے بر رنگ سرخ بھری ہوئی نکلے گی۔ سوزاک خواہ کسی قسم
کا ہو یا کیسا ہی ہو خوراک ایک بوند بتاشہ میں صبح نہار منہ دیں۔ تین چار خوراک میں ہی
شفا ہوگی۔ اس تیل کو اہل انصاف اجساد و ارواح کی تشمیع کے لئے بھی کام میں لاتے
ہیں۔
(نوٹ) لیکن منگنی بز کی آنچ جو دیجاوے گی لید کو حرارت پہنچاتا ہے۔ (دوست محمد خان)

(۹۷) **سر کی بیان پھٹنا** { یبوست بدن و خرابی خون ہے۔ اگر پیدائشی ہے تو آرام
مشکل ہے۔ بہر حال مندرجہ ذیل نسخہ مالش کیواسطے
بنا دیں اور اسی کو کھایا کریں:۔
مغز بادام شیریں ۱۵ تولہ مغز بادام کشمیری ۱۵ تولہ مغز پستہ ۱۵ تولہ۔ مغز خربوزہ ۱۵ تولہ
کدو پہ مقشرہ ۱۵ تولہ۔ مغز کدوئے شیریں ۱۵ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۱۵ تولہ۔ تل مقشرہ ۱۵ تولہ مغز تخم
پیٹھہ ۱۵ تولہ۔ کولھو میں تیل نکال رکھیں۔ یہ تیل خشکی و خارش بدن۔ بیخوابی نسیان۔ جذام
تشنج و مالیخولیا کو مفید ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ اس کو تمام بدن پر مالش کیا کریں اور دودھ
میں دو چار بوند ڈالکر پیا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۹۸) **خشک کھانسی۔** بنفشہ ۲ تولہ۔ کتیرا ۲ تولہ۔ مغز تخم کدو ۲ تولہ تخم خشخاش ۲ تولہ

روغن بادام ۳ تولہ۔ لعاب اسپغول دہ ماشہ میں ڈال کر چٹنی سی بنالیویں اور چاٹا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۹۹) مہاسہ۔ بڑ کے پتے۔ چنبیلی کے پتے۔ صندل سرخ۔ کٹھ۔ اگر (عود)، لودھ۔ باریک پیس کر رکھے اور چنبیلی کے تیل میں ملا کر خوب منہ پر مالش کیا کرے۔ (ایڈیٹر)

(۱۰۰) جب نکسیر آوے منہ کو اوپر کر کے کھڑے ہو جایا کریں کہ لہو زیادہ نہ گرے۔ پھٹکڑی بریاں کی نسوار دن میں دو تین بار لیا کریں، اور دو تین دن ناش کے آٹے کا ضماد تالو پر کیا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۱۰۱) ضعف دماغ جریان۔ نزلہ ضعف بصر احتلام۔ زکام سستی۔ سرعت وغیرہ تمام بیماریوں کو مفید نسخہ:
فوائی ایٹ کوئی نی سائٹرس ۲ گرین ایکسٹریکٹ نکس وامیکا ۱/۲ گرین ایکسٹریکٹ ٹی سانہ ۲ گرین ایکسٹریکٹ کولا ایک گرین ایکسٹریکٹ بلاڈونا ۱/۴ گرین ایکسٹریکٹ جنشن ایک گرین۔ [illegible] کر ایک گرین نصف رتی کے برابر ہوتا ہے ایک گولی صبح، اور ایک گولی شام ہمراہ دودھ گائے کھاتے رہیں۔ چند روز کے بعد صرف گولیاں ہر روز استعمال کریں۔ (ڈاکٹر فضل حسین)

ایضاً۔ کونچ کے بیج پانی میں تین دن بھگو دے۔ بعد ازاں ان کے چھلکے الگ الگ کر کے سکھا دیوے پھر باریک پیس کر کپڑے میں چھان لے۔ ایک سیر سفوف کو ایک سیر دودھ گائے میں ڈال کر نرم نرم آنچ پر پکاوے جب کھویا ہو جاوے اتار لیوے۔ موصلی سفید ایک سیر۔ خراسانی اجوائن ۱/۴ سیر۔ دھتورہ کے بیج ۲ تولہ۔ گاجر کے بیج ۳ تولہ۔ بہمن کی چھال ۱/۴ سیر۔ خشخاش ایک سیر۔ گوکھرو خشک ایک سیر۔ اٹنگن کے بیج ۱/۴ سیر۔ سونف ۳ تولہ۔ ناریل ۳ تولہ۔ ان سب چیزوں کو پیس کر گھی میں بھون لے۔ اور ان سب کے برابر کھانڈ ڈالے۔ پھر اس کھویا کو ملا دے۔ کیسر۔ کستوری۔ عنبر۔ چندراودے۔ کشتہ فولاد وغیرہ میں سے جو توفیق ڈال دیوے۔ لڈو ۲ تولہ کے برابر بنا دے۔ اور شب کے وقت ہمیشہ دودھ سے کھا دے۔ (ایڈیٹر)

خالص تیل مال کنگنی کا آتشی شیشی کے ذریعہ پتال جنتر کے طریق سے نکلتا ہے۔ ترکیب پرچہ اول میں درج ہو چکی ہے۔ ایک سیر مال کنگنی سے تین چھٹانک بھر تیل نکل سکتا ہے۔ ترکیب پتال جنتر پھر ایک دفعہ لکھی جاتی ہے۔ جب کسی تیل کو پتال جنتر کے ذریعے نکالنا لکھا جاوے اس طرح بنا لینا چاہئے۔ اس ترکیب کو اچھی طرح ذہن نشین کر لو۔ پہلے آتشی شیشی کو جس کی شکل اس طرح ہوتی ہے کپڑ وٹی کرو۔ یعنی اس پر کپڑ مٹی لگا کر سکھاؤ۔ پھر مال کنگنی یا جس کا تیل نکالنا ہو جو کوٹ

کو شیشی میں ڈال دیں۔ اور اس شیشی کے منہ میں لوہے کی تار یا گھوڑے کے دُم کے بال دے دیں کہ اُلٹانے سے دوائی باہر نہ آوے۔

ایک گھڑے کا پیندا الگ کریں اور اُلٹا کر چولہے پر رکھیں شیشی کا منہ گھڑے کے منہ میں سے گزار دیں۔ اور گھڑے میں اُپلے بھر کر آگ لگا دیں اور شیشی کے منہ کے نیچے کوئی برتن رکھ دیں۔ تیل ٹپک کر نیچے کے برتن میں آجاوے گا۔ اگر آتشی شیشی نہ ملے تو سکورہ کی گلی کے نیچے سوراخ کر کے بھی عمل کر سکتے ہیں۔ پتال جنتر کی تصویر آپ ملاحظہ کر سکتے ہیں۔ اوپر کے گھڑے میں آتشی شیشی اُلٹی ہے۔ اور اس پر اُپلے جلتے ہیں اور نیچے کے پیالہ میں تیل گرتا ہے۔

(۱۰۲) بال بڑھیں۔ گئو کے دودھ میں تل کے پھول پر شہد۔ گھی برابر ملا کر لیپ کیا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۱۰۳) نظر کمزور ہو باعث نزلہ } مندرجہ ذیل سرمہ آنکھوں میں لگایا کریں کالی مرچ ۶ ماشہ۔ نمک۔ سوہاگہ ۱ تولہ۔ [illegible] سوکھا ۱ تولہ۔ سرمہ کالا ۴ تولہ۔ مانند سرمہ کے کھرل کریں۔ اور مندرجہ ذیل نسخہ کھایا کریں۔

نسخہ۔ خشخاش سفید نیم کوفتہ ۴ تولہ۔ پوست خشخاش ۴ تولہ۔ [illegible] خراسانی ۲ تولہ۔ تخم کاہو مقشر نیم کوفتہ ۳ تولہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ تخم کدو [illegible] اسطوخودوس ۹ ماشہ ۲ سیر پانی میں ۴ پہر تک بھگو کر ظرف قلعی دار میں جوش دیں۔ چہارم پانی رہنے پر چھان لیویں۔ پھر ۵۰ تولہ نبات ملا کر قوام کریں۔ مغز [illegible] ۹ ماشہ۔ دھنیا مقشر ۹ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ نشاستہ ۹ ماشہ۔ [illegible] ۹ ماشہ۔ کتیرا سفید ۹ ماشہ۔ [illegible] ۹ ماشہ کو خوب باریک پیس کر قوام میں ملا کر رکھیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ایک ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان۔

بانجھ پن .... اس قسم کی مفصل تشریح اس جگہ میں درج نہیں ہو سکتی سو صفحہ کی کتاب میں بھی مفصل نہیں آسکتی حصہ دوم میں اس کا ذکر امراض عورات کے متعلق جو کتاب لکھ رہا ہوں اس میں بھی ذکر کروں گا۔ یہاں ایک نسخہ عرض کرتا ہوں

جو تقریباً ہمیشہ ٹھیک پڑتا ہے۔

برادہ دندان فیل کو پانی میں ڈالکر جوش کر کے پانی کو چھان لیں۔ تابور سفید ۲ تولہ کو آٹھ دس بار سرخ کر کے اس پانی میں بجھاویں کہ بلور ریزہ ریزہ ہو جائے پھر ۲ تولہ برادہ دندان فیل کو شراب تندی سے صلایہ کریں ٹکیہ بناویں۔ ہنڈیا میں دھر کر بکمپٹ کی آنچ دویں۔ جو کشتہ ہوگا۔ برادہ دندان فیل ۲ تولہ۔ بہروزہ ۲ تولہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ ملا کر خوب حل کریں۔ خوراک ۲ ماشہ مکھن کیساتھ یا شیرہ تخم خیارین کیساتھ۔ ۴۰ روز تک عورت کو کھلاویں۔ (ایڈیٹر)

(۱۰۴) چہرے پر بدنما داغ } صندل سرخ مجیٹھ۔ لودھ کوٹھ۔ ریٹھہ۔ ہلدی۔ چار ہلدی برگد کے پتے۔ جھینپی کے پتے۔ عود خالص۔ سب کو باریک پیس کر چمبیلی کے تیل میں ملا کر چہرے پر خوب مالش کیا کریں۔ (")

(۱۰۵) ترکیب کشتہ ابرک } مولی ادرب کا پانی نکالیں۔ دو چھٹانک بھر پانی میں ۳ ماشہ شورہ گھول دیں اس میں۔ ایک تولہ ابرک کے تیرے رکھکر منہ بند کرکے آگ ایک سیر اپلیوں کی دیں۔ ایسے ہی آگ میں چمک بالکل نہ رہے گی اور بخار وں کے واسطے اکسیر ہو جاوے گی۔ یہ ابرک کی آسان ترکیب لکھی گئی ہے۔ (")

الیضاً۔ ابرک کو کسی قدر کوٹ کر گلہ و دنہ سیاہ کے پتوں کی رس میں لت پت کرکے ایک ظرف گلی میں رکھکر دس سیر یا جلد کشتی میں پھونک لیجئے۔ عمدہ کشتہ ہو جائیگا کھانسی وغیرہ امراض کے لئے مفید ہے۔ خوراک ایک رتی سے ۴ رتی تک بہ بدرقہ مناسب ہے۔ (حکیم سید احمد شاہ)

(۱۰۶) درازی کا نسخہ۔ عضو کو پہلے گرم پانی سے دھو کر روغن بلسان بار بار لگائیں۔ درازی زیادہ ہوگی۔

نسخہ الیضاً۔ کینچوں کو پہلے اچھی طرح دھوئیں کہ مٹی سے پاک ہو جاویں۔ بلوں کے تیل میں پکاویں اور حمام میں جا کر عضو کو گرم پانی سے خوب دھو کر اسقدر ملیں کہ سرخ ہو جاوے پھر وہ دوا لگا دیں۔ نہایت درجہ درازی و فربہی لاتا ہے۔ (سورج نرائن)

(۱۰۷) خصیہ ملیں ورام غت } بباعث خاطہ کا ایک مریض کی رگوں میں سے اجزائے خون ٹپک کر خصیوں میں ورم پیدا کرتے ہیں جہاں اختلاط خون ہے وہاں درد ہوتا ہے۔ مریض کا فرض ہے کہ مہلک عادت سے باز رہ کر اس نسخہ کا استعمال کرے۔ نب ہلدی ۴ ماشہ۔ ناگ کیسر ۲ ماشہ۔ بانگھنی ۴ ماشہ۔ ناخن فیل ۲ ماشہ سم اسپ سیاہ ۳ ماشہ۔ ناخن خر سیاہ ۳ ماشہ۔ سب دواؤں کو کوٹ چھان کر جو گولیاں بنائیں۔ بعدہ گائے کا گھی ایک تولہ و عرق پیاز تولہ ایک رکابی میں ڈال کر چلی پر رکھیں اور گولیاں کو اس میں چھوڑ دیں۔ بار بار حمود کریں۔ زیادتی خون جیسے بھی کیکر کو پیس کر سفوف بنا دیں۔ اور بقدر ۲ ماشہ دو وقت پانی

کے ہمراہ دیویں۔ (ایڈیٹر)

(۱۰۸) تمام بدن کا داغدار ہو جانا } شیشم کی لکڑی کا برادہ آدھ سیر لے کر چھ سیر پانی میں ایک دن رات بھگو کر جوش دیں۔ جب نصف باقی رہے ۲ تولہ شاہترہ ڈال کر جوش دیں۔ بعد ازاں تار کر چھانکر ایک سیر قند ملا کر شربت بنالیں۔ خوراک ۲ ماشہ صبح و شام کھاویں۔ (بابو چھجو رام صاحب حکیم)

(۱۰۹) خشک کھانسی } کاکڑا سنگی۔ سہاگہ۔ جب لاس۔ رب السوس ہر ایک ہموزن سب کو ایک کوزہ میں ڈال کر آگ میں خاکستر کرکے ۴ رتی پانی اسپغول میں کھاویں۔

(۱۱۰) طلا دافع مہاسہ جو منہ پر ہوتے ہیں } مغز گھونگچی سفید۔ نمک لاہوری پیس کر ملیں۔ نہایت مجرب ہے۔ (")

(۱۱۱) علاج نکسیر } دم الاخوین ۲ ماشہ۔ ریشہ برگد ۲ ماشہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔ کاغذ سوختہ۔ سب کو پیس کر برگ سبز خرفہ ناک میں پھونکیں۔ (")

(۱۱۲) بال بڑھانے کا نسخہ: آملہ عرق لیموں میں پیسکر بالوں کی جڑوں میں ملیں۔ (")

(۱۱۳) بڑھاپے میں نظر خراب۔ ہمیشہ ہیم سیتی کا قورمہ لیتے رہیں۔ آرام رہیگا۔ (ایڈیٹر)

(۱۱۴) سوزاک کہنہ } کئی علاج پچھلے نسخوں میں درج ہو چکے ہیں۔ ایک اور بھی قدر ہے۔ شیر ابرک ۲ ماشہ۔ ۲ تولہ شیر ڈنڈا۔ تھوہر ۲ تولہ۔ بہروزہ خشک ۲ تولہ۔ صابون ۳ تولہ۔ آب برگ حرمل ۲ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ روغن ارنڈ ۲ تولہ۔ تمام ادویات کو ایک کوزہ گلی میں ڈال کر مٹی سے منہ بند کرکے پانچ سیر اپلیوں کی آنچ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر نکالیں۔ خوراک ایک ماشہ۔ شیر گاؤ کے ہمراہ کھاویں۔ ورم میں سخت ہو۔ پرہیز کچھ خاص نہیں ہے۔ (ایڈیٹر)

(۱۱۵) آتشک } پارہ ۵ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۵ ماشہ۔ اجوائن ہندی ۵ ماشہ۔ بھلاوہ ۵ ماشہ۔ کندر سیاہ ۲ ماشہ۔ عقر قرحا ۲ ماشہ۔ تخم سیاہ حسب ضرورت شامل کریں۔ ہاون دستہ میں سات دن کوٹیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی بجزات کے ساتھ صبح کھاویں۔ پرہیز بادی اشیاء سے۔ (ایڈیٹر)

(۱۱۶) بعد صحت ایک ماہ کے بعد مریض آتشک کو ہمبستری کرنی چاہئے۔ یہ معلوم کرنا تو نہایت مشکل ہے کہ مادہ اندر ہے کہ نہیں۔ (")

(۱۱۷) پھولہ۔ قلمی شورہ ۶ ماشہ۔ شیشہ نمک ۱ ماشہ۔ پھٹکڑی بریاں ۶ ماشہ۔ سونا مکھی ۶ ماشہ جست کشتہ ۶ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ مرچ سفید ۳ ماشہ۔ سب کو ۲ تولہ عرق گلاب ۲ تولہ

مس کے پانی، ورنہ تو نیم کے پانی میں کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ اور صبح و شام سلائی سے ڈالا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۱۱۸) **برہم ڈنڈی کلاں** } یہ مشہور شاخ خشک عطار کی دکان پر ملتی ہے تصفیہ خون کے واسطے اکسیر استعمال کی جاتی ہے۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔ برہم ڈنڈی کلاں جب کا عرق مس کی ساخت میں چھوڑنے سے اس کو نقرہ کر دیتا ہے۔ (دوست محمد خاں)

(۱۱۹) **آنکھوں سے پانی جانا** } شورہ ۲ تولہ پیس کر رکھیں۔ جست ۲ تولہ ایک کڑاہی یا کڑچھے میں ڈال کر تیز آگ پر رکھیں جب پگھل جاوے شورہ کی چٹکی دیتے جاویں اور کسی چیز سے ہلاتے جاویں یہاں تک کہ راکھ ہو جاوے۔ نکال کر شیشی میں ڈال کر رکھیں اور دو چار دن میں انجن کیا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۱۲۰) **حرقت البول** } بہیڑی ۳ ماشہ بسکھپری ۳ ماشہ (یہ دونوں بوٹیاں ہیں) بادام ۴ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ، چار مغز ۱ تولہ سب کو گھوٹ کر سردائی بناویں اور صبح کو مصری ڈال کر پیا کریں۔ (")

(۱۲۱) **تپلا کرنے کی دوائی** } پوٹاسی آیوڈائیڈ اور چند یکا دوا یہ ملا کر استعمال کرنے سے یہ شکایت رفع ہو سکتی ہے بمفصلہ ذیل نسخہ نہایت مفید ہے پوٹاسی آیوڈائیڈ ۳ گرین ٹنکچر سنکونا کمپونڈ ۲۰ بوند، ۱۰ کارڈمم کو بوند، ایکوا کلوروفام اونس اس کی دو یا تین خوراک روزانہ استعمال کریں۔ (دیوی چند میڈیکل کمپونڈر پٹیالہ)

(۱۲۲) **پلکیں سرخ اور بال کم** } پوست بلیلہ زرد۔ زرد چوب یعنی کف دریا۔ چاکسو پھٹکڑی سفید۔ نوشادر۔ سنگ بصری۔ پنجال کیوڑہ۔ توتیا جدی سرمہ سیاہ۔ سعد۔ بو بلیلہ۔ کافور۔ گل منیلی۔ گل کتھ۔ یہ تمام ادویات ہم وزن لے کر ۳ روز تک عرق بادیان سبز میں کھرل کر کے بعد ازاں تین دن تک عرق گلاب میں سلایہ کریں پھر باندھ کر رکھ چھوڑیں۔ رات کو پانی میں ایک حب گھسا کر آنکھوں میں ڈالیں انشاء اللہ تعالے آنکھیں درست ہو جاوینگی۔ آزمودہ ہے کئی روز تک اس کا استعمال کرنا چاہئے۔
(حکیم دوست محمد خاں)

(۱۲۳) **ایضاً** } اگر مریض چند یوم نسخہ ذیل کا استعمال کرے گا تو بہت جلد آرام ہو سکتا ہے۔ کاربولک ایسڈ ۲ گرین۔ گلیسرین ایک اونس اس کو صاف کھرل میں ملا کر صرف ایک سلائی سے آنکھوں میں بھرنے کی ضرورت ہے۔ اگر آنکھ میں بھی ویسے روغن کی طرح ڈالی جاوے تب بھی کوئی ہرج نہیں۔ (ایڈیٹر)

(۱۲۴) **باعث حلق طاقت کی خرابی** } اگرچہ اس قسم کے بیمار دیکھو کثرت سے ہماری حکیم مل جاتے ہیں جن کا دعوٰے اس قسم کا ہے کہ بڑے بڑے سول سرجن اور ایم۔ ڈی بھی ان کی ہمسری نہیں کر سکتے۔ نہ

معلوم خدا تعالے نے ان کو کیا اکسیر بھیجدیا۔ مریض نے دوائی کھائی اور آرام ہوا۔ بوڑھے جوان ہو گئے۔ گدھے شیر ہو گئے وغیرہ وغیرہ۔ غرضیکہ اس قسم کے مبالغہ آمیز ہونے میں بیمار بیچارہ خواہ مخواہ ان کے پھندے میں پھنس جاتا ہے۔ چونکہ زیادہ تر اس اخبار کا یہ فرض ہے کہ ہر ایک سوال کا جواب باصواب دیا جاتا ہے اس لئے میں اگر اس مرض کے لئے نسخہ بہت عمدہ تحریر کرتا ہوں لیکن اصل علاج تب ہی ہو سکتا ہے کہ جب بیمار اپنے حالات سے وقتاً فوقتاً حکیم کو آگاہ کرتا رہے۔ اس لئے فی الحال نسخہ ذیل نہایت اعلٰے درجے کا مفید تحریر ہے۔ چونکہ تمام ڈاکٹروں کی رائے میں ایسا عمدہ ہے کہ انگریزی میں اور کوئی علاج نہیں ہے۔

نسخہ۔ سوڈی ایٹ کلورائیڈ ۵ گرین۔ بل ناسفورس ۲۰ ڈرام۔ ایکسٹرکٹ ڈمیانہ ۲۰ ڈرام۔ ایکسٹرکٹ کوکا ۲۰ ڈرام۔ ایکسٹرکٹ نکس وامیکا ۵ گرین۔ فرقی ارسنی آس ۵ گرین۔ ایکسٹرکٹ جنشن حسب ضرورت۔ ان ادویہ کو کسی ہوشیار ڈاکٹر یا کمپونڈر سے تیار کرا کر ۶۰ عدد گولی بنا دیں۔ اور ایک گولی ہر روز ایک صبح ایک شام کھانا کھانے کے ایک گھنٹہ بعد کھاویں۔
(دیوی چند سیکنڈ گریڈ کمپونڈر)

ایضاً۔ ورق نقرہ ۱ تولہ۔ جاوتری ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ ان ہر سہ کو پانی ادرک میں کھرل کر کے خشک کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ آدھ پاؤ بھر بنگ مچھلی بوٹی کے نغدہ میں ٹکیہ دیکر اسپر کی آنچ دیں۔ نغدہ پر مضبوطی سے کپڑ مٹی کر لینی چاہئے۔ یہ نہایت اعلٰے درجے کا کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک برنج جس دن یہ خوراک شروع ہو اسی روز یہ خارجی علاج شروع کر دیں۔ مٹھا تیلیا ۲ ماشہ۔ گھونگچی سفید ۴ ماشہ۔ مغز حب الملوک یعنی جمالگوٹہ ۳ ماشہ۔ پوست بیخ کنیر بیر بہوٹی ۴ ماشہ۔ ان پانچوں ادویہ کو دہ پہر تک شیر مش میں کھرل کر کے گولیاں بنالیں اور پھر سایہ میں خشک کر کے بذریعہ تیل خنز معروف حل نکالیں۔ ہر صبح خوراک کشتہ ایک برنج اور رات کو حل کا طلا کر کے اوپر برگ پان لپیٹ دیا کریں۔ یہ داخلی اور خارجی دونوں علاج کم از کم ۲ روز تک کرنا چاہئے۔ نو روز کے بعد پھر کچھ دن چھوڑ کر پھر استعمال کریں۔
(حکیم دوست محمد خاں)

(۱۲۵) **کشتہ ابرک** } ابرک مصفٰے کو ریزہ ریزہ کر کے اور آب کھا ملائی بوٹی سے ایک گھنٹہ کھرل کر کے دو سکوروں میں بند کر کے سیر پختہ کی آگ دیویں کشتہ برنگ سفید بے چمک ہوگا ۱ رتی وسا زور مفید ہے۔ (مولی رام شرما)

(۱۲۶) **سوزاک پرانا** } گوند کتیرا ۲ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ مصری ۱۰ ماشہ سفوف بنا کر اس میں کشتہ قلعی ڈال کر ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ (")

(۱۲۷) **گلے پڑنا** } کشتہ فولاد عمدہ کو آب برگ ریحان جو بھنگ کی طرح گھوٹنے سے حاصل ہو استعمال فرماویں۔ سرخ مرچ جیسی شے سے پرہیز۔ (")

(١٢٨) سردی کی وجہ سے کمر میں درد } تیل مالکنگنی کی مالش کریں، اور کھلا دیں۔ ترکیب نکالنے کی شرح درج ہو چکی ہے۔ کارخانہ
ادرک ہمارے ہاں سے بھی ملے گا۔ (ایڈیٹر)

(١٢٩) ایک لڑکی کی زبان بند } بعد بخار زیادہ پانی پینے کے سبب سردی ہو گئی۔ جائے اسے تشنج ہو گیا
کچھ اصل بات یہ ہے کہ اس قدر بخار میں اس قدر پانی نے سن کر دیا جس کو آپ نے
سوناؤ (نیند) اتار دیا پھر جب ہوش آئی تو زیادہ اثر زبان اور ٹانگ پر رہا یعنی یہ دونوں
اعضاء اکڑے رہے۔ ٹانگ درست ہو گئی مگر زبان ابھی ویسے ہی اکڑی ہوئی ہے اس کو
ملائم۔ لائق آسانی ہلنے جلنے کے کر دینا اس کا علاج ہے۔ مغزیات اور تر چیزیں گھی
مکھن، بادام وغیرہ کا استعمال باقاعدہ رکھیں۔ کانوں کے پیچھے بادام روغن کی خوب
مالش کریں۔ گرم تر چیزیں ہی استعمال کریں۔ سرد تر نہیں۔ جو چیز کھلا دیں وہ گرم تر ہو
ایک ماہ تک گرم تر چیزوں کے کھلانے اور گرم تر روغنوں کے کان کے پیچھے مالش کرنے
سے لڑکی کی حالت بدل جاوے گی۔ (ایڈیٹر)

(١٣٠) نسخہ بواسیر خونی و بادی ہاضم مقوی وغیرہ } زمین قند ١٠ حصہ، بدھارا ١٥ حصہ۔
موصلی سفید ٨ حصہ۔ چیتے کی چھال ٨ حصہ۔ ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ بارنگ۔ سونٹھ۔ پیپل (فلفل دراز)
بھلاوہ۔ بیلاسول۔ تالیس پتر۔ یہ نو چیزیں چار چار حصہ۔ دارچینی۔ الائچی خورد و مرچ سیاہ
تینوں دو دو حصہ۔ سب کو باریک پیس کر سب سے دگنا گڑ پرانا ملا دے اور خوب کوٹ کر گولیاں
بقدر انگلی بیر کے بنا دے۔ صبح ہر روز باسی پانی سے کھا دے۔ یہ چھ قسم کی بواسیر
سنگرہنی، کھانسی، درد، سوجن، ہچکی، بھگندر۔ بالوں کا سفید ہونا وغیرہ کو از حد مفید ہے (ح)

(١٣١) سوزاک ۔ مغز بادام مقشر ۳ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ ۳ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۳ ماشہ
[illegible] ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ گیرو [illegible] ماشہ۔ تخم [illegible] ماشہ۔ ریوند چینی [illegible] ماشہ۔
[illegible] ١٢ ماشہ۔ [illegible] ۳ ماشہ۔ [illegible] ۱ تولہ۔ تمام ادویات عرق گلاب سے کھرل کر کے بقدر
نخود گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی سے ۲ گولی تک شیر [illegible] گاؤ کے ساتھ۔ (ح)

(١٣٢) سکپور [illegible] تولہ کو ۱ سیر پانی میں پکا دیں اور کچھ پیاز بھی درمیان ڈالیں۔ جب تمام
پانی خشک ہو جاوے سکپور کو علیحدہ کریں۔ رنگ سکپور کا زرد ہو گا خوراک ایک چاول۔
سوزاک اور آتشک دونوں اس کے استعمال سے رفع ہو جاتے ہیں۔ (ح)

(١٣٣) بال جھڑنا } آملہ، برگ مورد، پوست بیخ صنوبر [illegible] سیر پانی میں جوش دیں جب [illegible] رہ جاوے مل چھان کر اتنا ہی روغن کنجد ملا کر اتنی دیر تک آگ پر رکھیں کہ پانی
جل جاوے۔ اس تیل کو ہمیشہ دن میں کئی بار خوب زور سے مالش کیا کریں۔ (ح)

دوائی بال جھڑ ۔ اس کے استعمال سے داڑھی مونچھ سر کے بال جم آتے ہیں۔ مجرب ہے
نسخہ ۔ ہاتھی دانت کو جلا کر اس کے برابر رسوت ہندی ملا کر بکری کے دودھ میں گھس
کر لیپ کیا کریں تو دونوں میں بال پیدا ہو جاویں گے ۔ (رخبد بال مہوترہ حکیم)
اگر آپ کے سر میں بالخورہ جیسی داد ہے تو پہلے سارا سر منڈا کر [illegible]
[illegible] کو ویسلین میں ملا کر مثل مرہم کے بنا کر لگائیں۔ چند بیس دن تک برابر۔ ہاتھ دوا
کا کہیں آنکھ کو نہ لگ جائے۔ اس نسخے کے بعد جلد جاتا رہے گا۔ وہ کئی دنوں بعد بال
نکل آویں گے۔ اور اگر بال ایسے اڑ گئے ہیں کہ گویا یہاں نکلے ہی نہ تھے تو جمال گوٹہ کا [illegible]
گاڑھا پانی میں پیس کر اس مقام پر لگا دیجئے۔ دن بھر کے لئے۔ بعد کو باریک باریک
دانے پڑیں گے اور تیسرے دن خشک ہو جاویں گے اور جلد بال نکلنے شروع ہوں گے
(امیر کاظم از نگینہ)

(١٣٤) نل کا ٹرانا } نمک چکنی باریک پیس کر قند سیاہ میں ایک دو تولہ ملا کر ہر روز کھا لیا کریں۔ ۷ روز تک عمل کریں۔ بہت سے اشخاص کو
اس ٹٹکلے سے قطعی عارضہ نل کا جاتا رہا ہے ۔ (حکیم دوست محمد خاں)
دیگر۔ مریض چند گھنٹے سرد پانی میں بیٹھے تو اترا نل چڑھ جاتا ہے۔ آزمودہ ہے۔
ایسے مریضوں کو لنگوٹ خوب کس کر باندھے رہنا چاہئے۔
(رائے بھگت رام ساہنی اسسٹنٹ انجنیئر نہر [illegible])

(١٣٥) برائے مجلوق از کار رفتہ مجرب ہے } جوز بوا، بسباسہ، دارچینی، قرنفل، زعفران، تخم کھجی سفید، عاقرقرحا۔ [illegible]
خوب باریک کر کے پوست بیخ کنیر سفید ۲ چند وزن جملہ ادویہ مذکورہ خوب باریک کر کے [illegible] سب کو یکجا
کر کے شراب دو آتشہ میں کھرل کریں۔ بعد کھرل کرنے کے حب بقدر [illegible] بنا لیں۔ سات روز تک سوتے وقت ایک گولی پانی میں گھس کر حشفہ اور سیون چھوڑ کر عضو
مخصوص پر طلا کر کے پان کا پتہ باندھیں۔ دوران استعمال میں جماع سے قطعی پرہیز کریں۔ شہوت
ضرور غالب ہو گی لیکن جماع بالکل نہ کریں۔ غذا مقوی و مرغن کھا دیں۔ ترشی وغیرہ سے
پرہیز۔ دودھ گھی وغیرہ کا استعمال کریں ۔ (مشہد بال مہوترہ حکیم)

(١٣٦) چہرہ صاف و چمکدار ہو جاتا ہے } سرسوں سفید، زیرہ، زیرہ سیاہ، کنجد سیاہ (کالے تل) گائے کے دودھ میں
پیس کر منہ پر رات کو ملیں اور صبح کو دہی میں کھانڈ ملا کر منہ دھو ڈالیں۔ ۷ روز میں اثر
معلوم ہو گا۔ (ح)

(١٣٧) رانوں اور نلوں کے درمیان خارش } یہ خارش کئی وجوہات سے پیدا ہوتی ہے۔ چلونے

اور چوٹوں کے زخموں کے باعث بات روگ ۔ ذیابیطس اور رحم کے ناسور کے باعث پیدا ہوتی ہے ۔ اس کا علاج اس کے اسباب پر منحصر ہے ۔ معمولی حالت میں سرد یا برف کے پانی سے دھونا بہت مفید ہے ۔ یا پھٹکڑی کا پانی استعمال کرنا چاہئے ۔ عمدہ لوشن یہ ہے ۔ سہاگہ ½ اونس ۔ گرم پانی ایک پنٹ ۔ تیل پودینہ ۵ بوند ۔ چند مرتبہ پچکاری سے لگانا چاہئے ۔ استعمال کرنے سے پہلے اچھی طرح دھو لینا چاہئے ۔ اور جب زخم لگ چکے تو اس کو خود خشک ہونے دیں ۔ کسی چیز سے نہ پونچھیں ۔
(رائے بھگت رام ساہنی اسسٹنٹ انجنیئر)

(۱۳۸) کہتے ہیں کہ اصلی گئو دنتی کو گھوٹ کو سنگھا کر اس کے سینگ کے ساتھ باندھ دیں تو گائے کے دانت مل جاتے ہیں ۔ بخار اور کھانسی کو بہت مفید ہے ۔ جلا کر راکھ کر لیں اور تین رتی دودھ یا عرق گاؤ زبان یا شربت نیلوفر وغیرہ سے کھایا کریں ۔ مکمل طور پر فوائد وغیرہ کا ذکر کسی دوسرے حصہ میں کیا جاوے گا ۔
(ایڈیٹر)

(۱۳۹) ضعف } لاجہ شاہی روپیہ لیکر لیموں میں دے کر مضبوط کپڑ وٹی کریں ۔ اور ۵ سیر کی آنچ دیں کشتہ ہوگا ۔ میرا آزمودہ اور مجرب ہے ۔ گز بھر لیموں عمدہ رس والا ہونا چاہئے ۔ خوراک ایک برنج بالائی یا مسکہ میں ۔ پرہیز ترش ۔ اشیاء سے ۔ انشاءاللہ اس کے استعمال سے تمام شکایات رفع ہوں گی ۔
(حکیم دوست محمد خاں)

ایضاً نسخہ کشتہ فولاد برکی } پہلے عرق جامن میں کشتہ فولاد کریں جس کی ترکیب درج ہو چکی ہے ۔ ابرق سفید ہم وزن کو ۳ دن تک مولی کے رس میں کھرل کریں ۔ باریک ہو جاوے گا پھر ایک چھٹانک گڑ میں پانی ملا کر اس پانی سے مذکورہ بالا فولاد و ابرک کو کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر ۔ سیر اُپلوں کی آگ دیں ۔ خوراک ½ رتی دودھ تازہ گائے کے ساتھ کھایا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۱۴۰) کمزوری حافظہ } تخم مالکنگنی کو ریکر ایک پوٹلی میں باندھیں ۔ ایک کڑاہی یا دیگ میں پانی بھر کر نیچے آگ روشن کریں ۔ پوٹلی اس طرح لٹکا دیں کہ پانی کو نہ لگے لیکن بھاپ پانی سے اٹھے وہ پوٹلی کو ضرور چھوتے ۔ بھاپ کے دور سے مالکنگنی کا تیل نکلے گا ۔ جب بھیگتا ہوا معلوم ہو تو پوٹلی کو نچوڑ کر تیل نکال لیں ۔ جب سورج کی گرمی لگے تو چاول تک پانی میں کھڑے ہو جائیں ۔ اور ۱ ماشہ اس تیل کو پی جائیں ۔ جب تک گرمی رہے پانی میں کھڑے رہیں ۔ اس طرح تیل مالکنگنی کے ایک دن کے استعمال سے انسان کا حافظہ باعث فخر ہو جاوے گا ۔ اگر کچھ کسر رہ گئی ہو تو تیل مالکنگنی بعد از سال ایک دو ہفتہ تک کھایا کریں ۔
(ایڈیٹر)

(۱۴۱) تخم کا زور } کشتہ فولاد شنگرفی جس کے بنانے کی ترکیب درج ہو چکی ہے ½ رتی صبح [illegible] کے ساتھ کھایا کریں ۔ (")

(۱۴۲) ذیابیطس ۔ گلو کو سایہ میں خشک کریں ۔ اس کے برابر مصری بیٹھہ ۔ آملہ ملا دیں ۔

اور ایک تولہ کشتہ صدف اور ½ تولہ کشتہ فولاد بھی ملا دیں ۔ اگر [illegible] ۔ تعداد ایک ماشہ صبح شہد میں ملا کر کھایا کریں ۔

(۱۴۳) کافور اگر قائم النار ہوگا تو اس میں خوشبو وغیرہ بالکل نہ ہوگی ۔ بالکل پتھر کی شکل ہوگا پس ایسے قائم النار سے کیا فائدہ ۔
(ایڈیٹر)

(۱۴۴) طاعون خود بخود کیوں دور ہو جاتی ہے ؟ } اس واسطے کہ قدرتی طور پر اس کے دفعیہ کے سامان جمع ہو جاتے ہیں ۔ مثلاً گرمی میں آندھی وغیرہ ۔ رب رحیم و کریم نے جہاں میں ایسے سامان بخشے ہیں جو امراض کو روک دیتے ہیں ۔ ورنہ وبائی امراض کبھی دور ہی نہ ہوں ۔ (")

(۱۴۵) آنکھوں میں سرخی } مرچ سیاہ ½ تولہ ۔ ممیرا سوکھا ½ تولہ ۔ سوہاگہ [illegible] ½ تولہ ۔ کالا سرمہ باریک کھرل کر کے غبار سا رکھیں ۔ اور سلائی سے سوتے وقت یا صبح لگایا کریں ۔ سرخی دور ہو جاوے گی ۔ (")

(۱۴۶) نسخہ بجائے پھولا } نوشادر ایک چھٹانک ۔ سوہاگہ ایک چھٹانک ۔ گھیکوار (گندل) کے گودے میں سارا دن کھرل کر کے ایک پیالہ میں ڈالیں ۔ اور دوسرا پیالہ اوپر دے کر مٹی سے مضبوط بند کر دیں ۔ چولہے پر رکھ کر نیچے آگ جلاویں ۔ جب نیچے کا پیالہ سپیدی پر آ جائے سمجھ لیں کہ پانی جل گیا ۔ آگ بند کر دیں ۔ ٹھنڈا ہونے پر اوپر کے پیالہ کا جوہر سلائی سے آنکھ میں ایک وقت ملا کریں ۔ سفیدی چشم دور ہو ۔ یاد رہے کہ نیچے کے پیالہ میں جو رہے کھانسی میں رتی بھر دینے سے نہایت ہی مفید ہے ۔ (")

(۱۴۷) چربی کی بدبو دور کرنا } چربی ایک من پختہ کو ۲ سیر پانی کے ساتھ جوش دیں پھر اس میں ½ چھٹانک نمک اور ½ چھٹانک پھٹکڑی پیس کر ڈالیں اور دس منٹ تک جوش دے کر پانی چھان لیں ۔ صابن بنانے سے تھوڑی دیر پہلے اس کو تیار کیا جاتا ہے ۔ (")

(۱۴۸) عضو کی یکساں فربہی } کباب چینی ۱ تولہ ۔ ریوند چینی ۱ تولہ ۔ چوب چینی ۱ تولہ ۔ عقرقرحا ۱ تولہ ۔ لونگ ۱ تولہ ۔ جاوتری ۱ تولہ ۔ جائفل ۱ تولہ ۔ پارہ ۔ دار چینی ۱ تولہ ۔ پہلے پارہ کو گاؤ جوان کے پیشاب میں اتنی دیر تک کھرل کریں کہ پارہ کی چمک دور ہو جاوے ۔ پھر دیگر ادویہ کو کوٹ چھان کر ملا دیں ۔ اور تمام دن کھرل کریں ۔ مرہم کی طرح بن جاوے گا ۔ ظرف چینی یا شیشی میں لگا رکھیں ۔ پان پر ذرا سا لگا کر رات کو سوتے وقت حشفہ چھوڑ کر باقی جگہ پر باندھیں ۔ گدھے کے پیشاب کو تھوڑی دیر رکھنے سے جو تہ نشین ہوگا ۔ اس کو کاغذ [illegible] میں ۔ (")

(۱۴۹) مخنث سے کشتہ تک ناس } اگر خون کا فساد ہو تو فصد کرا دیں ۔ پوست

تخم دھتورہ۔ پوست بیخ ارنڈ۔ پوست بیخ سوہنجنہ۔ پوست بیخ سنبھالو۔ مرسول سفید۔ برابر وزن پانی سے پیس کر لیپ کیا کریں۔ اور پوست آملہ ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۱ تولہ۔ بہیلہ ۱ تولہ۔ بیروزہ ایک تولہ۔ بیج دھتورہ سیاہ ۳ ماشہ سفوف تیار کریں۔ اور ۳ ماشہ ہر روز کانجی کے ساتھ کھلایا کریں ؛

(ایڈیٹر)

(۱۵۰) ۲۵ سال کی عمر میں بال سفید } ہلیلہ خورد چھٹانک۔ ہلیلہ کلاں ایک چھٹانک۔ آملہ چھٹانک۔ بھنگرہ۔ تخم دھتورہ سیاہ چھٹانک۔ مالکنگنی چھٹانک۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ افیون ۲ تولہ۔ بیج بھنگ سیاہ چھٹانک۔ کوٹ پیس کر چنے برابر گولیاں بنا دیں۔ ایک روز دودھ گرم سے کھا دیں تیل ترش لال مرچ وبادی سے پرہیز۔ دو چار ماہ ضرور استعمال کریں ؛

(۱۵۲) کشتہ پارہ } آدھ پاؤ تمباکو کے ٹکڑے میں رکھے اور ½ پاؤ جنگلی بوٹی کا نغدہ لپیٹ دیوے۔ گل حکمت کرکے من پختہ اپلوں کی آنچ دیوے۔ تھوڑی آگ میں جو ہوتا ہے اس کے ساتھ قلعی رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے

(۱۵۳) کشتہ قلعی } پوست درخت شیشم کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنائے ایک بڑے اپلے کو درمیان میں سے ذرا کھود کر نیچے آدھ پاؤ سفوف مذکور بچھاوے اور تولہ قلعی رکھ کر اوپر آدھ پاؤ سفوف اور بچھا وے۔ اتنی سی اپلوں کی ٹکڑی یا جگہ سستی اوپر دے کر دونوں اپلوں کو آگ لگا دیوے ٹھنڈا ہونے پر کشتہ برنگ سفید ہوگا۔ کشتہ قلعی کی اس سے عمدہ اور ترکیب کیا ہوگی۔ صرف دو تھاپیاں اور قلعی کو ریزہ ریزہ بھی نہیں کرنا۔

(۱۵۴) آتشک منہ آیا ہے } کلی چنبا کو پانی میں جوش دے کر کر لیاں کریں ؛

مکرم جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم! چند سوالات مندرجہ دیش اپکارک مطبوعہ ۲ ستمبر ۱۹۰۲ء کے جواب ذیل میں درج ہیں۔ براہ مہربانی جوابات کے کالم میں جگہ دے کر مشکور فرماویں ؛

(۱۵۵) آتشک } اگر مرض تازہ پتہ ہو تو بہت تھوڑی مقدار میں کیلومل تمباکو میں ملا کر حقہ پیوے۔ دھواں باہر نکلتا رہے احتیاط رہے کہ دھواں حلق سے نیچے نہ اترے ورنہ مضر ہوگا۔ یہ کچھ خطرناک علاج ہے اس لئے پھٹکڑی آویزہ منڈہ کری ایک دیش پانی میں گھول کر رکھیں دو دفعہ کھانا کھانے کے بعد ہوئے گر جب اس کے استعمال سے زکام اور رعشہ وغیرہ لگ جاوے تو زکام رفع ہونے تک استعمال چھوڑ دیا جاوے۔ اور پھر استعمال شروع کرے جب تک

کہ کلی صحت نہ ہووے۔ (بھگت رام ساہنی اسسٹنٹ انجنیئر)

(۱۵۶) حیض کا دورہ روزانہ } کنار دشتی سفوف کر کے شکر اور گھی ملا کر حلوے کے کھانا اکسیر ہے ؛

(روشن لعل ڈرافٹسمین)

(۲) چھلی ببول یا کیکر کا سفوف ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام پانی کے ساتھ دیویں۔ (ایڈیٹر)

(۱۵۷) ضعف قلب و ضعف معدہ } حجر لاجورد۔ عقیق یمنی۔ گل خطمی ہر ایک ۴ ماشہ کہربا۔ مروارید ناسفتہ۔ مرجان۔ بہمن سفید بہمن سرخ۔ بخرفہ۔ دارچینی۔ قاقلہ۔ مقار۔ شقاقل۔ زرشک۔ گل نیلوفر۔ صندل۔ ہلیلہ کابلی۔ مصطگی۔ ابریشم مقرض۔ عنبر اشہب۔ ازہر ایک ۳ ماشہ۔ فادزہر حیوانی۔ سنگ یشب بزرا نباد۔ سعد ہندی۔ کباب چینی۔ برگ گل سرخ۔ کشنیز۔ آملہ۔ ورق طلاء۔ ورق نقرہ۔ تخم کاسنی ہر ایک ۵ ماشہ بہمن تخم خرفہ ۵ ماشہ تباشیر۔ زعفران ۳ ماشہ۔ آب انار شیریں آدھ سیر۔ عرق بیدمشک نیم سیر۔ آب سیب نیم سیر پختہ۔ آب امرود نیم سیر عرق گاؤزبان۔ تریاق فاروق ایک تولہ۔ ایک سیر مصری اور ایک سیر شہد کا قوام تیار کر کے معجون بنا رکھیں۔ خوراک ۴ ماشہ۔ دیکھئے انشاءاللہ تعالےٰ معدہ میں کیا طاقت پیدا ہوتی ہے اور دل و دماغ میں کیا طاقت بڑھ جاتی ہے۔ (حکیم دوست محمد خاں)

علاج جلق } بہاری قند ۶ تولہ۔ باراہی کند ۶ تولہ۔ سنگھاڑے ۶ تولہ کسیرو ۶ تولہ۔ کا سفوف کر کے ½ ۱ سیر گھی میں ملا کر نرم آنچ پر ظرف آہنی میں پکا دیں جب سرخ ہو جاوے مگر جل نہ جاوے تو طباشیر۔ تیج پات۔ لونگ۔ پیپل ناگ کیسر ایک ایک تولہ کیسر ۴ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ جاوتری ۳ ماشہ افیون ۱ تولہ۔ تخم بھنگ ۶ ماشہ۔ تخم دھتورہ ۶ ماشہ۔ ثعلب ۱ تولہ۔ تالمکھانا ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ مرچیں ۱ تولہ کو باریک کپڑ چھان کر کے اس میں ملا دیں۔ اور تمام ادویات سے دگنی کھانڈ ملا کر معجون بنا رکھے۔ صبح ۱ تولہ سے ۲ تولہ تک حسب طاقت دودھ کے ساتھ کھایا کریں ؛

(۱۵۸) کھٹا پانی اور جلے ہوئے ڈکار و گولا } ہینگ ۲ تولہ۔ نمک سانبھر۔ نمک دریا۔ زنجبیل۔ فلفل دراز۔ نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ سب کو باریک کر کے لیموں کی دو سیر رس میں ڈالدیں اور کوزہ گلی یا شیشی میں بند کر کے زمین میں ماہ تک گاڑ دیں۔ بعدہ نکال کر کھانا کھانے کے بعد ۲ ماشہ گرم پانی سے کھایا کریں۔

(ایڈیٹر)

(۱۵۹) درد گردہ } جب کبھی پھر درد گردہ ہو تو ترکنا بوٹی کی جڑھ پانی میں رگڑ کر پلا دیں۔ اور کسی قدر اس کی جڑھ کا سفوف تیار کر کے ۳ ماشہ روزانہ کھانے

ـے مرض درد گردہ کی بیخ کنی ہو جاتی ہے ۔ (حکیم دوست محمد خاں)

(۱۶۰) گوکھرو ۴ ماشہ ۔ قلمت ۴ ماشہ ۔ بادیان (سونف) رومی ۴ ماشہ پرسیاؤشاں (ہنسراج) ۴ ماشہ ۔ تخم خطمی ۴ ماشہ ۔ بنفشہ گل ۴ ماشہ ۔ تخم خبازی ۴ ماشہ ۔ تخم خربزہ ۱ تولہ ۔ تخم خیارین ۱ تولہ ۔ سب کو آدھ سیر پانی میں پکاویں ۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر شربت بزوری ۲ تولہ میں ملا کر پلایا کریں جتنی کہ آرام ہو ۔ (ایڈیٹر)

(۱۶۱) **ڈبہ اطفال** } مرچ سیاہ ۱۱ ماشہ ۔ مغز جیا کھوٹہ ۱۱ ماشہ ۔ سہروہ کو خون خرگوش (اور جو نہ چاہیں وہ پان کے پتوں کی رس میں) کھرل کر کے دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا رکھیں اور شیر مادر سے ایک یا دو گولیاں کھلا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۱۶۲) **درد جوڑ** ۔ سم الفار ۲ تولہ کو ۲ سیر بکری کے دودھ میں کھرل کر کے خشک کریں اور احتیاط سے شیشہ میں رکھ چھوڑیں ۔ خوراک ایک سرخ بالائی یا مسکہ میں ۔ درد جوڑوں کو بفضل تعالےٰ آرام ہوگا ۔ (حکیم دوست محمد خاں)

ایضاً ۔ یہ نسخہ میرے مطب میں اکثر استعمال ہوتا ہے اور مفید بھی پڑتا ہے ۔ سورنجاں شیریں ۲ تولہ ۔ زیرہ کرمانی بریاں ۷ ماشہ ۔ پودینہ ۷ ماشہ ۔ فلفل سیاہ ۷ ماشہ شکر تری ۵ تولہ (سب کو باریک کوٹ کر بقدر ۹ ماشہ ہر روز صبح کسی قدر نیم گرم پانی سے کھا دیا ۔ ور تمام ترش چیزوں سے پرہیز رکھنا چاہئے ۔ (حکیم نوروز علی خاں)

(۱۶۳) **چنبل** } ویسلین ایک اونس میں تھوڑی مقدار ہائی ڈرارج آف رائی ملا کر اچھی طرح سے ملائیں ۔ اور روئی سے چنبل پر ایک دو دفعہ روز لگایا کریں تھوڑے ہی عرصہ میں آرام آجاویگا ۔ یہ دوائی بہت سخت ہے اس لئے دیگر کسی حصہ جسم پر نہ لگنے دیں اور ہاتھ اچھی طرح بعد استعمال دوائی صاف کریں ۔
(جگت رام ساہنی اسسٹنٹ انجنیر)

(۲) نیلا تھوتھا ۔ نوشادر ۔ ہڑتال ورقی ۔ روغن سرسوں میں ہموزن لے کر کھرل کر کے ضماد کریں ۔ دو تین روز ایسا کرنے سے چنبل کا نام و نشان نہ رہے گا انشاء اللہ تعالےٰ ۔
(حکیم دوست محمد خاں)

(۳) پوست درخت شیشم ایک سیر یا ونٹ کے بیٹے آدھ سیر ۔ ناریل آدھ سیر ۔ گندم پاؤ (نشادر ۲ تولہ ۔ نیلا تھوتھا ۲ تولہ کو کوب کر کے آدھ پاؤ روغن سرسوں میں مخلوط کر کے کسی برتن گلی میں ڈال کر بطور چال جنتر جس کا ذکر پیچھے ہو چکا ہے روغن نکالیں اور صبح شام لگایا کریں ۔

(۱۶۴) **نقرس** ۔ ہلیلہ زرد ۔ بلیلہ سیاہ ۔ نیلا تھوتھا ۔ خاکستر کوڑی زرد ۔ الائچی خورد ۔ ہنگ نیم ۔ کتھہ سفید ۔ ساتوں ادویہ ہموزن لے کر لیموں کاغذی کے عرق میں دو روز تک کھرل کر کے خشک کریں ۔ بس یہ گیم کا سفوف ہوگا ۔ سردی کے موسم میں گرم پانی کے ساتھ اور

گرما میں سرد پانی کیساتھ کھلا دیں ۔ خوراک سفوف ۵ ماشہ ۔ قے اور دست آویں گے بعد شفا کے لئے مریض انشاءاللہ شفایاب ہوگا ۔ مرض آتشک کو بھی یہ تدبیر مجرب ہے ۔ (حکیم دوست محمد خاں)

(۲) جب تک بدن میں خون خراب اور غلیظ ہو بال سیاہ رہیں گے اور جب سبب کثرت غم و فکر یا کثرت جماع یا شدت امراض مادہ خون میں مائیت پیدا ہو جاوے ۔ بالوں میں سفیدی پیدا ہوگی ۔ ۴۰ سال کی عمر کے بعد تو اس کا کوئی علاج نہیں ہے اور قبل از چالیس سال عمر کے بھی اگرچہ کوئی مجرب نسخہ اس کا دیکھا نہیں گیا ۔ مگر بہر حال سبب مذکورہ کا دفع کرنا ۔ نیز ہلیلہ سیاہ ایک دو ہر روز کھانا استادان فن طب نے مفید لکھا ہے ۔ (حکیم نوروز علی خاں)
تخم کے بیج کا تیل چال جنتر کے ذریعہ نکالیں اور بالوں پر لگایا کریں ۔ چال جنتر کی ترکیب پیچھے کسی نسخہ میں درج ہے ۔

(۱۶۵) **گنج سر** } روغن چنبیلی میں مکھیوں کا بگیر ملا رکھیں ۔ گنج سر پر چند روز تیل ملا کریں تو بال پیدا ہو جائیں گے ۔
(حکیم دوست محمد خاں)

زہر آتشک ۔ روغن بادام ۱۳ ماشہ ۔ روغن نیم ۱ ماشہ ۔ لعاب بہدانہ ۳ تولہ ہر روز کھایا کریں تو یہ مرض دور ہو سکتی ہے ۔ مگر چونکہ یہ خون کی مرض ہے اور اس کا اس سے فوراً خون خراب ہو جاتا ہے اس واسطے دیر لگتی ہے ۔ اور تھوڑا بہت خون میں اثر رہنے سے بھی ایک نہ ایک دن پھوٹ پڑتا ہے ۔ (ایڈیٹر)

(۱۶۶) **آنکھوں کی پلکیں گرتی ہیں** } ہوئے سر آدمی سوختہ ۔ سپاری سوختہ و کافور چاکسو جست کشتہ ۔ روغن گاؤ ڈال کر برتن کانسی میں کھرل کریں اور آنکھوں پر لیپ کیا کریں ۔

(۱۶۷) **خضاب** } پوست بلیلہ زنگی ۔ پوست تل ۔ پوست انار ۔ حب الاس ۔ ماذو ۔ گوند کتیرا ۔ تخم صدف ۔ آمیں ۔ ٹانگ ۲½ ماشہ ۔ شیرہ بھنگرہ ۔ اور شیرہ نیلکرہ ۱ سیر ۔ ان سب کو لوہے کے برتن میں رکھے اور ایک گز زمین کھود کر اس میں گھوڑے کی لید بھرے اور ایک ہفتہ تک رکھے اور بعد ازاں برتن کو باہر نکال کر دوسرا گڑھا کھود کر اسی طرح لید کے نیچے ۲۰ دن تک دفن رہنے دے ۔ اور تیسری دفعہ اسی طرح ۲۱ روز گڑھے میں رہنے دے ۔ پھر نکال کر ۱ سیر روغن شیریں (تل) لے کر سب دوا ملا کر لوہے کی کڑاہی میں ہی جوش دیوے کہ پانی بالکل جل جاوے ۔ فقط روغن باقی رہے پھر اس تیل کو بالوں میں ملیں اور چند دانے چاول کے اپنے منہ میں رکھیں ۔ جب وہ چاول منہ میں سیاہ ہو جاویں ۔ چاولوں کو منہ سے تھوک دیں ۔ اور بالوں پر تھوڑا روغن شیریں ملیں ۔ اس خضاب سے مدت تک بال سیاہ رہیں گے ۔
(ایڈیٹر)

(۱۶۸) ۵ سال کا لڑکا باتیں نہیں کرتا } بادام مصری میں رگڑ کر چٹایا کریں جلدی باتیں کرنے لگ جاوے گا
(حکیم دوست محمد خان)

قبادا تشک - پارہ مصفیٰ ۱ تولہ گندھک ۱ تولہ سار مصفیٰ ۱ تولہ سنکھیا سفید ۱ تولہ کچھ ناگ ۱ تولہ ریوند چینی ۱ تولہ جا گوٹہ ۱ تولہ ترنجبین ۱ تولہ رس کپور ۲ تولہ ۔ اول پارہ اور گندھک کی کجلی کریں۔ پھر دیگر ادویات ملا کر ظرف آہنی میں عرق بھانگرہ سے چار دن تک کھرل کریں۔ یہ قدر موٹھ گولیاں بنا دیں۔ اور ایک گولی پان کے ساتھ روزانہ دن کھا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۱۶۹) دھڑکن گرمی و خشکی } الائچی خورد ۳ تولہ۔ کنول گٹہ ۲ تولہ کھرل کریں۔ خوراک ۳ ماشہ بکری یا گائے کے دودھ کے ساتھ کھا دیں۔ ترکیب کشتہ مرجان درج ہو چکی ہے کشتہ عقیق کی ترکیب مندرجہ ذیل ہے ۔ کشتہ عقیق ۱ تولہ کشتہ مرجان ۱ تولہ ست گلو ۱ تولہ

ترکیب کشتہ عقیق عقیق ۲ تولہ کو آگ میں سرخ کر کے عرق بید مشک میں ۱۰-۱۲ بار بجھا دیں۔ پانچ تولہ کنول گٹہ کے سفوف کو ایک کوزہ گلی میں درمیان رکھ کرہ سیر اپلوں کی آگ دیں ۔
(ایڈیٹر)

(۱۷۰) بال اڑانے کا بیضر پوڈر } ہڑتال ورقیہ ۱ تولہ چونہ ۲ تولہ سنگ جراحت ۱ تولہ کافور ۱ ماشہ سفوف تیار کریں۔ اور پانی میں گھول کر لیپ کریں۔ ۵ منٹ میں ہی بال دور ہوں۔ بالکل بے ضرر ہے اور طریقہ یہ ہے کہ جسم کو ٹھنڈا کرتا ہے۔ ملائم کرتا ہے جتنے جلدی اتارنے والے پوڈر ہیں وہ جلن کرتے ہیں ۔
(")

(۱۷۱) بچوں کے دانت آسانی سے نکلیں } دانت نکلتے وقت گلو بند چوخیرات ۱۲ ایک روپیہ چار آنے بڑے سوداگروں سے ملتا ہے۔ بچے کے گلے میں پہنا دیں ۔
(بیلی رام کھتری ازاو دھم پور)

(۲) منقی چھیل کر ہاتھ میں بچے چھوٹی کریں مفید ہے۔ اور شہد میں نمک ملا کر مسوڑھوں پر مالش کیا کریں ۔
(")

(۱۷۲) بچہ کو گائے کا دودھ ہضم ہو } دودھ کے درمیان سونف کی پوٹلی باندھ کر ڈالیں اور گرم کرو پھر پوٹلی کو نکال لو۔ اور دودھ کو ٹھنڈا کر کے ذرا سا پانی اور تھوڑی سا میٹھا ملا کر بچہ کو پلاؤ جلد ہضم ہو۔
(")

(۱۷۳) شنگرف مومیا } بھلانوہ جو کوب کر کے ایک سیر شہد دیسی ایک سیر روغن زرد ایک سیر تینوں کو ایک دیگچہ میں ڈالدیں اور شنگرف ۱۲ تولہ کو ایک لوہے کی ڈبیا میں ڈال کر تانبہ کا ٹانکہ لگا دیں۔ تاکہ شنگرف کا کوئی جزو باہر نہ آوے اور باہر کی کوئی چیز اندر نہ جاوے۔ اس شنگرف والی ڈبیہ کو بھی اس دیگچہ میں ڈال دیں۔ اور سرپوش دے کر خوب گل حکمت کریں۔ اور خشک کر کے چولہے پر چڑھا دیں اور اوپر ایک دس یا پندرہ سیر وزنی پتھر رکھدیں نیچے پہلے آہستہ آہستہ بعد ازاں تیز آنچ ۸ پہر تک جلا دیں اور شنگرف مومیا نکالیں ۔ (ایڈیٹر)

(۱۷۴) اگر عرق النسا یعنی ہندی نام عام ہے۔ یونانی نام اس کا ورقیس ہے۔ (")
درازی و فربہی - جونک سیاہ حالات چند عدد کوٹ کر مثل مرہم کے روغن خیری یا روغن بان یا روغن زنبق سفید ورنہ روغن کنجد ملا کر بدستور عضو کو مالش کر کے اس پر باندھ دیں۔ ملازمت فرض سے رفقہ بدستور سے مراد یہ ہے کہ عضو پر گرم پانی ڈال کر خوب لیں بعد ضماد مذکور کو ایک کپڑے پر ضماد کر کے رات کو عضو پر باندھیں۔ صبح کو بعد دور کرنے کے خوب مالش کریں۔ مدعا حاصل ہو ۔
(خریدار نمبر ۴۵)

(۱۷۵) گنٹھیا } غرض یہ ہے کہ بندہ بھی عرصہ ۶ سال سے اس مہلک بیماری میں مبتلا رہا ہے۔ میں چارپائی سے بھی جدا نہ ہو سکتا تھا۔ بہت دوائیں کیں لیکن ناکامیاب رہا۔ آخر بڑی محنت سے ایشور کی کرپا سے ایک نسخہ ہاتھ لگا جس سے خود میں نے صحت حاصل کی ہے ہیں ہر خاص و عام کی بہتری کیواسطے آپ کے اخبار میں درج کرنے کے لئے لکھتا ہوں۔ نسخہ مندرجہ ذیل کمپونڈ ہے۔ ان چیزوں کا تیل نکال کر استعمال کیا جاوے تو ضرور صحت ہوگی :-
(۱) مال کنگنی (۲) رتکال سرخ۔ (۳) رتکال سفید (۴) کوڈی (۵) کوڑیا سنجاں۔ (۶) آک (مدار) کا دودھ۔ (۷) دھتورے کے بیج۔ (۸) چیچ ہوٹیاں (۹) دن کے پتے۔ (۱۰) کشمیری زیرہ (۱۱) میٹھا تیلیا۔ (۱۲) کچلے (۱۳) میٹھا تیل۔ برابر وزن ۔
(ٹھاکر حاکم رائے از لاہور)

(۱۷۶) درازی و فربہی } خراطین کو لیکر دھوئیں پر خشک کر کے باریک کریں اور روغن کنجد ملا کر طلا کریں۔ مگر پہلے موٹے کپڑے سے عضو مخصوص کو خوب رگڑیں کہ سرخ ہو جاوے۔ رات کو طلا کریں اور صبح کو دھو لیں اسی طرح ہر روز ۲ ہفتہ کریں۔ لیکن پہلے کپڑے سے ضرور رگڑ لیا کریں ۔
(رشید پال ملہوترہ)

(۱۷۷) بچھو کا علاج } جہاں جس وقت بچھو کاٹے اس کے اردگرد انگلی پھیرتے رہنا چاہئے۔ دوسرے دن چینی کا تیل جنتر کے ذریعہ

سرمہ نیچے ہے

ابال چھوڑیں اور مقام پر لگاویں۔ فوراً آرام ہو جاوے۔ جس جگہ بچھو کاٹے تخم جمالگوٹہ کو
گھس کر لگا دینا چاہئے۔ بمر گروں کے اوپر لگانا منع ہے جس طرف بچھو کاٹے اس سے
دوسری طرف کے کان میں ذرا نمک لاہوری پانی میں گھول کر ڈالنے سے بھی آرام
ہو جاتا ہے۔ شہد لگانے سے بھی ٹھنڈک پڑ جاتی ہے۔ سرکہ بھی مفید ہے جو وقت
پر کام آوے وہی مفید ہے ؎ (ایڈیٹر)

(۱۷۸) **منجن دندان** } سونٹھ ۱ تولہ۔ ڈیڑھ سفید بریاں ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۶ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ نمک طعام ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔
تالیس پتر ۱ تولہ۔ مائیں ۶ ماشہ مصطگی ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا بریاں ۳ ماشہ۔ کچا [illegible]
سب کو باریک کپڑچھان کرلیں اور مسواک کے بعد تھوڑا سا دانتوں پر ملا کریں۔ (ر)

(۱۷۹) جلاب کا نسخہ مہاراج رس میں نے نہایت مفید پایا ہے:-
مہاراج رس۔ پارہ مصفےٰ۔ گندھک مصفےٰ۔ زنجبیل۔ فلفلدراز ۸ رتی سپاہ
برابر وزن۔ جمالگوٹہ مدبر ایک سے ۸ گنا۔ پارہ اور گندھک کو کجلی کرے ایک روز رس بل
پان کے رس سے تمام ادویات کو کھرل کرکے ایک رتی کے برابر گولیاں بنا وے
ایک گولی سے ۲ گولی واسطے اپھارہ۔ بدہضمی۔ بادگولہ کو مفید ہے اور مسہل
عمدہ بلغم کا ہے۔ جب دست آچکیں تو دہی اور مصری کھاویں ؎

نوٹ۔ طریقہ مدبر کرنے جمالگوٹہ کا عام یہ ہے کہ اس کی پوٹلی باندھ کر پانی
سے ملے ہوئے بھینس کے گوبر میں ایک شب میں لٹکا دیں [illegible]
پھر نکال کر اوپر کا چھلکا دور کرکے مغز کو بیچ سے چیر کر اس کے اندر سے باریک پتہ دور کر دیں۔

ایضاً۔ ایک دو گولیاں کھانے سے تین چار دست بلا کسی تکلیف کے ایسے
ہوتے ہیں کہ تمام بلا وغیرہ اندر سے باہر نکال دیتے ہیں ؎

حب السلاطین ۵ تولہ۔ ریکسپدرہ ۲ ماشہ۔ کرنجوہ ۳ ماشہ۔ بسناہکی ۲ تولہ۔ زنجبیل
۲ ماشہ۔ فلفلدراز ۱ تولہ۔ [illegible] بریاں ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو خوب باریک کرکے گردہ
گھیکوار ایک پاؤ میں تین روز کھرل کرکے گولیاں برابر دانہ نخود کے بنا دیں۔ ایک دو
گولی بوقت حاجت رات کو سوتے وقت گرم پانی کرکے نوش فرماویں نہایت مجرب
ہے ؎ (گوردن داس ل حکیم راولپنڈی)

(۱۸۰) **بال بڑھیں اور زیادہ سیاہ ہوں** } تل کے پھول۔ شہد۔ مکھی بیر وزن دو دودھ گائے میں ملاکر
رات کو لیپ کرے اور صبح دھو کر اول درجہ کی مہندی کا تیل لگاوے ؎ (ایڈیٹر)

(۱۸۱) **اندھا بھی دیکھے** } کالا سانپ اگر کوئی مارے تو اس کو ٹکڑے کر دیں سیر دودھ میں کاڑھے۔ پھر اس کو باقاعدہ جما دے۔ مگر یاد رہے

سرمہ

دودھ کو ہاتھ نہیں لگانا۔ صبح نیم کی مدھانی کیساتھ مکھن نکالے۔ مگر مکھن نکالنے والے کو
تمام جسم ڈھانپ لینا چاہیئے کہ کوئی چھینٹ بدن پر نہ آ پڑے ورنہ زخم ہو جاویگے
اس گھی کو سنبھال رکھے۔ دراوہ گر کبڑا جنوں کے پوردوں پر رات کو بچھا دیا کرے۔
اور صبح لے کر سکھا لیا کرے۔ ۲۰ دن کرے اسی طرح ناہ بجا دن ہیں۔ ۲۰ دن گھاس
پر بچھا کر سکھا وے۔ اس کپڑے کی بتی بنا وے اور چراغ میں وہ گھی ڈال کر روشن کرے
اور دود کا جل لیوے جست کے کھرل میں جست کے بٹے کے ساتھ آدھ سیر عرق گلاب
میں مندرجہ ذیل اشیاء کھرل کرے:-
سفیدہ ۲ ماشہ۔ موتی ناسفتہ ۲ ماشہ۔ ممیرا ۲ ماشہ کستوری ۲ ماشہ شورہ ۲ ماشہ۔ نوشادر
۲ ماشہ۔ سہاگہ ۲ ماشہ۔ جب عرق گلاب ختم ہو جاوے وہ کاجل بھی کھرل میں ڈال دے کھرل
کرے جب خشک ہو جاوے شیشی میں ڈالکر رکھے۔ موتیا بند وغیرہ تمام امراض
دور ہوں گی ؎ (ایڈیٹر)

(۱۸۲) **سوزاک** } پہلے سوزاک کا علاج کریں پھر احتلام وغیرہ کا علاج ہوگا۔ ایک ہنڈیا
دہی سے اندر سے چپڑیں جب تمام دہی جذب ہو جاوے اس کو
ٹیڑھی کرکے رکھ دیں اور نیچے تھوڑی سی ریت بچھا دیں۔ اوپر ایک سیر بہروزہ اور ایک
پاؤ موم رکھیں اور ریت سے ڈھانپ دیں۔ اور ایک دوسری ہنڈیا جس کے پیندے میں
چھوٹا سا سوراخ نکالا گیا ہو اس ہنڈیا کے ساتھ منہ جوڑ کر اس طرح گل حکمت کریں کہ
سوراخ نیچے کی طرف رہے۔ جب خشک ہو جاوے تو ادویات والی ہنڈیا کو چولہے پر
رکھیں اور دوسری ہنڈیا کے نیچے کوئی برتن رکھ دیں۔ نرم آنچ شروع کریں اور دوسری
ہنڈیا پر کپڑا تر کرکے رکھیں۔ جب کپڑا گرم ہو پھر ٹھنڈے پانی میں بھگو لیا کریں۔ تیل سوراخ
میں سے نیچے برتن میں گرے گا۔ سوزاک کیواسطے اکسیر ہوگا۔ ہاضمہ بڑھا دیگا۔ پھر [illegible] وغیرہ
کاٹے پر لگانے سے آرام ہوگا۔ دو تین بوند مصری پر ڈالکر دودھ کی لسی سے کھایا کریں۔
(ایڈیٹر)

(۱۸۳) **امر گانگ** } پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ۔ قلعی کو
پگھلا کر پارہ میں ڈالدیوے۔ دونوں مل جاویں گے۔ کھرل میں ڈال
کر [illegible] چار رتی [illegible] ڈال کر جا ہے جتنا پانی ڈالدیوے۔ اور [illegible] کھرل
کرکے نتھار دیوے۔ پھر اسی طرح سیر بھر نمک خرچ کرے۔ ۲ گھنٹہ میں عمل ختم ہو جاویگا۔
پھر پانی ڈال کر اچھی طرح نمک نکالے۔ اور بعد نوشادر اور گندھک ملا کر خوب کھرل
کرکے ایک ذات کر دیوے۔ ۲ گھنٹہ اس میں خرچ ہوں گے۔ ایک آتشی شیشی اوپر سے کپڑ مٹی
کرکے۔ مٹی روئی وغیرہ ڈال کر مضبوط کر لینی چاہئے۔ جب خشک ہو جاوے یہ چیزیں
اس شیشی میں ڈالیں۔ سات سیر کوئلوں کی آنچ دیں۔ اور کھلے منہ رکھیں اس طرح کہ منہ کی

نالی باہر رہے۔ دھواں نکلتا ہے، وہ شیشی کے منہ پر جم جاتا ہے اس واسطے کوئی سیخ وغیرہ منہ میں کبھی کبھی پھیر دیا کریں۔ ۳ گھنٹے کی آگ سے کشتہ ہو جاوے گا شیشی کو نکال کر علیحدہ رکھیں۔ ٹھنڈے ہونے پر شیشی توڑ کر نکالیں۔ رنگ سونے کے جوہر کی طرح ہوگا۔ اکثر بازاری کشتہ سونا یہی ہے۔ خوراک ایک رتی۔ رطوبت زناں میں آملہ کے پانی سے دیویں۔ ۷ دن میں آرام ہو جاتا ہے۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۴) بوجہ کثرت جریان منی رقت و سرعت وغیرہ } سپاری دکھنی ۴۰ تولہ۔ ان کو کتر کر پانی میں بھگو دے۔ جب نرم ہو جاوے نکال کر کوٹ کر باریک کرے اور سکھا کر کپڑ چھان کر کے سپاری سے دگنا دودھ گائے آنچ پر رکھے اور سپاری بھی ڈال دیوے اور کھویا کرے کھویا کو ۲۰ تولہ گھی میں بھون کر سرخ کر لیوے۔ بعد ازاں ۳۰۰ تولہ دیسی کھنڈ کی چاشنی کرے اور کھویا معہ ادویات مندرجہ ذیل ڈال دیوے۔

الائچی دانہ۔ کباب چینی۔ پیپل۔ جائفل۔ جاوتری۔ دار چینی۔ تیرج۔ سونٹھ۔ اسگندھ بالا۔ ناگر موتھا۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ عقاقیر ستاور۔ بیج کونچ۔ تالمکھانا۔ کشنیز۔ گوکھرو۔ چھوہارا۔ کھرنی۔ دھاوا۔ کسیرو۔ موہ۔ بھنگرا۔ زیرہ از ہر یک ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی و ابرک و فولاد اگر ملیں تو ایک ایک تولہ ڈال دیوے۔

کستوری ۲ ماشہ۔ بھیم سینی کافور ۲ ماشہ۔ عنبر ۳ ماشہ۔ یہ بھی اگر ڈال سکے تو ڈال دیوے۔ اس کے چھوٹے چھوٹے قریب چھٹانک کے لڈو بناوے۔ صبح ایک لڈو دودھ کے ساتھ کھاوے۔ بوڑھا بھی جوان ہووے۔ اس کو برہمت ویگی پاک کہتے ہیں۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۵) تمبر سال سے بغل میں پھوڑا } رال ۵ تولہ۔ بجھت پاپڑہ ۵ تولہ۔ تلوں کا تیل ۵ تولہ۔ رام پھلکڑی بریاں ۵ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱۵ ماشہ۔ کانسی کے برتن میں پانی اور تیل ڈال کر خوب ملیں کہ ملائی کی طرح نرم ہو جاوے۔ پھر دیگر ادویات کو سفوف ملا کر تمام دن خوب ہلا دیں اور ملیں۔ مرہم بن جاوے گی۔ زخم پر لگا دیں۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۶) پرانی کھانسی } ملائی بھنی سیپیاں ۵ تولہ۔ سہاگہ ۵ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲۰ تولہ۔ کوٹ چھان کر ذرا پانی ملا کر بقدر ۱ ماشہ گولیاں بنا دیں شہد یا عرق یا پانی کے ساتھ کھایا کریں۔

(گ)

(۱۸۷) سستی عضو } عاقرقرحا ۱۵ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ ۱ تولہ۔ دونوں کو باریک کوٹیں۔ ایک تھالی یا طباق کو ایک طرف سے اونچا کر کے اونچی طرف کے نیچے آگ رکھیں۔ ادویات کو پوٹلی میں باندھ کر گرم جگہ پر رکھ کر نچوڑ لیں۔ تیل نچلی طرف

چلا جاوے گا شیشی میں ڈال رکھیں۔ یہ روغن نہایت مقوی ہے۔ بکمال ذکم بعد ایک ہفتہ کے استعمال کریں۔ ہرگز ایک سال کے بعد استعمال کریں۔ تو بالکل بے ضرر ہو جاتا ہے۔ پھنسیاں پیدا نہیں کرتا۔ بجے نئے تے پھنسیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔ علاج ان کا روغن زرد کا لگاتا ہے جتنا اور سیون کو چھوڑ کر عضو پر مالش کر کے، اوپر برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر باندھیں۔

(ایڈیٹر)

(۱۸۸) آتشک سے سیاہ داغ } نیم کی نبولی کا بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں۔ دو بوند دو شانہ بھکڑا خار خسک کے ہمراہ کھایا کریں۔

(، ن ،)

(۱۸۹) داد (دھدری) } تیل تارپین ۲ چھٹانک۔ مشک کافور ۲ تولہ۔ دونوں کو ایک ہی شیشی میں ڈال دیں۔ مشک کافور حل ہو جاویگا جگہ داد پر اس تیل کو لگایا کریں۔ پسیکری سی اترے گی۔ ۵ یا ۷ دن میں ہی آرام ہوگا۔ (مدہ)

(۱۹۰) کمبل وغیرہ کپڑوں کو کیڑے سے بچانے کا سہل نسخہ } کپڑوں کو گرد و غبار سے پاک کر کے اچھی طرح تہ کریں اور کسی لٹھے وغیرہ کے کپڑے میں لپیٹ کر اچھی طرح باندھیں۔ اور صندوق میں کپڑوں کے درمیان رکھیں۔ کیڑا نہ لگے گا۔ اس سے سہل اور کوئی نسخہ نہ ہوگا۔ بزرگ جن کے کپڑے بعض اوقات کئی سال پڑے رہتے ہیں یہی علاج کرتے ہیں کبھی دھوپ بھی نہیں لگواتے۔ جو عام رواج ہے۔ (ر)

(۱۹۱) طریق استعمال دودھ } دودھ کو استعمال کرنے کے مختلف طریقے ہیں کسی کی طبیعت کے کوئی موافق ہوتا ہے اور کسی کے کوئی۔ خاص طریقہ ہر ایک کے واسطے نہیں رکھ سکتے۔

صبح تازہ دودھ لے کر اس کو نرم آنچ پر رکھ دیا جاوے۔ اس میں گری۔ بادام چھوہارا۔ دانہ الائچی خورد۔ سونٹھ وغیرہ بقدر ضرورت ملا دیئے جائیں۔ ۴ بجے کے قریب اس دودھ میں مصری اور اگر ہضم ہو سکے تو گھی ملا کر پی جاویں سوائے بادام اور الائچی کے باقی چیزیں نہ کھاویں۔

دودھ کے پینے کے اصلی وقت دو ہیں قریب ۴ یا ۵ بجے دن کے یا جماع کے بعد۔ جو کچا پیتے ہیں وہ صبح تازہ بتازہ دوہتے ہی پی لیں۔ یہ تیسرا وقت ہے رات کو سوتے وقت دودھ پینا اچھا نہیں۔ خیر اس مضمون پر پھر کبھی طبی تجربے کروں گا اس وقت اتنا ہی کافی ہے۔

(، ن ،)

(۱۹۲) بچوں کا ۲ ½ سال کے اندر مرنا } الائچی خورد ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ مغز زیرہ سفید ۴ ماشہ۔ زہر مہرہ

تریاق النزلہ استعمال کریں۔

نسخہ تریاق النزلہ: خشخاش سفید نیم کوفتہ ۶ تولہ۔ پوست خشخاش ۴ تولہ۔ انجبار خراسانی سفید ۴ تولہ۔ تخم کاہو مقشر نیم کوفتہ ۶ تولہ۔ گل گاؤزبان گیلانی ۱۰ تولہ۔ تخم مولی نیم کوفتہ ۱۰ تولہ۔ دھنیا خشک ۱۰ تولہ۔ اسطوخودوس ۹ ماشہ۔ ان سب کو ۴ سیر پانی میں ۲۴ پہر تک بھگو کر ظرف قلعی دار میں جوش دیں۔ جب چہارم رہے چھان لیں اور ۵۰ تولہ مصری کا قوام کریں۔ اور گل سرخ ۹ ماشہ۔ دھنیا مصفیٰ ۹ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ نشاستہ ۹ ماشہ۔ گوند کتیرا۔ بہیدانہ۔ مربول ۹ ماشہ۔ سرگی ۹ ماشہ کو باریک کرکے قوام میں ملا دیں۔ خوراک ۹ ماشہ سے ۱ تولہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان وغیرہ سے۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۰) تکلی بوٹی} اس کو پنجابی میں سلاپ کہتے ہیں۔ پنساریوں کی دکانوں پر عام ملتی ہے۔ گیہوں کے کھیتوں میں ہوتی ہے۔ گھاس کی قسم سے ہے۔ گیہوں کے کھیت کو خراب کر دیتی ہے۔ (")

(۲۰۱) ہچکی} اسگندھ رس کو لونگ کے جوشاندہ یا ادرک کے پانی یا سونٹھ کے جوشاندہ یا صرف گرم پانی سے دیویں۔ (")

(۲۰۲) آم پاک} عمدہ پکے ہوئے اور میٹھے آم کا رس۔ رس کا ۱/۴ حصہ کھانڈ دیسی۔ کھانڈ سے نصف گائے کا گھی۔ اور گھی کی چوتھائی سونف اور سونٹھ سے نصف کالی مرچ۔ کالی مرچ سے نصف فلفل دراز۔ چھیل لینی چاہیئے۔

ایک صاف برتن میں ان تمام اشیاء کو ڈالے اور کھانڈ کے برابر صاف پانی بھی ڈال دے۔ برتن کو آنچ پر رکھے اور کسی لکڑی سے ہلاتا جاوے جتنے کہ قوام بن جائے۔ بعد ازاں مندرجہ ذیل ادویات کو باریک کپڑچھان کرکے ڈال دیوے۔ ہر ایک دوائی فلفل دراز کی ۱/۸ حصہ ہووے۔ پیپلامول۔ ناگرموتھا۔ چب۔ دھنیا۔ زیرہ سیاہ و سفید۔ سونٹھ۔ ناگ کیسر۔ دارچینی۔ تالیس پتر۔

ان ادویات کو الگ الگ پیسنا چاہیئے۔ اور بعد ازاں قوام میں ڈالتے وقت ملا لینا چاہیئے۔ پھر تیار کرکے ٹھنڈا کرکے اس میں آم کے رس کا سولھواں حصہ شہد ڈال دیوے۔ پھر خوب ہلاکر چوڑے برتن میں قوام کو ڈال دیوے اور چاہے برفی یا لڈو بنالیوے۔ خوراک اس معجون کی ایک چھٹانک تک ہے صبح کے وقت کھانی چاہیئے اور اوپر سے دودھ پینا چاہیئے۔ اس کے کھانے سے کھانسی۔ دمہ۔ تاپ تلی۔ سنگرہنی۔ ضعف دل و دماغ۔ سینہ و معدہ کی امراض دور ہوتی ہیں۔ خون صاف ہوتا ہے جن عورتوں کو اسقاط ہو جاتا ہے یا جن کی اولاد مر جاتی ہو ان کو اس کا کھلانا نہایت مفید ہے۔ عقیمہ عورتوں کو بھی فائدہ مند ہے۔ اس سے قوت باہ و بدن بڑھتی ہے۔ گویا کہ بڈھا جوان ہوتا چلا جاتا ہے۔ کئی قسم کی امراض تپ کہنگی اور دق بھی اس سے دور ہوتے ہیں۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۳) انگلیوں میں پھنسیوں کا ہونا} نیم کی نبولی کی گری کا تیل جو ترکے بیج تیل نکالیں۔ یا اگر یہ نہ ہو سکے تو نیم کی نبولی کے مغز کو نصف وزن سرسوں کے خالص تیل میں پکاویں جب مغز سیاہ ہو جاوے اتار کر تیل کو ٹھنڈا کرکے چھان رکھیں اور ایک پارچہ تر کرکے انگلیوں پر لپیٹے رکھا کریں۔ پارچہ ہمیشہ تیل سے تر رہے۔ ۵۔۷ دن ایسا کرنے سے آرام نظر آوے گا۔ اور پھر تھوڑی دیر میں پھنسیاں نابود ہونی شروع ہونگی۔ (ایڈیٹر)

(۲۰۴) جلاب ٹھیک نہ ہونے کے سبب معدہ کا بھرا رہنا} گاؤزبان۔ املتاس۔ پیپلامول۔ ناگرموتھا۔ سنگی جنگ۔ ہر ایک ۱ تولہ لیوے اور جوشاندہ کرکے پیوے۔ دو تین دن یہی جوشاندہ کو پی کر چھٹے دن خوب گھی پیوے اور پانچویں دن عمدہ جلاب کسی حکیم یا وید سے لیوے۔ اس جلاب کے ہو جانے سے تمام امراض دور ہونگی۔ بدن ہلکا ہو جاوے گا اور قوت ہاضمہ کو ترقی ہوگی۔ (")

(۲۰۵) مسوڑھوں سے خون کی کثرت} مازو ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ لونگ سونا ۹ ماشہ۔ مصطگی رومی ۹ ماشہ۔ پوست بیخ مغیلاں ۱ تولہ۔ کتھ پاپڑیا ۱ تولہ۔ سپاری ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور دانتوں پر مالش کیا کریں۔ مسواک نیم کی ٹہنی۔ مولسری کی ٹہنی یا مہوہ کی ٹہنی بہت مفید ہے۔ (")

(۲۰۶) منجن جو دانتوں کو صاف کرے} سرمہ سفید ۱ تولہ کو ایک کوزہ گلی میں ہمراہ آب تازہ ۱۰ تولہ کے ڈالکر گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اپلوں کی آنچ کے درمیان رکھیں اور باریک پیس لیں۔ اس میں ۲ تولہ مشک کافور ۲ تولہ پھٹکڑی ملا دیں۔ یہ منجن صفائی دنداں کے واسطے نہایت ہی اعلیٰ ہے۔ (")

(۲۰۷) آنکھوں سے پانی جانا} جست ۲ تولہ کو کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں اور ہلاویں۔ جب خاک ہو کر راکھ ہو جاوے کانسی کے برتن میں ڈالیں اور عرق گلاب ۲ تولہ ڈال کر نیم کے ڈنڈے سے رگڑیں جب تک سرمہ ہو جاوے نگاہ رکھیں اور ہمیشہ لگایا کریں۔ (")

(۲۰۸) برہمی بوٹی کا استعمال} یہ بوٹی کئی طور پر استعمال کی جا سکتی ہے۔ دماغ اور دل کی امراض وغیرہ کیواسطے مندرجہ ذیل طریقہ سے مفید ہے۔ اول برہمی کو اگر وہ سوکھی ہو تو پانی میں بھگو دیں کہ نرم ہو جاوے پھر کپڑے سے پونچھ کر پانی پتوں پر سے خشک ہو جاوے گھی میں بھونیں۔ بھونتے میں

ہوشیاری درکار ہے جل گئی تو خونہ رہے گا۔ پھر نکال کر پیس کر رکھیں۔ یہ ربیع بوٹی ۱۰ تولہ مغز بادام ۵ تولہ مغز پستہ ۵ تولہ۔ چار مغزہ تولہ۔ چاول دھنیا ۵ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ سب کو باریک پیس کر رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ دودھ تازہ کے ہمراہ کھاویں۔ دودھ گھی کا زیادہ استعمال رکھیں کیونکہ یہ بوٹی خشک بہت ہوتی ہے۔
(ایڈیٹر)

(۲۰۹) **مجرب المجرب نسخہ سطوبت زناں**} پارہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ قلعی ۱ تولہ قلعی کو پگھلا کر پارہ میں ڈالے اور فوراً کھرل کرے اور پھر قدرے پانی میں ۲ تولہ نمک لاہوری ڈال کر قریب ۲ منٹ کے کھرل کرے دھلائی تھی رونی اسطرح ۲ مرتبہ کرکے اور پھر پانی ڈال کر اسی طرح صاف کرے بعدازاں گندھک آملہ سار و نوشادر ملا کر خوب کھرل کرے اور ایک گل حکمت شدہ آتشی شیشی میں ڈال کر شیشی مذکور سات سیر کوئلوں کی آگ کے درمیان رکھیں منہ کھلا کر کوئلوں سے باہر رہے۔ نالی میں کوئی سیخ بھی پھیرتے رہیں تاکہ دھواں منہ پر جم کر منہ بند نہ کر لیوے۔ دو پہر کی آگ کافی ہے۔ بس ٹھنڈا ہونے پر آتشی شیشی کو توڑ کر دوائی نکال لے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ کیلے میں ڈال کر یا ہمراہ کے پانی کے ساتھ دیوے۔ سات دن میں آرام ہو۔ جریان منی کیواسطے مکھن میں دیوے اور قوت باہ کیواسطے بھی مکھن میں۔ (")

(۲۱۰) **جلن پوست**} مہندی کے پتے ۲ تولہ چھلکہ گندم ۲ تولہ چھلکہ چنا بریاں ۲ تولہ چولہے کی سرخ مٹی ۲ تولہ۔ دیرہ سفید ۶ ماشہ۔ ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اچھا نمک پانی کیساتھ کھلی ہوا میں رکھے۔ صبح مل چھان کر ۲ تولہ پانی لیوے اور اس پانچ کے ساتھ ایک رتی کشتہ قلعی کھاوے۔ کشتہ قلعی کی ترکیب پیچھے درج ہو چکی ہے۔ (")

(۲۱۱) **کشتہ فولاد**} مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ خون پیدا کرتا ہے۔ امراض جگر مثل تبض، یرقان، کمی خون، اسہال کبدی، سوء القنیہ وغیرہ میں مفید ہے امراض منی میں بھی برتا جاتا ہے اور قوت باہ کیواسطے بھی۔ خوراک اس بات پر منحصر ہوتی ہے کہ کشتہ کس چیز میں کیا گیا ہے۔ عام طور پر ایک رتی ہے بعض میں ڈال کر کھلایا جاتا ہے امراض جگر میں شربت انار کے ساتھ دیتے ہیں۔ اسہال وغیرہ میں آب انار وغیرہ دیتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔
(")

(۲۱۲) **جلندھر کا علاج**} سورنجاں شیریں، مصبر، ملوا، برابر وزن ایک ان ادرک کے پانی میں کھرل کرکے گولیاں بمقدار بیر باندھیں۔ اور ایک گولی روغنی یا بھنے کے دودھ کے ساتھ کھلایا کریں۔ پہلے ایک عمدہ جلاب دیں آزمودہ ہے۔
(")

(۲۱۳) **جذام**۔ بھگوٹ کی چھال کوٹ چھان کر ہر صبح ۱ تولہ ہمراہ آب دو جفتہ تک کھاویں اور ترشی بادی و نمک سے پرہیز۔
(بابو محمد اسلام)

(۲۱۴) **جسم ٹھنڈا ہو گیا ہے**۔ سنگرف رومی ۱ تولہ لے کر اس کو ایک کپڑے میں

رینگ گردہ ۵۵

باندھ کر پوٹلی بنادیں پھر ۴۰ تولہ سرکہ انگوری کسی آہنی برتن میں ڈال کر اس کو دیگدان پر رکھیں اور شنگرف کی پوٹلی سرکہ کے عین درمیان رکھ کر جوش دیں لیکن برتن کے تلے کو شنگرف نہ لگے۔ ورنہ سب عمل خراب ہو جاوے گا۔ جب ۴۰ تولہ سرکہ تمام خشک ہو جاوے تو شنگرف کو پوٹلی سے نکال لیں۔ بعدازاں ایک پیاز سفید رنگ لے کر اس میں سوراخ کرکے وہ شنگرف اس میں رکھیں اور اوپر سے گل حکمت کرکے کوئلہ کی آگ پر بھونے۔ یہاں تک کہ ۱۰ منٹ تک اوپر نیچے کرتا رہے۔ پھر آگ میں سے نکال کر شنگرف کو اسی طرح دوسرے پیاز میں ڈال کر گل حکمت کرکے بھونے اسی طرح ۴۰ عدد پیاز میں شنگرف کو پکانا ہوگا۔ بعد ختم ہونے عمل مذکورہ کے کھرل میں ڈالدیں اور ۲ تولہ بکری کی نلی کا مغز کھرل میں ڈال کر سحق کرنا شروع کریں۔ ۴ گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا لیوں اور باریک کپڑے میں باندھ کر رکھیں پھر دیگ گلی کلاں لیکر اس میں بکری کا گوشت چھوٹا چھوٹا کرکے ڈالدیں اور ۱ سیر پانی اور ۳ تولہ نوشادر بھی گوشت کے ساتھ ڈال کر دیگدان پر رکھ کر نیچے آگ جلاویں۔ اور شنگرف کی پوٹلی کو پانی کے ۸ انگشت اوپر رکھیں کہ جوش ہونے میں شنگرف کو پانی نہ لگے فقط بھاپ لگنی چاہیئے۔ جس وقت تمام پانی سوختہ ہو جاوے تو فوراً شنگرف کو علیحدہ کرلیں اور ایک شیشی میں رکھ لیں۔ بہ قدر نصف چاول مکھن میں ڈال کر کھلا دیں۔ انشاء اللہ بہت جلدی طاقت آ جاوے گی اور چلنے پھرنے کے لائق ہوں گے۔ مجرب بارہا کا آزمودہ ہے۔
(سید غلام علیشاہ از کراچی)

(۲۱۵) **ریگ گردہ و مثانہ**} معجون سنگ یہود کا استعمال کرنے۔ نسخہ یہ ہے:۔ کشتہ سنگ یہود ۱ تولہ مغز تخم خربزہ ۱ تولہ۔ گوکھرو ۱ تولہ مغز تخم کھیرا ۱ ماشہ کلتھی ۶ ماشہ۔ بادیان ۶ ماشہ۔ حجر الیہود ۳ ماشہ۔ گوند ببول دیکر ۲ ماشہ شہد خالص ۶ تولہ حسب دستور معجون کرکے اور بقدر ۸ ماشہ نہار ۱۵ ماشہ ہمراہ جوشاندہ تخم کے کھایا کریں۔ غذا۔ شوربہ نخود، دال کلتھی، نان گندم۔ (حکیم سید لعل عرف بہارت مسافر)

دیگر کشتہ کانچ سفید ۳ ماشہ۔ رنگ سراہی ۲ ماشہ حجر الیہود ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سفوف کریں۔ اور ایک رتی برابر شربت مندرجہ ذیل کیتوں میں ملا کر کھاویں اور اس کے سفوف ترلی ۲ ماشہ ایک تولہ شربت کے ہمراہ کھاویں اسی سے صبح و شام و دوپہر کو کھاویں بعد طعام ۲ ماشہ سفوف کھاویں اگر کسی وقت سوزش یا گرمی محسوس ہو تو تارپل دریائی عرق گلاب میں گھس کر پیویں۔ ترکیب شربت کی یہ ہے۔ گل سرخ، مویز منقہ، گاؤزبان ہر ایک دس دس تولہ۔ مصری سفید ایک سیر۔ بدستور شربت تیار کریں۔ ترکیب کشتہ کانچ کی یہ ہے کانچ کو عرق مولی میں اس قدر آگ میں تپا کر بجھاویں کہ کانچ ٹوٹنے لگے۔ بعد مولی کے ٹکڑے میں کر پاؤ سیر ہو رکھ کر دو پیالوں میں بند کرکے پانچ سیر اپلوں کی آگ میں جلا دیں۔
(حکیم رشید پال طوطرہ)

خربزہ گرم تر ہے۔ اس کے بعد سرد خنک شربت پینا چاہیئے۔ آم گرم خشک ہے (ایڈیٹر)

اس کے بعد سرد تر لسی پینی چاہیئے۔

(۲۱۶) تلی کا بڑھ جانا — مرغ لیکر سکورہ گلی آب نارسیدہ میں بند کرکے آم پلوں کی آگ دیکر سفید کر لو۔ اور کھرل کرکے کشتہ مذکورہ ۱ ماشہ۔ کتیرا سفید ۱ ماشہ۔ کھانڈ دیسی عمدہ ۳ ماشہ ملا کے کھلا دیں اور اوپر سے عرق بہار حسینی گل نارنج کا عرق ۲ تولہ پیا کریں۔ اور قند سیاہ کو سرکہ انگوری سے گھس کر تلی پر لگایا کریں۔ اور ہر قسم کی دال اور تیل اور آچار وغیرہ سے پرہیز کریں۔

غذا۔ پرانا مولی کی تجاجی۔ زرشک کی چٹنی چاول کے اوپر دیسی کھانڈ کی مصری اور بہت تھوڑا دودھ بکری کا چاول کے ساتھ ایک خوراک کی مقدار ہے اسی طرح دو ہفتہ کریں یاد رہے کہ مولی لگا ہوا ہو۔ (ترندعل بھارت سافر)

دیگر۔ سہاگہ بریاں۔ پھٹکڑی سفید بریاں۔ نوشادر بریاں۔ تخم تلسی۔ سجی کھار۔ جوکھار۔ بارہ سنگھ۔ کلونجی۔ بڑ ... نمک سیاہ۔ نمک سنگ۔ خاکستر ... مساوی الوزن۔ لعاب گھیکوار (کنوار گندل) میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک صبح و شام پانی کے ساتھ کھایا کریں۔ اگر گرمی معلوم ہو تو آدھی آدھی اس وقت کر دیں۔ (ایڈیٹر)

(۲۱۷) آتشک ایک ہفتہ میں دور ہو — کالادانہ ۲ تولہ گل گلاب کابلی ایک تولہ کھانڈ دیسی ۲ تولہ۔ باریک پیس کر سفوف کر لو اور نگاہ رکھو۔ رات کو سوتے وقت غذا کے بعد ۳ ماشہ نیم گرم پانی سے کھاؤ۔ پھر صبح کو نہار بقدر ۱ ماشہ آب گرم سے کھاؤ جو بہ زبردست ہونگے۔ آتشک کا مواد نکل جاویگا۔ بعد اسہال قدرے سونف اور مصری چبا کے دم گھوٹی کھا لو۔ ایک یا دو روز وقفہ دے کر پھر بقدر مذکورہ رات کو پھر صبح کو کھا کر جلاب کرو تاکہ بدن پاک ہو جائے۔ پھر یہ گولیاں:-

مرداسنگ اصلی ۱ تولہ۔ گیرو زم ۱ تولہ۔ تخم ور بریاں قشر ۲ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ۔ کوٹ چھیکر بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بنا کے پاس رکھو اور ہر روز ایک گولی صبح بالائی میں لپیٹ کر دو ہفتہ کھایا کرو ۔ ۔ ۔ ۔ غذا نان گندم چپڑ کے چنے کی روٹی یا تخم ... قشر یا چوری کھاؤ۔ (حکیم تندعل عرف بھارت مسافر)

دیگر۔ جو شخص کہ آتشک میں مبتلا ہے اور واستدعا کرتا ہے کہ ایک ہفتہ میں صحت ہو جاوے۔ چاہیئے کہ اس ترکیب کو عمل میں لائے۔ یہ ہے نسخۂ آتشک ... سالی الالام
... دیسی ۱ دام۔ مجود ۱ دام۔ پارہ ۱ دام۔ گندھک سیاہ ۱ دام۔ جلا ... ۱ دام۔ قند سیاہ کہنہ ...

ترکیب۔ ... قدر ... کیذات شوند۔ ... قند سیاہ گولی ... سوائی ... غذا اول ... نان گندم

دماہی ... روغن زرد ہر قدر کہ متحمل شود بخورد سوائے این غذا دیگر ہرگز نخورد ونہ بدہی گیرد نہ بدست و نہ پیچ گرمی میکند۔ اگر زخم باشد در دہ روز بالکل خشک و بیخواہند شد و باز تمام عمر عود نخواہد کرد۔ مجرب است۔ (حکیم بشیر احمد از خیرآباد)

دیگر۔ مندرجہ ذیل نسخہ آتشک کیواسطے تیر بہدف ہے:-

رسکپور ۱ تولہ۔ دار چکنا ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ۔ سنکھیا سفید ۲ ماشہ ان سب ادویات کو باریک کرکے شراب میں ٹکیہ بنا کر ۲ مٹی کے سکوروں میں رکھ کر خوب گل حکمت کرکے بعد اس چولہے پر چڑھا کر نیچے بیر کی لکڑی کی نرم آنچ چار گھنٹہ تک دیوے بعد اس کو تا سرد ہونے پر بالائی سکورے کے اوپر جو جوہر اڑ کر لگ جاوے اس کو کھرچ کر ایک انڈے کی زردی میں حل کرکے (سفیدی نکال ڈالے) انڈے کے منہ کو بند کرکے اوپر اسکے تمام چاروں طرف لپیٹ دے۔ گولا سا بنا کر اپلوں کی گرم راکھ میں چھوڑ دیوے۔ جب آٹا اوپر سے سرخ ہو جاوے تو اندر سے دوائی معہ زردی نکال کر ۱ پاؤ شراب بانڈی میں حل کرکے خشک کرے۔ جب سرمہ سا ہو جاوے تو اس کو استعمال میں لاوے۔ خوراک ۱ چاول تباشہ میں ڈال کر، روز تک کھاوے۔

غذا۔ صرف دال مونگ دھوئی ہوئی اور خشک پھلکا۔

نوٹ۔ بعد روز کے جتنا گھی استعمال کیا جاوے کرے۔ مگر ایام استعمال دوائی گھی کا استعمال منع ہے۔ آتشک خواہ کسی قسم کا ہو جڑ سے اکھڑ جاتا ہے۔ نہ منہ آتا ہے۔ نہ قے ہوتی ہے اور نہ کسی قسم کی تکلیف۔ یہ دوائی علاوہ آتشک کے تمام دردوں میں نہایت مفید ہے۔ (جگدیش رام میڈیکل آفیسر)

دیگر۔ پوست بیخ آک (مدار) سایہ میں خشک کرکے عرق چوکا میں تر کرکے خشک کریں۔ سنگ سیاہ ۱ تولہ مسلم دونوں کو ظرف گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اپلوں کی آگ میں جلا دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں۔ مقدار خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک پان یا مصالحہ میں صبح و شام کھا دیں اور ترشی وغیرہ سے پرہیز کریں۔ (حکیم سعید پال ملھوترہ)

دیگر۔ رسکپور ۱ تولہ لے کرکے باریک کپڑے میں باندھ کر پوٹلی بنا لیویں اور ۴۰ تولہ فیلا ... کا دودھ کڑاہی میں ڈال کر حسب دستور پکاویں۔ پھر ۲ تولہ عرق لیموں میں رسکپور کو کھرل کریں۔ جب تمام عرق جذب ہو جاوے تو چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کریں اور خشک ہونے کے بعد گڑھا کھود کر ۲ سیر اپلے جنگلی کی آگ دیں تو رسکپور عمدہ تیار ہوگا۔ خوراک بقدر دانہ رائی مسکہ میں۔ ۸ روز میں مرض کا نام و نشان نہ رہیگا۔ بلکہ سوزاک کے لئے بالکل ہی مفید ہے۔ (حکیم غلام علیشاہ)

دیگر۔ بیشگرف۔ سہاگہ۔ ناگ قرنا۔ مازو۔ ہر چہار ہموزن لے کر باریک کرکے اس طرح پر استعمال کریں کہ اول علیم ... رکھیں۔ اس پر تھوڑا سا تباکو کشیدنی رکھ کر قدرے یہ

سفوف رکھیں۔ بعد ازاں پھر تربا کو رکھیں اور آگ رکھ کر نوش فرماویں، ۳ روز میں آرام ہوگا۔ مگر ایک ہفتہ تک استعمال کرنا لازم ہے۔ پرہیز ترشی۔ بادی۔ نمک و گوشت ؛

(شیخ محمد صدیق از ضلع آرہ)

دیگر۔ رسکپور کو اول ایک سن پانی میں پکا لیویں۔ دوسری دفعہ رسکپور معمولہ کو عرق کنوار میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا لیویں۔ پارہ کے آدھ سیر نگدہ میں رکھ کر مضبوط کپڑ مٹی کرکے ۵ سیری آنچ دیں۔ رسکپور کا کشتہ ہوگا۔ جناب سات نہیں بلکہ پانچ ہی خوراک میں آتشک کا نمود نہیں رہے گا۔ خوراک ایک چاول مکھن میں ؛

(حکیم دوست محمد خاں)

(۲۱۸) بچیل خنازیر } رسکپور ۲ ماشہ رچکنا۔ بلی کی ہڈی برابر وزن لیکر خوب باریک کرکے گائے کے پیشاب میں کھرل کرکے ٹکیاں بنا رکھیں اور ایک ٹکی کو گائے کے پیشاب میں گھس کر اس کا لیپ کیا کریں ؛ (ایڈیٹر)

دیگر۔ بیخ بادیان ۶ ماشہ۔ بیخ اجوائن ۶ ماشہ بیخ ۶ ماشہ۔ بیخ کاسنی ۶ ماشہ۔ اسطوخودوس ۶ ماشہ۔ سنبل جاسی ۶ ماشہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں کہ ایک پاؤ رہ جاوے پھر روغن بید انجیر شیشی کا یعنی قطرہ قسم اول ۲ تولہ ملا کر پلاویں۔ اگر ایک دن میں بدن پاک نہ ہو تو دوسرے دن پھر دیویں۔ بعد ازاں آملہ سار گندھک خوب باریک کھرل کرکے اس کی تین تین ماشہ کی پڑیاں باندھ لیں اور روزانہ ایک پڑیہ کو آدھ سیر دودھ گیا تھا دا میں ملا کر کھایا کریں۔ اور اسی طرح دو ہفتہ تک کھاویں ؛

غذا۔ دودھ چاول و دودھ روٹی اور سانپ کی چربی اوپر لگایا کریں ؛

(حکیم نند لعل عرف بجارت مسافر)

(۲۱۹) سوج پھٹی عضو تناسل } برگ نیم کو گائے کے موت میں جوش کر اس سے عضو کو دھویا کریں۔ اگر کچھ کسر رہے تو روغن گل ۲ تولہ، موم ۱ تولہ باہم پگھلا کے مس سے چرب کیا کریں۔

دیگر۔ برگ نیم ۲ تولہ، کوکنار نیم کوفتہ ۲ تولہ، چوب چینی ۲ تولہ ان تینوں کو جوش دے کر جو پانی دیویں، ونیم گرم پانی سے دھونا بھی مجرب ہے۔ (لالہ لاجپت رائے)

(۲۲۰) جلنے سے سفید داغ } نک مکھن میں گھس کر مالش کیا کریں ؛ (ایڈیٹر)

دیگر۔ ایک عرصہ میں خود درست ہو جاوے گا۔ بلبلا کے زمینوں کو پانی میں جوش دے کر اس پانی سے نوشادر کو گھس کے ان داغوں پر لگایا کریں ؛ (حکیم نند لعل عرف بجارت مسافر)

(۲۲۱) بدن پر موسم برسات میں پھنسیاں } کا لادانہ یعنی عشق پیچہ کا جلاب کریں جب ترکیب مندرجہ پہلے

اور کافور ۱ تولہ کو روغن چنبیلی ۲ تولہ میں حل کرکے مقام خارش پر مالش کریں اور دو روز صبر کریں۔ بعد ازاں حمام کریں اور پھر روغن کافور لگائیں۔ غذا لطیف کھاویں اور اگر کچھ کسر رہے تو ماہ چیت میں ۱۱ چھین کرے اور معجون عشبہ کھاویں ؛

(حکیم نند لعل عرف بجارت مسافر)

دیگر۔ مسور سوختہ ۲ ماشہ، آملہ سوختہ ۲ ماشہ، طوطیا سبز بریاں ۲ تولہ، مہندی ایک تولہ۔ کمیلہ۔ روغن تلخ میں رگڑ کر پھنسیوں پر لگاویں۔ ترشی و بادی سے پرہیز۔

(لالہ لاجپت رائے از دودھیانہ)

(۲۲۲) نقصان شہوت طعام } نمک سلیمانی کا آسان نسخہ جو کہ بہت ہی مفید ہے درج ذیل ہے:۔ نمک سنگ ۲ تولہ، نمک سانبھر ۲ تولہ، نمک سندھیا ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ، اجمود ۱ تولہ، نانخواہ (اجوائن دیسی) ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۱ تولہ، جائفل ۱ تولہ، جاوتری ۱ تولہ سب کو نیم کوب کرکے ایک ظرف گلی یا آہنی کڑاہی میں ڈال کے سرکہ انگوری خالص ۲۴ تولہ ملا کر اس حد تک نرم آنچ پر پکاویں کہ سرکہ خشک ہو کر سب دوا یکذات ہو جاوے پھر کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں۔ بقدر ۲ ماشہ تک یا ایک ماشہ کھایا کریں۔ یہ نسخہ تحلیل غذا میں عجیب ہے اور سب نسخوں سے بہتر ہے ؛ (حکیم نند لعل عرف بجارت مسافر)

دیگر۔ نمک ترب نمک اجوائن باہم ملا کر استعمال کریں۔ بہت تھوڑے عرصے میں سب شکایت جاتی رہے گی۔ مجرب ہے ؛

(حکیم غلام علی شاہ)

(۲۲۳) مسوڑھوں کا گوشت کم وغیرہ } مازو سبز ۶ ماشہ، دم الاخوین۔ جو ۲ ماشہ گل ارمنی۔ طوطیا سبز بریاں۔ کشتہ ہو گا کشتہ سیپ۔ پھٹکڑی بریاں مساوی الوزن لیکر سنون بنا دیں۔ بوقت خواب دانتوں کی جڑوں پر لگاویں اور سو جاویں۔ بعد ازاں پانی نہ پئیں۔ (لالہ لاجپت رائے از دودھیانہ)

(۲۲۴) خارش } گیرو، گندھک۔ سہاگہ برابر پیس کر مکھن گرم کرکے اس میں ملا لیں۔ بدن پر مل کر تھوڑی دیر دھوپ میں بیٹھو۔ بعد ازاں گرم پانی سے نہالو ؛

(بابو چھجو رام)

(۲۲۵) تیل سم الفار } بوزن ۲۰ تولہ بوٹی لانا جس کا پتہ سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو جلا کر سجی بناتے ہیں۔ بلکہ اونٹ اس کو بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ ہر ایک ملک میں عام ہے۔ کوٹ کر اس کا نقدہ بنا کر ۱ بذرہ ۲ تولہ سم الفار رکھیں اور گل حکمت کرکے خشک کر لیں۔ پھر ۲ سیر اپلے دشتی کو جلا کر کوئلہ کر لیں یعنی جس وقت جل کر دھواں نہ رہے اسی وقت وہ کوزہ اس میں رکھ دیں اور اوپر نیچے آگ سے بند کر دیں۔ تیس منٹ کے بعد فوراً گردہ کو نکال لیں اور سم الفار نکال کر ترکیب بالا کے

مطابق دوبارہ کریں۔ اسی طرح ۴۰ بار لانا میں آگ دینا ہوگا۔ بس ۴۰ آگ کے بعد سنبل الفار مقام کا ہو جاوے گا۔ پھر ایک پیالہ چینی میں ڈال کر رات کو شبنم میں رکھیں تو تمام حل ہو جاوے گا۔ اور جو ایسے سنکھیا کو ہمراہ شورہ ۲ تولہ آک کا دودھ کھرل کرکے گولیاں بنا کر بتدریج تیل نکالیں تو صنعت اکسیر کا جزو اعظم ہے استاد لوگ اسی طرح حل بنا کر کام میں لاتے ہیں ۔

(حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

ٹانگ میں درد { سم الفار سفید۔ جاکھل۔ عاقرقرحا۔ زرنبگ۔ جاوتری۔ میٹھا تیلیا مساوی الوزن عرق پان یا عرق ادرک میں کھرل کرکے بقدر ماش گولیاں بنا کر ایک گولی ہمراہ پانی روز کھاوے۔ ترشی و بادی چیزوں سے پرہیز۔ (حکیم خدیال ملہوترہ)

(۲۲۶) سردیوں میں سرپانی سے بخار دست و قے { سرما شروع ہوتے ایک ماہ کشتہ شنگرف کا استعمال کر چھوڑا کریں۔ ترکیب کشتہ شنگرف یہ ہے شنگرف ۱ تولہ فلفل سیاہ ۴ تولہ دونوں کو باریک پیس کر بکری کا دودھ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاویں اور ۴ دن تک کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیں۔ اور ایک پاؤ روغن زرد میں بھونیں۔ یہاں تک کہ ٹکیاں سرخ ہو جاویں ٹکیاں نکال کر سرد کرکے نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک رتی مکھن میں یا پان میں رکھ کر کھاویں۔ (ایڈیٹر)

(۲۲۷) بھتم { گوگل۔ گندھک آملہ سار برابر وزن دودھ بکری میں گھس کر تیھوں پر لگایا کریں ۔ (〃)

دیگر۔ پوست ترنج۔ زنجبیل۔ بنسل الطیب۔ سب ان چاروں چیزوں کو مساوی الوزن کوٹ پیس کر تھوڑا دہی ملا کر منہ پر ملیں اور تا دو گھنٹہ کے بعد دھو ڈالیں۔ ایک ہفتہ میں ایسا عمل کرنے سے دور ہو جاویں گے ۔ (گوبند رام حکیم)

(۲۲۸) دل دھڑکا و دماغ کمزور { کشتہ چاندی ایک رتی ہمراہ عرق کیوڑا کے کھایا کریں ۔

ترکیب کشتہ چاندی گھونگھی سفید ۱ تولہ کو نیل یا پوست درخت کریلا ایک تولہ اول گھونگھی کو پانی میں تر کرکے اس کا چھلکا دور کریں پھر دونوں کو باریک پیس کر ٹکیہ کریں۔ درمیان میں چاندی ۲ یا چاندی خالص کا وزن ۵ سیر ہو رکھ کر کسی گڑھے میں کسی محفوظ جگہ آگ دیویں۔ ٹکیہ تھوڑے سے دونوں یا چاندی کے ارد گرد لگا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۲۹) گلے میں خارش ہو کر کھانسنے سے خون کا جانا { برگ بانسہ خشک ۱ تولہ۔ تخم کدو سرخ ۲ تولہ۔ تخم خشخاش ۲ ماشہ۔ کھنڈ ۲ گھنٹہ کے کا جیسا پرانا شربت بنفشہ سفوف ایک تولہ شربت انجبار عرق گاؤزبان ۲ تولہ عرق نیلوفر ۲ تولہ استعمال کریں۔ جب خون بند ہو جاوے تو تخم ریحان صبح و شام ایک ماہ تک دیتے رہیں۔ گرم و خشک اشیاء سے پرہیز ۔

(حکیم شبدیال ملہوترہ)

(۲۳۰) مرگی کا علاج { نکچھلہ ۲ دن گئو موتر میں تر کرکے اس کا چھلکا اور درمیان سے پتے کو دور کریں۔ یہ نکچھلہ مدبر ہے۔ نکچھلہ مدبر ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ افیون ۱ تولہ پہلے نکچھلہ اور مرچ سیاہ کو خوب باریک کریں بعد افیون داخل کریں اور باریک کھرل کریں۔ خوراک ایک رتی پانی میں ملا کر کھایا کریں۔ یا پہلے پانی سے کلی کرکے اوپر پان چبایا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۳۱) دل دھڑکنا و احتلام { خشخاش سفید ۲ ماشہ۔ کشنیز خشک ۲ ماشہ۔ جوزبوا۔ الائچی خورد۔ دار چینی ہر ایک ½ ۲ ماشہ سفوف کرکے ۲ ماشہ ہر روز بوقت صبح نوش کریں ہمراہ شیر گائے پاؤ بھر ۔ (حکیم شبدیال ملہوترہ)

(۲۳۲) نسخہ گولی ہاضمہ { گندھک آملہ سار مصفیٰ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۶۵ ماشہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ پیپلا مول ۱ تولہ پیپل ۱ تولہ۔ برگ تلسی ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ لیموں کی کھٹائی میں کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا وے۔ اگر کھانے سے گرمی معلوم ہو تو نصف اس وقت اور نصف اس وقت کھا دیں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۳۳) داد یا چنبل { روغن تارپین ایک چھٹانک میں ۱ تولہ مشک کافور ملا لیں تھوڑی دیر بعد یہ حل ہو جائے گا۔ اس کو دو تین بار دن میں لگایا کریں ۔

(۲۳۴) دانتوں سے خون { ہیرا کسیس۔ سونا مکھی۔ لودھ پٹھانی۔ الائچی خورد۔ پیپل۔ کتھ۔ کتھا۔ خیر برابر وزن پیس کر بطور منجن کے استعمال کیا کریں ۔ (〃)

دیگر۔ مندرجہ ذیل نسخہ استعمال کرنے سے دانت مضبوط اور خون بند ہو جاتا ہے۔ ٹنکچر آیوڈین ۱ ڈرام۔ ٹنکچر ماٹھرب ۸ بوند۔ لیڈ ٹانک ۲ ڈرام۔ پوٹاسی آیوڈائیڈ ۱ گرین۔ ایکوا دودھ ۴ اونس سے غرارہ کریں۔ بہت مجرب ہے ۔ (لالہ جگدیش رام میڈیکل آفیسر جموں)

(۲۳۵) تیل سنکھیا برائے جلاب { ایک ہانڈی میں پانی بھرے۔ اس طرح کہ ہانڈی کے کناروں سے پانی ذرا نیچے رہے اور خوب تن کر ململ کا کپڑا باندھیں۔ اور سنکھیا سفید باریک کرکے بچھا دیوے۔ کناروں پر آٹا گوندھ کر کاغذ گوندھے سے بہ تہ چڑھا دے اور ایک توا آہنی رکھ کر سوراخوں کو بند کرے تو اوپر کوئلے سلگا محفوظ جگہ میں رکھ دیوے۔ ٹھنڈا ہونے پر ہانڈی پر کی تمام اشیاء ہوشیاری سے اتار لیں پانی پر ایک تہ گھی جیسی معلوم ہو گی۔ اُتار کر شیشی میں رکھیں۔ ایک تولہ اجوائن میں ملا کر گرم پانی سے کھلا دیں۔ دست آویں گے ۔ (ایڈیٹر)

دیگر روغن سیماب۔ پارہ ۱ تولہ۔ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۲۱ تولہ۔ **ترکیب:۔** اول دھتورہ کو رگڑ کر چھان کر سیماب میں ملا دیں ما بعد ڈال روغن کنجد کو ایک برتن میں ڈال کر خوب گرم کریں۔ جب سرخ ہو جاوے تو نیچے اتار کر سرد کریں۔

بعد سرد ہونے کے سیماب اور دستورہ جو علیحدہ رکھا ہوا ہے ملا دیں اور کام میں لادیں ۔

(لالہ لاجپت رائے)

(۲۳۶) **سُرخی چشم** } سرمہ ۲ حصہ۔ مرچ سیاہ ۱۵ حصہ۔ سوہاگہ نمک ۱ حصہ۔ سمندر جھاگ ۱ حصہ باریک مانند سرمہ پیس لیں اور روز لگایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۳۷) مینگن کیڑی۔ [illegible] کی جڑ۔ بیج سہنجنہ کی چھال تلسی کے پتے۔ سونٹھ۔ کالی مرچ۔ پیپل برابر وزن، ۸ گنا پانی میں جوش دیں جب ¼ حصہ رہ جاوے مل چھان کر کڑاہی میں بہمراہ چوگنے تلوں کے تیل اور ۱۶ گنا پانی کے ڈال کر نرم گرم آنچ پر پکاویں جب تیل ہی رہ جاوے نگاہ رکھیں اور اس کی نسوار روزانہ دیا کریں۔ (")

(۲۳۸) **روغن بنفشہ** } گل بنفشہ ۲ تولہ کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب آدھا رہ جاوے مل چھان کر روغن بادام ۸ تولہ ملا کر نرم آنچ پر رکھیں حتے کہ پانی جل جاوے اور تیل ہی رہ جاوے ۔ (")

(۲۳۹) **پارہ کا جوڑوں سے نکالنا** } پیٹھے کا پانی تمام بدن پر رات کو مل کر سو رہے۔ تمام پارہ نکل جاوے گا۔ کریلے کی ترکاری خوب کھایا کرے ۔ (")

دیگر۔ جواہاں ایک بوٹی ہوتی ہے۔ عام لوگ جانتے ہیں۔ ایک من لا کر سایہ میں سکھا کر دیکھ کریں اور ساکھ کو بطور کسبہ رینی چڑھا کر نچوڑ لیں۔ جو پانی سفید نیچے رہ جاوے اس کو بوتلوں میں بھر کر رکھ چھوڑیں اول گندھک صاف شدہ ۲ ماشہ کھا دیں۔ بعد اس کے پانی مذکور بقدر ضرورت پاؤ چھٹانک یا آدھ سیر پختہ پیویں۔ ایک ہی ہفتہ میں پارہ تمام بدن سے براہ پیشاب نکل جاوے گا۔

(نوٹ) پارہ شناخت کرنے کی ترکیب یہ ہے کہ ایک برتن میں پیشاب جمع کرتے جاویں۔ جما پارہ ہوگا وہ صاف آپ کو نیچے بیٹھا ہوا معلوم ہوگا۔ (لالہ لاجپت رائے)

(۲۴۰) **لڑکا باتیں نہیں کرتا** } اگر پیدائشی گونگا ہے تو علاج بہت ہی مشکل ہے ورنہ بعد تنقیہ دماغ بادام مقشر مکھن مصری گھوٹ کر کھلایا کریں۔ اور بچ عقر قرحا۔ رائی معتبر۔ سونٹھ برابر کے کاڑھے کی کرلیاں کرایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۴۱) **ایک لڑکی کی گال پر پھوڑا** } روغن تارپین ایک چھٹانک۔ مشک کافور ۲ تولہ۔ کاربالک ایسڈ ۳ ماشہ ملا کر رکھیں۔ اور پھوڑے پر لگایا کریں۔ آرام آنے کے بعد بھی چند دن جاری رکھیں ۔ (ایڈیٹر)

دیگر۔ نیلا تھوتھا ۶ رتی [illegible] ۶ رتی۔ [illegible] ۳ رتی۔ گوگل [illegible] رتی۔ موم ۳ ماشہ تل [illegible] ۱ تولہ مکھن ۱ تولہ مرہم بناؤ۔ پھوڑے کو اول نیم کے پانی سے دھو کر ۲ دفعہ لگاؤ۔

(دیوی چند ہیڈ کمپوڈر پٹیالہ)

(۲۴۲) **وجع المفاصل** (گنٹھیا) } ایارج فیقرا دس درم۔ تخم حنظل ۵ درم۔ [illegible] ۵ درم بابونہ ۵ درم۔ فرفیون ۱ درم۔ جند بیدستر ۱ درم۔ زنجبیل ۱ درم حلتیت (یا ہینگ) ۱ درم۔ سکبینج ۱ درم۔ [illegible] ۱ درم شطرج ۱ درم۔ [illegible] ۱ درم فلفل سیاہ ۱ درم سب کو باریک کرکے تخم حنظل میں گولی بنا وے برابر [illegible] خوراک ایک گولی صبح ایک گولی شام بہمراہ شربت۔ شربت یہ ہے۔ پاؤ بھر شہد کو آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ نصف [illegible] ہمراہ ایک گولی۔ بقدر خشک چھلکا ہمراہ شہد مجرب المجرب ہے۔ کوئی صاحب اس کو بنا کر فروخت کریں گے تو اثر زائل ہو جاوے گا۔ یہ نسخہ ایک سنیاسی مہاتما کا ہے ان کی نصیحت ہے کہ بلا قیمت تقسیم کرو۔ ہزارہا مریض شفایاب ہو چکے ہیں ۔

(حکیم شبدیال ملہوترہ)

(۲۴۳) **چہرہ پر بد نما داغ** } کچا پانی میں گھس کر داغوں پر لگایا کریں اور بعد تھوڑی دیر کے مل کر دھویا کریں ۔ (ایڈیٹر)

(۲۴۴) **کھانسی خشک و تر** } مغز بادام مقشر ۱ تولہ۔ نشاستہ گندم ۱ تولہ۔ رب السوس ۱ تولہ۔ ترنجبین ۱ تولہ۔ بہدانہ ۱ تولہ۔ مویز منقیٰ ۲ تولہ۔ سب ادویہ کو کوٹ پیس کر گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔ اور منہ میں رکھ کر چوسا کریں مجرب ہے۔

(حکیم گورداس مل راولپنڈی)

(۲۴۵) **مُنضج جس کے کھانے سے ایک دو دست ہو جاویں اور طاقت کم نہ ہو منضج بلغم ہے**

عشق پیچہ۔ مدبر۔ ترید (قروی) سناء مکی۔ پوست بلیلہ زرد۔ نمک سرخ۔ نمک سیاہ۔ سونٹھ۔ کتیرا سفید کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کرکے سفوف تیار کر رکھیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۱ تولہ تک شیرہ بادام یا شربت بنفشہ وغیرہ سے دیویں ۔ (ایڈیٹر)

دیگر۔ ترپھلا۔ ترکٹا۔ ہر دو تین تین تولہ۔ ترید۔ دار چینی۔ الائچی خورد۔ الائچی کلاں۔ چینہ اجوائن۔ دھنیا۔ نمک۔ سوہاگہ۔ سناء مکی۔ زیرہ سفید ملٹھی ہر ایک ایک ایک تولہ انار دانہ ۵ تولہ سب کو کوٹ کر کام میں لاویں۔ خوراک ۶ ماشہ ۔ (بابو بھگوان داس)

(۲۴۶) **جریان کی لاثانی دوائی** } مغز سینگ ہرن۔ مغز تخم تمر ہندی۔ برابر وزن [illegible] پیاز میں ۳ دن کھرل کرکے گولیاں بمقدار جنگلی بیر بنا دیں۔ ایک گولی صبح دودھ کے ساتھ کھایا کریں۔ دن میں ہی کل صحت حاصل ہو ۔ (")

(۲۴۷) **پیٹ درد کی گولیاں** } ترپھلا ۳ تولہ۔ ترکٹ ۲ تولہ۔ دار چینی ایک تولہ اجوائن ۳ تولہ ہینگ ۱ تولہ۔ نمک سیاہ ۸ تولہ لیموں کا رس ½ سیر۔ تمام ادویات کو کوٹ پیس کر عرق لیموں میں کھرل کرکے گولیاں جنگلی بیر کے برابر بنا دیں۔ یہ نسخہ میرے اور میرے والد صاحب مرحوم کے تجربہ میں کئی بار آ چکا ہے ۔ (حکیم گورداس مل)

(۲۴۸) بوقت حیض درد } مجیٹھ، کٹکی، برابر وزن پیس کر رکھیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ ۲ تولہ گرم کردہ گھی کے دیویں۔ حیض کے دنوں میں اس دوائی کو کھلایا کریں۔
(ایڈیٹر)

(۲۴۹) گرمی و خفیف بخار } کشتہ قلعی ایک رتی ہمراہ شربت نیلوفر کھلایا کریں۔ ترکیب کشتہ قلعی پیچھے درج ہو چکی ہے۔ (")

(۲۵۰) ضعف دل } کشتہ عقیق ۱ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ چاندی ۱ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، کنول گٹہ ۱ تولہ سفوف تیار کریں۔ خوراک ۲ رتی دودھ گائے کے ساتھ۔ مذکورہ بالا کشتہ جات کی ترکیبیں پہلے صفحہ جات میں درج ہو چکی ہیں۔
(ایڈیٹر)

(۲۵۱) خضاب کا نسخہ } مازو، ہریاں ۵ تولہ، نوشادر ۳ تولہ، ہینگلو ۲ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ، ہڑ سیاہ ۲ تولہ، زنگار ۲ تولہ، نیلا تھوتھا ۲ تولہ، پوست ریٹھہ، اور دوسرے ایک تولہ، بہادہ مس ۲ تولہ، ان تمام ادویات کو کوٹ کر ایک سیر پانی میں تر کر کے ایک ہفتہ تک گھوڑے کی لید میں دفن کر چھوڑیں۔ بعد ازاں پانی کو چھان کر ایک سیر روغن کنجد سیاہ ڈال کر یہاں تک جوش دیویں کہ پانی بالکل جل کر تیل باقی رہ جاوے تو اسے اگر بالوں پر ملیں۔ بال بالکل سیاہ ہو جاویں گے۔
(حکیم گوردواس مل از راولپنڈی)

خضاب عرق جامن ۴ تولہ، مازو سبز ۲ عدد، تیل تلی ۱ تولہ، مغز تخم اسپ ۲ عدد، کسیس سیاہ ۱ تولہ، بہادہ مس ۱ تولہ، رتن جوت ۶ ماشہ، آب جغرات ۱ تولہ، عرق برگ حنا ۱ تولہ، روغن کنجد تازہ ۲۰ تولہ۔ جو دوائی پیسنے کے لائق ہو وہ پیس کر سب کو ملا کر حل کر لیں اور ایک کنٹر یعنی بڑی بوتل جس کا گاگ بھی شیشہ کا ہو اس میں بھر کر بند کریں اور گرد گجیٹ گھوڑا کی لید اسپ بھر دیں۔ درمیان شیشہ کو رکھ کر گڑھا مذکورہ کو اوپر سے مٹی ڈال کر بند کر دیں۔ بعد ۴۰ روز کے تیل کو چھان کر فقط ایک جوش دے دیں اور رکھ چھوڑیں۔ بوقت ضرورت کنگھی سے لگایا کریں۔ میرا آزمودہ نسخہ ہے بنا دیں اور فائدہ اٹھاویں۔
(حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

(۲۵۲) چہرہ پر گلٹی } رسوت، صندل سرخ، گیرو، عرق گلاب میں گھس کر گلٹی پر لگایا کریں۔ امید ہے کہ بیٹھ جاوے گی۔ (ایڈیٹر)

(۲۵۳) دودھ بڑھانے کا نسخہ } برگ ارنڈ ۱/۲ پاؤ سیر لیکر ٹکڑے کر کے ۲ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ۱/۲ سیر پانی رہے صاف کر کے شیشہ میں رکھیں اور زیرہ سفید یا سونف تقدر مناسب باریک پیس کر ملا دیں۔ زیرہ ہو یا سونف جوشاندہ میں ڈالیں اور تین بار دن میں ہر مرتبہ ایک چھٹانک عرق مذکور میں ملا کر

اور برگ پان باندھ کو گرم گرم نکال کر پستانوں پر باندھیں۔ تین چار روز میں ہی شیر بکثرت پیدا ہو جاوے گا۔
(حکیم سشید پال)

دیگر ستاور، ستاور۔ سونف پرانے کو شکر ملائیں اور ایک تولہ گائے کے دودھ کے ساتھ کھلائیں۔
(بابو چھجو رام)

(۲۵۴) چند پھلوں میووں کے نام جن سے منی گاڑھی ہوتی ہے:-
سنگھاڑا، بیول کی پھلی، آم، بادام، گوندنی، بسوڑہ، پستہ، چھوہارا، چلغوزہ، انجیر، کشمش، شلجم، ہالوں، ناریل وغیرہ وغیرہ۔
(ایڈیٹر)

(۲۵۵) اندھراتا فلفل سیاہ، فلفل دراز، سونٹھ، نیج۔ باریک مثل سرمہ کے بنا دیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔
(" ")

(۲۵۶) بغل گندھ } طبیعت کو جوش دینے والی چیزوں مثلاً لہسن، پیاز اور کثرت جماع، ہینگ، گرم مسالہ، مٹھائی زیادتی دودھ سے پرہیز کریں اور بعد ایک مسہل کے مردار سنگ کو باریک کر کے گلاب میں گھس کر لگایا کریں۔
(" ")

(۲۵۷) آواز صاف ہو و دماغ قوت پاوے } برہمی بوٹی کو ایک رات دن ۸ گنا پانی میں بھگو وے پھر جوش دیوے جب پانی چوتھائی رہ جاوے تو مل چھان کر چوگنے گھی اور ۱۶ گنے پانی کے ساتھ ظرف آہنی میں نرم آنچ پر پکا دے۔ جتنی کہ صرف گھی رہ جاوے حسب طاقت گھی میں گرم دودھ کو ملا کر پیوے۔

(۲۵۸) بواسیر ناک } گھر کا دھواں، فلفل دراز، مویز دار، جوا کھار، سن پھیا، تنگ، وجگھے کے بیج، کیچی کی چھال، برابر وزن ۸ گنا پانی میں جوش دیں۔ چوتھائی پانی رہنے پر مل چھان کر اس سے چوگنا تل کا تیل، اور ۱۶ گنا پانی ڈال کر نرم آنچ پر پکا دیں۔ حتیٰ کہ صرف تیل ہی رہ جاوے۔ اس تیل کی نسوار لیتے رہنے سے ناک کا مسہ گر پڑتا ہے۔
(" ")

(۲۵۹) کشتہ تانبہ ۔ اول ۲ تولہ مس کو گرم کر کے شیر مدار میں ۲۱ بار غوطہ دیں، پھر شیر اورک میں ۲۱ بار اسی ترکیب سے بجھا دیں۔ پھر برگ توت ۳ تولہ، برگ نکور سیاہ ۳ تولہ، برگ تمڑی برنی ۲۰ تولہ۔ سب کو ملا کر گھوٹ کر نغدہ بنا کر درمیان پیسہ رکھ کر اوپر گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اور گڑھے میں ۵ من اپلہ دشتی کی آگ دیں تو بہ رنگ سفید ہو گا۔ خوراک قدر ۱/۲ چاول مسکہ میں کھا دیں تو قوت باہ از حد پیدا ہو گی۔ بلکہ بڑھتی عمر والے کو تو اکسیر کا کام دیتا ہے۔ میرا تجربہ ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کوئی کشتہ جلد فائدہ کرنے والا نہ ہو گا۔
(حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

دیگر پیسہ کے برادہ کو اول رس لیموں میں ایک پہر تک کھرل کریں۔ پھر روغن پلپل

ہیں ایک پہر تک کھرل کریں۔ پھر رس گھیکوار میں ایک پہر تک کھرل کریں۔ پھر درخت آم کے رس میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں۔ ایسی جگہ پر جہاں کسی کا سایہ نہ پڑے بعد خشک ہو جانے کے کسی موٹے کپڑے کی پوٹلی باندھیں اور پوٹلی کے گرد گرد مٹی کا انگشت برابر موٹا موٹا لیپ کریں۔ جب مٹی بالکل خشک ہو جاوے تب ۲۰ سیر آ اپلوں کی آگ کسی محفوظ جگہ پر دیویں اور بوقت سرد ہونے کے نکالیں اور بار یک پیس کر شیشی میں ڈالیں۔ فوائد اس قدر طاقت ور کہ انسان جتاب ہو جاوے گا۔ ایک عجیب حیرت انگیز دوا ہوگی۔ اور خوراک ایک چاول پان میں رکھ کر چباویں۔

(ایڈیٹر)

(۲۶۰) بایاں نل بڑھ رہا ہے} کشتہ ہڑتال ورقی ایک رتی مسکہ میں ہوا کر کھایا کریں۔

(۲۶۱) عورت کے بائی گولہ} امرت دھارا مرض بائی گولہ کے واسطے نہایت ہی مفید ہے وجہکہ کارخانہ امرت دھارا سے مل سکتی ہے۔ مندرجہ ذیل نسخہ بھی مفید ہے۔ ترکیب۔ ہینگ بریاں۔ زیرہ سیاہ زیرہ سفید۔ چوک۔ رکھنگ۔ بہارنگی۔ کتھہ۔ بانجھ ٹنگ۔ املی۔ پوکر مول۔ سونٹھ۔ دیودار۔ بھرنگی۔ رنگ سنگ۔ نمک سانبھر۔ نمک سونچر۔ سمندر نمک۔ سفوف تیار کریں پہلے دن ایک درم۔ دوسرے دن ۲۔ اور تیسرے دن تین درم گرم گرم پانی سے کھلاویں اور پھر ۳ درم ہی کھلایا کریں۔ ۶۰ درم پورے ہونے تک بائی گولہ دور ہو جاوے گا۔ (ر)

(۲۶۲) کشتہ روپیہ یا چاندی} عمدہ روپیہ یا چاندی لیکر ایک صد مرتبہ عرق بادیان صحرائی میں گرم کر کے غوطہ دیویں۔ مگر یاد رہے کہ دو بار غوطہ دے کر پھر عرق جدید کر دیا کریں۔ بعدہٗ بادیان صحرائی ۱۵ تولہ کا نگدہ گھوٹ کر بنادیں اور درمیان روپیہ رکھ کر ۔ سیر اپلہ دشتی کی آگ دیویں تو روپیہ پھول جاوے گا اگر تیار نہ ہو تو دوسری بار اسی ترکیب سے کریں۔ مگر غوطہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ یہ کشتہ ۔ ماشہ اتولہ سیماب کو بستہ کرتا ہے۔ میرا آزمودہ ہے۔ کیونکہ جب مجھے پارہ بستہ کرنیکی ضرورت ہوتی ہے تو اسی کے ذریعہ کرلیتا ہوں اور قوت باہ کے لئے تو اس سے بڑھ کر شاید ہی کوئی چاندی کا کشتہ ہو۔

(حکیم غلام علیشاہ ۔ کراچی)

(۲۶۳) ذیابطیس اور اس سے کمزوری} کشتہ چاندی یا ورق کشتہ سونا یا ورق۔ مروارید ناسفتہ۔ سلاجیت شدہ کشتہ فولاد کشتہ ابرک سیاہ۔ سونا مکھی بلمشی مقشر۔ فلفل دراز۔ مرچ سیاہ سرکشتہ ہم وزن۔ ایک دن بھنگرہ کی رس میں کھرل کریں۔ حتےٰ کہ سیاہ ہو جاویں چنے کے برابر گولیاں بنادیں۔ صبح و شام ایک گولی ہمراہ آب گلو کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۶۴) کشتہ ہڑتال ورقی۔ ہڑتال ورقی اتولہ کی ڈلی لے کر بوٹی ہرن کھری ۵ تولہ۔ بوٹی رتن جوت ۵ تولہ۔ دونوں کا نگدہ بنا کر درمیان ہڑتال رکھ کر ۳ سیر کی آگ دیں تو ہڑتال برنگ سفید تیار ہوگی۔ جو کہنہ بخار کے لئے اکسیر ہوگی۔ (حکیم غلام علیشاہ)

(۲۶۵) گنج کا علاج} پھول تل۔ مغز بادام تلخ۔ سمندر جھاگ کو روغن سرسوں کہنہ میں کھرل کر کے لگایا کریں امید ہے کہ آرام ہوگا۔ (ایڈیٹر)

(۲۶۶) ایسا کشتہ جو بڑھی ہوئی گرمی کو فی الفور ہٹا دیوے} ابرک سفید کو بوٹی ... کے پانی میں پہر بھی ... کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ بعد ازاں نکال کر گھیکوار کے پانی میں کھرل کر کے اسی طرح آگ دیں۔ اس طرح پیچی کے پانی میں ... کے پانی کی پٹیں دیویں حتیٰ کہ کشتہ ہو جاوے۔ مناسب طریقہ سے استعمال کریں۔ بجا استعمال کیا۔ بیشک اکسیر اعظم ہے۔ (")

(۲۶۷) درد گردہ} کلونجی ۳ تولہ۔ شہد خالص ۱ تولہ۔ مصری ۵ تولہ۔ کلونجی کو ۲ تولہ سرکہ میں ایک دن اور رات تر کریں۔ پھر خشک کریں ایسی ہوشیاری سے کہ جو میں رجل نہ جاوے۔ بعد ازاں سفوف کر کے شہد مصری ملا کر رکھیں۔ ۱۰ تولہ روزانہ عرق بادیان سے کھلاویں۔ (")

دیگر۔ تالی ایک بوٹی ہے اس کے برگ کوٹ کر باریک کریں۔ اور ایک کنکر نمک کا ملا دیں۔ اور چنے کے برابر گولیاں بنا رکھیں۔ روزانہ ایک گولی صبح و شام مریض کو کھلائیں۔ بفضل خدا درد گردہ اور قبض رفع ہو کر آرام ہوگا۔ اگر ریت بھی ہو تو یہ دوائی مذکورہ کا استعمال نہایت ہی مفید ہے۔

(خواجہ محمد اکرام اللہ خان)

(۲۶۸) عرق مصفیٰ خون} عشبہ مغربی برنگ سرخ وزنی ایک پاؤ۔ چوب چینی نیم پاؤ۔ دار چینی ایک چھٹانک۔ ملاجی کلاں ایک چھٹانک۔ عناب تنعطاری نیم پاؤ۔ کشنیز شارک۔ جواہر مکی ۔ ایک چھٹانک۔ برادہ ایک چھٹانک۔ بادیان ایک چھٹانک۔ تمام ادویات کو کوٹ کر نیم نیکوفتہ کر کے ایک برتن قلعی شدہ میں ڈالدیں اس میں پانی ڈالکر ۲ روز تک پانی میں رکھا جائے۔ بعدہٗ پنساری سے ۲۰ بوتل عرق کھچوایا جائے۔ پنساری صبح سے شام تک بیس بوتل نکالے ایسا نہ ہو کہ دو تین گھنٹے میں نکالے بعد ایک تولہ روزانہ پیا کرے۔ صرف صبح کو۔

پرہیز۔ شراب۔ اچار۔ لال مرچ۔ بادی اشیاء سے بھی پرہیز۔ دن میں ایک دفعہ غسل بھی ضرور کرے۔ کپڑے صاف رکھے۔ (دلاور علی ...)

(۲۶۹) سوتے وقت دانت کھلنا} قسط ۱ تولہ مرچ سیاہ ۱ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ عقرقرحا ۱ ماشہ۔ جند بید ستر واغفہ۔ شراب انگریزی ۱ پاؤ۔ روغن زیتون ۵ تولہ۔ قسط مرچ سیاہ عقرقرحا کو ہر شراب میں بھگو کر چوتھے دن جب آدھا رہے تو اس میں روغن زیتون

ڈالدیں، دوپہر تک شہد ہیں کہ صرف تیل ہی رہ جاوے۔ تو اُتار کر ٹھنڈا کرے۔ قریبون ادرخت بید سستر باریک کر کے چھان کر ملادیں۔ اور اس تیل کی گردن پر مالش کیا کریں۔ مقوی دماغ ادویہ و اغذیہ کا استعمال رکھیں۔ اگر پہلے تنقیہ دماغ کرالیں تو بہتر ہے۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۰) گردہ دانہ کا علاج } گوگل ۲ ماشہ، مروی عمدہ ۲ ماشہ، کیلہ ۱ ماشہ، بابڑنگ ۳ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ رات کو فقط میٹھی کھلائیں۔ اور صبح اس دوائی کو بلا سونگھنے کے جھٹ پٹ مریض کو کھلائیں اول تو ایک ہی دفعہ ورنہ زیادہ سے زیادہ ہفتہ بھر میں آرام آجاوے گا۔ (ر)

(۲۷۱) پیٹ درد و قبض و ریح } جواب منڈھی ۲ ماشہ، کیلہ ۱ تولہ، نمک سرخ ۱ تولہ، رس نیم ۲ تولہ، تخم نیم ۱ تولہ، برگ نیم ۱ تولہ، ایلوا مصبر ۱ تولہ، نشادر ۱ تولہ، کلونجی ۲ تولہ، تخم خطل ۲ تولہ، اجوائن ۱ تولہ، سناء مکی ۱ تولہ، وائے بڑنگ ۱ تولہ، ترودی ۲ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ تولہ، سونف ۲ تولہ، آک (مدار) کے پھول ۳ تولہ۔

ترکیب: ان سب ادویات کو کوٹ کر لعاب کوار گندل میں ملا کر بقدر ۲ ماشہ کی گولی بنا دیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام بعد طعام خوردن آب نیم گرم سے نگل جاویں۔ کبھی حرارت کی شکایت نہ رہے اور بھوک بھی لگے گی۔ نہایت ہی اکسیر ہے۔ (لالہ شیو رام)

(۲۷۲) رخساروں پر کیل } کیلوں کو حجام سے نشتر سے کٹوا دیں۔ خون نکلنے دیں اور جوں جوں خون نکلتا رہے اس پر آک (مدار) کا دودھ لگاتے جائیں آرام ہوگا۔ (موہن لال محرر)

دیگر: رات کو سوتے وقت یہ مرہم لگا کر صبح ہی گرم پانی اور صابن سے منہ دھو ڈالیں اور تھوڑی سی پوٹلی جس میں سیلیسیلک ملی ہو۔ نسخہ مرہم یہ ہے۔
نسخہ: سبھی سب مالی کراس ایک ڈرام، زنک وکسائیڈ ½ ڈرام، سیلیسیلین ½ اونس (دیوی چند ہیڈ کمپوڈر)

(۲۷۳) تین سالہ بچہ کے پیشاب میں چھوٹے چھوٹے دانے برنگ سرخ
مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، کاہو مرابک ۱ ماشہ، حجر الیہود جل ۱ تولہ۔ کوٹ چھان کر شہد میں گولیاں بنائیں خوراک ۳ ماشہ صبح کھلاویں۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۴) چاقو کے لگنے سے پھولا - ۱۱ سب ہم کا چیپ صبح و شام دو چار دن تک لگا دیں۔

(۲۷۵) موتیا بند معلوم ہوتا ہے۔ بہتر یہی ہے کہ کسی حکیم یا ڈاکٹر کو دکھلا دیں اور تشخیص کرا دیں۔ (۷)

(۲۷۶) کثرت طمث: آپ کے دوست کی اہلیہ کے لئے میرا مجرب نسخہ بنا کر

استعمال کریں۔ زعفران ۱ تولہ رائی سرخ لیکر اس کو پیس کر رکھ چھوڑیں صبح و شام تھیلا ایک ماشہ تک دونوں وقت یہ ہمراہ شیر گرم کے کھلایا کریں۔ بہت جلد مراد حاصل ہوگی، اور ہمیشہ کے لئے یہ شکایت جاتی رہے گی۔ (حکیم غلام علی شاہ از کراچی)

(۲۷۷) رمد چشم کا نسخہ } ماکسو کو کپڑے کی تھیلی میں باندھ کر گدھے کے گوبر پانی میں ڈال کر پکائیں جب پھول جاویں تو نکال کر چھلکا اُتار کر کوٹ کر کے ۲۰ گنا پانی ملا کر جوش دیں جب پانی رہ جاوے اتار کر مل چھان کر نگاہ رکھیں جوش دیتے وقت اگر تھوڑا سا ستاور ملا لیں تو بہت اچھا ہے۔ اس کو سلائی سے لگایا کریں یا ایک دو بوند ڈراپر سے گرا دیں۔ (ایڈیٹر)

(۲۷۸) ذکر پر پھنسیاں اور پیشاب میں سوزش } گوگل، جست، صندل، رسخنگ کافور دودھ میں گھس کر لگایا کریں اور یہ نسخہ کھائیں۔ مشک کافور ایک رتی پیپرمنٹ ایک رتی و پانی ایک اونس سب کو ملا کر صبح پی لیا کریں۔ (ر)

(۲۷۹) چہرہ صفا ہو اور خوبصورتی بڑھے } اول گند صندل کو روغن زرد میں تلیں بعد ازاں دودھ میں بجھا دیں۔ بعدہٗ اسی دودھ میں گند صندل مذکور کو سفوف کر کے مخلوط کریں اور استعمال میں لائیں رنگ صاف ہوگا۔ (شیخ محمد صدیق)

دیگر: مغز بادام ۱ تولہ، نشاستہ ۱ تولہ، کستوری ایک رتی، امرت دھارا، صابون ۳ ماشہ، سوڈا ۱ ماشہ، سفوف نارنگی ۱ تولہ، ابٹن کی طرح استعمال کرو۔ بعد میں تھوڑا سا بادام روغن مل کر گرم پانی سے منہ دھو کر صاف کرو۔ (دیوی چند ہیڈ کمپوڈر)

دیگر: لودھ پٹھانی، دارہلدی، زرد چوب، ان تینوں چیزوں کو باریک پیس کر صابون کر کے قدرے مسکہ گاؤ ڈال کر پانی ملا کر ابٹنا بنا دیں اور چہرے پر مالش کریں۔ یہی ابٹنا اگرچہ تمام جسم پر ملیں اور مرتبا یا مربہ سرخ و پیلا ماتند ماہتاب چمکے ہوں۔ رات کے ہو دے اگر نہانے جاہا۔ (مقبول احمد خان)

(۲۸۰) فربہ کرنیکی دوائی } مقویات اور تر چیزوں کا خوب استعمال کیا کریں اور خشخاش شکر و مکھن حسب طاقت صبح ہی کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۸۱) منہ میں پانی بھر رہنا } گرمی و تری کے بڑھ جانے کا سبب ہے سرد و خشک ادویات کا استعمال کریں۔ کاسنی کوٹ کر رنگ ملا کر رکھیں اور منہ میں رکھا کریں اور برگ نیم وتبا شیر کتھ۔ بطور خوردنی کو بھی ٹک صحت کھا سکتے ہیں۔ (۶)
دیگر: نرفہ تولہ، اجوائن ۲ تولہ، پوست ہڑ زرد ۳ تولہ، مصطگی ۲ تولہ، باریک کر کے دو چند کھانڈ ملا کے رکھیں، ایک ایک کف دست (ہتھیلی) صبح و شام کھائیں۔ (حکیم نور محمد از دوکل)

(۲۸۲) **بواسیر خونی و وات جسم کا پھولنا** } ریٹھے کا چھلکا ۲ تولہ۔ مغز تخم جاکھوٹہ ۲ تولہ، ریٹھن ۲ تولہ۔ حبلانہ ۲ تولہ۔ ... ۵ تولہ
ریٹھے کے سوائے سب ادویات کو کوٹ کر قیمہ بنائیں اور ریٹھے کو اس میں لپیٹ کر گل حکمت
کرکے ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ خوراک ۲ چاول مکھن میں ملا کر کھلایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۸۳) **مرہم اعجاز** } آب برگ ... ۵ تولہ، روغن کنجد ۵ تولہ، اول ۵ تولہ پانی کے ساتھ ۵ تولہ
روغن کو ملا کر بخوبی ملیں کہ آہستہ ملائی کے ہو جاوے۔ تب مگر اچھا جوش کرے۔ تمام دن آہستہ آہستہ
کھرل کریں کہ مرہم ہو جاوے۔ تمام زخموں خصوصاً ناسور تک کو فائدہ کرے۔

(۲۸۴) **چھیپ کا علاج** } گوگل ۱ تولہ، ... ۱ تولہ، ... کے دودھ میں گھس کر لگایا کریں۔ مجرب ہے۔ (گ)

(۲۸۵) **حلق میں آبلہ** } روغن ... کا بذریعہ ... تیل نکال رکھیں، اور ... سے ... کیا کریں، ... یاد رہے کہ ایک رتی سے زیادہ روغن ایک دن ... نہ دیا جاوے۔ (ع)

(۲۸۶) **مچھلی کا کانٹا گلانا** } بگلا جانور کی ہڈی پیس کر ایک چٹکی مچھلی کے سالن پکاتے وقت ڈال دیں۔ سالن بدمزہ نہ ہوگا، اور کانٹا گل جائیگا۔ (خواجہ محمد اکرام اللہ خاں)

دیگر۔ مچھلی کو صاف کرکے بیچ سے چیر دو اور سفوف سہاگہ ... پر چھڑک دو۔ بعدہٗ ... وصل کرکے تاگے سے باندھ دو۔ حسب معمول پختہ کرو۔ کانٹے گل جائیں گے۔ (شیخ محمد صدیق محسن)

(۲۸۷) **ناف قائم رہنے کا نسخہ** } ... بوٹی سے ... گڑ ملا کر گولیاں بقدر جنگلی بیر کے بنا دیں، ایک دو کھانے سے ناف اصلی حالت پہ آ جاوے گی، اور ... کھانے سے ناف قائم رہے گی ... (ع)

(۲۸۸) **بدن میں جلن** } اصلی ۲ تولہ ... کو ... صبح صاف کرکے ۲ تولہ ... ملا کر ... کشتہ قلعی ۲ رتی کی پڑیہ کھلا دیں ... استعمال سے آرام ہونا شروع ہوگا۔

ترکیب کشتہ قلعی۔ قلعی ۵ تولہ کو ... کرکے اس کو ... ایک کوزے میں ... بچھا دیں ... برگ مغیلاں ... کے نیچے ... بچھا دیں، اور ... کوٹ کر بچھا دیں ... دس سیر اپلوں کی آگ دے دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ہوشیاری سے نکال کر چھان کر رکھیں۔ (ایڈیٹر)

(۲۸۹) **رسکپور قائم النار** } رسکپور ۲ تولہ کو ایک باریک پارچہ میں باندھیں اور ایک عدد حنظل زرد رنگ ... کرکے ... درمیان رکھ کر اوپر سے بند کر دیں، اور ... پر دس منٹ تک حنظل کو بھونیں، اوپر نیچے کرتے رہیں۔ بعدازاں اس میں سے نکال کر دوسرے حنظل میں ڈال کر پکا دیں۔ بس میں ... آگ دیں۔ رسکپور قائم النار ہوگا میرا آزمودہ ہے۔
(حکیم غلام علی شاہ، کراچی)

(۲۹۰) **نوشادر کا تیل** } اس طرح بنا کر کام میں لاویں تو صنعت اکسیر میں بہت مدد دیگا۔ بلکہ عام جوگی لوگ اس ترکیب کو ہی پسند کرتے ہیں۔ ماٹول ایک پیالہ بلور کا لیویں اور اس پر باریک کپڑا باندھیں، اور پیالہ کے اوپر کنارے پر ... انگشت اونچی آٹا گندم یا ... کی دیوار بنا دیں۔ پھر اس کپڑا پر ۲ تولہ سہاگہ باریک کرکے بچھا دیں۔ اور اس پر نوشادر ۲ تولہ ... ڈالیں پھر نوشادر کے اوپر ۲ تولہ سہاگہ بچھا دیں، اور ایک تولہ ... اس دیوار پر رکھ دیں۔ بعدہٗ ایک سیر کوئلوں کو ... آہستہ ... پر ڈال کر آگ لگا دیں بلکہ خود پنکھا کی ہوا کرتے رہیں تو تمام نوشادر کا تیل بن کر نیچے پیالہ میں جمع ہوتا جاوے گا۔ جب نوشادر ختم ہو تو اتار کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ یہ اہل صنعت کی جان ہے۔ یاد رہے کہ ہر وقت بلوری پیالہ کو دیکھتے رہیں۔ نوشادر کے ختم ہونے سے اس کا نقصان نہ ہو جاوے۔ (گ)

دیگر۔ جس قدر نوشادر ... کرنا ہو اس کو حسب دستور ... دو گلی برتنوں میں ڈال کر جوہر اڑاویں ... بار۔ بعدہٗ ان جواہر کو ... کلس البیض میں ملا کر سحق کرو۔ ... میں ... ہو جاوے گا۔ فلیتہ شیشی میں رکھو۔ یہ روغن ... کو بہت نافع ہے۔ (گ)

(۲۹۱) **ہاتھوں پر سوج** } بلغم اور بات کے ملنے کا سبب ہے۔ کشتہ شنگرف کا استعمال سردیوں کے شروع میں کر لینا چاہئے۔ ترکیب کشتہ شنگرف کئی بار درج ہو چکی ہے۔ (ایڈیٹر)

دیگر۔ ۲ رتی کشتہ فولاد ہر روز ایک ماہ کھاؤ۔ (حکیم نور محمد)

(۲۹۲) **زعفران الحدید** } کی آسان ترکیب یہ ہے کہ برادہ آہن کو ... پانی سے دھو کر سیاہی دور کریں، اور صاف پانی سے دھو کر اس میں چہارم حصہ اس کا نوشادر ملا کر خوب باریک سحق کریں۔ اور مٹی کے برتن میں بچھا کر نمناک جگہ میں ... دفن کرکے نکالیں تو زعفران الحدید بن جائیگا۔ ایک اور ترکیب خاص جو جناب ... صاحب مدظلہ کو ... نے بتائی تھی مجھے معلوم ہے۔ بباعث طوالت درج نہیں ہوئی۔ (ع)

(۲۹۳) **بالوں کیواسطے خوشبودار تیل** } برگ مہندی ایک سیر کو ۴ سیر پانی میں پکا دیں جب ایک سیر پانی رہ جاوے مل چھان کر ایک سیر تیل میٹھا ملا کر نرم آنچ پر رکھیں جب تیل ہی رہ جاوے تو فوراً اتار لیں۔ برگ مہندی کے ساتھ اگر مشک کافور ... نیلوفر، گل گلاب بھی ملا دیں تو اچھا

ہے۔ یہ آسان طریقہ تیل بنانے کا ہے۔ جو چاہیں بنالیں ؛ (ایڈیٹر)

(۲۹۴) باعث چوٹ کمر } تیل مالکنگنی اور تیل ارنڈ کو باہم ملاکر مالش کرکے اوپر روئی باندھ دیا کریں۔ اور تیل مالکنگنی کی ۲ بوند صبح پان میں رکھ بھی لیا کریں ؛ (")

(۲۹۵) ناروے کا علاج } سمدکا پر بقدر ایک ماشہ ایک ہفتہ میں پلا یا کریں۔ ۲۱ روز تو عمل کرنے سے عمر بھر تک ناروے کی شکایت نہ ہوگی لیکن بوقت پہنچانا ہونا چاہئے۔ یہ ایک مطب کا نسخہ ہے۔ (حکیم غلام علی شاہ)

دیگر۔ افیون ۱ رتی۔ زعفران ۱ رتی۔ مرچ سیاہ ۵ عدد۔ موست بیضہ طاؤس (مور) ایک عدد۔ ان تمام کو پانی میں رگڑ کر کاغذ پر لگا کر گرم گرم جہاں پھوڑا ہو تو اوپر کاغذی لگا دیں پھوٹ جاوے گا۔ اور اس کو نکال کر نکال دیوے گا۔ اگر پھوٹ گیا ہوگا تو اس کو باہر نکال دیگا +
(لالہ لاجپت رائے)

دیگر۔ سانپ کی کینچلی گڑ میں ملاکر ایک ایک چنے کے برابر گولیاں بناویں۔ مریض کو دو دن (صبح شام) دکھائے اور ۷ دن ۷ گولیاں کھلائیں۔ نارو کو آرام ہوجائے۔ اور چند بار کے استعمال سے پھر عمر بھر نارو نہ ہوگا۔ (خواجہ محمد اکرم خاں)

دیگر۔ نارو سے پر چکنی کا جگر پانڈھنا بھی مجرب ہے۔ (حکیم نورمحمد از سوکل)

(۲۹۶) آنکھوں میں اچھی } دل ۲ آنکھوں کو اس طرح ملیں کہ سرخ ہوجاویں پھر گائی کا لیپ کریں۔ جب کچھ جاوے اتارلیں۔ اسی طرح چند بار کریں۔ (ایڈیٹر)

(۲۹۷) آنکھیں سرخ ہو جاویں } شورہ کی سلائی پھیرنے سے آنکھیں سرخ ہوجاتی ہیں۔ شورہ کو گرم ترکے چیچے میں ڈالنے سے جب تم کی سلائی جا ہو بنا ؤ ؛ (")

(۲۹۸) سانپ کے کاٹے کا تیر بہدف علاج } سنکھ ۱ تولہ۔ سنبل ناراتولہ۔ بیٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ گودنتی ۱ تولہ ہڑتال زرد ۱ تولہ۔ ہر ایک چیز کو الگ باریک پیس کر پارچہ میں چھان کر سب کو ملاکر ۲ چھٹانک دودھ آک (مدار) اور پھر تین چھٹانک۔ بڑ نڈی میں کھرل کرکے گولا بناکے جست کے کرنے میں رکھ کر جست کا ہی سرپوش دے کر گل حکمت کرکے آگ ۵ سیر اپلوں کی دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ رنگت سماقی مائل بسفیدی ہوگا۔ خوراک ۲ ماشہ تک۔ روغن زرد گرم میں ملاکر حلق کے نیچے اتار دیں۔ سخت قسم سانپ مثلاً سنگچور یا عنبر ہو۔ ایک خوراک سے آرام دو دو سے تیرہ میں خوراک میں آجاوے گا۔ یاد رہے کہ یہ دوائی ہر قسم کی طاعون کے لئے بھی تیر بہدف ہے (")

(۲۹۹) طبی کھانسی۔ کاکڑاسنگی۔ پیپل مٹھی مقشر۔ زنجبیل۔ پوست انار۔ چوکھار

برابر وزن کوٹ چھان کر شہد میں ملاکر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ ایک یا دو دو ہمراہ عرق گاؤزبان سے کھلاویں ؛ (ایڈیٹر)

(۳۰۰) بباعث کمزوری دماغ ضعف باہ } گری بادام ½ سیر۔ طباشیر ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ۔ کستوری ۲ ماشہ۔ گائے کا گھی ½ سیر۔ مصری ۲ سیر۔ بادام کی گری کو دودھ میں بھگو دے۔ پھر چھلکا اتار کر پیس کر گھی میں بھون لے اور باقی دوائیاں ۳ دن کھرل کرکے پھر مصری کی چاشنی کرکے سب دوایات ڈال دے۔ خوراک ۱ تولہ سے ۵ تولہ تک۔ ترشی سے پرہیز کرے اور اس کے کرشمے دیکھے! ایسی طاقت دماغ وباہ کی ہو کر بیان سے باہر ہے (ایڈیٹر)

(۳۰۱) مندگی یعنی بدہضمی } اجوائن ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریاں ۱ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ الائچی دانہ ۱ تولہ۔ پھول آک (گل مدار) ۱ تولہ۔ ہینگ ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ پیپل ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ آملہ ۱ تولہ۔ سب کو باریک پیس کر چاروں نمک اس میں ملائیں اور چورن بنا رکھیں۔ خوراک ۳ ماشہ ہمراہ گرم پانی ؛ (")

(۳۰۲) کشتہ بارہ سنگھا } بارہ سنگھا کو آک (مدار) کے دودھ میں تر رکھیں کہ بارہ سنگھا ڈوبا رہے پھر گل حکمت کرکے ۲۰ سیر اپلوں کے درمیان آگ دے دیں اور پیس کر نگاہ رکھیں اور دودھ تازہ کے ہمراہ کھا یا کریں۔ خوراک ایک رتی از پان مناسب ہے ؛ (")

(۳۰۳) عورت کے پیٹ پر جھریاں } اس کا علاج حمل کے دنوں میں کرنا چاہئے حمل کے دنوں میں پیٹ کے بڑھنے کے سبب چمڑا کھنچتا ہے اور پھر جب بچہ پیدا ہوجاتا ہے تو ضروری ہے کہ جھریاں ہونی چاہئیں اگر ایام حمل میں حمل کی مالش کی جاوے اور چمڑے کو نرم رکھا جاوے تو جھریاں کم پڑتی ہیں۔ بادام روغن کی مالش مفید ہے۔ اور تولیہ تر کرکے اچھی طرح پیٹ پر پھیرنا بھی مفید ہے ؛ (")

(۳۰۴) کیا زیادہ دیر تک جماع نہ کرنا نقصان دہ ہے؟ } مختصر جواب یہ ہے کہ جو ضبط کر سکیں اور ورزش وغیرہ جسمانی اور دماغی کاموں سے منی کو ہڈیوں میں جذب کرتے رہیں وہ چاہے ساری عمر ہی جماع نہ کریں۔ ان کی عمر بھی بدرجہا ہم سے زیادہ ہوگی۔ اور جو ضبط نہ کر سکیں۔ ہر وقت جماع کے خیالوں میں ہی رہیں۔ اور پھر ان کو جماع کا موقعہ نہ ملے تو نقصان دہ ہے روکنا صرف منی کے زور کا بڑا ہے۔ اور اگر کمزوری وغیرہ کی وجہ سے بھی منی زور نہیں کرتی

تور دکنا فائدہ مند ہے بفضل ...
(۳۰۵) خصیوں کا چھوٹا ...
(۳۰۶) دودھ کا بند ...
(۳۰۷) بادام شیریں ...
(۳۰۸) ضعف ...
(۳۰۹) مرجان کا ...
(۳۱۰) بیند ...
(۳۱۱) خواب ...

تو دو کتنا فائدہ مند ہے بمفصل ایک رسالہ میں لکھا جا چکا ہے ؛ (ایڈیٹر)

(۳۰۵) خصیوں کا چھوٹا ہونا} (یہ سردی کے باعث بھی ہیں) قسط ۲ ماشہ، کندش ۱۱ ماشہ۔ جند بیدستر ۱۰ ماشہ۔ پودینہ پہاڑی ۳۰ تولہ عاقرقرحہ ۲۰ تولہ، جنتی ۱۰ ماشہ۔ سب کو کوٹ کر شراب پرانی ۱۳ چھٹانک میں جوش دیں۔ جب قریباً ایک چھٹانک رہ جاوے تو تیل میٹھا ½ چھٹانک ملا دیں۔ حتی کہ شراب جل جاوے تو پھر روغن کو صاف کرکے ۲ ماشہ زعفران ڈال کر ایک ورجوش دیں۔ اور ہینگ، مرزنجوش، رائی، اکلیل الملک۔ بابونہ بنفشہ ملا کر اس تیل کا لیپ کیا کریں۔ اور گرم تر اشیاء کا استعمال کیا کریں (ر ،،)

(۳۰۶) دودھ کا بند کرنا۔ پستانوں کے منہ پر مشک کافور اور کھٹر یا مٹی رگڑ کر لگا دیں۔ اور کشتہ قلعی ایک رتی ہمراہ آب آملہ کھلایا کریں ؛ (ر ،،)

(۳۰۷) بادام شیریں تو مقوی دماغ و دافع خشکی ہے۔ اور کڑوا بادام زہر ہے اس کڑوے بادام کے روغن میں ۳ سے ۵ فیصدی تک ہیڈرو سیانک ایسڈ ہوتا ہے جو سخت زہر ہے کڑوا بادام نہیں کھانا چاہیئے۔ البتہ اس کا تیل بعض امراض میں کانوں میں ڈالا جاتا ہے (حکیم نور محمد دوکل)

(۳۰۸) ضعف معدہ و ضعف رحم} ضعف معدہ کیواسطے گولی ہاضمہ جس کے کئی نسخے درج کئے جا چکے ہیں کھانا کھانے کے بعد گرم پانی سے کھایا کریں۔ اور ضعف رحم کیواسطے بعد قیام حمل مندرجہ ذیل نسخہ کھلاویں۔ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔ کشتہ صدف مروارید ۳ ماشہ۔ کشتہ زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ۔ ناریل دریائی ۳ ماشہ۔ کشتہ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ ورق نقرہ ۱۱ عدد۔ پانی میں کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بناویں۔ اور بوقت شب ایک سیر گائے کے دودھ کے ساتھ کھلایا کریں ؛ (ایڈیٹر)

(۳۰۹) مرجان کو صاف کرنیکی ترکیب} کشتہ کرنے سے پہلے ہر ایک دھات و اجعات کا صاف کرنا اچھا ہے۔ اس سے فائدہ زیادہ ہوتا ہے۔ مرجان کو پوٹلی میں باندھ کر ایک مٹکے میں لٹکا دیں اور مٹکے میں قریباً ۳ سیر لعاب گھیکوار اور پانی ڈال کر پکا دیں۔ ۲ گھنٹہ کی نرم آنچ دینے کے بعد نکال کر صاف کریں ؛ (ر ،،)

(۳۱۰) نیند آ جاوے — سوتے وقت خیالات سے دماغ کو پاک کیا کریں اور منہ ہاتھ دھو کر سویا کریں۔ سانس کی طرف دھیان رکھیں کہ کب اندر جاتا ہے اور کب باہر آتا ہے ملنے دھیرے پی لیا کریں۔ اور روغن خشخاش سر پر ملیں۔ چراغ گل کر دیں اور لیٹ کر تکیہ لگا کر سو جاویں (مفصل دیکھو رسالہ نیند قیمتی ۱۰، جو کار رفاہ امرت دھارا سے مل سکتا ہے)

(۳۱۱) خواب میں ڈرنا} معدے کی خرابی سے ایسا ہو سکتا ہے اور یہ عورتوں کی ضعیف الاعتقادی کی وجہ سے بھی بڑھ جاتا ہے۔ ایک کاغذ پر

بھوت یا چڑیل وغیرہ کی فرضی شکل بناؤ اور عورت وغیرہ کو کہو کہ آج ایک کامل شخص سے یہ ترکیب ملی ہے اس نے کہا ہے کہ اس کو وہ عورت جلا دے تو پھر اس کے نزدیک یہ لوگ نہ آویں گے۔ پس تم اس کو جلا دو۔ وہ بھی جل جاوینگے۔ امید ہے اگر اس کو اس طرح کامل یقین ہو گیا تو پھر اس قسم کا خواب نہ آوے گا۔ اگر اس کا معدہ بھی کمزور ہے تو اس کے معدہ کی کمزوری دور کرنے کی بھی کوشش کرنی چاہیئے ؛ (ایڈیٹر)

(۳۱۲) پارہ معمول صاف کرنیکی سہل ترکیب} پارہ کو اول پارچہ میں سو بار چھانیں پھر ایک برتن میں پانی ڈال کر اس میں پارہ ڈالدیں اور نرم آنچ پر پکاویں حتی کہ سیاہی پانی میں آجاوے پھر نکال کر پلی اینٹ (خام پختہ یعنی تھوڑی پکی ہوئی ہو) اس کے برادہ کیساتھ ایک دو دن کھرل کریں۔ کام کا نہیں مگر صاف ہو گیا بہتر تو یہ ہے کہ شنگرف سے نکالا جاوے وہ تقریباً صاف ہے ؛

گندھک آملہ سار صاف کرنیکی ترکیب} گندھک کو ظرف آہنی میں گھی کیساتھ نرم آنچ پر پگھلا دیں اور دودھ میں پھینکدیں۔ اس طرح سے ۳ دفعہ یا ۷ دفعہ عمل کریں۔ نیز ایک ہی دفعہ کرنے سے لائق کام ہو جاتی ہے ؛

(۳۱۳) یرقان سوداوی} گلی ۲ ٹنک۔ مصری ۴ ٹنک۔ یہ دونوں ملا کر گرم پانی سے استعمال کریں آرام ہو جاویگا۔ (حکیم شیر دل ملہوترہ)

(۳۱۴) بنولے کا تیل} بنولے کو جوکوب کر کے چھلنی سے چھانیں۔ مغز نیچے گر جاوے گا۔ اس مغز میں مغز پستہ ہم وزن داخل کریں اور کوٹ کر بذریعہ پاتال جنتر کے تیل نکالیں۔ یا تلوں کے تیل میں چرب کرکے بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں ؛ (ایڈیٹر)

(۳۱۵) کرم شکم — حب اقتکاروں کے دفعیہ کے لئے کافی ہے۔ مصبر ۱ درم فلفل سیاہ ۱۰ درم سہاگہ بریاں ۲ درم۔ اجوائن خراسانی ۲ درم۔ سب کو باریک کر کے گھیکوار کی رس میں ۳ یوم کھرل کرکے نخود کے برابر گولیاں بنائیں ؛ (حکیم نور محمد)

(۳۱۶) مالتی بسنت} سنگ بصری ۱۰ تولہ۔ ورق طلاء ۲ تولہ۔ شنگرف رومی ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۴ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ دار چینی ۶ ماشہ۔ اول سنگ بصری کے ٹکڑوں کو آگ میں گرم کریں۔ اور ترپھلہ کے پانی میں ۷ مرتبہ سرد کریں اور قرص (ٹکیہ) بنا کر رکھیں۔ بعد ۶ ماہ گذرنے کے استعمال کریں۔ خوراک آدھی رتی سے ڈیڑھ رتی تک ؛ (حکیم گوردا سمل)

(۳۱۷) جوہر نوشادر۔ نوشادر کو لعاب گھیکوار میں کھرل کریں۔ پھر ایک پیالہ مٹی میں

اور دوسرا اتنا پیالہ اُلٹ کر دونوں کا منہ گل حکمت کرکے نرم آنچ پر رکھیں اور اوپر کے پیالہ کو سرد رکھیں جو ہڑ اوپر چڑھ جائے گا۔ (ایڈیٹر)

(۳۱۸) **دائمی قبض کا نسخہ** } ہلیلہ کلاں ۲ تولہ، زنجبیل یعنی سونٹھ ۲ تولہ، تربد سفید ۸ تولہ، سب کو میدہ کرکے روغن گاؤ ۲ تولہ میں مخلوط کریں اور ۱۰ تولہ قند سیاہ ملا کر خوب کوٹ کر گولیاں بقدر نخود بنا دیں۔ گرم پانی سے ایک دو یا تین گولیاں کھایا کریں۔ (" ")

(۳۱۹) **چھنکنی** } روغن سوپ سبوکی ناس ہر شش ماہی میں ایک ایک ہفتہ لینا اس کے لئے ازبس مجرب ہے۔ (حکیم نور محمد)

(۳۲۰) **دمہ**۔ خاکستر دو انگور (پھٹکنڈا) ایک سیر۔ خاکستر تمباکو ایک سیر۔ خاکستر اک (مدار) ایک سیر۔ خاکستر لٹی خورد ایک سیر۔ ان چاروں خاکستروں کو وافر پانی میں ۳ دن بھگو رکھیں۔ ہر روز تین بار لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ چوتھے روز بالائی تک زلال لے کر کڑاہی میں پکائیں کہ سب پانی خشک ہو جائے۔ خشک ہونے کے بعد سفید سی نمک بن جائیگا۔ اس نمک سے ۴ سرخ ہر روز بوقت شام بتاشہ یا منقہ میں ۱۰ یوم تک کھانے سے دمہ کا اُنسی سے انشاء اللہ تعالیٰ کلی آرام ہو گا۔ (" ")

(۳۲۱) بعد فراغت اگر حمل ہو جائی ایک ماشہ کھا کر نیم گرم دودھ آدھ سیر بھر یا کبھی کا پی لیا کیجئے۔ کمزوری کا نام نہ رہے گا۔ (شیخ محمد صدیق)

دیگر مجرب ہے۔ عود ہندی ۱ تولہ، بسفائج رومی ۱ تولہ، تخم بادنجان ۳ ماشہ، کوٹ چھان کر مصری سیاہ کے ہمراہ گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک یا دو گولی شیرگاؤ سے یا ویسے ہی۔ (ایڈیٹر)

(۳۲۲) **سردی پہنچنے سے بدن میں لرزہ** } کشتہ شنگرف کو ۳ ماہ لگاتار استعمال کرنے سے لرزہ کا دورہ دور ہو جائیگا (ذکر کشتہ شنگرف کئی بار پیچھے درج ہو چکی ہے۔) (")

(۳۲۳) **حیض بند اور سفید رطوبت** } ۱۲ دن وہ نسخہ جو کہ پیچھے حیض کا درج ہو چکا ہے استعمال کراویں اور اس کے بعد مجیٹھ اور پھٹکری برابر وزن کا ۳ ماشہ سفوف ۲ تولہ گھی کے ساتھ کھلایا کریں۔ مگر یہ صرف ان دنوں میں کھلانا چاہئے جبکہ پیٹ میں درد سی ان ایام میں محسوس ہو جو دن کہ حیض آنے کے واسطے مقرر ہیں۔ (")

(۳۲۴) **تلی کا بڑھنا** } سہاگہ بریاں ہم وزن ہر دو کے برابر قند سیاہ۔ ان کی گولی بنا دیں ہر ایک گولی ۱/۲ ماشہ کی ہو۔ ایک گولی کھا لیویں دو تین دست آویں گے۔ مرض دور ہو گا۔ مگر نقاہت باقی رہے تو مکرر استعمال کریں۔ (شیخ محمد صدیق)

(۳۲۵) **احتلام کی شکایت** } رفع کرنی چاہئے۔ خیالات کو درست رکھیں اور کسی مذہبی نصیحت آمیز کتاب کو پڑھتے رہیں۔
نسخہ برائے احتلام۔ گوند کتیرا ۱ تولہ، گوند ککر ۱ تولہ، گل نیلوفر ۱ تولہ، کشتہ قلعی ۶ ماشہ۔ سفوف تیار کریں اور ۲ ماشہ بہمراہ آب مسلی کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۳۲۶) **چکلی دار پھوڑا** } منسل مرشف کے تیل میں جنین کی طرح گھس کر بھی لگانا نہایت ہی مفید ہے سو رنہ اور کسانہ ... ف ذرا ... کو مکھن میں ملا کر لگا لیں یہ بال توڑ کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ (لالہ ہر دواری لال)

دیگر۔ ٹانگھیوں کو تیل میں بھونیں۔ جب سُرخ ہو جاوے تھوڑا سا سیندور اور سفوف سہاگہ ڈالیں اور پانی گرم اس مقدار میں ڈالیں کہ مانند حلوا کے ہو جاوے یہ ایک نہایت اعلیٰ قسم کی پلٹیس اس قسم کے پھوڑوں کیواسطے ہے۔ (ایڈیٹر)

(۳۲۷) **خصیہ کا پیٹ کی طرف چڑھ جانا** } روغن فرفیون کو پائی کے بالوں کی جگہ اور نیچے اوپر اچھی طرح سے مالش کیا کریں اور بابونہ، السی، اکلیل الملک، بھجان بورہ کا جوشاندہ کرکے خصیوں کو دھویا کریں اور کشتہ شنگرف ایک رتی ۵ دن تک ۱ رتی روز شہد یا پان میں رکھ کر کھایا کریں۔ (")

(۳۲۸) **جاڑے کا بخار ویرقان** } پوست ہلیلہ زرد ۱ ماشہ۔ پوست بلیلہ ۱ ماشہ، پوست آملہ ۱ ماشہ، کشتہ فولاد یا آہن ۳ رتی۔ شہد میں ہر روز کھلایا کریں۔ (")

(۳۲۹) بڑھاپے میں باد کا زور جسم میں ہوتا ہے اور شام کو بھی باد کا زور ہوتا ہے اس واسطے بڈھے اس وقت تکلیف محسوس کرتے ہیں۔ مقوی و گرم اشیاء مثل کشتہ سنکھیا کشتہ شنگرف کا گاہے گاہے استعمال کرتے رہنے سے آرام رہتا ہے۔ (")

(۳۳۰) **آتشک و بواسیر** } کشتہ رسکپور جس کا نسخہ پیچھے درج ہو چکا ہے استعمال میں لاویں۔ (")

(۳۳۱) **ناسور کا علاج** } مشک کافور و جو ہر گندھک کو ملا دیں۔ اور تھوڑا ست اجوائن شامل کریں۔ یہ حل سا ہو جاوے گا۔ لگایا کریں۔ آرام ہو جاوے گا۔ (")

(۳۳۲) **ایک لڑکے میں چلنے پھرنے اور بولنے کی طاقت نہیں** } مغز بادام مقشر، مصری برابر وزن پیس کر رکھیں اور مکھن میں ملا کر کھایا کریں۔ ورق سونا و چاندی بھی ڈال لیا کریں۔ اور ٹانگوں کے تیل کی مالش اچھی طرح بلا ناغہ کیا کریں۔ (ایڈیٹر)

(۳۳۳) دردِ سر کا علاج } گڑ کا شربت بنا کر آٹا گوندھیں اور ٹکیہ بنالیں۔ تیل سرسوں آگ پر رکھیں۔ ایک ایک ٹکیہ چھوڑتے جاویں اور جب جل جاوے نکال دیں۔ جب کل ٹکیہ جل جاویں اس تیل کو رکھیں۔ اس تیل کو کھانے اور سر میں لگانے سے دردِ سر دور ہوتا ہے ؛ (ایڈیٹر)

(۳۳۴) زکام } چونہ اور نوشادر ہموزن ایک شیشی میں ڈال کر سونگھیں۔ زکام دور ہوگا ؛ (شیخ محمد صدیق)

(۳۳۵) حمل میں قے کی زیادتی } طباشیر ۱ تولہ۔ ست پودینہ ایک ماشہ۔ [illegible] ۱ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ نمک سیندھا ۲ ماشہ۔ سفوف تیار کریں اور سکنجبین سے کھلایا کریں۔ صبح اٹھنے سے پہلے دودھ نیم گرم جس قدر ہضم ہو سکے پلا دیں یا کچھ لذیذ چیز کھلا دیا کریں ؛ (ایڈیٹر)

(۳۳۶) ایک لڑکے کو اختلاج القلب و ضیق النفس } کشتہ طلائی ۱ رتی پان یا شہد میں کھلایا کریں ؛

(۳۳۷) دمہ صفراوی } اسپغول ۳ ماشہ ہمراہ دودھ گائے روزانہ ایک ماہ تک کھاویں ؛

(۳۳۸) مقوی دل و دماغ } کشتہ مرجان ۲ تولہ۔ کشتہ عقیق ۲ تولہ۔ کشتہ سنگ یشب ۲ تولہ۔ کشتہ مروارید ۱ تولہ۔ فادزہر معدنی ۲ ماشہ۔ ورق نقرہ تیس عدد۔ جوہر سلاجیت ۶ ماشہ۔ سب کو ایک سیر عرق گلاب میں کھرل کر کے خشک کر رکھیں۔ وقت ضرورت بقدر ۴ رتی مسکہ میں ڈال کر کھاویں۔ چند یوم میں ہی دلی مراد حاصل ہوگی ؛ (حکیم غلام علی شاہ کراچی)

(۳۳۹) سفوف گاچنی یعنی ملتانی مٹی ایک نہایت عمدہ اور ارزاں سفوف سر دھونے کا ہے۔ اس سے بال صاف ہو جاتے ہیں۔ بالوں کو سفید ہونے سے روکتا ہے اور دماغ کو تقویت بھی دیتا ہے۔ مگر ہمیشہ اس کا استعمال خشکی پیدا کرتا ہے۔ اس واسطے ساتھ کبھی دہی سے بھی سر دھونا چاہئے۔ (ایڈیٹر)

(۳۴۰) لٹکے ہوئے پستان } گھونگچی کا تیل جنتر کے ذریعہ تیل نکال کر پستانوں پر مالش کر کے باندھ دیا کریں۔ اس سے سخت ہو کر تازہ ہو جاویں گے۔ (")

دیگر: [illegible] اور روغن کنجد باہم ملا کر جوش دیں۔ اور نیم گرم پستانوں پر لگاویں۔ (بابو بھجو رام از جہلم والی)

دیگر: جس عورت کو اول حیض آوے وہ خون لے کر چھاتی پر ملنے سے چھاتیاں

اسی طرح رہیں گی۔ اور پھر کبھی نہیں لٹکیں گی۔ اگر چھاتیاں گری ہوئی ہوں تو پوست انار شیریں ایک سیر۔ تیل سرسوں ۳ سیر۔ پانی ۱۰ سیر۔ سب کو جوش دیں جب کہ پانی جل جاوے اور خالص تیل رہ جاوے نیم گرم چند مرتبہ چھاتی پر ملیں۔ یہ روغن سستی ذکر کو بھی مفید ہے ؛ (شیخ محمد صدیق)

(۳۴۱) چورن ہاضمہ } نوشادر۔ نمک سیاہ۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ۔ نمک لاہوری ہموزن باریک پیس کر سفوف تیار کر رکھیں۔ کھانے کے بعد ایک چٹکی کھایا کریں۔ اپھارہ قبض وغیرہ ہو اجابت صاف آجاتی ہے۔ (خواجہ محمد اکرام الدین خان)

دیگر: بیج جلابہ ۱ تولہ۔ الائچی کلاں۔ ریوند چینی۔ سونف۔ ہلیلہ زنگی۔ افتیموں۔ پودینہ سفید۔ آملہ خشک۔ گل بنفشہ۔ شورہ۔ [illegible]۔ سہاگہ بریاں ہر ایک ایک تولہ۔ نمک سیاہ۔ نمک لاہوری۔ ست لیموں۔ قند سفید۔ ہر ایک دو دو تولہ کوٹ چھان کر چورن بنا دیں۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک بعد طعام ؛ (لالہ لاجپت رائے لدھیانہ)

(۳۴۲) آنکھوں کے پانی } مغز بیج ۳ حصہ۔ مغز ہیڑہ ۲ حصہ۔ مغز آملہ ایک حصہ پانی میں گھسکر ٹکیاں چنے کی شکل کی بنا رکھیں۔ ذرا سی پانی میں گھسکر لگایا کریں ؛ (ایڈیٹر)

(۳۴۳) حیض کے شروع ہونے کا زمانہ } مختلف ملکوں میں مختلف ہے۔ گرم ملکوں میں ۸ برس سے ہی شروع ہو جاتا ہے۔ اور سرد ملکوں میں بیس بیس سال تک بھی شروع نہیں ہوتا۔ ہندوستان معتدل ملک ہے اور اس میں عام طور پر ۱۲ سال کی عمر میں حیض شروع ہو جاتا ہے۔ یہی حال ابھار کی پستان کا ہے جس زمانہ میں حیض آتا ہے اکثر اسی زمانہ میں ابھار کی پستان ہوتی ہے۔ ۱۰ سال سے ابھار کی پستان شروع ہو جاتی ہے ؛ (ایڈیٹر)

(۳۴۴) معجون جس سے اعضاء رئیسہ کو تقویت ہو } شقاقل۔ ثعلب۔ زرنباد۔ دارچینی۔ دار فلفل۔ فلفل سیاہ۔ پوست ہیڑہ۔ پوست آملہ۔ بیج بابونہ۔ گل بابونہ۔ شیطرج ہندی۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ مغز ناریل۔ مغز چلغوزہ۔ مغز پستہ ہر ایک ۲ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز جوز۔ [illegible] منقہ ہر ایک ۳ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۴۰ عدد۔ [illegible] شیر پاؤ سیر۔ قند و شہد سہ چنداں بدستور معجون بنا کر خوراک ۱ تولہ سے ۲ تولہ صبح و شام۔ غذا روغن کھایا کریں ؛ (حکیم [illegible])

دیگر: مغز تخم پیٹھہ ۵ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۹ ماشہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۹ ماشہ۔ مغز تخم خربوزہ ۹ ماشہ۔ کاسنی ۹ ماشہ۔ نیلوفر ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ ۹ ماشہ۔ تخم پالک ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ کوفتہ بیختہ۔ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ تخم گاؤزبان ۵ ماشہ۔ قند سفید ۶ تولہ۔ [illegible] کشتہ زرد ۹ ماشہ۔ مربہ سیب ولایتی ۵ تولہ۔ مربہ آملہ ۲ عدد۔ مربہ ہلیلہ ۵ عدد۔

ضیوں پر لگا دیں۔ آرام ہوگا ۔
(ایڈیٹر)

(۳۵۷) تیل مال کنگنی پیں کر معہ [illegible] رکھیں اور دھوپ کے وقت دونوں ٹانگوں پر خوب مالش کیا کریں۔ کچھ مدت ایسا کرنے سے آرام ہوگا ۔ (ایضاً)

(۳۵۸) **موٹے ہونے کا علاج** — خشخاش۔ بادام۔ فندق۔ چلغوزہ۔ گندم۔ مغز پستہ برابر وزن شکر سرخ سب کے برابر وزن مکھن میں ملا کر صبح کے وقت کھایا کریں۔ ترچیزوں، اور مغزیات اور مکھن و ملائی کا زیادہ استعمال کیا کریں چربی کو بڑھانے والی چیزیں کھایا کریں ۔
(ایڈیٹر)

(۳۵۹) جدوار خطائی جس کو نربسی بھی کہتے ہیں۔ لداخ علاقہ تبت کشمیر سے مل سکتی ہے اصلی اس قسم کی سوائے اس جگہ کے اور کہیں نہیں مل سکتی۔ پہچان اس کی یہ ہے کہ ایک چینی کے برتن میں ڈال کر نربسی چاقو سے چھیل کر اس میں ڈالیں اوپر سے پیالے کے تہ نارنجی رنگ کی ہو جاوے گی ۔
(ایضاً)

(۳۶۰) **نسخہ سرمہ مفید ضعف بصر** — پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ پوست بلیلہ ۵ تولہ آملہ ۵ تولہ ان تینوں اجزاء کو ۲ سیر پختہ پانی میں بھگو دیں۔ جب آٹھ پہر ہو جاویں تو مل چھان کر صاف کر لیں۔ صاف کئے ہوئے پانی میں جست بقدر ۱ تولہ ایک سو گیارہ بار گرم کر کے بجھا دیں۔ تمام وزن جست کا بقدر نصف رہ جاوے۔ پھر اس جست کی سیخ بنا کر دستہ نیم میں نصب کر لیں۔ اور اس دستہ سے کلی شورہ کو رگڑتے رہیں کہ تا سرمہ کے ہو جاوے۔ پھر تیار ہونے پر آنکھ میں ڈالیں مجرب ہے سرمہ کی تیاری کی علامت یہ ہے کہ رنگت سیاہ ہو جاوے ۔
(حکیم فضل الدین از ہنگار ضلع ہوشیار پور)

(۳۶۱) **کان درد** — جس کان میں درد ہو کوئی اور شخص حقہ کو نوش زور سے کرے یعنی سوٹا مار کر دھواں کو اس کان میں چھوڑ دیوے۔ دو تین سوٹے متواتر مار کر چھوڑے فوراً شفا ہوگی۔ مجرب ہے ۔
دیگر۔ پیاز کا پانی نکال کر ایک دو بوند کان میں ڈالی جاویں تو ان سے بھی آرام ہوگا آنکھ میں ڈالنے کو بھی مفید ہے ۔
(تصویر دائے مدرسی)

(۳۶۲) **طلائے بے نظیر** — [illegible]
(حکیم امام الدین عرف مجن)

(۳۶۳) **درد کان** — افیون ۱ رتی۔ زردی بیضہ مرغ معہ سفیدی بقدر ضرورت۔ شیر عورت بقدر ضرورت۔ فوراً درد کان بند ہو جاوے گی ۔
(سید حسین علی شاہ)

(۳۶۴) **کشتہ تانبہ سفید باپوٹی** — تانبہ صاف شدہ ۲ تولہ۔ نگندہ برگ مرچی آدھ پاؤ۔ برگ توت تازہ پانچ سیر۔ ایک ہانڈی گلی میں برگ توت مذکور ڈالیں اور برگ مرچی نگندہ کوٹ کر تانبہ رکھ کر ہانڈی مذکورہ میں ڈالیں گل حکمت کر کے ۲ من جنگلی اپلوں کی آگ دیویں۔ اس طرح سے دوبارہ مذکورہ بالا عمل کرنے سے باوزن سفید کشتہ تانبہ ہوگا۔ خوراک مقدار ایک چاول ہمراہ روٹی کھانے سے انیسویں روز کھا کر پاسے نامرد بھی مرد ہو جاوے گا اور مسکہ گاؤ میں ملا کر کھانا چاہیئے ۔
نوٹ ۔ اس نسخہ کو مہربانی کر کے ٹھیک ٹھیک مذکورہ بالا باتوں پر عمل کرتے ہوئے تیار کریں اور اپنی محنت کی داد پاویں۔ اور میں بھی انعام پانے کا مستحق ہوں ۔
(حکیم محمد رمضان اللہ ولد [illegible])

(۳۶۵) **کشتہ چاندی باوزن** — چاندی خالص ۱ تولہ تریپلا کے پانی میں ایک سو بیس مرتبہ سرد کریں۔ دودھی بوٹی آدھ پاؤ کا نگندہ بنا کر ۲ سکورہ گلی میں گل حکمت کر کے ۲ من صحرائی اپلوں کی آگ دیویں۔ بعد سرد ہونے کے نکال لیویں۔ کشتہ بہت سفید باوزن ہوگا۔ خوراک ایک رتی حسب المزاج۔ پان کے ساتھ استعمال کرا دیں ۔
(ایڈیٹر)

(۳۶۶) **اختناق الرحم و سیلان الرحم** — پہلے اس دوائی کو استعمال کرائیں کہ اس مرض کے لئے مخصوص و مجرب ہے۔ شورہ قلمی۔ زیرہ سفید۔ سہاگہ کھار۔ ربوند خطائی ہموزن بشکر تری مساوی الوزن پہلے مندرجہ بالا دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کیجئے اس کے بعد شکر ملا لیجئے۔ دو ماشہ سے ۹ ماشہ تک خوراک ہے جب ضرورت کھلائیے۔ جب یہ شکایت جاتی رہے تب یہ نسخہ استعمال کرائیے۔ گوند ببول۔ چنیا گوند۔ موچرس۔ گل دھاوا۔ چھوٹی بڑی ۳ تا ۶ ماشہ۔ مغز تخم تمر ہندی۔ تعلب مصری۔ موصلی سیاہ برابر وزن لیکر سفوف بنا دیں اور ہموزن سفوف مصری ملا لیجئے۔ سویرے ۱ تولہ ہمراہ دودھ گائے کے کھلائیں۔ تمام شکایت جاتی رہے گی ۔
(حکیم ابو الفیض فتح محمد خاں)

(۳۶۷) **سفیدی چشم** کے واسطے اکسیر ہے۔ روغن استخوان۔ بیزاب نوشادر۔ دونوں کو حل کر کے آنکھوں میں سلائی سے ڈالیں ۔
(حکیم امام الدین)

(۳۶۸) **علاج مرض منہ کھر** کا یہ ہے کہ بعض مویشی کے کھروں پر مٹی کا تیل لگا دیں

مجرب ہے ؛ (شرف الدین از دہاری والہ)

(۳۶۹) برائے داد (دھدری) گندھک آملہ سار ۴ رتی۔ کارپسلفاس ۲ رتی گلیسول ۲ رتی، زنک آکسائیڈ ۲ رتی۔ کاربالک ایسڈ ۲ بوند۔ ویسلین ۵ ڈرام ملا کر ملنا چاہئے۔ مفید ہے۔ دو دیوی چند ہیڈ کمپوڈر از ڈیپلیالہ

(۳۷۰) تیل نوشادر } اس طرح بناؤ کہ جس قدر چاہو نوشادر لے کر تین بار تصعید کرو۔ پھر اس نوشادر مصعد میں برابر وزن کلس انڈہ قلعی کرو۔ بہا خشک کر تمام نوشادر تیل ہو جاوے۔ علیحدہ کر کے شیشی میں رکھو۔ اہل بادبد و بلغمیہ میں یہ تیل بہت مفید ہے۔ مگر اہل صناعت نوشادر کا تیل اور ترکیب سے نکالتے ہیں ؛ (حکیم نور محمد از موگل)

(۳۷۱) یرقان } کشتہ ابرک سفید ۲ سرخ ہر صبح و شام شربت بزوری ۲ تولہ آب انیسون کے ہمراہ کھلاویں۔ مگر پہلے بذریعہ اسہال تنقیہ کرلیں۔ چند ہی روز میں انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو گا۔ ابرک کا کشتہ قلمی شورہ میں کرو ؛ (”)

(۳۷۲) نسخہ مقوی اعضائے رئیسہ } اسٹرکینیا ۱ گرین۔ فلز ٹی فاسفورس ۱ گرین سلفیٹ آف کونین ۱۲ گرین۔ قدرے شہد ملا کر ۲۰ گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح بعد از غذا اور ایک گولی شام بعد از غذا کھانے کے سستی، ناطاقتی دور ہو کر چستی، توانائی وغیرہ سب امور مطلوبہ حاصل ہوں گے۔ (”)

(۳۷۳) کالی کھانسی } نمک سونچل ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ پھلی کنار کی خورد ۲ تولہ۔ سب کو باہم ملا کر نیم کوب کر کے گلی کوزہ میں ڈال کر منہ پر بند گل حکمت کر کے ۵ سیر اُپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر سادی اس کے مصری ملا کر ۴۔ ۵ دفعہ تین تین ماشہ کھلائیں۔ چند ہی یوم میں کالی کھانسی دور ہو جاوے گی۔ مجرب ہے ؛ (”)

دیگر } ایمونیا برومائیڈ ۲ ماشہ۔ ۵ تولہ شہد میں ملا کر رکھیں۔ دن میں تین دفعہ ایک ایک انگلی بھر چٹاویں۔ اس سے بھی آرام ہو گا۔ یہ بھی مجرب ہے ؛ (”)

(۳۷۴) درد دانت } کریازوٹ قدرے دانت کے سوراخ میں ڈالیں درد کو فوراً آرام ہو گا ؛ (”)

(۳۷۵) کشتہ جست } جست کو ڈھال کر ۲۰ دفعہ آب لیموں میں غوطہ دویں۔ بعد ۱۰ بار آب برگ نکالتیں میں غوطہ دینا ہو گا۔ اس عمل سے جست صاف ہو جاوے گا۔ پھر پوست انار ترش تازہ دس تولہ کو ہمراہ شیر مدار ۵ تولہ کے خوب کھرل کریں جب یک جان ہو جاوے تو جست کو اس میں رکھ کر ہاتھ سے گولہ بنا لیں۔ اوپر گل حکمت کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر گڑھے میں ۱ سیر پختہ پاچک دشتی کی

آگ دیدیں تو جست سفید بادل تیار ہو گا۔ خوراک ۲ رتی مسکہ میں۔ جریان منی کے لئے کھانا اور بہت مفید ہے۔ پرہیز ترشی سے ؛ (حکیم غلام علیشاہ)

(۳۷۶) کشتہ دارچکنا } دارچکنا کی ایک ڈلی وزنی ۲ تولہ لے کر اس کو مین پھل کلاں میں رکھ کر اوپر آرد گندم کا ضماد کریں۔ اور بار یک کپڑا لیں اس میں پھل کو باندھ لیں۔ بعد ہانڈی گلی لے کر اس میں ۲ سیر شیر گاؤ ڈال کر چولہا پر رکھیں۔ اور درمیان شیر مذکور کے وہ مین پھل والی پوٹلی کو لٹکا دیں۔ یاد رہے کہ پوٹلی عین درمیان میں رہے۔ جب تمام شیر خشک ہو جاوے تو اتار کر دارچکنا کو دوسرے مین پھل میں ڈال کر ترکیب بالا کے موافق کریں۔ غرض اس طرح تین بار شیر میں مین پھل کو پکانا ہو گا۔ بعد تین بار آب اطریفل میں ترکیب بالا کی طرح پکاویں۔ پھر ایک بار فقط خالص پانی میں ایک گھنٹہ تک جوش دیں۔ اس عمل کے بعد دارچکنا کو مین پھل سے نکال لیویں۔ اور جا لگوٹہ ۲ تولہ۔ بلادر ۲ تولہ۔ شیر مدار ۵ تولہ کو ملا کر خوب سحق کریں۔ اور نغدہ بنا کر اس میں دارچکنا کی ڈلی رکھ کر اوپر گل حکمت کر کے خشک کریں۔ ۲ سیر پاچک دشتی کی آگ میں رکھ دیں تو بہت عمدہ تیار ہو گا۔ اہل صنعت اپنے کام کے لئے ایسی ترکیب کو پسند کرتے ہیں۔ کیونکہ جب دارچکنا کو ہوشیار کر لیا تو اس میں خاصہ اکسیر کا پیدا ہو جاتا ہے۔ بعض استاد اس کے ذریعہ سے دوسری چیزوں کا تیل بھی نکال لیتے ہیں۔ جو کہ اسامد چیز بن جاتی ہے ؛ (حکیم غلام علیشاہ از کراچی)

(۳۷۷) کالی کھانسی کیواسطے مفید ہے } نسخہ متعلق میرے تجربہ میں ہے۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ تخم خطمی ۱ تولہ۔ تخم تیان شگوفتہ ۱ تولہ۔ عناب ۳ تولہ۔ برگ اڑوسہ سیاہ ۳ تولہ۔ گل اڑوسہ سیاہ ۲ تولہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ۔ سپستان ۱۰۰ عدد۔ برگ گاؤزبان ۱ تولہ۔ اصل السوس مقشر ۱ تولہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ۔ ان سب کو رات بھر پانی میں تر رکھیں۔ صبح کو جوش دے کر چھان کر قند سیاہ کا قوام کریں اور یہ ادویات اضافہ کریں۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔ کتیرا ۳ ماشہ۔ تشکر مثقال ۲ ماشہ۔ مغز بادام ۹ دانہ۔ سنا چینی ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ باریک پیس کر اضافہ کریں اور ایک تولہ ہر روز کھاویں۔ اور اوپر سے عرق گاؤزبان پلاویں۔ نہایت مفید ہے ؛ (حکیم امام الدین از منتظر بکر)

(۳۷۸) یرقان } کے واسطے نہایت مفید ہے۔ عصارہ غافث ۲۰ درم۔ سنبل الطیب ۱۰ درم۔ طباشیر ۲ درم۔ مصطگی ۱ درم۔ گل سرخ ۱۰ درم۔ ان سب کو کوٹ چھان کر پانی میں قرص بنا دیں۔ اور ایک قرص ہمراہ عرق کیوڑہ ۳ تولہ، عرق بادیان ۲ تولہ۔ عرق گلاب ۳ تولہ۔ عرق کاسنی ۳ تولہ۔ عرق کثوث ۳ تولہ۔ شربت انجبار ڈال کر پلادیں ؛ (”)

(۳۷۹) **حب مقوی باہ و دل و دماغ و جگر و جمیع اعضاء بدن مستحکم و مضبوط سازند از بس مقوی مجرب است** ۔ جدوار ۲ مثقال عود ۲ مثقال ۔ زرنباد ۲ مثقال ۔ قرنفل ۲ مثقال ۔ صمغ عربی ۲ مثقال ۔ درونج ۲ مثقال ۔ دارچینی ۲ مثقال ۔ زعفران نیم مثقال ۔ عاقرقرحا نیم مثقال ۔ مشک نیم مثقال ۔ ہمہ ادویہ را کوفتہ بیختہ قدرے شہد خالص یا شربت مصری سرشتہ حب بقدر نخود سازند ۔ خوراک ایک حب بوقت صبح و یک بوقت شام ۔ بہمراہ شیر تازہ مادہ گاؤ ۔

(۳۸۰) **سوزاک** } مجرب علاج درج ہے جس سے برسوں کے سوزاک کو فائدہ ہوتا ہے ۔ [illegible] بریاں ۱۰ ماشہ ۔ پھٹکڑی بریاں ۱۰ ماشہ ۔ افیون خام ۱ رتی ۔ تینوں کو ۱۰ چھٹانک پانی میں ڈال کر خوب ہلالیں اور دن میں تین بار خوب ہلا کر پچکاری کریں ۔ ایک ہی ہفتہ میں آرام ہوگا ۔ اگر خفیف سی درد ہو تو اس کا کچھ خیال نہ کریں ۔ کچھ نقصان نہیں ہوگا ۔
(عبد الباری از کلکتہ [illegible])

(۳۸۱) **کشتہ سیماب و ہڑتال** } ہڑتال طبقی و سیماب ہموزن لیں اور پہلے ہڑتال کو کھرل میں خوب باریک پیس کر سیماب ڈالیں اور خوب سحق کریں حتیٰ کہ ایک ذات ہو جاوے پھر عرق لیموں کاغذی سے ایک پہر کھرل کریں اور اسی طرح ۱۰ چھٹانک ایک ایک پہر کے وقفہ کے بعد دیں ۔ بعد ازاں شیر دقوم یعنی تھوہر کے دودھ میں اسی طرح ۱۰ چھٹانک ایک ایک پہر کے وقفہ سے دیں ۔ اس کے بعد اسی طرح برگ پان کوٹ کر عرق نکال کر اس کو بھی ۱۰ مرتبہ ایک ایک پہر کے وقفہ کے بعد کھرل کریں ۔ غلیظ ہو جانے پر ٹکیہ باندھ کر آفتاب میں خشک کریں ۔ دو پھر دو ٹکڑے خشت کہنہ کے لیکر گھس کر ہموار کرلیں اور ان کے درمیان جو ٹکڑی ہو تو ٹکیہ کے بنالیں پھر اس میں ٹکیہ رکھکر ۷ بار گل حکمت کرکے دھوپ میں سکھالیں پھر ایک مٹی کا بڑا اور مضبوط برتن لیں اور اس کو بھی ۲ مرتبہ گل حکمت کرکے خشک کریں پھر اس کے درمیان ۵ سیر بالو ریت ڈالیں اور ریت کے اوپر وہی خشت گل حکمت شدہ رکھیں اور اس کے اوپر اور ۵ سیر بالو ریت ڈالدیں اور اس ظرف کا منہ بھی خوب مضبوط ۲ مرتبہ گل حکمت کرکے خشک کریں ۔ پھر چولھے پر رکھ کر ۱۲ پہر تیز آگ دیں ۔ سرد ہونے کے بعد اتار کر کھولیں کشتہ تیار عمدہ برآمد ہوگا ۔ نکالیں اور احتیاط سے رکھیں ۔ ایک رتی ہمراہ پان میں کھلانے سے نحیف و نزار بن جاوے ۔ ضعف باہ جوان والے کو اس کے چار چاول تک کھلا دیں ۔ بدن فربہ کرے ۔ رنگ چہرہ و بدن سرخ ہوں ۔ بینائی و قوت دماغ بڑھے ۔ خوب بھوک لگے ۔
(حکیم محمد عبد العزیز)

(۳۸۲) **سوزاک** } سرب یعنی سکہ کو کڑاہی آہنی میں گلا کر درمیان کیکر کی لکڑی چھیڑتے رہیں اور دو گھنٹہ تک کشتہ ہو جاوے گا ۔ بعد ازاں ایک سرخ کر [illegible]

ست بہروزہ ۹ ماشہ ۔ پھول پھٹکڑی ۹ ماشہ ۔ ان ہر سہ کو ایک جگہ جمع کرکے بالائی میں رکھ کر ہر صبح نہار نگل جایا کریں ۔ مادہ سوزاک بفضل تعالیٰ دور ہوگا ۔ ایک ہفتہ کے استعمال کے بعد کسی عمدہ ترکیب سے بنا ہوا کشتہ نقرہ کا استعمال کریں ۔ دوران عمل دوائی ہیں ترش اشیاء و جماع وغیرہ سے پرہیز ۔
(حکیم دوست محمد خاں)

(۳۸۳) شنگرف رومی ۲ تولہ ۔ ورق نقرہ ۱ تولہ ۔ ان دونوں کو ڈنڈا تھوہر کے پانی میں ۲۴ پہر کھرل کرکے ایک ٹکیہ بنا دیں ۔ جب خشک ہو جاوے تو زیر و بالا ایک ایک برگ مدار رکھ کر [illegible] ۲۴ پہر آگ سے کشتہ کرلیں ۔ کشتہ مذکور ۱ تولہ ۔ مشک خالص ۲ ماشہ ۔ عنبر ۲ ماشہ ۔ زعفران ۱ تولہ ۔ [illegible] ۱ تولہ ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ ۔ ان سب کو دو دن کھرل میں آدھ گھنٹہ کھرل کرکے بقدر مرچ سیاہ گولیاں بنالیویں ۔ ہر صبح نہار منہ ایک گولی نگل جاویں ۔ اس طرح ایک گولی شام کو بھی کھالینی بہتر ہے ۔ اگر دو ہفتہ تک دوران عمل حب ہائے کیا جاوے اور پرہیز جماع ترش اشیاء سے رکھا جائے ۔ بیشک پھر دوسری ہفتہ میں ان کے کھانے سے بدن میں نہایت چستی اور چالاکی بہت ہوگی اس قدر ہوگی کہ خواہ مخواہ اچھلنے کودنے کو جی چاہے گا ۔ بھوک بیشمار لگے گی ۔ خون صالح پیدا ہوگا ۔ قوت باہ زیادہ ہوگی ۔ اور حافظہ تیز ہے گا وغیرہ وغیرہ ۔

(۳۸۴) **سفیدی چشم** کے واسطے بہت فائدہ مند ہے ۔ نسخہ جو کچھ باقی رہا تھا وہ اب میں تحریر کرتا ہوں اور نسخہ مکمل انجام یہ ہے ۔
سرمہ اصفہانی ۲ تولہ ۔ نیلا تھوتھا ۲ تولہ ۔ سونا مکھی ۲ تولہ ۔ بیخ مرجان ۱ تولہ ۔ سرطان بحری ۲ تولہ ۔ مروارید ناسفتہ ۲ تولہ ۔ تج پات ۲ تولہ ۔ یاقوت سرخ ۲ ماشہ ۔ [illegible] ۲ ماشہ ۔ زعفران ۲ ماشہ ۔ تانبہ جلا ہوا ۲ ماشہ ۔ باریک پیسکر استعمال کریں ۔
(" ")

(۳۸۵) **دیسی خضاب** نہایت مفید ہے ۔ روغن زیتون ۲ تولہ ۔ سرکہ خاص ۲ تولہ ۔ [illegible] ۲ تولہ ۔ اجوائن سبز ۲ تولہ ۔ کشتہ تانبہ ۲ تولہ ۔ پوست اخروٹ ۲ تولہ ۔ برگ سیاہ و شال ۲ تولہ ۔ زاج ابیض ۲ تولہ ۔ تاتیا ۲ تولہ ۔ ان سب کو کوٹ چھانکر روغن مذکور میں خوب پکاویں اور مل چھان کر روغن لیں اور بالوں پر لگایا کریں ۔ نہایت مفید ہے ۔
(حکیم دوست محمد خاں)

(۳۸۶) **کھونٹی دیر بعد نکلے** } بعد حجامت لعاب اسپغول میں کچھ افیون حل کرکے اچھی طرح ملیں کہ مساموں میں جذب ہو جاوے ۔ کھونٹی دیر کے بعد نکلے گی اور چہرہ کو کوئی ضرر ہرگز نہ ہوگا ۔
(ایڈیٹر)

(۳۸۷) **سفید داغ** } وجہ پیدائش تو علیحدہ حصہ اول اخبار میں درج ہوگی ۔ علاج مجرب یہ ہے ۔ [illegible] گندھک آملہ سار برابر وزن بکری کے دودھ میں گھس کر لگایا کریں ۔
(" ")

(۳۸۸) **تیل انکول** } اس کے بیجوں کو کوٹیں اور سرسوں کے تیل یا روغن بادام میں مخلوط کرکے آتشی شیشی کے ذریعہ تیل نکالیں جس کا طریقہ پہلے درج ہو چکا ہے ۔

(۳۸۹) **مستی کرن** } اس پلاس کو کہتے ہیں جس کے پتے بہت بڑے مانند کان ہاتھی کے ہوتے ہیں عام جنگلوں میں ملتی ہے مقوی باہ ہے۔ پلاس۔ ڈھاک پھچھرہ ۔
(ایڈیٹر)

(۳۹۰) **نوشادر قائم النار** } چونہ سفید منحا ایک سیر نوشادر حسب ضرورت دو چار تولہ ایک ہنڈیا میں چونہ سفید ڈالیں اور نوشادر درمیان رکھیں۔ ہنڈیا کا منہ بند کر دیں۔ اور نیچے ۸ پہر آگ جلا دیں۔ پہلے نرم بعد ازاں تیز بعد ۲۴ گھنٹے کے اتاریں۔ چونہ اور نوشادر یک جان ہو گئے ہوں گے۔ اس مرکب کو پانی میں گھولیں۔ اور ایک دن رات بعد نتھار کر لیکر کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلا دیں۔ پانی اڑ جاوے گا اور نوشادر قائم النار تہہ میں جم جاویگا۔
(داور سنگھ)

(ب) **شنگرف مومیا** } شہد دیسی ایک سیر بھلاوہ چوکوب شدہ ایک سیر روغن زرد ایک سیر تینوں کو ایک دیگچہ میں ڈالیں۔ اور ایک دیسی کی پچھلا ٹھ جس میں شنگرف ۲ تولہ ڈال کر منہ بند کر کے مٹی ملتانی کا ٹانکا لگا دیں تاکہ شنگرف کا کوئی حصہ باہر نہ آوے اسکو دیگچہ میں ڈال دیں پھر دیگچہ خوب گل حکمت کر کے خشک کر کے چولہا پر چڑھا دیں ۸ پہر کی آنچ دیں پہلے نرم پھر درمیانی اور پھر تیز۔ بعد شنگرف مومیا نکالیں۔
(")

(۳۹۰) **سلمہ ستارہ کی ٹوپیوں سے چکنائی دور کرنا** } جس سفید مٹی سے انگریزی چرٹ پینے والا پائپ بنتا ہے وہ ۲ تولہ خول کی مٹی کو ڈالیہ ۲ تولہ باریک کر کے بقدر ضرورت سپرٹ سے خمیر کر کے ٹکیاں بنا رکھیں۔ چکنائی کی جگہ پر ملیں۔ پھر نرم برش سے صاف کر دیں۔ امید ہے کہ داغ دور ہو جاوینگے۔ تجربہ کر کے دیکھ لینا چاہئے ہم یقینیاً نہیں کہہ سکتے ہیں۔
(")

(۳۹۲) **بغل میں پسینہ** } مردار سنگ گلاب میں گھس کر لگایا کریں مفید ہے۔ (")

(۳۹۳) **درد سر کا دورہ** } مریض کو کسی حاذق وید یا حکیم سے تے مجلاب مارہ قبض اور سر دو شنی کرا دیں ہمیشہ کیلئے شکایت دور ہو جاوے گی۔

(۳۹۴) **لڑکے کی زبان اور ٹانگیں کمزور** } کشتہ فولاد جمع لگا تار ۲ ماہ منقہ میں رکھ کر بمقدار ۲ چاول کھلاؤ۔ تاکہ خون پیدا ہو۔ دودھ گھی کا بکثرت استعمال رکھو۔ بادام اور مصری بھی کھلایا کرو جب خون بدن میں معلوم ہونے لگے تو کشتہ شنگرف نصف چاول کھلانا شروع کرو۔ شکایت تمام دور ہو جاوے گی۔
(ایڈیٹر)

تمام شد

پھر سونٹھ و فلفل دراز تھوڑے آب ادرک کے ساتھ کھرل کرے اور باقی اجزا آب بھنگرہ کے ساتھ کھرل کر کے سب کو اکٹھا کر کے گولیاں موافق دانہ مونگ کے بنا وے خوراک ایک گولی ہر صبح۔

(نوٹ) یہاں باقی اجزاء کو تو آب بھنگرہ کے ساتھ کھرل کرنا لکھا ہے اس طرح چاہیے کہ اول پارہ اور گندھک کو آدھے دن تک خوب کھرل کریں جس سے وہ سیاہ کجلی ہو جاوے اس کے بعد بھیڑہ۔ باڑنگ داخل کر کے آب بھنگرہ سے کھرل کریں اور پھر باقی کل اجزاء ڈالکر آب بھنگرہ ہی کی مدد سے گولیاں بنا دیں اور گولی بہمراہ آب دے سکتے ہیں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے نزول و بلغم

خشخاس سفید ۴ سیر۔ گوند پھولائی (بھبری گوند) ایک پاؤ۔ الاچی کلاں ایک پاؤ روغن گاؤ ۴ سیر۔ پوست خشخاش اَن چھنا ½ سیر۔ شکر تری (کھانڈ) ۳ سیر اور میدہ گندم ½ سیر۔ نشاستہ نیم سیر۔ پوست خشخاش بے ضرب کو ۴ دن تک پانی میں تر رکھیں۔ بعد ازاں کونڈے ڈنڈے میں ڈالکر خوب گھوٹے اور خشخاش سفید و نشاستہ کڑاہی میں ڈالے اور بھونے اور اس میں پوست کا پانی مذکور الصدر ملا دیوے پھر اس میں ۴ سیر روغن زرد ملا کر جوش کرے حتیٰ کہ تمام پانی سوکھ جاوے ½ سیر روغن زرد بقیہ میں میدہ گندم بھون کر اس میں داخل کرے اور باقی سب اجزاء ملا کر رکھے اور سوتے وقت ۳ تولہ کھاوے ترشی و بادی سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

نسخہ درد شکم از ریح و جمیع اقسام ریاح و بادی

(از بابا بُدھ گر صاحب) فلفل گرد ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ ستو اسونٹھ ایک تولہ۔ پیلا مول ۱ تولہ۔ نشادر ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ اجوائن ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ اجمود ۱ تولہ۔ سوچر نمک ۱ تولہ۔ مصبر ۱ تولہ۔ نمک ہندی ۱ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ ہلیلہ ۱ تولہ۔ بلیلہ ۱ تولہ۔ آملہ ۱ تولہ۔ پودینہ ۱ تولہ۔ سنا کو ۲ تولہ کپڑچھان کر کے سفوف کر کے رکھے خوراک ہر وقت ۱ ماشہ

بہمراہ آب گرم یا عرق بادیان و غیرہ وغیرہ اسکے چند روز کے ہی استعمال کرنے سے تمام شکایات دور ہو جاتی ہے (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے بادی

اک (مدار) کے برگ و پھول دودوھ۔ وجڑھ ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۱ تولہ۔ عقرقرحہ ۱ تولہ مصطگی رومی ۱ تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۱ تولہ۔ کوڑا ۱ تولہ۔ نمک سونچر ۱ تولہ۔ علیحدہ علیحدہ باریک کر کے سونف (بادیان) ۵ تولہ۔ گلاب کے پھول ۵ تولہ سنا مکی ۵ تولہ۔ کرائیتہ ۳ تولہ۔ چرائیتہ ۳ تولہ۔ پوست بیخ پھولاہی ایک پاؤ۔ پوست نرم شلغ پھوڑہ یک پاؤ۔ ستیارہ ۵ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ بلیلہ ۱ تولہ۔ آملہ ۱ تولہ۔ گندولی ۵ تولہ۔ اجوائن ۵ تولہ۔ شحم حنظل (تُمّہ کا گودہ) تمام کو جو کوب کر کے دیگ میں ڈالے اور ۱۲ سیر پانی ڈالے اور نیچے نرم آنچ کرے۔ جب ایک چھٹانک پانی باقی رہے نیچے اتار کر صاف کر کے کڑاہی میں ڈال کر اور پہلی ادویات باریک شدہ اس میں ملاوے اور نیچے آنچ کرے کہ گولی بنانے کے لائق ہو جاوے گولی بمقدار ۱ ماشہ کی بنا لے خوراک ایک گولی رات کو سوتے وقت بہمراہ آب گرم۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے درد ریح

انگوزہ ۳ ماشہ۔ قند سیاہ ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ سب کو ایک سیر آب میں ڈالکر جوش دیوے جب ½ چھٹانک باقی رہے پلا دیوے (ایک قلمی کتاب)

برائے دردہائے بائی

(از باوا صاحب بُدھ گر) تخم کاسنی ۳ تولہ۔ تخم سونف ۲ تولہ۔ بیخ سونف ۳ تولہ۔ تخم کرفس ۳ تولہ تخم کشوث ۲ تولہ۔ تخم خیارہ ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ کر ایک پیالہ پانی میں ۲ پہر بھگو رکھے اور پھر جوش دیوے جب ½ حصہ رہ جاوے مل چھان کر مصری آدھ سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ علی الصباح (ایک قلمی کتاب)

عطوس برائے فالج و لقوہ و مسکن جمیع امراض باردہ

(از بابو بھگوان گر صاحب) نکچھکنی۔ کلونجی۔ فرفیون۔ فلفل سیاہ۔ جند بیدستر۔ زراوند۔ حب بلسان۔ مشک۔ عاقر قرحہ۔ جوکھار۔ مساوی الوزن کوٹ پیسکر رکھے اور بوقت ضرورت نسوار دیوے۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے دفیعہ فالج و لقوہ۔

(از بابو صاحب بدھ گر) شنگرف ۱ تولہ۔ اجوائن ایک سیر۔ زمین میں گڑھا کرکے آدھ سیر اجوائن بچھا کر اوپر شنگرف کی ڈلی رکھکر اوپر آدھ سیر باقیماندہ اجوائن بچھا دے اسکے اوپر چپنا اوپلے لگا کر آگ دیوے جب اوپر سے اجوائن جل جاوے تو شنگرف کو نکال لیوے اور پھر پوٹلی میں باندھکر پکے ہوئے گوشت میں لٹکا دے خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن۔

(نوٹ) جو گوشت نہ کھاتے ہوں انکو ایسی ضرورت نہیں ہے اجوائن میں اس طرح آگ دینے کی بجائے تو آنچ پر انجیدی ہو وہ اس طرح کہ آدھ پاؤ اجوائن نیچے رکھی اور آدھ پاؤ اوپر رکھکر درمیان ڈلی دیکر نیچے درمیانی انجیدی جب اجوائن چوٹی تک جل گئی شنگرف کو اسی وقت نکالکر دوسری اتنی ہی اجوائن کے درمیان توے پر ہی رکھیے اس طرح ۷ آنچ دینے کے بعد شنگرف آگ پر نہیں اٹھتا ہے بہتر ہے کہ بجائے اجوائن کے اجوائن اجمود برابر وزن لے جاویں۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے دفیعہ عرق النساء (رنگھن باؤ) و جھولا

(از بابو صاحب بدمزاج) افیون ۱ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ اول شنگرف و میٹھا تیلیا کو ملا کر خوب کھرل کریں پھر دوسری ادویہ داخل کرکے عرق ادرک میں کھرل کریں۔ گولی موافق ایک رتی کے باندھیں اور ایک گولی منہ میں رکھکر اوپر سے گھی جس میں نصف لونگ بھی ڈالا ہو پی لیں۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے دفیعہ سیروی۔ لقوہ فالج و عرق النساء

برنگلی کا درد

(رنگھن باؤ) و جمیع امراض باردہ از بابو اصناب بدمزاج۔

پارہ ۱ تولہ۔ سم الفار ۱ تولہ۔ دونوں کو عرق لیموں میں کھرل کرے جب یکجان ہو جاویں تو ایک پیسہ کے اوپر لیپ کرکے کپڑا اسفید اسقدر لپیٹے کہ مانند نارنگی کے ہو جاوے پھر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیوے تا نبہ کشتہ ہو جاوے خوراک ایک سرخ مکھن وغیرہ میں دیویں۔ (ایک قلمی کتاب)

گیہوں کے برابر

۱/۲ چاول

نسخہ برائے سن

بیر بہوٹی ۱۰ تولہ۔ چاول ۲ تولہ دونوں کو ایک شیشی میں ڈال کر بند کرکے ۴۰ روز تک رہنے دیوے اور باہر نکالکر لونگ ۲ ماشہ۔ جائفل ۲ ماشہ۔ زنجبیل ۲ ماشہ۔ عاقر قرحہ ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ جلوتری ۲ ماشہ پیسکر داخل کرکے رکھے۔ خوراک ۱ رتی۔ شکر سرخ میں ملا کر دیوے۔

(نوٹ) یہ دوائی اس بیماری کیواسطے میری رائے میں اکسیر کا کام دیگی جسکا انگریزی میں ڈفتھریا Diphteria نام ہے۔

برائے دفیعہ بادی

کچلہ ۲ تولہ۔ گوگل ۲ تولہ۔ کچلہ کو دو سیر دودھ میں ڈالکر یہانتک جوش دیوے کہ تمام دودھ جذب ہو جاوے بعد ازاں اسکا پوست دور کرکے درمیان سے پتہ نکالکر کوٹ کر گوگل کے ساتھ ملا کر خوب کوٹے اور شہد ملا کر برابر کنار دشتی کے گولیاں بناویں ایک گولی صبح و ایک گولی شام دیویں۔

ہر شخص نسخہ دیکھکر ہی کہہ سکتا ہے کہ بادی کو دور کرنے اور پھوڑوں کو ابھارنے کیواسطے سادہ نسخہ بےنظیر ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے فالج ولقوہ وسن

(از باوا صاحب بُدھ گر) بھلانوہ ۵ تولہ۔ جمالگوٹہ ۵ تولہ دونو کو الگ الگ کرلے دو پیالے لیکر ایک میں بھلانوے اور ایک میں جمالگوٹہ دیکر دونوں کے درمیان ایک پیسہ دیکر بند کردیوے اور اوپر پرانا کپڑا اسفید رنگت بقدر آدھ سیر لپیٹ دیوے اور ۱۲ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے تانبہ کا کشتہ ہووے خوراک ایک رتی سترامراض کیواسطے شربت عسل (شہد) سے دیوے آرام ہووے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے درد ہائے امراض باردہ خصوصًا وجع المفاصل (گنٹھیا)

گوگل ۲ تولہ شکر تری (کھانڈ) ½ پاؤ۔ روغن زرد ½ پاؤ سب کو ایک کوزہ گِل میں ڈال کر منہ بند کرکے بکری کی مینگنی یا پنچسیر کی آنچ گڑھے میں دیویں اور بقدر ۳ ماشہ گھی سے کھاویں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے بلغم ونزلہ

(از باوا صاحب بدطبیعت) پوست درخت پھولاہی ا سیر۔ پوست درخت کیکر ا سیر۔ برگ بھنگرہ ا سیر علیحدہ علیحدہ کوٹ کر ایک گھڑے میں ڈال کر پانی سے پُر کردیں اور نیچے نرم آنچ دیں جب ڈیڑھ پیالہ کے قریب پانی رہ جاوے تو نیچے اُتار کر مل چھان کر مصری ایک سیر داخل کرکے شربت تیار کریں۔ دوگنا وزن پانی ملا کر صبح دو تین تولہ پیا کریں (ایضًا)

نسخہ برائے ریزش

سہاگہ۔ سم الفار۔ نوشادر ہر ایک ۶ ماشہ باریک کرکے ایک بوتہ یا پیالہ گِل میں ... ۱۰ انگل چوڑا اور لمبا ہو نصف نیچے بچھا کر اوپر ایک تولہ کا اتنا پترا کر کے تانبہ رکھے اسپر باقیماندہ سفوف ڈالکر بند کرکے پانچسیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔

لیکن اوپلے نیچے کم اور اوپر زیادہ رکھے اور سرد ہونے پر نکال کر اس کے برابر رسکپور اور دونوں کے برابر تباشیر اور تلینوں کے برابر تخم الاچی خورد پیسکر ملا دیوے اور ا رتی کھانڈ یا چینی میں۔ (قلمی کتاب)

(نوٹ) میری رائے میں رسکپور یا کشتہ مصنفہ ڈالیں رسکپور ۲ پہر گھی میں ڈال کر آنچ پر رکھیں اور پھر گھی سے باہر نکال لیں صاف ہوگیا۔ (مترجم)

نسخہ برائے ریزش و بلغم

(از باوا بدھ گر صاحب) سم الفار سفید ا تولہ۔ دودھ برگ پھول آک (مدار) ۶ ماشہ۔ کنڈیاری کے پانی میں ۲ پہر کھرل کرے اور ٹکیہ بنا کر اسکو تابہ آہنی (توا) پر رکھے اور اوپر ایک پیالہ اوندھا کر منہ آٹے سے بند کردیوے اور دو پہر آنچ بیری کی لکڑی کی نیچے کرے سنکھیا کا جوہر اُڑ کر اوپر کے پیالہ کو جا لگے گا اس میں تخم الاچی کلاں ۳ ماشہ مصری ا ماشہ کو ملا دیوے خوراک ½ چاول یا ایک چاول مکھن میں غذا نان گندم یا روغن زرد بے نمک۔

نسخہ برائے مرض جھولا

(از باوا صاحب کاہن گر) برگ آک (مدار) برگ دھتورہ۔ برگ حرمل برگ ارنڈ۔ برگ اکسن۔ برگ کپاس ہر ایک ایک سیر لیکر تمام کا پانی نکالے اور کڑاہی میں معہ روغن تِل نیم پاؤ کے ڈالے جب صرف روغن رہے تو نیچے اُتار کر گنٹھ ا تولہ۔ عقرقرحا ا تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ا تولہ۔ فلفل سیاہ ا تولہ۔ لونگ ا تولہ افیون ا تولہ۔ پیسکر داخل کرے اور رات کیوقت آگ کے سامنے بیٹھکر مالش کرکے ارنڈ کے پتے گرم کرکے باندھے اور ہوا سے بچاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے ریزش وتنگی آواز از بلغم

سناکی ا تولہ کوٹ پیسکر شہد میں ملا دیوے اور ۳ گولیاں بنادے ہر ایک ایک گولی ۳ دن تک کھاوے اپر گرم پانی ہمراہ

نسخہ برائے وجع المفاصل و عرق النسا

کیسر (زعفران) ٣ ماشہ۔ جائفل ٣ ماشہ۔ لونگ ٣ ماشہ۔ جلوتری ٣ ماشہ۔ فلفل سیاہ ٣ ماشہ۔ فلفل گرد ٢ ماشہ۔ پپلامول ٣ ماشہ۔ گوگل ٣ ماشہ۔ گوگل لیکر دودھ آدھ سیر میں ڈالدیوے اور آنچ پر رکھے جب گاڑھا ہوجاوے نیچے اتار کر باقیماندہ ادویات کوٹ پیسکر داخل کردے اور تمام ادویہ کے ٩ حصہ کریں اور خوراک ١ حصہ۔ غذا صرف چوری نان گندم۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے برص و بہق

انار کے پھول ١ تولہ۔ آملسار ٢ تولہ۔ باوچی سیاہ ١ تولہ۔ دارچینی ٥ تولہ شیشہ ہاج ہندی ٥ تولہ۔ پوست انجیر ١ تولہ۔ دھنیا سیاہ ١ تولہ۔ تخم بکائین آدھ پاؤ۔ کا پھل ٥ تولہ سب کو جوکوب کرکے ١ سیر پانی میں ڈالکر ٨ پہر تک رکھے بعد ازاں جوشش دیوے جب ایک پاؤ رہ جاوے خالص شہد ایک چھٹانک داخل کرکے خفیف سا جوش دے۔ خوراک ٢ تولہ صبح و شام مچھلی بینگن۔ تیل وغیرہ سے پرہیز (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے ذات الجنب

سم الفار سفید ١ تولہ۔ نمک تلخ (قلمی شورہ) ٢ تولہ۔ کڑچھے میں نیچے اوپر شورہ درمیان سنکھیا رکھکر آگ پر رکھے جب ادویہ پگھل کر تہ نشین ہوویں۔ نیچے اتار کر دیکھیں خوراک بقدر ١ چاول۔ در چینی۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی کہ آب دہن کو خشک کرے بھوک کو بڑھاوے سینہ کو پاک کرے

(از موتی گر صاحب) زنجبیل (سونٹھ) ٢ سرساہی۔ فلفلدراز (گھ) ایک سرساہی۔ ١٢ گھنٹے لگاتار ڈنڈے چوبی سے کونڈی میں گھوٹے اور ایک ماشہ ہمراہ پانی دیوے۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے ریح جو سرد مزاج والوں کو موافق ہے

عقرقرحہ۔ سناکی۔ منقہ۔ الگ الگ پیسکر ایک جگہ کرکے برابر جنگلی بیر کے گولیاں بناوے اور سوتے وقت ایک گولی اور صبح ایک گولی ہمراہ پانی گرم دیوے (ایک قلمی کتاب)

برائے عرق النساء (رینگھن باؤ)

کیسر ٣ ماشہ۔ جائفل ٣ ماشہ۔ لونگ ٤ ماشہ۔ جلوتری ٢ ماشہ۔ مرچ سیاہ ٣ ماشہ فلفلدراز ٣ ماشہ۔ پپلامول ٣ ماشہ۔ گوگل ١ ماشہ۔ اول گوگل کو آدھ سیر دودھ میں ڈال کر گرم کرے جب گاڑھا ہوجاوے تو دوسری ادویہ ڈال کر ٩ حصہ کرے خوراک ایک حصہ علی الصبح۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے عرق النساء و وجع المفاصل

میٹھا تیلیا ٦ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ٦ ماشہ۔ پپلامول ٦ ماشہ۔ اجوائن تینوں اقسام ٦-٦ ماشہ۔ عقرقرحہ ٦ ماشہ۔ فلفلیں ٦-٦ ماشہ۔ خرمہ کر سوختہ ٦ ماشہ۔ سوہاگہ ٦ ماشہ کل ادویہ کو کوٹ پیسکر ادرک یا سہانجنہ کی رس سے ایک دن کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنادیں خوراک ١ گولی بہمراہ شیر گاؤ جس میں گرم ہوتے وقت سونٹھ ڈالدی ہو۔ ترشی و بادی سے پرہیز۔ (ایک قلمی کتاب)

معجون کوار برائے وجع المفاصل و وضع الورق و عرق النسا

خرفہ ١ تولہ۔ سمبھالو ٦ ماشہ۔ دانہ الاچی خورد ١ تولہ۔ سہاگہ ٥ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ٦ ماشہ۔ چترا ١ تولہ۔ طباشیر ٢ تولہ۔ سرنجان ٩ ماشہ۔ زعفران ٣ ماشہ پوست ترو سفید ٣ ماشہ۔ عود ٦ ماشہ۔ روغن بادام ٥ تولہ۔ شکر تری (چینی) ٣ پاؤ۔ آب کنوار گندل ٢ پاؤ۔ تمام ادویہ کو کوٹ پیسکر اور کنوار گندل اور چینی کو آنچ پر رکھ کر قوام پر لاکر تمام ادویات

نسخہ برائے جمیع امراض ریاح و بارد

شنگرف ۱ تولہ۔ دل اجوائن آدھ سیر ایک پیالہ میں نیچے اوپر دیکر منہ بند کرکے آگ دیدے تو کشتہ ہو جائے خوراک ایک چاول بتاشہ میں۔ (ایک قلمی کتاب)

معجون کچلہ برائے امراض ریاح و بارد

کچلہ ۴ عدد۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۳ ماشہ۔ دگھیاں ۳ ماشہ زعفران ۱ ماشہ۔ دارچینی ۳ ماشہ۔ جلوتری ۵ ماشہ۔ جائفل ۵ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ ثعلب ۹ ماشہ۔ الاچی کلاں ۱ عدد۔ شہد ۱ پاؤ۔ مصری آدھ پاؤ۔ کچلہ کو دودھ میں مدبر کرکے اور تمام ادویہ کے ساتھ پیکر شہد اور مصری کا قوام کرکے سب ادویات اسمیں ڈال دے اگر کستوری زاید کرے قوت زیادہ ہووے خوراک ۲ ماشہ سے جہاں تک موافق ہو بڑھاوے۔ ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے بادی سردی دردہائے بلغمی

انگوزہ (ہینگ) ۴ ماشہ۔ سجی کھار ۴ ماشہ۔ ہلیلہ زرد ۴ ماشہ۔ بابڑنگ ۴ ماشہ نمک سنگ ۴ ماشہ۔ فلفل دراز (مگھاں) ۴ ماشہ۔ سمندر پھل ۴ ماشہ۔ جوا کھار ۴ ماشہ اجوائن ۴ ماشہ۔ پیسکر گولیاں برابر جنگلی بیر کے بناویں۔ خوراک نصف یا ایک گولی حسب مزاج۔ (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے آماس و ورم بدن

قند سیاہ ۴ تولہ۔ ادرک ۲ تولہ کوٹ کر ایک جگہ کرکے تین حصے کرے اور ایک حصہ ہر روز صبح کھاوے مذکورہ بالا تمام شکایت دور ہو (ایضاً)

برائے درد دل

افسنتین ۱ تولہ۔ املی ۴ تولہ۔ گل گلاب ۱ تولہ۔ پوست بیخ کبر ۹ ماشہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ۔

بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ بیخ بادیان (سونف) ۲ تولہ۔ تخم خربزہ ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ کشوث ۱۱ ماشہ۔ گل بنفشہ ۱ تولہ۔ نیلوفر ۱ تولہ۔ مصری پاؤ۔ موافق دستور شربت تیار کریں (ایضاً)

برائے فالج ولقوہ قوت

جست ۴ تولہ ایک کڑچھے میں ڈالے اور اسپر ایک مٹی کا پیالہ الٹا کر رکھ دیوے اور نیچے آگ دیوے جب ایک پہر گذر جاوے تو پیالہ اٹھا کر ۲ تولہ پارہ اس میں ڈالدے اور آنچ بدستور رہے۔ پھر ایک پہر گذرنے کے بعد شنگرف ۲ تولہ۔ ہڑتال ۳ تولہ سنکھیا ۳ ماشہ ویسے ہی ڈالے اور پانچویں پہر گندھک پیسکر تھوڑی تھوڑی ڈالتا جاوے اور آنچ تیز رکھے۔ یہانتک کہ ۷ تولہ گندھک خرچ ہو جائے اور اتار کر پیس لیوے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن سرد مزاجوں کے لئے اکسیر ہے (ایضاً)

کشتہ شنگرف

شنگرف ۱ تولہ۔ بینگن کلاں میں سوراخ کرکے شنگرف درمیان میں رکھے اور اوپر بینگن سے نکلا ہوا گودہ دیکر کپروٹی کرکے ۱ سیر بکری کی مینگنی کی اندر رکھکر آنچ لگادے تاکہ پختہ ہووے۔ تیز آنچ نہیں ہونی چاہیے اسی طرح ایک سو بینگن کے اندر پختہ کرے اور پیسکر رکھے کل امراض بادی اور بلغمی کے لئے اکسیر اور قوت باہ کے لئے بے نظیر ہے۔ خوراک ۱ یا ۲ چاول مکھن یا برگ تلسی پان یا

کشتہ شنگرف

ہینگ خالص ۲ ماشہ پانی کے ساتھ پیسکر ٹکیہ بنا کر درمیان ۳ ماشہ شنگرف دیکر پیاز سفید کلاں کے اندر دیکر کپروٹی کرکے بدستور آنچ میں بھرتا کرے ۱ اسی طرح ۲۵ بار کرے۔ خوراک ۱ چاول پان میں۔ قوت باہ کے لئے اکسیر اور (بھوک) بڑھانے کے لئے بینظیر ہے

(ایک قلمی کتاب)

اور دیگر ادویات ملا کر ایک کانسی کے برتن میں پانی اس قدر ڈالے کہ بھر ڈالنے کی حاجت نہ ہو پس بند کر کے گھوڑے کی لید میں دفن کر دے اور ۱۰ یوم کے بعد نکالکر مقدار کیو اور موافق مزاج کے کھاوے باد کو دور کرے اور بھوک بڑھاوے ۔ سردی، وجع المفاصل اور زردی رنگت کو دور کر کے سرخی دیوے ۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے وجع المفاصل

پوست ہلیلہ ۷ ماشہ ۔ پوست بلیلہ ۷ ماشہ ۔ آملہ مقشر ۷ ماشہ ۔ چترا ۷ ماشہ ۔ ایلوا زرد ۷ ماشہ ۔ لونگ ۴ ماشہ ۔ فلفلین ۴ ماشہ ۔ گوگل ۳ ماشہ ۔ نمک سنگ ۴ ماشہ ۔ شاخ حنظل ۲ ماشہ ۔ نسوت (تربدی) ۸ ماشہ ۔ سرنجان ۲ ۔ ۲ تولہ ۔ مصری ۲ تولہ ۔ پوست بیخ سہانجنہ کے پانی کے ساتھ کھرل کر کے گولیاں بنا دیں خوراک ۲ ماشہ علی الصباح کھائیں +

طلائے وجع المفاصل

گندھک ۱ تولہ ۔ ہڑتال ۱ تولہ ۔ پارہ ۱ تولہ ۔ دھتورہ کے ۴۲ تولہ پانی کے ساتھ کھرل کر کے خشک کر کے روغن تلخ ایک سیر میں ڈالکر دو تین جوش دیوے پس سرد کر کے رکھے دردہائے بدن و فالج میں تمام بدن پر مالش کرے (ایضاً)

سفوف وجع المفاصل و عرق النسا

سرنجان سفید ۱۰ درم ۔ برگ سنا ۷ درم ۔ پوست ہلیلہ زرد ۳ درم ۔ مغز بادام ۲ درم ۔ زعفران نیم درم ۔ اور اگر مادہ بلغمی ہو تو تربد (تربدی) سفید ۱۰ درم اضافہ کر کے رکھے خوراک ۲ درم تا ۲ مثقال + نوٹ :- درم ۳ ماشہ اور مثقال ۴ ماشہ کا ہوتا ہے +

برائے وجع المفاصل جو رفع قبض بھی کرے

دیگر امراض کو جو امتلائے بدن سے ہوں مفید ہے ۔ املتاس کا گودہ ۶۰ تولہ

تربد موصوف (نسوت) ۲ تولہ ۔ ریشہ خطمی ۶ ماشہ ۔ خشخاش ۹ ماشہ ۔ ملٹھی ۷ ماشہ ۔ زیرہ سفید ۷ ماشہ ۔ سرنجان ۱ تولہ ۔ خلنجان ۱ تولہ ۔ سنا ۱ تولہ ۔ روغن بادام ۱ تولہ ۔ ترنجبین ۱ تولہ ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۱ ۔ پاؤ بدستور معجون تیار کرے خوراک ۱ تولہ بلغم اور صفراء کو دور کرے (ایک قلمی کتاب)

برائے عرق النسا

اجوائن ہر قسم ۔ تخم سوئے ۔ مالکنگنی ۔ اسگندھ ۔ موصلی سیاہ مساوی الوزن اول موصلی کو تر کپڑے میں باندھکر اور خاکستر کے اندر رکھکر اسکے اوپر پیالہ الٹا دیوے بعد ساعت کے نکالے تمام دوائیاں کوٹ پیسکر رکھے اور خوراک ۶ ماشہ صبح و شام

برائے بہق ابیض (سفید داغ)

تخم مولی ۵ ماشہ ۔ باوچی ۳ ماشہ ۔ ونداسہ ۷ ماشہ ۔ طوطیا ۴ رتی ۔ مجیٹھ ۳ ماشہ چھاچھ ترش میں ۲ پہر جوش دیکر کھرل میں ڈالکر کھرل کریں اور ۳ روز تک ضماد کریں

کشتہ ہڑتال

نمک طعام ایک چھٹانک لیکر ایک بڑے اوپلے میں گڑھا کر کے نصف نمک نیچے بچھا دے اور اسپر ۲ ماشہ لاجونتی اور اسکے اوپر ۶ ماشہ ہڑتال بعدہ لاجونتی ۲ ماشہ اسکے اوپر نمک ڈالکر اور اس اوپلے کے نیچے اوپر ایک سیر اوپلے لگا کر آنچ دیوے تو سفید رنگت کا کشتہ ہو جاوے ۔ خوراک ۲ چاول (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ درد ریاح

افیون ۱ ماشہ ۔ کیسر ۱ ماشہ ۔ منقہ ۵ ماشہ ۔ گوند کیکر ۱ ماشہ ۔ مغز بادام ۵ ماشہ اول مغز بادام کو کوٹے اور جو رطوبت پیدا ہو اس میں گوند ڈال دیوے پھر کیسر افیون کوٹی ہوئی اور منقہ داخل کر کے کوٹ کر موافق چنے کے گولیاں بنا ۔ خوراک ۱ یا ۲ گولی ۔

برائے وجع المفاصل

تھوہر کا دودھ آدھ پاؤ۔ تلوں کا تیل آدھ پاؤ۔ ہر دو کو کڑاہی میں آنچ پر رکھے جب صرف روغن رہ جاوے تو نیچے اُتار کر رات کیوقت آگ کے سامنے بیٹھکر مالش کرکے اسکے اوپر برگ بڑ (بوہڑ) اسی تیل میں چرب کرکے چند روز تک باندھیں مجرب ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

شربت برائے دفعیہ بلغم و فضلہ بلغمی

عناب ۵ اعدد۔ سپستان ۲۵ عدد۔ انجیر ۷ ماشہ۔ بنفشہ ۱۰ ماشہ۔ خطمی ۱۰ ماشہ خبازی ۱۰ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۲ تولہ۔ ملٹھی ۱۰ ماشہ۔ زوفا ۲ تولہ۔ خشخاش ۲ تولہ۔ بادیان ۲ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ مصری ۲ چند کل اجزا کے۔ ادویات جو کوب کرکے اور بھگو کر جوش دیکر مل چھان کر مصری داخل کرکے بدستور شربت تیار کرلویں۔ (ایک قلمی کتاب)

(ایضاً)

بنفشہ ۱ تولہ۔ نیلوفر ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ تخم خیارین ۱ تولہ تخم کاسنی ۱ تولہ۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ مویز منقہ ۲ تولہ۔ آلو بخارا ۱۵ عدد۔ سنا ۱۰ تولہ مصری ۲ چھٹانک بدستور بطریق معروف شربت بناویں + (ایک قلمی کتاب)

برائے درد چشم

مغز کنوار ۳ ماشہ۔ کوکنار (پوست خشخاش) ایک عدد۔ زردچوب ۱ ماشہ افیون ۱ رتی۔ پھٹکری سفید ۱ ماشہ۔ لونگ ۱ عدد سب کو کوٹ کر اس میں تھوڑا گندم کا میدہ ملا کر اسقدر کہ پوٹلی سخت ہو جاوے ملا کر پوٹلی بنا کر ٹکور کریں اور سوتے وقت ٹکیہ بنا کر مریض کی آنکھوں پر باندھیں۔

پھولا چشم

سمندر جھاگ۔ کشتہ تانبہ۔ زیرہ سیاہ۔ چاکسو۔ نیلا تھوتھا۔ گھونگچی سفید۔ مساوی لیکر آب لیموں میں دو پہر کھرل کرکے رکھے اور سلائی سے آنکھ میں ڈالا کرے +

غدود و خارش چشم

رسونت ۷ ماشہ۔ فلفلدراز ۷ ماشہ۔ توتیا سبز ۳ ماشہ۔ افیون ۷ ماشہ۔ پھٹکڑی ۷ ماشہ۔ سونٹھ ۷ ماشہ۔ جدا جدا پیسکر ایک جگہ کرکے ذرا پانی ڈال کر گولیاں بنا دیں اور بوقت ضرورت ذرا سا پانی سے گھسکر آنکھ میں لگاویں + (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ غبار چشم

سکہ (سیسہ) کو تھالی میں ڈالکر گلاوے۔ گندھک آملہ سار ۳ حصے لیکر پیسکر رکھے اور تھکی تھکی ڈالتا جاوے اور ایک آہنی سیخ سے ہلاتا جاوے حتیٰ کہ سکہ خاکستر ہو جاوے پیس آتار کر باریک کرکے رکھے اور بوقت دوپہر کے آنکھ میں لگاوے اور سو رہے +

علاج بہمنی اور پلکوں کے گرنے کا

گول سکہ کی جو بہ بار بندوق سے نکالی گئی ہو لیکر تیرہ کرکے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرلیوے اور فلفل سیاہ لیکر ملا کر خوب کھرل کرے حتیٰ کہ سرمہ ہو جاوے اور سوتے وقت سلائی سے لگایا کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ درد چشم

کالی مرچ ۳ عدد۔ کف دریا ۱ ماشہ۔ سفیدہ چینی ۲ ماشہ۔ سکہ (سیسہ) ۲ ماشہ اول سکہ کو تیرا کرکے اور چھوٹے چھوٹے ریزے قینچی سے کتر کر اس میں ڈالے اور ... سے لگایا کرے +

نسخہ جو کہ جمیع امراض چشم کو مفید ہے

پھلانوہ سوختہ ۴ عدد۔ پھٹکری سفید ۲ تولہ۔ افیون ۱ ماشہ۔ اول پھٹکری کو توا آہنی پر ڈالکر آنچ پر رکھے جب گل جاوے تو افیون ڈال دیوے اور نیچے اُتار کر پھلانوہ کی راکھ ڈال دے اور عرق لیموں ڈال کر دو پہر تک کھرل کرے پھر سرمہ کی طرح یا لیپ کیطرح بنا کر نگاہ رکھے اس کو آنکھ میں لگانے سے اکثر امراض دور ہو جاتی ہیں

برائے دفیعہ سفیدی چشم

زنگار۔ سفیدہ۔ چاندی کی میل (کٹھالی زرگروں سے لیویں) برابر وزن باریک کرکے اور تھوڑا پانی ڈال کر گولیاں بنا کر خشک کرکے رکھیں اور تھوڑی سی چھاچھ میں گھسکر لگایا کریں + (ایک قلمی کتاب)

نسخہ جو کہ دھند۔ جالا غبار۔ نیا پھولا وغیرہ کو مفید ہے

نمک لاہوری ۲ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۳ ماشہ۔ سنگ بصری ۳ ماشہ۔ سرمہ سفید ۲ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۵ عدد۔ تمام ادویہ کو باریک مانند سرمہ کرکے رکھے اور سلائی سے لگایا کرے + (ایک قلمی کتاب)

برائے دفیعہ درد چشم

طباشیر۔ مصری قندھاری۔ دونوں کو پانی ہلیلہ زرد میں ۳۰ یوم تک کھرل کریں پھر خشک کرکے مانند سرمہ کے پیس کر سبز رنگت کی شیشی میں نگاہ رکھیں۔ اور سلائی سے لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

برائے دفیعہ پانی بہنا اور درد چشم

طباشیر ۲ ماشہ۔ الائچی کلاں ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۶ ماشہ۔ عرق لیموں ایک چھٹانک

میں کھرل کرے اور خشک ہونے پر نگاہ رکھے اور سلائی سے لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے گل چشم

نیلا تھوتھا ۴ ماشہ۔ کف دریا ۴ ماشہ۔ سفیدہ ۴ ماشہ۔ زنگار ۴ ماشہ۔ پھٹکری بریان ۴ ماشہ۔ رسونت ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ سہاگہ ۵ ماشہ۔ سفال چینی (چینی کا ٹکڑا) ۲ ماشہ۔ کچ سبز ۴ ماشہ۔ مصری کالپی ۴ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۴ ماشہ۔ سرمہ سفید ۶ ماشہ۔ نوشادر ۵ ماشہ۔ تبر سیاہ ۴ ماشہ۔ صدف سوختہ ۴ ماشہ۔ افیون ۱ تولہ۔ چاندی کی میل ۴ ماشہ۔ سرد چینی ۲ تولہ۔ اول رسونت کو بوقت شام ۴ تولہ پانی میں تر کریں اور صبح کپڑے سے چھانکر مصری و افیون اس میں ڈالکر آنچ پر رکھیں حتیٰ کہ گاڑھا ہو جاوے باقی اجزا باریک کرکے عرق لیموں یا عرق انار دانہ میں خوب کھرل کرکے اس میں ملاویں اور چنے کے برابر گولیاں بناویں اور حسب ضرورت تھوڑی سی سرد پانی میں گھسکر صبح و شام لگاویں (ایک قلمی کتاب)

آنکھ سے پانی جانا

ثانیہ ۱ تولہ۔ سیسہ ۱ تولہ۔ رومی ۱ تولہ۔ تمام کو پگھلا کر یکجا کرکے مرچ سیاہ ۳ عدد۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ سفال چینی ۱ ماشہ ملا کر لیموں کے پانی میں باریک کرکے خشک مانند سرمہ کے کریں اور آنکھ میں لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نوٹ: ثانیہ سے مراد جست ہے رومی سے مراد پارہ اور سیسہ سے مراد سکہ ہے۔

آنکھ سے پانی جانا

پھٹکری بریان اور کشتہ جست ہر دو کو کٹورہ میں ڈالکر ایک نیم کے ڈنڈے کے نیچے ایک تانبہ کا پیسہ گاڑ دیوے اور اس ڈنڈے سے ہر دو اشیاء کو رگڑے اور تھوڑا تھوڑا صاف رس لیموں کا بھی ڈالتا جاوے۔ حتیٰ کہ چالیس لیموں کی رس ختم ہو جاوے تب خشک کرکے رکھے اور سلائی سے لگایا کرے اکسیر ہے (ایک قلمی کتاب)

بیاض چشم

شورہ سفید۔ پھٹکری۔ زنگار۔ نوشادر۔ ایک کانسی کے کٹورے میں ایک کیکر کے ڈنڈے کے نیچے ایک پیسہ تانبہ کا۔ گڑ کر اس ڈنڈے سے کھٹی بوٹی کے رس میں کھرل کرے ۳ دن پھر خشک کرکے رکھے مفید ہے (ایک قلمی کتاب)

برائے دفعیہ درد چشم

قند سیر کو کڑچھ میں آنچ پر پگھلاوے تھوڑا تھوڑا آب گل چنبیلی ڈالتا جاوے اور ہلاتا جاوے حتے کہ گشتہ ہو جاوے (ایک شے جت آنکھوں کی امراض کے نسخہ جات میں جو ڈالنا لکھا ہو تو اس کو ڈالنا بہتر ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ درد و پانی چشم وغیرہ

(۱) رسونت۔ افیون۔ پھٹکری۔ مصری۔ ایلوا۔ نیلا تھوتھا ساوی الوزن لیکر گھیکوار کے گودے میں ملا کر اور لیموں کی رس میں کھرل کرکے گولیاں بناوے اور وقت ضرورت کانسی کے کٹورے پر لعاب سے رگڑ کر سلائی سے آنکھ میں لگا دے

(۲) نوشادر ایک چھٹانک۔ نمک شیشہ ایک چھٹانک۔ نمک کو باریک کرکے توا مٹی پر بچھاوے اسپر نوشادر باریک بچھاوے اور اس میں چند دانہ فاصلہ پر الگ علیحدہ علیحدہ رکھدیوے اور ایک پیالہ اس پر اوندھا کر منہ بند کر دیوے نیچے نرم آنچ بیر کی لکڑی کی کرے اور ۲ پہر برابر آنچ دیوے۔ جوہر نوشادر کا اڑ کر اوپر جا لگیگا اور پھر اس نوشادر کے ساتھ ویسا ہی عمل کرے تو اکسیر ہو وے دھند۔ جالا۔ پھولا۔ سرخی کو نافع ہے اور اکثر امراض چشم کو مفید ہے ایکبار کا جوہر بہت ہی مفید ہے +

(۳) رس کپور۔ کافور برابر وزن کیلہ کے پانی میں ایک پہر کھرل کرے پھر ٹکیہ بنا کر اور توا پر ڈالکر [illegible] بالا ترکیب سے جوہر لیوے یہ جوہر دھند جالا پھولا کو مفید ہے

(۴) برگ حنا۔ انار دانہ۔ رسونت۔ شورہ سفید ایک ایک تولہ ایک پاؤ پانی میں ۳ دن تک کھرل کرے پھر مل چھان کر کانسی کے پیالہ میں ڈالے۔ ہلیلہ ۱ تولہ۔ بلیلہ ۱ تولہ آملہ ۱ تولہ کو جلا کر۔ پھٹکری ۱ تولہ بریان کرکے سب کو باریک کرکے عرق مندرجہ بالا میں الگ الگ جست کے دستہ سے کھرل کرے جب گاڑھا ہو جاوے بتیاں بنا لیوے اور وقت ضرورت پانی میں گھِسکر لگایا کرے۔ سرخی چشم۔ درد آنکھ و پانی جانا۔ نیز جالا پھولا اور دھند وغیرہ کو نافع ہے +

(۵) نوشادر ۹ ماشہ ایک کڑچھ میں رکھکر اور رس لیموں کا اسقدر ڈالے کہ ۲ انگل اوپر رہے اور آنچ پر رکھے جب وہ بھی جذب ہو جاوے تو باریک پیسکر مصری کالپی ۲ حصہ داخل کرکے اور کھرل کرکے گولیاں موافق دانہ مونگ کے باندھیں خوراک ۱ گولی ہمراہ آب گرم جانوروں کو کھلانے سے ان کی بھوک بڑھ جاتی ہے گھسکر آنکھ انسان کے اندر لگانے سے امراض آنکھ دور ہوتی ہیں۔ سرخی۔ دھند۔ جالا پھولا وغیرہ کو نافع ہے +

(۶) پھٹکری بریاں ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ افیون ایک رتی تمام اشیاء کو کھٹی بوٹی کی رس میں کھرل کرکے بتیاں بنا رکھے اور اپنے لعاب دہن سے گھِسکر حسب ضرورت لگایا کریں۔ درد آنکھ و سرخی آنکھ و دھند جالا وغیرہ کو مفید ہے

(۷) سفالہ چینی ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ کانچ سبز ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ پھٹکری سفید ۱ تولہ۔ کف دریا ۱ تولہ۔ سرگین سیاہ ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ تمام ادویہ کو پیسکر مانند سرمہ کے کرے اور یہ اکثر امراض چشم کو مفید ہے۔ دھند پھولا و جالا سب اس سے کٹ جاتے ہیں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دردہائے چشمان

زنگار ۲ ماشہ۔ سفیدہ ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ سیسہ ۲ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۱ ماشہ جست ۸ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ آٹھ پہر کھرل کرکے سرمہ سا بنا کر رکھیں بہت ہی مفید ہے (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ غبار چشم

سیسہ ایک سرساہی۔ قلفلہ از ایک سرساہی۔ آنزادت ۴ رتی۔ سنگ بصری ۲ رتی باریک مانند سرمہ کے کر لیوے۔ سیسہ کو ریزہ ریزہ کر لینا چاہیئے تب کھرل ہو سکیگا۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ سرخی چشم وغیرہ

رسونت ۲ ماشہ۔ افیون ایک رتی۔ پھٹکری ۴ رتی ایک کڑچھے میں آنچ پر رکھیں جب یکذات ہو جاویں نیچے اتار کر بتی بناویں اور بوقت ضرورت لعاب دہن میں گھسکر آنکھ میں لگا دیں (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ خارش و ظلمت چشم

تنچ مرجان ۴ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۴ ماشہ۔ صبر سقوطری ۴ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۴ رتی۔ تمام ادویہ کو کھرل کرے اور بحفاظت شیشی میں رکھے اور بوقت ضرورت سلائی سے آنکھوں میں لگاوے بہت فائدہ مند ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے پانی جانا خارش غبار و گل چشم

بڑ نمک یا معمولی نمک تھوہر کے ڈنڈے کے اندر داخل کرکے کپڑ مٹی کرکے ایسو جنگلی اوپلوں کی آنچ دیویں اور سرد ہونے پر نکال کر پیسکر رکھیں۔ اور تھوڑا بذریعہ سلائی جست آنکھ میں ڈالیں۔ نیز بلغمی کھانسی وغیرہ کو بھی مفید ہے خوراک ۲ ماشہ ہمراہ کھانڈ۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ درد چشم وغیرہ

آملہ ۱۰ ایک سیر پانی میں ترکر دیوے اور صبح اسکا مناسب پانی لے لیوے

ورکشتہ جست ۴ تو لیکر اس میں کھرل کرے حتیٰ کہ پانی جذب ہو کر گولی بننے کے لائق ہو جاوے گولیاں بنا رکھے اور بوقت ضرورت گھسکر آنکھوں میں لگاوے

نسخہ برائے دفیعہ غبار چشم

سیسہ کی گولی ۲ عدد لیکر کڑچھ میں ڈالکر پگھلاوے اور آنچ کوئلوں کی تیز رکھے اور جڑھ حرمل کی اس میں پھیرتا جاوے جب جڑھ حرمل ختم ہو جاوے تو آک کی جڑھ پھیرے اسکے جل جانے کے بعد پھر حرمل کی جڑھ اور پھر آک (مدار) کی جڑھ اس طرح پھیرے کہ سیسہ خاکستر ہو جاوے پس نیچے اتار کر اس میں فلفل سیاہ ۲ ماشہ داخل کرکے ۴ عدد لیموں کی رس میں کھرل کر لیوے اور مانند سرمہ کرکے نگاہ رکھے اور آنکھوں میں ڈالا کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ غبار و پڑ بال

آرد زنجبیل (آٹا سونٹھ) بنمک سنگ۔ پھٹکری بریان۔ قلمی شورہ۔ دودھ بھینس۔ نمک طعام سب برابر وزن اور سب کو کوٹ کر دودھ بھینس میں ڈالکر آنچ پر رکھیں جب دودھ جذب ہو جاوے تو باریک کرکے رکھے اور ۷ دن تک آنکھوں میں لگاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ وجع العین (درد آنکھ)

پھٹکری۔ سیاہ مرچ۔ سونٹھ مساوی الوزن کوٹ پیسکر مانند سرمہ باریک کرکے رکھیں اور کام میں لاویں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفیعہ جریان غبار و خارش چشم وغیرہ

ایک ڈلی سرمہ سیاہ روغن سرسوں میں ڈالکر ایک ماہ برابر پڑا رہنے دیں پھر نکالکر تھوڑے سے پھول چنبہ کے لیکر کھرل کر رکھے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ دھند، غبار چشم وغیرہ

نوشادر لیکر چند سفید کے عرق میں ڈبو دیوے یہاں تک کہ عرق دو انگل اوپر رہے بعد ازاں خوب کھرل کرکے تھوڑی سی ٹاٹری ملا کر کھرل کرکے سرمہ دانی میں رکھے اور کام میں لاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ شعرہ منقلب یعنی پڑبال

رسوت۔ سمندر جھاگ۔ نیلا تھوتھا۔ مصری۔ افیون ہر ایک ۱ ماشہ۔ مرغ نر کا پر چراغ کی لو پر جلایا ہوا ایک عدد۔ مرغ مادہ کا پر چراغ کی لو پر جلایا ہوا ایک عدد کھرل کرکے رکھے اول بالوں کو اکھاڑ لو اور پیچھے اسے لگایا کرو۔

گل چنبیلی ۳۲ عدد۔ گل کنجد ۱۰۰ عدد کھرل کرکے گولیاں بنا رکھے۔ غبار کیواسطے پانی میں گھسکر اور خارش و گل چشم کے واسطے عورت کے دودھ میں گھسکر اور پڑبال کیواسطے بکری کے پیشاب میں گھسکر آنکھوں میں لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

ایک کپڑے کو پانی میں بھگو کر صابون اچھی طرح لگا کر اسکو سکھا لیویں بعد ازاں نیلا تھوتھا پانی میں پیسکر اس کپڑے کو اس میں ڈال دیویں پھر نکال کر خشک کرے پس اس کپڑے کو جلا دیوے اور اس کی خاکستر کو سرمہ کیطرح پیسکر رکھے اکثر امراض کو مفید ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ گل چشم

سرمہ سفید ۱ تولہ۔ برادہ تانبہ ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۵ ماشہ۔ نوشادر ۵ ماشہ۔ ہلیلہ زرد کے پانی میں ۶ پہر کھرل کرکے ایک ہلیلہ زرد کے پانی میں ایک پہر لیموں کی رس میں ایک پہر اور گھیکوار کی رس میں ایک پہر کھرل کرکے خشک کرکے مانند سرمہ کے کر لیوے اور سرمہ دانی میں رکھے اور سلائی سے لگایا کرے۔ تمام شکایات [illegible] ہو جائیں گی۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ دیگر برائے دفعیہ گل چشم

شیشہ نمک ۸ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ تولہ۔ نمک کو باریک کرکے ایک پیالی میں رکھے اور اسپر نوشادر و نیلا تھوتھا جو کوب کرکے بچھا دیوے اوپر دوسرا پیالہ اوندھا کر دونوں کا منہ مٹی سے بند کرکے نیچے بیری کی لکڑی کی آنچ دو۔ ۲ پہر تک [illegible] آگ جلاوے اسکا جوہر اوپر کے پیالہ کو جا لگیگا جوہر لیکر آنکھ میں ڈالے۔ پھولا، دھند، جالا، غبار کو مفید ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ آشوب چشم (درد آنکھ)

رسوت ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی ۱ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ایک عدد۔ ہلدی ایک گانٹھ۔ ماجو ایک عدد۔ ایک لوہے کے چمچے پر تمام چیزیں گھسکر آنکھ میں لگا دیوے اور ذرا اوپر آنکھ کے لیپ کیا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ غبار چشم اندھیرا آنا

نوشادر ۴ تولہ۔ گل کنجد ۴ تولہ۔ گل چنبیلی ۴ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ عرق لیموں ۲۵ عدد سحق کرکے گولیاں بنا رکھے وقت حاجت کے تھوڑا سا پانی میں گھسکر لگا دے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ اکثر امراض چشم

نوشادر ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی سفید ۴ ماشہ۔ فاطون (نوشادر) ۳ ماشہ سب کو ملا کر آنچ پر رکھے جب پگھل کر ایک ٹکیہ سی بندھ جاوے تو اتار کر کھرل کرکے نگاہ رکھے اکثر امراض چشم مثل پانی جانا، دھند، جالا، غبار وغیرہ کو مفید ہے (ایک قلمی کتاب)

نسخہ برائے دفعیہ امراض چشم سوائے موتیا بند

نوشادر، سہاگہ، پھٹکڑی تینوں ایک ایک ... ایک پیالہ میں ڈالے

پیالہ اوندھا کر منہ کے ساتھ منہ ملا کر کپڑ مٹی کر کے آنچ پر رکھے۔ بیری کی لکڑی ڈیڑھ سیر آہستہ آہستہ جلاوے جو ہر اوپر کے پیالہ کو جو لگیگا اسکو لیکر نگاہ رکھے اور آنکھو نمیں ڈالا کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ مجرب برائے سفیدی چشم و پتلی ضعف بصر و خارش چشم

ماميران چینی ۶ ماشہ۔ بال چھڑ ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔ صبر سقوطری ۶ ماشہ سنگ بصری ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ خاکستر ۲ ماشہ۔ مغز هلیلہ زرد ۲ ماشہ۔ تخم گل سرخ ۲ ماشہ کافور ۲ ماشہ۔ نازو سبز ۲ ماشہ۔ لاہوری نمک ۲ ماشہ۔ دار چینی ۳ ماشہ۔ زعفران ۳ ماشہ دار فلفل ۳ ماشہ۔ فیاذ نامیشا ۳ ماشہ۔ پوست هلیلہ زرد ۳ ماشہ۔ کف دریا ۲ ماشہ۔ آملہ ۲ ماشہ پھٹکری بریان ۲ ماشہ۔ مشک ۳ ماشہ۔ تمام اشیاء کو ملا کر کھرل کر کے سرمہ بنا دیں اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ (ایک قلمی کتاب)۔

نسخہ برائے دفعیہ غبار چشم و سرخی چشم

نوشادر۔ نوشادر۔ دونوں کو پیسکر برتن چینی میں رکھے اور برگ نیم کا پانی ڈال دیوے کہ ۲ انگل اوپر رہے جب پانی جذب ہو جاوے تو کھرل میں پیسکر مانند سرمہ کے کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

سرمہ جو کہ نہایت مفید ہے

سرمہ سیاہ ۸ تولہ۔ سنگ بصری ۲ تولہ۔ لونگ ۱۶ عدد۔ دانہ الائچی خورد ۲۴ عدد۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ پھٹکری بریان ۱ تولہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ گل گلاب چھ چھٹانک۔ چینی ابرہ سفید ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ سہاگہ بریان ۶ ماشہ اول سرمہ کو ۳ پہر کھرل کرے پھر کافور کو کھرل کرے بعد ازاں سب ادویات کوٹ کر سرمہ میں ملا دو اور مانند ؟ ۴ بل کے باریک کر کے سرمہ دانی میں نگاہ رکھو + شکایات درد آنکھو نہیں لگانے سے جملہ امراض چشم کو بہت فائدہ مند ہے۔

نسخہ قبض کشا و ہاضم

پوست هلیلہ زرد۔ هلیلہ سیاہ۔ نمک لاہوری۔ سنا مکی۔ برابر وزن پیسکر رکھے خوراک ۹ ماشہ بہمراہ آب گرم بوقت خفتن (قبض کشا ہے اور درد پیٹ و ریاح کو نافع ہے) (ایک قلمی کتاب)

قبض کشا و محلل ریاح

گل سرخ۔ سنا۔ هلیلہ زرد۔ سنا و هلیلہ زرد کو گھی میں بھون کر اور تینوں کو ملا کر شہد میں گولیاں بقدر بیر کے بنا دیں اور ایک گولی بوقت خفتن کھاوے۔

ہاضم

پوست هلیلہ زرد ۲ تولہ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ ۳ تولہ۔ سونف ۱ تولہ۔ انار دانہ ۲ تولہ۔ پیپل دراز چینی ۱ تولہ۔ پودینہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ نمک سونچر ۱ تولہ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے گھیکوار (کوار گندل) کے لعاب میں ایک پہر کھرل کر کے گولیاں موافق بیر کے بناوے۔ خوراک ایک صبح و ایک شام نیم گرم پانی سے سرد و دیر ہضم اشیاء سے پرہیز کرے۔ (ایک قلمی کتاب)

(ایضاً)

پودینہ ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ۔ هلیلہ زرد ۲ تولہ۔ هلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ نمک شیشہ ۲ تولہ۔ سونٹھ (زنجبیل) ۱ تولہ۔ تربد (تروی) سفید ۱ تولہ۔ دار فلفل ۱ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ کر عرق لیموں میں تر کر کے کہ چار انگل اوپر آوے اور جب خشک ہو جاوے تیار کرے خوراک ۴ ماشہ بعد از غذا شہد سے۔ (")

(ایضاً)

فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ ہر دو کو ۹ عدد لیموں کی رس میں کھرل کر کے

گولیاں ایک ایک رتی کے برابر بناوے اور دو گولیاں رات کو سوتے وقت کھاوے
چھاچھ سے پرہیز کرنا چاہیئے۔ (ایک قلمی کتاب)

ہاضم

پودینہ۔ سونف۔ اجوائن۔ ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد۔ بلیلہ۔ آملہ۔ انگوزہ۔ پینگ۔
انار دانہ۔ گل سرخ۔ سنا مکی۔ الائچی دانہ۔ فلفل سیاہ۔ فلفل گرد۔ بابونہ۔ نمک سونچر
نمک سانبھر۔ نمک لاہوری۔ نمک سیاہ۔ ہر نمک ہر ایک ۱ تولہ۔ تلسی کے پانی
کے ساتھ گولیاں موافق نخود کے باندھے خوراک ایک صبح و ایک شام بعد از غذا
کے کھاوے۔ (ایک قلمی کتاب) +

(ایضاً)

املہ ترش ۴ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۴ تولہ۔ بلیلہ ۲ تولہ۔
نوشادر ۱ تولہ۔ سہاگہ ۴ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ فلفلدراز ۴ تولہ۔ دارچینی ۴ تولہ۔ مصطگی
۴ تولہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔ بادیان ۴ تولہ۔ سرکہ ½ سیر۔ تخم خربوزہ ۴ تولہ۔ الائچی کلاں ۳ تولہ۔
نمک سونچر ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۳ تولہ۔ الائچی دانہ ۳ تولہ۔ مویز منقہ ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ
انار دانہ ۴ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ ادرک ۳ تولہ۔ تخم ریحان ۴ تولہ۔ مرزنجوش ۴ تولہ۔ تمام اجزا
کو کوٹ پیکر سرکہ کے ساتھ خمیر کرکے اسقدر شہد کیساتھ ملائے گولیاں باندھنے
کے لائق ہو جاوے گولیاں ۴ یا ۵ ماشہ کی باندھے خوراک ۱ گولی بعد از غذا ہاضم ہے
بھوک بڑھاتی ہے مقوی معدہ ہے اور دافع امراض معدہ و انتڑیاں ہے۔ (ایضاً)

دفعیہ خون آمدن از قے

بانسہ ایک سر ساہی۔ سپاری ۶ ماشہ۔ شہترہ ۶ ماشہ۔ پانی کے ساتھ جوشاندہ
کرکے پلاوے تو آرام آوے + (ایک قلمی کتاب)

جلاب کی دوائی تیز کھانے کے بعد اگر اسہال خونی آویں

گل آ[illegible] کتہ [illegible] صمغ عربی [illegible] زرد [illegible] کرکے کوٹ کریہ مغز

کے ساتھ پیکر ایک چٹکی ۱۳ انگل کی خطمی کے شیرہ کے ہمراہ پلاوے (ایک قلمی کتاب)

دوائی دمہ

سرطان بحری کو اس طرح جلاوے کہ سرطان بحری ۲ تولہ۔ بیج کوکنار ۳ تولہ۔
نوشادر ۱ تولہ۔ سپاری دکھنی ۳ تولہ ایک کوزہ گلی میں بند کرکے آنچ دیوے۔ پس باہر
نکالکر پیکر طباشیر ۳ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ۔ پیکر داخل کرے۔ خوراک ۲ ماشہ
علی الصبح چھاچھ ترش کے ہمراہ اگر پیاس معلوم ہو تو چھاچھ ہی پیوے (ایک قلمی کتاب)

دوائی ضیق النفس

شنگرف رومی ۶ ماشہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ فلفلدراز ۳ ماشہ۔ کچنار گل
۲ ماشہ۔ خالص زعفران ۱ ماشہ۔ ان سب ادویات کو ظروف آہنی میں دستہ آہنی سے
ہفتہ بھر تک کھرل کریں اور رکھیں اس دوائی میں سے ۱ ماشہ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔
دانہ الائچی کلاں ½ ماشہ۔ مصری کوزہ ۲ ماشہ کو باریک کرکے رکھیں ۲ چاول ہمراہ
بیڑی پان ہر قسم کے دمہ کو نافع ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

ترکیب داروئے بیہوشی

اسکو ہم ہو بہو انہی الفاظ میں درج کر دیتے ہیں اسواسطے بھی کہ ایک جملہ ہو کر
اس میں سمجھ بھی نہیں آیا ہے اور اسواسطے بھی کہ ایسی ادویات بہت عام نہیں کر دینی
چاہئیں۔ (ایک قلمی کتاب)

صفت:۔ افیون خالص ثمانیۃ حبۃ چرس۔ بزر الخشخاش الفقیر اجلد بیخ نفاخ
بزر الجوز ماثل بند کا ہو کلو احد منہا ثمانیۃ حبۃ جمع الاجزاء و یسحق و یجمع و یبل فی الماء
لیلاً و اذا طلع الشمس و یطبخ فلما بقی نصف منی الماء و یبدل الثوب ثم یبل فضلات المذکورۃ
فی ملک الطبیخ لیلاً ثانیاً و یطبخ الصبح ہکذا ثلاث مراۃ ثم یدخل فی تنک المطبوخ بزر البرسقدا
خمسۃ دراہم ظلما یشرب البر مطبوخ المذکورۃ و یجفف و یسحق یاکل منہا ب القوسی ثمانیۃ حبۃ

پس چوں خواہند کہ بہوش آرند یا فد جندبیدستر فرفیون زنجبیل مساوی وبسیق ومنفیخ منہ قدر قلیل فی الفہ معطس وان دخل ادویۃ الثلاثۃ المذکورہ فی الخلا و یصنع تے قارورۃ فان الشیم فم القارورۃ المذکورۃ ای فم القارورۃ یصنع مقابل مسخرۃ انخ ندھبند۔ ہذا من عمل الحکما الونگ ✤ (ایک قلمی کتاب)

دھوڑہ برائے زخم

مصبر سہاگہ سیاہ ہمرہ کندر۔ دم الاخوین مساوی لیکر باریک کے دھوڑہ بنا رکھیں۔ (در)

دوائی سوختہ آتش کہ چھالا ظاہر ہوگیا ہو

چونہ قلمی لیکر دو، بار پانی سے دھوکر بعد ازاں روغن کنجد میں حل کرکے جب ایک ذات ہوجاوے تو روئی پرانی اس میں تر کرکے جلی ہوئی جگہ پر رکھے اسیطرح کئی بار (ایک قلمی کتاب)

اگر گرم بادام روغن سے جلگیا ہو

سفیدی بیضہ مرغ روغن زیتون کے ساتھ ملا دیں۔ اور اسکو لگادیں۔ (در)

مرہم برائے اندمال قروح وغیرہ

روغن تل ایک چھٹانک۔ برگ نیم ۳ تولہ۔ دوسری دوائی کو باریک کرکے ٹکیہ بنا لیوے بعد ازاں روغن تل آنچ پر رکھیں جب خوب جوش آجاوے ترص نیم کو داخل کریں جب جل جاوے ٹکیہ نیم کو باہر نکال دیں اور بہروزہ تر ۳ تولہ داخل کریں جب پگھلکر روغن کے ساتھ یکذات ہوجاوے نیچے اتار لیوے اور ذرا گرم گرم ہی کپڑے میں سے چھان لے اور پھر آنچ پر رکھے بعدہٗ ... تولہ داخل کرکے اور نیم کی سبز ... ہوجاوے جب مرہم ... یکذات ہوجاوے زنگار ... کر کے اس ... بنا کر ... استعمال ...

ہوجاویں تو اتار کر رکھے سرد ہونے پر جم جاویگا۔ تمام زخموں کو مفید ہے۔ (ایضاً)

دھوڑہ اقسام قروع کے لیئے

روغن کنجد ایک چھٹانک۔ شمع کافوری ½ چھٹانک۔ سندھور ½ چھٹانک اور کافور ۹ ماشہ (در)

برائے جمیع قروع وناسور

برگ نیم۔ برگ زمہ۔ برگ کنار۔ شگوفہ نرم۔ بیدانجیر۔ ہر چہار کو عرق پیاز سفید میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر روغن السی میں جلاویں۔ جب ٹکیہ سیاہ ہوجاوے روغن نکالکر پھینک دو اور تیل احتیاط سے رکھے وقت حاجت تھوڑا سا کپڑا یا ٹکڑا تر کرکے رکھیں۔ (ایک قلمی کتاب)

مبثوں وپھوڑوں کو پکانے کے واسطے

تخم کونچہ تخم السی تخم ارنڈ تینوں کو پانی کے ساتھ پیسکر نیم گرم پھوڑوں کے اوپر ضماد کریں اور اس کے اوپر برگ پان گرم کرکے باندھ دیوے۔ چند بار کرنے سے سخت سے سخت پھوڑا پھوٹ جاتا ہے ✤ (در)

پھوڑے پھنسی کا منہ ہوجائے اور مواد خارج ہوجائے

برگ سمبھالو۔ برگ نیم۔ برگ انار۔ برگ بکاین ہر چہار ادویہ مساوی الوزن تھوڑا کوٹ کر بھرتہ کر لیوے اور نکال کر گرم گرم پھوڑے پر باندھ دے دو تین روز ایسا ہی کرے۔ (در)

آتشک درجہ دوم وفساد خون وجمیع امراض خون کو ازحد مفید ہے

بادیاں دسولف اسبزہ پاؤ۔ ہلیلہ زرد اسیر۔ ہلیلہ سیاہ اسیر۔ سنائکی اسیر۔ بابڑنگ شاہترہ۔ چرائتہ۔ بسپھنگ۔ برہم ڈنڈی۔ چھلکنی۔ صندل سرخ۔ برگ جھاؤ۔ ہر ایک اسیر خولنجان۔ آملہ خشک۔ تخم بکاین۔ تخم جامن۔ ثمر منیل۔ پوست کچنار۔ پوست خیار سبز۔ برگ حنا ہر ایک آدھ سیر۔ تمام ادویہ کو جو کوب کرکے دریا کے پانی ۱۰ سیر میں ۱۲ پہر تر رکھے۔

بعد ازاں دیگ گلی میں جوش دیوے جب دو سیر رہے تو اتار کر اچھی طرح صاف کر کے رکھے۔ خوراک ۵ تولہ ایک تولہ شہد ملا کر ۴۰ دن تک پیوے تو شفا ہووے۔ (ایک قلمی کتاب)

کشتہ مس یعنی تانبہ برائے مرض آتشک

بلادر ۴ تولہ پیس کر دو نوتہ بناوے۔ ایک میں پہلے ایک تولہ سونا مکھی بچھاوے اور ایک پیسہ رکھ کر اوپر باقی ماندہ سونا مکھی دے کر دوسرا نوتہ اوپر دے کر بند کر کے گل حکمت کرے اور خشک ہونے دے۔ اسیر اوپلوں کی آنچ دیوے خوراک ایک رتی کھانڈ میں ملا کر (ر ر)

دوائی آتشک (باوا کاہنگرا)

سم الفار سفید ۱ تولہ کو طشچہ میں ڈال کر پاؤ دودھ آک (مدار) ڈالے۔ جب جذب ہو جاوے ایک پاؤ اور ڈالے یہاں تک کہ پانچ پاؤ جذب ہو جاوے۔ پھر ۴ سیر لیموں نے کر ان کا عرق کھینچے اور کھرل کرے۔ جب یہ جذب ہو جاوے۔ پھر غنچہ چنبہ ہموزن سم الفار کے ملاوے جب خشک ہو جاوے تو رکھ دے۔ خوراک ایک خشخاش کھانڈ میں ملا کر اگر دوائی کے کھانے سے اسہال جاری ہوں تو مرغ کا شوربہ کھلاوے۔ (ر ر)

حقہ برائے آتشک

موصلی سفید ۱ تولہ۔ مائیں ۱ تولہ۔ ہڑتال ۱ تولہ۔ سیماب (پارہ) ۲ ماشہ اول ہڑتال و پارہ ملا کر کھرل کرے بعد ازاں باقی اشیاء کوٹ کر داخل کر کے چند قطرے پانی کے ملا کر ۴-۴ ماشہ کی ٹکیاں بناوے۔

حقہ جسکو نیچہ بھی نیا لگا ہوئے کر اس میں ایک ٹکیہ بجائے تمباکو کے رکھ کر آگ اس پر رکھ کر مثل تمباکو کے پیوے۔ دن رات میں دو تین دفعہ اس عمل کو کرے چند یوم میں زخم خشک ہوں (ر ر)

حبوب برائے آتشک

رس کپور ۲ ماشہ شنگرف ۲ ماشہ۔ عقرقرحہ ۲ ماشہ۔ سم الفار سفید ۴ رتی۔ مغز حب ۲ ماشہ

سب کو کوٹ چھان کر یک ذات کر کے لعاب دہن سے خمیر کر کے گولیاں موافق پنبہ دانہ کے بناوے اور سایہ میں خشک کر کے خوراک ایک صبح ایک شام گرم پانی سے لیوے۔ سرد پانی سے بالکل پرہیز رکھے۔ اور چپڑی بلا نمک کے کھاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

مرہم برائے دفعیہ قروح آتشک

مرداسنگ ۱ تولہ سکہ ۲ تولہ۔ ایک سو ایک بار پانی میں دھو کر مرداسنگ ملا کر روغن لگایا کرے تو آرام ہو۔ (ر ر)

ایضاً شنگرف ۲ ماشہ۔ مرداسنگ ۲ ماشہ۔ رال ۲ ماشہ۔ مازو ۲ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ۔ کتھا خام ۴ ماشہ سب کو کوٹ کر ایک سو ایک بار دھوئے مکھن میں ملا کر لگاوے (ر ر)

حبوب برائے دفعیہ آتشک

الائچی خورد ۳ ماشہ۔ کرانہ ۳ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ پیپل ۲ ماشہ۔ گڑ پرانا ½ ۱ تولہ سب ادویات کو کوٹ کر بکری کے دودھ میں ڈال دے۔ جب خمیر ہو جاوے تو کونڈی میں پیس کر گولیاں موافق جنگلی بیر کے بناوے اور ایک گولی روز کھاوے۔ ہمراہ دودھ بکری ½ سیر۔ غذا نان گندم بے نمک یا روغن زرد۔ ۶۰ دن تک استعمال کرے۔ (ر ر)

نقوع دافع آتشک

ہلیلہ زرد ۹ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۹ ماشہ۔ بلیلہ ۹ ماشہ۔ آملہ ۹ ماشہ۔ کاسنی ۹ ماشہ۔ گاؤزبان ۹ ماشہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ کشنیز ۹ ماشہ۔ بسفائج ۹ ماشہ۔ سر پھوکا ۹ ماشہ۔ مہندی ۹ ماشہ شاہترہ ۹ ماشہ۔ پودینہ ۱۵ ماشہ۔ نیم کوب کر کے ۳ حصے کرے ایک حصہ ہر روز رات کو بھگو دے اور صبح مل چھان کر شہد ملا کر پی لیوے۔ (ر ر)

جلاب برائے دفعیہ آتشک

مغز جمال گوٹہ ۳ عدد۔ مرداسنگ ۱ ماشہ۔ دونوں کو باہم ملا کر کھرل کرے قندیا

کے ساتھ ملا کر ۳ گولیاں بناویں۔ ایک گولی ہر روز ہمراہ آب سرد صبح کھایا کریں (ایک قلمی کتاب)

دوائی برائے دفعیہ آتشک

شنگرف ۵ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ رس کپور ۲ ماشہ۔ بسم الفار ۱ ماشہ۔ طوطیا ۱ ماشہ۔ لیموں کی رس میں ۲ پہر کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بناویں۔ ملائی یا مکھن میں لپیٹ کر نگل جاوے۔ اس طرح کہ دانتوں کو نہ لگے۔ غذا دال نخود۔ نان گندم۔ روغن زرد چاول و چھاچھ اور ترش اشیاء سے پرہیز کرے۔ (رر)

دھونی برائے دفعیہ آتشک

مردار سنگ ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔ رال سفید ۳ ماشہ باریک کر کے ایک تولہ رانگ کڑاہی میں پگھلا کر کھرل شدہ ادویات داخل کر کے خوب ملاویں۔ گولی برابر جنگلی بیر کے بنا کر ایک چارپائی پر بیٹھ جاوے اور کل کپڑے اتار دیوے اور ایک چادر اس طرح اوڑھے کہ سر صرف باہر رہے اور باقی کل جسم ڈھانپا رہے۔ ایک ٹھیکری پر کوئلے رکھ کر اوپر ایک گولی رکھ دیوے اور ٹھیکری چادر کے اندر کر دے۔ اس طرح کہ تمام دھواں بدن کو لگے۔ پھر کپڑا اوڑھ کر لیٹ جاوے۔ اسی طرح تین دن تک کرے (رر)

گولیاں برائے دفعیہ آتشک

رس کپور ۳ ماشہ۔ مغز نخود ۱/۲ پاؤ۔ دونوں کو باریک کر کے تھوڑے سے دودھ میں ایک پہر کھرل کر کے گولیاں برابر چنے کے بناوے۔ خوراک ایک گولی علی الصبح اس سے دست خوب آویں گے۔ جوں جوں مرض کم ہوتی جاوے گی۔ دست کم آیا کریں گے اور جب مرض بالکل جاتی رہے گی دست نہیں آویں گے۔ غذا نان گندم با روغن زرد بے نمک اور گولی بھی گھی کے گھونٹ کے ساتھ کھانا اچھا ہے۔ مجرب لاج

دوائی برائے دفعیہ جذام آتشک و جمیع امراض بلغم و باد و اور ضعف باہ و ضعف ہضم

چونہ ۱/۴ پاسیر گگل ۱/۴ سیر دونوں ایک کوری ہنڈیا میں داخل کر کے پانی معقول ان میں

ڈال کر کے منہ بند کر دیوے اور تین چار دن تک رکھے اور ہنڈیا کے باہر نچلی طرف جو تہ و بھی کا فضلہ باہر آوے گا۔ اس کو رکھتا جاوے۔ جتنے کہ تین پاؤ ہووے۔ باریک کر کے اسمیں نصف تولہ آہنی پر رکھے۔ اس پر ایک تولہ سنبل الفار زرد رکھ کر باقی نصف ڈالدے اور اچھی طرح دبا دیوے۔ نیچے ۲ چربیاں جلاوے۔ ۲ پہر آنچ کرے۔ سنکھیا کا کشتہ ہو جاوے گا۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن۔ (ایک قلمی کتاب)

بتی برائے تحلیل اورام

مغز نان گندم ۵ چھٹانک در شیر گرم تر نمودہ۔ جب پھول جاویں۔ خوب کوٹے پھر دم الاخوین ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ انزروت ۲ ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ شہد خالص تولہ زردی بیضہ مرغ ۳ عدد سب کو باریک کر کے بتی بنا وے اور کام میں لاوے (رر)

تراب کہ زخم تنگ کو کشادہ کرے

رس تھوم لہسن ۱۲ تولہ۔ عرق لیموں ۴ تولہ۔ سہاگہ چوکیا ۱ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۱ تولہ باریک کر کے عرقوں میں ملا کر ۴ یوم دھوپ میں رکھیں۔ توت مطابق اس میں سے ایک قطرہ زخم پر ڈالے تو زخم کشادہ ہو جاوے۔ بعد ازاں مرہم وغیرہ لگاوے یہ دوائی اسرار سینہ سے ہے۔ (رر)

ایضاً بر بجوٹی ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھا ۲ تولہ۔ پھٹکڑی ۲ تولہ۔ مداف ۲ تولہ۔ باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈالے اور چھاچھ آدھ پاؤ داخل کرے۔ اس کے نیچے ایک چھوٹا سا سوراخ کرے اور اسمیں کپڑا دے۔ نیچے کٹورا رکھے۔ یا جو کچھ گرے اٹھا کر رکھے ایک قطرہ زخم کے سر پر لگانے سے زخم کشادہ ہو جاتا ہے۔ (رر)

ایضاً قلمی شورہ ۲ تولہ۔ داخ ابیض یعنی پھٹکڑی ۲ تولہ۔ قاطوس (نوشادر) ۲ تولہ سب کھرل کر کے پاتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں ایک قطرہ زخم کے سر پر رکھیں۔ زخم کشادہ ہو گا (رر)

مرہم برائے لوت

مردار سنگ۔ کیلا کتھہ مساوی الوزن کھرل کر کے مکھن میں ملا کر لگا دیں۔ (رر)

مرہم کہ گوشت مردہ کو کھاوے

اور زخم کو دور کرے۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ زخت رومی ۵ تولہ۔ خاک البطم ۱½ ماشہ۔ روغن زیتون نیم چھٹانک۔ موم ۲ تولہ۔ اول موم کو روغن زیتون میں پگھلاوے۔ پھر باقی اشیاء داخل کر کے بدستور مرہم تیار کریں۔ (د ر)

مرہم زخم ہنجیر یعنی خنازیر

روغن سرخان ایک چھٹانک۔ کژدم ۲ عدد۔ چربی مار (سانپ) ایک چھٹانک ہر تینوں کو کڑاہی میں جلاویں اور جلنے کے وقت تھوڑا تھوڑا چونا اسمیں ڈالتے جاویں جب گاڑھا ہو جاوے تو مرغ کے پر پر لگا کر زخم پر لگاویں۔ (د ر)

مرہم عام

رال۔ موم سفید۔ چونہ۔ مسکہ (مکھن) مکھن و موم کو آگ پر رکھیں جب مل جاویں دوسری ادویات پیسکر ملاویں اور مرہم کی صورت بنا دیں۔ (د ر)

لیپ برائے خارش خصیہ

مردار سنگ۔ شنگرف۔ سپاری کاٹھی۔ ماجو سوختہ۔ کوڑی سوختہ۔ سب کو پیسکر چھاچھ میں حل کر کے خارش کی جگہ لیپ کریں۔ (د ر)

مرہم برائے دھدر و دنبل تر

مردار سنگ ۲ ماشہ شنگرف ۲ ماشہ ماجو ۲ ماشہ پیپکرہ ۲ ماشہ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ سب ادویہ کو کوٹ پیسکر مکھن میں ملا کر دھدر وغیرہ پر لگاویں۔ (د ر)

لیپ برائے چنبل

نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ چترا ۱ ماشہ۔ جواکھار ۲ ماشہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ ہڑتال ۲ ماشہ [illegible]

زرنا در ۳ ماشہ۔ جمال گوٹہ ۳ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ پیسکر عرق لیموں میں ملا کر ۲-۳ دفعہ لیپ کیا کریں۔ (د ر)

مرہم خارش خصیہ

کتھہ سفید ۲ ماشہ۔ بہمن سفید ۲ ماشہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ۔ مکھن ۵ تولہ ایک تھالی میں سب ادویات رکھ کر کٹورے کی پشت سے ۲ پہر تک رگڑے۔ حتےٰ کہ مرہم کی صورت ہو جاوے۔ (ایک قلمی کتاب)

سوختہ آتش

مردار سنگ۔ چاندی کی میل۔ سفیدہ۔ چونہ قلعی۔ روغن گل مساوی الوزن سفیدی بیضہ مرغ میں ملا کر طلا کریں۔ (د ر)

الیضاً ہرڑ کی گٹھلی خشک۔ پوست درخت حنا۔ اول روغن تلخ کو ایک چمچے میں ڈال کر آنچ پر رکھیں جب ایک جوش آ جاوے ہر دو اشیاء کو کھرل کر کے داخل کریں اور صاف پتھر سے گھوٹ لیں۔ (د ر)

الیضاً کتھہ سفید۔ کافور۔ مردار سنگ پیسکر روغن گاؤ میں ملا کر ضماد کریں۔ (د ر)

مرہم برائے دانہائے غلیظ

مکھن۔ طیار خام۔ سہاگہ ہر ایک نیم سرسا ہی وزن ادویہ پیس کر مکھن میں ملا کر لیپ کریں۔ (د ر)

گوشت خورہ

تالمون زرنیخ (ورق) کو ایک کڑچھے میں رکھ کر آنچ پر رکھے۔ اس کے اوپر گشتہ تصدیر (چونا) ڈالے کہ زرنیخ درپوشیدہ ہو جاوے۔ اس کے اوپر مکھن ڈال کر نیچے اتار کر مانند مرہم کے کرے۔ اگر مرض آنکھ کے واسطے مطلوب ہو ایسا ہی رہنے دیوے۔ ورنہ تھوڑا زرشادہ اور طلا دیوے اور کام میں لاوے۔ (د ر)

مرہم برائے خنازیر یعنی ہنجیراں۔ شنگرف۔ رال۔ ہڑتال۔ گندھک آملہ سار

ہر ایک ۱ تولہ۔ سیماب (پارہ) ۴ ماشہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۶ ماشہ۔ بسنہ جعور ۲ ماشہ۔
کنجد ایک چھٹانک۔ روغن کو کٹورے میں ڈال کر گرم کر کے اور باقی ادویہ پیسکر ملا دیوے
اور جوش دیوے تاکہ بصورت مرہم ہو جاوے۔ اسکو ہر روز گلٹیوں پر لگایا کرے + (م)

مرہم عام

سفیدہ ۵ تولہ۔ بسنگ جراحت ۲ تولہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ روغن کنجد
پاؤ۔ موم زرد ۳ تولہ۔ برگ نیم سوختہ ۲ تولہ۔
اول روغن کو گرم کریں۔ پھر موم داخل کریں۔ جب موم پگھل جاوے۔ باقی اجزاء ملا کر
پیس لیویں اور مرہم بنا دیں + (م)

مرہم برائے خنازیر ناہنجیر مجرب

کلیار خام۔ نیم۔ مہندی۔ فلفل سیاہ۔ مردار سنگ۔ اجوائن مساوی پیسکر رکھے۔ صبح کو
اول زخم کو پیشاب گائے سے دھوویں۔ پھر ادویات لے کر مکھن کئی بار پانی میں ملا کر
مرغ کے پر کے ساتھ خنازیر پر لگاویں۔ (م)

ایضاً شنگرف ۱ ماشہ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ ریسکپور ۲ ماشہ۔ رسونت ۳ ماشہ۔ بلیلہ
گجراتی ۲ ماشہ۔ سفیدہ ۳ ماشہ۔ مسکہ گائے دھویا ہوا ۱ تولہ۔ سب ادویات پیسکر
مکھن میں ملا کر زخموں پر لگاویں لیکن اول آب گرم و نمک سانبھر یا بول گائے سے
دھو لینا چاہیے۔ (م)

دوائی کھانیکی جو اکثر زخموں و زخمہائے آتشک کو خشک کرتی ہے اور امراض ریاح وبادہ کو مفید ہے نیز قوت کو نافع ہے۔

سنکھیا سفید ۱ تولہ کو کوزہ گلی میں رکھ کر نیچے دو چولی آنچ کرے اور اوپر چٹکی چٹکی
پھٹکڑی ڈالتا جاوے۔ جب پہلی چٹکی اچھی طرح پگھل جاوے تو دوسری ڈالے یہاں
تک کہ پانچ چھٹانک پھٹکڑی اور پانچ سیر لکڑیاں ختم ہو جاویں۔ پھر سرد ہونے پر
نیچے اتار کر سنکھیا کی ڈلی نکال لیوے۔ سنکھیا کی ڈلی سے جو تھوڑی تھوڑی

پھٹکڑی لگی ہو۔ اس کے سمیت پیسکر رکھے۔ خوراک خشخاش بھر ہمراہ اجزاء مناسب
و غذا مرغوب کھاوے یہ عمل سنیاسیوں و سیاحین کا ہے۔

دوائی برائے دفعیہ آتشک

دارچکنا ۱ تولہ۔ ریسکپور ۱ تولہ۔ سنکھیا سفید ۱ تولہ۔ ہڑتال ۱ تولہ۔ تنکار ایک تولہ۔
سفیدہ ۱ تولہ۔ آنولہ سار ۱ تولہ۔ سمندر سوکھ ۱ تولہ۔ مردار سنگ ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۱ تولہ۔ لاچی
کلاں ۱ تولہ۔ ہر ساجوائن ایک ایک تولہ۔ فلفل سیاہ و فلفل گرد ایک ایک تولہ۔ زیرہ ہائے
ہر دو ایک ایک تولہ۔ گیری ۱ تولہ۔ کھریہ ۱ تولہ۔ بہمن سفید ۱ تولہ۔ سونٹھ ستو ½ چھٹانک۔
اول رات کو سونٹھ بے ریشہ کو پیس کر پانی میں بھگو دیوے۔ صبح صاف پانی اس کا
لے کر ادویات بالا میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر ان کو کھرل کرے۔ جب جذب ہو جاوے۔
نصف چھٹانک اور سونٹھ لے کر اسیطرح رس کا پانی لے کر ان ادویات کو کھرل کرے
اسیطرح ۷ دن تک کرے بعد اذاں گولیاں مطابق دانہ موٹھ کے باندھے۔ خوراک ایک گولی
علے الصبح ہمراہ آب سرد۔ غذا نان گندم بے نمک بے روغن ۷ دن تک دوائی کھاوے
۲۱ دن پرہیز کرے۔ غسل بھی منع ہے۔ عمر بھر آتشک کا نمود نہ رہے گا۔ (م)
(ہماری رائے میں ادویات نصف ڈالے تو نقصان کا خطرہ نہ ہوگا اور بہت فائدہ ہوگا یاد رہے
جس دوائی میں زنگار ہو اس میں دال مونگ کا کھانا منع ہے)

مرہم برائے دفعیہ خنازیر

سم خر اس کا اندرون صاف کر کے برادہ کر کے روغن تل میں پکا دے۔ پھر موم
۲ تولہ۔ سنکھیا ۱ ماشہ۔ مغز رجال گرہ ۱۰ عدد پیسکر ملا دے اور موم کر دمیں ڈالکر
ملاوے پھر دیگر ادویات پیسکر ملاوے اور با ترکیب مرہم بنا کر کام میں لاوے (م)

دوائی برائے آتشک و زول

الفا سفیدہ ۲ ماشہ۔ شنگرف ۲ ماشہ۔ [illegible]

پیس لیوے اول پیالہ نو میں نصف پھٹکری اس کے اوپر نصف نیلا تھوتھا بنگرف اس کے اوپر
سنکھیا۔ بعد ازاں نیلا تھوتھا بقیہ بعدہ پھٹکری دیگر اوپر دوسرا پیالہ دے کر آٹے سے
منہ بند کر کے ۱۲ سیر نیچے نرم آنچ کرے پس باہر نکال کر مناسب بدرقہ سے برتے اکسیر ہے (د ر)

برائے زخم ہائے باد فرنگ

مین پھل۔ مازو سبز۔ رسکپور۔ کافور۔ کوڑی زردہ دھوپ کتھ سفید۔ سپاری کوفتہ
سب کو سفوف کر کے زخموں پر لگایا کرے خشک ہوں۔ (د ر)

مرہم برائے باد فرنگ

مکھن اچھا ایک کڑچھے میں گرم کرے۔ پھر مندرجہ بالا نسخوں کی ادویات باریک
پیسکر ملا دیوے اور بطریق معروف مرہم بنا دے۔ (د ر)

دوائی برائے دفعیہ آتشک

رس ۱۰ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔ سبز تخم کا گودہ ۲ تولہ۔ حمام دستہ
میں خوب کوٹیں تا کہ خشک ہو جاوے۔ خوراک ایک تلی (رکفدست) ہمراہ دودھ
بکری ۳ دن تک اور پرہیز تک غذا نان گندم و روغن زرد۔ (د ر)

دوائی برائے آتشک و کوتہ دمی

پارہ مصفا ایک حصہ۔ گندھک آملہ سار مصفا ۲ حصہ پارہ کو ایک کڑچھے میں رکھ کر ایک
گول چولہے پر رکھ دیوے اور ایک پاؤ روغن کڑوا چراغ میں ڈال کر چراغ جلا کر کڑچھے
کے نیچے رکھ دیوے اور گندھک پیسکر تھوڑی تھوڑی اس پر ڈالتا رہے اور انڈ کی
سبز لکڑی سے ہلاتا رہے حتیٰ کہ خاکستر ہو جاوے۔ خوراک آدھ رتی سکا وغیرہ میں (د ر)

ترکیب برائے چوٹ زدہ

ہمیشہ۔ پوست انار۔ ہلدی روغن کنجد میں پکا کر باندھیں۔

در بیان سوزاک

(۱) سوہاگہ تیلیا بریان ۱ تولہ پیسکر سات پڑیہ باندھے۔ خوراک ایک پڑیہ علی الصبح
ہمراہ شربت مصری پینے سے آرام آجاتا ہے۔ (ایک قلمی کتاب)

(۲) طباشیر ۱ تولہ۔ پھٹکری سفید بریان ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ گوند
کتیرا ۱ تولہ۔ ملٹھی ۱ تولہ۔ دھنیا ۱ تولہ۔ چوب چینی ۹ ماشہ۔ کندر ۹ ماشہ۔ صمغ عربی ۲ ماشہ۔
قلمی شورہ ۲ تولہ۔ آرد سنگھاڑا ۹ ماشہ۔ مغز چینی ۱ تولہ۔ بروزہ یک عدد۔ بروزہ پکا کر
تمام ادویہ کوٹ پیسکر مصری ۵ تولہ ملا کر رکھیں۔ خوراک ۲ ماشہ صبح و ۲ ماشہ شام ہمراہ
لسی دودھ وغیرہ۔ (د ر)

(۳) نشاستہ ۱ تولہ۔ کرکس ۲ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ سپاری کا ٹھی ۲ تولہ۔ الائچی
خورد ۴ ماشہ کو کوٹ پیسکر خوراک ۲ ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ علی الصبح پیشاب
کو جاری کر کے سوزاک دور کرتا ہے۔ (د ر)

(۴) قلمی شورہ ۲ تولہ۔ پھٹکری ۱ تولہ۔ سہاگہ ۹ ماشہ سب کو کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں
بند کر کے ایک ٹوکرا تقریباً ۱۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال کر رکھیں
رکھے۔ اول دن ۳ ماشہ۔ دوسرے دن ۲ ماشہ۔ تیسرے دن ۱ ماشہ کھا دیں۔ ہمراہ لسی
دودھ۔ غذا نان گندم با روغن بے نمک۔ (د ر)

کشتہ قلعی برائے سوزاک

قلعی ۴ تولہ۔ پارہ ۲ ماشہ باریک پتر کر کے ناخن جیسے ٹکڑے کر کے کھرل میں ڈالے
اور ۲ ماشہ اس میں سیماب داخل کر کے اور تھوڑا آک (مدار) کا دودھ ڈالتا جاوے۔ اور
کھرل کرے گولی بننے کے قابل ہو جاوے۔ پھر دو پیالوں کے اندر بند کر کے ۲ سیر اوپلوں
کی آنچ دے۔ خوراک ۲ چاول پتاسہ میں ڈال کر دودھ یا دودھ کی لسی سے دیوے۔
سوزاک نئے و پرانے دونوں کو مفید ہے۔ نیز جریان و رقت وغیرہ کو اکثر امراض منی
کو بدرقہ مناسب سے فائدہ عظیم دیتا ہے۔ (د ر)

دیگر کشتہ قلعی

قلعی ۱ تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ ایک کوزہ گل پختہ میں جس میں تقریباً ۵ سیر ساہی معاً آسکے کہ قلمی شورہ و قلعی نیچے اوپر رکھ کر بند کر دیوے۔ مگر قلعی کو ریزہ کرکے ریزہ ریزہ کرے اور علیحدہ علیحدہ رکھے۔ ۲ سیر آنچ دیوے اور سرد ہونے پر نکال کر پیس رکھے۔ خوراک ایک رتی بتاسہ میں دودھ وغیرہ سے کھاویں۔

سکہ برائے سوزاک مجرب

سیسہ (سکہ) ۱/۲ تولہ بیترہ کرکے چھوٹے چھوٹے ریزے کر لیوے۔ کوزہ مصری ۲۰ تولہ الائچی خورد ۳ ماشہ طباشیر ۳ ماشہ تینوں کو ملا کر کھرل میں ڈال کر ۳ دن تک خوب اچھی طرح سے کھرل کرے مصری کو جس سے سکہ بھی ساتھ ہی کشتہ ہو جاوے گا۔ پھر بہروزہ تر ۲۰ تولہ کپڑے میں باندھ کر پانی ایک سیر میں کڑاہی میں آتش پر رکھے۔ آنچ سے جب بہروزہ پانی کے اندر جاوے اسکو اتار لیوے۔ سرد ہونے پر بہروزہ نکال لیوے۔

بعد ازاں حشیشۃ الفقراء (بھانگ) ۱ کو نرے ڈنڈے میں خوب رگڑے ایک سیر پانی داخل کرے اور کپڑے سے چھان لے پس اس پانی کو کڑاہی میں ڈالے اور بہروزہ مذکور بھی داخل کر دے آنچ پر رکھے۔ جب پانی جذب ہو جاوے اور قدرے رطوبت باقی رہ جائے اتار کر سرد پانی ڈالدے جس سے بہروزہ جم جاوے گا۔ اسے دھوپ میں سکھا کر مندرجہ بالا کھرل شدہ سکہ کے ہمراہ ہم پھر کھرل کرے۔ خوراک ۳ ماشہ تک ہمراہ آب مہندی۔ خوراک نان گندم بروغن زرد بے نمک۔ لیکن اول اگر اندری جھاڑ جلاب کر لیوے تو بہت ہی مفید ہے۔ (رر)

کشتہ قلعی و پارہ برائے سوزاک

قلعی ۱ تولہ پارہ ۱ تولہ۔ قلعی کو پگھلا کر پارہ کو اس میں ملا دیوے۔ مغز جمال گوٹہ آدھ پاؤ پیس کر قلعی پارہ کی ٹکیہ اس کے اندر لپیٹ دیوے۔ ایک طرف اندر رکھ کر کپڑے کے اوپر

کوئلے رکھ دیوے۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھے۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن یا بالائی یا بتاسہ کے اندر دودھ کے ساتھ مقوی باہ ہے۔ سرعت جریان وغیرہ کو بھی مفید ہے اور سرد مزاجوں کو زیادہ نافع ہے۔ (رر)

دیگر

اول اسہل اندری مندرجہ ذیل دیوے۔ کباب چینی ۲ تولہ قلمی شورہ ۱ تولہ مٹھی ۲ ماشہ سب کو کوٹ پیس کر ۶ پڑیہ بنا دیں اور ایک پڑیہ منہ میں ڈال کر اوپر سے لسی دودھ سے پیوے۔ پھر اور پڑیہ کھاوے اور لسی پیوے۔ ایک ہی دن میں ۶ پڑیہ ایک جوان شخص ختم کر سکتا ہے۔ مدت ۳۰ یوم پڑیہ اور دودھ خام پیتا جاوے۔ ایک جھجری بھر پی جاوے اور تیسرے روز مندرجہ ذیل دوائی پیوے۔ ہماری رائے میں ایک تولہ شورہ ایک دن میں زیادہ ہوگا۔ تین دن کرنا چاہیے۔

گندہ بہروزہ ایک تولہ پوٹلی میں باندھ کر ایک مٹکے میں لٹکا دے۔ اس میں پانی بھر دے اور پوٹلی پانی سے اوپر رہے۔ نیچے آنچ کرے۔ دوپہر کے بعد اتارے۔ بہروزہ نیچے چلا جاوے گا۔ اسکو لیکر الائچی خورد ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ پیس کر ۹ پڑیاں بناوے ایک پڑیہ ہر صبح بکری کے دودھ کی لسی سے کھاوے۔ (رر)

برائے سوزاک

مغز تخم خربوزہ ۲ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۱۰ تولہ۔ مغز تخم کدو ۱ تولہ۔ تخم خرفہ مقشر ۶ ماشہ خشخاش سفید ۱۰ تولہ۔ کتیرا ۶ ماشہ۔ رب السوس ۶ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۱۰ تولہ کشتہ قلعی ۵ ماشہ کشتہ سیسہ ۱ تولہ نشکر تری ۲ تولہ۔ نشاستہ ۶ ماشہ کوٹ پیس کر سفوف بنا دیں۔ خوراک ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام بہمراہ شربت بنفشہ۔ تین تولہ کھاویں۔ (رر)

دیگر سفوف سوزاک

الائچی خورد ۱ تولہ۔ کتیرا ۱ تولہ۔ صمغ عربی ۱ تولہ۔ سنگ جراحت ۲ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ کتھ سفید ۱ تولہ۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ دودھ کی لسی (رر)

دیگر

سنگ جراحت ۱ تولہ ایک لوٹے میں بضعف برگ انار ترش پیکر رکھے اور اوپر سنگ جراحت رکھکر برگ انار کے نغدہ سے پُر کرکے اوپر دوسرا لوٹا الٹیکر منہ دونوں کا گِل حکمت سے بند کردیوے۔ ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ صبح نکال کر اسمیں کباب چینی ایک تولہ مصطگی ۱ تولہ۔ الاچی خورد ۱ تولہ۔ کابلی مصری ۱ تولہ۔ کافور ۱ تولہ۔ سورنجان ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ باریک کرکے ملاکر رکھے۔ خوراک ۲ ماشہ بہمراہ دودھ۔ غذا نان گندم بہ روغن زرد اوزنا خوردن ادویہ ریگ جا مناسند۔ (رر)

دیگر

چونہ جو عمارت ایک سو سالہ (۱۰۰) یا اس سے زیادہ سے اترا ہوئے کر رات کو پانی میں تر رکھے اور صبح آگ پر خشک کرے اور سنگ ریزہ ہا سے پاک کرکے ۲ تولہ لیوے اس میں طباشیر ۲ ماشہ۔ ست گلو ۲ ماشہ۔ الاچی خورد ۲ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ کوٹ پیسکر ۲۔۲ ماشہ کی پڑیہ بنادے۔ خوراک علے الصبح بہمراہ آب شگفتہ گیارہ یا اس کے نفع کے ۔ (رر)

دافع درد سوزاک

گاجنی مٹی سبز رنگ رات کو پانی میں تر رکھے صبح اس کا صاف پانی پیوے چند روز متواتر عمل کرے اور غذا معقول کھاوے (رر)

برائے سوزاک

گوند ماؤہ ۲ تولہ، زیرہ سفید ۲ تولہ، شکر سفید ۲ تولہ کونڈے ڈنڈے میں گھوٹ کر ایک پیالہ پانی کے ساتھ پیکر صاف کرکے پیوے۔ (رر)

سفوف مجرب برائے سوزاک

مغز تخم خرمہندی، مغز تخم ببول، مغز تخم بکائن، مغز تخم السرطہ، مغز تخم کچ، مغز تخم انگن

تخم تال مکھانا ہر ایک ۶ ماشہ۔ نبات سفید ۳۳ درم سب کو علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے رکھے۔ خوراک ۹ ماشہ صبح بہ شیر گاؤ سیاہ ایک ہفتہ از ترشی و بادی پرہیز۔ (رر)

سوزاک قرحہ و سرعت کو مفید ہے

سنگ جراحت ۲ تولہ۔ رال ۲ تولہ مصری ۲ تولہ۔ تال مکھانا ۱ تولہ۔ گوکھرو خورد ۱ تولہ۔ تخم سروالی ۱ تولہ سفوف بنادیں۔ ۹ خوراک ہیں۔ ایک حصہ لسی یا دودھ کے ساتھ۔ (رر)

نسخہ دافع سوزاک

پوہکر مول ۱ تولہ۔ برادہ شاخ بھینسا ۱ تولہ۔ روغن مادہ گاؤ و نیم پاؤ اول روغن مذکور موٹے کپڑے پر لیپ کرے۔ بعدازاں سفوف دروہ بعدازاں روغن باقیہ ڈال کر فتیلہ بنادے اس کے سر پر آگ لگاوے اور کاجل اتارے اور روزانہ آنکھ میں ڈالے مجرب ہے (رر)

دوائی سنگ گردہ و مثانہ

پھٹکڑی سفید بیضہ مرغ میں ڈال کر بہ گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ پھر نکال کر پیسکر رکھے۔ اول شورہ قلمی لسی خام کا اندری جلاب دے کر گردہ صاف کر ان سے آدھی رتی دوائی ایک چھٹانک مکھن میں ہر صبح کھلایا کرے ۔ (رر)

برائے کنکری

ترونگ بوٹی جو کہ نمناک زمین پر پیدا ہوتی ہے ۲ تولہ بجز لیسکرہ۔ ۲ مرچ سیاہ داخل کرکے کونڈا ڈنڈے میں ایک پیالہ پانی کے ساتھ گھوٹ کر کپڑ چھان کرکے ایک ہفتہ تک پیوے (رر)

دیگر

ماش سیاہ ۱ پاؤ لیکر ۲ پیالہ پانی میں جوش دیوے۔ جب نصف رہ جاوے نیچے اتار کر چھان کرکے آدھ پاؤ گھی۔ ۲ رتی پھٹکڑی سفید اور ایک چھٹانک مصری کابلی داخل کرکے پی جاوے۔ چند یوم کے استعمال سے شکایت دور ہوگی ۔ (رر)

دوائی گردہ

دوائی برائے درد گردہ و سنگ گردہ و حبس البول وغیرہ

اجوائن ا تولہ۔ تخم خرفہ ا تولہ۔ شورہ ۳ ماشہ۔ زیرہ سفید ا تولہ۔ برگ کو ۲ تولہ۔ گونڈے ونڈے میں گھوٹ کر کے ایک پیالہ پانی داخل کر کے آگ پر ذرا گرم کر کے کپڑ چھان کرے پھر کھرلا چکر پی لیوے۔ (د ر)

برائے کنکری و پتھری

سنگ یہود ۲ ماشہ۔ جوا کھار ۲ ماشہ پانی میں پیس کر پلاوے۔ (د ر)

برائے حبس البول

ریوند چینی۔ قلمی شورہ۔ جوا کھار پیکر پانی ڈال کر حسب ضرورت پلاویں۔ (د ر)

برائے پتھری

بچھو کو جلا کر اس کی خاک تل کی لکڑی کی خاک میں ملا کر کھلایا کرے۔ وزن اسکا خود حکیم تجویز کرے۔ (د ر)

شربت مدر بول

کاسنی ۵ تولہ۔ بیخ کاسنی ا تولہ۔ نیلوفر ا تولہ۔ گاؤزبان ا تولہ۔ گل گلاب ا تولہ۔ تخم کشوث ا تولہ۔ تخم خیارین ۵ تولہ۔ تخم خربزہ ۳ تولہ۔ ریوند خطائی ا تولہ۔ ترنجبین ایک پاؤ۔ مصری ۳ پاؤ۔ ترکیب معروف سے شربت بنا کر رکھیں۔ خوراک ۳ تولہ سے ۴ تولہ۔

برائے دفع درد گردہ و اخراج پتھری و کنکر وغیرہ

جوا کھار ا ماشہ۔ شورہ قلمی ا ماشہ۔ تخم خیارین ۲ ماشہ۔ گوکھرو ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید ۲ ماشہ۔ بادیان ۲ ماشہ۔ سنا مکی ۲ ماشہ۔ اجوائن ۲ ماشہ۔ شکر تری ۲ تولہ۔ پانی کے ساتھ گھوٹ کر ان کا شیرہ جلد سے پی جاوے۔ (د ر)

سفوف حجر الیہود برائے ایضاً

مغز تخم خربزہ ۵ ماشہ۔ تخم خیارین ۵ ماشہ۔ تخم خرفہ ۲ ماشہ۔ مغز تخم کدو ۳ ماشہ۔ نشاستہ ا ماشہ

تیرا ماشہ۔ کلتھی ا ماشہ۔ سنگ یہود۔ ارتی۔ مصری سب کے برابر کوٹ پیکر ۳ ماشہ ہر روز نخود سیاہ کے پانی کے ساتھ کھاوے۔ (د ر)

ضماد

شورہ قلمی ۲ تولہ۔ گل ٹیسو ۳ تولہ۔ گل معصفر ۳ تولہ۔ دودھ بکری بقدر حاجت پیکر نرم آنچ پر پکا کر تمام مثانہ پر لیپ کرے۔ یہ ضماد پیشاب کو جاری کرتا ہے اور کنکر خارج کرتا ہے۔ (د ر)

سفوف برائے اخراج پتھری مثانہ

سنا مکی ۳ ماشہ۔ تخم خیارین ۳ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ ماشہ۔ گوکھرو ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ مصری ۱ تولہ۔ کونڈا ونڈا میں پانی سے پیکر بقدر ایک سیر کے شیرہ نکال کر رکھے۔ جوکھار ۲ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ سفوف کر کے ۳ پڑیہ بناویں اور ایک ایک پہر کے گذرنے پر ایک پڑی مندرجہ بالا شیرہ سے کھلاوے ایک ہی دن میں اثر ہو۔ (د ر)

پتھری کو نکالے اور آیندہ پیدا ہونے کو منع کرے

مغز تخم خربزہ ا تولہ۔ خیارین ا تولہ۔ گوکھرو ا تولہ۔ ملٹھی ا تولہ۔ برگ ستار ا تولہ۔ سنگ یہود ۲ ماشہ۔ تخم کرفس ۲ ماشہ۔ مصری ۲ تولہ۔ سب کو پیکر ۱۲ پڑیہ بناویں اور ایک پڑی ہر روز کسی شربت سے دیں۔ (د ر)

دوائی برائے ریاح و حبس البول

بادیان ۵ تولہ۔ نیلوفر ۵ تولہ۔ گاؤزبان ۵ تولہ۔ الائچی کلاں ۵ تولہ۔ پودینہ باغی ۵ تولہ۔ کاسنی ۵ تولہ۔ زیرہ سفید ۳ تولہ۔ کاہو ۳ تولہ۔ گل سرخ ۳ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ عود ۱ تولہ۔ دارچینی ۳ تولہ۔ بسفائج ۲ تولہ۔ آگ گھیکوار ۲ سیر بدستور عرق کھینچ لے اور کام میں لاوے۔ (د ر)

برائے درد گردہ و ریح

پوست ہلیلہ زرد۔ سنا مکی۔ بادیان۔ فلفل سیاہ۔ مغز تخم کرتم۔ انجیر زرد ہر ایک دو دو تولہ

مصری کالپی ۴ تولہ۔ خوراک ۱ تولہ۔ (رر)

دوائی باؤگولہ

حنظل (تمہ) ۱۲ اعدد سنا مکی ۳ تولہ۔ اجوائن ایک پاؤ۔ منقہ ۵ تولہ۔ تمہ کو چاقو سے ٹکڑے ٹکڑے کرکے اور باقی اجزا کوٹ لیوے۔ کڑاہی میں ڈالے اور نرم آنچ پر رکھیں اور پانی ۱۲ پاؤ داخل کرے۔ جب ۳ پاؤ پانی رہ جاوے تو شکر تری ۲ چھٹانک الائچی خورد ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ مغز بادام ۵ تولہ پیس کر داخل کر دیوے اور تھوڑی سی آنچ پر پکاوے۔ جب بصورت حلوا کے ہو جاوے۔ اتار لیوے۔ خوراک ۱ تولہ گرم پانی سے بادی و ترشی سے پرہیز کرے ۔ (رر)

دوائی طحال

فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ بابچی ۱ تولہ۔ مصبر ۱ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۱ تولہ ادویات کوٹ پیس کر گڑ میں ملا کر اور تھوڑا سا گھیکوار کا گودہ ملا کر گولیاں بیر کے برابر بنا دیں اول روز ایک دوسرے روز ۲ تیسرے روز ۳ ہر صبح پانی سے کھاوے۔ اور بعد تیسرے دن کے ۳ گولی پانی سے کھاویں۔ ترشی اور بادی سے پرہیز کرے۔ (رر)

نسخہ برائے طحال۔ دمہ و ضعف ہاضم

نمک ہر قسم ایک ایک تولہ۔ صراف ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ برادہ آہن ۱ تولہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ جوا کھار ۱ تولہ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ ہڑتال ۵ ماشہ۔ تراب الہالک یسم الفار ۲ ماشہ۔ گوگرد گندھک ۱ تولہ سب کو آک کے دودھ میں ۲ پہر کھرل کریں اور پیالی خورد میں ڈال کر منہ بند کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ پھر نکال کر رکھے۔ خوراک ۲ رتی طحال کے واسطے ادھ ڑکا یا عرق سولف کے ہمراہ اور دمہ کے واسطے کھانڈ میں ملا کر رات کے کھانے کے بعد ہاضمے کے واسطے آب گرم سے۔ تپ بلغمی کے واسطے مصری کے شربت سے اور تپ صفراوی کے واسطے کاسنی سے گھوٹے کے ساتھ ۔ (رر)

نسخہ مفید باروگ ہر قسم ورم و صلابت معدہ و طحال و باؤگولا بدہضمی درد شکم و قراقر و قبض شکم و ریح رودہ مجرب و آزمودہ

پوست ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ پوست بلیلہ ۴ تولہ۔ آملہ مقشر ۴ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ۔ اناردانہ ایک پاؤ۔ کالا چاچ ایک پاؤ۔ ستیادہ ۴ تولہ حنظل ۱ عدد۔ تربدی ۲ تولہ۔ سونٹھ ۳ تولہ۔ سولف ایک پاؤ۔ پودینہ ۴ تولہ۔ زیرہ سفید ۳ تولہ۔ اجوائن ہر قسم ۳۔۳ تولہ۔ گل سرخ نیم پاؤ۔ گھیکوار ۲ تولہ۔ تخم ۲ تولہ۔ سب کو جو کوب کرکے ایک کڑاہی میں ۲ سیر پانی میں بھگو دے۔ سہاگہ ۲ تولہ نوشادر ۳ تولہ۔ مصبر ۳ تولہ۔ نمک سنگ ۳ تولہ۔ نمک شیشہ ۳ تولہ۔ نمک سانبھر ۳ تولہ۔ سنچل ۳ تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ۔ لوٹا کھار ۳ تولہ۔ قلمی شورہ ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ فلفل گرد ۲ تولہ آخری ۱۲ ادویات کا نصف حصہ علیحدہ رکھے بقیہ نصف کو نیم کوب کرکے کڑاہی میں ڈال کر سارا دن دھوپ میں رکھے۔ بعدہٗ جوش دیوے۔ جب نصف رہے۔ نیچے اتار کر مل چھان کر اس کاڑھے کو ادویات والی کڑاہی میں ڈالے اور جوش دیوے اور آہنی چمچے سے ہلاتا جاوے۔ جب گاڑھا ہو جاوے نیچے اتار کر باقی نصف ۱۲ ادویات کو پیس کر داخل کرے اور دو دو تین تین روز دھوپ میں رکھے کہ خشک ہو جاوے۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ آب سولف صبح و شام۔ (رر)

نوٹ:۔ اس نسخے کے اعلےٰ و مفید ہونے میں شک نہیں ہے۔ مگر چند لفظ کیا الفاظ رہ گئے ہیں کہ عبارت مہمل ہو گئی ہے۔ اور ترکیب کا ٹھیک پتہ نہیں ملتا۔ اتنے معنے اسکے ہو سکتے ہیں:۔

اول بارہ ادویات کو نصف پانی میں بھگو دیا جاوے ۔۔ دن بعد اس کا جوشاندہ دوسری ادویات کی کڑاہی میں ملا کر جوش دیا جاوے۔ دوسرا ۱۲ ادویات کا نصف پہلی ادویات کے ساتھ ہی پانی میں ملا دیا جاوے اور ۔۔ دن بعد جوش دیا جاوے۔ سوم بارہ ۱۲ ادویات کی نصف کڑاہی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں اور دیگر ادویات کا جوشاندہ کرکے مل چھان کر اس کڑاہی میں ڈال کر پھر جوش دیں۔

سوچنے سے ہمیں تو یہی بہتر معلوم ہوتا ہے کہ ۱۲ ادویات کا نصف ادویات دیگر

کے ہمراہ کڑاہی میں ڈال دیا جاوے اور ان کے لعب کا جوشاندہ اکٹھا کیا جاوے
اس جوشاندے کو پھر جوش دیکر گاڑھا کیا جاوے۔ یہی معنے عبارت سے نکلتے ہیں اگر
پہلی بار جوش دیکر مل چھاننے کے بعد یہ الفاظ نہ ہوتے کہ اس جوشاندے کو ادویات
والی کڑاہی میں ڈالکر کے ادویات کا جب جوش ختم ہو گا۔ تو ادویات کونسی ادویات ہیں
معلوم ہوتا ہے کہ ادویات والی کڑاہی غلطی سے لکھی گئی ہے۔ یا لکھنے والے کا مطلب
ہے کہ جس کڑاہی میں ادویات ہیں۔ پھر اسمیں ڈال کر جوش دیوے۔ بجالاتے معنے
ہمیں معلوم ہوتے ہیں لکھنے والے کا نہ جانے کیا مطلب ہے۔ اس دوائی کی تیاری
ہم نے شروع کر دی ہے امید ہے جلد تیار ہو جاوے گی۔

برائے طحال (تلی)

اسد (قلمی شورہ) ۱ تولہ۔ تاجون (نوشادر) ۱ تولہ۔ صبر ۱ تولہ۔ جواکھار ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ
۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ ریٹھ کھار ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ چونہ نیا ۱ تولہ۔ نمک لاہوری
۱ تولہ۔ سب ادویات کو گھیکوار (کنوار گندل) کے رس میں کھرل کر کے گولیاں بمقدار
جنگلی بیر بنا دیں۔ خوراک گولی علے الصبح (باسی پانی کے ساتھ) (در)

برائے طحال و باؤگولہ

نمک شیشہ ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ۔ انگوزہ ۱ تولہ۔ اول انگوزہ ایک پیالہ میں رکھے
اوپر طوطیا اس کے بعد نمک ڈال کر بند کر کے ۳ سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ خوراک
۲ ماشہ ہمراہ عرق سونف (در)

برائے دفعیہ طحال

بادام ۱ تولہ زیرہ ۱ تولہ میں داخل کر کے بند رکھیں تاکہ خشک ہو جاوے پس بعد ازاں نکال کر شورہ
قلمی ۲ تولہ جواکھار ۱ تولہ نوشادر ۱ تولہ ہمراہ نمک کے ساتھ کھرل کر کے ۲ سیر گھیکوار کے
رس سے مس کر کے گولیاں ہمراہ دانہ چنا کے بنا دیں۔ خوراک ایک گولی علے الصبح۔ (در)

کشتہ خبث الحدید (منور)

منور پرانا آگ میں سرخ کر کے آک (مدار) کے دودھ میں بجھاوے حتےٰ کہ پارہ پارہ
ہو جاوے۔ پھر باریک کر کے کوزہ گلی میں ڈال کے اوپر آک مدار کا دودھ اس قدر ڈالیں
کہ دو تین انگل اوپر رہے۔ منہ بند کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیوے۔ اس طرح ۳ آنچ دیوے
پھر تین آنچ چھاچھ میں دیوے۔ پھر تین آنچ لیموں کے پانی میں۔ سفید رنگ کشتہ
تیار ہو گا۔ پیسکر برابر وزن مرچ سیاہ داخل کر کے رکھے۔ خوراک دو چاول اگر ۲۰ دن کھاوے
۱۴ دن پرہیز رکھے۔ غذا نان گندم و روغن بے نمک (در)

کشتہ منور برائے خون سوختہ

منور پرانا آدھ پاؤ لیکر آگ میں سرخ کر کے گائے کے بول میں بار بار بجھاوے کہ
ریزہ ریزہ ہو جاوے۔ بس پیسکر پانی سے دھو کر ایک کڑاہی میں ڈال کر اور تھوڑا تھوڑا چھاچھ
اس میں ڈال کر کھرل کرے ۲ پہر تک اسی طرح کرے۔ پھر گھیکوار کے لعاب میں دو پہر کھرل
کر کے کڑاہی کو آنچ پر رکھے کہ خشک ہو جاوے۔ پھر روغن زرد ½ پاؤ۔ گڑ پرانا ½ پاؤ
پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ پوست بلیلہ ۲ تولہ۔ آملہ مقشر ۲ تولہ۔ مجیٹھ ۱ تولہ۔ سب کو باریک
کر کے سفوف بنا کر رکھے۔ خوراک ۴ ماشہ۔ ادھ رڑکے کے ساتھ صبح کے وقت کھاوے
غذا چاول و روغن زرد ۴۰ یوم تک غسل سے پرہیز چاہیے (در)

منجن برائے درد دنداں و ورم دنداں وغیرہ

نمک سندی ۱ چھٹانک۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ دودھ آک (مدار) ۵ تولہ
پہلے نمک کو پیسکر لوہے کے چمچے میں ڈال کر آک کا دودھ داخل کر کے آنچ پر رکھے حتےٰ
کہ دودھ جذب ہو جاوے۔ نیچے اتار کر باقی اجزا شامل کر کے پیس رکھے۔ اور بوقت ضرورت
دانتوں پر مالش کر کے لعاب کو نکلنے دیوے۔ مجرب ہے (در)

کشتہ خبث الحدید (منور) برائے خون سوختہ وطحال

منور کو آگ میں سرخ کرکے چھ بار گائے کے بول میں بجھاوے۔ پھر ۷ بار دودھ آک (مدار) میں بجھاوے۔ اس کے بعد ویسے ہی ۷ چھ کچلا کے پانی میں دیوے۔ پھر ۳ یوم بڑھ کے دودھ میں رکھے۔ حتّٰی کہ خشک ہوجاوے اور پیس کر چار مغز داخل کرکے رکھے۔ خوراک حسب مزاج ۔ (د۔ر)

ایضاً منور آگ میں سرخ کرکے گائے کے بول میں بار بار بجھاوے کہ ریزہ ریزہ ہوجاوے۔ پھر پانی سے دھو کر کھرل میں ڈال کر اور تھوڑی تھوڑی چھاچھ ڈال کر دوپہر تک کھرل کرے۔ پھر اس میں آملہ، بہیلہ، زرد ہلیلہ پیس کر اس کے اندر داخل کرے۔ خوراک تقریباً ایک ماشہ چھاچھ کے ہمراہ اور چھاچھ زیادہ پیوے۔ عمل بالکل شرطیہ ہے ۔ (د۔ر)

ایضاً منور کو پانچ سیر لیکر کوٹ پیس کر کئی بار دھووے جس سے کہ میل نکل جاوے اور خالص منور تقریباً ایک پاؤ رہ جاوے۔ اس میں سے نیم پاؤ لے کر کڑاہی میں ڈال کر آنچ پر رکھے اور روغن زرد ایک پاؤ، قند سیاہ ایک پاؤ داخل کرکے آہستگی سے ہلاتا جاوے۔ حتّٰی کہ دھواں نہ رہے۔ اور نیچے اتار کر پیس کر رکھے۔ خوراک تقریباً ۲ ماشہ ہمراہ چھاچھ ۔ (د۔ر)

ایضاً منور خالص ایک چھٹانک، روغن گاؤ ایک چھٹانک دونوں کو کڑاہی میں ڈال کر آنچ پر رکھے۔ قند سیاہ ایک پیالہ میں دودھ میں گھول لیوے اور تھوڑا تھوڑا منور میں داخل کرکے چمچہ آہستگی سے ہلاتا جاوے۔ حتّٰی کہ تقریباً نیم پاؤ شربت موصوف ختم ہوجاوے پھر جب دھواں موقوف ہووے نیچے اتار کر پیس رکھے اور ایک چٹکی چھاچھ کے ساتھ روزانہ کھاوے ۔ (د۔ر)

ایضاً۔ منور گھیکوار کے لعاب میں تین پہر کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ایک سیر اوپلوں کی آنچ دیوے۔ اس طرح سات آنچ دیوے۔ خوراک ۲ ماشہ مکھن میں ۔ (د۔ر)

ایضاً۔ سنکھ باریک کرکے سرکہ خالص میں پیسے کہ خوب باریک ہوجاوے۔ پھر خشک کرکے ایک کوزہ گلی میں داخل کرے اور اس پر آگ کا دودھ اس قدر ڈالے کہ ۲۔۳ انگل اوپر

رہے جب خشک ہوجاوے اور ڈالے۔ اس طرح سے ۷ دفعہ کرے پھر چھاچھ گاڑھی لے کر اس پر ڈالے حتّٰی کہ تین چار انگل اوپر آوے۔ جب خشک ہوجاوے اور ڈالے اس طرح سے ۷ یوم تک پھر نکال کے کر کڑاہی میں داخل کرکے تھوڑی تھوڑی چھاچھ ڈال کر کھرل کرے۔ دو دن تک جب مثل غبار کے ہوجاوے نگاہ رکھے۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ چھاچھ ۔ (د۔ر)

نسخہ برائے دفعیہ طحال و یرقان و ریاح بدن وغیرہ

کاسنی ۳ تولہ۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ نیلوفر ۱½ تولہ۔ گاؤزبان ۱½ تولہ۔ بادیان ۱½ تولہ۔ بیخ بادیان ۱½ تولہ۔ تخم خیارین ۲ تولہ۔ تخم خربزہ ۲ تولہ۔ بسفائج ۹ ماشہ۔ استیمو ۱ تولہ۔ تخم سنبھالو ۱۵ ماشہ۔ گل سرخ ۱½ تولہ۔ تخم کشوث ۱ تولہ۔ منقہ ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۱½ تولہ۔ مصری سب سے ۳ گنا بدستور شربت تیار کریں ۔ (د۔ر)

نسخہ برائے دفعیہ اورام طحال

خاکستر درخت پیپل نیم پاؤ۔ نمک شور نیم پاؤ۔ نوشادر ۲ دام کوٹ پیس کر رکھے۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ تازہ پانی۔ غذا روغن و میٹھی ۔ (د۔ر)

ایضاً شورہ قلمی ۵ حصے۔ کاہی زرد ۳ حصے۔ سفید پھٹکری ۲ حصے۔ نوشادر ۱ حصہ۔ نمک سنگ ایک حصہ۔ نمک شور ایک حصہ۔ کف دریا ایک حصہ۔ نمک سانبھر ایک حصہ۔ نمک سونچر ایک حصہ۔ سہاگہ ایک حصہ۔ کچلونہ ایک حصہ۔ جوکھار ۱ حصہ سب کو لیکر ان میں سے نصف کا تیزاب کھینچے۔ پھر مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ انگوزہ، ہینگ ۱۵ تولہ۔ ہر دو نیم بریان باریک پیس کر تیزاب مذکورہ داخل کرکے کھرل کرکے خشک ہونے پر گولیاں موافق چنے کے بنالیوے۔ ایک گولی سرکہ یا لیموں کے پانی سے کھاوے گولی کھانے کے بعد گرم پانی سے منہ کو صاف کرکے چند دانہ الائچی خورد کے کھانا اچھا ہے۔ اور کوشش کرنی چاہیے کہ گولی دانتوں کو نہ لگے ۔ (د۔ر)

ایضاً سہاگہ، شورہ قلمی، شورہ، فلفل، نوشادر برابر وزن کوٹ کر سرکہ ڈال کر ایک کوزہ گلی میں بند کرکے جو کے ڈھیر میں دفن کرے۔ تاکہ سکوں میں تمام چیزیں حل

کرغائب ہوجاوے نیچے درخت سمبل میں سوراخ کرکے اسکو داخل کرکے بند کردیوے بعد ۴۰ یوم کے باہر نکال کر پیس رکھے تین چار قطرے آک کے دودھ کے داخل کرکے ستار ایر پر لگایا کرے ۔

ایضاً گائے کا دودھ ۳ پاؤ ۔ چاکسو ۱ تولہ ۔ کباب چینی ۲ تولہ ۔ ریوند چینی ۲ تولہ ۔ دانہ سرسوں کا مغز ۲ تولہ ان سب اشیا کو باریک پیس کر اور ایک حقہ مع چلم سامان متعلقہ نیا لاوے اور جب اسمیں نصف سیر تمباکو پیا جاوے تو نَےْ کو توڑ کر اس کے اندر وئی جگر کو بھی مذکورہ بالا داخل کی ہوئی ادویہ میں ملا کر کھرل کرے اور چنے کے برابر گولیاں بنا کر صبح و شام ایک ایک گولی کھاویں ۔ غذا خشکہ ہمراہ روغن زرد ۔ لیکن نمک سے پرہیز کرنا چاہئیے ۔ (رر)

نسخہ برائے بواسیر خونی

سرمہ سیاہ ۲ تولہ ۔ کتھہ سفید ۲ تولہ ۔ سونٹ ۴ تولہ پہلے سونٹ کو کسی کٹورے میں آدھ پاؤ پانی ڈال کر بھگو دیں ۔ پھر صبح کے وقت باقی دواؤں کو اُس بھیگے ہوئے پانی میں کھرل کرکے گولیاں بنالیں جن کی مقدار نصف نخود جتنی ہو اور ہر روز علی الصبح ایک گولی کھاویں اور غذا میں روغن زرد استعمال کریں اور نمک سے پرہیز کرنا چاہئیے ۔ (رر)

ایضاً سرمہ سیاہ ۱ تولہ ۔ سرمہ سفید ۱ تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ ۔ چاکسو ۲ تولہ ۔ سونٹ ۲ تولہ پوست تخم بکائین ۲ تولہ ۔ نیل وسمہ ۱ تولہ ۔ آملہ سار ۹ ماشہ ۔ ہلیلہ سبز ۲ تولہ ۔ آملہ مقشر ۲ تولہ ان سب کو کوٹ پیس کر اس میں کچھ پانی ڈالیں اور کھرل میں خوب پیس لیں اور خشک ہونے پر گولیاں بقدر نخود بنالیں ۔ اور صبح و شام ایک ایک گولی کھاویں ۔ ہمراہ آب اطریفل

آب اطریفل ہلیلہ زرد ۔ ہلیلہ سیاہ ۔ آملہ ۔ بہیڑہ ۔ سب کو جوکوب کرکے مٹی کے برتن میں جو پانی ڈالا جاوے اور صبح کو قریب آدھ پاؤ دوا کھانے کے بعد پیا جاوے ۔ اور گرم اشیاء مثلاً و بسل (پیاز) گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں ۔ غذا میں گندم کی روٹی روغن زرد کے ساتھ ۔ دال مونگ ۔ ماش و چنا کا استعمال کریں ۔

ایضاً برائے بواسیر خونی ۔ فلفل سیاہ ۳ تولہ ۔ زنجبیل ۳ تولہ ۔ چاکسو ۳ تولہ ۔ تخم شرشف ۳ تولہ مغز تخم بکائین ۳ تولہ ۔ شکر تری ۱۵ تولہ ۔ ان اشیا کو خوب پیس کر اکٹھا کریں اور

ہوجاویں ۔ دو دام ولایتی انجیر کے ساتھ کھاویں ۔ (رر)

برائے دفیہ طحال

گائے کا دودھ ایک سیر رات کو جاگ لگا کر صبح اس کی چھاچھ بناوے ۔ مگر مکھن علیحدہ نکالے پس ہلیلہ زرد نیم پاؤ ۔ آملہ نیم پاؤ ۔ ہلیلہ نیم پاؤ ۔ نمک ہوتجل نیم پاؤ ۔ سب کو کوٹ پیس کر چھاچھ مذکور میں داخل کرکے اور منہ بند کرکے ۴۰ یوم تک آفتاب میں رکھے اور ہر روز اسکو لکڑی سے ہلاتا رہے ۔ بعد ازاں ایک پیالہ صاف کرکے پیا کرے اور نان روغن خوب کھاوے (رر)

ایضاً

برگ آک (مدار) زرد جو کہ خود بخود گرے ہوں ۱۰۰ عدد ۔ نمک سنگ ۵ تولہ ۔ سجی ۵ تولہ سہاگہ ۵ تولہ ۔ ہلدی ۵ تولہ ۔ نمک سیاہ ۵ تولہ ۔ نمک سفید ۵ تولہ ۔ جوکھار ۵ تولہ ۔ نوشادر ۵ تولہ انگوزہ (ہینگ) ۵ تولہ سب کو پیس کر دس درم روغن سرسوں اور دس درم دودھ آک (مدار) میں ملا کر آک (مدار) کے پتوں کے ہر دو طرف لیپ کرے دیگ گلی میں تہ بتہ داخل کرکے اور سنبھال کر ہر اش دیگر بھی مٹی سے بند کرکے گجٹ کی آنچ دیوے ۔ جب سرد ہوجاوے تو باہر نکال کر پیس رکھے ۔ خوراک ایک چٹکی ہمراہ باسی پانی کے اور ترشی و بادی سے پرہیز کرے ۔

دیگر برائے دفیہ طحال

انگوزہ ہینگ ۱ ماشہ ۔ مصبر ایلوا ۱ ماشہ ۔ نوشادر ۲ ماشہ ۔ ریوند ۲ ماشہ ۔ ان تمام اشیاء کو کوٹ پیس کر تیزاب فاروقی میں حل کرکے برابر چنے کے گولیاں باندھیں اور ایک گولی روزانہ ایک ہفتہ تک کھاتا رہے ۔ (رر)

نسخہ برائے بواسیر

پھٹکری سفید ۱ دن تک آک کے دودھ میں رکھے یعنی ہر روز اس پر اتنا دودھ ملا کرے

بعد نماز صبح تھوڑا تھوڑا کھایا کریں اور ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں ۔ (ر)

نسخہ مخصوص برائے بواسیر خونی

نیل دمہ ۲ تولہ ۔ بہیرہ سفید ۲ تولہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ ۔ [illegible] ۲ تولہ ۔ رسونت ۲ تولہ ۔ آملہ سار ۱ تولہ ۔ تخم بکائن ۲ تولہ ۔ ان سب اشیاء کو باریک کر کے پانی کے ساتھ تر کر کے ۴ ماشہ کی گولیاں بنالی جاویں اور ہر صبح سویرے کھا کر اوپر سے اکاس بیل ۹ ماشہ کو تھوڑے پانی کے ساتھ ملا کر نوش کریں ۔ (ر)

ایضاً ۔ ریٹھا ۱ تولہ کو دو گھڑی شہد کے ساتھ کھرل کر کے ۹ گولیاں بنالیں اور ہر روز علی الصبح سرد پانی کے ساتھ ایک ایک گولی کھاویں ۔ غذا حلوا اور گوشت اور روغن زرد کا عام استعمال رکھیں ۔ (ر)

نوٹ ۔ ایک تولہ کی گولیاں بہت بڑی ہیں ۔ [illegible] کم از کم ۱۲ ہونی چاہئیں ۔

ایضاً ۔ نوشادر ۲ ماشہ ۔ بسم الفار سفید ۱ ماشہ کو باریک کر کے صدف میں ڈال رکھیں اور کھرل شدہ ادویہ میں سے دو رتی قدرے لعاب [illegible] میں ملا کر پانچ چھ روز مسوں پر لگاویں ۔ علاوہ اگر سوزش معلوم ہو تو اس پر پنیر ملیں ۔ (ر)

ایضاً ۔ سندھور ۱ تولہ ۔ رال سفید ۱ تولہ ۔ مکھن ۱۰ تولہ کو پیس کر پانی میں دھو کر اور بعد ازاں رال کو باریک کر کے اور سندھور میں ملا کر مرہم بنالیں اور پھاہا پر لگا کر جسم پر مرہم لگاویں ۔ (ر)

مخصوص برائے بواسیر خونی

نیل [illegible] ایک رتی پیس لیں اور ہر صبح منقہ میں ملا کر کھاویں ۔ غذا گندم کی روٹی گھی کے ساتھ اور نمک دکھاویں ۔ (ر)

مجرب برائے بواسیر ہر قسم

۶ ماشہ تخم [illegible] پیس کر [illegible] سفید کھانڈ ملا لیویں ۔ اور ہر روز علی الصبح استعمال کریں ۔ (ر)

برائے خونی بواسیر

[illegible] ایک چھٹانک تخم بکائن کا آٹا آدھ پاؤ کر کوٹ کر باریک پیس کر سفوف بنالیں اور ہر روز علی الصبح ۳ انگلی بھر چٹکی کھا لیا کریں مگر ہر قسم کی بد پرہیزی سے بچنا چاہئے ۔ (ر)

مخصوص برائے بواسیر خونی

کھانڈ ۲ حصہ ۔ سیب [illegible] ایک حصہ ان کو باریک کر کے [illegible] عدد گولیاں بنا دیں اور دائم ایک ایک گولی علی الصبح کھا لیا کرے ۔ نوٹ [illegible]

ایضاً ۔ سم الفار ۲ ماشہ ۔ کتھ سفید ۱ تولہ ۔ شنگرف ۱ ماشہ ۔ آملہ سار ۲ ماشہ ۔ سم الفار زرد ۲ ماشہ ۔ سیماب (پارہ) ۳ ماشہ ۔ مچھل ۳ ماشہ ۔ سنگ [illegible] ۳ ماشہ ۔ [illegible] ۱ تولہ ۔ الائچی کلاں ۱ تولہ ۔ ان سب کو کوٹ کر شبنم کے پانی سے ۲ پہر کھرل کرے ۔ بعد ازاں [illegible] سیر عرق لیموں میں کھرل کریں اور فلفل سیاہ جتنی گولیاں بنالیں اور ہر روز ایک گولی گرم پانی [illegible] کے شربت کے ساتھ کھاویں ۔ (ر)

برائے مسہ ہائے بواسیر

آک [illegible] ۲ ماشہ ۔ زنگار ۲ ماشہ ۔ شنگرف ۲ ماشہ ۔ سنکھیا سفید ۲ ماشہ ۔ [illegible] ماشہ ۔ سیماب ۲ ماشہ ۔ [illegible] ۲ ماشہ کو ہم پیس کر ان کا جوہر نکال لیں اور [illegible] مسوں پر مالش کریں تین روز ۔ گرم غذاؤں سے قطعی پرہیز کریں ۔ (ر)

کشتہ فولاد برائے بواسیر بادی و قوت

برادہ فولاد کو [illegible] زرد (بن گربھی) کے پانی میں دو روز کھرل کریں اور اس کا ٹکیہ بنالیں یعنی ٹکیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کریں ۔ بعد ازاں ایک پاؤ بھر [illegible] کی آگ دیں ۔ خوراک ایک خشخاش مسکہ میں ملا کر کھاویں ۔ (ر)

ایضاً ۔ یکشنبہ یعنی اتوار کے روز پہلی گھڑی گیارہ چاول اور ایک [illegible]

کے نیچے رکھ دیوے اور کہے کہ میں تمہیں تو بیاہ دیتا ہوں۔ اور اٹھ کر چلا جاوے۔ اور پھر دوسرے اتوار کو بھلی گھڑی میں اس طرف سے کہ سایہ اس پر نہ پڑے۔ سارے درخت کو لے لیوے۔ اور اس کی جگہ پر سپاری دبا دیوے۔ بعد ازاں اس کی جڑ لے کر کپڑے میں سوت کے ساتھ لپیٹ دے جس کو کنواری لڑکی نے کاتا ہوا اور اپنے داہنیں بازو سے باندھے یہ آزمودہ ہے ۔ (در)

مخصوص برائے بواسیر خونی

نصف پاؤ سرہ ایک پاؤ دہی کے پنیر میں کھرل کرے۔ اور جب جذب ہو جاوے۔ تو برتن میں ڈال کر گڑھے میں پانچ سیر سرگین کی آنچ دیوے۔ خوراک ایک رتی مکھن گائے میں ملا کر (در)

برائے مسہ بواسیر مجرب

افیون ۲ ماشہ۔ صابن ۲ ماشہ دونوں کو گھس کر تھوڑا پانی ڈال لیں اور ترب کلاں یعنی بڑی مولی لیکر اس کو درمیان سے کھود دیں۔ بعد ازاں ان دونو پسی ہوئی دوائیوں کو مولی میں لیپ کر کے سم الفار سفید اسمیں داخل کر دیا جاوے۔ اور مولی سے جو نکلے اُس سے بند کر کے اسکے اوپر لیپ کرے۔ جب خشک ہو جاوے اُسے گل حکمت کرے۔ اور زمین میں گڑھا کھود کر ۲ سیر اوپلہ صحرائی کی آگ جلا دے اور جب شعلہ نکل کر بند ہو جاوے تب مولی کو اس گڑھا میں دبا دیوے۔ اور سرد ہونے پر نکال لیوے اور سنکھیا شگفتہ شدہ کو محفوظ کرے۔ تھوڑا تھوڑا تخمہ بواسیر پر مالش کرے مجرب ہے ۔ (در)

ایضاً سم الفار سفید ۱ ماشہ حب الملوک (جمال گوٹہ) ۱۳ دانہ ان دونوں کو اکٹھا لیکر برتن میں بند کر کے سرگین چھڑکا کی آنچ دیں بعد ازاں گاگردیل (سنبدال) کے پانی میں پیس کر تخمہ بواسیر پر مالش کریں ۔ (در)

نسخہ دافع بواسیر ہر قسم

بیج عشر کلاں کو ایک گڑھے میں جلا دیں جب سب جل جاوے اور ٹھنڈا ہو جاوے

تو اس تمام خاک کو رکابی وغیرہ میں لیکر ملا دے اور اس کے کوئلے لے لیوے اور پھر درخت کنار کی ٹہنیاں جن پر عنکبوت کے جالے لگے ہوں پہلے کی طرح جلا دیں اور اس کے بھی کوئلے لے لیں۔ بعد ازاں ان دونو کوئلوں کو ہموزن کر کے جمع کر رکھیں اور پیس لیں اور وقت ضرورت استعمال کریں۔ خوراک ۲ ماشہ گائے کے مکھن میں صبح و شام کھاویں۔ ایشور چاہے تمام اقسام کی بواسیر کو فائدہ دیوے گا ۔ (در)

نسخہ مجرب برائے بواسیر ہر قسم

قلمی سکہ۔ گندھک آملہ سار۔ گندھک برابر ہموزن لیکر کشتہ بنالو اور بعد میں کھرل کر کے ۳ رتی خوراک گائے کے مکھن یا دہی کی ملائی میں رکھ کر صبح و شام کھاویں (در)

نوٹ: میرا خیال ہے کہ نوشادر اسمیں اور داخل کر کے مرگانک بنالینا چاہیے۔ وہ بواسیر کو مجرب ہے ۔

ایضاً رسونت ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ کونکر بیر ۲ تولہ۔ منولی دھریک ۲ تولہ۔ نیم ۲ تولہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ جواکھار ۱ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ۔ عرق مولی ۲ بوتل۔

ترکیب۔ عرق مولی میں ۲ یوم رسونت کو بھگو چھوڑے۔ بعدہ تمام ادویات بالا کو پیکر اور چھان کر عرق مولی میں حل کر لیوے۔ اور برابر دانہ نخود کے گولیاں بنالے۔ اور ایک گولی پانی کے ساتھ کھا لیوے۔ اور قدرت کا تماشہ ملاحظہ فرماویں۔ پرہیز بادی اشیا سے لازمی ہے ۔ (در)

نسخہ برائے سرفہ سرد

ورق الخروع برگ آک ۱ پختہ یک عدد۔ فلفل سیاہ ۱۰ عدد اس حساب سے لیکر باہم پیس چھان کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالے۔ علے الصبح ایک گولی کھاوے۔ (در)

سرفہ بلغمی و دمہ۔ اشتہا آور مقوی معدہ جمیع امراض بلغمیہ

ورق طلا ۱ تولہ۔ پارہ مصفٰے ۱ تولہ۔ پوست کچنال کے پانی میں ۲ پہر تک کھرل کر کے

بعدہ سہاگہ ۳ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ (اَن چھیدے موتی) ۲ تولہ اور سب کے برابر بیر بہوٹی ملا کر دوپہر کھرل کریں اور غلولہ بنا لیں۔ اور برگ ارہوسہ اس کے اوپر لپیٹ کر مٹی کے بوتہ میں ڈال کر کپڑ مٹی کر کے اوپلوں کی آنچ دیں اور سرد ہونے کے بعد پھر ۶ روز پہلے جتنا ہی ڈال کر کھرل کریں اور پھر مذکورہ بالا آنچ اسی طرح دیں۔ خوراک ۲ رتی ۸ عدد فلفل سیاہ کے سفوف میں ملا کر اور اگر بیمار کی مزاج صفراوی ہو تو شربت نیلوفر کے ساتھ کھاویں (ر ر)

برائے کھانسی بلغمی

نعقہ ۶ ماشہ۔ ملٹھی مقشر ۶ ماشہ۔ پرسیاوشاں ۶ ماشہ۔ تخم کرفس ۳ ماشہ۔ پوست بیخ بادیان ۳ ماشہ۔ انجیر ۳ ماشہ۔ فراسیون ۳ ماشہ ایک پیالی میں جوش دیں بعد ازاں مل چھان کر شربت تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی

ستیارہ ۵ تولہ۔ ملٹھی ۵ تولہ۔ گلو ۵ تولہ۔ میوہ کشمش ۵ تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۳ تولہ۔ دوائیوں کو کوٹ کر دو سیر پانی میں جوش دے۔ جب آدھ سیر رہ جاوے نیچے اتارے اور مل چھان کر اسمیں ڈیڑھ پاؤ مصری ملاوے اور شربت بنا کر بوتل میں ڈالے۔ خوراک ۲ تولہ شربت میں ۶ تولہ پانی ملا کر علے الصبح پیوے۔ (ر ر)

برائے کھانسی کہنہ و نزول

پوست کیکر ایک پاؤ۔ پوست پھولاہی ایک پاؤ۔ ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ بانسہ کے پتے ۲ تولہ سب کو کوٹ کر دو سیر پانی میں جوش دیوے۔ جب آدھا رہ جاوے تو نیچے اتار کر مل کر صاف کرے اور ایک پاؤ گھی اسمیں ڈال کر مل کرے۔ بعدہ ایک پاؤ کھانڈ ملا کر قوام کرے۔ کرڑ ۲ تولہ۔ اور بھی خود ۱۰ تولہ بیج میں ڈالے۔ خوراک ۶ ماشہ سوتے وقت۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی و طحال و باؤ گولہ۔

نمک نیم سیر۔ ہڑتال طبقی ورقی (زرنیخ ورقی) نیم پاؤ۔ دونوں کو دودھ آک (مدار) میں کھرل کر کے

۵۰ عدد برگ آک (مدار) میں لپیٹ کر ایک کوزہ گلی میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آنچ دیں اور پیس کر نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک رتی ؎

سرفہ بلغمی

کمن نیم چھٹانک۔ مصری نیم چھٹانک ملا کر علے الصبح کھاوے اور شلغم کو ایک گولی کھاوے جو کہ حسب ذیل طریقہ سے بنائی گئی ہو۔

ترکیب تیاری :- جو کھار ۱۰ ماشہ۔ نار دانہ ۱ تولہ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ پیپلا زرد ۶ ماشہ قند سیاہ ۲ تولہ کو ملا کر مرافق پیچ سیاہ گولیاں باندھ لیں۔ غذا خشکہ و روغن خام (دودھ) کے ساتھ کھاویں ؎ (ر ر)

ایضاً فلفل سیاہ۔ سہاگہ۔ مصبر مساوی الوزن لے کر پہر تک گھیکوار کے لعاب میں کھرل کریں۔ اور بعد ازاں دانہ نخود کے برابر گولیاں باندھیں۔ خوراک سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھے اور رس چوستا رہے۔ (ر ر)

سرفہ بلغمی و ضیق و طحال

گل عشر آک (مدار) کے پھول ۵۰ عدد۔ قرنفل (لونگ) ۵۰ عدد۔ دونوں کو سونٹھ کے پانی میں کھرل کر کے ۵۰ گولیاں باندھے اور علے الصبح ایک گولی گرم پانی کے ساتھ کھاوے۔ نمک اور ترشی وغیرہ سے ۲۰ یوم تک پرہیز کرے ؎ (ر ر)

سرفہ (کھانسی) جملہ اقسام

گوند کیکر ۱۰ ماشہ۔ کتیرا ۱۰ ماشہ۔ نشاستہ ۱۰ ماشہ۔ مغز تخم بہیدانہ ۶ ماشہ۔ خشخاش سفید ۱۴ ماشہ۔ شکر سفید ۲ تولہ۔ مغز تخم خربزہ ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۶ ماشہ۔ مصری ۲ تولہ۔ سب ۳ تولہ کوٹ کر اسبغول کے لعاب میں گولیاں باندھ لیں۔ بقدر دانہ نخود۔

اگر مزاج بلغمی ہو تو ست ملیٹھی ۴ ماشہ۔ منقہ ۱۴ ماشہ۔ زعفران اکسیر ۱/۲ ماشہ۔ زیادہ کر کے حسب مناسب ایک گولی سے ۲ گولی تک روزانہ کھا سکتے ہیں ؎

دوائی برائے کھانسی بچگان

جس سے بچوں کو بے خوابی ہوتی ہے۔ اور کبھی قے بھی ہو جاتی ہے۔ نیز نزول کو نافع ہے
نشاستہ، گوند کیکر، ملٹھی، خشخاش سفید، افیون ہموزن کوٹ کر اسپغول و بہیدانہ کے
لعاب میں ملا کر دانہ نخود کے موافق گولیاں بنالیں۔ اور سردیاں کے ساتھ ایک ایک
گولی کھلا دیں۔ (رر)

برائے سرفہ بلغمی

عناب ۳۰ دانہ۔ لسوڑیاں ۳۰ دانہ۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ ملٹھی ۲ تولہ۔ زوفا ۲ تولہ۔ پرسیاؤشاں
۲ تولہ۔ خبازی ۱ تولہ۔ خطمی ۱ تولہ۔ تخم کرفس ۱ تولہ۔ سونف رومی ۱ تولہ۔ تمام ادویہ کو کچل کر
دو پیالہ بھر پانی میں جوش دیوے۔ جب نصف رہ جاوے تو مصری ڈال کر قوام کرے
اور صبح و شام ۲ تولہ شربت میں ایک تولہ پانی ملا کر شیر گرم کر کے نوش کریں (رر)

نسخہ برائے نفث الدم یعنی خون کا آنا اور سل:-

مغز کدو ۵ تولہ۔ مغز بہیدانہ ۵ تولہ۔ مغز تخم خرفہ ۱۰ تولہ۔ مغز تخم خربوزہ ۱۰ تولہ۔ گلو ۵ تولہ
برادہ صندل سفید ۱۰ تولہ۔ کشنیز (دھنیا) ۵ تولہ۔ انجبار ۱۰ تولہ۔ تخم ممرو ۱۰ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ
کاہو ۱۰ تولہ۔ گل سرخ ۱۰ تولہ۔ الائچی خورد ۱۰ تولہ۔ تخم بالنگا ۵ تولہ۔ کاسنی ۲ تولہ۔ جنس ۱۰ تولہ
بادیان ۱۰ تولہ۔ ملٹھی ۲ تولہ۔ ورشک ۲ تولہ۔ مربہ آملہ ۱۰ تولہ۔ مربہ سیب ۱۰ تولہ۔ مربہ ہلیلہ زرد
۱۰ تولہ۔ مربہ بہی ۱۰ تولہ۔ بکری کا دودھ ایک سیر
گاجر کا پانی ایک سیر ان کا عرق بطریق مشہور نکال لیا جاوے۔ اور مندرجہ ذیل کا
سفوف بنا دیں۔
طباشیر ۵ ماشہ۔ الائچی خورد ۵ ماشہ۔ گل ارمنی ۵ ماشہ۔ گل مختوم ۵ ماشہ۔ گل سرخ ۵ ماشہ
مرزنہ ۵ ماشہ۔ شادنج ۵ ماشہ۔ لبہ (تخم ریحان) ۱۰ ماشہ۔ کتیرا ۱۰ ماشہ۔ خشخاش ۵ ماشہ۔
رب السوس ۵ ماشہ۔ اقاقیا ۵ ماشہ۔ مغز کدو ۹ ماشہ۔ مغز کھیرا ۱۰ ماشہ۔ صمغ عربی (گوند کیکر)

کاہو ۵ ماشہ۔ خطمی ۵ ماشہ۔ خبازی ۵ ماشہ۔ گل نار ۵ ماشہ۔ دم الاخوین ۵ ماشہ۔ سلاجیت ۱۰ ماشہ
جگر بز سوختہ (جو نہ کھاتے ہوں نہ ڈالیں) ۹ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۹ ماشہ۔ ست گلو ۲ ماشہ۔ کشتہ
نقرہ ۳ ماشہ۔ اس کے بعد شربت انجبار بھی تیار کریں:-
حب الآس ملٹھی ۱۲ تولہ۔ عناب ۲ تولہ۔ لسوڑیاں ۲ تولہ۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ زوفا ۲ تولہ۔
ملٹھہ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ خشخاش ۲ تولہ۔ خبازی ۲ تولہ۔ مصری ۳ پاؤ۔ ادویہ کو جوشاندہ
کرکے مل چھان کر مصری ملا کر شربت بنالیں۔
ترکیب کھانے کی۔ ۲ تولہ شربت میں ۳ تولہ عرق ڈال کر ۳ ماشہ سفوف منہ میں
ڈال کر اوپر سے شربت پی لیں۔ (رر)

برائے سرفہ کہنہ پرانی کھانسی

تربد سفید یعنی ترٹوی۔ اصل السوس ملٹھی۔ رب السوس۔ غاریقون۔ ایارج فیقرا
تخم حنظل (گودہ تر) بنفشہ محمودہ۔ فلفل سیاہ۔ سونف۔ انار دانہ۔ جو کھار۔ نکرمستی۔
افیون۔ ریوند۔ ایلوا۔ سہاگہ۔ پودینہ۔ کرفس۔ گل سرخ۔ گل ارمنی کو ساوی کوٹ کر
نصف کو شہد میں اور نصف کو آب ترنج میں ملالیں اور ۶ ماشہ کی گولیاں باندھ
لیں۔ اور صبح کو ایک گولی آب ترنج والی اور رات کو سوتے وقت شہد والی گولی شربت
ذیل کے ساتھ کھا دیں: (رر)

نسخہ شربت

مغز بادام۔ مغز پستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ چھوہارا۔ الائچی خورد۔ زنجبیل۔ خرفہ۔ حب الآس
بہیدانہ۔ خشخاش سفید۔ میتھی۔ مغز تخم کدو۔ مغز تخم کاہو۔ خطمی۔ خبازی۔ عقرقرحا
چلغوزہ۔ طباشیر۔ اذخر۔ سنبل۔ تخم کتان۔ تخم ریحان۔ تخم خیارین۔ انجیر۔ منقہ۔ اشنہ
برابر وزن اور سہ چند مصری ڈال کر معمولی طریقہ سے شربت نکال لیا جاوے اور منہ میں
گولی لے کر اوپر سے ۲ تولہ شربت میں ۲ تولہ پانی ڈال کر پی جاویں۔ ترش اور بادی اشیا
سے پرہیز کریں۔ (رر)

نسخہ برائے سرفہ

مٹھا تیلیا ۱ ماشہ۔ تخم دھتورہ ۶ ماشہ۔ سیماب مدبر ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ خرمہرہ سوختہ ۱ تولہ۔ سنکھ بحری ۲ تولہ۔ آملہ سار ۲ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ عاقرقرحا ۱ تولہ۔ تمام اجزا کو چار پاؤ عرق لیموں یا عرق زنجبیل میں کھرل کریں اور کھانڈ میں ایک رتی بھر کھاویں۔ اوپر سے بکری کا دودھ پیویں ۔ (ر ر)

نسخہ کھانسی بلغمی

برگ مدار (آک)، فلفل سیاہ، نمک سانبھر کو برابر مقدار میں کوٹ کر فلفل سیاہ کے برابر گولیاں بنالی جاویں اور علے الصبح ایک گولی سرد پانی کے ساتھ کھاویں ۔ (ر ر)

ضیق و سرفہ (کھانسی و دمہ بلغمی)

زنجبیل (سونٹھ)، نمک سونچل۔ برگ اب۔ نمک سنگ۔ تخم خارزرگونہ (بھٹکنڈہ) تخم کنڈیاری ہموزن پیس کر ایک سیر آک (مدار) کے دودھ میں کھرل کریں۔ قرص بنا کر خشک کر کے برتن میں بند کر کے آگ دیں جب جل جاویں تو خوراک ۲ رتی علے الصبح ہمراہ شہد ۔

برائے نفث الدم

برادہ صندلین سرخ و سفید ایک ایک تولہ۔ انجبار ۲ تولہ کو کوٹ کر ۳ پیالہ پانی اور آدھ سیر مصری ملا کر شربت بنالیں اور صبح و شام ۲-۲ تولہ پیا کریں ۔

ایضاً

گل ارمنی۔ کہربا۔ صمغ عربی۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ نشاستہ۔ کتیرا۔ اقاقیا۔ گلنار۔ ریشہ برگد کو ساوی مقدار میں کوٹ لیں اور خرفہ کے پانی میں ملا کر ٹکیاں بنالیں جن کا وزن تین تین ماشہ ہو۔ خوراک علے الصبح ایک ٹکیہ روزانہ ۔ (ر ر)

دوائی سرفہ بلغمی جو سینہ کو اخلاط سے پاک کرتا ہے اور ضیق کو مفید ہے

عناب ۳۰ عدد۔ سپستان ۵۰ عدد۔ انجیر سفید ۳۰ عدد۔ بنفشہ ۷ ماشہ۔ پرسیاوشاں ۷ ماشہ۔ تخم خطمی ۳۰ درم۔ خبازی ۳۰ درم۔ اصل السوس ۷ درم۔ زوفہ ۷ درم۔ اس کو جوشاندہ کر کے موافق شربت بنالیں ۔ (ر ر)

نسخہ برائے سرفہ بلغمی

ہلیلہ زرد ۱۰ عدد۔ بلیلہ ۱۰ عدد۔ سرد چینی ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ایک چھٹانک کوٹ کر اور کھانڈ کو کڑاہی میں ملا کر اس کا شیرہ رکھ لیوے اور چاروں دوائیں کو جو کہ پیسی جا چکی ہیں۔ اس میں ڈال دے اور نیچے اتار کر خوب ملانے کے بعد چھوٹی مرچ کے برابر گولیاں باندھ لے۔ خوراک ایک گولی علے الصبح ہمراہ عرق گاؤزبان (ر ر)

نسخہ برائے قے خون

برگ آس۔ گلنار۔ پھٹکڑی۔ ماجو۔ وغیرہ قابض اشیاء سے غرارے کراوے اور اگر خون دماغ سے جاتا ہے تو فصد سرارو کراوے اور جوشاندہ قابضہ مثل سابقہ کے غرارے کرے اور قرص نفث الدم منہ میں رکھنا بہت مفید ہے ۔ (ر ر)

قرص نفث الدم

گل ارمنی۔ کہربا۔ صمغ عربی۔ دم الاخوین۔ طباشیر۔ اقاقیا۔ نشاستہ۔ گلنار۔ ریشہ برگد برابر وزن۔ بارتنگ اور خرفہ کے پانی میں ملا کر اس کا خمیر بناویں۔ اور بعد ازاں ٹکیاں بنا کر استعمال کرے۔ ۲-۲ ماشہ کی ٹکیاں بناویں ۔

نسخہ برائے کھانسی جس کی زیادتی سے طعام قے ہو جاتی ہے

فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ۔ انار دانہ ترش ۱۲ درم۔ قند سیاہ ۴ درم۔ جوکھار ۱۰ درم کوٹ چھان کر کھانڈ یا شہد میں ملا کر دانہ نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ ۲ درم ۳ ماشہ کا جاذب (ر ر)

نسخہ جوشاندہ برائے کھانسی دمہ اور نوازل و بحتہ الصوت

بنفشہ ۱ ماشہ. زوفا ۱ ماشہ. بادیان ۱ ماشہ. خشخاش ۱ ماشہ. اصل السوس (ملٹھی) ۱ ماشہ. انجیر ۳ دانہ. مویز منقٰی ۱۰ دانہ. ابریشم ۳ ماشہ. بادام مغز ۹ ماشہ. اسطوخودوس ۲ ماشہ. دارچینی ۲ ماشہ بمصری ۲ تولہ جوشاندہ کریں۔ (۱۱)

نسخہ برائے سرفہ و ضیق

پارچہ باریک کو سات بار دودھ آک (مدار) میں ترکرکے خشک کرے اور سات مرتبہ آب نیم میں ترکرکے خشک کرے پس فتیلہ کرکے مکھن میں ترکرکے بتی بنا کر آگ لگا دے جو روغن اس سے ٹپکے اسکو سنبھال رکھیں۔ ۲ رتی اس روغن میں سے بتاشہ میں رکھکر کھلا دے۔ غذا روغنی کھانی چاہیئے۔ (۱۱)

نسخہ برائے ڈبہ اطفال

طوطیا رخام بریان یک جزو. سہاگہ بریان نیم جزو۔ ان دونوں کو بکری کے دودھ میں حل کریں اور دانہ باجرے کے برابر گولیاں باندھیں۔ خوراک ایک گولی ہمراہ شیر مادر۔

نوٹ:۔ ڈبہ اطفال کے لئے نیلا طوطیا کی آمیزش سے ایک نسخہ حافظ رحیم بخش صاحب چھاونی جالندھر والے جو ایکبار یہاں تشریف لائے تھے بتلا گئے تھے اور اس موذی مرض کے واسطے مجرب بتلاتے تھے۔ وہ بھی یہاں لکھ دیا جاتا ہے:۔

نسخہ

عصارہ ریوند ایک جزو. طوطیا ایک جزو. گیرو دو جزو. تمام ادویہ باریک کرکے گولی برابر موٹھ کے بنا دیں انسان کے دودھ سے ایک گولی دیدیں تو یا دست ہو کر آرام آ جاویگا۔

نسخہ برائے دمہ (ضیق)

نوشادر، نمک سنگ پیسیں اور لسوڑی کے پتے پر کچھ جو این رکھ کر جلا دیں۔

بعد ازاں ان دونوں ادویہ کو خاکستر مذکور کے ساتھ ملائیں اور ایک چٹکی صبح اور ایک چٹکی شام کو استعمال کریں۔ (ایک قلمی کتاب)

نسخہ خضاب مجرب حکیم رام بٹالہ شریف

تھوڑا سا مقناطیس منہ میں اس طرف رکھے جس طرف وسمہ ملا گیا ہو اور وسمہ یا مہندی میں برادہ لوہا چونا ڈال کر دھوپ میں رکھیں اور وسمہ ملنے کے تھوڑی دیر بعد دھو دے مجرب ہے۔ نوٹ: یہ نسخہ حکیم صاحب نے یہاں لکھا ہے۔ ہم نے بھی لکھدیا ہے (ایڈیٹر)

نسوار برائے درد سر و نزلہ

تمباکو ۱ تولہ. لونگ ۲ عدد. زعفران ۱ ماشہ. کستوری ۱ رتی کپڑ چھان کر رکھیں۔ ۳ بار نسوار لیویں جب نسوار لی جاوے ایک پہر تک پانی نہ پینا چاہیئے۔ اگر وقت رات کا ہے۔ تمام شب پانی نہ پینا چاہیئے۔ (۱۱)

طلاء شقیقہ عصاب

دارچینی ۱ ماشہ. کتیرا ۱ ماشہ. گوند کتیرا ۱ ماشہ. تخم کاہو ۱ ماشہ. کیسر ۲ رتی پیسکر درد کی جگہ پر لگاوے (۱۱)

دافع درد سر

گاگرویل کپڑ چھان کرکے ناس لیوے۔ گاگرویل بندال کو کہتے ہیں۔ (۱۱)

ایضاً اوپلوں کی خاک آک (مدار) کے دودھ میں ترکرکے دودھ قدرے اوپر رہے۔ جب خشک ہووے نسوار لیوے (نزلہ و زکام و درد سر بلغمی کو نافع ہے) (۱۱)

ایضاً نسوار چاول کے دانے آک (مدار) کے دودھ میں ترکریں جب خشک ہو جاویں پیسکر نسوار لیں۔ (۱۱) (ہماری بھی مجرب ہے) خوب چھینکیں آتی ہیں۔ (ایڈیٹر)

ایضاً گندھک آملہ سار. چھکنی. برگ کشمیری. گل انار. گل ہوکڑی. گاگرویل. فلفل سیاہ برابر وزن پیسکر رکھے اور بوقت ضرورت نسوار لیوے۔ (۱۱)

برائے درد شقیقہ :۔ لونگ در کاغذ سیاہ کو پیچ سوا گیرد۔ (ایک قلمی کتاب)

عطوس :۔ برگ کشمیری۔ چھکنی۔ کائپھل۔ لونگ۔ تمباکو تلخ پیس کر نگاہ رکھیں۔ بوقت ضرورت سونگھا کریں۔ نزلہ۔ زکام۔ درد سر کو اکسیر ہے ۔ (م،ر)

برائے شقیقہ دموی

عناب ۵ عدد۔ آلو بخارا ۱۰ عدد۔ بنفشہ ۲ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ کاسنی ۱ تولہ۔ کاہو ۱ تولہ۔ زرشک ۱ تولہ۔ مصری ۳ گنا بدستور شربت تیار کریں اور عمل میں لاویں۔ (م،ر)

دوران سر

تخم خشخاش ۱ تولہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ آرد پنبہ دانہ ۱ تولہ۔ مصری ۲ تولہ۔ کشنیز ۱ تولہ پیس کر ایک تھی خوراک بنا کر کھایا کریں ہمراہ دودھ ۔

برائے نزلہ و زکام

تخم کنڈیاری ۱ ماشہ۔ سمندر پھل ۱ ماشہ۔ تمال پتر ۱ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۱ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ ماشہ۔ کبابہ ۱ ماشہ۔ گٹھ ۱ ماشہ۔ چھکنی ۱ ماشہ۔ زرنباد ۱ ماشہ۔ سونٹھ ۱ ماشہ۔ لونگ ۱ ماشہ۔ عقرقرحا ۱ ماشہ۔ تخم کنائی ۱ ماشہ۔ تخم شگندہ ۱ ماشہ۔ کائپھل ۱ ماشہ۔ گل سرخ ۱ ماشہ۔ کشمیری پتر دو چند کل کے کوٹ پیس کر عمل میں لاوے بوقت ورد (م،ر)

برائے ڈنگ سانپ حقہ کی چینک کو روغن تل میں بھون کر گرم شل مرہم ہو جائے مقام ڈنگ پر باندھے ۔ (م،ر)

علاج کوری شکم جو سانپ کے کاٹنے سے ہو۔ بیخ جواہاں پانی میں گھس کر آنکھ میں لگاوے (م،ر)

ضیق الفرج مردو عفصنی شنگرف سادی در اندرون بمانند یک دو ساعت برابر اں خادرہ باران بالا البہ یکے دو ساعت مجامعت کنند ۔ (م،ر)

ترکیب مرگانگ

قلعی ۱ تولہ۔ پارہ ۹ ماشہ۔ اول قلعی کو پگھلا کر روغن تل میں تین بار بجھاوے۔ پھر

پگھلا کر ساتھ پارہ ملاوے پھر اسمیں ایک تولہ گندھک آملہ سار ملاوے اور کھرل کرے۔ پھر نوشادر ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ داخل کر کے کھرل کر کے آتشی شیشی کپڑ مٹی میں ڈال کر کلوں کی آنچ پر رکھے۔ جب دھواں موقوف ہووے نکال لیوے ۔ (م،ر)

ترکیب ساختن شنگرف رومی

پارہ ۱۲ جزو۔ گندھک ۸ جزو دونوں کو خوب کھرل کرے اور آتشی شیشی بڑی گردن والی میں کہ نصف ادویہ سے بھر جاوے اور نصف بلکہ نصف سے بھی خالی رہے ڈالدیوے اور اسکا منہ بند کر کے اس شیشی پر کپڑ مٹی کر کے خشک کر لیوے۔ ایک مٹکے میں ریت بھرے درمیان میں آتشی شیشی رکھ دیوے اور منہ اس کا باہر رہے۔ ایک پہر نرم آگ کریں اور ۳ پہر آگ تیز کریں پھر سرد کر کے توڑ کر اوپر رنگا شنگرف لیوے ۔ (م،ر)

ترکیب دور نمودن داغ سیاہی

اول روغن تل سے چرب کرے پھر آب گرم سے دھووے۔ (م،ر)

ترکیب سیاہی

ہیرا کسیس کاہی ۱۲ ماشہ۔ گوند کیکر ۲ ماشہ۔ مازو ۴ ماشہ۔ اخیری دوائی کو جو کوب کر کے اور باقی دونوں کو باریک کر کے ملاوے اور پیچھے دودہ (دھواں پھول سیاہی) ۲ ماشہ ملا کر لوہے کے برتن میں ڈالے پانی صاف ملا دیوے اور تیار کرے اگر سیاہی غلیظ القوام ہووے تھوڑا عرق لیموں ڈالنا چاہیے اور اگر رقیق القوام ہووے قدرے پتاشہ ڈالنا چاہیے

ترکیب صابون

سجی ۱۰ سیر قلعی چونہ ۵ سیر۔ ہر دو کو علیحدہ علیحدہ برتنوں میں بھگو دیوے۔ سجی میں پانی ایک من اور چونے میں پانی ۲۰ سیر ڈالے خوب ملا دیوے۔ دوسرے دن ان کا مقطر پانی اوپر سے نتھار لیوے اور دیگ آہنی میں ڈالکر روغن سرسوں ۱۰ سیر چربی ۵ سیر مخلوط کر کے نیچے آنچ کرے جب جوش آجاوے کفچہ سے حرکت دیتا

رہے جب قوام پر آجاوے یعنی گاڑھا ہو جاوے تو اُتار کر سانچوں میں بھر لیوے سرد
ہونے پر سخت ہو جاویگا۔ اگر چاہیں تو اُتارنے کے وقت عطریات وغیرہ خوشبو کے
واسطے ملا سکتے ہیں۔ (ایک قلمی کتاب)

ترکیب صابون دیگر

سجی ۲ سیر۔ آہک ۲ سیر دونوں کو دس دس سیر پانی میں علیحدہ علیحدہ بھگو دیوے
بعد ایک دن کے اسکو خوب ملا دیوے۔ پھر رہنے دیوے۔ دوسرے دن اس کا آب زلال نتھار
کر علیحدہ رکھے اور دونوں کے پھوک کو باہر نکال کر ایک گزی کپڑے میں ڈال کر کپڑے کے
چاروں کونے علیحدہ علیحدہ چار پایوں سے باندھ دیوے۔ نیچے گھڑا رکھ کر اس کے اوپر ڈھائی
سیر پانی ڈالے۔ جبکہ عرق نیچے بخوبی چلا جاوے تو پھر اسکو چونہ و سجی کے پھوک پر ڈالیں
تیسری دفعہ کا جو عرق نکلے اسکو پہلے زلال کے ساتھ ملا کر روغن ۱ سیر ارنڈ جو سرسوں سا بھی
تیل ہو مگر کل ایک قسم کا ہو ڈال کر حل کرکے نیچے آنچ کرے۔ اور لکڑی سے ہلاتا جاوے
جب قوام غلیظ ہو جاوے۔ تھوڑا سا امتحان کے طریق پر سرد کرے۔ اگر منجمد ہووے تو اسکو
نیچے اتار کر جما لیوے۔ اگر چاہے تو مناسب عطریات ڈالے۔ اگر رنگ میں زردی
منظور ہو تو زعفران پیسکر اگر سرخی منظور ہو تو شنگرف پیسکر ملا دیویں +
(ایک قلمی کتاب)

ترکیب روغن چرس

چرس کو لیکر دودھ گائے میں ڈالکر ابال کر بدستور مکھن بناوے۔ اس مکھن کو آنچ
پر رکھے اور چرس کی بُو کو مٹانے کے واسطے اس میں لونگ۔ برگ تمباکو۔ جائفل۔ بالچھڑ
وغیرہ فوراً ملا دیوے اور اچھا پھر جل جانے پر گھی کو علیحدہ کر لیوے (ایک قلمی کتاب)

کتا یا گیدڑ دیوانہ

ایک پرانہ سبز رنگ کا بھڑ کے قد کا جس پر نقطہ ہا سفید ہوتے ہیں ماہ ہاڑ میں

گل ہا جو انبہ پر ہوتا ہے اسکو لیکر ایک کوزہ گلی میں مضبوط بند کرکے رکھیں خشک
ہو جاوینگے اسکا سر و پر و دم دور کرکے اس میں سے ۲ عدد ۳ ماشہ حرمل کے ساتھ پیسکر
مکھن میں لپیٹ کر کھلاویں۔ بول جب جب آوے ایک برتن میں کریں گیند ٹیا کتے
کی شکل کی چھوٹی چھوٹی اشکال خارج ہونگی خوف نہ کریں تمام زہر دور ہوگا۔ (ایضاً)

نسوار برائے مار گزیدہ

کتھ۔ کبابہ۔ لونگ۔ چھکنی۔ الائچی خورد۔ تلخ (دبو) مساوی الوزن لیکر نلی کے
ذریعہ ناک میں چڑھاوے + (ایک قلمی کتاب)
نکتہ۔ اگر شک ہو کہ مار گزیدہ ہے یا نہیں۔ آب نیموں یا کچے لیموں پیسکر ڈنگ کے مقام
پر ملے۔ اگر آبلہ ہو جاوے سانپ نے کاٹا ہے۔ ورنہ نہیں + (،،)

شربت زوفا برائے درد سینہ و نزلہ و کھانسی کہنہ و اصلاح معدہ و سدہ

مویز منقّٰی دانہ برآوردہ ۳ درم۔ اسپوٹریاں ۱۰ درم۔ عناب ۱۰ درم۔ بیخ سوسن
۱۰ درم۔ ملٹھی ۱۰ درم۔ انجیر زرد ۱۰ درم۔ پر سیاؤشاں ۱۰ درم۔ زوفا خشک ۱۰ درم
زرایانہ ۵ درم۔ انیسون ۵ درم۔ بہیدانہ ۵ درم۔ تخم خیارین ۳ درم۔ تخم کرد ۳ درم
تخم خربوزہ ۳ درم۔ مغز پستہ ۳ درم حب الصنوبر ۳ درم۔ سنبل الطیب ۳ درم
اذخر ۳ درم۔ تخم خطمی ۲ درم۔ تخم کتان ۳ درم۔ سب کو جوکوب کرکے جوش دیوے
سہ رطل مصری کے ساتھ قوام کرکے اور مغزہائے کو کوٹ کر داخل کریں (ایک قلمی کتاب)
(نوٹ) درم ۳ ماشہ کا اور رطل آدھ سیر کا جانو) +

نسخہ مار گزیدہ از مولوی حق نواز مسجد خیرپور

پوست ریٹھہ پیسکر ۳ پوڑیہ تین تین ماشہ کی بناوے اور پانی خالص کے ہمراہ
تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد کھلاوے مجرب ہے۔ (ایک قلمی کتاب)۔

احتباس خون حیض

کتیرا ۱ تولہ۔ بیج مغیلاں ۲ تولہ۔ کمرکس ۳ تولہ۔ موچرس ۳ تولہ۔ رال سفید ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔ سپاری ۱ تولہ۔ [illegible] سفید ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ سمندر جھاگ ۱ تولہ۔ خون سیاؤشاں ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۲ تولہ۔ گل انار ۲ تولہ۔ اقاقیہ ۱ تولہ سفوف بناوے خوراک ۳ ماشہ چھاچھ یا دودھ بکری مصری ڈالے ہوئے کے ساتھ صبح و شام کو کھلاوے

ترکیب مار گزیدہ

نوشادر ۹ ماشہ۔ پانی میں حل کرکے اسی وقت پلادیں بعد ازاں ۳ ماشہ ۳ وقت اور پلانا

ترکیب موم

رال سفید، چربی گاؤ ہموزن۔ اول رال کو آنچ پر نرم کرے بعد ازاں چربی داخل کرکے پگھلا ڈالے۔ جب دونوں یکذات ہو جاویں نیچے اتار کر چھان کر رکھیں۔

دافع بواسیر

سنگ بصری ۱ درم۔ رسونت ایک درم۔ دونوں کو پانی میں حل کرکے صاف کرکے سنگ بصری داخل کرکے خشک ہونے پر گولیاں بقدر چنے کے بنائیں خوراک ۲ ماشہ علی الصبح آب تازہ۔ (ایک قلمی کتاب)

کشتہ سنکھیا

سم الفار ۱ تولہ۔ بیر بہوٹی سوختہ ۴ تولہ۔ ایک کوزہ گلی میں نیچے اوپر بیر بہوٹی دیکر گل حکمت کرکے ایک من آتش سرگین دیوے خوراک ایک خشخاش۔ اشتہا پیدا کرے۔ مقوی باہ ہے اور مفاصل بلغمی اور امراض بادی کو نافع ہے۔

برائے دفعیہ ہیضہ

انار دانہ ترش ۴ تولہ۔ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ پودینہ ۲ تولہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ مصری سب کے برابر کوٹ پیس کر سفوف بنادیں اور مریض ہیضہ کو کھلانا شروع کریں۔ کوئی ایسا جزو نہیں ہے دو چار ماشہ جتنا مریض کھائے عرق پودینہ وغیرہ سے مناسب وقفہ کے بعد دیا جا سکتا ہے۔

برائے عورت جس کا حمل خام جاتا رہتا ہو

بہمن سفید۔ زعفران۔ بیر بہا (بیخ بنفشہ) بسفائج (لاتج) سنبل الطیب۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی۔ زرنب سبز۔ [illegible] ہر ایک ۹ ماشہ۔ آشنہ ۱۰ ماشہ۔ زرنباد ۶ ماشہ۔ درونج عقربی ۶ ماشہ۔ سب کا سفوف کرے۔ عرق بید مشک آدھ سیر۔ قند سفید نیم پاؤ۔ شربت انار شیریں سوا سیر۔ بدستور معجون بنائیں۔ خوراک ۶ ماشہ۔ پیچھے عرق بید سادہ پون چھٹانک۔ شربت انار شیریں ۱ تولہ۔ آب سیب ۱ تولہ ہو۔

معجون تولید منی

ثعلب مصری۔ شقاقل مصری۔ قسط شیریں۔ تخم زردک۔ تخم بلیون۔ خولنجان۔ کچور۔ سنبل الطیب۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۱۷ ماشہ۔ دار فلفل۔ کباب چینی۔ جوز [illegible] تودری ہر دو ہر ایک ۹ ماشہ۔ جوز بوا۔ جلوتری۔ کیسر (زعفران) مصطگی ہر ایک ۹ ماشہ۔ مشک عنبر اشہب ہر ایک ۳ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو سفوف کرکے آب انگور کے اندر ملا کر معجون بنا دے خوراک ۹ ماشہ۔ علی الصباح بعد ازاں دودھ پیوے (ایک قلمی کتاب)

سنون استحکام دندان

[illegible] خام بریاں۔ پھٹکڑی سفید۔ زیرہ سفید۔ کتھ سفید۔ الائچی کلاں۔ [illegible] مساوی الوزن پیس کر دانتوں پر ملا کرے۔ اس کے بے شمار فوائد ہیں (ایضاً)

جوب ولی فقی صاحب مرحوم کے مجربات ن باؤ

سرنجاں شیریں ا تولہ ... دہنک ۲ ماشہ بچھناگ مدبر کیا ہوا ۳ ماشہ۔ گولیاں بقدر ۲۳ مرچ بنا لیں ... صبح کے وقت اور ایک شام کے وقت شہد خالص ۲ تولہ میں نیم گرم پانی ملا کر دونوں وقت کھایا کریں اور روغن ذیل بنا کر مالش کیا کریں آزمودہ ہے۔

تیل اجوائن دیسی ا تولہ۔ رتن جوت ا تولہ۔ لونگ ا تولہ۔ جائفل ا تولہ۔ ریٹھا ا تولہ سونٹھ ا تولہ۔ بیج کنیر ۳ تولہ۔ بیج سنبھالو ۲ تولہ۔ بچھناگ ۶ ماشہ۔ روغن کنجد ۲۰ تولہ

تمام اشیاء کو نیم کوفتہ کر کے ۴ سیر خام پانی میں جوش دیں جب سیر خام رہ جائے تو چھان لیں اور بعد ازاں تیل ڈال کر پانی کو جلا دیں۔ جب صرف تیل ہی رہ جاوے اتار لیں روغن تیار ہے مالش کیا کریں۔ (حکیم نانک چند عطار)

نسخہ علاج گوشت خورہ

قلمی شورہ۔ کباب چینی۔ آملہ۔ بیج ببول۔ الائچی خورد۔ کتھہ سرخ۔ ناگر موتھا۔ بیل گلاب۔ طباشیر۔ سب اشیاء ہموزن لے کر کوفتہ بیختہ کر کے دانتوں پر ملیں دو تین دفعہ کرنے سے آرام ہوگا۔ (ر ر)

برائے دانت بھربھرے اور کمزور ہونیکے

گلنار۔ زیرہ سفید۔ گل سرخ۔ کچور۔ سپاریاں تھیلیا۔ کتھہ۔ الائچی دانہ۔ کافور۔ سرد چینی۔ سب اشیاء ہموزن لے کر منجن بنا لیویں۔ اور دانتوں پر دونوں وقت ملا کریں۔ ایک گھنٹہ تک ملا رہنا چاہئے پھر کلی کر ڈالیں چند روز ایسا کرنے سے آرام ہوگا۔ اور ساتھ ہی دو وقت مربہ ہلیلہ کھایا کریں۔ ترشی لال مرچ تیل دال اشیاء سے قطعی پرہیز کریں۔ (ر ر)

نسخہ برائے کھجلی و چھیب

عشبہ مغربی ۵ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ برگ سنا مکی ا تولہ۔ بیج چینی ا تولہ۔ برادہ صندل ا تولہ۔ گل نیم ا تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ سب اشیاء کو باریک کوٹ

سفوف

ایک ایک دن کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر [illegible] صبح و شام ایک ایک ہمراہ مکھن یا دودھ کھایا کریں۔ (ر ر)

کشتہ فولاد

ایک روز فولاد بقدر ضرورت لیکر شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر دو سیر چونہ آب نا رسیدہ کے اندر ٹکیہ مذکور رکھ کر اور اُس برتن کا منہ بند کر کے پانچ سیر اپلوں کی آنچ دیں دوسرے روز ٹکیہ مذکورہ کو عرق گنوار میں کھرل کر کے بقدر سابق آنچ دیں بس وہی آنچ میں میں نے کشتہ کیا ہے۔ (ر ر)

ایک خط ہو بہو نقل کیا جاتا ہے:-

جناب بھائی صاحب! آداب عرض۔ برکت شاہ کو پرسوں ارنڈ سرخ کے لئے بھیجا گیا تھا۔ وہ بیچارہ کل پانچ سات کوس تک ریل کی سڑک کے گرداگرد تلاش کر کے چلا آیا اگرچہ پودے ارنڈ سرخ کے یہاں ریل کی سڑک کے گرداگرد بہت تھے۔ مگر بحکم سرکار آجکل سب کاٹ دیئے گئے ہیں۔ ابھی شگوفہ بھی نہیں نکلا جب شاخیں و برگ نکل آویں گے پانی بھی اور برگ وغیرہ بھی ایک بیٹی بھر کر بھیجدی جاوے گی۔ کل [illegible] سے ملاپ کیا تھا اس سے کافور بنانے کی ترکیب دریافت کی گئی وہ حسب ذیل ہے:-

کافور ایک چھٹانک۔ پھٹکڑی ۲ چھٹانک۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ اول پھٹکڑی اور مرچ سیاہ کو کیلے کی رس میں تین روز تک کھرل کریں۔ بعدہٗ کسی تانبہ یا پیتل کی ڈبیہ میں کافور ایک چھٹانک کے نیچے اوپر پھٹکڑی مذکور دے کر ڈبیہ کا منہ ایسا مضبوطی کے ساتھ بند کریں کہ پانی اندر نہ جا سکے اور ڈبیہ اس قدر حجم میں تیار کرانی چاہئے کہ درمیان اسکے تمام دوائی آجاوے۔ خلا نہ رہے۔ بعد ازاں کسی کڑاہی آہنی میں پانی بیس سیر ڈال کر درمیان میں ڈبیہ چھوڑ دے اور دیگدان پر رکھ کر نیچے آنچ جلانی شروع کریں جب اس پانی میں ماش کے دانے گل جاویں تو آنچ بند کر دیں۔ ڈبیہ سے جب ٹھنڈی ہو نکالی

...کی بست کا نوء بوب و پینہ ... میر صاحب نسخہ یہ بھی کہتا ہے۔ کہ اس کا فورکو
...کے ست میں کھرل کیا جاوے تو وہ تیل ہو جاوے گا۔ قرحہ و سوزاک والے
...بند سے قطعی آرام ہو جاتا ہے ۔ (دوست محمد خاں)

نوٹ :۔ اس خط میں پیارے دوست محمد خاں صاحب معصوم نے ارنڈ سرخ
کا ذکر کیا ہے۔ اس کے متعلق عرض کر دوں کہ ارنڈ سرخ کے پتوں کی رس میں
ابرک سیاہ کھرل کر کے چند روسیر کی آنچ دو تین بار دینے ہی کشتہ برنگ
سرخ نہایت عمدہ تیار ہوتا ہے۔ حکیم صاحب کے مجربات میں سے ہے اور
میرا آزمودہ ہے ۔

دوسرا نسخہ کافور قایم النار کا ہے جو ایک پنڈت صاحب کو معلوم تھا
اور میں نے حکیم صاحب سے درخواست کی تھی کہ جس طرح ہو سکے ان سے یافت
کر کے مجھے لکھیں واقعی بے نظیر ہے ۔

کشتہ شنگرف

شنگرف پاؤ بھر۔ بھوبھلی کا پتہ پاؤ بھر۔ بھوبھلی کا نغدہ کر کے درمیان شنگرف دیکر
اچھی طرح کپرو ٹی کر کے اور جب خشک ہو جاوے ۔ تو پانچ سیر اوپلوں کے درمیان
رکھ کر آنچ لگا دیوے۔ جب کل کے کل اوپلے جل جاویں تو بکری کا دودھ سے کر اس میں
تھوڑا پانی ملا کر اس آگ پر چھینٹا دیوے ۔ اور کچھ دیر کے بعد اور چھینٹا دیوے اسطرح
تین بار چھینٹا دیوے کر گو لا باہر نکالے۔ جب سرد ہو جاوے تو اسکو توڑ کر شنگرف کو
نکالے کشتہ برآمد ہوگا ۔ (ر ر)

کشتہ چاندی

دو چھٹانک ... دو دو رتی میں تہ کر کے نیچے اوپر بتر ہ چاندی کے دیکر گل حکمت کر کے
دس سیر اوپلوں کی آنچ چند بار دینے سے کشتہ ہو جاتا ہے۔ نیز روپیہ پرسن یوسف کا لیپ
... کر کشتہ ہو جاوے ۔ (ر ر)

کشتہ ہڑتال

قلمی چونہ ان بجھہ کوٹ کر پاؤ۔ آب گل عباسی پاؤ۔ شہد پاؤ۔ گودہ گھیکوار پاؤ۔ ہڑتال ورقی
۵ تولہ ایک ہنڈیا میں ڈال دیوے اور اوپر مندرجہ بالا کل اشیاء ملا کر ڈال دیوے۔ اور
منہ بند کر کے نیچے بیری کی لکڑی کی ۲ پہر درمیانی آنچ دے۔ پھر سرد ہونے پر نکالے اگر
ہڑتال کچی ہے تو پھر اسیطرح آنچ دیوے۔ (ر ر)

خون تیرہ کی ایک نہایت ہی آسان ترکیب

آج یہاں حاجی موسے صاحب ساکنہ حیدر آباد سندھ جن کی عمر قریب ۸۰ سال کی
کی ہوگی سیاحت کرتے کرتے دفتر الکیمیا میں تشریف لائے۔ انھوں نے نوشادر
قایم النار کرنے کے بعد تیل نکالنے کی خود آزمودہ حسب ذیل ایک ترکیب بیان فرمائی
جو آپ کو لکھتا ہوں ۔

جست پھول آدھ سیر خام (کشتہ جست) عموماً کسیروں کے گھروں سے مل سکتا
ہے۔ نوشادر ۴ تولہ کشتہ جست میں دے کر کسی کوزہ گلی میں بند کر کے ۴ پہر بالو جنتر کی نیچے
سے آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ نوشادر قایم النار ہوگا۔ اس نوشادر قایم النار
کے زیر و بالا ۲۰ تولہ بھنگ خشک ۱ ایک دیگر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لیں۔ یہ تیل بہ رنگ
سرخ نکلے گا اور خون تیرہ کا کام دے گا ۔

اس تیل کو میں نے تجربہ کر لیا ہے۔ خواہ کسی اپدھات کے کشتہ کو اس تیل میں کھرل
کر کے کلیہ میں بند کر کے نرم نرم آنچ دیں۔ پانچ سات دفعہ کے عمل سے ہر اپدھات کا کشتہ
سفید ہو جاتا ہے۔ لیکن تشویہ بھوبھل کی آنچ کا ہو۔

نوٹ :۔ اس کے بعد حکیم صاحب کا ایک خط آیا تھا یا کسی وقت انھوں نے
زبانی فرمایا تھا کہ تجربے نے بتلایا ہے کہ خون تیرہ کا اس سے کام نہیں نکل سکتا ہے
ویسے چند امراض میں یہ روغن کام آتا ہے۔ اس میں بھانگ کا بھی حصہ ہوتا ہے ۔

بھائی صاحب کیا آتشک اب بھی نہیں دفع ہوگا

طوطیا دینیلا مقو مقا ۱ تولہ۔ کافور ۲ تولہ۔ دو سکورہ گلی میں آدھا کافور نیچے اور
نصف اوپر بطور روش لحاف دے کر منہ بند کرکے دو سیر اپلے دشتی کی آنچ دیں طوطیا
بزنگت سرخ زردی مائل کشتہ برآمد ہوگا۔

خوراک ایک برنج۔ پانچ خوراک میں آتشک کا نمود رہے گا۔ (رر)

نوٹ: مندرجہ بالا خط بڑی جلدی میں لکھا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ حکیم صاحب نے
ویش ایکارک میں اس نسخہ کے متعلق مجھے یاد ہے کہ ایک بار لکھ دیا کہ ۲ گھنٹے میں آرام
آجاتا ہے۔ شاید حکیم صاحب کے کسی ایک مریض آتشک کو آگیا ہوگا اور حکیم صاحب نے
اپنے تجربے کو لکھ دیا۔ جہاں اس خط میں پانچ دن لکھا ہے۔ اسمیں کچھ شک نہیں ہے
کہ نسخہ اچھا ہے میں نے بھی بناکر برتا ہے۔ مگر اس قدر یقین نہیں رہتا کہ وثوق سے اسکے
متعلق کچھ کہہ سکوں (ایڈیٹر)

حکیم دوست محمد خاں صاحب ایک بار لاہور میں تشریف لائے اور ذکر کیا کہ ایک سادھو
نے وہاں ایک آدمی کو ۲ خوراک ایک کشتہ کی دیں جس سے اس کو اس قدر قوت ہوئی۔ کہ
الامان میں نے انکو معلوم کرنے کے واسطے تاکید کی کیونکہ اگرچہ حکیم صاحب کو سادھو
صاحب پہلے بھی بتا چکے تھے مگر یاد نہ رہا اس کے جواب میں جو خط وصول ہوا وہ بجنسہ
نقل کیا جاتا ہے۔ اسمیں شک نہیں کہ کشتہ سنگ دشیشہ اکسیر چیز ہے اور دو میں نے
انہی دنوں میں تیار کیا۔ مگر کشتہ مذکور کل اوپلوں میں مل گیا تھا۔ چاہیئے یہ تھا کہ لکڑی کو
کپڑ وتی نہیں کیا جاتا اور جو کچھ تھا اس کے اندر رہتا میں نے پھر نہیں بنایا ہے۔ آج کا غذ دل
میں یہ خط ملا۔ پھر خواہش ہوئی ہے سردیوں میں تیار کرنے کی کوشش کیجاوے گی ناظرین
اگر تیار کریں تو میرے تجربے۔ فائدہ اٹھاویں۔ اسمیں کس حد تک طاقت ہے یہ نہ
میں اور حکیم صاحب مرحوم وثوق سے کچھ کہہ سکتے ہیں۔ یہ سادھو صاحب کی زبانی انہوں
نے لکھا ہے۔ جو کہ ان کے ذریعہ موصول ہوا میں نے ان کے مجربات میں لکھ دیا ہے۔
اب ناظرین کے سامنے ہے ۔۔

۱۴ دسمبر ۱۹۰۵ء وقت ۸ بجے شام۔

بھائی صاحب! میں جب آپ سے رخصت ہو کر اسٹیشن لاہور پر معہ چوہدری ہزارہ خاں
کے پہنچا تو ڈاک گاڑی تیار تھی۔ لیکن ٹکٹ میرے پاس درمیانہ درجہ کا تھا جب جگہ نہ ملی۔ پھر
اسی وقت سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ بھی لیا۔ لیکن سیکنڈ کلاس میں بھی جگہ نہ تھی۔ بالآخر مجبوری اسٹیشن
پر ہی ۲ گھنٹے وقت بسر کیا۔ ہزارہ خاں یہاں میر چھاؤنی تک میرے ساتھ باتیں کرتا گیا
پھر وہ میاں میر اتر گیا اور میں بخیریت تمام آج صبح مالیر کوٹلہ میں پہنچ گیا ہوں۔ سالار
صاحب کی معرفت ایک سوار کو بھیج کر بابا صاحب کو بلا لیا اور انہوں نے اپنی سابق ترکیب
کی دوبارہ اسی طرح تصحیح کی جیسا کہ وہ پہلے لکھا چکے تھے اور بڑے دعوے سے فرماتے
تھے کہ یہ کشتہ ہمہ صفت موصوف ہے۔

نسخہ ہڑتال

میدہ ہلدی ۱ سیر پختہ۔ سرنج رسکپور ۴ تولہ۔ منسل سوا پاؤ۔ شہد بقدر حاجت
لکڑی یا بانس ایک من ہے۔ لکڑی کا پترہ کر کے اور منسل کو شہد میں خوب حل کر کے پترا اندر کو پر ضماد لیپ
کریں۔ ایک پترا نہیں بنانا بلکہ چند چھوٹے چھوٹے پترے بنا دیں اور درخت بانس میں بقدر
گڑھا کھود دیں کہ جسمیں یہ سب سامان بالا سما سکے مثلاً اول گڑھے میں میدہ ہلدی دو سیر
بچھا دیں اور اس کے اوپر پترا اضماد شدہ اوپر اس کے پھر دوسری ہلدی اور باقی خالی
جگہ چورہ کیا ہے برادہ بانس جو گڑھا کھودتے وقت برآمد ہوا تھا۔ منہ نہایت مضبوط
کپڑ وتی کرکے کپڑ وتی خشک کریں۔ ازاں بعد پاتھیاں وزنی جو اوپلے ۲ من جیٹ کی آنچ
دیں اور تیسرے یا چوتھے روز بعد نکالیں لیکن نکالتے وقت خیال اور احتیاط سے کام لیں کہیں
خاکستر سرب اوپلوں وغیرہ کی خاک میں نہ مل جاوے۔ اس کشتہ کو نہایت احتیاط کے ساتھ
شیشی پختہ میں بند رکھیں۔ اگر ایک رتی ایک تولہ نحاس یا ایک تولہ نقرہ پر ڈالیں تو مانند سونا ہوگا
اگر چار رتی چار چار روز وقفہ کرکے کسی کمزور مرد کو مکھن میں رکھ کر کھلایا جاوے تمام
عمر اس کی طاقت کم نہیں ہوتی۔ اور اگر اپنی جو ہر لینے کشتہ سرب کو تھوڑے سے مولی کے
پانی میں پکا کر کسی کمزور آدمی کو دیوے تو ایک چاول تمام عمر کے لئے کافی ہے۔ بابا صاحب
فرماتے ہیں کہ غریب آدمی کو اس کشتہ کا استعمال کرانا گورو جی حرام کہا کرتے تھے۔ گرو صاحب یہ
فرمایا کرتے تھے کہ یہ کشتہ سوائے راجاؤں کے غریب آدمی کو کھلانا اسلئے حرام ہے کہ وہ عشا

نفیس کے علاوہ کئی کئی شادی کرلینے کی طاقت نہیں رکھتا۔ اور اس درجہ باہ ہوتی ہے کہ انسان مجبور ہوتا ہے۔ اور یہ بھی بابا صاحب نے کہا ہے کہ اگر ہلدی خام کٹی ہوئی سایہ میں خشک شدہ دستیاب ہو تو وہ اور بھی اعلےٰ ہے ۔ (ر)

نسخہ برائے ہچکی

ملٹھی کا آٹا عناب کے شربت میں چٹانے سے بالکل آرام آجاتا ہے۔ (ر)

نسخہ آتشک درجہ دوم و سوم کے واسطے مجرب ہے اور قروح خبیثہ کو رفع کرتا ہے

بھائی صاحب! جس کتاب کے حاشیہ پر وہ نسخہ نوٹ کر رکھا تھا وہ آپ کے بعد اتفاقیہ کتاب مل گئی۔ جو فاخر فا نسخہ قلم بند کیا جاتا ہے ۔

واسطے زخموں اور قلع دہن آتشک ناسور حلق کے لیے جو مادہ سوداوی ہو:۔

سم الفار سفید ۱ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۲ ماشہ تخم دھتورہ سیاہ ۲ ماشہ۔ کتھ سفید ۲ ماشہ۔ کافور خالص ۲ ماشہ۔ اول سم الفار کو خوب ہی کھرل کریں۔ پھر سب کو کیا دن (۱۱) عدد برگ پان میں سرمہ کی طرح حل کریں اور بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنا دیں بوقت حاجت ۷ دن تک ایک گولی صبح کے وقت نگل جاویں۔ اور غذا نان بے نمک بہت سے گھی کے ساتھ کھاویں اور ایک ہفتہ دوسرے تک بھی پرہیز ضروری ہے۔ اور بعد گولی نگلنے کے ایک گلوری پان کی کھاویں اور اسکی پیک نگل جاویں۔ زمین پر نہ تھوکیں انشاء اللہ بالکل زخم اور چھالے دور ہو جاویں گے ۔ (ر)

نسخہ مقوی باہ

شکر قندی

۲ تولہ سم الفار کو زمین کند کے پانی میں کھرل کرلیں اور درمیان ۴ تولہ شنگرف رکھ کر گولہ بنا لیوے۔ اور پھر آدھ پاؤ لیراں دھتیچڑے اچھی طرح سے لپیٹ کر گیند سا بنا لیویں۔ ۲ سیر پختہ کنسٹر کے بیچ کا تیل ڈال کر کا تیل لے کر اس کے درمیان یہ گولہ چھوڑ دیں۔ اور سر پوش دے کر بہت مضبوطی کے ساتھ گل حکمت کریں خشک ہونے پر چولھے پر رکھیں۔ اور اوپر دو سیر پانی رکھ دیں اور نیچے ۴ پہر برابر درمیانی آنچ دیں

اور سرد ہونے پر نکالیں سم الفار کانچ کی شکل کا نکلے گا۔ اور شنگرف کو درمیان سے نکالیں تو عنابی رنگت کا ہوگا بشنگرف درد۔ امراض تلبی وغیرہ پر دیویں۔ نیز سم الفار قوت باہ کے واسطے ہے ۲۱ روز تک ایک چاول کھلاویں اور جماع سے پرہیز کریں ۔ (ر)

سفوف برائے دفع رقت و سوزاک وغیرہ

ست گلو ۱ تولہ۔ خارخسک کلاں ۱ تولہ۔ خارخسک خورد ایک تولہ۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ سیوس اسپغول ۱ تولہ۔ اندر جو شیریں ۱ تولہ بشکر سفید ۵ تولہ۔ جملہ اجزا کو سفوف کر کے ۹ ماشہ روزانہ نہار منہ علے الصباح ہمراہ شیر مادہ گاؤ تا صحت استعمال کیا کریں۔ پرہیز ترشی و بادی اشیاء سے ۔

سفوف قبض کشا اور دست آور مفید برائے بواسیر

برگ سنا مکی ۴ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ نمک سیاہ ۲ تولہ۔ ورق گل ۲ تولہ۔ بادیان دسولف ۱۰ تولہ باریک سفوف کر کے بوقت شب بعد تناول طعام ایک دست پھانک کر دو گھونٹ پانی گرم پی لیں اور سو رہیں ۔ (ر)

اکسیری نسخہ ۔ بال سیاہ

حکیم صاحب موصوف ۱۹۰۲ء میں جب پہلے پہل مجھے ملے تو یہ نسخہ خود اپنے ہاتھ سے لکھ کر میری کاپی میں رکھ گئے تھے۔ جو آج ہدیہ ناظرین ہوتا ہے :۔

ان کا بیان تھا کہ اس نسخہ سے نہ صرف کیمیاگروں کا مطلب حل ہوتا ہے۔ بلکہ اس کے کھلانے سے بال سفید سیاہ ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک شخص کو یہ نسخہ کھلایا چند دنوں میں سفید بال گر گئے اور پھر سیاہ نکل آئے۔ مگر دانت سیاہ ہو گئے۔ انہوں نے ابھی دنوں میں پیسہ اخبار میں لکھا کہ ایک سنار سے بال سیاہ ہوتے ہیں مگر دانت بھی سیاہ ہوتے ہیں کوئی صاحب دانتوں کو محفوظ رکھنے کی ترکیب بتادیں۔ تو نسخہ لکھا جاوے وہ دراصل یہی ہے کوئی سنار نہیں ہے۔ میں نے اسے آج تک نہیں بتایا ہے جو ان کا ترانہ ناظرین ہے

نمک ایک سیر چوتہ آب نارسیدہ ایک سیر دونو ہموزن سے کر پانی میں بھگو دیں اسا ٹھویں
پہران کا آب مقطر پکا دیں جب نمک لبستہ ہو جاوے۔ آنچ بند کریں۔ دوسری بار پھر یہی عمل
کریں یعنی نمک جو پکایا گیا ہے۔ اسمیں تازہ چوتہ آب نارسیدہ بدستور شامل کرکے پانی میں بھگو دیں
آٹھویں پہر محلول مقطر کر کر پکائیں علیٰ ہذا القیاس ۴۰ دفعہ یہی عمل کرنے کے بعد جو نمک بنے گا
وہ قایم ہوگا۔ تب نمک قایم اور سیماب مصفےٰ ان ہر دو کو عرق شیر سات آتشہ کہ جس میں کیا
گیا ہو تمام دن کھرل کریں اور رات کو نرم آنچ کا لینہ کا منہ بند کرکے دیں چھ سات بار یہ عمل کرنے
سے نمک سیماب مرمیا ہو جاوے گا شناخت یہ ہے کہ آنچ پر ڈالنے سے پگھل جاوے یعنی تیل
ہو جاوے تو سمجھو کہ وہ مرمیا پر ترکیب پہنچ گیا۔

ترکیب عرق شیر کہ جسمیں نمک محلول کیا گیا ہو۔

دودھ گاؤ ۵ سیر نمک لاہوری پسا ہوا ۱ سیر ملاکر ۲۰ دن گھوڑے کی لید میں دفن کریں
ان ۲۰ دن کے بعد عرق کھینچیں۔ اس عرق میں اور اس قدر دودھ ڈالیں۔ کہ تمام پانچ سیر ہو جاوے
پھر ۱ سیر نمک ڈالیں اور بدستور ۲۰ دن دفن کریں اور عرق کھینچیں۔ اس طرح ۷ بار کریں اور
ساتویں بار عرق بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔ اس مومیہ کی خوراک ایک دو چاول ہے مکھن ملائی
میں قوت باہ زیادہ ہو جاتی ہے۔ اور تمام امراض بادی و بلغمی دور ہوں اور سفید بال گر کر سیاہ
نکلیں کیمیاگر ۱ تولہ سو تولہ چاندی پر طرح کرتے ہیں نتیجہ کی خبر نہیں ۔ (ر.ر)

نسخہ زر گنڈی پاک

مقوی باہ و حافظ اور باصرہ و دماغ اور مولد خون صالح۔ مفرح و مقوی قلب ملین اخلاط
فاسدہ وغیرہ ہے۔

زرگنڈی سنڈی۔ بھانگرہ۔ آملہ۔ ستاور ہر ایک آدھ سیر۔ اسگندھ ناگوری۔ موصلی سیاہ
تخم کونچ۔ گوکھرو کلاں۔ بوہیڑا۔ تال مکھانہ۔ اسگندھ بالا ہر ایک پاؤ سیر۔ تج بل آدھ پاؤ سب کو
نیم کوب کرکے آٹھ حصہ پانی میں پکاویں جب ہشتم حصہ پانی باقی رہ جاوے صاف کرکے
مصری ایک سیر شہد خالص ۱ سیر روغن زرد ایک پاؤ اور گھی آدھ سیر ملاکر پکاویں جب
کہ قوام ہو جاوے۔ زعفران [illegible] زرنگ۔ مصطگی۔ جاپھل۔ جاوتری۔ دارچینی۔ صندل

اگر۔ دانہ الائچی خورد و کلاں ایک ایک تولہ۔ مشک خالص ۶ ماشہ سفوف کرکے ملاویں اور مغز
بادام اور مغز چرونجی بھی چار چار تولہ شامل کریں۔ خوراک ۱ تولہ صبح و شام ۔ (ر.ر)

منجن برائے تمام امراض دنداں

پانچوں نمک۔ سونٹھ۔ مرچ۔ پیپل۔ نیلا تھوتھا بریاں۔ مازو۔ مائے۔ بڑ جنگ۔ ان تمام
ادویہ کو لیکر برابر وزن خوب باریک پیسیں اور کپڑ چھان کرکے رکھ لیں اور مثل منجن کے
استعمال کریں۔ یہ تمام امراض کو دور کرتا ہے حکیم صاحب کا آزمودہ و مجرب ہے ۔ (ر.ر)

دفعیہ تپ بلغمی اور بخار ملیریا

کشانی ۲ عدد۔ گلو سبز ایک تولہ۔ چرائتہ ایک تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ۹ ماشہ ان کا
مطبوخ بنا کر استعمال کریں اور غذا دال مونگ اور نرم روٹی ۔

نسخہ مقوی باہ

زعفران۔ دارچینی۔ جائفل۔ افیون۔ مشک۔ عقرقرحا۔ شنگرف۔ قرنفل ہر ایک
ایک ماشہ۔ مروارید ۲ ماشہ۔ روغن بسم الفار ۲ ماشہ ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں
اور کھانا کھانے کے بعد ایک گولی نگل جاویں ۔ (ر.ر)

آتشک کا منود نہیں رہتا!

حکیم صاحب کا یہ بڑے دعوے کا نسخہ ہے۔ شفاخانہ میں ہمیشہ اس نسخہ کو تیار
کرکے رکھا کرتے تھے ۔

ریٹھہ جس سے کپڑے دھویا کرتے ہیں اس کا چھلکا دھوپ میں سکھاؤ اور باریک
پیسکر کپڑے میں چھان لو اور پھر اسمیں تھوڑا سا پانی ملاکر مسور کے برابر گولیاں بنا دیں
اور ایک گولی ہر وقت صبح نگل جایا کریں اور بعد ازاں دہی کچھ پانی ملاکر پی جایا کریں۔ غذا دودھ
اور گھی۔ نمک مرچ سے پرہیز ۱۲ روز میں بالکل آرام آجاتا ہے ۔ (ر.ر)

دفعیہ تاپ تلی

۳۰۔ ۴ سیر عمدہ سرکہ لے کر اسمیں مولیاں تراش کر ڈال دیں اور ہر روز اسے دھوپ میں رکھدیا کریں۔ بعد ایک ہفتہ کے اسمیں سے پانچ چھ دفعہ دن میں کھا لیا کریں۔ اور اگر اسمیں نمک بھی ڈالدیں تو زود اثر ہو جاتا ہے۔ ایک ماہ تک کھانے سے بالکل آرام ہو جاتا ہے (رر)

ایک ہی علاج کئی امراض کیلئے

ہڑتال ورقی پاؤ بھر کو اول شیر مدار (آک) ۱۲ تولہ میں کھرل کریں۔ بعد ازاں شیر (توم ڈھنڈیا تھوہر) ۴۲ تولہ میں پاؤ بھر چھلکے لے کر دو سیر پانی میں پکا دیں جب ایک سیر پانی رہ جاوے تو بدستور ہڑتال میں جذب کریں۔ ازاں بعد افیون ۲ چھٹانک آدھ سیر پانی میں حل کر کے ہڑتال میں خشک کریں۔ اسی طرح بھنگرے کا دو سیر پانی بھی اسمیں سخت کریں اور کے بعد دیگرے حسب ذیل بوٹیوں کا پانی ہڑتال میں جذب کر کے باریک ٹکیہ بنا دیں۔ عرق سنبھالو ۱ سیر۔ عرق ہاتھی سونڈھی ½ سیر۔ عرق شاہترہ ½ سیر۔ پھر ان ٹکیوں کو ان سپوچہ میں خاکستر پلاس چار سیر میں دیگر سپوچہ میں مضبوطی کے ساتھ گل حکمت کریں۔ جب خشک ہو جاوے اور دیگدان پر رکھ کر ۱۲ پہر تک نیچے تیز آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں۔ ہڑتال بزنگت سفید کشتہ برآمد ہوگی۔ خوراک ایک برنج قوت باہ کے لئے بالائی میں رکھ کر سادہ پانی کے ساتھ۔ جس عورت کا حیض نہ بند ہوتا ہو تو شہد کے ساتھ۔ امساک کے لئے جائفل کے ساتھ۔ پرانے تپ کے لئے گڑ کے ساتھ۔ جس نے کچی ہڑتال کھائی ہو عقرقرحا کے ساتھ۔ پرانی آتشک کے لئے صرف پانی کے ساتھ۔ بواسیر کے لئے جو کھار ۲ ماشہ۔ قند سیاہ ۱ تولہ کے ساتھ۔ آنکھ کی درد کے لئے روغن زرد کے ساتھ۔ (رر)

بیس امراض کو مفید ہے

کستوری ۱ تولہ۔ زعفران (کیسر) ۱ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ جائفل ۴ تولہ۔ افیون ۵ تولہ

ان سب کو کوٹ چھان کر شہد خالص دو چند میں ملا کر بقدر دانہ مونگ گولیاں بنا دیں اور مندرجہ طریقہ سے استعمال کریں اور قدرت خدا مشاہدہ فرماویں۔

برائے ڈھلکا۔ پانی میں گھس کر آنکھوں میں لگایا کریں۔ امساک: شہد کے ساتھ ۲ گولی کھا دیں اور ایک گھنٹہ قبل بھی کھائی جا سکتی ہے۔ ملذذ۔ ایک گولی لعاب دہن اپنے میں گھسیں اور ساتھ ہی مشک کافور بھی ڈال دیں اور طلا کریں۔ برائے اسہال۔ ایک گولی پان میں کھا دیں اسہال اور سنگرہنی۔ چھاچھ گاؤ یا آب انار دانہ یا دھوون چاول سے ایک گولی چار گھنٹے کے بعد کھا دیں۔ برائے مار گزیدہ کھلا دیں اور دودھ آک (مدار) میں گھس کر مقام ڈنگ پر لگا دیں اگر پچھنا کر کے لگا دیں تو اور بھی بہتر ہے۔ برائے نیش بچھو۔ بچھو وغیرہ کے کاٹے پر ریٹھہ کے ساتھ گھس کر پانی میں لگا دیں۔ بدن میں جلن ہو تو آملہ کی رس کے ساتھ آنکھ میں معمولی سلائی سے لگا دیں۔ سرعت انزال۔ صبح کے وقت موچرس ۳ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے سے کھایا کریں۔ جریان منی۔ مغز تخم املی ۱ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے سے کھا دیں۔ منہ سے بدبو آتی ہو تو روغن خشخاش سے کھا دیں۔ قوت باہ کے واسطے ایک گولی مکھن میں رکھ کر کھا دیں۔ درد سر کے واسطے پانی کے ساتھ گھس کر لگانے سے آرام آتا ہے۔ بانجھ پن کے واسطے ایک گولی اور کشتہ سنگ یہود ۳ برنج میں رکھ کر تخم خربوزہ سے ۴ روز تک کھا دیں۔ یرقان میں ترپھلا کے سفوف ۳ ماشہ میں ایک گولی شہد کے ساتھ کھا دیں۔ درد کان کے واسطے شیر عورت میں تھوڑی سی گھس کر کانوں میں کچھ عرصہ ڈالا کریں۔ شب کوری کے واسطے تھوک سے گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگا دیں۔ پتھری کے واسطے شیر گردے کھالیں۔ دمہ کے واسطے سفوف پیپل ایک ماشہ میں ملا کر شہد کے ساتھ۔ نزلہ زکام میں تھوڑے پانی میں پیس کر ناس لیویں۔ کھانسی کے واسطے پان کے ساتھ کھا دیں۔ درد جوڑ وغیرہ کے واسطے جوشاندہ ہیلو زرد سے کھا دیں۔

نسخہ طلا مجرب المجرب

جونک خشک ۲ تولہ۔ گنڈوے خراطین خشک ۲ تولہ۔ بیر بہوٹی خشک ۲ تولہ۔

زنجفر زرد ۲ تولہ۔ زنجفر سیاہ ۲ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ چربی بطخ ۲ تولہ۔ چربی مرغ ۲ تولہ۔ چربی سانڈ ۲ تولہ۔ چربی گوہ ۲ تولہ۔ میٹھا تیل ۲ تولہ۔ چربی ریچھ ۲ تولہ۔ زرنیخ ۲ تولہ۔ چربی شیر ۲ تولہ ان سب کو ایک جگہ محلول کر کے بذریعہ پاتال جنتر روغن نکالیں اور سیون و حشفہ کو چھوڑ کر طلا کریں۔ اوپر پان کا پتا باندھیں ۔ (رر)

سُرمہ برائے دفعیہ بخار

سرمہ اصفہانی ۲ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ زہر گرگ (بھیڑیا) ایک عدد۔ زہرہ خرگوش ایک عدد۔ زہرہ مادہ گاؤ۔ ایک عدد۔ زہرہ بز ایک عدد۔ زہرہ ہرن ایک عدد۔ عرق گڑتونبہ مار ہر دو سرمہ کو زہرائے میں کھرل کر کے اور برابر سرمہ اصفہانی کے سیماب شامل کریں اس کے بعد عرق گڑتونبہ میں کھرل کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے تب ایک شیشہ پختہ میں ڈال کر زیر لید اسپ گڑھا کھود کر دو ہفتہ تک دفن کریں اور بعد دو ہفتہ کے نکال کر پھر اس میں ۳ ماشہ شامل کر کے کھرل کریں۔ سرمہ تیار ہے۔ اور ہر قسم کے بخار کے لئے شفا ہے ۔ (رر)

اَمرت دھارائے قلب ماہیت

شنگرف رومی خالص سالم ایک ڈلی ایک تولہ لیکر امرت دھارا میں تر کریں اور پانچ نوجوان آدمی کے سر کے بال میں، مگر بال کالے ہونے چاہئیں لپیٹ کر لوہے کی چینی کی پیالی میں رکھ کر اور دوسری پیالی بطور سرپوش رکھ کر کوئلوں کی نرم نرم آنچ پر رکھ دیں۔ اور ۱۰-۱۰ منٹ کے وقفہ کے بعد اوپر والی پیالی اٹھا کر دیکھ لیا کریں کہ بالوں کا تیل ہو گیا ہے یا کہ نہیں۔ جب بالوں کا تیل نکل کر شنگرف اس میں پکاوٹ کھانے لگے اور پھر تمام مل کر سیاہ ٹکلی سی ہو جاوے تو پیالی کو آنچ سے علیحدہ کر لیں۔ سرد ہونے پر بتدریج شنگرف کی ڈلی کو باہر نکالیں اور جس قدر بالوں کے تیل کا فضلہ سیاہ رنگ شنگرف پر جم گیا ہو اسکو آہستہ سے دور کریں۔ دوسری بار پھر شنگرف مذکور کو امرت دھارا میں تر کر کے اور بدستور سابق ۵ تولہ بال سیاہ میں لپیٹ کر چینی کی پیالی

میں بند کر کے نرم آنچ پر پکا دیں۔ اس طرح امرت دھارا میں تر کر کے اور بال لپیٹ کر پکاوٹ دیتے جاویں۔ چوتھی دفعہ کے عمل کے بعد شنگرف عنابی رنگت کسی قدر سیاہی لئے ہوئے کشتہ ہو کر نکلے گا۔ اس کشتہ کو عرق دودھ گلئے کے ساتھ ۲ دفعہ شقیقہ اور نرم تشویہ دیں۔ تو بس اکسیر اسی کا نام ہے۔ بعد تمام عمل کے یہ نسخہ اتولہ تا بنہ پر طرح کریں ۔

عرق دودھ کی ترکیب

دودھ گلئے ۲ سیر میں لوبھی آدھ سیر حل کریں اور چونہ آب نارسیدہ پاؤ بھر اس میں داخل کریں۔ بعد ازاں قرع انبیق عرق کشید کریں۔ بس وہی دودھ کا عرق ہے ۔

(رر)

برائے ضعف دماغ و جریان ضعف باہ و خشکی و گرمی دماغ و نسیان مجرب ہے

ایک سیر دودھ گائے کا لیکر آگ پر جوش دیں جب جوش اچھا آجاوے تو روغن زرد تازہ دس تولہ ڈال کر جوش دیویں۔ جب وہ جوش اچھی طرح سے آجاویں۔ تو بعد میں ایک تولہ اسپغول عمدہ یعنی بزر القطونا اچھا صاف شدہ کو اس میں ڈال کر ملا کر دو جوش اور دیں۔ بعد میں مصری دیسی ۲۰ تولہ ڈال کر جوش دیں۔ جب تقریباً نصف حصہ کے وزن رہ جاوے بطور کھیر کے تیار ہو جاوے۔ تو اسمیں مغز بادام ۱۰ عدد اور الائچی خورد ۲۰ عدد اور برنج سولف ملا کر اتار کر کے ورق نقرہ دس عدد ملا کر نکال کر کے نوش فرماویں۔ (حکیم جواہر مل فیروز پور شہر)

نوٹ: یہ رات کو تیار کرے استعمال کریں اور غذا نہ کھائیں ۔

زہر سانپ دور

بھکنڈے کو جلا کر اس کی خاک کو گلی برتن میں ڈال کر پانی بھر دیں۔ جو کہ نیچے ایک سوراخ ہو جس سے پانی تھوڑا تھوڑا گرتا رہے۔ ایک کوڑے میں سنبل الفار رکھ کر اس کو توے پر رکھ دو نیچے آگ جلانی شروع کرو۔ اور بھکنڈے کی راکھ کے پانی والا گلی برتن ایک ۲ پائی پر لیے انداز سے اس پر رکھو کہ پانی کی ایک ایک بوند پڑے

اس ڈلی پر گرتی رہے۔ دو تین گھنٹہ میں سنکھیا گھل کر موم ہو جاوے گا۔ یہ سنکھیا موم بہت کام کی چیز ہے۔ اس کا ایک چاول بتاسہ میں کھلا کر اوپر سے دودھ گھی پلایا کریں تو قوت باہ ہوتی ہے۔ ایک چاول بتاسہ میں کھلا دیں۔ اور روٹی بلا نمک دیویں۔ گھی کا خوب استعمال رکھیں۔ تو آتشک دور ہوتا ہے۔ اگر اس پر ایک پاؤ برگ سہدیوی کے پانی کا چوبہ بھی دیتے ہیں تو اکسیر ہو جاتا ہے۔ کل جسم گل بھی گیا ہو تو بھی ۴۰ دن میں آرام آ جاتا ہے۔ جذام تک کو مفید ہے۔ اگر اس موم سنکھیا کو لے کر اس میں ناریل دریائی ۱ تولہ۔ گھونگچی سفید ۱ تولہ۔ سنکھ ۱ تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ پیس کر ملا دیویں اور سب کو اول آدھ پاؤ آک کے دودھ میں اور پھر آدھ پاؤ برانڈی میں کھرل کریں۔ بعدہٗ دو بڑے سیپ کے کران کے درمیان بند کر دیں۔ اور ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیویں۔ سیاہی مائل کشتہ برآمد ہوگا۔ نکال کر ایک دن برانڈی شراب میں کھرل کر کے سکھا کر شیشی میں ڈال رکھیں۔ جہاں سانپ کاٹے دوا لگا کر مل دیں۔ اگر دیر ہو گئی ہو تو کسی قدر زخم کو چھیل کر یہ دوائی لگا دیں۔ اگر کسی سخت قسم کے سانپ مثلاً سنگ چور یا پھنیر وغیرہ نے کاٹا ہو تو قریب ۱ ماشہ کے روغن زرد میں ملا کر اور گرم کر کے اس کے حلق میں بھی اتار دیویں اور لحاف اوڑھا دیویں۔ اگر موسم گرما ہے تو کھیس کافی ہے۔ منہ بشکل ڈھانپ دو۔ پسینہ آکر زہر نکل جاوے گا۔ پسینہ خشک ہونے کے بعد آہستہ آہستہ کپڑا اتار دیویں ۔ (گنڈا سنگھ انسپکٹر پولیس گوڑگانوہ)

سانپ کے کاٹے کا تیر بہدف علاج

سانپ کے زہر کو بے اثر کرنے کے واسطے ایک بوٹی ہے۔ جس کا نام ضلع لاہور وغیرہ دریائی حصہ پنجاب میں پھکنڈہ۔ اضلاع انبالہ کرنال وغیرہ میں پچھ کانڈہ اور اضلاع گوڑگانوہ وغیرہ میں چرچٹا یا اونگھا بولتے ہیں۔ برسات میں یہ بوٹی بکثرت پیدا ہوتی ہے۔ بعض رقبہ جات پر بارہ مہینہ ہی سبز پائی جاتی ہے۔ پتا اس کا بیل سرخ کے ہوتا ہے۔ اور سیخ اوپر کی نکل کر اسی کے کانٹے لگے ہوتے ہیں۔ اس واسطے اس کا نام اُلٹا کانٹا مشہور ہے۔ ترکیب استعمال کی یہ ہے کہ جس کو سانپ ڈس جاوے

اس کو اس کے پتے کھلائے جاویں۔ مقدار یہ کہ جب مریض کو درخت نیمب کا پتا کڑوا اسواد آوے تب کھلانا بند کر دیوے۔ اس وقت اثر زہر سانپ کا جاتا رہے گا۔ نیمب کا سواد کڑوا محسوس نہیں ہوتا۔ اگر زہر ہو میرے اس لکھنے سے اکثر صاحبان ناظرین اخبار کی سمجھ میں آجائے گا میں نے یہ بوٹی بخدمت کمل سرجن بھی بھیجی ہوئی ہے۔ کہ شاید صاحب ممدوح تجربہ کر کے اس کا عرق یا ست ہسپتالوں میں بھی داخل کر دیویں اور سرکاری ادویات میں بھی داخل ہو جاوے۔ یہ میری آزمائی ہوئی بوٹی ہے ۔ (ررر)

نسخہ برائے رقت منی مقوی باہ اور امساک پیدا کرنیکے واسطے اکسیر ہے

گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سفید و سیاہ۔ سنبل کی جڑ۔ تال مکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ و سفید ہر ایک ۲ تولہ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف مذکورہ کے برابر مصری ڈال کر دیویں۔ ایک تولہ ہر روز وقت صبح شیر گاؤ تازہ سے کھانا چاہئے ۔ (پنڈت امرناتھ حکیم)

نسخہ اختلاج چشم

علاج تنقیہ بلغم کا کریں اور ایارجات کا استعمال کریں۔ تخم تل شہد میں گھس کر آنکھ میں ڈالیں اور یہ نسخہ استعمال کریں ۔

صدف ۴ ماشہ۔ توتیا کرمانی مغسول ۲۰ ماشہ۔ نبات سفید ۲ ماشہ ہمہ را کھرل کردہ خوب سائیدہ سرمہ کنند و بکار برند ۔ (ررر)

گرم مصالحہ دال

زیرہ سفید و سیاہ۔ گشنیز سبز۔ مرچ سیاہ و سرخ۔ ہلدی۔ لونگ۔ دار چینی۔ ٹاٹر اگر بھاجی بنانی ہو تو اچھا ہے۔ اگر اس کو سبز پانی میں ملا کر ٹھکل زرشک ترش املی لیموں اوپر کے مصالحہ کے چٹنی کریں۔ تو بہت لذیذ ہوگی ۔

(پنڈت امرناتھ حکیم)

مجرب نسخہ واسطے بچوں کی کھانسی کے

صمغ عربی ۲ ماشہ۔ کتیرا ۲ ماشہ۔ نشاستہ گندم ۳ ماشہ۔ مغز بہدانہ ۲ ماشہ۔ مغز کدو شیریں ۲ ماشہ۔ مغز تخم خیارین ۲ ماشہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ تخم خشخاش ۴ ماشہ۔ مصری ۱ تولہ۔ رب السوس ۴ ماشہ۔ بنسکر تیغال ۴ ماشہ۔ مویز منقہ ۴ ماشہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ بادام روغن ۳ ماشہ ہر دو ادویہ را کوفتہ بیختہ در لعاب اسپغول حبوب سازند وقت ضرورت بکار برند (م د)

نسخہ شب کوری

مس سوختہ ریشہ بیخ مغسول ہر یک ۵ درم۔ فلفل دراز۔ فلفل گرد۔ شحم حنظل۔ زعفران ہر یک ۱ درم۔ زنگار نیم درم۔ بورہ ارمنی صبر سقوطری ہر ایک یک درم۔ سرمہ سلیمانی ۲ تولہ ہر یک ادویہ را سحق نمودہ در بول انداختہ وقت ضرورت صبح و شام در چشم اندازند۔
اور غذا گھی۔ بادام روغن پرہیز اشیائے ترش و میٹھی و شیرہ و سرخ مرچ ۔
نیز سفوف مرچ سیاہ۔ جند بیدستر۔ الیوا۔ چھکنی کا استعمال کریں ۔ (م د)
نیز ہرت دھارا لگانے سے دو ایک روز میں آرام آجاتا ہے ۔ (ایڈیٹر)

نسخہ ضماد تلی

اشق بصبر تخم ترب۔ سہاگہ۔ چوکیہ موزن لے کر گھیکوار کے رس میں پیس کر سرکہ جامن ملا کر نیم گرم کر کے ایک پارچہ اس دوائی سے لتھڑ کر تلی کے اوپر رکھیں اور پارچہ کو تر رکھیں جوں جوں تلی کم ہوتی جائے گی۔ پارچہ اکھڑتا آئے گا۔ (م د)

نسخہ برائے اکسیر کھانے کیلئے

برنج۔ رسونت گیندا۔ بصدبرگ۔ ہر یک مساوی الوزن گرفتہ نصف حصہ منقا انداختہ در آب تیز بجوش کردہ
در حب شش ماشہ سازند یک گولی ہمراہ باسی آب بخورند صحت یابند ۔ (م د)
لیپ ۔ مردار سنگ ۲ ماشہ۔ کافور ۲ ماشہ لیکر خوب باریک پیس کر گھی گائے میں

مل کر کے اسمیں پیسہ اس قدر گھسیں کہ سب کا رنگ سیاہ ہو جاوے۔ پھر لیپ کرنا شروع کریں دو تین دن میں آرام ہو جاوے گا (ایڈیٹر)

منجن دنداں

ناگرموتھا ۱ ماشہ۔ مال چھڑ ۱ ماشہ۔ پھٹکری بریان ۱ تولہ۔ صندل سرخ ۱ تولہ۔ کات سفید ۱ تولہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ چھال ببول ۱ تولہ۔ پنبہ دانہ سوختہ ۲ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۲ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ اسٹ ۱ تولہ۔ تل ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ جڑ ارنڈ ۲ ماشہ۔ الائچی کلاں ۲ تولہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر منجن بنا دیں۔ وقت ضرورت استعمال کریں ۔ (م د)

لیپ تلی

اشق ۱ تولہ۔ گوگل ۱ تولہ۔ گوند ببول ۱ تولہ۔ گل بابونہ ۱ تولہ۔ زراوند ۳ ماشہ۔ ریوند چینی ۱ ماشہ مصبر یعنی ایلوا ۱ ماشہ۔ ان سب ادویہ کو باریک پیس کر اسمیں ملا کر گرم کر کے ایک پارچہ پر لیپ کر کے پلاسٹر بنا لیویں۔ اور جب پلاسٹر گرم ہووے۔ تلی کے برابر کپڑا تراش بیروں اور تلی کے مقام پر چسپاں کر دیں جس قدر کپڑا خود بخود چھٹ جاوے اسی قدر روزانہ قینچی سے کاٹ دیا کریں۔ جب تلی بالکل جاتی رہے گی۔ باقی کپڑا خود بخود چھوٹ جاوے گا۔ پرہیز دودھ اور گوشت کا ضروری لازم ہے۔ کھٹائی اور مرچ کا پرہیز گو معمولی ہے ۔ (جے رام داس ہیڈ کلرک ڈسٹرکٹ بورڈ)

نسخہ مہارس یعنی اکسیر اعظم

چنانچہ من وید نے اپنے مجربات میں اس رس کی تعریف زیادہ از قیاس کی ہے۔ یعنی وہ کہتا ہے کہ جس نسخہ میں یہ پارہ اشیاء موجود نہیں ہیں وہ مطلق اکسیر کہلانے کے مستحق نہیں ہے۔ کیونکہ سیماب جملہ اقسام امراض کو دور کر کے حرارت غریزی یعنی اوج پیدا کرتا ہے۔ الماس عمر کو دراز کرتا ہے اور سونا قوت اعضائے رئیسہ میں پیدا کر کے ان کو ہر ایک آفت سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور چاندی مزائل شدہ تقویت اعضائے رئیسہ کو

واپس لاتی ہے۔ اور ضعف باہ و رقت و سرعت اور جریان خواہ کیسا ہی کیوں نہ ہو برطرف ہو جاوے گا۔ نیز امراض دماغی دور کر کے عقل اور حافظہ کو سہ چند کر دے گا۔

صفت

کشتہ الماس یعنی ہیرا ڈیڑھ ماشہ کشتہ سونا ایک تولہ کشتہ چاندی ۲ تولہ کشتہ پارہ ڈیڑھ تولہ۔ ہر چہار کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر ہمراہ آب برگ ریحان سبز کے چار یوم سحق کر کے آتشی شیشی میں بند و گل حکمت کر کے ایک کوری ہانڈی میں نصف ریت بھر کر اوپر شیشی جما کر نصف ریت اور ڈال کر ہانڈی کو دیگ دان پر رکھ کر نیچے دو پہر تک خفیف سی آتش کریں۔ بعدہ آتش تیز کر دیں حتےٰ کہ تمام دن ختم ہو جاوے۔ پھر نیچے اتار لیں کشتہ اربعہ تیار ہے۔ مقدار خوراک نصف رتی سے ایک رتی تک۔

ترکیب کشتہ پارہ

پارہ ۲ تولہ لیکر پہلے اینٹ خام کے برادہ میں کھرل کریں۔ تاکہ کجلی دور ہو۔ پھر ایک تولہ گلو ایک تولہ فلفل دراز ایک تولہ گل سرخ ایک تولہ تخم ستیاناسی کے ہر چہار کو پاؤ بھر پختہ پانی میں رات کو بھگو کر صبح خفیف جوش دے کر پارہ کو کھرل میں ڈال کر بذریعہ آب طیار کردہ میں تین یوم سحق کر کے غلولہ بنا لیں اور خشک کریں۔ پاؤ پختہ کھٹ کھٹے سبز کا نغدہ بنا کر درمیان میں غلولہ رکھ دے کر ایک ۲ تار پختہ پاچکد شتی آگ انگر بنا کر غلولہ رکھ کر بند کریں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پارہ کشتہ ہو کر برنگ سفید برآمد ہوگا۔

ترکیب کشتہ الماس

الماس لیکر ریوا مکھی کی ایک ڈلی سفید چار تولہ لے کر اس میں سوراخ کر کے ڈال دیں اور جو ریوا مکھی بوقت سوراخ نکلے اس کو باریک پیس کر سفیدی بیضہ مرغ میں لت کر کے سوراخ کو بند کریں۔ اور انگارہ آگ میں سرخ کر کے آب برگ دار میں ایک سو ایک دفعہ سرد کریں بعد ازاں بعینہ اسی طریق ایک سو ایک دفعہ آب سرخ مکھی میں سرد کریں اگر بالفرض ریوا مکھی کی ڈلی ٹوٹ جاوے تو اور ڈلی میں سوراخ کر لیں۔ بعد ازاں ۱۰ دن در دستہ آہنی اے جس میں حرج قسم ہیرا کشتہ ہوا ہو گا پیس جاوے گا۔ باقی ماندہ کو بدستور مذکور عمل کریں۔ حتےٰ کہ تمام ہیرا کشتہ

ہو کر پیس جاوے۔

ترکیب کشتہ سونا چاندی

سونا خالص ۱ تولہ سوہن سے برادہ کر لیں اور دس تولہ آب برگ لاجونتی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کریں اور اس ٹکیہ کے ۱۵ تولہ گلمدی بند و گل حکمت کر کے ۱۵ سیر دستی اوپلوں کی آنچ دے دیں۔ اس طرح سات بار پھر چاندی خالص ۵ تولہ کو برادہ کر کے آب برگ ستق جوت دس دس تولہ میں بدستور کھرل کر کے ۲۰۔۲۰ سیر اوپلوں کی سات آنچیں دے دیں۔ دونوں نیم کشتہ ہو نگے۔

بچھو کا ڈنگ

چرچٹہ یا بھکنڈہ کی جڑھ پانی میں گھوٹ کر کاٹی ہوئی جگہ پر لگانی چاہیے۔ یا جیسا کہ پیچھے لکھا گیا ہے اس کے پتے کھلانے چاہئیں حتےٰ کہ نیم کی کڑواہٹ یا انہی پتوں کی اپنی کڑواہٹ ہی معلوم ہو۔ نیز جڑھ کو پانی میں گھس کر بھی ذرا پلاتے رہیں۔

چوہے کا زہر

چرچٹہ کی دم کو بل کا رس نکال کر ایک ماشہ شہد میں سات دن تک کھلانے سے چوہے کا زہر جو جسم کے اندر اثر کر چکا ہو دور ہو جاتا ہے۔ یا چرچٹہ کے بیج ۲ ماشہ شہد عمدہ میں پیس کر چٹایا کرے۔ اس ترکیب سے خیال پڑتا ہے کہ پیگ کو بھی شاید مفید ہو۔

باولے کتے کے کاٹے پر

چرچٹہ کی جڑھ ۱ تولہ کوٹ پیس کر شہد میں ملا کر چٹاوے اور گھیکوار کا پتہ بسینہ جانگ چھیل کر کاٹی ہوئی جگہ پر باندھ دے تو تین دن میں زہر اتر جاتا ہے۔

جلودھر (استسقاء)

بھکنڈے کے پانچوں اجزا کی راکھ ۲ ماشہ پانی میں گھول کر قند سیاہ ملا کر پلانے

جلد دھر کا سوجن (سور القینہ) جاتا رہتا ہے)

چوتھیہ بخار

سنا اور پڑھا بھی گیا ہے کہ کنواری لڑکی کے ہاتھ سے کاتے ہوئے سوت کے ساتھ پھٹکنڈہ کی جڑھ باندھ کر اتوار کو مریض کے ہاتھ میں باندھ دینے سے چوتھیہ بخار جاتا رہتا ہے۔ میرے خیال میں کنواری لڑکی کے لکھنے سے یہ مطلب ہے کہ اسکو حیض نہیں آیا ہوگا۔ حیض آنے سے عورت ویسی پاک نہیں سمجھی جاتی ہے۔ جیسی کہ اس سے پہلے پاکی اور نیکی کا اثر ضرور ہوتا ہے اور اتوار کا لکھنا بھی پتہ نہیں کیوں ہے۔ بہر حال چاہیئے کہ معمولی سوت سے باندھ کر کسی اور دن باندھ کر بھی آزماویں اور جیسا کہ لکھا ہے ویسا بھی آزماویں پھر دیکھیں کیا اثر ہوتا ہے۔ ہمیں ابھی اس کے آزمانے کا موقع نہیں ملا جو صاحب آزماویں اطلاع دیں ۔

نسخہ برائے مائی گرین یعنے درد شقیقہ

کیفاین سٹراس ... ... ۵ گرین

انٹی پائرین ... ... ۸ گرین

اس کی ایک پڑیہ بنا کر کھلانا چاہئے۔ بہت نفع ہوگا۔ (حکیم و ڈاکٹر ناظر حسین)

نسخہ برائے ایپی لیپسی یعنے مرگی

پٹاسیائی برومائیڈ ... ... ۲ ڈرام

لیکوار آرسینی کیلز ... ... ۲ ڈرام

سوڈیائی برومائیڈ ... ... ۲ ڈرام

سیرپ آرنشیائی ... ... ۲ اونس

ایکوا کلوروفارمائی ایڈ ... ... ۲۰ اونس

ڈوز بعد غذا کے ۳ مرتبہ ... ... ½ اونس (ر ر)

بادی۔ باؤگولہ۔ بدہضمی کا ایک سہل علاج

فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ بادیان۔ بادیان رومی۔ چترک۔ ملٹھی۔ تخم متھی۔ سہاگہ خام۔ سناکی۔ پودینہ۔ اجوائن دانہ دار۔ اجمود۔ کرفس۔ انار دانہ۔ نمک سیاہ۔ نمک سانبھر۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست بلیلہ۔ پوست آملہ۔ نمک لاہوری۔ ہینگ ۱ ماشہ۔ تروی ۱ تولہ۔

یہ تمام اشیاء ایک ایک تولہ لے کر خوب باریک کریں اور سفوف بنا دیں۔ پھر اس کو ہمراہ ادرک و لیموں کے عرق میں، اتنی رس میں جتنی میں کہ حل ہو جاویں۔ پھر حسب جسامت کنار دشتی کے بنا دیں۔ دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب کے کھاویں۔ یا اس طرح کھاویں۔ اس سے تلی بھی بشرطیکہ بڑی ہو دور ہو سکتی ہے ۔ (دھیا رام وید یا حکیم)

دمہ کا مجرب علاج

برگ مدار آدھ پاؤ۔ نوشادر قلمی آدھ چھٹانک۔ نمک لاہوری آدھ چھٹانک۔ روغن زرد آدھ چھٹانک۔ برگ مدار لے کر اسکو خوب کپڑے سے صاف کریں۔ پھر اسکو روغن زرد چوپڑیں اور اوپر نوشادر و نمک جو پیشتر سے باریک کر کے رکھا ہو ڈالتے جاویں اور ایک ہانڈی نئی لے کر اس میں تہ بتہ رکھیں۔ پھر اس کا منہ چینی سے بند کر کے آگ پر رکھیں اور نیچے آگ جلاویں۔ جب برگ جل جاویں اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر ان کو باریک کر کے شیشی میں رکھ دیں اور ایک ماشہ دوائی اور اس کے برابر کھانڈ دیسی ملا کر صبح و شام سانس و دمہ والے مریض کو دیویں۔ بشرطیکہ آرام ہو جاوے گا۔ میرا مجرب و آزمودہ ہے ۔ (ر ر)

میرے ایک دوست کا نسخہ آزمودہ برائے پلیگ

بیر بہوٹی۔ مینگھ کبوتر جنگلی۔ گوگل۔ ہینگ۔ سفیدی بیضہ مرغ۔ ٹکیہ بنا کر اوپر باندھ کر اوپر برگ مدار آگ پر گرم کر کے باندھیں۔ گلٹی بہت جلد پھوٹ جاویگی۔ (ر ک صاحب)

داد کا مجرب علاج

گندھک آملہ سار، ہڑتال سفید۔ سہاگہ۔ نوشادر۔ خوگل۔ پارہ۔ اول پارہ اور

گندھک کو گلی کریں بعد ازاں سب کو مجیٹھ کے دودھ میں خوب کھرل کریں اور گولیاں بناویں اور وقت ضرورت پانی میں گھسکر داد پر خوب ملیں تین یا چار روز میں داد جاتا رہتا ہے۔ (پیارے لال ویش)

طلا برائے لیپ

پر بہوٹی ۲ تولہ ہڑتال ایک تولہ۔ عاقر قرحا ایک تولہ۔ ریگ ماہی ایک تولہ تل سیاہ ایک تولہ سم الفار سفید ۱ ماشہ سیماب ۹ ماشہ گندھک ۲ ماشہ روغن گنجد ۱۰ تولہ۔ پہلے سیماب اور گندھک کو کھرل میں ڈالکر حل کریں بعد ازاں سب ادویہ کو کھرل میں ڈالکر گلی کریں جب بخوبی یکساں ہو جاویں ان کی گولیاں بناکر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشیدہ کریں اور ایک ماہ جو کے غلہ میں دفن کریں بعد ازاں نکال کر کام میں لاویں استعمال کی یہ ترتیب ہے اس روغن سے قدرے پان کی پتی یا انڈے کی پتی پر لگا کر عضو پر لپیٹ کر کپڑا باندھکر چھوڑ دیں۔ رات کو یہ عمل کریں صبح کو گرم پانی سے دھو ڈالیں اس طرح ایک ہفتہ تک کریں ان دنوں مندرجہ ذیل معجون کا استعمال بھی کریں۔

نسخہ معجون سنگھاڑا خشک ۱ تولہ موصلی سفید سیاہ ۱ تولہ تعلب مصری ۱ تولہ۔ بہمن سرخ و بہمن سفید ہر ایک ۹ ماشہ کشتہ قلعی ۹ ماشہ ناگن ۱ تولہ۔ الائچی۔ ان سب دواؤں کو کوٹ اور کپڑے میں چھان کر سہ چند عسل مصفےٰ ملاکر معجون بنا کر ۲۰ عدد ورق نقرہ بھی شامل کریں مقدار خوراک ۱ تولہ رات کو دودھ سے اور ایک تولہ صبح کو شربت بنفشہ کے ساتھ کھایا کریں۔ بادی ترشی اور گرم اشیاء سے پرہیز امید قوی ہے کہ ضرور فائدہ ہوگا۔ (ایڈیٹر مشیر الحکمت سندھ)

نسخہ برائے ذیابیطس

اٹروپین سلف ۱/۱۰۰ گرین۔ اسٹرکنیا سلف ایک گرین۔ الکوحل ۳ ماشہ۔ ادویہ کو ملا کر ایک چائے کا چمچہ خورد بھر کر کھانا کھانے سے ڈیڑھ گھنٹہ پہلے دیں (ازمیڈیکل ورلڈ)

نسخہ برائے عسر الحیض

فلوئڈ ایکسٹراکٹ اڑوساس ۲ ڈرام۔ فلوئڈ ایکسٹراکٹ کینی بس انڈیکا ۲ ڈرام۔ فلوئڈ ایکسٹراکٹ

سمی سی فیوگا ۲ ڈرام۔ اسپرٹ کیمفر ۲ ڈرام۔ اسپرٹ ایتھر کمپونڈ اس قدر ملادیں کہ تین اونس ہو جاوے۔ اس میں سے ایک ٹی اسپونفل لیکر قدرے پانی میں ملاکر دن میں تین خوراک دیں تشنجی و عصبی عسر الحیض میں مفید ہے۔ ایام معمولی سے کچھ دن پہلے دینا شروع کریں اور ایام حیض میں بھی دیں۔ (از میڈیکل نیوز)

سفید داغ

ٹھکنڈہ کی کھار ۵ تولہ۔ پانی ۱۵ تولہ میں گھول دیوے تیل مالکنگنی ۵ تولہ میں ملا کر نرم آنچ پر رکھے جب تیل رہ جائے اتار لیوے اس تیل کے لگانے سے سفید داغ جاتے رہتے ہیں۔

چوتھیہ بخار

چوتھیہ بخار کے واسطے یہ ترکیب بھی اچھی ہے کہ اتوار کے دن چرچٹے کے پتے لاکر پیس کر برابر وزن گڑ ملاکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا رکھیں اور بخار آنے سے پہلے ایک گولی پانی سے دیوے۔

طحال تلی

اونگا کی کھار قند سیاہ میں ملاکر کھلایا کرے ۲۰ رتی کی خوراک۔

تلی کے نسخے

نسخہ نمبر ۱۔ آملہ سار۔ نوشادر۔ سہاگہ۔ ہر ایک ۶ ماشہ پھٹکری۔ مائیں خورد ہر ایک ۲ تولہ سرکہ انگوری میں کھرل کرکے ۲ ماشہ کی گولیاں بناویں۔ چار تولہ مولی کا پانی لیکر اس سے ایک گولی ہر روز صبح کو نگل لیا کریں۔

نسخہ نمبر ۲ بیخ سوسن کی جڑھ۔ تخم کشوث۔ افتیمون ہر ایک ۱ تولہ۔ ریوند چینی چھلکا بیخ خشخاش دو دو تولہ لیموں کی رس میں کھرل کرکے ۱۲ رتی کی گولی عرق کاسنی ایک تولہ سے کھاویں۔ اگر بیمار ضعیف اور تلی بڑھ چکی ہے۔ تو یہ سفوف شروع کرادیں

نسخہ نمبر ۳:۔ درنسک۔ تخم خرفہ مغز تخم خربوزہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو صمغ عربی
بہدانہ صندل سفید طباشیر ہر ایک ۲ تولہ تخم کاسنی پوست بیخ بجاوڑ ہر ایک ۵ تولہ تمام
چیزوں کا سفوف بنا کر ہر روز ۲ ماشہ سے ۱۲ ماشہ تک حسب مقدار عمر و طاقت کے
ہمراہ شربت سکنجبین بزوری ۲ تولہ کے دیں گدھے کا سم خاکستر کر کے ساتھ اس کے
ہموزن رائی خطمی تکمو ریو۔ اقاقیا در سرکہ میں پیس کر جائے ورم پر ضماد کریں اور
مریض کی آب و ہوا تبدیل کریں۔ غذا نہایت لطیف اور زود ہضم دیا کریں۔ سیر و
تفریح کا بھی اعلیٰ انتظام کریں۔ ہلکی ریاضت بھی کریں

نسخہ تلی انگریزی پینے کا

کونین سلفاس ۱۲ گرین۔ ایسڈ سلفیورک ڈل ۲۰ بوند۔ فیری سلفاس ۱۰ ڈرام
مگنیشیا سلفاس ۴ ڈرام ٹنکچر نکس وامیکا ۱ ڈرام ۔ ایکوانے سومیانی ۸ اونس
ٹنکچر کارڈیم ۶ ڈرام ۔ تمام ادویات بوتل میں بھر لیں اور ایک دن میں تین دفعہ
چار چار گھنٹے کے بعد نصف اونس دوا میں نصف اونس ہی پانی ملا کر پلاویں +
لیکن دوا سے آدھا گھنٹہ پہلے کچھ غذا یا پھل (روٹی) تھوڑا بہت کھا لینا
چاہیے کم از کم پندرہ دن تک یہ نسخہ استعمال کریں بعد ازیں مندرجہ ذیل گولیاں بنا کر
ہر روز صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ تازے پانی کے دیں

ہڑتال ورقی کا کشتہ

ہڑتال ۱ تولہ تھوہر کا دودھ ۲ تولہ دونوں کو آدھ گھنٹہ تک کھرل کرے اور
ٹکیہ بنا لیوے اور سایہ میں خشک کرے پیپل کے درخت کی لکڑی ایک گز لمبی اور ایک
فٹ موٹی لیکر اس کو بیچ میں سے کھود کر ہڑتال کی ٹکیہ رکھ دیوے اور پھر وہ سوراخ
پیپل کی لکڑی سے ہی بند کر دیں اور ہوا کے نکلنے کا کوئی راستہ نہ رہے اس کے اوپر گاچنی
وغیرہ کا خوب لیپ کر دیوے تا کہ ہوا نہ نکلنے پاوے۔ بعد ازاں لکڑی کے دونوں سروں
کی طرف آگ لگا دیں جب یہ تمام لکڑی جل کر راکھ ہو جاوے اور سرد ہونے پر

کشتہ نکالے رنگت سفید ہوگی (رشن داس خریدار اخبار)

دھات پشٹ کرنے نیز قوت باہ و جریان منی کو نافع دوائی کا نسخہ

پارہ (سیماب) ۱ تولہ قلعی (رانگا) ۱ تولہ ان دونو کو حل کر لیویں۔ ٹکڑہ گلو
ایک پاؤ پختہ کے بیچ رکھ دیویں اور اس کے اوپر بتاشن کا نگدہ ایک پاؤ پختہ چڑھا دیوے
بعد ازاں گاچنی کی دو تہ کپڑے کی کپروٹی کی جاوے اور اس کو خشک کیا جاوے
دو بڑے اوپلے لیکر ان کے بیچ میں سے کھود کر یہ گولا بنا کر رکھ دیوے کر اوپر نیچے برابر
اوپلے آجاویں اور ان کو اندر کوٹھڑی میں کسی کڑاہی وغیرہ میں ان اوپلوں کو چاروں طرف
سے آگ دیکر جب اوپلے جل کر سرد ہو جاویں بڑی ہوشیاری سے کشتہ نکالے پارہ بالکل
سفید نکلیگا۔ خوراک نصف رتی ملائی میں یا مکھن میں ملا کر کھاوے فائدہ ہوگا (ایضاً)

کھجلی

آملہ سار گندھک ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ کتھہ سفید ۹ ماشہ مردار سنگ سفید ۳ ماشہ۔ نیلا تھوتھا
۱ ماشہ سب اشیاء کو باریک پیس لیں اور ایک تولہ روغن زرد میں خوب ہی آمیز کر کے تمام بدن
میں خاصکر جس جگہ خارش زیادہ ہو ملیں اور کم از کم آدھا گھنٹہ دھوپ میں بیٹھیں بعد ازاں
تازہ گوبر بھینس کا اس جگہ پر مل کر پندرہ منٹ کے گرم پانی سے نہا کر کپڑے اور ملیں
جب پسینہ آن کر بدن سرد ہو جاوے کپڑے پہن لیں انشاءاللہ ۳ یوم کے استعمال سے کلی
آرام ہو جائیگا +

(ب) نیز اگر مناسب سمجھیں آملہ سار گندھک صاف شدہ جو کہ انگریزی دوا فروشوں
سے اس سے بحساب ۲ پائی فی تولہ مل سکتی ہے رات کو سوتے وقت دودھ شیریں کے ہمراہ ۳
یوم متواتر نوش کریں پرہیز شراب۔ گوشت۔ لال مرچ۔ اچار ہر قسم (حکیم لچھمن سنگھ)

کدو دانہ

برگ فنتین ہندی ۴ ماشہ۔ باؤبڑنگ کابلی ۴ ماشہ پانی ۵ تولہ صبح کے وقت آدمی

اس کو شربت کے طور پر رگڑ کر اور چھان کر مریض کو پینے کے لئے دے اور مریض ناک پکڑ کر اسے نوش کرے مگر جس دن دوائی شروع کرے شام کو چاول شیریں پہلے کھا لے ۔ مہینہ میں چار دفعہ ایسا کرنے سے کرم پیدا نہیں ہو سکتے نیز یہ نسخہ جوان کے لئے ہے بچے کے لئے آدھی خوراک عدد کا ہے ۔ مجرب بہت (ایضاً)

دست و کمزوری معدہ

بادیان (سونف) ۱ تولہ ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ کاسنی ۳ ماشہ ۔ دھنیا ۳ ماشہ مروڑ پھلی ۴ ماشہ ۔ بلگری ۶ ماشہ ۔ کباب چینی ۲ ماشہ ۔ پہلے سونف اور زیرہ سفید کو کچا بھنا کر لویں اور بعد ازاں تمام اشیاء ملا کر اس کا سفوف کریں اور بعد ازاں ۶ ماشہ لیکر چھٹانک عرق بادیان جس میں ۲ بوند امرت دھارا ڈالی ہو پہلے پڑیہ کھا کر اوپر سے پیویں اگر عرق سونف نہ ہو تو پانی کے ہمراہ دے سکتے ہیں ۔ غذا ایک ہفتہ دال چاول آرام ہو جاوے گا ۔ (حیدر آباد لیوی داس حکیم)

ناسور کا نسخہ

سنگ جراحت ایک چھٹانک پھٹکری ایک چھٹانک سیندور ۳ ماشہ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ ۔ ترکیب : ایک ہانڈی کوری لیکر پھٹکری اور سنگ جراحت ڈال کر آگ پر رکھیں جب دو تو ابال کھاویں تو سیندور و نیلا تھوتھا جو کہ پہلے سے باریک کر رکھا ہو تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاویں جب پھلا ہو جاوے تو سرد کر کے باریک کر لیویں ۔ خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ مکھن میں مجرب ہے (ایضاً)

احتلام

کتھا سفید ۱ تولہ تخم بھنگ تولہ دونوں کو پیکر پانچ حصے کر کے پانچ پڑیہ بنا دیں اور پانچ روز تک ہر شام کو ایک ایک پڑیہ پھانکتے رہیں انشاء اللہ احتلام صاحب کا نام بھی نہ رہیگا کئی مرتبہ کا تجربہ شدہ ہے ۔ (ظفر حسن از بھوپال)

نوٹ :۔ مقدار بھنگ کی اس میں ۲ ماشہ فی پڑیہ آجاویگی جو کہ عوام کے واسطے زیادہ ہے ۵ کی بجائے ۸ پڑیہ بنا دیں تو بہتر ہوگا ۔ (ایڈیٹر)

برائے سل

سرطان محرق ۱۰ ماشہ ۔ صمغ عربی ۵ ماشہ ۔ گل ارمنی ۵ ماشہ خشخاش سیاہ ۲ ماشہ خشخاش سفید ۲ ماشہ کتیرا ۳ ماشہ سب کو کوٹ پیسکر ملا کر ۲ ماشہ شربت عناب یا شربت خشخاش سے دیا کریں ۔

برائے تپ بلغمی

حی (پارہ) ۱ ماشہ ۔ گندھک آملہ سار ۱ ماشہ میٹھا تیلیہ ۱ ماشہ تخم دھتورہ سیاہ ۲ ماشہ فلفل سیاہ ۴ ماشہ فلفل دراز ۴ ماشہ ۔ سونٹھ ۴ ماشہ ۔ اول پارہ اور گندھک کو ۴ پہر کھرل کریں پھر باقی ادویات کپڑ چھان کر کے ملا کر ۱۲ پہر کی گلگل کے عرق سے کھرل کر کے خشک مانند سرمہ کے پیس لیں خوراک ۲ رتی عرق ادرک کے ساتھ کھانسی و تپ ہر قسم کو مفید ہے

جمیع اقسام بخار کو مفید ہے اور مقوی ہے

علم اصغر ۴ درم ۔ اصل بار ۴ درم ۔ دونوں کو بچھانی کے رس میں ۲ یوم کھرل کر کے پھر دو یوم ... ... آک (مدار) کے دودھ میں کھرل کر کے ہر چیز کی ۴ پٹھیں دینی چاہئیں ۔ گویا ۴ ... دن تھوڑا رس یا دودھ ڈال کر کھرل کرنا چاہئے ۔ گلی بوتہ یا دو چھوٹی پیالیوں کے اندر اسے بند کریں اور گل حکمت کریں اور ایک دیگ میں بالو ریت نصف ڈال کر اوپر اس بوتہ کو رکھکر ریت سے اس کو بھر دیں اور منہ اس کا بند کر کے نیچے درمیانی آنچ ۴ پہر کریں اور پھر سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں خوراک حرف ایک چاول بخار کے واسطے کھانڈ یا بتاسہ میں ڈال کر کسی عرق کے ساتھ یا درد انع بادی کے واسطے لونگ فلفل دراز کے سفوف کے ساتھ بنگرو بنی

میں جائفل کے ہمراہ اور اطحال و کھانسی میں فلفل دراز کے سفوف کے ہمراہ دہر ایک چیز کی مقدار مناسب وزن سے زیادہ نہ ہونی چاہئے)

(نوٹ) علم اصغر سے مراد ہڑتال ورقی ہے اور اصل بارد پارہ کو کہتے ہیں۔ دم تین ماشہ کا ہوتا ہے۔

تپ بلغمی مرکب کے واسطے

ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ فلفل دراز ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ الاچی خورد ۱ تولہ طباشیر ۱ تولہ جلوتری ۱ تولہ۔ آرد گاو ۱ تولہ۔ تمام ادویا کو باریک کھرل کریں۔ خوراک ½ رتی بتاسہ میں ڈال کر۔ دودھ و گوشت سے پرہیز ہے۔ (اس نسخہ میں بھی ہڑتال ڈالی گئی ہے پس اس کو صاف کر لینا چاہئے)۔

سرعت و زکام

افیون ۵ ماشہ تخم دھتورہ ۵ ماشہ گیرو ۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۵ ماشہ زعفران ۲ ماشہ۔ گل سرخ ۲ ماشہ سونٹھ ۲ ماشہ سب کو باریک کر کے آب قیر خشت کے ساتھ حل کر کے گولیاں بمقدار چنے کے بنا دے۔ خوراک اگولی تپ سے پہلے گرم پانی کے ساتھ کھا دے۔

سفوف مغلظ و ممسک

تخم کونچ ۲ تولہ تالمکھانہ ۲۔ تولہ بہمن سرخ و سفید ۲۔۲۔ تولہ۔ تودری زرد و سفید ۲۔۲۔ تولہ ثعلب ۲۔ تولہ جلوتری ۲۔ تولہ۔ جوز لوبیہ ۴ عدد۔ خر ماسنگ لسکنی پاؤ پختہ۔ گوکھرو پاؤ پختہ تخم سرپال ۵ تولہ۔ تخم انٹگن ۲۔ تولہ خشخاش پاؤ پختہ عقرقرحہ ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ ستاور ۲۔ تولہ شقاقل ۲۔ تولہ سپاری ۳ تولہ گل پتہ ۲ تولہ۔ کوٹ پیس کر سب کے دو چند شکر تری (کھانڈ) ملا کر صبح و شام ایک کف دست تازہ دودھ کے ساتھ کھایا کریں بادی و ترشی سے پرہیز کریں۔

نسخہ ملذذ

اس نسخہ کو مجھے ایک بڑے تجربہ کار طبیب نے عنایت فرمایا ہے۔ کہ جنہیں اب تک مطب کرتے ۶۰ برس ہو چکے ہیں مجرب ہے:۔ روغن بلسان ۶ ماشہ عطر گلاب ۲ ماشہ۔ قضیب خرش ۲ ماشہ۔ کافور بھیم سینی ۳ ماشہ باریک پیس کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا رکھیں۔ جب ضرورت ہو پانی میں گھس کر طلا کریں بعد خشک ہونے کے مشغول ہو جاویں۔

نسخہ جریان

عاقر قرحہ ۱ تولہ تخم ریحان ۸ تولہ۔ سبوس اسبغول ۸ تولہ۔ مصری تمام باریک پیس کر سفوف بناویں خوراک ۱ تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر یا آب سرد۔ اگر ایک نسخہ سے مطلب حاصل نہ ہو تو دوسرا بنا کر استعمال کریں انشاءاللہ پھر ضرورت نہ ہوگی۔

نسخہ لگل گند و سلاق نہایت مجرب

طوطیا ۲ ماشہ شورہ ۲ ماشہ خوب باریک پیس کر ½ گرین صبح و ½ گرین شام کو قدرے پانی میں حل کر کے پپوٹوں اور پلکوں پر لگا دیں۔ اور ہر شب سوتے وقت تخم اطریفل کشنیزی ۱ تولہ یا ۹ ماشہ کھا دیں۔ (ڈاکٹر نظیر حسین)

کشتہ تانبہ

تانبہ مصفا ۱ تولہ حسن وصوف ۴ تولہ حسن وصوف پیس کر تانبہ کے پتر پر لیپ کر دو خشک کر کے آگ اوپلہ میں بقدر ضرورت گڑھا کھود کر درمیان رکھ دیں اور اوپر دو سیر اوپلہ دیدیں پس سیر پختہ آگ گڑھے میں دیدیں کشتہ بنگ سیاہ ہو جاویگا مگر ہاتھ سے مل لو۔

کشتہ چاندی از حد مقوی و جاذب پارہ

چاندی مصفا ایک تولہ یا ایک روپیہ پترہ بنا کر اوّل صاف کریں بعد از ان لال لنگنی یا ڈیکنہ کوٹ کر پانی میں نغدہ بنا کر پترہ چاندی یا روپیہ کو درمیان رکھ کر اوپر سے گل حکمت کر دیں اور خشک کر کے ۵ سیر پختہ آگ دیویں یعنی ۵ سیر پختہ ایرنے یا اوپلوں کی آگ دیویں۔ اس طرح ۳ آگ میں کشتہ سفید ہو جاویگا۔ یہ کشتہ ۱۱ تولہ پارہ جذب کرتا ہے۔ خوراک ایک چاول مکھن میں نہایت مقوی باہ ہے۔

نسخہ برائے کدو دانہ یعنی کرم امعاء

زخم حیات ۱ تولہ بطور سرداتی گھوٹ کر پلا دیں۔ روز اول ۱ تولہ۔ روز دوم ۲ تولہ۔ روز سوم ۳ تولہ۔ بتدریج بڑھاتے جاویں مگر جس روز دست آجاویں اور مادہ کرم جسے تھیلی کرم کہا جاتا ہے لمبی سی آنت کی طرح ہوتی ہے نکل جاوے بند کر دیں ورنہ ایک ۲ دو دن اور دیں میرا کئی بار کا مجرب ہے۔ دوسرے تیسرے دن دست آجاتے ہیں۔ اور اس طرف ملک سندھ میں زخم حیات کو بتوکن کہتے ہیں۔ اور حلیہ یہ ہے کہ یہ بوٹی زمین پر بچھی ہوئی ہوتی ہے گول گول پتے چونی دونی برابر ہر ایک پتے یا کانٹھ پر دو تین چار بلکہ آٹھ چھوٹے چھوٹے دانے سے بیج نوکدار ماش جامن بوٹی کا رنگ قدرے سفیدی مائل بمقدار جگہ زیادہ ہوتی ہے

زخم حیات اصل نام اس بوٹی کا معلوم نہیں ہوتا ہے (ایڈیٹر)

نسخہ برائے مرگی یعنی صرع

مرچ سیاہ ۱۰ تولہ۔ پیشاب ہاتھی نر ایک بوتل مرچ کو باریک کر کے کھرل میں ڈالو پیشاب فیل قدرے قدرے ڈالتے جاؤ۔ جب تمام پیشاب جذب ہو جاوے خشک کر کے شیشی میں رکھ لو۔ اور دورہ کے وقت اور چند روز بعد نسوار دیا کرو چھینکیں آوینگی۔ اور مادہ مرض خارج ہوگا۔ ایک کرم ہوتا ہے بس

جب کرم نکل جاوے اللہ کا فضل ہے۔ یہ نسخہ بندہ کا مجرب نہیں ہے۔ مگر ایک سنیاسی صاحب کا عطیہ ہے۔ نسخہ عمدہ معلوم ہوتا ہے۔ اگر اس کے اجزا پسند ہوں تو درج اخبار فرماویں (حکیم غلام محمد از چک غلام محمد پٹواری والہ)

صابون کا قائم مقام اُبٹنہ

انگریزوں سے پہلے کوئی صابون ہاتھ منہ دھونے کے کام میں نہ لاتا تھا۔ اس کی جگہ طرح طرح کے غازے اور ابٹنے تیار ہوتے تھے جن سے جسم صاف رہتے تھے اور خوشبو کی لپٹیں آتی تھیں۔ آج کل صابون کی ایسی ہوا چلی ہے۔ کہ ادنےٰ اور اعلےٰ سب صابون ہی استعمال کرنے لگا ہے حالانکہ صابون اتنے گھٹیا قسم کے ہوتے ہیں کہ الٹی چہرہ کی رونق کو کھو دیتے ہیں اور موڑے اور تیزاب کی کھاری جلد ہو جاتی ہے۔ اس لئے میں اپنی تمیزدار بہنوں کو نصیحت کرتی ہوں کہ وہ بجائے صابون کے اپنے پرانے قسم کے ابٹنے کام میں لایا کریں۔ اس سے کفایت کے علاوہ فائدہ بھی ہے کیونکہ اعلےٰ درجے کے صابون جو ولایتی ہوتی ہیں وہ ناپاک جانوروں کی چربی سے بنائے جاتے ہیں۔ فی الحال ایک نسخہ نذر ناظرین ہے۔ بنا کر دیکھ لیں۔

نسخہ اُبٹنہ موٹھ بریاں مقشرہ ۵ تولہ سرسوں پانچ تولہ۔ سفید تل ۵ تولہ۔ زیرہ سفید ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۵ تولہ۔ دال مسورہ ۵ تولہ۔ گائے کے دودھ میں بھگو کر خشک کر لیں اور باریک پیس کر اس میں چرچلا ۲ ماشہ۔ بالچھڑ ۲ ماشہ۔ ناگر موتھ ۲ ماشہ۔ کچور کچری ۲ ماشہ۔ کلونجی ۲ ماشہ۔ نرکچور سب باریک پیس کر سفوف بنا کر ملا دو۔ (ر پردہ نشین)

مقوی اور خوراک بڑھانے والا بلوان چورن

ترکٹا ۱ تولہ بشت پشاد (سونف) ۱ تولہ۔ پودینہ ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ ہرڑ ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ چترا ۱ تولہ۔ جڑ تمال پترا تولہ۔ ڈارما ۱ تولہ۔ املبید ۱ تولہ۔

شیشہ لعون ۱ تولہ ست لیموں ۹ ماشہ سوہنجر نمک ۹ ماشہ۔ آنولہ ۹ ماشہ۔ ست پیپرمنٹ ۳ ماشہ۔ سب ادویات کوٹ چھان کر سفوف بنا دیں۔ ۳ ماشہ باسی پانی کے ہمراہ روزانہ کھاوے مجرب ہے (لالہ رام سرنداس حکیم)

گلے پڑنا

پوٹاس کلورس منہ میں رکھنا مفید ہے اور گلے کے نیچے روئی کے پھاہے کے ساتھ ٹنکچر آیوڈین لگاویں نسخہ بارہا کا مجرب ہے (ایضاً)

دانت ہلنا

میرے خیال میں رات کو سوتے وقت دانتوں کو سرسوں کا تیل ملا کریں اور صبح کو ہلدی کے اوٹے ہوئے پانی میں ببول کی مسواک بھگوئی ہوئی جو کہ اس پانی میں تمام رات بھیگی رہے سب سے پہلے صبح کو اس مسواک سے دانت صاف کیا کریں مجرب ہے۔ دانتوں کو مستحکم کرنے والی ترکیب ہے۔ (حکیم محمد سعید احمد)

برائے اسقاط حمل

معجون تیار کریں اور روزمرہ کھلاتے رہیں بچہ صحیح وسالم پیدا ہوگا۔ مروارید ناسفتہ۔ کہربا شمعی۔ بسد محرق۔ مغسول صندل سفید۔ صندل سرخ۔ طباشیر سفید۔ عفص اصفر۔ درونج عقربی۔ عود صلیب ہر ایک ۲ مثقال۔ مغز تخم [illegible] تخم خرفہ مقشر ہر ایک پانچ مثقال۔ ورق طلا بیس عدد۔ ورق نقرہ بیس عدد ابریشم مقراض سے باریک تراشی ہوئی۔ بیخ اعنیاب۔ گل ارمنی ہر ایک ۲ مثقال عنبر اشہب دو دانگ۔ شراب تمورہ ۵۰ مثقال۔ مصری ۱۰۰ مثقال شہد ۵۰ مثقال بدستور معروف معجون بنا دیں اور ساڑھے چار ماشہ روزانہ بوقت نہار کھلاتے رہیں (ایضاً)

ضعف بصارت

منڈی یہ بوٹی جنگل میں ہوتی ہے اور اس کو گھونڈی بھی کہتے ہیں گھونڈی کے پتے اور جڑھ کے خشک کر کے کوٹ پیس کر اور چھان کر منڈی سے نصف حصہ شکر سفید ملا کر تیار رکھیں اور علی الصبح ۶ نہار اپنے دوست کو بلاناغہ کچے دودھ یا تازے پانی کے ساتھ کھلا دیں۔ (ایضاً)

احتلام وغیرہ

کشتہ چاندی و شنگرف ۳ تولہ۔ کشتہ طلاء ۴ ماشہ۔ کشتہ فولاد ۴ تولہ۔ ہر چہار کشتہ جات کو بذریعہ آب لیموں ایک پہر کھرل کر کے آتشی شیشی میں چار پہر بآگ تیز کی آنچ دیں اور بعد سرد ہونے کے نکالیں کشتہ برنگت سیاہ برآمد ہوگا۔

ترکیب کشتہ چاندی بہ شنگرف رومی

شنگرف بارا یہ قدر کر کے ۲ تولہ برادہ چاندی میں کوزہ گلی کے درمیان بند کر کے نیم آثار پختہ کی آنچ دیں شنگرف قائم ہوگا ازاں بعد ہر دو کو بذریعہ آب گلکروندہ دس ۶ کھرل کر کے غلولہ بنا کر دو تولہ سوت ولیسی لپیٹ کر گل حکمت کے بعد پندرہ آثار اوپلے کی آنچ دیں ہر دو بہ رنگت سفید کشتہ ہو کر برآمد ہوں گے۔

ترکیب کشتہ طلاء

سونا بقدر ۶ ماشہ لیکر باریک پترہ کر کے اس کو ایک دفعہ آب چولائی خاردار میں گرم کر کے سرد کریں اور چولائی مذکورہ کے پاؤ پختہ نغدہ میں بند اور گل حکمت کے بعد دس آثار اوپلہ کی آنچ دیں اور بہ دستور ۳ مرتبہ عمل کریں۔

ترکیب کشتہ فولاد

برادہ فولاد ۴ تولہ سیماب ۴ ماشہ۔ ہر دو کو بذریعہ آب گھیکوار پندرہ روز کھرل کر کے غلولہ بنا کر گل حکمت کے بعد ۵ آثار اوپلہ کی آنچ دیں اور سرد ہونے کے بعد نکال لیں۔

طریق ایک ایک دفعہ بدستور سابق پر عمل کریں مگر ہر عمل میں سیماب ۴ ماشہ جدید ہونا چاہئے
اعلےٰ کشتہ تیار ہوگا۔ خوراک ۱ رتی سے ۲ رتی تک ہمراہ مسکہ گاؤ پانچ تولہ پرہیز اشیاء ترش
و قابض وغیرہ سے کرنا چاہئے۔

معجون قبض کشا و دست آور دافع قولنج وغیرہ و مجرب آزمودہ

سنبل الطیب ۵ ماشہ۔ قرنفل ۲ ماشہ۔ زرنباد ۴ ماشہ۔ ہیرہ ۵ عدد۔ الائچی کلاں ۳ ماشہ۔ نسوت
سیاہ مقشر ۵ ماشہ۔ سقمونیا ۳ ماشہ۔ منقی بغیر بیج ۲۰ دانہ۔ سنا ۳ تولہ۔ مصری ۱ تولہ۔ شہد ۱۲ تولہ
تمام ادویات کوٹ کر شہد میں ملا دیں برائے دفع قبضیت معمولی طور پر ۳ ماشہ شب کو
ہمراہ آب گرم یا دودھ کے کھاویں صبح بافراغت دست ہو جاویگا قولنج وغیرہ کے واسطے
۲ ماشہ سے ۹ ماشہ تک حسب طاقت دیں۔ نہایت اعلےٰ چیز ہے۔ اور آزمانے سے تعلق
رکھتی ہے (بابو چنیہ ریپرکاش)

مجرب نسخہ نسوار برائے زکام و درد سر وغیرہ

ولیش اپکارک میں اکثر نسواریں درج ہو چکی ہیں آج اور ایک بے ضرر مفید سادہ صرف
جڑی بوٹیوں سے مرکب ہدیہ ناظرین ہے۔ اس میں تمباکو یا دودھ آک وغیرہ تیز زہریلی چیز یا
نشی چیز شامل نہیں ہے۔ اسطوخودوس۔ گل بنفشہ۔ کاشمیری پتہ ہموزن قدرے مرچ
سفید بھی شامل کریں تو بہتر ہے خوب باریک کر کے رکھیں۔ بڑی اعلےٰ چیز ہے۔ خوب چھینک
بھی آتی ہے (نسوار جوہری یہی ہے)

علاج آتشک

موچ رس ۱ تولہ۔ کتھہ سفید ۱ ماشہ۔ طوطیا مدبر ۱ تولہ۔ کمیلا ۱ تولہ۔ کلی سپاری ۱ تولہ۔ نرنج کشلی
۱ ماشہ۔ شنگرف مصفا ۱ تولہ۔ باریک کر کے عرق لیموں کاغذی ۵ عدد میں کھرل کر کے گولیاں
بقدر کنار دشتی بنا دیں۔ بوقت صبح ایک گولی تازہ پانی سے کھاویں۔ ۱ ماش کی دال بغیر
مقشر اور نان گندم گھی حسب مرضی خوب کھاویں البتہ نمک مرچ گھی سے میٹھی روٹی کھاویں
لوگ کہتے ہیں دیکھنے میں خواہ سادہ اور کم قیمت معلوم دیتا ہے لیکن استعمال کرنے پر معلوم ہوگا

کہ یہ کس قدر سریع التاثیر اور قیمتی نسخہ ہے۔ جذام تک کو مفید ہے نہایت اعلےٰ چیز ہے
صدری نسخہ ہے اور میرے استاد صاحب کا بڑی دقت سے بتلایا ہوا نسخہ ہے۔ جو کہ زخم
آتشک کے واسطے تو غایت درجہ مفید ہے جسم پر جو بھی پڑ گئے ہوں صاف ہو جاتے ہیں اور
عرق لیموں میں گھس کر گولی لگائی بھی جاتی ہے۔ زخم فوراً صاف ہو جاتے ہیں جسم پر بھی نیز
آلت پر بھی جہاں بھی داغ خواہ زخم ہو اسی طرح لگا دیں اور پاؤ بھر سپاری گلی ہوئی کوٹ کر ایک
گھڑے میں ڈال دیں اور پانی سے بھر دیں اور ایک گلاس اس کا سہ پہر کو پی لینا چاہئے بہت
جلد اشور آرام دیویگا۔ معمولی نہ سمجھیں گا سو روپے کا نسخہ ہے۔ (ایضاً)

دیگر مجرب برائے بواسیر ہر قسم

رسونت۔ ایلوہ۔ گل ارمنی۔ کڑے کی چھال۔ مرچ سیاہ۔ تخم بکائن۔ معمولی ہموزن
باریک کوٹ کر اور عرق مولی سے تر کر کے گولیاں برابر کنار دشتی کے طیار کریں صبح شام
ایک گولی عرق کوہ سے کھاویں ایک ہفتہ میں آرام ہو جاویگا۔ اور ۴۰ یوم استعمال کرنے سے
پھر عارضہ نہ ہوگا۔ بواسیر خواہ بادی ہو یا خونی سب کو مفید ہے۔ اگر ہلیلہ سبز و گوگل اور شامل
کریں تو اچھا ہے (ایضاً)

حب دافع تپ نوبتی

تخم دھتورہ سیاہ ہو تو بہتر ہے ۲ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ گوند کیکر ۱ تولہ
کوٹ کر گولیاں برابر مرچ سیاہ تیار کریں (پانی سے بنا دیں) یہ گولیاں نوبتی بخاروں کے
واسطے اکسیر و بے نظیر ہیں۔ درد سر اور قبض کو فائدہ کرتی ہیں۔ نجیب آباد میں ایک پرانا
عطار جاڑے بخار کی گولیوں کے واسطے مشہور تھا۔ اس نے مہربانی سے مجھے بتلایا اور
کہا کہ عرصہ سال سے ہم اس کو بنا کر تقسیم کرتے ہیں اور تقریباً ہر فصل میں یہ ۴-۵ بار بنانی
پڑتی ہیں ہم نے بھی اسے برتا اور مفید پایا۔ اور ان کا بنانا ہی ان کی ہر دلعزیزی کا ثبوت
ہے۔ یہ دفعی عجیب ہیں خوراک ۲ گولی خواہ ایک دفعہ ایک ایک کر کے وقفہ سے
مگر جاڑے کے وقت سے ایک گھنٹہ پیشتر پانی سے اگر دے ہی دیں جائیں تو بہتر ہے

سردپانی سے اکثر جاڑا آ جاتا ہے۔ یہ گولیاں مشاق سا پیدا کرتی ہیں۔ اور بھوک لگاتی
ہیں۔ کم خرچ ہیں اگرچہ علاج الغربا میں یہ نسخہ حب شفا کے نام سے درج ہے۔ مگر چونکہ مجرب
و آزمائش بندہ ہے۔ لہذا کتابی جانکر بے قدری نہ کریں بلکہ بنا کر دیکھیں کہ یہ ظاہرا
معمولی چیزیں کیا اثر ظاہر کرتی ہیں (ایضاً)

منجن برائے دفعیہ تمام امراض دندان مسوڑہ وغیرہ

الم ۲۰ گرین۔ بوراکس ۱۰ گرین۔ کلورٹ آف پوٹاس ۲۰ گرین۔ کریوازوٹ ۱۰
بوند۔ آئل یکلپٹس ۱۰ بوند۔ کاربالک ایسڈ ۵ بوند۔ آئل منیی (تیل جوفف) ۵ بوند چاک
ایک اونس سب کے برابر خاکستر بنولہ (بنولہ کو کوزہ مٹی میں بند کر کے آگ دیکر جلا دیں)
اور سب کو ملا کر باریک کریں اور روزمرہ دانتوں پر مالش کریں مثل موتی کے چمکتا ہے
میل نام نشان کو نہیں رہتا ہے۔ اسکروی (مسوڑھوں کا اسفنجی ہونا) کو نہایت مفید
و اکسیر ہے۔ نیز دیگر امراض مسوڑہ و دندان کو فائدہ کرتا ہے۔ درد ہونا اور پانی لگنا
بند ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ جناب بھائی صاحب ڈاکٹر کشوری لال صاحب اسسٹنٹ سرجن لکھنؤ
کا عطیہ ہے نیز وہ کہتے تھے کہ یہ ایک مشہور بمبئی کی ایک خاص پیٹنٹ کمپنی کا نسخہ ہے جو کہ
کسی نہ کسی طرح انہیں پہنچا تھا۔ اس میں کل اجزاء وہ جو کہ دانتوں اور مسوڑھوں کے واسطے
انگریزی میں مفید ہے شامل ہے۔ نیز خوشبودار ہے۔ اگرچہ انگریزی ہے تاہم عمدہ ہے د

طلسم برائے نیش عقرب

برگ گلوہ چھال درخت لیکر ۲ ماشہ چلم میں بجائے تمباکو کے رکھ کر پیتے ہی فوراً
آرام آ جاتا ہے۔ بس دم کھینچنے کی دیر ہے۔ آزمودہ ہے نیز زیادہ زود اثر ہے۔ تاہم
برسات میں تھوڑی چھال سکھا کر رکھ چھوڑنی چاہئے۔ تاکہ وقت پر کام آوے (د)

دیگر لگانے کا

دودھ گلو کو ڈنک کی جگہ پر لگا کر دیکھا۔ بس لگاتے ہی یہ معلوم ہوتا
ہے کہ کچھ ہوا ہی نہیں ہے چاہے کتنی ہی تکلیف ہو مجرب ہے۔ دیکھئے صاحب

ان کو آزما کر دیکھئے اور غلط ثابت کیجئیگا۔ سر مو فرق ہو تو کہنا۔ یہ نسخہ جات یونہی سے
سنائے یا دیکھے ہوئے نقل نہیں کر دئے گئے ہیں۔ بلکہ اسرار سینہ اور ساتھ ہی مجرب
ہیں سہل اور کم خرچ اور زود اثر ثابت ہونگے (ایضاً)

کان سے ریم بہنا

مولی کھار۔ سجی کھار۔ جوا کھار۔ سیندھا نمک۔ سونچر نمک۔ سمندر نمک۔ بڑ نمک
باگڑ کھار۔ بینگن۔ پوست سہنجنہ۔ سونٹھ۔ دیودار۔ سولف۔ بچ۔ رسونت۔ پیپلا مول۔ ناگر
موتھا۔ ہر ایک۔ ایک ایک تولہ ۴ گنا پانی ملا کر پکا دے حتے کہ چوتھائی پانی رہ جاوے
اس سے ۴ گنا تموں کا تیل لیوے۔ اور اس تیل سے ۴ گنا کیلے کے کند کا رس۔ بجورا
لیموں کا رس اور مدھوسوکت ملا کر تمام اشیاء ایک کڑاہی میں ڈال کر نرم آنچ
پر پکاوے جب تیل رہے اتار کر رکھے۔ یہ تیل کان میں ڈالنے سے پیپ بند ہو
جاتی ہے۔ اور بہرہ پن کو بھی مفید ہے۔

مدھوسوکت کا نسخہ یہ ہے۔ کاغذی لیموں کا رس اکسیر۔ شہد پاؤ۔ پیپل کا
سفوف ۴ تولہ مٹی کے برتن میں منہ بند کر کے دھان کے ڈھیر میں ایک ماہ تک
رکھ کر نکال لیوے۔ مدھوسوکت تیار ہے (ایڈیٹر)

کشتہ طلاء

از حد مقوی باہ ہے۔ پارہ مصفا ا تولہ۔ گندھک ا تولہ۔ دونوں کو کجلی
کر کے کچنار کے رس میں کھرل کر کے ۲ تولہ سونے کے پترے پر لیپ کر دیں اور
کچنال کی چھال کو کوٹ کر دو پیالیاں بنا کر اس کے اندر اس پترے کو دے کر
کپڑ مٹی کر دیوے۔ پھر ایک من اپلے کے درمیان رکھ کر آنچ دیوے
پھر نکال کر پارہ گندھک کچنال کی رس میں گھولا ہوا لیپ کر کے اس طرح
آنچ دیوے اس طرح کی ۲ آنچ میں کشتہ ہو جاتا ہے۔ خوراک خشخاش سے چاول تک
زیادہ سے زیادہ مکھن میں ڈال کر دیوے مقوی اعضا رئیسہ ہے (ر)

ذیابیطس

کشتہ عقیق ۲ رتی صبح و ۲ رتی شام بہمراہ سفوف گلو ۱۰ ماشہ

اماشہ ملاکر پانی سے کھلایا کریں۔

عقیق تولہ کو گرم کرکے ۷ بار عرق بید مشک میں بجھادیں پھر پوست بہیڑہ کا سفوف کرکے ایک بڑے اوپلے میں نیچے اوپر اس عقیق کے دیکر اور اوپلے اس کے ساتھ لگا کر (تقریباً اوپلے ۵ اسیر ہوں) آنچ دیں کشتہ ہوگا۔ (ایڈیٹر)

درد حیض

بس ساری خرابی ہی خون حیض کی بندش ہے حیض کھلنے سے یہ تکلیف جاتی رہیگی سونف سوئے میتھرے۔ گاؤزبان گیلانی تخم کرفس تخم خطمی تخم خربوزہ ہر ایک اپاؤ۔ ۱ اسیر پانی میں بھگو کر جوش دیکر قرع انبیق کے ذریعہ عرق کھینچ لیں صبح و شام ۵ تولہ ایک ماہ تک پلاویں۔ اگر امرت دھارا ۳ بوند ملا لیا کریں تو اور بھی مفید ہوگا (ایضاً)

ہیضہ

اگر پوست بیخ آکھ فلفل گرد کے ساتھ مساوی لیکر آب ادرک میں کھرل کرکے بقدر فلفل حبوب بنا دیں اور ایک حب صاحب ہیضہ کو دیں بحالت مرگ بھی فائدہ دیتی ہے۔ (حکیم رفیق احمد)

سرفہ تپ بلغمی

آک کی جڑھ جلا کر ایک رتی بتاشہ میں رکھ کر کھلاویں صاحب سرفہ اور تپ بلغمی کو مفید ہے (ایضاً)

تپ لرزہ

اس کی جڑھ یکدرم۔ فلفل گرد یکدرم بڑھ کے دودھ میں سحق کرکے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور ایک گھنٹہ قبل نوبت کھلاویں لرزہ دور ہوجاوے۔

ایک عدد گل آک قند سیاہ میں گولی بنا کر ۳ روز کھلاوے بےنظیر علاج ہے (ر)

فالج و لقوہ و خدر

اس کی جڑھ و پتے وغیرہ روغن کنجد میں جلا کر مالش کریں بہت مفید ہے۔

اگر عورت بیخ آک اپنے پیشاب میں گھسکر فرزجہ کرے اس کا شوہر مطیع ہوجاوے۔

صرع مرگی

بیخ آک شیر زن میں گھسکر صاحب صرع کی ناک میں ٹپکا دیں صرع کو مفید ہے (ر)

قولنج

پوست بیخ آکھ پانی میں پیس کر شکم پر طلاء کرنا نافع قولنج ہے (ر)

مار گزیدہ

آک کی جڑھ اور کپاس کی جڑھ دو دو تولہ کو پانی میں پیس کر تھوڑی سی مار گزیدہ کو پلا دیں نہایت مفید بتلاتے ہیں اگر دوسری نہ ملے تو تنہا بیخ آک ہی کافی ہے (ر)

درد پہلو

پوست بیخ آک تازہ بھی لوٹہ کے ساتھ لڑکے کے پیشاب میں پیسکر پہلو میں طلاء کریں نہایت ہی مفید ہے (ر)

استسقاء لحمی

برگ آک سبز ایک پاؤ زرد چوب یکدرم اول پتوں کو مثل بھنگ گھوٹیں بعد از زرد چوب ملالیں جب گولیاں باندھنے کے قابل ہوجاوے تو ماش کے برابر گولیاں بنا دیں ۴ گولیاں تازہ پانی کے ساتھ کھاویں اور ہر روز ایک ایک گولی بڑھاتے جاویں ۴۰ گولیاں تک بڑھاویں اور چند روز تک ۴۰ گولیاں کھاویں۔ مجرب اور سہل الحصول علاج ہے (ر)

ضیق النفس

اگر اس کے پتے لے کر ایک پر کتھہ ہندی پانی میں پیس کر لگا دیں اور دوسرے پر روغن زرد تیسرے پر چونہ اور ظرف گلی میں رکھکر پھونک لیں اور ایک رتی پان میں رکھکر کھاویں ضیق النفس کو ازحد مفید ہے اور دوسرا طریق ضیق النفس کے واسطے یہ ہے کہ برگ آک چھوٹے چھوٹے نئے اگے ہوئے موسم سرما میں چونہ یا پان یا کات ہندی کیساتھ اول روز ایک برگ دوسرے روز ۲ تیسرے روز دو۔ چوتھے روز ۲ پتے پانچویں روز ۳ پتے۔ انتہا ۴۰ روز تک ۳ پتے کھاوے نہایت ہی مقوی ہے ترشی اور بادی اور شیرینی اور چربی سے پرہیز چاہئے۔ (ر)

عرق مدنی

کے واسطے برگ آکھ روغن زرد میں چرب کر کے تکمید کریں اور گرم گرم درد پر باندھیں بہت نافع ہے (رر)

کرمی گوش

برگ آکھ زرد آگ پر گرم کر کے نچوڑیں اور عرق اس کا کان میں ٹپکاویں یہ عمل دو ہفتہ کریں کرم کو زائل کر دے گا۔ برگ اس کے محلل اورام اور منضج اورام ہیں۔ (رر)

بواسیر

بجائے مٹی کے ڈھیلوں کے اس کے پتوں سے مقعد صاف کریں بواسیر کو نافع ہے۔ (رر)

درد شقیقہ

اس کے زرد پتے لیکر دو نو طرف روغن زرد لگاویں اور گرم توے پر رکھیں اس کے بعد نچوڑ کر کان میں ٹپکاویں۔ بانع درد شقیقہ ہے اور فوراً تسکین دیتا ہے۔ (رر)

رمد چشم

اگر رمد چشم راست میں ہو تو ناخن پائے چپ اگر چشم چپ میں ہو تو ناخن پائے راست میں شیر آک (مدار) لگاویں +

بواسیر

شیر آکھ (مدار) مقعد میں لگانا مفید بواسیر ہے (رر)

عقرب گزیدہ

شیر آکھ جائے نیش عقرب پر لگاویں فوراً ہی تسکین دیتا ہے (رر)

چھاجن

شیر آکھ (مدار) میٹھے تیل میں مساوی الوزن ملا کر دست و پا پر لگانا چھاجن میں نہایت نافع ہے (رر)

مار گزیدہ

شیر آک (مدار) مار گزیدہ کے زخم پر لگاویں جذب ہوتا جاویگا جب تک جذب ہونا بند نہ ہو موقوف نہ کریں جب موقوف ہو جائے تو زہر اتر جاویگا +

سلاق چشم

شیر آک (مدار) سے چراغ پر کریں اور فتیلہ تو تر کریں جب خشک ہو جاوے۔ تو ہر روز میٹھے تیل سے چراغ روشن کریں اور سیاہی اوپاڑ لیں اور آنکھ میں لگاویں مثل گھاس کے پلکیں جم آتی ہیں (رر)

مجلوق

شیر آک (مدار) برابر اس کے روغن گاؤ ملا کر ۱۲ گھنٹے کھرل کریں اور بقدر نخود لیکر قضیب پر طلا کریں نہایت مجرب و بے بدیل ہے (رر)

ضماد شیر آک (مدار) دافع باد مفاصل و صلابت طحال و گولہ و مسقط دانہ بواسیر ہے۔ (رر)

اگر شیر آک (مدار) جاکر روغن تلخ میں جلاویں اور خارش پر ملیں دو روز میں آرام آجاتا ہے (رر)

آتشک

چوب ... آک (مدار) کا کوئلہ کر کے اور برابر وزن شکر ملا کر ۲ ماشہ کھاویں ... روغن ... دلیہ گندم بے نمک کھاویں مصری آک (مدار) سے جو صمغ آک (مدار) کہتے ہیں نہایت مفید ہے +

ایک کیڑا ... ئی رنگ کا درخت آک (مدار) پر رہتا ہے یہ اڑ نہیں سکتا۔ اس کو خشک کر کے نصف ... وزن اس کے فلفل گرد لیکر کوٹ چھان کر صبح کے وقت ناک میں پھونک ... دیں مجرب علاج ہے

اگر کوئی عورت اس کی جڑھ یکمثقال آب بھنگرہ سے کھاوے بانجھ ہو جاوے اور ... پانی میں پیکر مرا کر کے بازو پر باندھیں تو آسیب جن چڑیل ... دور رہیں +

۲ تولہ کو کھرل میں گھسا کر مرغی کے انڈے کی زردی اس میں ملا کر کھرل کریں جب خشک
ہو جائے اور زردی داخل کر دیں اسی طرح قریب ۸ زردیاں ختم کریں پھر قرص بنا کر با
ایسے ہی اُسے گھی میں اتنا بھونیں کہ سیاہ نہ ہونے پاوے اگر موسم گرمی کا ہو تو بوجھ
کا ڈر ہے جلد کھرل کرنا چاہئے اور بالفرض اگر کچھ عفونت بھی ہو جائے تو گھی میں
بھوننے سے زائل ہو جاتی ہے پھر گھی سے نکال کر پیس لیں اور ایک ماشہ مکھن یا
کھانڈ یا دیگر کسی مناسب بدرقہ میں روزانہ استعمال کریں۔
غذا مرغن کھاویں انشاء اللہ پوری تقویت ہوگی۔ وہ گھی بھی قوت رکھتا ہے
ہے اُسے بھی استعمال میں لاویں۔ (۔۔)

برائے سرعت و جریان اگر جلد انزال ہو جاتا ہو

تعلب مصری۔ بشقاقل۔ سنگھاڑا خشک ہر ایک ۵ ماشہ۔ تالمکھانہ۔ مازو سبز
تودری سرخ۔ تودری سفید ہر ایک ۳ ماشہ۔ موصلی سفید۔ تخم۔ دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۳ ماشہ
رومی مصطگی ۲ ماشہ نبات سفید ہموزن سب کا سفوف بنا کر بقدر ۹ ماشہ صبح و رات
بہمراہ گرم دودھ جس میں میٹھا ڈالا ہو نوش کریں اور ۹ روز پرہیز جماع سے کریں لال مرچ
اچار اور ۹ روز کے بعد اس کا تماشا دیکھیں خوبی یہ ہے کہ یہ دوا موسم برسات میں
بھی کھائی جا سکتی ہے اور میں نے دو تین آدمیوں پر اس کا تجربہ کیا ہے بڑا
عمدہ اور کم قیمت نسخہ ہے (جمیا رام دوید اس حکیم)

نسخہ طلاء مجرب برائے مخلوق

دار چینی ۴ تولہ۔ جز طبین خشک ۴ تولہ۔ بیر بہوٹی ۴ تولہ۔ کچلہ ۴ تولہ۔ میٹھا تیلیہ
۴ تولہ۔ سیماب ۴ تولہ۔ عاقر قرحا ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ حب السلاطین ۱ تولہ۔ زردی بیضہ
مرغ ۱۸ عدد۔ سنبل خار ۱ تولہ۔ تمام اجزاء کو کھرل کر کے زردہ میں ملا دے اور آتشی
شیشی میں تیل بذریعہ پاتال جنتر نکال لیں اور کام میں لاویں (وزیر علی سیتا پوری)

نسخہ برائے طلاء دیگر

لیکن یہ مجرب نہیں ہے امید ہے کہ ناظرین تجربے سے مطلع فرماویں:-
قرنفل۔ پوہکر مول۔ عاقر قرحا۔ مغز جمال گوٹہ۔ ایں ہمہ ادویہ را کوفتہ و بیختہ و شراب دو
آتشہ حل کنند و عند الحاجات حشفہ و سیون را گذاشتہ طلاء کنند و بالائش برگ پان
بستہ بہ بندد۔ مدت سہ یوم بعد بر زخم مالش مکھن کنند صحت یابد۔ (تعداد وزن نہیں
لکھی تاہم مساوی ہوگی مجھے صاف نہیں بتلایا گیا (وزیر علی سیتا پوری)

نسخہ برائے دفیعہ زہر باد

برگ شوک۔ برگ کنیر ½ حصہ نمک لاہوری۔ ان تینوں کو ابال کر اور
نمک لاہوری چھوڑ کر قلی کرنی چاہئے۔ میرے ایک دوست کا بتایا ہوا ہے اور
ان کا آزمودہ ہے مجرب ہے۔ (گوکل چند)

اکسیر نسخہ برائے ہیضہ

مجھے میرے استاد مسیح الزمان افلاطون دوران عالیجناب سلطان الاطبا
حکیم سید عبد الغفور صاحب سے ایک نسخہ ہیضہ کا نہایت عمدہ مجرب المجرب جو حکیم صاحب
قبلہ موصوف کے تجربے میں ۴۰-۵۰ سال سے رہا ہے ملا ہے جس کو میں نے بھی
چند مرتبہ اکثر مریضوں پر تجربہ کیا۔ اکثر عمدہ مفید بلکہ ہیضہ کا شرطیہ علاج ہے۔ اور
ہر حالت میں اس کا جائز ہے:-
رنگترہ یا نارنگی پختہ سرخ سایہ میں خشک کر کے کوٹ پیس کر پانی میں جھڑ
بیری کے بیر کی برابر گولیاں بنا دیں اور چھ ماشہ گولیاں ہمراہ عرق گلاب کے
کھلا دیں واسطے فائدہ عام مخلوق درج اخبار فرما دیں (حکیم محمد سعید احمد)

عرق برائے عارضہ خونی و جسمی سرخ مادہ و جذام و آتشک و دیگر ہمہ امراض دموی

بنفشہ ۲ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ۔ گل سرخ ۸ تولہ۔ عناب ولایتی ۸ تولہ۔ برگ ۔۔ تخم

صندل سفید ۸ تولہ۔ صندل سرخ ۸ تولہ۔ شاہترہ ۳۲ تولہ۔ چرائتہ ۸ تولہ۔ سرپھوکہ ۸
تولہ۔ برہمنڈنڈی ۸ تولہ۔ نیل کنٹھی ۸ تولہ۔ دھمان ۸ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۸ تولہ۔ پوست
بلیلہ ۸ تولہ۔ پوست آملہ ۸ تولہ۔ منڈی بوٹی ۴۰ تولہ۔ برگ نیم ۴۰ تولہ۔ پوست نیم
تولہ۔ برادہ شیشم ۸ تولہ۔ کاسنی ۴۰ تولہ۔ گل بکائن ۴۰ تولہ۔ گل نیم ۴۰ تولہ۔ گل بکائن ۴۰ تولہ۔
آلو بخارا ۴۰ تولہ۔ دھنیا ۴۰ تولہ۔ اوسطو خودوس ۸ تولہ۔ بسفائج ۵ تولہ۔ چوب چینی
پیازی ۳۲ تولہ۔ عشبہ مغربی ۱۰ تولہ۔ پوست بکائن ۳۲ تولہ۔ بیخ خس ۳۲ تولہ۔

ادویہ مذکورہ نیم کوب کرکے شب در آب بارش باراں بہ قدر ۶ آثار بختہ حرمانہ
صبح جوشدادہ عرق بطریق معروف کشند عرق بہ قدر دس تولہ در شہد خالص
ساختہ بنوشانند عرق مذکور سہ بار بوزن مذکور بنوشند غذا دال مونگ مقشر و نان
گندم بخورند۔ (حکیم نانک چند عطار)

✓ حبوب ہاضم و خوش ذائقہ

گندھک پاؤ بھر۔ باؤ بڑنگ نیم پاؤ۔ مرچ سیاہ چھٹانک۔ نمک لاہوری
چھٹانک۔ عرق لیموں آدھ سیر یا ست لیموں آدھ پاؤ میں کھرل کریں اور بعد
گولیاں برابر جنگلی بیر کے بناویں۔ (ایضاً)

سرمہ مقوی لبصارت

سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ سرمہ سفید ۱ تولہ۔ کشتہ جست ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ۔
مصری سفید ۳ ماشہ۔ تخم سرس ۴ ماشہ۔ تخم کھرنی ۴ ماشہ۔ صندل سرخ ۴ ماشہ۔ تخم
ایک عدد۔ پھٹکری بریاں ۲ ماشہ۔ صابون گلاب ۴ ماشہ۔ کانچ سبز پانی میں کئی
بھار سرخ کیا ہوا ۴ ماشہ باریک مانند سرمہ کے پیسیں موٹا ہرگز نہ رہے۔ آنکھ
میں لگایا کریں تقریباً تمام عوارضات کو مفید ہے۔

درد سر صفراوی کا مجرب نسخہ

ٹنکچر آئرن سباٹی ۴ بوند۔ ٹنکچر لاوڈر کمپونڈ ۴۰ بوند۔ سپرٹ کلوروفارم

۲۰ بوند۔ ایکوا ۱-۱ اونس۔ ایسی ایک خوراک ایک دن میں دو دفعہ روٹی
کھانے کے بعد دیں

سر میں چکر آنے کا نسخہ (ڈاکٹری)

سپرٹ امونیا ایرومیٹک ... ... ۳ ڈرام
لیتھیائی سٹراس ... ... ۱۵ گرین
کیفلین ... ... ۹ گرین
اسرپ آئرن سٹیائی ... ... ۱-۱ اونس
ایکوا کلورافارم ... ... ۸-۱ اونس

کانوں کے عارضے سے یہ درد ہو تو یہ نسخہ بنا کر ایک اونس خوراک
تجویز کریں اور ایک گھنٹے کے بعد دیں۔

درد سر دموی یعنی کن جھٹو کا نسخہ

پوٹاسی برومائیڈ ۳۰ یا ۴۰ گرین ایک چھٹانک ۲-۱ اونس پانی میں
حل کرکے ماتھے پر استعمال یا ایتھر لگا دیں (از رسالہ رہنما)

نسخہ برائے قوبا یعنی داد دھدری مجرب

ہاپچی۔ گیرو۔ گندھک۔ آملہ سار۔ مساوی الوزن گرفتہ کوفتہ بیختہ در عرق
در کر گولی بہ قدر کنار بستہ خشک کردہ بر موقع ضماد کنند

دیگر نسخہ منجن نافع برائے درد دندان و جنبش

آن تاجھل روز برابر استعمال فرمانید و بالائے آن برگ تنبول بخورند

نسخہ منظوم

لون مرچ مجیٹھ لے آوے
نیلا تھوتھا آگ جلا دے
لودھ پٹھانی سنٹھ پاڑہ یا
بیس پاس کے برابر کر
منجن کرکے پان چبائے
دانت کا پیڑ کبھی نہ پاوے

کالنج وغیرہ

صدف جس کو سپی کہتے ہیں اس کو سوختہ کریں ساجو بریاں ۔ طباشیر بنگ جمع بریاں ۔ ان کو ہموزن کر کے سفوف کریں جس وقت کالنج باہر نکلے ایک چٹکی بھر کالنج پر دھوریں اور کالنج کو ہاتھ سے اندر چڑھاویں اور دو تین منٹ دبائے رکھیں ایک دو دفعہ لگانے سے کالنج نکلنی بند ہو جاویگی ۔ اور کھانے کے واسطے شربت بنفشہ ۶ تولہ عرق بادیان ۶ تولہ ۔ عرق کیوڑہ ۲ تولہ ۔ بھوسی اسپغول ۴ ماشہ ۔ پانی ایک پاؤ ان تمام کو ملا کر پیویں ۔ خوراک کھچڑی و چاول بنا کر کھاویں دودھ سے پرہیز ۸ یوم کے اندر آرام ہوگا ۔ (حکیم جیبا رام دیو یداس)

عرق النسا یعنی رینگھن باؤ

الاچی کلاں ۴ عدد ۔ دال چینی ۴ رتی ۔ زنجبیل ۳ ماشہ فلفل دراز ۳ ماشہ اسگندھ ناگوری ۳ ماشہ ۔ سنا مکی ۶ ماشہ ۔ سرنجاں شیریں تخم ۲ ۔ ۳ ماشہ مغز بادام ۴ عدد ۔ تمام کا سفوف کر کے بقدر ۶ ماشہ صبح و شام بہمراہ پانی استعمال کریں اس سے قبض کھل جاویگی ۔ یا کشتہ کچلہ کا استعمال کریں ۔ کچلہ ۱ تولہ لے کر اس کو پہلے ۷ یوم پانی میں تر رکھیں پھر اس کو چھیل کر بیج کا مغز یعنی پتہ نکال کر اور اس کی پوٹلی باندھ کر ایک لوٹا پانی جس میں گوبر بھینس ایک چھٹانک ڈالا ہوا ہو اس میں ۳ دن سردہ کریں پھر ۶ دن لگاتار ایک سیر دودھ میں اوٹاویں پھر اسے خوب پانی سے دھوئیں اور شیرہ گنوار گندل کے ہمراہ کھرل کریں حتے کہ ٹکیاں بنانے کے قابل ہو پھر دو پیالیوں کے درمیان رکھ کر آگ دیں مگر دس سیر اوپلوں کی آگ ہو کشتہ سیاہ رنگ برآمد ہوگا ۔ خوراک ایک چاول حلوا یا مکھن میں یا روغن زرد کے ہمراہ استعمال کریں ۔ (ر ر)

نسخہ ملذ ذ بے نظیر

حکیم شاہوں کو نصیب ہوتا ہوگا اس کی تعریف کیا بیان کروں تمام جسم سے

لیکر چھانکر شہد خالص مناسب مقدار میں ملا کر معجون بنالیں ۱ تولہ ہمراہ عرق گاؤ زبان ۱۰ تولہ کے صبح کھایا کریں خدا کے فضل سے قطعی آرام ہوگا ۔

سرکہ بنانے کی ترکیب

کشمش ۵ سیر کسی قدر نیم گرم پانی میں بھگو کر ایک گھنٹے کے بعد صاف کر ڈالیں بعد ازاں کسی روغنی برتن میں ڈال دیں اور اس میں ۲۰ سیر پانی ڈالیں اور ۴ سیر کھانڈ دیسی بھی ڈالدیں روزانہ ہلاتے رہیں ۔ دس دن کے بعد نمک سانبھرہ تولہ تج ۱۰ تولہ نوشادر ۳ تولہ ۔ پھٹکری لال ۲ تولہ ڈال دیں ۴۰ دن کے بعد صاف کریں ۔ ۸۰ بوتل والا سرکہ تیار ہوگا ۔ (ر ر)

دامبر پاک یعنی آم کا حلوا ۔ دوسرا نسخہ

آم کا حلوا جو نہایت عمدہ ویدکی ہے مندرجہ ذیل امراض کو دور کرنے میں بے مثال ہے زیادہ تعریف کی کوئی ضرورت نہیں ہے مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید ۔ استعمال کرنے والے کو خود اسکا اثر معلوم ہو جاویگا اور آج تک جتنے نسخے میں نے اخبار ہذا میں دئیے ہیں وہ سب بے بدیل اور بے نظیر و سریع التاثیر ہیں ۔ اور جو صاحب ان نسخہ جات میں سے کوئی نسخہ استعمال کریں اس کے فوائد و نقصانات سے بذریعہ اخبار ہذا اطلاع دیں ۔ اگر کوئی صاحب بغرض فروخت اس حلوے کو طیار کر کے مجھے بھی اطلاع دیں تو میں خود بھی معقول تعداد سے خریدوں گا کیونکہ عدیم الفرصتی کی وجہ سے اسے طیار کرنے سے بالکل مجبور رہوں ۔

نسخہ ۔ مالی کے آموں کا شیرہ یعنی رس ۴۸ سیر شکر سفید بورا ۱۲ سیر روغن زرد گائے ۱۲ سیر فلفل گرد ۳ تار ۔ فلفل دراز ۳ تار ۔ اول شکر سفید و شیرہ آم پانچ تار آب چاہ میں شیرہ گاؤ ۱۲ سیر ڈال کر نرم آنچ پر پکاویں بعد اسکے سونٹھ ۔ ۱۰ تار وزن مذکور ۔ چھاری ۱۲ درم سونٹھ ۱۲ درم پستہ ۲۲ درم روغن گاؤ میں ملاویں اور اسی میں شامل کریں بعد ازاں ناگرموتھا ۲ درم ۔ پترج ۳ درم الاچی خورد ۳ درم ۔ ناگکیسر ۳ درم ۔ پیپلامول ۴ درم چترا ۱۲ درم ۔ تخم خشخاش ۷ درم

دارچینی ۱۰ درم۔ تالیس پتر ۱۰ درم۔ فلفل سیاہ ۱۰ درم۔ چوب چینی ۹ درم۔ شہد نصف اُتار ڈال کر گوندھیں اور حلوائے کے قوام پر لاکر نگاہ رکھیں اور علی الصبح نہار موسم برسات یا جاڑوں میں بمقدار ۱۶ مثقال کھایا کریں۔ خاص کر ورزش کے بعد کھانا بہت مفید ہے +

فائدہ قوت باہ کو زیادہ کرتا ہے جس عورت کے اولاد نہ پیدا ہوتی ہو یا پیدا ہو کر زندہ نہ رہتی ہو ایام حمل میں کھانے سے جو بچہ پیدا ہوگا خدا کے فضل سے از روئے طب وید کے دراز عمر ہوگا۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ خون صاف کرتا ہے۔ رنگت بدن گلابی اور سرخ ہو جاتی ہے۔ اور طحال کو دور کرتا ہے۔ اور اعضاء رئیسہ کو قوت دیتا ہے۔ حافظہ عقل کو تیز کرتا ہے۔ وبائی امراض کے حملے سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر مرد اور عورت دونوں کھا دیں تو اولاد خوبصورت پیدا ہو۔ (ایس حمید)

نسخہ برائے طاعون

اول طاعون کی گلٹی یعنی اس ورم کو دیکھ کر حسب ضرورت اور موافق مریض کے حسب موقعہ فصد سرو یا باسلیق کھلوائیں اور بقدر حاجت خون لیا جائے بعد ازاں تبریدہ۔ شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۵ ماشہ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں ۵ ماشہ شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر پلاویں +

ضماد جدوار خطائی۔ زعفران۔ افیون بقدر ضرورت پانی میں گھس کر گلٹی پر لیپ کریں جتنا زیادہ ہوگا بہتر ہوگا۔ تبرید دوم مطفی عطش ... شام کے وقت سورج غروب ہونے سے قبل۔ جدوار خطائی ۲ ماشہ پیس کر پانی میں حل کرکے پلاویں۔ تبرید سوم: دوپہر کے وقت آب تربوز ہمراہ نبات سفید آب کاسنی سبز مروق افشردہ ہمراہ شربت بزوری کے پلاویں، خدا کے فضل سے ضرور فائدہ ہوگا۔ دوسرے ہی روز مریض چلنے پھرنے کے قابل ہو جاتا ہے۔ ... صاحب موصوف کے علاج سے آج تک کوئی پلیگ والا فوت نہیں ہوا۔ ...

فضل و کرم سے صحت یاب ہوتے رہے ہیں (حکیم سید عبدالظفر صاحب)

عقرب یعنی بچھو کے کاٹے کا علاج

نمک طعام یعنی سانبھر باریک پیس کر پانی میں ڈال دیں اور ذرا سا پانی جس طرف کاٹا ہو اس سے دوسری طرف کے کان میں ڈال دیں تھے کہ کان بھر جاوے جب یہ پانی گرم ہو جائے نکال دیں تین مرتبہ یہی عمل کریں چوتھی مرتبہ دوسرے کان میں ڈال دیں ۞

اگر بچھو نے دونوں طرف کاٹا ہو تو بجانب مخالف ڈالنے اور اس کے اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں دونوں میں یکے بعد دیگرے ڈالیں + (ر)

سانپ کے کاٹے کا علاج

تخم سداسن ۴ تولہ۔ جمبا کو عمدہ تیز ۴ تولہ فلفل سیاہ ۲ تولہ باریک سفوف بنا کر بہ حفاظت شیشی میں رکھیں اور شیشی کو سردی نہ لگنے دیں بوقت ضرورت بذریعہ کسی نلکی کے اس کی ناک میں پھونک دیں تاکہ اس کے دماغ میں پہنچے۔ چاہے کیسا ہی سانپ کاٹا ہو اچھا ہو جاویگا۔ اور جتنی جلدی یہ عمل کیا جاویگا اتنا بہتر ہوگا۔ (ر)

باؤلے کتے کے کاٹے کا علاج

آدمی کے سر کے بال جلا کر اور سرکہ خالص میں ملا کر عضو ماؤف پر لیپ کریں خدا چاہے جلدی آرام ہو جاتا ہے۔ (ر)

نسخہ برائے نفث الدم (خون تھوکنا)

اس بیماری کے کئی اسباب ہیں اگر ان سب کے مفصل بیان لکھے جاویں تو ایک مستقل طوالت ہے ماسوائے اس کے ان کی کل صفتیں حکماء گرامی پر روشن و ہویدا ہیں۔ اس لئے بنظر اختصار خلاصہ مطلب پھیپھڑے سے خون آنا

رکھا۔ اس کو اب یہاں شاہدہ اس تکلیف وہ عارضہ و علامت قبیحہ اور ضعف ...
جس میں ناگہانی موت کا گمان تقاضیاں کرتا ہے کہ خون کا آنا بدوں کسی سبب ...
اخراج خون زیادتی کھانسی کی ہوتی اور ساتھ ہی اس کے کثرت سے خون کا اخراج
ہونا اندازہ سیر یا تین پاؤ۔ اور چونکہ مرضی مادہ کا مواد دفع نہ ہو لیتا ہو کھانسی
چین نہ لینے دیتی اور وہ خون غلیظ چپیدہ چکہ دار منہ سے چھٹ جاتا مگر صاف اور
نہایت سرخ رنگت ہوتا۔ دن و رات میں چند بار اور روزانہ کبھی نوبتیں گذر جاتی
پس ایسی حالت میں خیال کیا جا سکتا ہے کہ پھیپھڑا میں ورم کے سبب سے کسی خون
کی رگیں پھٹ جاویں یا ان کا منہ کھل جاتا ایسے خون بہنا شروع ہو جاتا چنانچہ
ضلع غازی پور بمقام اندھون ایک کاشتکار صاحب کو جن کی عمر ۵۰ برس ہوگی
پھیپھڑوں سے بتاریخ ۱۳ جولائی ۶ روز برابر خون کم و بیش جاری تھا اور کمال غشی
وضعف بلکہ سامنا موت تھا ایسی صورت میں اندیشہ تھا کہ مریض کا طائر روح قفس
عنصری سے جلد پرواز کر جائے مگر بفضل کرم پر پیشتر ترکیب ادویہ سفوف ہمراہ
دوائیاں جوشاندہ ذیل مرض خوفناک سے مریض کو شفا کلی ہوئی۔ نسخہ سفوف
یہ ہے:-

دم الاخوین ۱ تولہ کندر ۱ تولہ گل ارمنی ۱ تولہ سنگ جراحت ۱ تولہ ...
۱ تولہ شربت بنفشہ ۲ تولہ سب ادویات کوٹ پیس کر چھان کر بقدر ۲ ماشہ صبح
اور ۲ ماشہ شام شربت بنفشہ ۶ ماشہ میں ملا کر سفوف کا استعمال کرایا جاتا تھا
عرق جوشاندہ صرف ایک دفعہ دیا جاتا تھا۔ نسخہ جوشاندہ:-
گل سرخ ۵ ماشہ خاکسی حبوبہ ۶ ماشہ زوفا خشک ۳ ماشہ گاؤزبان ۶ ...
اصل السوس مقشر نیم کوفتہ ۶ ماشہ شربت خشخاش ۲ تولہ۔ یہ دوائیاں عرق ...
بادیان پاؤ بھر میں جوش دی جاتی تھیں۔ جب نصف حصہ عرق باقی رہ جاتا ...
کر کے شربت ملا کر پلایا جاتا۔ (حکیم چھیدی لال)

حب کراماتی برائے درد سر و شقیقہ کہنہ و نو

افیون ۶ ماشہ تخم دھتورہ سفید ۶ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ صمغ عربی ...

عرق گلاب سحق ساختہ بقدر نخود حب بندد مرشب یک حب باشیر یا مناسب ابزیان
بخورد۔ (حکیم مفتی عبدالرحمن خاں)

نسخہ برائے سوزاک جدید (نیا) وقدیم (پرانا)

مرداسنگ ۲ نیم مثقال کتھہ گلابی ۲ نیم مثقال۔ رس ۲ نیم مثقال تباشیر
... نخود سفید کاشغری ۱۰ نخود۔ مجموعہ را خشک سائیدہ یا قدرے گندہ بہروزہ
ساختہ ترکیب حب ہیئت کہ گندہ بہروزہ را بروئے آتش گداختہ تا گرم شود
... شود و دوا ہائے مذکورہ درمیان آں ریختہ و حب بقدر نخود ساختہ سہ حب صبح
سہ حب ظہر با شیر گاؤ نوش کنند۔ غذا بجز شیر برنج ہیچ نخورد تا مدت دہ روز
... مجرب است (ایضاً)

کشتہ شنگرف برائے قوت باہ

شنگرف ۲ تولہ کو دودھ شیر آک (مدار) سے کھرل کر کے درمیان ۲ ...
گل حکمت کر کے ۱ سیر یا چکشتی کی آگ دیوے کشتہ ہوگا۔ (ر ر)

نسخہ اکسیر برائے بخار چوتھیہ

سم الفار ۱ تولہ رسکپور ۶ رتی۔ راکھ پتھ کندہ ۵ آدھ سیر برسا اور دیا ایک
کوزہ گلی میں نیچے اوپر راکھ دے کر گل حکمت کریں اور ۵ سیر اوپلوں کی آنچ میں
سرد ہونے پر شگفتہ دوائی نکلیگی نکال کر وزن کریں اور اس کے برابر وزن شنگرف
رومی ملا کر بھی یعنی کھٹی بوٹی کے رس میں کھرل کریں جب خشک ہو پھر اور کھٹی
بوٹی کا رس ڈال دیں اسی طرح تین دفعہ رس ڈال کر خشک کرے۔ اور جب ٹکیہ بنانے
کے قابل ہو جائے ٹکیہ بنا دیں تو آہنی پر رکھ کر نیچے نرم آنچ دیں اور پھر نہیں
... سے رس بالکل خشک ہو جائے تو پیس کر رکھیں خوراک ۲ رتی سے
... رتی تک دیں بچوں کے واسطے خوراک کم کر سکتے ہیں بخار کی نوبت سے پہلے
... پتاشہ میں رکھ کر کھا دیں اور اوپر سے عرق ... مجرب ہے۔ ایک دفعہ

کے کھانے سے ہی سالہا سال کا جو تغیر دور ہو جاتا ہے۔ (حکیم جوتی مل)

نسخہ برائے بواسیر خونی و بادی

مجرب است۔ پارہ مصفےٰ ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار مصفےٰ ۱ تولہ۔ جلوتری ۔ ماشہ۔ پہلے پارہ اور گندھک کو کجلی کر کے بعد ازاں جلوتری ساتھ ملا کر کھرل کرکے قینچی میں ڈال کر رکھیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن کھاویں (ر ر)

وشم جور آتنک لوہ پیٹ پاک

پارہ بر آمدہ از شنگرف۔ گندھک مصفےٰ اخوب ہی کجلی کریں پھر ایک کرچھہ پگھلا دیں اور پارہ کا جو تھا حصہ کشتہ سونا کشتہ موتی۔ کشتہ سنکھ کشتہ دو گنا وہ گن کشتہ لوہا کشتہ تانبا کشتہ ابرک اور پارہ سے نصف کشتہ فولاد کشتہ مرجان۔ دو سیپیاں رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیویں اور صبح اٹھ کر دو رتی بھر کھاویں۔ اس میں بیل ہینگ سیندھا نمک کا استعمال مفید ہے۔ آٹھ قسم کے بخار۔ وات پت۔ کف۔ تلی جو دیرینہ اور لاعلاج ہوں دور کرتا ہے۔ مہاک بخار۔ پانڈو روگ۔ ورم۔ پرمیہہ۔ بدہضمی۔ دمہ۔ کھانسی مسلس بول وغیرہ کو جڑ سے اکھاڑ پھینکتا ہے۔ طاقت خوب پیدا ہوتی ہے۔ یہ ڈاکٹر دھنونتری جی کا ایجاد کردہ ہے۔

مہاشہ ایڈیٹر صاحب جی نمستے

چند نسخہ جات جو تجربہ خود یا دیگر دوستوں کے جو سادھو مہاتماؤں سے حاصل ہوئے ہیں ناظرین اخبار کی خدمت میں پیش کرتا ہوں کہ رسالہ کے کالم میں درج فرما کر ثواب حاصل کریں بندہ از حد ممنون ہوگا:۔

راج بلبھ وٹی یہ دوائی بخار و ہیضہ بدہضمی پیٹ درد کو دور کرتی ہے۔ دل خوش کرتی ہے اور سر درد ۔ کے لئے گولی پیکر نسوار لینی چاہئے اور داڑھ درد کے لیے ایک گولی درد والی جگہ میں ۔ فلفل دراز ۲ تولہ فلفل گرد ۲ تولہ سونٹھ ۲ تولہ قلمی شورہ ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ پیپل ۲ تولہ ۔

صفت ۲ تولہ ست پودینہ [illegible] تمام ادویات چھان کر [illegible] اس میں ست [illegible] خوب کٹائی ہو جاوے اور گولیاں بنائیں [illegible] دانہ کے برابر گولیاں تیار [illegible]

صرف پانی میں ہی گھول لیویں اور مناسب انوپان سے کھاویں عرق گاؤزبان عرق سونف عرق گلاب شربت پانی ٹھنڈا یا گرم سے دیویں کئی بیماریوں کو دور کرتا ہے

واسطے ہیضہ پلیگ و شول درد پیٹ چلنے کو مفید ہے

پیپتہ۔ نربسی (زربسی) انگوزہ مشک کافور بیج سنکھ سونٹھ مرچ سیاہ فلفل دراز برابر وزن کوٹ چھان کر ہمراہ پانی چنے کے برابر گولیاں تیار کرے۔ پانی ٹھنڈے یا گرم یا پنج مول کے کاڑھے سے یا عرق لونگ سے دیویں۔ (ر ر)

گولیاں برائے ہیضہ مروڑ و جلاب بند کرنے کیلئے عمدہ ہیں

مشک کافور ایک تولہ کتھہ ا تولہ۔ انگوزہ ۶ ماشہ۔ نیم ۳ ماشہ ہمراہ پانی مرچ سیاہ کے برابر گولیاں بناوے اور انوپان مناسب سے دیوے۔ (ر ر)

دیگر بھی یہی صفت رکھتی ہیں اور اسہال کے بند کرنے میں بے نظیر ہیں

نیم۔ جائفل [illegible] ۱ تولہ انگوزہ برابر وزن ہڑ کاؤ میں خوب کھرل کرکے دانہ ماش کے برابر گولیاں تیار رکھیں۔ انوپان آب گرم یا ٹھنڈا یا چاولوں کی مانڈ یا چھاچھ وغیرہ سے دیویں (ر ر)

بواسیر کی گولیاں جو بادی خونی کے لئے مفید ہیں بشرطیکہ مہینہ دو مہینے لگاتار کھاتے رہیں تو جڑھ سے دور ہوں

کتھہ۔ جنگی ہڑ۔ سونف۔ گلاب۔ نشادر۔ رسونت۔ سب برابر وزن کوٹ چھان کر [illegible] ۲ تولہ میں کھرل کرکے مٹر کے برابر گولیاں بناویں انوپان آب سرد یا گرم ایک گولی صبح شام (ر ر)

دوا عمدہ و بے نظیر عشقی و دل و دھڑکن و دق وغیرہ کیلئے نیز بدن کو فربہ کرتی ہے

طباشیر عمدہ ا تولہ لیوے اور کھرل میں ڈال کر عرق گلاب بڑھیا یعنی اعلیٰ قسم ایک تولہ

اس میں خرچ کرے بشرطیکہ دستہ کھرل بالکل چلانے سے نہ چھوڑے ایک دستہ کو جب
چلاتے چلاتے تھک جاوے تو دوسرا چلاتے ہی پکڑ لیوے اس طرح کریں جب خشک ہو تو شیشی
نگاہ رکھے خوراک نیم یا ایک رتی ہمراہ مصری یا ملائی یا مکھن یا عرق گاؤزبان بید
کیوڑہ وغیرہ دیوے ۔ (۔۔)

تیل جو کہ ہر قسم کی بائی کے دردوں کے لئے مفید ہے جیسا کہ

جھولہ وغیرہ کے لئے چند یوم کی مالش سے قطعی آرام دیتا ہے

ہرمل ۲ تولہ ۔ مال کنگنی ۲ تولہ میٹھا تیلیا ۱ تولہ ۔ ترکیب تیل کی یوں ہے کہ
کو ریزہ ریزہ کرکے اور باقی ماندہ اشیاء کو صاف کرکے ایک پیالہ چینی لے کر
ململ کا ٹکڑا کچھ قدرے ڈھیلا کرکے باندھے کہ پیالی کے نیچے کا نتھ آجاوے اور
ریت میں رکھے تاکہ پیالہ پھٹنے سے موقوف رہے اور اوپر ململ کے ٹکڑے کے مذکورہ
روغن سیاہ سے تر کی ہوئی رکھے اس طرح پر کہ کنارہ پیالہ سے نیچے رہے بعد
ابرک جو قینچی سے گول کیا گیا ہو اور کنارہ پیالہ کے ہمراہ رہے اور پر نہ آئے مطلب
سے ایک جیسا رہے بعد کھڑیا مٹی سے کنارہ و پیالہ ابرک کو گرد اگرد لیپ دیوے
کوئلے رکھکر پنکھا سے ہوا دے جلدی سے تیل نیچے اتر آویگا شیشی میں بحفاظت رکھے
تولہ روغن سیاہ میں یہ تیل ایک ماشہ ملا کر مالش کریں اور ہوا کا پرہیز رکھیں
یوم میں آرام ہوگا ۔ (۔۔)

تیل خارش و پاکا کے واسطے مفید ہے

مردار سنگ ۲ ماشہ کمیلہ ۳ ماشہ پھٹکڑی ۳ ماشہ نیلا تھوتھا ۲ رتی ۔ روغن
دیسی ۔ ۱ تولہ کڑھے میں ڈال کر آگ پر رکھے پھر پھٹکڑی و نیلا تھوتھا ڈالکر بھونے جب
پسا ہوا اور کمیلہ ڈال دیوے اور دستہ آہنی سے ہلاتے جاویں جل جانے پر نیچے اتار کر مالش کیا کریں

دمہ کھانسی کے لئے چورن

نمک سوچر ۲ ماشہ نمک شیشہ ۲ ماشہ نمک سانبھر ۲ ماشہ نمک د

۱ تولہ سونف ۲ تولہ سنا مکی ۲ تولہ ۔ گل سنکی ۱ تولہ بھنگ ماشہ سونٹھ ۱ تولہ
۱ تولہ ۔ فلفل گرد ۱ تولہ جوا کھار ۲ ماشہ ۔ نوشادر ۲ ماشہ ۔ تمام ادویہ کو کوٹ
پیس کر شیشی میں رکھے ۔ خوراک ۲ ماشہ ۔ آب گرم یا ٹھنڈے پانی سے کھاوے
گھی زیادہ کھایا کرے ۔ (۔۔)

ک کی گولیاں و ہفتہ کھانے سے مرض چلی جاتی ہے

بشرطیکہ نئی ہو

رس کپور ۔ باوچی ۔ قلمی شورہ ۔ سہاگہ بریاں نیلا تھوتھا ۔ برابر وزن لیکر
کی رس میں ایک دن کھرل کرکے مرچ کی برابر گولیاں بنا دے ۔ اور
سرد سے نگل لیا کرے روٹی گندم اور گھی کھاوے (۔۔)

نسخہ جو درد گنٹھیا کے لئے مفید ہے

بول ۔ شنگرف ۔ گوگل برابر وزن لیکر شیر گاؤ میں ایک دن کھرل کرے
چنے کے برابر گولیاں بنا دے ۔ بعد ایک گولی روزانہ ہمراہ عرق سونف یا
یا آب سرد کھاوے اور گھی گائے کا استعمال کرے ۔ (۔۔)

لئے کھانسی و دمہ و بدن کا ٹھنڈا ہونا ہیضہ و سنپات اور

اگنی منذ کے لئے مفید ہیں

شنگرف ۔ سہاگہ بریاں ۔ میٹھا تیلیا ۔ مرچ سیاہ ۔ کشتہ چاندی برابر وزن لیکر پان
کی رس میں تین گھنٹے کھرل کرکے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنا رکھے اور
قدر مناسب سے ایک یا دو گولی کھلا دے (۔۔)

نسخہ کھانے سے بخار کو دور کرتا ہے اور نسوار لینے سے ریشہ و زکام

کو فائدہ دیتا ہے ۔ اور سلائی آنکھ میں امراض آنکھ کو دور کرتی ہے
گیری ۔ قلمی شورہ ۔ فلفل گرد برابر وزن لیکر سوکھا ہی کھرل کرے

مانند غبار کے ہو جاوے چھان کر شیشی میں رکھے خوراک اس کی ۱ ماشہ مکھن یا مصری سے۔ (۱۲)

یہ نسخہ بخار کہنہ دموی و صفراوی کے دور کرنے کو رام بان ہے

مذکورہ بالا اخلاط چاہے کتنے ہی سڑے ہوئے ہوں بہت جلد آرام کرتی ہے اپنی اصلی حالت پر لے آتی ہے نیز سوزاک اور پیشاب کھولنے کے لئے بھی بہت عمدہ ساتھ مولی کی رس کے ؂۔

قلمی شورہ ۲ تولہ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ ترکیب بنانے کی یہ ہے کہ مرچ سیاہ کو کر پاس رکھے بعد ازاں چیل کا کرچھا انگاروں کی تیز آنچ پر رکھے اور پہلے قلمی شورہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلاتا جاوے۔ اور بذریعہ پنکھا انگارے تیز رہیں۔ جب پگل جاوے تو مرچ کا بُرادہ دیتا جاوے اور ہلاتا جاوے جب آگ کا شعلہ نکل چکے تو خوب ہلا کر ٹھنڈا ہونے کو رکھ لوے دو چار یوم اس میں پڑا رہے بعد باریک کھرل کر کے شیشی میں بند رکھے۔ خوراک ایک رتی ساتھ دودھ کی لسی یا شربت یا عرق وغیرہ سے دیوے۔ (۱۲)

کشتہ مونگا و عقیق و سنگ یشب وغیرہ

کونپل ہول ۵ تولہ کا نغدہ کر کے بیچ میں جواہرات شیا ربانی منظور ہو رکھے اور باندھ کپروٹی کر کے تھاپی کو برابر ۲ سیر کی آگ دیوے۔ عمدہ کشتہ برآمد ہوگا پھر عرق گلاب یا بید مشک یا کیوڑہ سے کھرل کر کے شیشی میں ڈال کر رکھے پاس گھبرا رہیں۔ اور بر ہمی میں بھی کشتہ ہو سکتے ہیں۔ (۱۲)

کشتہ شنگرف جو نامرد کو مرد بنا دیتا ہے۔ اور کئی بیماریوں پر چلتا ہے

شنگرف عمدہ ۱ تولہ لیکر بکری کی ٹلی میں ڈال کر اوپر گودہ ٹلی کا دیگر میں

بند کر دیوے ایک تبیلہ یا دلٹوئی میں گھی ایک سیر پختہ ڈال کر دو سیر گوشت بکرا زندہ ڈال دیوے بیچ میں مذکورہ ٹلی رکھ دیوے۔ اور ہانڈی کا منہ چینی کے ڈھانپ کر سمپٹ کر کے چولھے اوپر چڑھا دے اور میٹھی آنچ جلاوے جب جانے کہ خوب پک گیا ہے نیچے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر ٹلی کے بیچ سے شنگرف نکال کر کھرل میں ڈالے ساتھ ہی افیون ۱ تولہ کیسر ۲ ماشہ۔ ڈال کر خوب کھرل کرے۔ اور بعد ازاں رس کیلا ایک سیر پختہ تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاوے اور کھرل کرتے جاوے جب خشک ہو جاوے دوائی کو شیشی میں رکھے خوراک ا چاول سے ۲ چاول تک مکھن یا بالائی سے کھاوے اور گھی دودھ خوب کھاوے۔ اور کھٹائی سے پرہیز کرے۔ (۱۲)

کشتہ سیسہ جو کہ ہچکی و صفراوی بخار و کاہلی کیلئے مفید ہے

کھٹکل بوٹی کا نغدہ ۱۵ تولہ لیکر کوٹ کر ایک ٹھیکرا میں سیسہ چاپ پانچ تولہ کے قریب رکھے جو زیر و بالا کھٹکل کا نغدہ دیوے۔ اور بیس آثار پختہ اوپلوں کی آنچ دیوے سرد ہونے پر نکالے۔ اور حفاظت سے رکھے۔ خوراک ایک رتی بہمراہ شہد و پیپل و مکھن۔ بالائی یا ملیا خیر بست گلو۔ الاچی مصری کوزہ۔ (۱۲)

نسخہ برائے جلاب عمدہ

یہ نسخہ میرا آزمایا ہوا نہیں ہے۔ ایک سنیاسی صاحب کا بتلایا ہوا ہے اور بڑی سیوا سے ملا تھا ناظرین اخبار کے لیے بیش قیمت نسخہ جات ارسال کئے جاتے ہیں جو سنیاسی لوگ بڑی مشکل سے بتایا کرتے ہیں؂۔

سم الفار ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ روغن جمال ایک چھٹانک میں نیل ادویات کو یہاں تک کھرل کریں کہ روغن خشک ہو جاوے اور دوائی کی گولی باندھی جاوے بعد ازاں ڈنڈا تھوہر پانچ سیر پختہ کا بیچ سے آدھا گودہ نکال بیچ میں گولی رکھ مضبوط سے خوب بند کر دیوے۔ اور گھوڑے کی لید میں گاڑ دیوے جب دیکھے کہ بکل تھوہر کا سوکھا سا دکھائی دیتا ہے تو مذکورہ بالا گولی بیچ سے نکالے

بعدازاں ریوند لکڑی ۲ تولہ۔ ریوند عصارہ ۴ تولہ۔ ریوند خطائی ۲ تولہ۔ قدرے سرکہ
انگوری ڈال کر خوب گھوٹے۔ گولا باندھ بیچ میں مذکورہ بالا ادویات کی گولی دیوے
اور اوپر سے خوب صاف کر دیوے پیالہ کے بیچ میں رکھے دوسرے پیالہ کے بیچ
چھوٹی انگلی کے برابر سوراخ نکالے اور پیالہ کا منہ ڈھانپ دے اور آٹا سے منہ بند
کرے۔ اور چولھے پر چڑھا دے اور نیچے میٹھی آنچ جلا دے اور پاس ایک بوتل
سرکہ انگوری عمدہ کا تھوڑا تھوڑا اس سوراخ سے دیتا جاوے اور جب بوتل
ختم ہو جاوے تو آنچ ٹھنڈی کرے اور پیالہ ٹھنڈا ہو جانے پر بیچ سے گولا پھوڑ کر
بیچ والی گولی لیوے نندہ پتی لاج ونتی چار تولہ میں رکھ کر اور مٹی کا سمپٹ کر
کپروٹی کرے پانچ سیر اوپلہ صحرائی کی گڑھے میں آنچ دیوے۔ اور سرد ہونے پر
پیس کر شیشی میں رکھے۔ خوراک اس کی دانہ خشخاش کے برابر۔ انوپان شربت
گڑ یا چھاچھ ہے۔ اگر جلاب بند نہ ہو تو گوند کتیرا اچھانک کر اوپر سے مصری ملا دودھ
پیوے۔ غذا چاول دودھ۔ دال مونگ۔ بھاری بھاری بیماریوں پر دیوے
(دراہیثو رنشرما خریدار اخبار)

جوہر رس کپور جو مرض آتشک اور سوزاک کو فائدہ عظیم دیتا ہے

رس کپور ۱ تولہ کی ڈلی پیالہ میں رکھے اور ڈلی کے اوپر ۴ رتی کونین ڈال دو اور دوسرا
پیالہ میل کر آٹے سے سمپٹ کر کے چولھے پر چڑھا دو اور نیچے بیری کی لکڑی کی آنچ تین
گھنٹے تک دے کر پیالہ سرد کر کے اوپر کے پیالہ سے دوائی کھرچ کر شیشی میں رکھے خوراک
چاول ½ چاول مکھن ملائی سے کھاویں (د)

پھکی شیر خوار بچوں کے لئے جو قبض اور اٹھرا کی کئی بیماریوں سے خوف رکھتے ہوں

ہلیلہ جلال آبادی ۱ عدد۔ ریوند لکڑی ایک تولہ لونگ ۶ ماشہ۔ سہاگہ بریان ۶ ماشہ
... ماشہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ کیسر ۲ ماشہ فلفل گرد ۳ ماشہ۔ زہر مہرہ ۳ ماشہ قند ...

دہی تر کچھ ملا کر باریک چورہ کرے۔ خوراک ایک چٹکی ہمراہ دودھ یا آب سرد یا گرم

نسوار واسطے مرگی و آدھی سر درد نزلہ زکام و سنپات کے مفید ہے

نوشادر ۶ ماشہ سفید کنیر کے پھول ۱ تولہ دونوں کو پیس کر کوزہ میں ڈال دو اور دو دن
کوزہ بھر دو جب دودھ خشک ہو جاوے پیس کر کام میں لاویں خدا چاہے ضرور فائدہ ہوگا (د)

سنون درد دانت اور فاسد خون کے لئے از حد مفید ہے

پھٹکڑی۔ نوشادر۔ نیلا تھوتھا۔ مرچ سیاہ برابر وزن لے کر لکڑی بیدانجیر میں بھر کر
اوپر آٹے سے سمپٹ کر کے بیری کی باریک لکڑیوں کے بیچ رکھ کر پھونکے جب
ہونے کے آٹا دور کر کے جو باقی بچ اشیاء ہوں ان تمام کو کھرل کر کے
شیشی میں رکھیں اور دانتوں میں ملیں۔ (د)

نسوار جو سونگھنے سے آدھی سر درد وغیرہ کو آرام دیوے اور کھانے سے ہاضم طعام اور درد وغیرہ کے لئے از حد مفید ہے

اجوائن دیسی ۲ تولہ۔ نمک شیشہ ۲ تولہ۔ ثمرہ کشٹہ یاری ۲ تولہ۔ الگ الگ پیس کر چھان کر
شیشی میں رکھے تو نسوار کا کام دیگی اور اگر چورن بنانا منظور ہو تو مذکورہ بالا ادویات میں ذیل کی
زائد کرے وہ یہ ہیں۔ نمک سونچر ۱ تولہ فلفل دراز شامل کر کے چورن تیار رکھے (د)

روغن دافعہ جلق جس سے نسیں ڈھیلی پڑ گئی ہوں

زعفران ۳ ماشہ۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ لونگ۔ کشٹہ نیم۔ ریگ ماہی۔ خراطین یعنی گنڈوئے
اندرگوپ یعنی بیر بہوٹی۔ شنگرف۔ ہر ایک ۳-۳ ماشہ لیوے اور باریک پیس کر
سفید خام میں تین یوم کھرل کرے ... خوب کھرل کرے اور نتھار کر شیشی میں
روز پڑا رہنے دے۔ بعد چند روز کے روغن کو تھوڑا سا کوٹھے میں نکال کر
کر کے حشفہ چھوڑ کر خوب مالش کرے اور رانوں پر بھی مالش کرے نیز نسوار

وقت کیا کریں بعد مالش کے باریک کپڑا گرم کر کے باندھ دیا کریں مگر پہلے پوٹلی نمک باریک
کیا ہوا اس کو باندھیں اور تمام لسنوں پھوڑیں کریں اس کی ترکیب یہ ہے کہ کسی لوٹا میں دو
ڈال کر چولھے پر چڑھا دیں اور نیچے ہلکی آنچ کریں اور اس لوٹے کا منہ باریک کپڑے سے باندھ
دیوے اور کپڑے کی دو پوٹلی نمک کے ایک کے بعد دوسرے سے پھوڑیں دیتا جاوے اور بعد چند
منٹ کے کپڑا باندھ دیا کریں اس طرح سات روز یا دو ہفتہ بیمار کی کمتی زیادتی دیکھکر معا[لجہ]
کیا کریں + (ر ر)

نسخہ واسطے درد سر

نوشادر ۔ شورہ ۔ سہاگہ ۔ پھٹکری ۔ گندھک ۔ آملہ سار ۔ نیلا تھوتھا برابر وزن
کپڑ چھان کر کے شیشہ کی کٹھالی میں ایک دن کھرل کر کے کشتہ وہ ہے جس سے سونار لوگ چاندی کو
سپید کرتے ہیں کھرل کر کے پانی سا ہی رکھ چھوڑیں اور درد پر لگایا کریں خو[ب]
گرایا اچھا ہے رخشک کر کے رکھیں اور کام میں لاویں + (ر ر)

دھونی واسطے آتشک کے جو ایک ہفتہ میں ہی آرام دیتی ہیں

مردہ سنگ ۲ ماشہ ۔ دار چکنا ۲ ماشہ ۔ رسکپور ۔ شنگرف ۲ ۔ ۲ ماشہ سہاگہ ۲ ماشہ
کوکل ۲ ماشہ الائچی خورد ۵ عدد ۔ کوڑی برنگ زرد گھونگچی ۲ ماشہ ۔ بلکل آک (مدار) کی جڑ
۲ ماشہ کوچیلہ سنبھالو ۲ ماشہ ۔ ریٹھہ ۳ عدد ۔

ترکیب ۔ تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر خوب باریک کرے اور ۳ پڑیاں باندھ[یں]
محفوظ مکان میں کرسی یا چارپائی اوپر بیٹھ کر کپڑا اوڑھ دار اوپر لیوے جس سے د[ھواں]
باہر نہ جا سکے اور منہ گلے تک باہر کپڑا کے رکھے تا کہ آنکھ وغیرہ دھواں سے بچی رہے
پیالہ گلی میں بیری کی لکڑی کی آگ ڈال کر کرسی یا پیڑھی کے نیچے رکھکر پڑی
ہووے ۔ اور کپڑے سے چاروں طرف سے پیالہ خود کو مضبوط کر دیں اور منہ باہر رکھیں
اسی طرح دو وقت کیا کریں ۔ اور روغن خوب ڈال کر روٹی کھا دیں الخ
بلیہ جلال بے سخت سے سخت کیوں نہ تکلیف ہو بالکل آرام ہو جاتا ہے
جستی ۲ ماشہ ۔ الخ
(دواخانہ شور رخمہ)

ہالوے صاحب کی گولیوں کا یہ نسخہ بیان کیا جاتا ہے

ایلوا ۔ جلاپہ ۔ سونٹھ (زنجبیل) مُر ۔ برابر وزن ملا کر چنے کے برابر گولیاں
[بنا]ویں ۔ ایک دو گولیاں گرم پانی کے ساتھ کھانے سے صبح پاخانہ کھل کر آجاتا ہے
[چ]انچہ لکھا ہے کہ ایلوا چرپرا پارہ کو صاف کرنے والا درد پیٹ ۔ اپھارا ۔ بات ۔
[ز]خم ۔ ورم شکم اور گرمی دور کرنے والا ہے اور دوست آور ہے

بند حیض کھولنے کے واسطے ایک مندرجہ ذیل نسخہ ہے

ایلوا ۔ زعفران ۔ مُر برابر وزن لے کر پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں
ایک گولی صبح و ایک گولی شام ۔ دن اول حیض سے شروع کریں +
قبض ۔ بد ہضمی ۔ اپھارا ۔ یرقان ۔ سفیدی چہرہ کو دور کرنے کے واسطے
اس کی خوراک تھوڑی دینی چاہیئے +

ہر مرض سرب جوڑ ہر لوہ !

پارہ مصفیٰ ۔ گندھک مصفیٰ ۔ ابرک کشتہ ۔ تانبا کشتہ ۔ ابرک کشتہ ۔ سونا مکھی کشتہ
[سو]نا کشتہ چاندی ۔ ہڑتال مصفیٰ ہر واحد ا تولہ ۔ اور کشتہ فولاد ۲ تولہ لیکر کریلہ
[کے] رس میں ۔ منش مل کی رس میں ۔ پت پاپڑہ کے جوشاندہ سے ترپھلا کے جوشاندہ سے
[۔۔]کی رس سے پان کی رس بکوہ کی رس نرگنڈی کی رس ۔ گما پوربیا کے رس سے
[۔۔]ادرک کی رس سے سات سات دن ہر ایک میں کھرل کر کے ایک رتی بھر کی گولیاں
[بنا]ئیں یہ گولیاں مصل اور گڑ کے ساتھ کھانے سے بیرج دسٹی کو بڑھاتی ہیں ۔
[ہر قس]م کے بخاروں بہت دونوں سے پیدا شدہ بخار موسمی بخار ۔ علاج پزیر یا بدنسل
[ع]لاج بخار رتپ دق ۔ پرانا بخار ۔ پانی کی خرابیوں سے پیدا شدہ بخار ۔ کام جوڑ ۔
[۔۔]وک جوڑ ۔ بھوت جوڑ وغیرہ دو دن میں ناش کرتی ہیں ۔ دوران دھاتو میں پہنچا
[۔۔] بخار ۔ چوٹ وغیرہ کے دکھ والا بخار سنپات ۔ وکھم جوڑ ۔ ترودش جوڑ ۔ خیست جوڑ
[۔۔]ت جوڑ ۔ نرم بخار ۔ نصف حصہ جسم کا بخار ۔ تلی جوڑ ۔ کھانسی ۔ یرقان اور بدہضمی کو دو[ر]

رتی ہیں۔ استعمال نسخہ ہیں چاول لسی وغیرہ سے پرہیز کرے تا وقتیکہ مریض پوری
نفرت والا نہ ہووے مباشرت نہ کرے امر اس پہ سب قسم کے بخاروں کو دور
کرنے والا نو پان بھی مفید ہے۔

لوہاسوا! لونگ چوبچینی۔ سونٹھ۔ مرچ پیپل۔ ۳ تولہ۔ پوست ہڑ۔ پوست بہیڑہ
اجوائن۔ بابڑنگ۔ ناگرموتھا۔ چترا یہ سب ۱۶-۱۶ تولہ لیکر
سفوف کریں بعد ازاں شہد ۲۵۶ تولہ قند سیاہ ۵ سیر پانی ۳۲ سیر اس کو کسی
مٹی کے برتن میں ایک ماہ تک رکھ چھوڑے بعد ازاں چھان لیوے اور نگاہ
رکھے اس کے استعمال سے استسقاء یرقان گلٹی سوجن امراض شکم۔ بواسیر
طحال۔ کہنہ بخار۔ کھانسی۔ دمہ۔ بھگندر۔ الٹی سنگرہنی وغیرہ دور ہو جاتی
خوراک ۵ تولہ ہے۔

نسخہ امرتارشٹ رس

گلو ۴۰۰ تولہ۔ دش مول ۴۰۰ تولہ ۶۴ سیر پانی میں پکا دیں جب چوتھائی
رہ جاوے۔ تو اتار کر ٹھنڈا کرے پھر اس میں قند سیاہ ۱۵ سیر۔ زیرہ ۶۴ تولہ
بت پاپڑہ ۸ تولہ سیتو سونٹھ۔ مرچ پیپل۔ ناگرموتھا۔ ناگ کیسر۔ کٹکی۔ اتیس
ہر ایک ۴ تولہ ملا کر ایک ماہ تک ظرف مٹی میں رکھ چھوڑیں۔ یہ امرتارشٹ
رس کل بخاروں کو دور کرتا ہے۔ خوراک تقریباً پانچ تولہ ہے۔

بواسیر کی گولیاں

ریٹھا ۱ تولہ۔ پوست بیلہ ۳ تولہ دونوں کو پانی میں پیس کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں
بنا کر پھر ایک گولی باسی پانی کے ہمراہ صبح و شام کھلا دیں یہ گولیاں بواسیر خونی و بادی
کو مفید ہیں۔
عرق گلاب و عرق سونف میں کھرل کر کے جنگلی بیر سے کچھ کم گولیاں
گولی عرق گلاب و عرق سونف کے ساتھ کھانے سے بواسیر

گولیاں برائے پیٹ درد

سہاگہ بریان ۹ ماشہ۔ اجوائن ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ ایلوا مصطگی ۵ تولہ تمام ادویہ
کو کنوار گندل کے عرق میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنا دیں اور قبض دور کرنے
کے لئے ۲ گولی۔ ریاح اور پیٹ درد کے دور کرنے کے لئے ۳ گولی۔ اپھارا کے لئے
۲ گولی گرم پانی یا عرق سونف سے دیویں نیز یہ گولیاں بھوک کو بڑھاتی ہیں اور اول
درجے کی ہاضم ہیں۔

گولی دافع درد شکم

مغز تخم کرنجوہ ۱۰ تولہ۔ پیپلا مول ۹ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۹ ماشہ۔ پھٹکڑی سفید بریان
۹ ماشہ۔ اجوائن ۹ ماشہ۔ بابڑنگ ۹ ماشہ۔ صبر ایلوا ۹ ماشہ۔ نمک سیاہ ۹ ماشہ تمام کو
ادرک کی رس سے کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ پیٹ درد ہر قسم کے
درد قولنج کو بھی مفید ہے۔

حب صبر برائے مسہل بلغم و سودا۔ اخلاط فاسد کو خارج کرتی ہے اور درد مفاصل کیلئے ازحد مفید ہے

ایلوا ۴ ماشے تربدی مدبر ۴ ماشہ۔ عشق پیچہ ۱½ ماشہ۔ غاریقون ۱½ ماشہ
۱½ بادیان رومی ۱½ ۳ ماشے۔ تخم حنظل ۲ رتی۔ نمک سرخ ۲ رتی۔ کتیرا سفید ۴ رتی۔
گل ۴ رتی سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر وزن کریں اور تربدی کو روغن بادام سے
بخوبی چرب کر کے ملا لیں پھر آب اجوائن کے ذریعہ گولیاں بمقدار جنگلی بیر کے بنا دیں
خوراک صرف ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک بہمراہ گرم پانی۔

گولیاں برائے کمی درد حیض

ایلوا۔ مرکی۔ زعفران۔ کیسرا برابر وزن پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنا دیں۔

تیز عرق سونف سے ایک یا دو گولی سات دن اوّل سے کھلانا شروع کریں خدا چاہے
جمیع شکایات دور ہو جاویں۔

نسخہ برائے سوزاک کہ خوب مجرب و آزمودہ است

اسپغول سالم ۶ ماشہ سفوف کباب چینی ۴ ماشہ دونوں کو ملا کر باسی پانی سے
نہار منہ پھانک لی جاوے اور تین روز تک اسی وزن سے کھاوے ایشور چاہے
ہی آرام ہو جاویگا۔ (راقم چندر پرکاش خریدار اخبار)

دیگر نسخہ سوزاک جو کہ مجرب اور آزمودہ کار ہے

طباشیر ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۴ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ گل ارمنی ۲ ماشہ۔ کشتہ
۶ ماشہ۔ مصری دیسی سفید ۲ تولہ سب کو کوٹ چھان کر اس کا سفوف بنا دیں۔ خوراک
سے ۱۰ ماشہ تک ہے صبح بہمراہ آب آملہ کھاویں ۵-۷ روز کھاویں آرام ہو جاویگا۔
کو رات کو کورے برتن مٹی میں بھگو دیں اور صبح مل کر چھان لیں یہ آب آملہ ہے۔
بر بیج رسا بھی ہو تو بہتر) اور دودھ گائے و چینی دیسی (۔۔)

نسخہ آتشک کہ نہایت مجرب ہے

پھلاوہ مدبر ۲ تولہ چھالیہ مدبر ۱ تولہ۔ اجواین دیسی ۶ ماشہ۔ اجواین خراسانی ۶ ماشہ
پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ۔ شاہترہ ۱ تولہ۔ تخم ترب ۱ تولہ۔ طوطیا ۶ ماشہ
قند سیاہ ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر قند سیاہ کے ہمراہ ۲ پہر تک خوب کوٹیں
اور بعدہ ایک ایک تولہ کی گولیاں بنائیں پہلے ایک روز دال ارہر کی کھچڑی معہ روغن
زرد کھائیں۔ اگلے روز صبح کو ایک گولی بہمراہ بالائی دودھ گائے (نہ ملے تو بھینس
کی سہی) میں لپیٹ کر کھا جاوے (دانت کو لگنے سے بچانا چاہئے) دست آویں گے
ایکدن چھوڑ کر پھر تیسرے دن ایک گولی کھاوے۔ اسطرح ۷ گولیاں کھانی چاہئیں
اور برابر کھچڑی مذکورہ مدت مذکور تک کھاتا رہے اور موسم سرما ہو تو پان کھاوے جلد شفا

ہوگی۔ اس میں تبرید نہیں لکھی ہمارے خیال سے ناغہ کے روز تبرید کرنی چاہئے یعنی کہ اگلے
روز عرق گاؤ زبان بید مشک ہر ایک ۵ تولہ شربت نیلوفر ۲ تولہ ملا کر ذرا سردی دور کرکے
پی لیں تو اچھا ہے۔ یہ نسخہ واقعی مفید ہے۔ پنڈت جی نے بھی اپنی تصنیف رسالہ آتشک
میں کئی نسخہ جات اس سے ملتے جلتے لکھے ہیں جن میں کہ بہت کم فرق ہے۔ بہت سے
اجزاء ملتے جلتے ہیں ایک دو کا فرق ہے جو کہ لازمی ہے اور اکثر ہوا کرتا ہے۔ ناظرین
فائدہ حاصل کریں۔ اسکی بابت لکھا ہے کہ مراد آباد کے ایک رئیس حکیم کا عطیہ ہے جو کہ
خود بھی اس مرض میں مبتلا ہو چکے تھے اور بعد تجربہ یہاں انہوں نے درج کیا ہے۔

دیگر نسخہ آتشک و سوزاک و گنٹھیا مرکب مشترکہ

رسکپور ۱ تولہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ رسکپور کو باریک کرکے ایک طباق میں رکھیں
اوپر سفوف کتھ رکھدیں۔ دوسرا طباق اوپر رکھ کر منہ اچھی طرح مٹی سے بند کر دو کہ سوراخ
نہ رہے اور چولھے پر چڑھا کر نیچے نرم آنچ کرے اور جو ہر اڑالیں (اسسے زیادہ توضیح
سے لکھے جانے کی ضرورت نہیں سمجھی گئی۔ اس قسم کے اکثر نسخہ جات درج ہو چکے ہیں
ناظرین خوب واقف ہیں) دوپہر کے بعد سرد ہونے پر اوپر کے پیالے سے جو ہر جھٹر اکر
پھر بدستور سابق جوہر اڑا دیں۔ اور اسی طرح ۳ بار کریں۔ نہایت اعلٰے تیار ہوگا خوراک
بمقدار دانہ گندم نسک یا ملائی میں لپیٹ کر احتیاط سے استعمال کریں اور دانت مسوڑھے
وغیرہ بچاویں۔ غذا نان گندم بلا نمک ہمراہ گھی کھاویں (دودھ چاول بھی جائز ہے)
ایک ہفتہ میں آرام ہوگا یہ نسخہ بلا شبہ اعلٰے ہے اور مفید ہے عوام واقف ہیں محتاج
تعریف نہیں ہے۔ اگر خدانخواستہ منہ آجاوے تو چھال کیکر دیسی ۱۰ ماشہ۔ کتھ ۹ ماشہ گرم
پانی میں جوش کرکے چھان کر غرارے کرے خدا صحت و شفا دیگا مفید و مجرب و
آزمودہ ہے۔ (۔۔)

نسخہ برائے آتشک و جذام و دافع زہر جانوران مثل سانپ و باؤلا کتا

دودھی گھاس (جو کہ اکثر کھیت گندم وغیرہ میں ہوتی ہے) معہ جڑ دھوکے کھاوے

یہ ۲ تولہ مرچ سیاہ ۲۰ عدد پانی ایک چھٹانک میں خوب گھوٹ کر چھان لیوے اور آتشک
والے مریض خواہ مریضہ کو صبح کے وقت پلاوے لیکن ایک روز پہلے مونگ کی کھچڑی
کھلاوے کہ پیٹ نرم اور مواد پھولا ہو۔ اس سے دست اور قے ہوں گے ایکدن ناغہ
کرکے تیسرے دن پھر پلاوے۔ اس طرح ۲ روز تک پیوے اور ایکدن ناغہ کرتا رہے
اگر پانچ سات دن تک پیوے اچھا ہے درمیان استعمال صرف مونگ کی کھچڑی کھاوے
کمزور فوراً کم پیوے دست وغیرہ ہوکر آرام ہوجاویگا۔ تمام مادہ فاسد خارج ہوجاویگا
اگر دست بہت آویں اور بند کرنا چاہیں تو ایک عدد آنولہ ورق نقرہ لگاکر کھادیں
(یہ اس کا مصلح اور تبریدہ ہے) یا دہی دو تین چھٹانک پلاوے تو بھی دست بند ہوجاویں
اور طبیعت درست ہوجاوے۔ اگر سانپ کاٹ کھاوے تب بھی حسب ہذا ترکیب مذکور
بالا ۲ تولہ گھاس ۲۰ عدد مرچ ایک چھٹانک پانی میں گھوٹ کر خوب پلاوے۔ انشورا
بخشی کریں گے۔ نہایت اعلےٰ چیز ہے اور آزمودہ ہے۔ اسکی بابت ہمارے ایک
دوست ایک مرتبہ ذکر کرتے تھے (جبکہ یہ نسخہ ملا بھی نہ تھا) کہ ایک فقیر جذام اور آتشک
والوں کو ایک جڑی دیا کرتا تھا جس سے بہت دست اور قے آکر طبیعت بحال ہو
جاتی تھی ہمیں دریافت کا شوق ہوا اور معلوم کیا کہ اس نے اپنی جھونپڑی کے قریب
دودھی کے پودے لگا رکھے ہیں اور تنہائی میں اکھاڑ کر اسکی جڑ رہ پلانے کو دیتا ہے
اور ٹھیک اسی طرح سے جیسے اس میں لکھا ہے کھلاتا ہے اور اکثر آرام آجاتا ہے
وہ اسکی بدولت پر مشہور ہوکر چین کرتا ہے جس سے اس کے مجرب اور عمدہ ہونے
میں کوئی شک نہیں رہتا ہے فقیری تو ٹونکہ ہے۔ (ر)

نسخہ خضاب روغن کنجد سیاہ۔ مازو پھل۔ ہلیلہ کلاں۔ آملہ۔ برگ حنا یعنی وسمہ
سیاہ۔ کاہی۔ آب نشنکر۔ اول حنا را در چہار ثار آب تر کند
یک پاس و آب را صاف کند۔ برگ حنا دور کردہ آب بگیرد و سوہر چہار دارو میدہ کردہ
در آب حنا تر کنند شب با ندو روز نگاہ شود و در روغن کنجد سیاہ گرم کردہ و در ظرف آہن
بیندازد و آب حنا و نشنکر آب تیز گرم کردہ و در ظرف مذکور اندازد و ظرف را بند کردہ
و در سرگین اسپ در گوشہ دفن کنند تا مدت سہ ماہ بعدہ بر آوردہ در کڑھائی آہنی انداختہ

و تا پنج گھڑی آتش نرم کنند بعد ازاں موئے اسپ سفید انداختہ پندارد و چوں سیاہ شود
از آتش فرود آوردہ صاف نمودہ در شیشہ نگاہدارد و وقت حاجت پیش از دو گھڑی
موئے خود شوید بعد ازاں روغن مذکور بمالد۔ (حکیم رام سرنداس)

نسخہ چورن دست آور جو بہت اچھا ہے!

سناء ۸ ماشہ۔ اجواین ۸ ماشہ۔ سونٹھ ۸ ماشہ۔ نمک لاہوری ۸ ماشہ۔ ریوند چینی ۸ ماشہ
سونف ۸ ماشہ۔ ہلیلہ خورد ۸ ماشہ۔ نمک سانبھر ۸ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۴ ماشہ۔ فلفل دراز ۸ ماشہ
پیلا نمک ۸ ماشہ۔ سہاگہ ۸ ماشہ۔ سفوف بنا کر رکھے خوراک نہیں لکھی ہے ۲ ماشہ سے ۷ تولہ
تک بہمراہ گرم پانی میرے خیال میں ٹھیک ہے اور قبض معمولی کیواسطے ایک دو ماشہ
کافی ہے۔ (چندر پرکاش خریدار اخبار)

ہیضہ کا مجرب علاج

اگر ہیضہ کے چھ گھنٹے بعد تک دیا جاوے تو بیمار شرطیہ نہ مریگا بعد ازاں ضرور
دینا چاہئے مگر شرط نہیں کیجا سکتی ہے:-

تلسی کے پتے ... ۱ تولہ تیزاب گندھک ... ۳ ماشہ
لونگ ... ۱ تولہ کافور ... ۶ ماشہ

سب کو باریک پیسکر تھوڑی سی شہد ملاکر بقدر نخود گولیاں بنا دیں پانچ
پانچ منٹ کے بعد ایک ایک گولی سوڈا واٹر یا سکنجبین کے ساتھ دیویں جبتک
قے اور دست بند نہ ہوں دیتے جاویں جب بند ہوجاوے چھوڑ دیویں آرام
ہوجاویگا سکنجبین بہت تھوڑی تھوڑی مقدار سے اور تھوڑا تھوڑا پانی ملاکر
دیویں۔ کل مقدار پانی ایک سیر ہونی چاہئے زیادہ نہ ہو۔ ایک دو تولہ پانی اور ۳ ماشہ
سکنجبین کے ساتھ ایک ایک گولی دیتے جاویں۔ مگر پہلے پہل تین گولی یکلخت
دے دیں۔ (دیگر طبی اخبار)

نسخہ مقوی باہ و مولد خون

گوند چھوہارا ... ۴ تولہ   سنبل کے پھولوں کا رس ... ۴ سیر
مومیائی ... ۵ تولہ

سب کو دیسی کے برتن میں جوش دے کر پکا دیں جب گاڑھی ہو جاوے تو ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام کے بعد ایک ایک ورق طلاء ملا کر دودھ گاؤ کے ہمراہ کھا دیں دودھ ایک پاؤ سے کم نہ ہو۔ (م)

نسخہ مقوی ممسک

موچرس۔ سمگر کس۔ تالمکھانہ۔ ثعلب مصری۔ پوست خشخاش ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران ۱ ماشہ۔ مشک تبتی ۲ رتی

سب کو باریک پیسکر شہد کے اندر پیس لیں اور خوراک ۳ ماشہ بہمراہ دو دودھ دو ورق طلاء کے کھا دیں۔ پوری پوری مراد حاصل ہوگی۔ (م)

نسخہ درد کان کے واسطے

اجوائن خراسانی ... ۱ تولہ   تلی کا تیل ... ۲ ماشہ
موم زرد ... ۲ ماشہ   پانی ... ۱۰ تولہ

اسکو کسی نہایت باریک منہ والے برتن میں ڈال کر آنچ پر پکاؤ اور اسکی بھاپ کان میں پہنچاؤ۔ ایک منٹ کے بعد درد کان دور ہوگا۔ (م)

نسخہ درد مفاصل کیواسطے

اجوائن خراسانی ... ۴ تولہ   جائفل ... ۲۰ تولہ
برگ دھتورہ ... ۴ تولہ   لونگ ... ۳ تولہ
برگ انڈ ... ۲ تولہ   تلی کا تیل روغن کنجد ... ۴ تولہ

پہلے تمام ادویہ کو پیسکر قدرے پانی اور شہد ملا کر ٹکیہ بنا لو اگر شہد نہ ملے تو گڑ ملا لو اور ٹکیہ بنا لو اور تیل کے اندر جلا لو جب جل کر کوئلہ ہو جاوے تو تیل چھان لو اور مفاصلات پر ملو تین چار یوم ہی درد مفاصل دور ہوگا۔ (م)

درد دانت کیواسطے مجرب دوائی

اجوائن خراسانی سوختہ ... ۱ تولہ   کونین ... ۶ ماشہ

ہر دو کو ملا کر سفوف بنا دیں جہاں درد ہو وہاں اسکو لگاؤ۔ اگر دانت کے اندر گڑھا ہو تو اسکے اندر بھی بھر دو بہت ہی جلد آرام ہوگا۔ (م)

پیچش یا مروڑ کا نسخہ

کافور۔ گشنیز دھنیا کے چاول۔ سونف کے چاول ہر ایک ۴ تولہ۔ پوست پودینہ ۴ رتی اجوائن کا ست ۴ رتی سب کا دو سیر پانی ڈال کر عرق نکالو جو عرق نکلے اس میں اسی قدر دوائی ڈال کر پھر عرق کشید کریں اسی طرح ۴ دفعہ کشید کرو۔ آخر کے عرق کا جتنا وزن ہو اس میں ۱/۲ حصہ خالص افیون ملا کر حل کر کے چھان لو خوراک ۱ بوند سے ۳ بوند تک ہے دافع ہیضہ و پیچش ہے۔ (م)

نسخہ برائے دفعیہ مرگی

آیوڈ پوٹاس ... ۱ تولہ   زعفران (کیسر) ... ۱ تولہ

ہر دو کو کھرل کر کے ۱ تولہ شہد ملا کر پھر اس میں ۱۰ تولہ گرم گرم پانی ملا کر چھان لو اور ملا کر ۱ بوند صبح و ۱ بوند شام بعد غذا پلایا کریں آرام ہوگا۔ (م)

نسخہ برائے دفعیہ مرض اٹھرا

سنکھیا ... ۱ رتی   گندھک آملہ سار ... ۲ تولہ
لیموں کا رس ... ۱۰ تولہ   مغز بادام ... ۵ تولہ

پہلے پہل ۳ اشیاء کو ملا کر کھرل کر کے خشک کریں پھر باقی مغز بادام ملا کر اسقدر کھرل کریں کہ حل ہو جاوے پھر تھوڑی سی شہد ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی بعد غذا ہر روز دودھ یا پانی سے دیا کریں دو ماہ میں آرام آجاوے گا۔

حاملہ کو یہ دوائی مت دو۔ بلکہ قبل از ...
نسخہ برا ...
رسکپور ...
گندھک آملہ سار ...
سب کو باریک پیسکر قد ...
بالکل آرام ہو جاویگا۔ اور ایک ہفتہ ...
بیخ مرجان (جڑ مولگا) ۹ ماشہ ...
بعد دیگرے کڑچھا آہنی میں ڈال کر آگ ...
تک بجھاتے رہیں کہ پیسنے کے قابل ...
اشیاء کو کوزہ گلی میں ڈالکر اوپر سے ...
اس قدر اوپلوں میں رکھ کر آگ دیں ...
کھرل میں کھرل کر کے مثل غبار بنا لیں ...
تانہ ڈیڑھ حصہ۔ گل گاؤ زبان ایک حصہ ...
انیسی ایک حصہ۔ پیپل دراز ایک حصہ ...
چاول کشنیز ۴ حصہ کشتہ ابرک ۱/۲ حصہ ...
۴ حصہ۔ شہد ۵ حصہ تمام اشیائے کھرل ...
ورق طلاء بھی ملا لیں۔
(دیگر) گل بنفشہ ۳ ماشہ ...
۳ ماشہ۔ گلو تازہ ۱ ماشہ۔ خطمی ۲ ماشہ ...
پرسیاؤشاں ۲ ماشہ۔ سونف ۲ ماشہ ...
بورہ گندم ۲ تولہ۔ مصری یا کھانڈ دیسی ...

حاملہ کو یہ دوائی مت دو۔ بلکہ قبل از حمل کھلانی چاہئیے۔ (ر)

نسخہ برائے دفعیہ داد و چنبل

رسکپور ... ... ۱ تولہ نیلا تھوتھ ... ... ۶ رتی

گندھک آملہ سار ... ... ۳ تولہ چونہ ... ... ۶ ماشہ

سب کو باریک پیسکر بقدر ضرورت پانی کے ساتھ لگایا کریں امید ہے کہ بالکل آرام ہو جاویگا۔ اور ایک ہفتہ تک کلیہ صحت ہوگی۔ (ر)

علاج سِل

بیخ مرجان (جڑ مونگا) ۹ ماشہ۔ عقیق عمدہ یران ۹ ماشہ۔ ان ہر دو ادویات کو یکے بعد دیگرے کڑچھ آہنی میں ڈال کر آگ میں خوب تپا کے گلاب کے عمدہ عرق میں اسوقت تک بجھاتے رہیں کہ پیسنے کے قابل ہو جاویں۔ صدف (سیپ) قسم اعلے ۴ ماشہ ان ہرسہ اشیاء کو کوزہ گلی میں ڈالکر اوپر سے گودہ کنوار گندل ڈال کر منہ پر ڈھکنا لگا کر بند کر کے اس قدر اوپلوں میں رکھ کر آگ دیں کہ سیپ بھی پیسنے کے قابل ہو جاویں پھر نکال کر عمدہ کھرل میں کھرل کر کے مثل غبار بنالیں اور یہ ہرسہ اشیاء ایک حصہ تباشیر ڈیڑھ حصہ ست گلو تازہ ڈیڑھ حصہ گل گاؤزبان ایک حصہ۔ رب السوس (ست ملٹھی) ڈیڑھ حصہ۔ کتیرہ دو حصہ انیسی ایک حصہ۔ پیپل دراز ایک حصہ۔ شکر تیغال ایک حصہ۔ سونف کے چاول ۲ حصہ چاول کشنیز ۲ حصہ کشتہ ابرک ½ حصہ خرانی کاربونا س ½ حصہ۔ مربہ سیب ۲ حصہ گلیسرین ۲ حصہ۔ شہد ۵ حصہ تمام اشیائے کھرل کر کے ملادیں اور اگر کمزوری زیادہ ہو تو ۱۵ عدد ورق طلاء بھی ملالیں۔

(دیگر) گل بنفشہ ۳ ماشہ۔ بیدانہ ۳ ماشہ۔ گل نیلوفر ۳ ماشہ۔ برگ گاؤزبان ۳ ماشہ۔ گلو تازہ ۱ ماشہ۔ خطمی ۲ ماشہ۔ عناب ۴ عدد۔ لسوڑیاں ۲ دانہ۔ زوفا ۲ ماشہ۔ پرسیاؤشاں ۲ ماشہ۔ سونف ۲ ماشہ۔ گلقند ۱ تولہ۔ منقہ ۵ دانہ۔ ملٹھی ۳ ماشہ۔ انجبار ۳ ماشہ۔ بورہ گندم ۲ تولہ۔ مصری یا کھانڈ دیسی ۲ تولہ کا ہر روز جوشاندہ پکا کر بمقدار ڈیڑھ پاؤ

یا کچھ زیادہ رکھ کر دن میں تین بار صبح۔ دوپہر اور شام اور پر والے پہلے نسخہ میں سے بقدر ایک ایک ماشہ ہر سہ وقت پھانک کر پی لیا کریں۔ کھانا کھانے کے جلد بعد یا پہلے دونوں وقت استعمال نہیں کرنا چاہئیے۔

ترش۔ تیز۔ روغن سیاہ (تیل) اور نزلہ پیدا کرنے والی اشیاء و گرد و دھوئیں وغیرہ سے پرہیز ہے۔ اور حتی الامکان تازہ ہوا میں رہیں اور سانس گہرا لیا کریں۔

نوٹ۔ یہ نسخہ دیگر سینہ کی کئی بیماریوں میں مفید ہے۔ (راجپوت گزٹ لاہور)

کھانے کا تیل مالکنگنی بنانا

بھینس کا دودھ دس سیر۔ مال کنگنی ایک سیر۔ جاوتری۔ لونگ۔ زرناوند مدحرج۔ زعفران ہر ایک ایک تولہ۔ سونٹھ۔ مصطگی رومی۔ گوگل ہر سہ آٹھ آٹھ تولہ تمام چیزوں کو جو کوب کر کے دودھ میں ڈالیں۔ اور نرم نرم آنچ پر چھ یا سات گھنٹے پکاویں جب آدھا دودھ جل جائے۔ اُتار کر ٹھنڈا کر کے دہی جمادیں اور صبح مکھن نکال کر گرم کریں اور روغن بنا کر بہ حفاظت رکھیں۔ اب روزمرہ صبح کو روغن ۳ تولہ۔ آرد نخود ۳ تولہ۔ شہد ۵ تولہ کا حلوہ بنا کر کھادیں اور حلوایوں بنادیں۔ کہ پہلے آٹا روغن میں بھونیں جب سرخ ہو جائے تو شہد میں ۱۵ تولہ پانی ڈال کر شربت بنادیں اور ڈالدیں اگر پانی کے بجائے ۱۵ تولہ دودھ ڈالیں تو اور بھی زیادہ مقوی ہوگا۔

روغن ہذا کے استعمال سے قوت بڑھتی ہے۔ ذہن اور عقل میں تیزی ہوتی ہے ضعف باہ اور ہر قسم کی جسمانی کمزوری دور ہوتی ہے اوپر کا مالش والا تیل ایک سال تک اور یہ کھانے والا ۶ ماہ تک کام دینے کے قابل ہیں۔ (آرمی نیوز)

گھیکوار کا آچار

گھیکوار کے پتے کے دونوں طرف کے کانٹے دور کر کے چھلکے دور کرے اور دو دو تین تین انگل ٹکڑے کرے اگر یہ ۵ سیر ہوں تو نمک پسا ہوا آدھ سیر ڈال کر خوب ہلا کر منہ بند کر کے ۳ دن دھوپ میں دھر دیویں اور دن میں دو بار ہلا دیا کریں بعد ازاں اس میں ہلدی ۱۰ تولہ۔ دھنیا (کشنیز) ۱۰ تولہ۔ زیرہ سفید ۱۰ تولہ مرچ سرخ ۱۰ تولہ۔ ہینگ بریان ۲ تولہ۔ اجواین ۲۰ تولہ۔ سونٹھ ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۷ تولہ

پیپل ۷ تولہ۔ لونگ ۵ تولہ۔ دارچینی ۵ تولہ۔ سہاگہ ۵ تولہ۔ عقرقرحہ ۵ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۱۰ تولہ
الائچی کلاں ۵ تولہ۔ ہلیلہ زنگی ۳۰ تولہ۔ سونف رہادیان ۳۰ تولہ۔ رائی ۳۰ تولہ۔
سوائے ہلیلہ زنگی کے سب ادویہ کو کوٹ کر اس میں ملا دیویں۔ خوراک اسکی ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک ہے اس سے پیٹ کی بادی بلغمی ہر قسم کی امراض گولا۔ اپھارا۔ بدہضمی وغیرہ پیٹ کی تمام امراض دور ہوتی ہیں۔ اگر یہ اچار سوکھ جاوے۔ تو اسکی پھکی دے سکتے ہیں یا اس کو ساگ دال بھاجی وغیرہ میں ملا کر دے سکتے ہیں یہ اکثر تلی۔ جگر یا پیٹ کی بیماریوں کے لئے بنایا جاتا ہے یا جن کو بھوک کم لگے استعمال کر سکتے ہیں (ر)

گڑوچی آدی گلوہ۔ اتیس۔ دھنیاں۔ زنجبیل (سونٹھ)۔ ہلکری۔ ناگرموتھا۔ نیترا بالا۔ پاڑھا۔ چرائتہ۔ کڑا کا پوست۔ صندل سفید۔ خس۔ نیلوفر ان کو پانی میں رات بھر بھگو کر صبح چھان مل چھان کر پیویں تو جڑا تپ۔ بھرم۔ دمس۔ نے۔ کم اشتہا۔ پیاس اور بلغمی وغیرہ تمام دور ہوتے ہیں۔

مفرح کہ مالیخولیا مراقی کے لئے بعد تنقیہ نہایت مفید اور مجرب

پوست آملہ ۴۸ ماشہ۔ چائے خطائی ۴۸ ماشہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۴۸ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۴۸ ماشہ۔ زعفران کشمیری اصلی ۹ ماشہ۔ جائفل ۹ ماشہ۔ تیز پات ۹ ماشہ۔ لونگ ۹ ماشہ۔ جاوتری ۹ ماشہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ۔ عود ہندی ۹ ماشہ۔ پوست ترنج نارنج ۱۲ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ ۱۲ ماشہ۔ مصری دیسی کھانڈ ۵ ماشہ۔ کھانڈ دیسی ۴۸ ماشہ۔ آب انبر باریس یعنی زرشک کابلی کا پانی ۱۸ تولہ۔ آب بیحل ۲۲ تولہ۔ آب سیب ۴۸ تولہ۔ آب بہی ۲۵ تولہ۔ آب انار ین حسب دستور ادویات کو نفتی کوٹ چھان کر زعفران کو کھرل میں گھس کے مصری اور کھانڈ کا ہر پانچ قسم کے پانیوں کے ساتھ قوام کر کے بعد قوام تیار ہو جانے کے باریک کر کے معجون بنا دیں۔ بعد کو بہ نے مزاج کے ۶ ماشہ سے ۱۰ ماشہ تک کھانے کو دیں پر نہایت آرام دیگے۔ (زندہ دل حکیم بھارت مسافر)

حفظ صحت کی گولیاں حسب ضرورت ایک دو گولیاں کھا لینے سے پیٹ صاف ہو جاتا ہے یعنی اخلاط فاسد کا تنقیہ ہو کر معدہ صاف ہو جاتا ہے

اصلی عصارہ ریوند ۱ تولہ لے کر اسکو عرق گلاب ۴ آنثہ سے عرصہ ۴ گھنٹے تک بخوبی کھرل کریں کہ ریوند مذکورہ صاف ہو جائے۔ پھر اسکے ساتھ صبر اعلےٰ ۱ تولہ سقمونیا مدبر ۱ تولہ۔ ریزہ گل گلاب ۱ تولہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ۴ تولہ۔ زعفران کشمیری ۱ ماشہ کھرل میں ڈال کر گھیکوار کے رس سے ۴ گھنٹے تک کھرل کر کے بقدر بیر صحرائی گولیاں بنا دیں آجاتک ۱ ماشہ سے ۴ ماشہ تک بہمراہ عرق گلاب یا پانی گرم صدوکی ضرورت ہو تو گلقند ی ۵ تولہ کھانڈ یا مصری کے آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر اوپر سے پلا دیویں بخوبی صاف ہو جاویگا کمزور کو کم دیویں۔ (ر)

حب مسہل کہ ہر ایک موسم میں کار آمد ہے اور سرد ہے

طباشیر ۱ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ ماشہ۔ کتھ سفید ۱ ماشہ۔ رسوت ۱ ماشہ۔ سرنجاں شیریں آرام آجاتک ڈبیا ۱ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۲ ماشہ (مغز جمالگوٹہ کو شورہ قلمی میں صاف کرنا) سب کر کے پانی سے گولیاں بنا دیں۔ خوراک نیم ماشہ۔ پانی سرد سے دیویں

فائدہ:۔ جمالگوٹہ کو بھینس کے گوبر میں ابال دینے کے بعد برگ انگور اور قلمی شورہ کو پانی میں ڈال کر جمالگوٹہ مذکورہ کی ڈوبلی لٹکا کر پکا دیں۔ ایک گھنٹہ تک اسطرح ۳ دفعہ پکا دیں تو صاف ہو جاویگا اسے نسخہ میں داخل کریں۔ (ر)

حب مقوی باہ و ممسک

کونچ بیج مقشر ۲ تولہ۔ خولنجان ۲ تولہ۔ تمال پتر ۲ تولہ۔ کباب چینی ۲ تولہ۔ جاوتری ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ گوکھرو ۲ تولہ۔ گل چمبیلی ۲ تولہ۔ مصطگی ۲ تولہ۔ لونگ ۲ ماشہ۔ کستوری ۱۰ ماشہ۔ کافور ۱ ماشہ۔ سب ادویات کھرل کر کے کستوری ملا کے کیسر کو عرق گلاب یا پانی میں حل کر کے اسے کھرل کر کے بہ قدر نخود یا بیر صحرائی گولیاں بنائیں

ایک گولی کھاویں۔ رات کو غذا کے بعد اس سے امساک ہو اور قوت بڑھے۔ (۱۷)

پھسمک چورن کھانے سے درد سنگرہنی باؤ گولہ اپھارہ و درد شکم اجیرن اروچی جلودھر وتو درد گٹھو درد وغیرہ وغیرہ سب کو دور کرتا ہے

حنظل یعنی تُرقمہ عدد۔ شاخ گھیکوار ۵ عدد۔ ڈنڈا تھوہر بقدر ۳ ہاتھ۔ مینگن بار ۱۰ عدد۔ ہو کرو ہی کے پھل ۵ عدد۔ نمک ہر پنجہ قسم آدھ سیر۔ اجوائن دیسی آدھ سیر۔ سب کو نیکوب کر کے ایک ہنڈیا گلی میں بند کر کے گجپٹ کی آنچ دیں جب سرد ہو جاوے نکال پیسکر نگاہ رکھے اور بقدر نیم ماشہ یا کم و بیش بقدر قوت بیمار کو دیا کریں ۳۲ روز میں فائدہ ہو گا۔ (۱۸)

سُرمہ کہ موتیا بند و جالہ وغیرہ کو مفید ہے

مصری کوزہ کی ۲ حصہ۔ نمک سفید ایک حصہ مانند سُرمہ کے پیسکر باریک کپڑے سے چھان کر ایک ہفتہ استعمال کریں۔ فائدہ ہو گا۔ (۱۹)

کشتہ تانبہ برنگت سفید

تانبہ خالص تپا کر کے ایک سو ایک دفعہ کالی گائے کے پیشاب کے اندر بجھاویں پھر دس سیر کچے جامن کے درخت کی لکڑیوں کے ٹکڑے لیکر اور ایک سیر جامن کی لکڑی کے کوئلے لیکر اور ان کو ذرا سا کوٹ کر اس میں تانبہ رکھکر کپڑے سے سی کر ایک گڑھے میں نیچے لکڑیاں اور اوپر کوئلے رکھکر اسکے اوپر موٹی موٹی لکڑیوں کے ٹکڑے جماؤ جب سالم وزن ۱۰ سیر ہو جاوے تو ایسی جگہ میں آگ لگا دیں کہ ہوا چاروں طرف سے یکساں لگے جب لکڑیاں وغیرہ جلکر راکھ ہو جاویں تو نکالو تو تانبہ برنگت سفید راکھ ہو گا۔ اب ہم نے کشتہ کرنے والوں سے پوچھتے ہیں کہ بھلا تانبہ کیوں سفید ہو گیا سو تمام لکڑیاں درخت جامن کی ہونی چاہئیں۔

ہیضے کا نہایت ہی مجرب اور آسان علاج

[illegible]ک ۴ تولہ۔ پودینہ کا ست ۴ رتی۔ تیزاب گندھک ۲۰ بوند۔ گھیکوار گودہ ۲ تولہ۔ [illegible] ۳ ماشہ۔ سب کو باریک پیسکر بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنا دے ہیضے کے [illegible] ایک ایک گولی ہر ایک ۱۵ منٹ کے بعد سوڈا واٹر کے ہمراہ کھلاویں۔ [illegible] کی مقدار ہر ایک گولی کے ساتھ ایک دو گھونٹ کافی ہیں۔ ایک بوتل سوڈا واٹر ۱۰ گولی کے ہمراہ کھلانا واجب ہے۔ دس گولی سے ضرور آرام آجاویگا۔

آتشک کے زخموں کے واسطے مجرب دھوڑہ

رسکپور ایک ماشہ۔ مازو ۲ تولہ۔ پھٹکری بریاں ۶ ماشہ۔ مصطگی ۱ تولہ۔ کوڑی زرد سوختہ۔ سفیدہ۔ ہر ایک ۱ ماشہ۔ کتھہ ایک تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ سب کو باریک پیسکر بقدر ضرورت زخموں پر چھڑک دو۔ دن میں دو تین بار ایسا کرنے سے ۳ روز میں آرام آجاتا ہے۔

مجرب نسخہ بائی گولہ

مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ تول یعنی مُر ۶ ماشہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ گوار گندل کا گودہ ۴ تولہ۔ آب برگ مکو ۱ تولہ سب کو باریک کر کے کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنا کر ایک ایک گولی بعد غذا دو نو وقت پانی کے ہمراہ یا عرق مکو کے ہمراہ جس کا وزن ۴ تولہ سے زیادہ نہ ہو دیا کرے۔ باؤ گولہ کو شرطیہ آرام ہو جاویگا بناؤ اور آزماؤ۔

واسطے شراب چھڑانیکے

تخم کرفس ۴ تولہ۔ سنگترے کا رس ۴۰ تولہ۔ [illegible] دھوپ میں رکھ دیں جب چند روز گذر[illegible] تو چھان لو اس عرق کو بعد

غذا پیا کرو۔ شراب کی عادت جاتی رہیگی۔ کیونکہ اس میں ایک قسم کی مفرح فرحت (۱۶)

نسخہ دافع بواسیر مجلوقی

گندھک آملسار ۶ ماشہ۔ نیم کا رس یا مدھ ۲ ماشہ۔ ہر دو کو ملا کر پیسکر چاٹ لو اوپر سے تھوڑا سا دودھ پی لو اس سے بواسیر دور ہو جاویگی اور خون بند ہو گیا ہو تو پھر یہ قاعدہ عمل میں لاویں دودھ تازہ گائے کا ایک پاؤ۔ خمیرہ گاؤزبان ۶ ماشہ ہر دو کو صبح کو خوب استعمال کریں ۲ ہفتہ کے بعد یہ نسخہ استعمال کریں۔ گندھک آملسار ۲ ماشہ ورق نقرہ ۳ ماشہ۔ برگ پان کا رس ۲ تولہ۔ مومیائی ۶ ماشہ۔ سب کو باریک کھرل کریں خوراک ایک رتی ایک پاؤ دودھ کے ساتھ استعمال کرایا کریں اس سے جریان احتلام سرعت انزال سب بند ہو جاوینگی ان سب عملوں کے بعد جو مقوی شے استعمال کرو گے سب کی سب ہضم ہو جاوینگی اور کبھی بھی بواسیر نہ ہوگی اور نہ ہی سرعت اور احتلام رہیگا۔

سلائی برائے دفعیہ امراض چشم دھند جالا غبار وغیرہ

پھٹکڑی ۳ تولہ۔ جست سوختہ ۳ ماشہ۔ نوشادر ۱ ماشہ۔ قلمی شورہ ۱ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ رتی۔ سب کو باریک پیسکر کسی لوہے کی صاف کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھو جب تمام اشیاء پھل جاویں تو ایک صاف سل پر گرا کر ایک چوڑی صاف لکڑی کو گیلا کر کے اسپر ملو کر مانند سلائی کے بنجاوے اگر ہاتھوں سے مل سکو تو ہاتھوں کو پانی سے گیلا کر کے مل لو مگر یہ احتیاط رہے کہ ہاتھ کو نہ لگے ورنہ گرمی سے ہاتھ جل جاویگا اس سلائی کا آنکھ کے اندر پھیرنے سے تمام امراض کو دور کرتا ہے۔

لماری آسو کوار گندل

گھیکوار کا رس ۲۰ تولہ۔ گو ۲۰ تولہ۔ سنگ ۱۰ تولہ۔ پانی ۲۲ تولہ ان سب کو صاف کر کے آگ پر رکھے جب پکا رہ جاوے تو اتار کر مل چھان کر ۲۵ تولہ شہد

اور ۲۴ تولہ گل دھاوا ملا کر ایک چکنے گھڑے میں بھرے اور اس میں مندرجہ ذیل چیزیں بھی ملا دیوے۔

جائفل۔ لونگ۔ کباب چینی۔ بال چھڑ۔ چب چترا۔ جاوتری سکا

پوہکر مول ہر ایک کا جو شاندہ ۴ تولہ ۴ تولہ ہر ایک دوائی لیکر اس میں ۱۶ تولہ پانی اور آگ پر رکھیں جب پکا رہے مل چھان لیں کشتہ تانبہ ۲ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ سب چیزوں کو ملا کر گھڑے کا منہ بند کر کے زمین میں یا وہاں کے ڈھیر میں ۲۰ دن گاڑ دیں کے بعد نکال کر چھان کر بوتلوں میں بھر لیویں خوراک اسکی ۶ ماشہ سے ۵ تولہ تک ہے حسب مزاج مریض کے دیویں۔ اسکے استعمال سے ہر قسم کا دمہ کھانسی تلی یا امراض پیٹ۔ بواسیر امراض بادی۔ مرگی وغیرہ امراض دور ہوتی ہیں۔ عورتوں کے گرنے کو دور کرتا اور خون حیض جاری کرتا ہے۔

ادرہت کٹجا اولیہ

پوست کڑا ۱۰۰ ۴ تولہ لیکر ایک دن ۲۲ تار پانی میں جوش دیا جاوے جب پانی پک کر چوتھائی حصہ رہ جاوے۔ تو اس میں ۸۰ تولہ کھانڈ ڈالکر جوش دیا جاوے جب اس کا قوام تیار ہو جاوے تو اس میں پارہ۔ لاجونتی۔ بنگڑی۔ پھول دھاوا۔ ناگر موتھا۔ انار بیسی۔ لودھ۔ رال۔ رسونت۔ دھنیہ خشک تمبتر بالا۔ یہ سب تولہ تولہ لے کر سفوف بنا کر ڈالدیں۔ بعدازاں ۲۰ تولہ شہد ملایا جاوے۔ اس اولیہ یعنی چٹنی کا ہر روز استعمال کرنے سے ہر قسم کا اسہال سنگرہنی۔ خون جانا بخار سوجن قے۔ بواسیر شدت پیاس۔ مل پت۔ شول۔ بد ہضمی یہ دور ہوتی ہیں۔ مجرب ہے۔

(دید یک سنگرہ ۱۰)

کنک سندر رس

شنگرف مصفیٰ مرچ۔ گندھک مصفیٰ۔ پیپل۔ سہاگہ۔ میٹھا تیلیا کتہ دھترہ یہ سب چیزیں ہموزن لے کر اول پارہ و گندھک کو کجلی کرے اور پھر تمام اشیاء ملا کر بھنگ کے پانی میں ایک پہر تک کھرل کئے جاویں بعدازاں چنے کے برابر گولیاں بناویں۔

سنگرہنی۔ بھوک کی کمی۔ بخار سخت سے سخت اسہال کے لئے یہ گولیاں نہایت ہی مفید ہیں۔ اور بہت عمدہ اوصاف رکھنے والی بیان کیگئی ہیں۔ (۱۱)

ترکیب کشتہ فولاد ازحد مقوی باہ

فولاد کا برادہ کریں یاد رہے کہ جہاں فولاد نہ ملے تو اسپاد عمدہ لینا چاہئے۔ سبز فولاد سب سے طاقتور ہوتا ہے اور معمولی لوہا سب سے کم) ۲ تولہ لیکر اس میں ایک تولہ پارہ ڈال کر باندی شراب میں سارا دن کھرل کرکے دو پیالی گلی کے درمیان رکھ کر گل حکمت کرکے ایک سیر جنگلی اوپلوں کی آنچ دیں پیالیاں پختہ مگر پتلی ہوں۔ پھر نکال کر اور ایک تولہ پارہ ڈال کر شراب میں کھرل کرکے دو پیالیوں کا منہ بند کرکے ایک سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اور اسطرح کی ۱۰ آنچ دیوے۔ پھر پارہ کو ½ ۱ تولہ پارہ ڈال کر اچھی طرح سے کھرل کریں پیالیوں کے اندر منہ بند کرکے ویسے ہی آنچ دو۔ تو وزن فولاد کا ½ ۱ تولہ زیادہ ہوگا۔ یاد رہے کہ ۸ آنچ کے بعد کم از کم پیالیوں کو بدل لینا چاہئے۔ پھر نکال کر ۴ ماشہ سم الفار ڈال کر شراب تیز میں ویسے ہی کھرل کرکے پیالیوں کے اندر بند کردیں۔ اور ڈیڑھ پاؤ آگ دیں۔ اسطرح ۲۱ آنچ دیوے۔ پھر اسے شراب کے ساتھ کھرل کرکے ایک شیشی میں بند کرکے گندم کے ڈھیر میں ۲۰ دن تک دباوے۔ پھر نکال کر بعد میں اس کے شیشی کو پھوڑ کر نارنجی رنگت کا کشتہ فولاد نکالے۔ خوراک نصف چاول۔ بھوک ۴ گنا ہو جاتی ہے۔ اور قوت باہ کی حد نہیں رہتی۔ مجس زردی اور سفیدی رنگت دو چار دن میں دور ہو جاتی ہے۔

ترکیب کشتہ فولاد ایک کوزہ گلی لے کر اس میں پاؤ سیر سونٹھ کوٹ کر بچھا دیوے اُس پر ایک تولہ برادہ فولاد رکھ کر اُس پر دوسرے پاؤ سونٹھ کوٹ کر دوائی ڈال دیوے۔ اور اس کوزے کو لیموں کے رس سے بھر کر دھوپ میں رکھے۔ ۲۰ دن تک دھوپ میں رکھے۔ مگر لیموں کا رس سوکھے نہیں اور ڈال دیا کریں۔ پھر ۱۰ دن کے بعد نکال کر کڑچ میں سب کچھ ڈال دیوے۔ اور ایک پاؤ دہی ڈال دیوے۔ اور کوئلے کی آنچ کرے۔ جلے کہ دہی اور سونٹھ جل جاوے۔ پنکھے سے اُن کو اُڑا دیوے۔ گلابی رنگت کا نہایت عمدہ کشتہ ہوگا جو خون کو بڑھاتا ہے۔ بھوک وغیرہ کو تیز کرتا ہے ضعف جگر وغیرہ ہٹاتا ہے۔ خوراک صرف ۲ رتی۔ (۱۱)

عنایت فرمائے من جناب پنڈت جی دام اقبالہٗ

تسلیم التماس ہے کہ نسخہ ہائے مرقومہ ذیل کو جو میرے بارہا تجربہ کردہ اور صدریہ ہیں اور جن سے ہزارہا آدمیوں کو صحت حاصل ہوئی۔ برائے پبلک اپنے اخبار گرامی میں جگہ دیں

حبوب سم الفار سم الفار سفید ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ پہلے مرچ سیاہ کو تھوڑے سے پانی میں ۱۲ گھنٹے بھگو دیں۔ اور پھر اسی میں آگ پر اتنا پکائیں کہ پانی خشک ہو جاوے اور مرچ بالکل نرم ہو جاوے۔ اور پھر سم الفار کو باریک پیس کر گولیاں برابر مونگ بنادیں اور صبح و شام ایک گولی کھانے کو دیں جس سے بخار بہت جلد دور ہوگی

حبوب دار چکنا دار چکنا جسکو انگریزی میں ہیڈرا بیری پرکلورائڈ کہتے ہیں۔ اسکو بھی اسی طرح اور اتنی ہی مقدار کی گولیاں بنادیں۔ جیسی کہ سم الفار کی بنائیں ہیں فقط بجائے سم الفار کے دار چکنا داخل کریں۔ یہ گولیاں بھی اسی طرح سے ہیں جیسے کہ سم الفار کی دوائی۔

نسخہ رسکپور رسکپور کی گولیاں اسی طرح بناوے۔ جیسے کہ دار چکنا اور سم الفار کی بنائی گئیں۔ مگر گولیاں اس کی مقدار میں کچھ ایک بڑی ہوں اور پیچش تک وغیرہ میں بہت مفید ہیں۔ بد پرہیزی سے کسی گولیوں سے بھی کسی قسم کا نقصان تک نہ ہوگا۔ (نیاز مند شیخ ابراہیم میونسپل اور سیر احمد بندی)

جناب پنڈت صاحب دام اقبالہٗ

مندرجہ ذیل نسخہ جات واقعی عمدہ معلوم ہوتے ہیں

کشتہ تانبا نہایت آسان تانبہ ۱ تولہ صاف حب دھوپ ۴ تولہ تانبہ کے پترہ پر لیپ کرکے ۸ سیر پختہ اوپلوں کی آنچ دیں سیاہ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ (راقم حکیم غلام محمد از چک غلام محمد پٹواری والہ)

کشتہ شنگرف ازحد مقوی باہ

نسخہ سنگرف مصفےٰ ۱ تولہ۔ گوشت بز ۵ تولہ۔ روغن زرد بہ قدر ضرورت۔

ترکیب:- گوشت کو قیمہ کرکے کونڈے ڈنڈے میں خوب گھوٹیں جب خوب میدہ ہوجاوے تو شنگرف پر لیپ کردیں۔ گولا سا بناکر دیگچی یا کڑاہی آہنی میں روغن زرد ڈال کر آگ پر تپادیں جب گھی جوش پر آوے۔ تو گولا پیچ میں چھوڑدیں جب پختہ ہوکر سرخ ہوجاوے تو نکال لیں۔ مگر گوشت نہ جلنے دیں۔ اسطرح سو دفعہ کریں۔ یعنے پٹ دیویں۔ شنگرف کشتہ بن جاویگا۔ خوراک ایک چاول مکھن میں۔ شنگرف ایک ٹکڑا ہونا چاہئے۔ اور یا یکدن میں کئی دفعہ پٹ دیسکتے ہیں۔ بہت سا گوشت پہلے تیار کرلیں۔ اور روغن زرد زیادہ ڈال دیا جو اصحاب گوشت نہیں کھاتے ہیں وہ تخمہ حنظل ا سو عدد میں ا کر بنادیں۔

تخمہ پختہ لے کر چاقو سے اسی قدر ٹکڑا جدا کریں جسمیں ایک تولہ شنگرف کی ڈلی آجاوے وہ ٹکڑا اور گودا اسی سوراخ میں ڈال کر منہ بند کرکے گل حکمت کردیں۔ آدھ سیر بکری کی مینگنی خشک کی گوھے میں آگ دیں۔ اسطرح سو آگ دیں۔

علاج صرع یعنی مرگی

مرچ سیاہ ۱۰ تولہ۔ بول ہاتھی نر ایک بوتل کلاں (۲ پاؤ والی) مرچاں باریک کرکے کھرل میں ڈال بول یعنے پیشاب ہاتھی تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جاویں جب بول ختم ہوجاوے خشک کرکے شیشی میں نگاہ رکھیں۔ اور بطور نسوار استعمال کریں۔ خصوصاً بوقت دورہ مریض جلدی ہوش میں آجاویگا۔ اس نسوار سے ناک کے راستہ ایک کیڑا نکلے گا جب کیڑا نکل جاویگا صحت ہوجاویگی آزمودہ ہے کم از کم نصف نسخہ سے کم نہ بناوے کیونکہ کم پیشاب جلدی جذب ہوجاتا ہے۔ اور دوائی کم کھرل ہوتی ہے۔ اسواسطے دانا تجویز کرنے والے نے سالم بوتل تجویز کی ہے کہ اچھی طرح کھرل ہوجاوے۔ اور یاد رہے کہ جب تک پیشاب خشک اور جذب نہ ہوجاویگا۔ کھرل برابر جاری رہے۔ ورنہ دوا عمدہ نہ بنے گی۔

نسخہ دافع غبار چشم

ہلیلہ سیاہ۔ ہلیلہ زرد کی گٹھلی سوختہ۔ تخم سوختہ۔ رسونت۔ تخم سفید تخم سیاہ نوشادر۔ پھٹکری بریاں۔ سمندر جھاگ۔ تخم سفید گول۔ ہموزن لیکر عرق گلاب میں

دو یوم کھرل کرکے بطور سرمہ کرکے لگانا بہت مفید ہے۔

دودھ کے باقاعدہ ہضم کرنیکے واسطے

اجوائن ۳ ماشہ۔ سوڈا کاربونیٹ ایک ماشہ۔ ہردو کو ملاکر سفوف بناویں اور دودھ کے ہمراہ پھانک کر دودھ کو پی لیا کریں اس سے دودھ سارے کا سارا ہضم ہوجاویگا اور چند روز میں طاقت آجاویگی۔

ضعف جگر کے واسطے عجیب نسخہ

اجوائن دیسی ۴ تولہ لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر اس کے اندر ۲۰ تولہ سرکہ خالص یا سرکہ انگوری ڈالکر کھرل کرکے خشک کریں بقدر ۳ ماشہ بجری کی چھاچھ سے جسمیں نمک ملایا گیا ہو۔ روز لگاتار کھانے سے ضعف جگر بخبس مٹی کھایا ہو ضعف دور ہوجاتا ہے اگر عرق اجوائن کے ہمراہ یا پانی کے ہمراہ یہی دوائی کھادیں تو تلی بھی دور ہوجاوے سفید رنگ کو سرخ رنگت بنادیتا ہے کھرل کرتے وقت دستہ بھی لوہے کا ہونا چاہئیے۔

نسخہ روغن برائے مالش جو درد ٹانگ کو آرام دے

تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ مال کنگنی ۴ تولہ مغز تخم انڈہ ۱ تولہ۔ تلی کا تیل یعنی روغن کنجد ۲ تولہ سب ملاکر جلالو اور تیل صاف کرکے مالش کیا کرو۔

نسخہ دافع نکسیر

پھٹکری ۱ تولہ۔ لیڈ اوکسائیڈ ایک تی مجرد کو پانی میں گھول کر ملالیں بقدر ۴ بوند دن میں دو تین دفعہ ناس میں چڑھاویں آرام ہوجاویگا اگر لیڈ اوکسائیڈ نہ مل سکے تو سفیدہ کاشغری ڈال لو یا سونٹ ڈال لو سبکا یکساں اثر ہوگا اگر نکسیر سے دماغ کمزور ہوگیا ہو تو حب ۱ طبیس دودھ سے کھاویں اس سے دماغ بھی تقویت پکڑیگا اور آئندہ نکسیر

پھوٹنے کا اندیشہ بھی نہ رہیگا۔

نوشادر کا سرمہ دافع بخار

مجھے ایک سادھو نے بتایا تھا کہ نوشادر ایک ایسی چیز ہے جس سے بخار کو آنکھ کے اندر سرمہ کی طرح ڈالنے سے آرام ہوجاتا ہے میں نے اس کے استعمال کے طریقے پوچھے پہلے تو مجھے بتانے سے انکار کیا آخر کو میں نے بہت سی باتوں سے اسے قائل کیا جس کے اس نے مجھے بتادیا۔ مگر میں نے اسکا تجربہ تا حال نہیں کیا امید ہے کہ ہمارے ناظرین اخبار اسکو تجربہ کرکے اطلاع دینگے

نوشادر کے سرمہ بنانیکا طریق یہ ہے

نوشادر عرصہ ۴ گھنٹے تک گلو کی رس میں کھرل کرکے دو پیالیوں میں اسکا جوہر اڑادیں پھر ایک دفعہ اور اسی جوہر کو ۴ گھنٹے گلو کی رس میں کھرل کرکے جوہر اڑادیں پھر اس طرح ایک دفعہ اور کرکے جو جوہر نکلے اسے سرمہ کیطرح باریک کرکے رکھیں اور آنکھ میں لگادیں لگاتے ہی بخار اترنا شروع ہوگا اور جست کی سلائی سے لگادیں تو اچھا ہے۔

بدن کی خارش دور کرنے کا تیل

آملہ

گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ایک رتی۔ سرسوں کا تیل ۵ تولہ۔ کافور ۲ رتی تیل اور گندھک اور نیلا تھوتھا کو باریک کرکے پیسکر آگ پر جلادیں جب تیل جلکر سیاہ ہوجاوے تو اتار کر کافور ڈالدیں اور چھان کر کام میں لاویں مجرب ہے۔

سفوف برائے دافعیہ آتشک

کمباشیر ۲ ماشہ۔ کتھہ ۶ ماشہ۔ رسکپور ا ماشہ۔ سفیدہ ۱۵ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ مازو ۳ ماشہ۔ پشکی ہریاں ۳ ماشہ۔ رال ۱۱ ماشہ۔ سب کو ایک جگہ پیسکر زخموں پر چھڑک دیں چند روز میں آرام ہوجاویگا۔

دوائی دافع کھانسی شیر خواران

ست ملٹھی ۱ تولہ۔ ایلوا ۴ رتی۔ ہر دو کو باریک پیسکر بقدر ایک رتی کے بچے کو رات کو کھلاویں دو روز میں کھانسی دور ہوجاویگی۔ اور قبض بھی جاتی رہے گی۔

دوائی برائے دافعیہ مرض اُم الصبیان

یہ مرض بچے کو بہت ستاتی ہے جبکہ ماں باپ حالت شیر خوارگی میں مجامعت سے پرہیز نہیں کرتے ہیں جب پرہیز کرینگے مرض جاتا رہیگا اور بعد پرہیز بچے کو یہ دوائی دیں۔ سیاہ مرچ ۱ تولہ۔ گودہ گھیکوار ۲ تولہ۔ باریک پیسکر بقدر سیاہ مرچ گولیاں بنادیں ایک گولی بچے شیر خوار کو دیں اور اوپر سے والدہ کا دودھ دیں اور بغیر شیر خوار کو بازار کے دودھ سے ہر روز دیا کریں ام الصبیان سے آرام ہوگا۔

نسخہ دافع بخار ہر قسم مگر دق اور ورم میں نہ دینا چاہئیے

عام بخاروں میں مفید ہے۔ ست گلو ۳ ماشہ۔ کونین ۴ رتی۔ گنشیا اسفنڈ ۲ تولہ۔ لیموں کا رس ایک تولہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ سب کو ملاکر ۴ خوراک دن میں ۴ دفعہ دیں بخار اور قبضی دور ہوجاویگی۔ دوسرے روز شربت بنفشہ ۳ تولہ دو دفعہ پلادیں تاکہ پہلی دوائی کا خراش پیدا نہ ہو اور قبض نہ پیدا ہو۔

دوائی دافع شکایت قبض

ہیرڑ

ہلیلہ زرد ۵ تولہ۔ گھیکوار کا گودہ ۴ تولہ۔ نمک بقدر ذائقہ سب باریک پیسکر بقدر نخود گولیاں بناویں بعد غذا ۲ گولی صبح ۲ گولی رات کھاویں قبض نہ رہیگی۔

دوائی دافع بخار شیر خواران

گلو سبز کا پانی نکالا ہوا ۳ تولہ۔ ریوند اور ہلیلہ زرد کے ساتھ گھس کر ۲۔۲ دفعہ دیویں

دعرق کاسنی ۵ر۵ تار میں جوش دیں۔ جب نصف عرق باقی رہ جاوے۔ استعمال کریں
ادعہ نسخہ سکنجبین بزوری معتدل کا یہ ہے صفت تخم کاسنی نیمکوب اتولہ تخم خیارین نیمکوب اتولہ۔ تخم خربوزہ نیمکوب اتولہ۔ تخم غرفہ سیاہ نیمکوب اتولہ۔ تخم کتان نیمکوب اتولہ۔ بادیان نیمکوب اتولہ۔ تخم کرفس نیمکوب اتولہ۔ پوست بیخ کاسنی نیمکوب اتولہ پوست بیخ بادیان اتولہ۔ پوست بیخ کرفس نیمکوب اتولہ۔ سرکہ خالص آدھ پاؤ شکر سفید ڈیڑھ پاؤ۔ پانی آدھ پاؤ۔ ریوند خطائی ۶ ماشہ کل ادویہ جوکوب کرکے پانی اور سرکہ میں ایک شبانہ روز بھگو کر اور چھانکر قوام رقیق کریں۔ (//)

کھانسی } ہر قسم کی کھانسی کیواسطے برگ اک دریاں جو پتے خود بخود سوکھ کر درخت سے پت جھڑ ہوگئے ہوں۔ بہ قدر حاجت باریک کوٹ کر نمک طعام و فلفل سیاہ بہ قدر ذائقہ پانی کے ساتھ جھڑبیری کے بیر کی برابر گولیاں بناویں بوقت ضرورت حسب تقاضا دہن میں کھالیا کریں۔ پوری مقدار ۲ گولیاں ہیں۔ بچوں کے واسطے بلحاظ عمر استعمال کرویں۔ (ایڈیٹر)

خارش خصیہ } صندل سفید کو سرکہ گلاب میں گھسکر تیل نیم ۶ بوند۔ امرت دھارا ۲ بوند ملا کر لگایا کریں۔ دو تین دن میں آرام ہوگا۔ دیگر مفید جو ذیل مصفیٰ خون عرق بنا کر استعمال کریں **عرق** عشبہ۔ مونڈی بوٹی۔ نیم۔ چرائتہ۔ شاہترہ۔ برہ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ عناب ہر ایک نیم پاؤ تمام کو بھگو کر بدستور عرق کشید کریں۔ خوراک عرق ایک چھٹانک سے نیم پاؤ تک میٹھا اس کے لئے شہد ملا کر پیا کریں۔ خارش کے لئے عجیب نسخہ ہے۔ آزما کر اطلاع دیں۔ (//)

امساک رطوبت رحم کا نسخہ

حب لفرگ ۳ ماشہ۔ جل فلفل ۳ ماشہ۔ صمغ ڈھاک ۳ ماشہ۔ پوست سرو ۳ ماشہ۔ شکر سفید اتولہ آمیختہ کوفتہ سفوف ساختہ متواتر تا سہ روز مریضہ را بخورند بفضل تعالیٰ بہ خواہد شد جناب حکیم حامد حسین صاحب چراکہ تفصیل چند در چند امراض در اخبار ارقام نہ فرمودہ اند بوجہ علاج زیادہ رحم ماؤفہ بمعرض تحریر نیامدہ و اختلاج القلوب از سیلان یا شرح ظاہر است تاہم خمیرہ گاؤزبان عنبری و دیگر ادویات

متوی اعضائے رئیسہ استعمال نمایند و رحم آغزیضہ کہ جانب اسفل مائل است علاج قابلہ بہتر است و نیز دیگر از کتب طبیہ تجویز نمایند (حکیم محمد سعید احمد اسیٹھ)

سن کے کپڑے پر سے سیاہی دور کرنے کا طریق

بازار سے تھوڑا سا لیموں کا سالٹ یا آکسالک ایسڈ خرید کر سیاہی والے مقامات پر لگا دیں۔ اور اس کے اوپر گرم ابلتا ہوا پانی ڈالیں۔ اگر ایک بار کے کرنے سے داغ دور نہ ہوں تو پھر بھی یہی عمل کریں۔

کپڑے سے تیزاب کے داغوں کو دور کرنیکا طریق

ایمونیا کا پانی فلالین کی اکھری تہ پر لگا کر داغ پر آہستہ آہستہ رگڑیں۔ تمام داغ دھبے دور ہوجاویں گے۔

مکھیاں دور کرنا

ایک چمچہ بھر پانی میں ملائی ہوئی کھانڈ میں اس سے نگنی بالائی ملا کر اس مرکب کو طشتریوں کے اندر ان مقامات پر رکھدو جہاں مکھیاں بکثرت ہوں۔

وجع المفاصل } وبرائے عرق النساء ونقرس ودرعشہ سود دہد۔

سورنجان شیریں۔ بادیان۔ بیخ بادیان۔ خیارین۔ بیخ کاسنی۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ تخم خربوزہ ہر ایک پانچ ماشہ۔ مویز منقیٰ ۹ دانہ۔ تخم کسوث چھ ماشہ رات کو گرم پانی میں بھگودیں۔ اور صبح کو قدرے جوش دیکر چھان کر ۲ تولہ شربت بزوری ڈال کر ہمراہ معجون سورنجان چھ ماشہ استعمال کریں۔ (حکیم مولوی سید عبدالغفور)

روغن } نسخہ۔ دیودار۔ بچ۔ امبا ہلدی۔ دار ہلد۔ اصل السوس۔ لسان العصافیر۔ کمیلہ۔ مال کنگنی۔ قرنفل۔ گلدار۔ نشادر۔ روغن کنجد ہر ایک ایک تولہ تالاب کے پانی میں جوش دیں حتیٰ کہ ادویہ جل کر تیل چھوڑدیں۔ دن بھر میں چار پانچ مرتبہ مالش کرکے سینک کریں۔ (//)

سوزاک کہنہ } کشتہ سیسہ۔ کشتہ مرجان۔ کشتہ حجر الیہود و سنگ سرماہی جو ہر دو ادویہ کو ملا کر مولی کے عرق میں کیا ہوا ہر سہ نصف ماشہ۔

چھوٹے بتاشہ میں رکھ کر کھائیں بعدۂ بادیان۔ گوکھرو کلاں کشمش۔ تخم خربوزہ کشنیز خشک ہر ایک پانچ ماشہ پیسکر پانی میں گھول کر چھان کر۔ شربت نیلوفر ۲ تولہ ڈالکر۔ (د ۔۔)

طلسم سر درد } کافور ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی کلاں۔ پھٹکری۔ گل منڈی ہر ایک چھ ماشہ باریک پیسکر عرق کیلہ میں حل کر کے بوتل میں بند محفوظ رکھیں۔

بوقت ضرورت سر درد والے کی دونوں آنکھوں میں ایک ایک بوند ڈالدیں اسیوقت سر درد کافور ہوجائیگا۔ بشرطیکہ بخار نہ ہو۔ (د ۔۔)

ضرب (چوٹ)

ایک بیگن سالم کا بھورتہ بناکر عضو ماؤف پر باندھیں۔ اور مومیائی یک سرخ گھی میں گرم کرکے دودھ گرم میں ڈال کر پلائیں۔ ٹوٹی ہوئی ہڈی جڑجائیگی۔ (د ۔۔)

حمی الدق (تپ دق)

تپ کہنہ۔ کافور کو جوکوب کرکے مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال کر مٹی کا سرپوش جو درمیان میں اونچا ہوا اٹھا لگا کر منہ کو کپڑے سے مٹی ملتانی یا چکنی لگا کر خشک کرکے اس کے نیچے موٹی بتی کا چراغ سرسوں کے تیل سے روشن کر کے رکھیں اور اس کے منہ پر بقدر ضرورت بوجھ رکھدیں۔ جب تیل چراغ کا ختم ہوجائے۔ ہانڈی کو ٹھنڈا ہونے کے بعد کھول کر اس کے سرپوش میں سے جما ہوا کافور کا ست نکالیں اور بوقت ضرورت نصف ماشہ ایک تولہ شکر سفید بورہ میں رکھ کر مدقوق کو کھلائیں۔ خواہ وہ مدقوق مسلول ہو یا نہ ہو۔ استعمال اس کا دونوں حالتوں میں جائز اور مفید ہے (د ۔۔)

سیسہ کو کورے برتن میں ڈال کر پگلالیں۔ جب وہ پگل جائے۔ تب کنگھی کی گھاس ہوتی ہے۔ جس کے پھول کی یہ شکل ہے۔ سبز لکڑی سے جلاتے رہیں۔ جب تمام سیسہ جلکر خاک ہوجائے محفوظ رکھیں۔ تین رتی بوقت ضرورت شربت نیلوفر ۲ تولہ میں ملاکر مدقوق کو چٹادیں۔ (د ۔۔)

پتی (پت اچھلنا)

بادیان ۵ ماشہ۔ مویز منقےٰ ۹ دانہ۔ املی کتارہ ۲ تولہ دونوں دوائوں کو پانی

کیساتھ پیس کر گلقند ۲ تولہ پانی میں حل کر کے املی کا زلال ملاکر پلائیں۔ (د ۔۔)

مقوی باہ } مونڈی جو کہ جنگل میں ہوتی ہے اور مشہور بوٹی ہے۔ اسکو معہ جڑھ اور پتوں اور گھونڈیوں کے سایہ میں خشک کر کے باریک کوٹ پیسکر کپڑے میں چھان کر ہموزن اس کے میدہ گندم لے کر بطریق مشہور حلوا بنائیں خوراک ۵ تولہ (۱۱)

نسخہ کنٹھ مالا

مرغی کے انڈے کو ایک جانب کاٹی شگاف دیکر سفیدی نکالیں اور زردی اسی پوست بیضہ میں چھوڑ دی جائے بعدازاں سہاگہ بریان ایک ماشہ اسمیں ڈال کر ملاکر رکھیں۔ دن بھر میں ایک مرتبہ بقدر ضرورت اسکا لیپ کیا کریں۔

نوٹ ۔ چنانچہ یہاں میں مسمی سید طفیل احمد ولد علی احمد کے گلے میں زخم تھا یہاں تک کہ نصف گلو کا بیرونی حصہ زخمی ہو گیا تھا۔ سانپ کی ہڈی وغیرہ کا و دیگر ادویہ کا بہت استعمال کیا مفید نہ پڑا۔ جب حکیم صاحب موصوف نے مرہم بیضہ مذکورہ بالا اسکو دیا چند روز میں آرام ہو گیا (خریدار اخبار ۳۰۶۷)

جو ایسا کرنا اچھا نہیں سمجھتے وہ اور مفید نسخے وٹس ایکارک سے حاصل کر سکتے ہیں (ایڈیٹر)

نسخہ پتھری مثانہ } حجر الیہود ایک ماشہ۔ سنگ سرماہی ایک ماشہ ہر ایک سفوف کر کے کھائیں۔ بعدۂ بدرقہ شیرہ بادیان ۵ ماشہ شیرہ تخم خربزہ ۳ ماشہ۔ شربت بزوری ۲ تولہ ڈالکر پلادیں۔ (د ۔۔)

نسخہ بواسیر } برگ سبز املی ۱ تولہ۔ برگ شیشم ۱ تولہ۔ برگ سبز جامن ۱ تولہ برگ انبہ سبز ۶ ماشہ۔ برگ درخت برگد ۲ ماشہ دودھ خام میں ملاکر پی لیں۔ بعدۂ موافق خوراک کے دودھ میں ملاکر نبات سفید ۲ تولہ ڈال کر پلائیں۔ اگر اس سے بھی مریض کو فائدہ نہ ہو تو ضفدع ریشکی (کانٹنگ) سفوف ۲ ماشہ کر کے اول کھلائیں اوپر سے دواء مذکور پلائیں (د ۔۔)

امریکن ہینڈ پریس } سریش باریک ۱ حصہ پانی سہ گنا رات بھر بھگو کر صبح کو

جو شدہ جب سریش پگھل جاوے چولہے سے اُتار کر ۵ حصہ گلیسرین آہستہ سے ملا دیوے۔ اور پھر بیریم سلفاس ۲ حصے ملا کر خوب ہی حل کرو۔ اور ایک ٹین کے چوکٹھے میں ڈال کر جما لو۔ ایکبار میں ۵۰ کاپی نقل ہو سکتی ہے اور اُسکی سیاہی نیلا پن و گلیسرین ہموزن پانچ گنے پانی میں ملا کر گرم کرنے سے بنجاتی ہے اور چھاپنے کے واسطے کاغذ بھگو کر لگا دیں (شیخ محمد صدیق محسن)

روشنائی سیاہ موسومہ مصطفائی

دُود چراغ۔ آب سیوس گندم۔ آب کوکنار۔ آب کیلہ۔ طوطیا سبز۔ صمغ عربی سب کو برابر وزن ملا کر گھوٹ لو۔ (ر۔ ا)

بلیو بلیک { ہرڑ بیڑہ۔ آملہ ہر ایک ایک چھٹانک۔ لوہ چون ایک چھٹانک۔ تیل ولایتی ۱ تولہ۔ پانی ایک سیر تیل کے علاوہ سب کو ایک گھڑے میں ڈال کر دس روز تک سڑنے دو۔ بعد ازاں خوب مل چھان کر فضلہ پھینکدو اور عرق میں تیل ملا کر گھوٹ لو۔ (ر۔ ا)

سُرخ روشنائی:- شنگرف کو عرق ستن جوت میں خوب گھوٹ لو۔ (ر۔ ا)

گھوڑے۔ گائے۔ بکری اور انسان کی خشک اور تر خارش کا اکسیر نسخہ

آملہ سار گندھک ۸ ماشہ۔ دودھ ۳ پاؤ۔ گھی آدھ پاؤ۔ دودھ اور گھی کے تین تین حصے کرو۔ اوّل ایک حصہ گھی کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھو جب خوب گرم ہو جائے اس میں آملہ سار کا ایک ہی سالم ٹکڑا ڈالو۔ وہ چند منٹ میں گھی کے ساتھ یکجان ہو جائیگا اب اسکو فوراً اُتار کر ایک حصہ دودھ میں ڈالو پھر ایک حصہ گھی آگ پر رکھو اور اس دودھ سے جس میں وہ گھی اور آملہ سار تیل ملا ڈالا ہے آملہ سار نکال کر اس حصہ گھی میں دوبارہ ڈالو۔ یوں ہی پھر دوسرے حصہ دودھ میں ڈالو۔ علی ہذا تیسری دفعہ بھی ایسا ہی عمل کرو۔ وہ آملہ سار گھی میں تیل ہو کر پھر دودھ میں ڈالنے سے نیچے جم جاتی ہے۔ تین دفعہ اس کا جوہر اس گھی اور دودھ میں لے لو۔ اور پھر اوپر سے دودھ اور گھی نتھار لو۔ اور نیچے کا فضلہ یعنی وہ آملہ سار پھینکدو۔ یہ دوائی صرف چار۔ پانچ دن پلانے سے

ہر ایک مندرجہ صدر جانور کی خارش جڑ سے دُور ہو جاتی ہے۔ لحاظ یہ رکھنا چاہئے کہ انسان و بکری کیلئے آملہ سار گھی اور دودھ کا وزن نصف کافی ہے۔ اور چونکہ انسان کو بعد لذت پینا اس کا دشوار ہے لہذا اسے اس دودھ گھی تیار شدہ میں قدرے شہد یا شکر بھی حل کر لینے کی اجازت ہے۔

نوٹ:- یہ دوائی قدرے گرم گرم ہی پینا اور حیوانات کو پلانا چاہئے درمیان استعمال دوا کے حیوانات کو سبز چارہ کا اور انسان کو ترشی و سبز میوہ جات کا پرہیز کرنا ضروری ہے۔ وقت استعمال کا علے الصبح ہے اور دوائی ہر روز تازہ بناویں۔

سم الفار کی گولیاں

یہ گولیاں انسان کے آتشک۔ سرخ بادہ۔ گٹھیا کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ ہاتھی کی گج کلچی (ایک خونی بیماری ہے۔ تمام جسم متورم ہو جاتا ہے) اونٹ کی سرن باد اور گھوڑوں کی ہر قسم کی زہر باد کی بیماریوں اور کر گرمی میں تیر بہدف ثابت ہو چکی ہیں۔ گائے بھینس اور بکری کو "منہ کھر" کی بیماری ہو۔ تو دو تین دن کے اندر شفایاب کرتی ہیں۔

نسخہ یہ ہے { سنکھیا سفید۔ سنکھیا زرد ہر ایک چھ ماشہ۔ آملہ سار گندھک۔ پارہ۔ میٹھا تیلیا۔ دار چکنا۔ ہیرا کسیس ہر ایک ۲ تولہ۔ نیلا تھوتھہ۔ مغز کچلہ۔ جمال گوٹہ۔ ہڑتال طبقی۔ پوست بیخ تلسی۔ کہربا۔ گول مرچ سفید ہر ایک ۳ تولہ سب کو کھرل میں ڈال کر ۷ دن تک پیاز سفید کے پانی میں پیسیں اور بعد ازاں خشک کر کے پھر سات دن تک ادرک کے رس میں کھرل کریں۔ پھر خشک ہونے پر شہد میں بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنا دیں۔

انسان اور بکری کو ایک گولی۔ گائے بھینس کو دو تین تک اور گھوڑے اونٹ اور فیل کو چار پانچ اور چھ تک بھی ایکدن میں کھلا سکتے ہیں۔

مندرجہ صدر ہر ایک حیوان کی کھجلی۔ جالا۔ دھند اور آنکھ کی ہر قسم کی خارش و اریکی دور کرنے کا مجرب نسخہ اگلے صفحہ میں مندرج ہے۔

صفت اس کی سہاگہ بریان۔ پھٹکری خام (ایلوا) نوشادر۔ قلمی شورہ۔ گیرو۔ سمندر پھین۔ کھانڈ دیسی ہر ایک ا تولہ۔ سونٹھ کا آٹا ۲ تولہ سب کو کاغذی لیموں بناویں اور شیشی میں بند کریں اور ہر ایک مریض کو صبح و شام دو وقت عرق گلاب سے گھس کر بطور انجن لگاویں۔ حیوانات سے جن کو انجن نہ لگایا جا سکے سفوف کر کے اور کسی نلکی میں بھر کر آنکھوں میں پھونکیں۔

نوٹ:۔ یہی دوائی بکری کے جگر کا پانی نکال کر کھرل کر کے استعمال کریں۔ تو عارضہ شب کوری (اندھراتا) بھی دور ہو جائے۔

ہر ایک حیوان کی قبضی دور کرنے کا مجرب و آزمودہ نسخہ

گھگردیل ا تولہ۔ تخم عشق پیچہ ۱۴ ماشہ۔ جو کی سبزی ۳ تولہ سب کو باریک رگڑ کر کے ۲ پاؤ پانی (دس چھٹانک) میں یعنی گھنٹے کے پانی میں گھول کر پلاویں فوراً ہی اسہال شروع ہوں گے۔

یہ نسخہ ایک گھوڑے کے لئے ہے بکری کو آدھا انسان کو نصف۔ گائے بھینس کو ڈیوڑھا وزن اور اونٹ ہاتھی کو دگنا تگنا کر کے دیں۔

تنبیہ:۔ یہ دوا حاملہ حیوان کو ہرگز نہ دیں۔ ورنہ بچہ بھی فوراً دستوں کے ساتھ خارج ہو جاوے گا۔

طلاء مجلوق سم الفار سیاہ ا تولہ۔ بیخ گل بانسہ ۲ ماشہ۔ بیخ کنیر سفید ۲ ماشہ۔ قرنفل۔ اکلملا ۲ ماشہ۔ جند بید ستر ۲ ماشہ۔ پشتا ودہ ۲ ماشہ۔ مرمکی ۲ ماشہ ادویہ مذکورہ کو باریک کوٹ کر دودھ پانچ سیر۔ کوری ہانڈی میں ڈال کر بطریق معمولی پکاویں۔ جب یہ دودھ پک جائے جمالیں اور صبح اس کا مکھن نکالیں۔ اور دو روز بعد مکھن کو گرم کر کے روغن بنا کر بوتل میں بحفاظت رکھیں اور بوقت ضرورت برگ پان کے ساتھ طلاء لگا کر عضو خاص کو پٹی سے باندھ دیں۔ یہ طلاء بذریعہ عرق یعنے پسینہ کے مواد کو خارج کرتا ہے۔ یہ واضح رہے کہ اس کا برتن و مکھن نکالنے کا سامان اور پاچھ زہریں۔ تمام کو زمین میں دفن کریں۔ (حکیم مولوی سید عبد الغفور)

نسخہ تپ یعنی بخار خوب کلاں بعوضاً کشی بقدر ضرورت لیکر کورے برتن میں ڈالیں۔ اور اوپر سے کرنجوہ کی سبز پتیوں کا عرق اسقدر ڈالیں۔ کہ خاکشی اس میں غرق ہو جاوے۔ تب سر پوش مٹی کا ڈھانک کر اور گل حکمت کر کے چولھے پر رکھیں۔ نیچے اسکے لکڑی کی آنچ دیں۔ جب خاکشی جل کر اس کا ست نکل آئے ۳ رتی کھلاویں۔ اور ہمراہ دودھ پلاویں۔ (د ر)

نسخہ دفعیہ اسہال اطفال

تخم لیموں۔ تخم رنگترہ۔ خشک کر کے باہم ملا کر کوٹ لیں۔ اور بوقت حاجت ایک ماشہ کھلاویں ہر حال میں مفید ہے۔ معدہ وغیرہ کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچاتا یہاں تک کہ ہیضہ میں اس کا استعمال جائز اور نہایت مفید ہے۔ خواہ ارضیت غالب ہو یا ناریت۔ (د ر)

رمد چشم گیرو ا تولہ۔ زنجبیل (سونٹھ) ا تولہ۔ فوفل سپاری ۲ ماشہ کوٹ پیس کر گولیاں بناویں اور بوقت ضرورت گھس کر لگاویں۔ (د ر)

نسخہ دفعیہ یرقان عام

مولی کا عرق ۲ تار۔ ایوم ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ صبح کے وقت پیا کریں اور شام کو کشتہ خبث الحدید ۲ ماشہ ہمراہ معجون ا تولہ دبیداؤر دکھایا کریں۔ اگر گنوں کا ذخیرہ موسم ہو تو اسکو اکثر استعمال میں رکھیں۔ (حکیم محمد سید احمد)

اوجاع عام شکم و قولنج

پودینہ خشک ۲ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ سہاگہ بریان ۲ ماشہ۔ جواکھار ۲ ماشہ۔ سونٹھ (زنجبیل) ۲ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۲ ماشہ۔ پپلا مول ۲ ماشہ۔ زیرہ سیاہ و سفید ا تولہ شورہ قلمی ا تولہ۔ پوست خشک لیموں ا تولہ۔ پوست رنگترہ ۲ ماشہ۔ تخم لیموں خشک ۲ ماشہ۔ مغز تخم انبہ ۲ ماشہ۔ مغز کرنجوہ ۲ ماشہ۔ مغز ارنڈ ۲ ماشہ۔ چھٹکنی ۲ ماشہ۔ ہینگ ا تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ ماشہ۔ سنگدانہ ۲ ماشہ۔ سنگدانہ حمام ۲ ماشہ۔ سب دواؤں کو سرکہ کہنہ ۲ تار۔ عرق لیموں ۲ تار۔ عرق ملی ۲ تار۔ شیرہ بادیان ۲ تار میں ڈال کر چینی کے برتن کو گل حکمت کر کے زمین میں چالیس روز تک دفن رکھیں

بعد ۴۰ روز کے نکال کر سایہ میں خشک کر کے کوٹ پیسکر کپڑے میں چھان کر بحفاظت رکھیں۔ بوقت ضرورت بعد شدید ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

تپ دق و سل کے لئے تیر بہدف نسخہ

دو سیر عرق گاؤزبان دو آتشہ لے کر اس میں آدھ سیر کے قریب بڑ کا چھتا ریزہ کر کے بھگو دیں۔ چار پانچ گھنٹے کے بعد معمولی سا جوش دے کر آگ سے اتار کر ہاتھوں سے مل کر چھان لیں۔ بعد ازاں پھر دھیمی دھیمی آنچ پر رکھ کر شربت پکا دیں جب ٹھیک قوام ہو جائے یعنی تار بندھنے لگے۔ تو اُتار کر شیشی میں بھر لیں۔ ہر روز صبح کے وقت ۲ یا ۳ تولہ شربت پاؤ بھر گدھی کے دودھ میں ملا کر مدقوق کو پلایا کریں۔ دو تین ہفتہ کے اندر صحت ہوگی۔

اگر مریض کو اسہال بھی جاری ہیں۔ تو ہر روز کہربا دو ماشہ طباشیر ۲ ماشہ۔ زہر مہرہ اصلی دو رتی سفوف کر کے اس دوا کے ساتھ ہے۔ پھانک لینا چاہئے۔ دن کے وقت بیمار کو ہرگز سونے نہ دیا کریں انشاللہ تندرست ہوگا۔

ہر قسم کی کھانسی اور دمہ یعنی ضیق النفس کیلئے اکسیر گولیاں

بڑ کا چھتا پاؤ بھر چار گستا کے پھول پتے شاخیں اور جڑھ آدھ سیر اڑسا ۲ تولہ سب کو ندکوب کر کے تین سیر پانی میں نرم آگ پر پکا دیں۔ ایک سیر بھر پانی رہ جاوے۔ تو اُتار کر چھان کر پھر آگ پر رکھیں جبوقت گاڑھا لعاب سا بنجائے اُتار کر گول مرچ سفید صمغ عربی (کیکر کی گوند) ایک ایک تولہ باریک سفوف کر کے اس لعاب میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔

دم کشی کے مریض کو ہر روز صبح کے وقت دو یا تین گولیاں اونٹنی کے پاؤ سیر دودھ کے ساتھ کھانا چاہیے۔

کھانسی کا مریض قریب کھانسی کے وقت ایک گولی منہ میں رکھ کر اس کا رس لے فوراً آرام ہو جاویگا۔

دیگر

بڑ کا چھتا پاؤ بھر پھٹکڑی سرخ ۲ تولہ۔ گائے کا گھی خالص ۱۰ تولہ تینوں کو کڑاہی میں ڈال کر نیچے پرانے سرکنڈا (کانا) کی آگ جلا دیں۔

جب تمام چیزیں جل کر کوئلہ ہو جاویں۔ تو اُتار کر باریک پیسکر کپڑے سے چھان کر شیشی میں محفوظ کر لیں۔

آشوب چشم (آنکھوں کا دُکھنا) دُھند، جالا، غبار، پانی بہنا یہ سب امراض اس دوا کے بطور سرمہ استعمال کرنے سے دُور ہو جاتے ہیں۔

نکسیر کا مریض بطور نسوار کے استعمال کرے۔ پرانے سے پرانا عارضہ دفع ہوگا۔ دانتوں کا گوشت خورہ۔ مسوڑھوں کا ورم ہر قسم کا بطور منجن استعمال کرنے سے دُور ہوتا ہے۔

وہ لوگ جن کے تمام دانت گوشت خورہ کے سبب ہلتے تھے اور صدہا دوائیوں سے کچھ نفع نہ ہوا۔ یہ دوائی بکری کے پیشاب میں گھول کر مضمضہ یعنی کلی کرانے سے آناً فاناً صحتیاب ہو گئے

عشق پیچہ کی سبز پتیاں بقدر ۱ ماشہ گھوٹ کر چھٹانک بھر پانی ملا کر چھان کر اس میں یہ راکھ بقدر ۲ ماشہ حل کر کے پلا دیں۔ تو شیر خوار بچوں کا مرض ڈبہ یعنی اٹھرا (ام الصبیان) فی الفور دور ہوتا ہے۔

ابھیادی لون اِنبہ۔ گل ٹیسو۔ جڑھ مدار۔ جڑھ تھوہر۔ پھکنڈہ۔ چترا۔ برنلا سرخ مدار۔ گوکھرو۔ کنڈیاری کلاں۔ کنڈیاری خورد۔ کرنجا۔ سفید اننت مول۔ کڑوی توری۔ ساٹھی ان سب کو ایک برتن میں چڑھا کر اور جڑ ڈالی پتے سمیت لے کر کوٹ لیں اور آگ پر چڑھا کر تھوں کی لکڑی جلا کر خاک کر لے اور پھر مندرجہ بالا کھار ۲ تولہ اور نمک ۶ تولہ۔ پوست ہلیلہ ۲ تولہ ان کے برابر وزن پانی اور گئو موتر ملا کر نرم آنچ پر پکا وے۔ اور ذرا سخت ہونے پر یہ اشیاء سفوف بنا کر شامل کرے۔ زیرہ۔ سونٹھ۔ سرچ۔ نمک۔ ہینگ۔ اجواین۔ پوہکر مول۔

کچھ رہا ایک ۲ تولہ وزن میں ہو۔ پیٹ کی جملہ امراض کو مفید ہے۔ کئی اقسام امراض پیٹ۔ ورم جگر۔ طحال۔ امراض پیٹ ۔ اپھارا۔ گولا۔ سختی پیٹ۔ بدہضمی۔ امراض سر۔ امراض دل۔ پتھر ریگ مثانہ و گردہ کو دور کرتا ہے۔

کھار بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ راکھ بہت سی پانی میں گھول کر نتھارلیوے اور اس نتھرے ہوئے پانی کو لے کر آنچ پر چڑھاوے جب خشک ہو جاوے وہی کھار ہے۔

اکسیر عا۱۲ کا نسخہ

دیا جاتا ہے جس کو میں نے اپنی تجویز سے اس سال کے اندر بنوایا۔ سب سے پہلے خود کھا یا پھر اوروں کو کھلایا عجیب پایا۔ اگرچہ امیروں کے واسطے ہے مگر یہ سمجھ لیجئے کہ ایک گولی بھی جس نے کھائی اس کا گرویدہ ہو گیا۔

مقوی اعضاء رئیسہ اتنا کہ لاثانی کہہ سکیں۔ عمر کو بڑھانے والا تمام قوٰے و ارواح کو طاقت دینے والا اور مضبوط رکھنے والا۔ رگوں۔ پٹھوں۔ عضلوں۔ ہڈی۔ مغز۔ دماغ منی سب کو طاقت بخشنے والا نسخہ امراء گھروں میں ہر وقت موجود رہنا چاہئے لوگ امساک کو ڈھونڈتے پھرتے ہیں مگر نہیں ملتا۔ قدرتی اور سچا بند ہیچ اس سے پیدا کیا جا سکتا ہے۔

جوان آدمی جو سرعت کے مریض نہیں ان کیواسطے تاترشی والا متوا صادق آتا ہے۔ زندہ مُگنا کر دینا تو کوئی بات ہی نہیں ہے۔ دل کو فرحت۔ دماغ کو روشن جگر کو تقویت۔ آنکھوں کو بصارت۔ مثانہ کو طاقت یہ گولیاں دیتی ہیں مقوی باہ دافع سرعت۔ رقت۔ جریان و احتلام ہیں۔ نسخہ مندرجہ ذیل ہے۔

شنگرف رومی ۱ تولہ۔ ورق سونا ۱ تولہ دونوں کو ایکدن رس پیاز میں ایکدن دودھ برگد میں ایکدن دودھ آک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا دیں۔ اس ٹکیہ کو دو تین برگ مدار کے درمیان لپیٹ دیں۔ پھر ایک ہانڈی میں ۲ سیر بالو ریت کے نیچے بچھا دیں۔ اور اوپر اس پوٹلی کو رکھ کر ۲ سیر بالو ریت اور ڈال کر منہ ہانڈی کا بند

کر کے نیچے دو پہر تک درمیانی آنچ کریں۔ اور سرد ہونے پر نکالیں۔

پکشتہ طلاء یہ کشتہ شنگرف ۱ تولہ مشک نیپالی ۱ تولہ مروارید ناسفتہ ۱ تولہ زعفران ۱ تولہ مغز تخم تمر ہندی ۱ تولہ عنبر ۱ تولہ جُند بیدستر ۱ تولہ مایہ شتر اعرابی ۱ تولہ۔ بھیم سینی کافور ۱ تولہ۔ ست مرگند ۱ تولہ۔ مار فیا ۳ ماشہ۔ ان سب ادویہ کو دودھ برگد میں تھوڑی دیر کھرل کر کے ½ ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔

ست برگد کی ترکیب پچھلی بار لکھی جا چکی ہے یعنی پکے ہوئے زرد پتے برگد کے درخت سے اتار لیں۔ اور ان کو ہاتھوں سے مروڑ کر مشکوں کے اندر بھر دیں اور پانی سے ان کو بھر دیں۔ اور دس دن کے بعد کڑاہی میں ڈال کر ابالیں۔ جب ½ پانی رہے خوب مل چھان کر پھر کڑاہی پر چڑھا دیں۔ حتٰے کہ کل پانی جذب ہو جاوے۔ اور مانند شہد گاڑھا ہو جاوے۔ پس اتار لیں یہی ست برگد ہے۔

خوراک گولی سے ۲ گولی تک حسب مزاج۔ بند ہیچ کے واسطے ۲ یا ۳ گولی ملائی سے کھاویں۔ ۳ گھنٹے قبل درمیان میں کوئی ترش چیز یا کھانا وغیرہ نہ کھاویں۔ یہ گولیاں ہم نے تیار کر لی ہیں۔ قیمت فی گولی ایک روپیہ ہے۔ اس کا نام اکسیر عا۱۲ ہے۔ کامنی دشمنی کہ جان کہنا اسکو بجا ہے۔

کام کو توہل وٹی } کونج بیج ۔ موصلی۔ کلنجن۔ طباشیر۔ جائفل۔ جادتری۔ مصطگی۔ سر دچینی۔ الائچی خورد۔ لونگ۔ گوکھرو۔ گل گلاب۔ گل موتیا۔ گل بیلا۔ گل کیتکی میدا۔ ستاور۔ کھانا۔ تالمکھانہ۔ سمندر سوکھ۔ بال چھڑ۔ کنکول۔ سونٹھ یہ ایک ایک تولہ کستوری اور بھیم سینی کافور ہر ایک ۴ ماشہ۔ اس میں کھرل کر کے ۲۔۳ ماشہ کی گولی بناوے۔ اگر کیسر کے پڑ نہ ملیں۔ تو کیسر ۹ ماشہ لے کر اسکو پانی میں پیسکر اس پانی میں کستوری کافور کو بھی پیس لیں اور باقی ادویات اس پانی سے کھرل کریں۔ لکھا ہے۔ کہ گولی بڑے غرور والی استریوں کا بھی غرور توڑتی ہے۔ دیر پا تھمبک ہے۔ چلتی ہوئی دھات بھی اس سے رک جاتی ہے نیز کھانسی دمہ۔ ذیا بیطس۔ جریان کو مفید ہے۔ اور مریضان آتشک کو بھی مفید ہیں۔

کام ونود لنکا۔ موصلی سیاہ وسفید۔ کباب چینی۔ مصطگی۔ جائفل۔ کونچ بیج۔

تالمکھانہ۔ پیپل۔ گوکھرو۔ گلو۔ بہوپھلی۔ مالکنگنی۔ اسگندھ۔ خشخاش۔ بیج اٹنگن۔ پان۔ تالمکھانہ (۲ بار آنے سے مطلب یہ ہے کہ دگنا لیوے) اکپور کچری۔ کلنجن۔ افیون۔ ماجوپھل۔ بیج دھتورہ سیاہ۔ پھول پرینگو ہر ایک ۲-۲ تولہ۔ دارچینی۔ الائچی۔ بیج پات۔ ناگ کیسر ہر ایک ۱۰ماشہ۔ سب کو باریک کر کے برابر وزن دودھ میں بھگو دے۔ صبح سِل بٹے سے خوب پیسے پھر برابر وزن گھی ملا کر بھونے اس کے بعد دودھ کے برابر مصری لے کر چاشنی کر کے سب ادویہ ملا دیوے اور جھڑبیر کے برابر گولیاں بنا لیوے۔ خوراک ۱ گولی سے ۴ گولی تک حسب طاقت وحالات مریض۔

جریان کیلئے اکسیر ہے۔ پیشاب کا یا منی کا بوند بوند آنا بند ہو جاتا ہے۔ سرعت کے واسطے بینظیر ہے۔ اس کے کھاتے رہنے سے حسب خواہش بند میچ بڑھایا جا سکتا ہے پھر ایکدم گولی کھانے سے دیر تک تھمن کرے۔ ایک پہر تک کتابوں میں لکھا ہے۔ ملذذ درجہ اوّل ہے۔

سموہنی وٹی { لونگ۔ جائپھل۔ جاوتری۔ کنکول۔ تمکھانا۔ ٹن ہر ایک ۱ تولہ۔ بھانگ ۲ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ افیون ۹ ماشہ۔ سب کو باریک کر کے بھانگ کی رس میں ۴ پہر کھرل کرے۔ گولیاں ۲-۲ رتی کی بنا دے۔ نہایت ہی ممسک ہے دو تین گولی حسب طاقت کھاوے۔ کام تربل کتاب میں ایک پہر لکھا ہے۔ احتلام کو فوراً بند کرتی ہے جریان کو دور کرتی ہے۔ دمہ۔ کھانسی اور ذیابیطس وغیرہ کو نافع ہے۔ مریضان سرعت اسکو استعمال کر کے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

باجی کرن مودک کا دوسرا بینظیر نسخہ سردیوں میں کھانیکے لائق

گن دوب کی جڑھ۔ پونڈے کی گانٹھیں۔ تالمکھانہ۔ اسگندھ۔ بالا۔ ستاور۔ گوکھرو۔ بداری کند۔ کیری۔ جیونتی۔ جیبک۔ میدا۔ رِکھبک۔ گل سکری۔ موصلی۔ رودھی۔ راسنا۔ کرنج۔ بیج۔ اٹ سٹ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ اُڑد کا آٹا ۴ سیر لیوے۔ تمام ادویہ کو اکٹھا کر کے ۳۲ سیر پانی میں پکاوے۔ جب آٹھواں حصہ پانی رہ جاوے۔ تب اتارے پھر مٹھی۔ دا کھ۔ کھجور۔ پیپل۔ چرونجی۔ باراہی کند۔ اسگندھ۔ بداری کند۔ آملہ۔ گنے کا رس ہر ایک

۴-۴-۴ تولہ لیوے۔ گھی ۴ سیر اور دودھ ۳۲ سیر ملا کر یہاں تک پکا دے کہ کھویا بن جاوے اور گھی چھوڑ دیوے۔ پھر اس میں مصری پھر اس کے بعد کھانڈ (شکر سفید) ایک سیر دودھ ایک سیر اور ملا دیوے۔ پھر خوب ملا کر پیپل ۱۰ تولہ۔ مرچ سیاہ ۴ تولہ۔ دارچینی۔ الائچی۔ ناگ کیسر ہر ایک ۲ تولہ۔ اور اس میں شہد خالص ۲ سیر ملا دیوے۔ خوراک ۴ تولہ طاقت مریض دیکھ کر دیدے لکھا ہے: از حد مبہی ہے۔ مغلظ ہے۔ طاقت بڑھاتا ہے کام اور زور اس کے کھانے سے بہت ہی بڑھتا ہے۔ بہت عورات رکھنے کی طاقت ہوتی ہے جسم دیو کی طرح خوبصورت بن جاتا ہے۔ تھوڑے ویرج والا انسان زیادہ ویریہ وان ہوتا ہے۔ بوڑھے کو جوان کی سی طاقت آتی ہے۔ ایک برس لگاتار کھانے سے بوڑھا بھی جوان ہو جاتا ہے۔

چڑہ مقوی و مغلظ { تالمکھانہ کے چاول اور تل برابر وزن لیکر پیسکر شہد میں گوندھ کر توے پر گھی لگا کر رکھے اور اُلٹ پلٹا کر پکا لیوے یا مانند پوڑے کے پکا دے۔ ان کو کھانے سے کام بہت بڑھتا ہے مبہی ہے۔ سرعت اور جریان و احتلام کو نافع ہے۔ روزانہ تازہ بتازہ کا انتظام کیا جا سکتا ہے یعنی تالمکھانہ کو کوٹ کر اس کے چاول نکالے اور تل بھی لیوے۔ دو تولہ پیسکر رکھو اور صبح یا شام شہد ملا کر دو چار چھوٹے چھوٹے چڑے (چھوٹے پوڑے) بنا کر کھاوے۔

کام کوشلہ مودک { باراہی کند ۴ تولہ۔ ترپھلہ ۴ تولہ۔ دونوں کو ذرا سا بھون لیوے پھر گوکھرو۔ لونگ۔ ستاور۔ دارچینی۔ پیپل۔ جاوتری۔ جائپھل۔ کیسر ہر ایک ۴ تولہ اور کل کے برابر مصری لیوے۔ سب سے ۱۰ گنا بھینس کا دودھ ملا کر نرم آنچ پر پکا دے۔ جب کہ کھویا ہو جاوے۔ ۱۰ تولہ گھی ڈال کر ذرا اور بھونے۔ پھر ۴-۴ تولہ کے لڈو بنا دے۔ رات کے وقت ایک کھایا کریں۔ مقوی دل و دماغ و باہ ہے قبض کشا ہے۔ اور سرعت کا اعلیٰ علاج ہے ممسک ہے۔ لکھا ہے اننت کام کو دمن کرنے والا۔ اور

ستاوری اولیہ } ستاوری۔ بداری کند۔ کھیر بداری کند ہر ایک ایک پاؤ مصری ۱۰ سیر۔ سیمبل اور آنولہ کا رس ہر ایک ایک سیر ان کو اکٹھا کرکے نرم آنچ پر پکاوے۔ پکنے پر دارچینی۔ تیج پات۔ الائچی۔ ناگ کیسر۔ ہر ایک ایک تولہ شہد ۲۴ تولہ ملا کر پکاوے۔ ویرج کو بڑھاتا ہے۔ جسم کو مضبوط کرتا ہے۔ اور موٹا کرتا ہے۔

رتی پرکاش لیپسکا } ازحد لذیذ۔ کونچ بیج۔ اٹنگن کے بیج۔ ٹہل کے بیج۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ دودھ ۴۸ تولہ۔ دونوں کو ملا کر نرم آنچ پر رکھے۔ جب دودھ گاڑھا ہو جاوے۔ تو ۱۶ تولہ گھی ڈال کر بھون لے پھر ایک سیر چینی ملا کر رکھے ۴۔۴ تولہ کے لڈو بناوے۔ ایک ایک لڈو حسب طاقت کھایا کریں۔ دافع جریان ہے سرعت کا عجیب علاج ہے۔ لکھا ہے۔ اتینت آنند دیتا ہے۔ کام دیو کو پیدا کرتا ہے استریوں کو سکھ کارک ہے۔ مقوی باہ ہے۔ دل کو خوش رکھتا ہے۔ لذت۔ بیحد مغرور استریوں کا غرور دور کرے۔

نسخہ بند گشاد } اٹنگن کے بیج۔ موصلی سفید پیس کر رکھے اور رات کو ۶ ماشہ کھا کر اوپر سے دودھ پیوے۔ تو ویریہ بہت بڑھتا ہے۔ جریان دور ہوتا ہے بند گشاد دور ہوتا اور سرعت کا ناش ہوتا ہے۔ لکھا ہے۔ کہ یہ نسخہ خاص شوجی مہاراج نے کہا ہے۔

کھیر جو کہ نہایت مقوی باہ و دماغ دافع سرعت و رقت جریان ہے

چاول مغز ۴ تولہ۔ چرونجی ۱ تولہ۔ مغز بادام ۱ تولہ۔ پستہ ۱ تولہ۔ دارچینی۔ ثعلب۔ ستاور۔ تالمکھانہ۔ کونچ بیج۔ موصلی سفید۔ سونف۔ اُڑد ماش کی دال گھی میں بھنی ہوئی۔ گوکھرو بھوسی اسپغول ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ کستوری ۲ ماشہ عنبر ۳ ماشہ۔ تمام ادویہ کا سفوف کرے۔ اس میں سے ۱ تولہ یا ۹ ماشہ یا ۶ ماشہ حسب طاقت لے کر آدھ سیر۔ تین پاؤ۔ یا سیر بھر دودھ میں ڈالدیں۔ اور نرم آنچ پر پکنے دیں۔ جب کھیر پک جاوے تو اُتار کر شکر سفید و گھی ملا کر کھا جاویں۔ اگر پکنے کے بعد گھی ۴ تولہ ملا کر اسکو اور بھون لیں۔ تو زیادہ مقوی ہو جاوے گی۔ اور جسم کو طاقت آویگی۔ دبلے موٹے ہوتے اور

سرخ چہرہ ہو جاتے ہیں۔ ویرج بیشمار پیدا ہوتا۔ اور گاڑھا ہو جاتا ہے۔

بڑا کامیشور مودک۔ از مجربات نیتہ ناتھ)

سنبل کا موسلہ۔ کونچ بیج۔ کٹھ۔ ست گلو۔ موچرس۔ بداری کند۔ میتھی۔ موصلی سیاہ۔ گوکھرو۔ تالمکھانہ۔ ستاوری۔ کیسر۔ اجوائن۔ تاڑ کی کونپل۔ دھنیا۔ ملٹھی۔ کنگیرن۔ تل۔ سونف۔ جائفل۔ اسگندھ۔ بالا۔ بہارنگی۔ کاکڑاسنگی۔ ترکٹا۔ زیرہ سفید۔ زیرہ سیاہ۔ چرک۔ تج۔ تیج پات۔ الائچی خورد۔ ناگ کیسر۔ اٹ بٹ۔ گج پیپل۔ منقہ۔ کھجور۔ کاؤ کھل۔ کیلے کا کند۔ اسگندھ۔ اجمود۔ سب برابر وزن اور کل سے نصف کشتہ ابرک سیاہ اور ابرک سے نصف گندھک آملہ سار مصفا۔ پھر مندرجہ بالا کل ادویہ سے نصف بھانگ۔ اور بھانگ سمیت کل اشیاء سے دگنی شکر سفید اور شہد و گھی صرف اسقدر کہ گولی بندھ سکے۔ اور ۲-۲ ماشہ کی گولیاں بناوے۔ خوراک ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک اسکو کھا کر اوپر سے دودھ پیا کرے۔ ازحد مقوی باہ ہے سرعت کو دور کرکے حسب خواہش بندھیج پیدا ہوتا ہے۔ ویریہ ورودھک۔ ویریہ ستمبھک۔ استری وشنا کارک۔ اس کے کھانے والا مغرور دل کا غرور توڑتا ہے۔ کھانسی۔ سدمہ۔ اسہال۔ بدہضمی۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ پرمیہ۔ جریان۔ ذیابیطس۔ امراض بلغمی وغیرہ کو مفید ہے۔ لکھا ہے۔ کہ اس کا استعمال کنندہ اگر شاعری کی طرف رجوع کرے۔ تو بہت جلد سیکھتا ہے۔ نسیان دور ہوتا ہے۔ اور ایک سال کھانے سے کل امراض دور کرتا ہے۔ جسم اور رنگ و روپ بڑھاتا ہے۔ چھاتی کی امراض یا چوٹ وغیرہ لگی ہوں۔ ان کو دور کرتا ہے۔ یہ مودک مریضان رقت و سرعت کو ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

سدھ شالملی کلپ } بداری کند۔ موصلی سیاہ۔ اٹ بٹ کی جڑھ۔ ہر ایک ۱ تولہ گندھک آملہ سار مصفا ½ تولہ۔ پارہ مصفا ۲ ماشہ اول پارہ اور گندھک کو دوپہر کھرل کرکے کجلی کرے۔ پھر دیگر ادویات ملا کر سیمبل سفید کی چھال (نہ ملے تو سرخ ہی سہی) کی رس کی پٹھ دیوے۔ پھر ایک پٹھ بھینس کے دودھ کی دیوے۔ اور سکھا کر چورن کرکے رکھے۔ خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک۔ شہد

گھی کے ساتھ چاٹ کر اوپر سے دودھ پیوے ۔اسکے کھانے والا بڑھاپے کا دُکھ نہیں اُٹھاتا ۔ اور بال جوانی میں سفید نہیں ہوتے ہیں ۔ بوڑھا بھی جوان کی سی طاقت حاصل کرتا ہے ۔لکھا ہے ۔ کہ اس کے کھانے والے کی تسلی ہوتی ہی نہیں۔

۸ کیسر اولیہہ ۔ اکسیری و بے نظیر نسخہ معجون زعفران

دیوش (پیپل مرچ ، زنجبیل یا سونٹھ) ۔ چترجات (تیج پات ۔ تج ۔ الائچی ناگ کیسر) ترپھلا (پوست ہلیلہ بلیلہ آملہ) لونگ ۔ عود سیاہ و صندل سفید ۔ تالکھا عقرقرحہ ۔ جائفل ۔ کونچ بیج ۔ سیمبل کا گوند ۔ کھرنی ۔ اسگندھ ۔ گوکھرو ۔ موصلی سیاہ بابڑنگ ۔ سمندر سوکھ ۔ جاوتری ۔ کنگھی کے بیج ۔ دش نچر (نہ ملے تو ستاور) ہر ایک ۱ تولہ سب کا بیسواں حصہ یعنی ایکتولہ زعفران ۔ ۱۶ واں حصہ ½ تولہ کستوری تمام ادویہ سے چوگنی مصری لیوے کل ادویہ کوٹ پیس کر مصری کی چاشنی کر کے سب اس میں ڈالدیوے ۔ نیز کشتہ قلعی چندسا ودے یا رس سندھور یا گندھک سے بنائے بنا کشتہ پارہ کشتہ ابرک سیاہ کشتہ فولاد کشتہ تانبہ ۔ برابر وزن لے کر مصری کے علاوہ جتنی ادویہ ہیں ۔ ان سے بارھواں بارھواں حصہ رگویا تولہ سوادس ماشہ ملا دیوے ۔ اور کیسر سونے کے ورق ۲۰۰ عدد اور چاندی کے ورق دو عدد ہی ملادیوے جائفل کی گٹھلی جتنی یہ معجون صبح کے وقت کھا کر اوپر سے دودھ پیا کرے ۔ تو یقیناً نامرد بھی مرد ہو جاوے ۔ جریان ۔ سرعت ۔ رقت ۔ احتلام ۔ ضعف باہ ۔ سب دور ہوں وریج پیدا ہووے گاڑھا ہووے ۔ دل خوش رہے ۔ دماغ کو تقویت ہو ۔ اعضاء رئیسہ کو تقویت ہو جسمانی امراض دور ہو کر طاقت دن بدن بڑھنے لگے ۔

بے اندازہ طاقت آتی ہے جسمانی امراض دور ہوں ۔ ۴۰ دن تو کھا کر دیکھئے یہ ہمارے کارخانہ میں بھی تیار ہونے والا ہے ۔

معجون مقوی جو بدن کو موٹا کرنے میں بے نظیر ہے

مغز بادام شیریں ۲ تولہ ۔ مغز فندق ۱ تولہ ۔ مغز نارجیل ۔ تازہ مقشر ۲ تولہ ۔

مغز چلغوزہ ۔ تخم انار جنگلی ۔ تخم کیکر ۔ تخم قطم ۔ مغز پستہ ۔ کنجد (تل) مقشر ۔ تخم خشخاش سفید مغز تخم خیارین ۔ شقاقل مصری ۔ ثعلب مصری ۔ بہمن سرخ ۔ بہمن سفید ۔ اندرجو ۔ تخم بلیون ہر ایک ۱ تولہ خشک گوکھرو ۲ تولہ ۔ دارچینی ۔ زعفران ۔ بونڈیاں ہر ایک ۲ ماشہ جاوتری ۔ جوزبوا ہر ایک ۲ ماشہ ۔ آب انار شیریں آدھ پاؤ ۔ آب سیب شیریں ½ ۲ پاؤ آب بہی ۔ آب ناشپاتی ہر ایک چھ چھٹانک ۔ قند سفید سہ چند تمام ادویہ کوٹ چھان کر قند سیاہ میں آب ہائے داخل کر کے چاشنی کریں ۔ اور ادویہ مذکورہ ملا کر چینی کے برتن یا مرتبان میں رکھیں ۔ خوراک ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک ہے ۔

۹ نسخہ دافع جریان مردمان و زنان

یہ نسخہ مردوں کے جریان و احتلام کو نافع ہے اور عورتوں کی سفید رطوبت یعنی جریان الرحم کو مفید ہے ۔ ثعلب مصری ۔ مصطگی رومی ۔ تالمکھانہ ۔ نشاستہ ۔ کتیرا ۔ صمغ عربی طباشیر سفید ۔ مغز تخم خربزہ ۔ موصلی سفید ہر ایک ۶ ماشہ ۔ مغز تخم تمر ہندی ۹ ماشہ ۔ گل ارمنی ۳ ماشہ ۔ گلنار فارسی ۳ ماشہ ۔ موصلی سیاہ ۳ ماشہ ۔ نبات سفید ۴ تولہ سفوف بنا کر ہر ایک صبح ۱ تولہ ہمراہ پاؤ سیر شیر گاؤ تازہ کے نوش کریں ۔

۹ پوٹلی برائے مجلوق کمزور رگوں و پٹھوں کیواسطے از حد مفید ہے

نیر گھڑیال سوسوس ۔ گوہ کی چربی ۔ عاقرقرحہ ۔ پوہکر مول ۔ بیربہوٹی ۔ خراطین خشک برادہ دندان فیل ۔ مال کنگنی ۔ بیج کنیر ۔ گھونگچی سفید ۔ جاوتری ۔ کنجد سیاہ مساوی الوزن جو چیز سفوف کرنے کی ہوں ان کو سفوف کر کے چربیوں میں مخلوط کر کے پوٹلی بنالے ایک مٹی کی رکابی میں بکری کا دودھ گرم کریں ۔ پوٹلی مذکور اس میں ڈال رکھیں ۔ اور نکال نکال کر گرم پوٹلی سے زانو سے ناف تک سینکیں ۔ ۱۰ و ۱۲ روز میں بالکل آرام ہوجاتا ہے ۔

۷ طلائے مجرب جو کہ سست رگوں و پٹھوں کو طاقت دیتا ہے

زہر مہرہ ۔ کچلہ ۔ گھونگچی سفید ۔ بھلانوہ ۔ بہمن لال ۔ عروس الارض یعنی بیربہوٹی ۵ ماشہ

شیر مش ۳ پاؤ۔ سب دواؤں کو تھوڑا تھوڑا دودھ میں خوب حل کریں اور جب دودھ خشک ہوجانے کے قریب پہنچے۔ تو آتشی شیشی میں رکھ کر بطور چوبہ ٹپکاویں۔ اور جھاڑو کے سینک سے لگاویں۔ اور پان باندھ کر کچا سوت لپیٹ دیں۔ اور تین روز تک یہی عمل جاری رکھیں۔ نہایت مفید ہے۔

روغن کالا پیادہ برائے مجلوق

ہڑتال طبقی۔ کچلہ۔ افیون خالص۔ سم الفار۔ پوست بیخ کنیر سفید۔ جوز بوا۔ بیربہوٹی۔ خراطین خشک۔ تخم دھتورہ۔ چرک گوش انسان۔ عاقرقرحا ہر ایک ایکدام جوکوب کردہ در ظروف چینی انداختہ آں قدر شیر مش براں ریزند کہ سہ انگشت بالا آید۔ بعد ہشت پاس کھرل کردہ قرص بستہ در شیشی آتشی روغن برآرد و در زمین نمناک دفن کنند بعد ازاں برآوردہ حشفہ بیرون گذاشتہ طلاء کنند و بالائے حسب دستور برگ تنبول پیچیہ

علاج مجلوق جو کہ مجلوق کیواسطے اکسیر ہے اور سختی و موٹائی کرنے و قوت دینے میں بے نظیر ہے

مس کچور ۲ ماشہ مغز جیہ سفیدہ ۲ ماشہ۔ افیون خالص ۲ ماشہ بال کنگنی مقشر ۱ تولہ تخم جزو ۱ تل ۱ تولہ انگوزہ خالص ۱ تولہ بیخ کنیر سفید ۱ تولہ۔ ہمہ ادویہ را جدا جدا نرم صلایہ نمودہ یک شبانہ روز در روغن کنجد ضیا نمدہ غلولہ ہا بستہ در شیشہ آتشی چوبہ بچکند و حشفہ و در وخت قضیب گذاشتہ روغن مذکور طلاء نمودہ برگ تنبول بندند۔ بالائش پارچہ باریک بستہ خواب کند صبح وا کنند آب سرد در رسانند اگر مرض قوی باشد رعایت دو سہ ہفتہ بعمل آرند ورنہ یکہفتہ کافی است۔

دوائی ذیابیطس جو کہ نیز مقوی باہ و دافع جریان ہے

کچلہ ۲ ماشہ۔ بیچھارای گوند ۲ تولہ۔ جامن کی گٹھلی مقشر ۲ ماشہ ہر ایک کو اہرن پر کوٹیں کہ خوب مل جاویں اور بہ قدر نخود کے گولیاں بنا دیں۔ اور ہمراہ عرق اجوائن ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کھاویں۔ آرام ہوگا۔

معجون میتھی } میتھی ۳۲ تولہ۔ سونٹھ ۳۲ تولہ۔ دونوں کا سفوف کپڑچھان کر کے ۴ گنا دودھ میں پکاوے۔ جب کھویہ بن جاوے تو ۳۲ تولہ گھی ڈال کر بھون لیوے۔ پھر ۲۵۶ تولہ مصری لیکر اس کی چاشنی کرے۔ اور اسی ... مندرجہ ذیل اشیاء کا سفوف بھی ڈالدیوے

مرچ سیاہ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ چترا۔ پپلا مول۔ اجوائن۔ زیرہ۔ دھنیا۔ اجمود۔ سونف۔ جائفل۔ کچور۔ دارچینی۔ تیج پات۔ ناگر موتھا ہر ایک ۴ تولہ۔ مرچ سیاہ و سونٹھ ہر ایک ۱۰ تولہ۔

یہ میتھی پاک عورتوں اور مردوں کیلئے بھی مفید ہے۔ عورتوں کو طاقت دینے اور ان کے پرسوت روگ وغیرہ دور کرنے کیلئے بے نظیر ہے۔ خوراک ۱ تولہ سے ۴ تولہ تک ہے۔ کل امراض بادی۔ پرانے بخار۔ یرقان۔ خون کی کمی۔ رنگت کی سفیدی۔ رنگ ہلکا۔ پاگل پن۔ ذیابیطس۔ جریان۔ کثرت طمث وغیرہ امراض کو مفید ہے لکھا ہے کہ شریر کو مضبوط کرتا اور ویریج بڑھاتا ہے۔ اور کمزوری نہیں ہونے دیتا۔

تریاق استمناء } کھانے اور لگانے دونو کام آتا ہے۔ مجلوقوں کیواسطے نعمت ہے۔ لگانے سے رگوں کو اور پٹھوں کو درست کر دیتی ہے۔ اور کھانے سے مغلظ و مولد و مقوی ہے۔

گدھی جو اول مرتبہ جنی ہو اور ابھی بچہ نے اسکا دودھ نہ پیا ہو اسکا دودھ لیویں اور ایسی ہی ایک گھوڑی کا دودھ لیویں۔ بڑھ کا دودھ۔ شراب دو آتشہ۔ آب ادرک آب پیاز سفید۔ شہد خالص ہر ایک آدھ پاؤ۔ عاقرقرحا۔ دارچینی۔ لونگ۔ سونٹھ۔ کچنین۔ جائفل۔ جاوتری۔ تخم حرمل۔ مال کنگنی ہر ایک تولہ کل ادویہ کو باریک کر کے تمام شیرین میں ملا کر کھرل کریں۔ حتےٰ کہ پانی جذب ہو جاوے ظرف چینی یا شیشہ میں نگاہ رکھیں اور شراب میں بھیگو کر پرضماد کریں۔ اور پرپان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ ایک ہفتہ تک ہی اثر ظاہر ہوگا۔ اور یہ قدرا ماشہ سے ۲ ماشہ تک اس میں سے ہمراہ شیر گاؤ یا شراب وقت سہ پہر کے کھلاویں ممسک ہے اور مقوی باہ ہے۔

عرق پان } مقوی باہ ہے۔ فرحت دیتا ہے۔ مقوی ہاضمہ ہے۔ خون بڑھاتا اور صاف کرتا ہے۔ پان ۴۰ تولہ۔ دارچینی ۷ تولہ۔ بہمن سفید ۵ تولہ۔ دانہ الائچی خورد۔ جائفل۔ تودری ہر ایک ۲ تولہ آب مقطر ۱ سیر ایک دن رات بھگو دیں اور عرق کشید کریں۔

عرق دافع سرعت انزال و مقوی باہ

تالمکھانہ۔ بہمنیہ۔ بہوپھلی۔ سروالی۔ موچرس۔ ماہوئے سبز۔ ستاور۔ گل دھاوا۔ گوکھرو۔ سمندر پھل۔ گوندڈھاک۔ گوندکیکر۔ سمندر سوکھ۔ طباشیر۔ قطب۔ تج۔ تیرج۔ دانہ الائچی خورد۔ آملہ۔ رتن جوت۔ گل پستہ۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ پوست ہلیلہ زرد۔ اجوائن دیسی۔ سونف۔ کشنیز خشک۔ برادہ صندل سفید۔ برادہ صندل سرخ۔ الائچی کلاں۔ جل۔ ہر ایک ۴ ماشہ۔ منڈی ایک سیر۔ تمام ادویہ کو جو کوب کر کے ۱۵ سیر پانی میں ایک رات تر کر کے دو سیر دودھ اور آدھ پاؤ گھی ڈالکر عرق کھینچیں۔ پتلے کو موٹا کرے اور موٹے کو پتلا کرکے طاقت جسمانی اور حیوانی

مہیشور رس

کو بڑھاوے۔ کشتہ پارہ۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ۶ ماشہ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ کشتہ تانبا ۲ ماشہ کشتہ سونا ۱۰ ماشہ کشتہ ابرک ۱ تولہ بھیم سینی کافور ۱ ماشہ۔ بدھارے کے بیج۔ ستاور۔ کھرینٹی۔ گل شکری۔ دانہ الائچی خورد۔ سنکھ پشپی ہر ایک ۳ ماشہ۔ اول پارہ و گندھک کی کجلی کرے۔ پھر سب کوٹ پیسکر ملا دیوے۔ اور ۲ پہر تک کھرل کرنے کے بعد پان کے رس میں ۳ رتی کی گولیاں بنا دے۔ اس کے کھانے سے کام دیو کی طرح خوبصورت ہووے۔ جلق۔ کثرت جماع وغیرہ خرابیوں سے جن کے اندر دیہ کی طاقت کم ہو چکی ہو صرف دو تین ماہ اس کے استعمال سے پوری طاقت حاصل کر سکتے ہیں حافظہ تیز ہوتا ہے۔

بسنت تلک رس

کشتہ سونا ۱ تولہ کشتہ ابرک سیاہ ۲ تولہ کشتہ فولاد ۳ تولہ۔ پارہ مصفےٰ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ کشتہ قلعی ۲ تولہ کشتہ مونگا ۴ تولہ کشتہ مروارید ناسفتہ ۴ تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو کھرل کر کے تمام کشتہ جات ملا کر گوکھرو کے کاڑھے یا رس میں کھرل کر کے آدھ سیر ارنہ اوپلوں کی آنچ دیں۔ پھر ۷ آنچ گنے کی رس کی پھر ۷ آنچ اڑوسے کے رس کی دیوے۔ پھر کستوری ۴ تولہ اور کافور بھیم سینی ۴ تولہ ملا کر کھرل کرے۔ ویشا کا کے ناظرین دیکھ کر ہی کہہ سکتے ہیں کہ اگرچہ اس کا بنانا امیروں کا کام ہے مگر دل و دماغ۔ جگر۔ معدہ۔ مثانہ۔ خزانہ منی۔ گردہ۔ اندری کونسا عضو رئیسہ ہے کہ

جسے یہ طاقت نہیں دے سکتا ہے اور کیسے اس کے کھانے والے کسی بھی مرض متعلق ویرج یا باہ میں مبتلا رہ سکتے ہیں۔ کہتے ہیں۔ کہ شوجی مہاراج کا یہ تجویز کردہ ہے۔ تپ دق۔ دبلاپن۔ کمی خون۔ کمزوری۔ کھانسی۔ دمہ۔ کھٹی ریسنگرہنی۔ تینوں اخلاط کی امراض کو مفید پڑتا ہے۔ سرعت۔ رقت۔ جریان اور احتلام کا نام و نشان نہیں رہتا ہے۔

بسنت کسماکر رس اور ذیابیطس اور جریان منی و ریریہ کا قلع قمع

کشتہ سونا ۲ ماشہ کشتہ قلعی کشتہ سیسہ کشتہ فولاد ہر ایک ۱ ماشہ کشتہ ابرک سیاہ موتی ناسفتہ کشتہ مونگا ہر ایک ۴-۴ تولہ۔ سب کو اکٹھا کرکے گائے کے دودھ۔ گنا۔ اڑوسہ۔ لاکھ۔ نیتربالا۔ کیلا کند۔ کنول پھول۔ مالتی۔ کیسران کے رسوں کی ایک ایک پٹھ دے کر پھر کستوری کے پانی کی پٹھ دیوے۔ یعنی ذرا سی کستوری پانی میں گھول کر اس میں تمام ادویات کو کھرل کرے اور ۲-۲ رتی کی گولیاں بنا دے۔ مصری شہد اور گھی کے ساتھ کھائے۔ تو ذیابیطس شکری تک کو دور کرے۔ پیشاب کے اندر منی۔ فاسفیٹ یوریٹ چونہ۔ چربی۔ البومن۔ شکر کچھ بھی آتا ہو اس سے دور ہو جاتا ہے نیز بہرہ پن دور ہو۔ ویرج کو قابل اولاد بنا دے۔ جریان منی اور جریان الرحم کو دور کرے۔ تپ دق کو نافع ہے۔ طاقت دیتا ہے۔ رقت سرعت۔ احتلام کو نافع ہے۔ مقوی اعضائے رئیسہ عمر بڑھاتا ہے۔

طلاؤں کا سردار۔ کمزور رگوں اور پٹھوں کا پورا پورا علاج

سم الفار سفید ۶ ماشہ۔ سم الفار زرد ۶ ماشہ۔ سم الفار سیاہ ۶ ماشہ۔ سم الفار سرخ ۶ ماشہ۔ ان تمام اجزاء کو چربی شیر اگر نہ ملے تو چربی ریچھ کے ہمراہ کھرل کریں ۳ ماشہ چربی ملا کر ایک دن کھرل کریں اس طرح ۱۰ دن تک کریں۔ بھانلاں برگ پان ۱۱ عدد جائپھل ۱ عدد۔ لونگ ۳ عدد۔ جاگلوٹہ ۵ عدد۔ مغز بادام ۱۰ عدد۔ عقرقرحہ ۶ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ موم سفید ۶ ماشہ۔ ریگماہی ۹ ماشہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ لوبان کا جوہر

۴ ماشہ۔ مغز پستہ ۱۲ عدد۔ بندر کا پاخانہ ۱ تولہ۔ مالکنگنی ۱ تولہ۔ جاوتری ۳ ماشہ۔ کیچلا ۱ عدد گاؤ بول خرہ تولہ۔ سب اشیاء کو اکٹھا ڈال کر کھرل کریں۔ اور چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈال کر روغن بذریعہ پتال جنتر کے نکالیں۔ پس طلاؤں کا بادشاہ تیار ہے۔ اگر کسی رگ پر لگاؤ اسی وقت جذب ہوتے پر وہ رگ سخت معلوم ہوگی ۷ دن کے اندر ہی طاقت کافی طور پر عود کر آتی ہے۔ اور رنگت اس کی سرخ ہو جاتی ہے۔ اگر سیاہ ہو جاوے۔ تو سمجھو کہ خراب ہو گیا۔ سیاہی مائل سرخ ہو تو بھی ہرج نہیں ہے۔

نسخہ ضماد مقوی

عنبر ۳ رتی۔ مشک ۲ رتی۔ زعفران ۶ ماشہ۔ سم الفار زرد ۲ ماشہ۔ جما گوٹہ ۹ عدد بیربہوٹی ۱۸ ماشہ۔ ان ہر شش اشیاء کو باہم کھرل کر کے شہد میں ملا کر نخود کے برابر گولیاں بنا دیں۔ اور ضرورت کے وقت ایک گولی شہد میں گھس کر اور پان پر لیپ کر کے نیم گرم سیون اور سپاری بچا کر قضیب پر باندھیں۔ یہ ضماد نہایت ہی مقوی باہ ہے۔

نسخہ حب سیماب عجیب مقوی باہ

پارہ مصفا۔ گندھک آملہ سار مصفا۔ کتھہ سفید۔ لونگ ہر ایک ۳ ماشہ۔ اول پارہ و گندھک کو خوب باریک کریں۔ پھر دوسری دوائی ملا کر پیسیں۔ پھر انڈے کی زردی میں صلایہ کریں۔ اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ اور ہر روز ایک گولی کھلا دیں۔ اگر ۲ ہفتہ متواتر ان گولیوں کو کھائیں۔ اور اوپر سے گائے کا نیم گرم دودھ پیویں۔ اور ۲۰ روز مجامعت سے پرہیز کریں تو ایسی قوت باہ پیدا ہو۔ جو بیان سے باہر ہے۔

موٹا ہونیکی دوائی

لبا خیر ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ بالچھڑ ۲ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۱ تولہ۔ تخم بالنگو ۲ تولہ۔ ورق نقرہ ایک دفتری۔ دار چینی ۱ تولہ۔ ابریشم مقرض ۶ ماشہ۔ ورق طلاء ۲ عدد۔ موصلی سفید ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ عرق انار شیریں ۱ سیر خام۔ مصری ۱ سیر خام۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر معجون تیار کریں۔ اور خوراک صبح ۱ تولہ دودھ گائے کے ساتھ کھا دیں۔ (پنڈت امرناتھ حکیم)

ایک نہایت ہی اعلے نسخہ

تخمیناً تین برس کا عرصہ ہوا میری آنکھیں خراب ہو گئیں۔ بلکہ میں دوسرے لوگوں کا علاج مفت کیا کرتا تھا میری دونوں آنکھوں میں پھولا آ گیا اور مجھے کچھ نظر نہ آنے لگا۔ اول پندرہ یوم کے بعد ہسپتال میں گیا۔ ڈاکٹری علاج کیا۔ ڈاکٹر صاحب نے فرمایا کہ تمہاری آنکھیں عرصہ چھ ماہ تک اگر آرام آ جاوے۔ تو درد وغیرہ نہ رہے گا۔ اور پانی آنا بند ہو جاویگا۔ مگر تم کسی کام کرنے کے لائق نہ ہو گے۔ اور تمہیں دونوں آنکھوں سے دکھائی کچھ نہ دیویگا۔ تخمیناً ۲ یوم ہسپتال میں علاج کیا۔ مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ اور پھر دیگر انگریزی دیسی حکیموں کا علاج کیا۔ کچھ فائدہ نہ ہوا۔ درد اور پانی جاری اور دونوں آنکھوں پر سفیدی سب گھر والے رو پیٹ رہے۔ مگر کچھ فائدہ نہ ہوا۔ مگر انہی ایام میں کسی شخص کے ذریعہ مندرجہ ذیل دوائیاں منگوا کر جو کہ ایک خانصاحب سے بہت خدمت کرنے کے بعد نسخہ ملا تھا، تیار کرائیں۔ جسکا نسخہ ہدیہ ناظرین کرتا ہوں جب خدا کے رحم کی معافی ہوئی۔ تو ایک خفیف دیسی دوائی سے آرام شروع ہو گیا۔ رفتہ رفتہ درد بھی جاتا رہا۔ اور پانی آنا بند ہو گیا۔ صرف پھولے باقی رہ گئے۔ بلکہ کچھ قدر وہ بھی کٹ گئے جس سے مجھے نزدیک کی چیز میلے طور پر نظر آنے لگی۔ دوائی رکھنے کی میعاد ۹ مہینہ ہے۔ مگر میں نے ۹ مہینہ دوائی کو رکھ کر تیار کیا۔ ایشور کی کرپا سے ۱۵ دن میں بالکل پھولا دونوں آنکھوں سے کٹ گیا۔ اسی طرح ہم نے اس دوائی کو ایشور کی کرپا سے بہت لوگوں پر استعمال کیا۔ بالکل آرام ہو گیا۔ یہ ضرور ہے کہ پرانے پھولے کو یہ دوائی نہیں کاٹ سکتی ہے۔ نیا پھولا ہو یا دھند غبار رہے یا جالا ہو پانی جانا وغیرہ اس سے بالکل آرام آ جاتا ہے۔ میرا بہت تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ ایڈیٹر صاحب بھی اپنی رائے نسخہ کے ساتھ ساتھ تحریر کریں۔ بلکہ میری اب بھی یہی غرض کہ اس دوائی کو ضرور استعمال فرماویں۔ اور فائدہ حاصل کریں۔ نسخہ نیچے درج کیا ہے۔ ناظرین تحفہ ہے۔ جو برتے گا گن گاویگا۔

نسخہ یہ ہے کہ برادہ تانبہ اصلی ۴ تولہ۔ ترکس سنجر ۵ ماشہ۔ نوشادر ۵ ماشہ۔ سہاگہ

گندھک ۵ ماشہ۔ قلمی شورہ ۸ ماشہ۔ مندرجہ بالا ادویات کو کسی چینی کے برتن میں کھ کر اوپر اس کے کاغذی لیموں کا پانی ۲۰ تولہ ڈالیں۔ اور لکڑی سے ہلا دیں۔ ہاتھ بالکل نہ لگے۔ اب اُن کو حفاظت سے اوپر ڈھانک کر رکھنا چاہئے۔ بعد ازاں تیسرے چوتھے دن اُسکو لکڑی سے اُس کو ہلاتے رہیں۔ ڈیڑھ مہینہ تک وہ خشک ہو جاویگا پھر اُسکو بند کر رکھ دیویں۔ بعد دو مہینہ کے اسکو کھرل کریں۔ دوائی سرکا قسم کو خوب کھرل کر لیویں۔ کل ادویہ میں افیون ۸ ماشہ زنگار ایک تولہ ملا کر کھرل کریں جب کھرل ہو جاوے۔ تب گل حکمت پر ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیویں۔ تب کشتہ تیار ہو جاویگا۔ مگر اس کشتہ میں جو لال شوخ رنگ کی دھاریں ہوں۔ اسکو علیٰحدہ کریں وہ تو پھولا اور سخت دھند میل کے کام آتی ہے۔ اور جو سیاہی مائل دوائی نکلیگی۔ وہ معمولی سے اچھی دھند غبار وغیرہ اتارنے کے کام آویگی دوسرا نسخہ ایک ہے جو کسی وقت عرض کیا جاویگا۔

مائی ڈیر شریمان پنڈت جی مہاراج ٹھاکر دت صاحب فرماویدام اقبالہٗ تسلیم نیاز۔ مندرجہ ذیل نسخہ کالم مراسلات درج اخبار گوہر بار فرماویں مشکور ہونگا۔ کام ورتی شاستر میں بھی قیمتی ۱... ہے۔

مدن مودک کامیشور

(اسگندھ۔ کٹھ۔ گنگیرو اور اجمود۔ انند۔ ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ۔ سونٹھ۔ بداری کند سنبل چھال کچور پن اور موصلی سیاہ۔ موتھہ۔ دھنیا۔ موچرس۔ سرج۔ پیپل (ابھی رام) مرچ کانفل۔ گوکھرو بیل۔ بترج۔ آن پیپلا مول۔ تالیس۔ ترج۔ مجیہ سارپن جان (سوکھے بیج انار کے زیرا سوہت۔ آسویت۔ چترا بھڑنگی۔ چوب۔ کوبیج بیج پن میت (شھی بکٹ گٹا۔ نول سنگھاڑے جان۔ کلتھہ سکا کرس پن ناگ کیسر ریبہ آن (ارکر مول۔ ستاوری۔ اوشدھ اونٹالیس۔ ٹانک ٹانک سبھ آنکے۔ بس چھان رہیں میں) لونگ۔ چھوہارے۔ جائفل۔ گرج۔ جورد بجی جان۔ داکھ۔ دارچینی۔ تگر اور ایلا گجھون ماہند۔ جاوتری۔ ملت۔ ٹانک ٹانک ریبہ پا۔ ریبہ سبھ اوشدھ میل کے ناگرنت بکھا

رچوپنی) پان سیر گئو دودھ منگائے زجل بھانڈے میں اوٹائے۔ بھڑنگی سیر آدھ بے آ لیسن باندھ پے میں چھپنگا) دودھ سمان جب دودھ سو سکل نہار دیئے بھجا لبن سمیت نکار کر ڈاریئے) اوشدھ اسگندھ آوے۔ آنند رلائیے۔ پاوک مندھی مند پر جا گجھائیے

دوہرا

پے پے میں جب سوکھے یا دو سم ہو جائے لونگ آوے چورن سکل تان میں یہ رلائیے
بھوم پر دھرے اوتار کرن جو کچھ کرنے ٹانگ جگم ست چیس تب تان ماہ کھانڈ ملائے
پن سبھ کر کر سکل ملے مودک کر دیجاس! سے پل کرے تت کھائے ہو ہوئے گھیشن جاس

(ترجمہ)

اول اسگندھ آدی اوشدھ جو ۴۹ ہیں ہموزن ٹانک ٹانک بھر لیویں۔ اور پیسکر چورن بنا دے۔ اور رکھ چھوڑے۔ پھر لونگ آدی چیزیں ہموزن ٹانک ٹانک پیسکر رکھ چھوڑیں پھر گئو کا دودھ ۵ سیر لادیں۔ عمدہ برتن میں اوٹا دے اور بھڑنگی آدھ سیر کپڑے میں باندھ کر لٹکا دے۔ جب پک کر گاڑھا ہو جاوے نکال لیویں۔ اور اسگندھ آدی ادویات رلا دے اور نیچے تھوڑی تھوڑی آگ جلا دے۔ اور جب پک کر سوکھ جاوے اور ریت کے موافق ہو جاوے۔ لونگ آدی چورن رلا دے زمین پر اوتار کر رکھے ۴۹ ٹانک کھانڈ عمدہ رلا دے اور مل مل کر ۵ لڈو بنا دے جو بل کیشن ہنجو ہو مڑ کر آوتی۔

یہ نسخہ قوت باہ وغیرہ بیرج کی بہت مرضوں کے لئے فائدہ مند ہے۔ جسکی تعریف کرنا فضول ہے۔

مہاروہتیک گھرت (گھی)

پوست روہیڑا ۴۰۰ تولہ۔ پوست بڑ بھیری ۲۵۶ تولہ ان کو ۱۰۲۴ تولہ پانی میں پکانا چاہئے جب پانی پک کر ۱/۴ رہ جاوے۔ مل چھان کر پھر گھی ۴۰ تولے بکری کا دودھ ۲۵۶ تولے زنگنا رسونٹھ۔ مرچ۔ پیپل (ترپھلا ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ) ہینگ اجوائن۔ دھنیا۔ وڑنمک۔ زیرہ کالا نمک۔ پوست انار۔ دیودار۔ پکھرا۔ گڑ ومنبہ جاکھار۔ پوہکر مول۔ باٹرنگ۔ چتیا۔ ہاؤبیر۔ چب۔ بچ۔ ان تمام کا سفوف پکتے

ملا کر حل کر لینا چاہئے اور کسی اچھے برتن میں رکھے۔ جب کسی مریض کو دینا مطلوب ہو تو اس کی حالت اور طاقت کا لحاظ مدنظر رکھ کر دیا جاوے۔ زمانہ سلف کے ویدوں نے اسکی خوراک ۱۲ تولہ لکھی ہے۔ مگر آجکل ۱ تولہ سمجھنی چاہئے۔ بعد گھی دودھ یا دالوں کا شوربہ کے ساتھ غذا کھاوے۔

ورم جگر و طحال۔ امراض پیٹ۔ شول۔ درد کھی درد پسلی۔ درد دل۔ اروچی قبض دائمی۔ پانڈو روگ یرقان۔ قے۔ اسہال۔ اُونگھ بخار ان سب کو مفید ہے اور خاصکر طحال کے واسطے مفید ہے۔

لڈو برائے درد کمر کمزوری جریان الرحم وغیرہ کے آزمودہ و مجرب ہے عورت کیواسطے خاص ہے

گل سپاری ۲ تولہ۔ مازوپھل ۲ تولہ۔ گل دھاوا ۲ تولہ۔ گوند کتیرا ۲ تولہ۔ گوند ڈھاک ۲ تولہ۔ گوند کیکر ۲ تولہ۔ چھالی لودھ ۲ تولہ۔ سمندر سوکھ ۲ تولہ۔ سیلکھڑی ۲ تولہ۔ سنگجراحت ۲ تولہ۔ بیجبند ۲ تولہ۔ موصلی سیاہ ۲ تولہ۔ ستاور ۲ تولہ۔ گوکھرو کلاں ۱ سیر۔ نخود بریان مقشر ۲ تولہ۔ گوکھرو شیرہ ۱ سیر۔ بادام ۱ تولہ۔ تمام گوندیں علیحدہ گھی میں بھون لیں۔ بعدہ نخود بریان کو باریک میدہ کرکے قدرے گھی میں چرب کرکے گرم کریں۔ اور قوام مصری میں معہ تمام ادویہ باریک کپڑ چھان شدہ کے ملا کر لڈو بقدر ایک چھٹانک طیار کر لیں۔ ایک لڈو ہر روز صبح کے کھا دیں۔ اور اوپر سے اگر دودھ بھی پیا جاوے تو اچھا ہے نہایت ہی مفید ہے اور ہمارا بھی تجربہ شدہ ہے۔ سفیدی جانا رک جاتا ہے۔ مردوں کا جریان بھی دور کرتا ہے مقوی غذا ہے۔

دیگر نسخہ طاقت کہ مردوں کو مفید ہے بڑی اعلےٰ اور تجربہ کار دوائی ہے

مغز بادام ۱ تولہ۔ مغز گرگان ۱ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۱ تولہ۔ مغز فندق ۱ تولہ۔ مغز نارجیل ۲ تولہ۔ خشخاش ۲ تولہ۔ کنجد مقشر ۲ تولہ۔ تودری ۲ تولہ۔ مغز بلیون ۲ تولہ۔ تخم گندنا بہمن بتخم پیاز ۱ تولہ۔ تخم شلجم ۱ تولہ۔ کبابہ ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ شقاقل ۲ تولہ

خولنجان ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ مصطگی ۲ تولہ۔ تخم کمہ ۲ تولہ۔ تخم ترب ۱ تولہ۔ لسان العصافیر ۱ تولہ۔ درونج ۱ تولہ۔ بسباسہ ۱ تولہ۔ ثعلب ۳ تولہ۔ زعفران ۹ ماشہ۔ بوزیدان ۱ تولہ۔ نبات ہندی ۱۰ تولہ۔ (سر چند از ہمہ ادویہ)

حسب دستور معجون طیار کریں۔ خواہ لڈو بنا دیں۔ خوراک ۱ تولہ صبح ویسے ہی خواہ دودھ سے بڑی عمدہ چیز ہے۔ مقوی باہ و جسم ہے۔ سرعت کے واسطے مفید ہے۔ خیال رہے کہ ادویات قوام میں سرد ہونے پر ملاویں۔ اگر گرم چاشنی رہیگی۔ تو تلخ ہو جاوے گی کیونکہ اس میں مصطگی شامل ہے۔ ورنہ تو بڑی خوشبودار اور با ذائقہ تیار ہوگی۔

لڈو کہ درد سر کیواسطے مفید ہیں جو ضعف دماغ سے ہوتا ہے یا کمزوری سے مجرب ہے

مغز گکڑی۔ مغز خربوزہ۔ مغز کاہو۔ مغز کدو۔ مغز خرفہ۔ مغز تربوز۔ مغز پیٹھہ۔ مغز کھیرا

۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

مغز کھیا۔ تخم خشخاش۔ دھنیا۔ مغز بادام۔ الکمانہ۔ گوند کاسنی۔ دانہ الائچی خورد۔ پستہ۔ گل نیلوفر

۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ تولہ ۶ تولہ ۱ تولہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

ملٹھی ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ۔ مصری یا بتاشے سب کے برابر۔ گھی حسب بقدر ضرورت کہ گوند و مغزیات بریان بطور پوری ہو سکیں۔ بعدہ باریک کرکے بتاشوں کے قوام میں ملا کر لڈو بنا لیں اور ۳ تولہ روز کھاؤ دونوں وقت جا سکتا ہے۔ دماغ کے واسطے بہت ہی مفید ہے۔

ادویہ کہ کثرت طمث کو مفید ہے

رسوت مصطگی ۱ ماشہ۔ بیج جولائی ۲ ماشہ خوب باریک کریں اور آب برنج ساٹھی یعنی پیچھ میں شہد ملا کر دوائی کھا کر اوپر سے پی جاویں۔ خون بند ہوگا۔ کسی کثرت سے جاتا ہے۔ فوراً رک جائیگا۔ مجرب ہے۔

نوٹ:۔ وزن شہد و برنج ساٹھی کے واسطے نشان ڈ بنائے۔ بنا ہے جسکو ہم نہیں سمجھ سکتے

نسخہ برائے چیچک و سنجار موتی جھرہ

نسبلوچن ۴ ماشہ۔ گوروچن ۲ رتی۔ ناگ کیسر ا ماشہ۔ کیسر ا ماشہ۔ جاوتری ا ماشہ۔ کستوری ۲ رتی۔ لونگ ا ماشہ۔ سفوف تیار کریں اور بقدر رتی پڑیہ پانی سے کھلادیں فوراً صحت ہوگی۔ اسکارلٹ فیور یعنی موتی جھرہ سنجار کے واسطے نہایت درجہ فائدہ مند ہے۔ یہ بہاری کی بتلائی ہوئی لکھی ہے۔ نجیب آباد میں بھی ایک پرتپی برہمن علاج چیچک کے واسطے مشہور ہے۔ ہم نے ان سے دریافت کیا کہ آپ کیا دوائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بڑی چیچک میں تو صرف جھاڑ پھونک سے کام لیا جاتا ہے۔ لیکن کنٹھی توڑا اور موتی جھرہ میں دوائی دیتے ہیں اور بڑی مہربانی سے نسخہ بتلایا جو کہ بالکل مندرجہ بالا کے مطابق تھا۔ اسطرح پر کوئی شک باقی نہیں رہ جاتا کہ یہ ضرور عمدہ چیز ہے۔ نیز انہوں نے کہا کہ اصل نسخہ استادی تو اتنا ہی ہے۔ لیکن ہم اپنی طرف سے چند ادویہ اور بھی شامل کیا کرتے ہیں۔ جو کہ اسکی امداد سے اکسیر ہوجاتا ہے۔ یعنی کہ سونٹھ ا ماشہ۔ مرچ ا ماشہ۔ پیپل ا ماشہ۔ مرنگا ا ماشہ۔ سوتی رتی۔ پیشب ا ماشہ۔ الائچی خورد ا ماشہ۔ سنکھ ا ماشہ۔ عرق ادرک سے جو بناتے ہیں۔

نسخہ عرق مصفی خون دافع خارش و مادہ آتشک وغیرہ مجرب آزمودہ

الائچی ۲ تولہ۔ عناب ۵۰ عدد۔ برہم ڈنڈی ۲ تار۔ نیل کنٹھی ۲ تار۔ خس ۲ تار۔ عشبہ ۲ تار۔ صندل سفید و سرخ ۲ تولہ۔ منڈی ۲ تار۔ کاسنی ۲ تولہ۔ کیلہ ۲ تولہ۔ پوست کچنار ۲ تار۔ چوب آبنوس ۲ تولہ۔ ابچرہ تولہ۔ ملٹھی ۲ تولہ۔ پوست نیم ۲ تولہ۔ ریشہ برگد ۲ تولہ۔ سب ادویات جوکوب کرکے رات کو پانی ۲۰ اگنا میں بھگودیں۔ اور صبح کو نال لگا کر عرق کھینچ لیں۔ خوراک ۲ ماشہ یعنی دو چھٹانک شہد ۲ تولہ ملا کر صبح کو پئیں قبل استعمال اگر جلاب لیا جاوے تو عین مناسب ہے۔ جو بھی درج ذیل ہے۔

نسخہ مسہل مجرب ایلوہ ایک تولہ جمالگوٹہ مدبر ۳ دانہ لعاب گھیکوار ۲ تولہ میں کھرل کرکے ۶ عدد گولیاں بنالیوے۔ ایک گولی گرم

پانی سے کھاوے۔ غذا نان گندم و دال ارہر یا گوشت بکری۔ میرے خیال میں ۶ گولیاں بنا کر اگولی خوراک زیادہ ہے۔ کم از کم ۱۲ گولیاں ہوں۔ ٹھیک ہے نیز کھچڑی کھانا اچھا ہوگا۔ خواہ دال ارہر کی ہووے۔ (خریدار ۲۳۶۶ از سادھن پور)

عمدہ مرہم کہ چھوٹی پھنسیوں کو خواہ تمام جسم پر ہوں خشک کر دے

مردہ سنگ۔ کمیلہ۔ سہاگہ۔ کتھ۔ سیندور۔ گندھک چھاچھ برابر وزن مکھن آب نیم سے دھلا ہوا۔ سب چیزیں باریک کرکے مکھن میں ملا کر بطور مرہم استعمال کریں۔ اسکی پھنسی کو بھی آرام کردیتا ہے۔ آبلہ اچھا ہوجاتا ہے۔ (〃)

دیگر جو کہ بڑے پھوڑوں کو نچوڑ کر بھر لاتا ہے

گندہ بیروزہ چھٹانک۔ انگار ماشہ۔ گل ارمنی تولہ آخر کی دونوں چیزوں میں کر باریک کریں۔ اور بیروزہ میں ملا کر ذرا گرم کرلیں۔ اور کام میں لادیں۔ مواد کو خود نکال دیتا ہے۔ اور زخم بھی بھر لاتا ہے۔ نشتر کی ضرورت نہیں۔ (〃)

دیگر برائے زخم

موم ۲ تار۔ سفیدہ تولہ۔ کوپل نیم سوختہ ۲ ماشہ۔ گھی ۲ تار ذرا آگ پر رکھکر مرہم تیار کریں۔ زخم کو بھر دیتا ہے۔ خون بند کر دیتا ہے۔ نیز جلے ہوئے کو فائدہ کرتا ہے۔ (〃)

سفوف دافع طحال مجرب

پوست بیخ خشک بکپھرہ ایک پاؤ۔ سمندر جھاگ ۲ تولہ۔ سہاگہ بریان ۲ تولہ۔ جوکھار ۲ تولہ۔ سونچرہ تولہ۔ ہینگ بریان ۱ تولہ۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ فلفل دراز ۲ تولہ۔ سب کو کوٹ کر بطور چورن تیار کریں۔ خوراک صبح و شام ۲ ماشہ آب گرم وغیرہ کے ہمراہ اگر قدرے عرق لیموں سے کی جاوے۔ تو کیا ہی کہنا ہے بعد غذا بھی چورن کی طرح سے کھا سکتے ہیں۔ لذیذ ہے۔ اور دست وغیرہ نہیں آتے۔ طحال واقعی تحلیل ہوجاتی ہے۔ ایک نسخہ کافی ہے۔ (〃)

دیگر:- عرق لیموں ایک بوتل۔ نوشادر ایک تولہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ سہاگہ

آگ

خام ایک تولہ۔ باریک پیس کر عرق میں ڈال دیں۔ حل ہو جاویگا۔ خوراک ۱ تولہ صبح ۱ تولہ شام شیشہ کے گلاس سے پئیں۔ بڑی مفید دوائی ہے۔ یہ ایک ہمارے متوسل راج جی نے بھی بتلا دیا تھا۔ اس کا اشتہار بھی انہوں نے دیا ہوا ہے۔ (ر)

نسخہ چورن کہ بدہضمی درد پیٹ ہیضہ وغیرہ کو بے مثل ہے

مرچ سیاہ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ لونگ۔ الائچی کلاں۔ زیرہ سفید بریاں۔ زیرہ سیاہ

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ

اجمود۔ سونف۔ ہینگ بریاں۔ چترک۔ تج۔ پترج۔ پپلا موڑ۔ بابڑنگ۔ موتھہ۔ آملہ

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ

سنگجراحت۔ تالیس پتر۔ ناگکیسر۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیندہ۔ نمک سونچر۔ نمک سانبھر

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ

نمک شیشہ۔ پاکچلونہ۔ نمک بڑ۔ دھنیا۔ جواکھار ۔

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ

عمل بید لیموں ۱۰ عدد تمام ادویات کوٹ کر باریک سفوف تیار کر کے رکھیں اور لیموں میں بھر کر رکھیں۔ جب کہ خشک ہو جاوے۔ پھر وہ سب کوٹ لیں۔ اور کام میں لاویں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ یہ بڑی مفید دوائی ہے ہم اسکو ہم نے بھی کئی بار تیار کر کے برتا ہے ہمارے پاس پہلے سے بھی یہ نسخہ تھا۔ واقعی اعلےٰ چورن ہے۔ درد پیٹ کو بہت مفید ہے ہیضہ آنکا ہی قے وغیرہ کو کھوتی ہے قبض کشا ہے۔ بد ذائقہ نہیں ہے۔ (ر)

نسخہ نسوار { (۱) پونا سی پر سگے ناس ۔ ایک ڈرام
(۲) پشوگم ۔ ایک ڈرام
(۳) نمک لاہوری ۔ ایک ڈرام

خوب باریک پیسکر رکھ چھوڑیں جس وقت ضرورت نسوار کے طور پر ناک میں ہر دو طرف صرف ملا دیا کریں۔ خوب چھینکیں آویگی۔ (خریدار ۲۰۰۳)

جناب ایڈیٹر صاحب دام اقبالہٗ

تسلیم! دو عدد نسخہ مندرجہ ذیل ارسال خدمت ہیں۔ بو میہ بذریعہ دیش اپکارک شائع کر کے بغرض فائدہ عام ناظرین اخبار کو مطلع فرماویں۔ نسخہ ہذا میرا آزمودہ و مجرب ہے۔ جو صاحبان اپنے تجربے میں لاویں۔ نیک باش سے آگاہ فرماویں۔

نسخہ برائے درد سر ہر قسم و آدھا سیسی وغیرہ

تمام سر میں یا آدھے سر میں درد جا ہے جو وجہ سے ہوتا ہو یا مغز کی کمزوری ہو یا گرمی کی وجہ سے ہوتا ہو۔ میدہ گندم برابر وزن روغن زرد خوب کڑاہی میں ڈالکر بھونیں جب میدہ کی سرخ رنگت ہو جاوے تب جتنا کہ وزن میں میدہ ہو اتنی ہی دیسی شکر ملا کر تخمیناً ایک ایک چھٹانک کے لڈو بنا کر رکھ چھوڑے۔ اور روزانہ صبح اٹھ کر ضروریات سے فارغ ہو کر نہار منہ آہستہ آہستہ کھاویں۔ ۴۔۵ یوم میں پر بشو چاہے آرام ہوگا۔ یاد رہے۔ کہ تینوں چیزیں میدہ۔ روغن زرد۔ شکر دیسی ہموزن ہونے چاہئیں

(راقم بہرام سنگھ خریدار اخبار ۳۸۹۴)

نسخہ برائے دفعیہ تپ لرزہ روزانہ و تیہ وغیرہ

ایک منقہ لیکر اسکے اندر کے تخم الگ کر کے اسکے اندر گیرو جو کہ ایک سرخ رنگت کی مٹی سی ہوتی ہے۔ باریک پیسکر جتنی کہ منقہ کے اندر بھری جا سکے بھر دے۔ اور پھر اسکو اصلی منقہ کی حالتیں کر کے مریض کو دیویں۔ تپ و لرزہ آنے کے ایک گھنٹہ پیشتر کھانے سے خبا چاہیے۔ دو تین خوراک میں آرام ہو جاویگا۔ (ر)

مکرمی جناب پنڈت صاحب تسلیم! اگر آپ مناسب سمجھیں تو اسکو چھاپ دیجئے یہ نسخہ بہت زمانہ کا قلمی صرف کتابوں کے تھوک میں ملا ہے۔ ترسیل ہے۔

علاج بیماری ہیضہ

کیلا کچا ایک عدد چھلی۔ افیون دو ماشہ۔ ہینگ ۴ ماشہ۔ چونا ۴ ماشہ اور ۴ عدد گول مرچ کیلا چاک کر کے تمام ادویہ کو اسکے اندر بند کر کے اور اس کیلا پر مٹی لپیٹ کر آگ

خام ایک تولہ۔ باریک پیس کر عرق میں ڈال دیں۔ حل ہوجاویگا۔ خوراک ۱ تولہ صبح ۱ تولہ شام شیشہ کے گلاس سے پئیں۔ بڑی مفید دوائی ہے۔ یہ ایک ہمارے متوفی راج جی نے بھی بتلادیا تھا۔ اس کا اشتہار بھی انہوں نے دیا ہوا ہے۔ (ر)

نسخہ چورن کہ بدہضمی درد پیٹ ہیضہ وغیرہ کو بے مثل ہے

مرچ سیاہ۔ پیپل۔ سونٹھ۔ لونگ۔ الائچی کلاں۔ زیرہ سفید بریان۔ زیرہ سیاہ

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ

اجمود۔ سونف۔ ہینگ بریان۔ چترک۔ تج۔ تیزج۔ پپلا سوٹر۔ بابڑنگ۔ موتھہ۔ آملہ

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ ۲ تولہ تولہ تولہ تولہ

سنگ جراحت۔ تالیس پتر۔ ناگ کیسر۔ ہلیلہ زرد۔ نمک سیندہ۔ نمک سونچر۔ نمک سانبھر

تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ تولہ

نمک شیشہ یا کچلونہ۔ نمک ٹبر۔ دھنیا۔ جواکھار۔

تولہ تولہ تولہ تولہ

عمل بید لیموں عدد تمام ادویات کوٹ کر باریک سفوف تیار کرکے رکھیں اور لیموں میں بھر کر رکھیں۔ جب کہ خشک ہوجاوے۔ بعدہ سب کوٹ لیں۔ اور کام میں لاویں۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ یہ بڑی مفید دوائی ہے۔ اسکو ہم نے بھی کئی بار تیار کرکے برتا ہے۔ ہمارے پاس پہلے سے بھی یہ نسخہ تھا۔ واقعی اعلےٰ چورن ہے۔ درد پیٹ کو بہت مفید ہے۔ ہیضہ آبکاہی قے وغیرہ کو کھوتی ہے قبض کشا ہے۔ بدذائقہ نہیں ہے۔ (ر)

نسخہ نسوار } (۱) پوٹاسی پرمنگے ناس .... ایک ڈرام
(۲) پشو گر .... ایک ڈرام
(۳) نمک لاہوری .... ایک ڈرام

خوب باریک پیس کر رکھ چھوڑیں۔ جس وقت ضرورت نسوار کے طور پر ناک میں اس قدر ظرف مرف ملا دیا کریں۔ خوب چھینکیں آویگی۔ (خریدار ع ۲۰۰)

جناب ایڈیٹر صاحب دام اقبالہٗ

تسلیم! دو عدد نسخہ مندرجہ ذیل ارسال خدمت ہیں۔ بو میہ بذریعہ دیش اوپکارک شائع کرکے بغرض فائدہ عام ناظرین اخبار کو مطلع فرماویں۔ نسخہ ہذا میرا آزمودہ و مجرب ہے۔ جو صاحبان اپنے تجربے میں لاویں۔ نیک باش سے آگاہ فرماویں۔

نسخہ برائے درد سر ہر قسم و آدھا سیسی وغیرہ

تمام سر میں یا آدھے سر میں درد چاہے جس وجہ سے ہوتا ہو یا مغز کی کمزوری ہو یا گرمی کی وجہ سے ہوتا ہو۔ میدہ گندم برابر وزن روغن زرد خوب کڑاہی میں ڈالکر بھونیں جب میدہ کی سرخ رنگت ہوجاوے تب جتنا کہ وزن میں میدہ ہو اتنی ہی دیسی شکر ملا کر تخمیناً ایک ایک چھٹانک کے لڈو بنا کر رکھ چھوڑے۔ اور روزانہ صبح اٹھ کر ضروریات سے فارغ ہو کر نہار منہ آہستہ آہستہ کھاویں۔ ۴۔۵ یوم میں پر میشور چاہے آرام ہوگا۔ یاد رہے۔ کہ تینوں چیزیں میدہ۔ روغن زرد۔ شکر دیسی ہموزن ہونے چاہئیں

(راقم بہرام سنگھ خریدار اخبار ع ۳۸۸۴)

نسخہ برائے دفعیہ تپ لرزہ روزانہ و تیہ وغیرہ

ایک منقہ لیکر اسکے اندر کے تخم الگ کرکے اسکے اندر گیرو جو کہ ایک سرخ رنگت کی مٹی سی ہوتی ہے۔ باریک پیسکر جتنی کہ منقہ کے اندر بھری جا سکے بھر دے۔ اور پھر اسکو اصلی منقہ کی حالتیں کرکے مریض کو دیویں۔ تپ و لرزہ آنے کے ایک گھنٹہ پیشتر کھانے سے خدا چاہے۔ دو تین خوراک میں آرام ہوجاویگا۔ (ر)

مکرمی جناب پنڈت صاحب تسلیم! اگر آپ مناسب سمجھیں تو اسکو چھاپ دیجئے یہ نسخہ بہت زمانہ کا قلمی صرف کتابوں کے تلوک میں ملا ہے۔ ترسیل ہے۔

علاج بیماری ہیضہ

کیلا کچا ایک عدد چھلی۔ افیون دو ماشہ ہینگ ۴ ماشہ چونا ۴ ماشہ اور ۴ عدد گول مرچ کیلا چاک کرکے تمام ادویہ کو اسکے اندر بند کرے اور اس کیلا پر مٹی لپیٹ کر آگ

میں پکا دے۔ بعد پکنے کیلا کے مٹی چھڑائے اور کیلا چھیل کر برابر جربیر کے گولی بنا دے اور مریض کو ہمراہ سرد پانی کے دیوے۔ (راقم وراثت حسین خریدار اخبار)

نسخہ برائے دفعیہ بندش پیشاب

ذرا سا رسکپور پیسکر پانی میں گھول ڈالے اور کپڑے کا بتی بنا دے۔ اور اسی رسکپور میں بھیگنے دے۔ جب خوب تر ہو جاوے۔ تب بتی کو ناڑے میں دے۔ (۱۱)

نسخہ دوائی تراش کا

عرق لیموں کاغذی۔ چونا کا پانی۔ کالا نمک کو بھون ملائے۔ تینوں کو ایک جگہ شامل کرے۔ اور پیاز سفید کو سہ پھانک کر کے اسی پیاز کو پہلے دوا کے عرق میں ڈوبا ڈوبا کر چوسے (۱۱)۔

بر ہد لوکنا تھ رس

پارہ مصفےٰ ۱ تولہ۔ گندھک مصفےٰ ۲ تولہ دونوں کی کجلی کرے۔ پھر ابرک کا کشتہ ۱ تولہ ملا کر گھیکوار کی رس میں کھرل کرے پھر اس میں کشتہ تانبہ ۲ تولہ کشتہ فولاد ۲ تولہ ملا دے اور مکوہ کی رس میں کھرل کر کے گولہ بنا دے۔ پھر گندھک ۲ تولہ کشتہ کوڑی ۲ تولہ۔ سب کو جمبیری لیموں کی رس میں کھرل کرے۔ اور دو پیالوں کے درمیان رکھ کر خوب کپرولی کر کے گجپٹ کی آنچ دیں۔ اور سرد ہونے پر نکال لیوے اور پیسکر رکھے۔ خوراک ۲ رتی اوپر سے گوموتر چوسے یا شہد و پیپل رگڑ کر ملا کر چاٹے یا زیرہ و گڑ میں ملا کر کھلاوے تو اس سے امراض جگر۔ تلی۔ امراض پیٹ۔ سوجن۔ درد امراض باد۔ بد ہضمی۔ شول۔ بھگندر۔ کھانسی وغیرہ تمام امراض دور ہو جاتی ہیں (۱۱)

ایک نسخہ مجرب برائے یرقان ہر قسم

چونکہ بنجار کو بھی مفید ہے برائے اندراج اخبار اور فائدہ ناظرین اخبار ضرور درج اخبار فرما دیں عین عنایت ہوگی خصوصاً یرقان زرد صفراوی کو نہایت مفید ہے عرق گاؤزبان ایک پاؤ عرق کاسنی ایک پاؤ لیمو کا ست ۲۰ تولہ منی ایسڈ سائٹرک کونین سلفیٹ سرخ ۱۰ ماشہ۔ سب کو ملا دیں۔ کونین بھی حل ہو جاویگی۔ بعدہٗ اس میں

دن میں ۳ بار ۲۰ تولہ استعمال کیلئے اس کے بغیر دوسرا پانی استعمال نہ کرنا ہوگا مجرب ہے۔

(حکیم امید علی عباسی پنٹو ڈاکٹر)

مندرجہ ذیل نسخہ ایک صاحب نے بھیجکر رائے طلب کی ہے۔ چیزیں تو اچھی ہیں۔ اور بھلانوہ بالوں کو سیاہ کرنے میں مجرب بھی ہے۔ بھلانوہ کی خوراک لا محالہ ارتی بہت زیادہ نہیں ہے۔ ہاں ٹوپی اتار کر اور دبا کر تیل نکال کر صاف کر لینا چاہیے۔ ورنہ بہت ہی تیز ہو تلے اور باقی اشیاء بھی تمام مفید ہیں۔ آپ بیشک بنا کر تجربہ کریں۔ اور اس تجربے سے ناظرین ویش اپکار کو فائدہ اٹھانے کا موقعہ دیں۔

نسخہ:۔ بھنگرہ۔ بیخ آملہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ کالی زیری۔ برگ سمبھالو۔ تخم سمبھالو۔ مالکنگنی۔ دار چینی۔ چرونجی خورد۔ بھلانوہ۔ بھوسی اجوائین۔

سب آدھ آدھ سیر وزن کوٹ کر قند سیاہ کہنہ میں تین سو ساٹھ (۳۶۰) گولی بنا کر ا گولی روزانہ کھاویں۔

دوسرے ماہ میں انسان قابل اولاد ہوگا اور پانچویں ماہ بال سفید گر جاویں گے سیاہ بال پیدا ہونگے۔ بہت بہت فوائد اسکے تحریر ہیں۔

یہ نسخہ سید احمد گیسو دراز کا ہے۔ بہت کچھ اوصاف تحریر ہیں غرض یہ ہے کہ بھلانوہ اس میں ڈالنے کی کوئی خاص ترکیب نہیں ہے۔ زہر وغیرہ اس میں کچھ نہیں لکھا ہے۔ حساب سے ایک ماشہ ایک رتی روزانہ ہوگا۔ اگر ضرر نہ ہو تو اجازت بنانے کی فرما دیں۔ اگر قابل نسخہ ہو تو درج اخبار فرما دیں۔ کہ شاید کوئی صاحب بنا کر تجربہ کریں۔ اور نفع اٹھاویں (خریدار ۱۹۲)

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم!

میرے مجربات

اگر کسی کو بچھو کاٹے تو فوراً کاٹے ہوئے مقام پر سہیلی بوٹی دگرما کا عرق مل دیں۔ نہ تو درد ہوگا اور نہ ورم آویگی۔ فوراً آرام ہوگا۔

(۲) ہر قسم کے زخم کے لئے مرہم:۔ ۱۰ تولہ روغن تلخ میں ۴ عدد بیل کے پتے جلا دیں جب جل جاویں۔ تو اتار کر شیشی میں چھانکر رکھ لیں۔ ہر قسم کے زخم کو اکسیر ہے۔

(۵) جسکے جسم میں ہر وقت بخار رہتا ہو۔ وہ روزمرہ صبح ہی سہدیوی بوٹی میں سیاہ مرچ شامل کرکے پیوے۔ یوم میں ہر قسم کا بخار دور ہوتا ہے۔ متعدد دفعہ کی آزمودہ ہے۔

(۶) فرید بوٹی جو کہ سب جگہ بکثرت ہوتی ہے۔ اور اکثر باغوں میں ملتی ہے۔ میں نے ایک شخص کو ۵ یوم مصری و سیاہ مرچ حل کرکے پلائی۔ اس کا پورا ناسور اک دور ہوگیا۔

(لیکھراج خترما)

نفوخ معمول اور مجرب واسطے درد سر اور آدھا سیسی کے نفع دیتا ہے اور نزلہ کو دور کرتا ہے اور سب پرانی آنکھ کی بیماریوں کو نافع ہے

گیہوں سفید ایک چھٹانک کو آک (مدار) کے دودھ میں پکا دیں۔ کہ دودھ دو انگل اوپر رہے۔ بعد اس کے سایہ میں خشک کرکے پیسیں۔ اور قدرے اس میں سے نفوخ کریں۔

(نسخہ) دیگر سنھو یا روغن گل میں پیسکر پیشانی پر ضماد کریں۔ کیسا ہی درد سر پرانا ہو دور ہو جاتا ہے مجرب ہے۔ ایسا ہی ریٹھہ جسکو فارسی میں خندق ہندی کہتے ہیں۔ پانی میں پیسکر ۳ قطرے ناک میں ٹپکاویں۔ پرانے درد سر اور آدھا سیسی کو مفید ہے:۔ سرتھہ صندل سفید۔ پوست انٹنگی جڑھ کو کوٹ چھان کر چاول ساٹھی پانی سے دھو کر ایک پیسکر سر اور کنپٹیوں پر لگا دیں۔ اور روزانہ ہر ایک دوائی کا دو دو ماشہ رہے۔ (حکیم جھیدی لال)

نسخہ آتشک مجرب

اندنوں بیسیوں آدمیوں پر کمیاہ ہوا کے تجربہ کیا گیا۔ مرض آتشک میں نہایت سریع التاثیر نفع بخش بفضلہ تعالیٰ پائی گئی ہے۔ بغرض رفاہ خلائق امید ہے کہ آپ ضرور درج اخبار فرماویں گے نسخہ یہ ہے:۔ رسکپور ۱۲ ماشہ۔ لونگ ۷ عدد۔ مرچ سیاہ ۱۰ عدد۔ شیر [illegible] ۵ تولہ میں ۲ پہر کھرل کرکے ایکجان کریں۔ بعدہ نان آٹا گولیاں بنالیویں۔ بالائی میں صبح و شام نگل جاویں۔ غذا دودھ یا نان نخود۔ نمک سرخ مرچ گوشت آرد بیگن چلبادی اشیاء سے پرہیز لازم۔ (ڈاکٹر احسین مدرس)

نسخہ ہر ایک قسم کی بیماری اور بوڑھے کو جوان و کم عمر کی عمر دراز کرتا ہے

برگ نیم۔ گل نیم۔ میوہ نیم یعنی تخم۔ گد نیم یعنی پوست۔ بیخ نیم۔ ترپھلہ۔ اجوائن دیسی۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ نمک سنگ۔ گل دوائیں برابر چار چار تولہ سب کو سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان کر آب سرد سے کھرل کرکے تین سو ساٹھ گولیاں تیار کرکے سایہ میں خشک کریں۔ اور ہر روز ایک گولی بوقت صبح پانی سرد سے کھاوے۔ اول یکم ماہ پہلی تاریخ سے شروع کرنا اور ایک صاف و پاک یعنے پوتر جگہ میں بیٹھکر پرمیشر کا بھجن کرنا اگر دو ماہ کھاوے تو بال سیاہ ہونگے۔ سفید نہ رہیں گے۔ اور اگر چار ماہ کھاوے تو مثل لڑکے کے جوان ہو اور اگر چھ ماہ کھاوے تو تمام بیماریاں جسم کی دور ہوں اور اگر آٹھ ماہ تک کھاوے۔ اور بھجن ابھیاس کرے۔ تو باطن کا نور ظاہر ہوتا ہے اور اگر ۱۰ ماہ کھاوے۔ تو آگ میں نہ سڑے گا اور اگر بارہ ماہ متواتر کھاوے۔ اور بھجن ابھیاس پروردگار کا کرے۔ جو منشا سے بیراگ کرے تو ہزار برس کی عمر ہوگی۔ اور آٹھ روز بعد [illegible] پراپت ہوں اور آخر کو مکت ہو۔ یہ گنگا جوگیوں کا ہے خوراک دال مونگ نان گندم و دودھ چاول۔ پرہیز ترشی سے کرے۔ (ظفر یار اخبار)

ترکیب کشتہ فولاد

برادہ فولاد ۲ تولہ۔ پارہ ۱ ماشہ۔ شنگرف ۱ ماشہ۔ سنکھیا (سم الفار) ۱ ماشہ سب کو شراب برانڈی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر ۲ پیالوں کے درمیان بند کرکے دو سیر اوپلوں کے درمیان آنچ دیں۔ پھر نکال کر شنگرف پارہ و سنکھیا نیا داخل کرکے شراب میں کھرل کرکے آنچ دیں۔ اسی طرح ۲۰ آنچ دیں۔ اکسیر کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ نامرد کو کامل مرد بنانا ایسی چیزوں کا کام ہے۔

کشتہ سم الفار ہوائی مومیہ

اول سم الفار سفید کھرل میں ڈال کر ایک یا دو لیموں کا پانی ڈال کر کھرل کریں جب وہ جذب ہو جاوے۔ اور ڈال دیں۔ اسی طرح اکیس ۲۱ لیموں کاغذی کا پانی

نسخہ مقوی بصر جالب اشک

سرمہ ۱۰ تولہ۔ سفید جست ۱۰ تولہ۔ فنچ چینی ۶ ماشہ۔ فوفل سوختہ ۱ عدد۔ افیون خالص ۶ ماشہ آب جو آب کیلا صلایہ کردہ در چشم کشند۔ (۲)

۲۰ امراض کو مفید ہے

کستوری ۱ تولہ۔ زعفران کیسر ۱ تولہ۔ لونگ ۳ تولہ۔ جائفل ۴ تولہ۔ افیون ۵ تولہ ان سب کو کوٹ پیس کر شہد خالص دو چند میں ملا کر بقدر دانہ مونگ گولیاں بنالیں اور مندرجہ طریقہ سے استعمال کریں۔ اور قدرت خدا مشاہدہ فرماویں:۔

برائے پڑبال:۔ پانی میں گھسکر آنکھوں میں لگایا کریں۔ **امساک:**۔ شہد کے ساتھ ۲ گولی کھاویں۔ اور ایک گھنٹہ قبل بھی کھائی جاسکتی ہے۔ **طلا:**۔ ایک گولی لعاب دہن اسپ میں گھسیں۔ اور ساتھ ہی مشک کا فور بھی ڈالدیں۔ اور طلا کریں۔ **برائے ہاضمہ:**۔ ایک گولی پان میں کھاویں۔ **اسہال اور سنگرہنی:** دیچا چھ کا دیا آب انار یا دھون چاول سے ایک گولی چار گھنٹے کے بعد کھاویں۔ **برائے مار گزیدہ:**۔ کھلاویں اور دودھ آک (مدار) میں گھسکر مقام ڈنک پر لگادیں۔ اگر کچھ لگادیں تو اور بھی بہتر ہے۔ **برائے نیش بچھو:**۔ بچھو وغیرہ کے کاٹے پر تھوک کے ساتھ گھس کر پانی میں لگادیں۔ بدن میں جلن ہو تو آملہ کے رس کے ساتھ آنکھ میں معمولی سلائی سے لگادیں۔ **سرعت انزال:**۔ میں تین تین مرچ سرخ ۴ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے سے کھایا کریں۔ **جریان:**۔ بادیانی مغز تخم املی ۱ ماشہ کے سفوف میں رکھ کر دودھ گائے سے کھاویں۔ منہ سے بدبو آتی ہو۔ تو روغن خشخاش سے کھاویں۔ **قوت باہ کیواسطے:**۔ ایک گولی مکھن میں رکھ کر کھاویں۔ **درد سر کیواسطے:**۔ پانی کے ساتھ گھسکر لگانے سے آرام آتا ہے۔ **بانجھ پن کیواسطے:**۔ ایک گولی اور کشتہ سنگ یہود ۲ سرخ میں رکھ کر تخم خرپزہ کے ۴ روز تک کھاویں۔ **یرقان:**۔ میں تیج پھلا کے سفوف ۲ ماشہ میں ایک گولی شہد کے ساتھ کھاویں۔ **درد کان کے واسطے:**۔ عورت میں تھوڑی سی گھسکر کانوں میں کچھ عرصہ ڈالا کریں۔ شب کو ری

تھوک سے گھس کر سلائی سے آنکھوں میں لگادیں۔ **پتھری کیواسطے:** شیر گر گردے کھاویں۔ **دمہ کیواسطے:** سفوف پپل ایک ماشہ میں ملا کر شہد کے ساتھ۔ **نزلہ زکام:** میں تھوڑے پانی میں پیسکر ناک میں ٹپکاویں۔ **کھانسی کیواسطے:** پان کے ساتھ کھاویں۔ **درد جوڑ** کے واسطے جوشاندہ بلیلہ زرد سے کھاویں۔ (حکیم دوست محمد خان)

نسخہ طلائے مجرب المجرب

چونک خشک ۲ تولہ۔ گندہ بیروزہ (خراطین) خشک ۲ تولہ۔ بیر بہوٹی خشک ۲ تولہ۔ زنبور زرد ۲ تولہ۔ زنبور سیاہ ۲ تولہ۔ سہاگہ ۲ تولہ۔ چربی بط ۲ تولہ۔ چربی مرغ ۲ تولہ۔ چربی سیاہ ۲ تولہ۔ چربی گوہ ۲ تولہ۔ میٹھا تیل ۲ تولہ۔ چربی ریچھ ۲ تولہ۔ ز ۲ تولہ۔ چربی شیر ۲ تولہ ان سب کو ایک جگہ محلول کر کے بذریعہ پتال جنتر روغن نکال لیں۔ اور سیون وحشفہ چھوڑ کر طلا کریں۔ اور پان کا پتا باندھیں۔ (۲)

سرمہ برائے دفعیہ بخار

سرمہ اصفہانی ۶ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۱ تولہ۔ زہر گرگ (بھیڑیا) یک عدد۔ زہرہ خرگوش یک عدد۔ زہرہ مادہ گاؤ یک عدد۔ زہرہ بز یک عدد۔ زہرہ مرغ یک عدد۔ عرق کوزہ توبہ شار۔ ہر دو سرمہ کو زہرہائے میں کھرل کریں۔ اور برابر سرمہ اصفہانی کے سیماب شامل کریں۔ اسکے بعد عرق کو دو توبہ میں کھرل کریں جب پانی خشک ہوجائے۔ تب ایک شیشہ میں ڈال کر زیر لید اسپ گڑھا کھود کر دو ہفتہ تک دفن کریں۔ اور بعد دو ہفتہ کے نکال کر ہیرا کسیس ۲ ماشہ شامل کر کے کھرل کریں۔ سرمہ تیار ہے۔ اور ہر قسم کے بخار کے لئے شفا ہے۔ (۲)

امرت دھارا سے قلب ماہیت

شنگرف رومی خالص سالم ایک ڈلی ایک تولہ لیکر امرت دھارا میں تر کریں اور پانچ تولہ جوان آدمی کے سر کے بال

کرلو ہے کی چینی کی پیالی میں رکھ کر اور دوسری پیالی بطور سرپوش رکھ کر کوئلوں کی نرم آنچ پر رکھدیویں۔ اور ۱۔۲ منٹ کے وقفہ کے بعد اوپر والی پیالی اٹھا کر دیکھ لیا کریں۔ کہ بالوں کا تیل ہو گیا ہے یا کہ نہیں جب بالوں کا تیل نکل کر شنگرف اس میں پکاوٹ کھانے لگے۔ اور پھر تمام جل کر سیاہ سنگری سی ہو جاوے۔ تو پیالی کو آنچ سے علیحدہ کریں۔ سرد ہونے پر بتدریج شنگرف کی ڈلی کو باہر نکالیں۔ اور جس قدر بالوں کے تیل کا فضلہ سیاہ رنگ شنگرف پر جم گیا ہو اسکو آہستہ سے دور کریں دوسری بار پھر شنگرف معمولی کو امرت دھارا میں تر کریں۔ اور بدستور سابق ۵ تولہ بال میں لپیٹ کر چینی کی پیالی میں بند کر کے نرم آنچ پر لگا دیں۔ اسطرح امرت دھارا میں تر کر کے اور بال لپیٹ کر پکاوٹ دیتے جاویں۔ چوتھی دفعہ کے عمل کے بعد شنگرف عنابی رنگت کسی قدر سیاہی لئے ہوئے کشتہ ہو کر نکلے گا۔ اس کشتہ کو عرق دودھ گائے کے ساتھ ۷ دفعہ تصفیہ اور نرم تشویہ دیں۔ تو بس اکسیر اسی کا نام ہے۔ بعد تمام عمل کے ۴ سرخ ۱ تولہ تانبہ پر طرح کریں۔

عرق دودھ کی ترکیب

دودھ گائے ۲ سیر میں نوشادر بھی آدھ سیر حل کریں۔ اور چونہ آب نارسیدہ پاؤ بھر اس میں داخل کریں بعد ازاں قرع انبیق عرق کشید کریں۔ بس وہی دودھ کا عرق ہے۔

(ز۔ر)

نسخہ برائے دفعیہ وجع المفاصل

سرنجاں شیریں ۹ ماشہ۔ بوزیدان ۵ ماشہ۔ انیسوں ۳ ماشہ سداب چینی ۳ ماشہ سنبل الطیب ۳ ماشہ۔ اسارون ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی ۵ ماشہ مرکی ۷ ماشہ زرنباد ۳ ماشہ تخم کرفس ۴ ماشہ عاقرقرحا ۳ ماشہ بہمن سرخ ۴ ماشہ بہمن سفید ۴ ماشہ تخم حرمل ۴ ماشہ۔ ترید سفید ۹ ماشہ زنجبیل ۳ ماشہ۔ گل سرخ ۷ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو کوٹ پیسکر سہ چند شہد میں معجون بنادیں۔ ہر قسم کی درد کے واسطے بقدر ۹ ماشہ کھاویں۔

(حکیم سید عبدالغفور)

نسخہ برائے دفعیہ سنجار جاڑہ۔ یعنی ہلدی لگے نہ پھٹکری نہ دوا کھائی جائے

نہ پی جاوے۔ تپ ولرزہ بہت جلد دور ہو جاتا ہے۔ اگر موسم سرما میں بخار جاڑہ آئے۔ تو روغن بید انجیر ۳ ماشہ۔ روغن بادام ۳ ماشہ۔ روغن چنبیلی ۳ ماشہ۔ روغن سرخ کنیر ۳ ماشہ۔ چار چراغوں میں ڈال کر یعنی ایک چراغ میں ۳ ماشہ علیحدہ علیحدہ چراغوں میں ڈال کر مریض کی چارپائی کے چہار طرف ہر ایک طرف پائے سے ملا ہوا فتیل سوز رکھ دیویں۔ اور جب تک ہر ایک فتیل سوز میں تیل جل کر ختم ہو کر بجھ نہ جائے معموم کو اس چارپائی سے علیحدہ نہ ہونے دیں۔ اور مکان بالکل بند کر دیں۔ کہ جسمیں معمول سے بھی کم بہ قدر ضرورت بہت تھوڑی ہوا آتی رہے۔ اور جب چراغ بجھ جائے۔ تو بعد ازاں سنبل الطیب ۲ ماشہ۔ زعفران ۲ ماشہ۔ دارچینی ۲ ماشہ۔ اندرجو ۲ ماشہ۔ لونگ ۲ ماشہ کوئلوں کی آگ پر برتن میں ڈال کر اسی بند مکان میں دھواں کر دیں جب وہ دھواں بڑھ کر اتنا ہو جاوے۔ کہ تحمل نہ ہو سکے پھر ایکدم مکان کو کھول دیا جائے۔ اور معموم کو کپڑا اوڑھا دیا جائے۔ بایں طریق جب تک آرام ہو۔ روزمرہ بلاناغہ رات کو یہی عمل کریں کم از کم ۳ روز بعد آرام آجاویگا۔ اور کھانے میں ضروری پرہیز کا خیال رکھنا ضروری ہے۔

(ز۔ر)

نسخہ برائے دفعیہ جریان الرحم

جب عورت کے رحم سے رطوبت جاری ہو۔ خواہ اس وقت میں حمل ہو یا نہ ہو ہر حالت میں قصد مانع اسقاط حمل ہے۔ گل انبہ ۳ ماشہ گل نوفل ۳ ماشہ۔ پوست بیرون پستہ کوٹ پیسکر شکر سفید ۹ ماشہ ملا کر ۲ روز تک کھلا دیں۔ ۳ روز میں اگر مرض کی کچھ شکایت باقی رہے۔ تو پھر ہر روز کے واسطے بنا کر کھلا دیں۔ (ز۔ر)

نسخہ برائے دفعیہ استسقاء عام

شربت استسقاء۔ پوست بیخ کاسنی ۷ مثقال۔ پوست بیخ بادیان ۷ مثقال پوست بیخ کبر ۷ مثقال۔ تخم کشوث ۷ مثقال۔ تخم کاسنی ۷ مثقال۔ تخم خربزہ ۵ مثقال تخم خیارین ۹ مثقال۔ گاؤزبان ۵ مثقال۔ بادرنجبویہ ۵ مثقال۔ بادیان ۵ مثقال افتیمون ۵ مثقال۔ ترنجبین۔ شکر سفید آثار بدستور معروف شربت بنا دیں۔ صبح اول خبث الحدید ۱۲ ماشہ۔ معجون ۳ ماشہ۔ دید الورد میں کھلا دیں۔ بعد ازاں اوپر سے بادیان ۵ ماشہ۔

بیخ بادیان ۵ ماشہ۔ بیخ کاسنی ۵ ماشہ۔ تخم کاسنی ۵ ماشہ۔ تخم خیارین ۵ ماشہ۔ تخم خربزہ ۵ ماشہ
مویز منقے ۹ دانہ۔ تخم کشوث ۲ ماشہ پانی میں جوش دے کر چھان کر شربت استسقاء مذکورہ بالا
۲ تولہ ڈال کر پلاویں۔ اور بوقت دوپہر بول گاؤ دُمو تر گاسے آدھ پاؤ سے لے کر آدھ سیر
تک بتدریج پیا کریں۔ اور شام کو سورج غروب ہونے سے قبل سفوف ریہنگ ۱۰ ماشہ
فلفدراز ۶ درم۔ زنجبیل ۶ درم۔ نانخواہ ۶ درم۔ پوست ہلیلہ زرد ۱۳۰ ماشہ۔ شیطرج
۱۳۰ ماشہ۔ بہمن سفید ۱۳۰ ماشہ۔ سنا مکی ۱۳۰ ماشہ کوٹ پیسکر سفوف ۶ ماشہ بہمراہ
بول مادہ گاؤ ۲ تار کھاویں۔ تو بہت مفید ہے ۔

نسخہ برائے جلق زدہ

اگر مجلوق کو کسی دواسے فائدہ نہ ہو تو قضیب کی جڑھ میں دو جونک لگوائیں۔
جب وہ کافی خون پی لیں اور شکم سیر ہو جاویں۔ چھڑا دیں اور پھر طلاء لگاویں ۔

طلائے مجلوق } مکھن جسے ایکسو ایک مرتبہ پانی میں دھویا جائے ۱ تولہ۔ سندھور ۲ ماشہ۔ روغن بادام ۳ ماشہ مکھن میں ملا کر طلا کریں۔ اور بنگلہ پان
باندھیں۔ مفید ہے۔ باقی ترشی سے ہمیشہ پرہیز رکھنا اور جماع کم کرنا مفید ہے یقیناً
جماع کم کیا جاویگا۔ مفید ہوگا ۔

نسخہ اسقاط بچہ مُردہ

اگر حاملہ عورت کے شکم میں بچہ مر جائے۔ اور اس کا نکلنا دشوار ہو تو اسکو یہ
نسخہ پلاویں: بیخ بسکھپرا ۶ ماشہ۔ تخم گندنا ۶ ماشہ۔ بیخ چرچٹہ ۶ ماشہ۔ کاسنی زہر بادی
۶ ماشہ۔ پوست املتاس ۶ ماشہ۔ بیخ سرکڑہ ۶ ماشہ۔ شکر سرخ ۲ ۔ بار جوش دے کر
چھان کر لعاب ریشہ خطمی ۶ ماشہ۔ لعاب گاؤزبان ۶ ماشہ۔ لعاب پستان ۶ ماشہ۔
لعاب بہیدانہ ۶ ماشہ ڈال کر عورت کو پلاویں۔ اسقاط ہو جاویگا ۔

دیگر: شیر مادہ سگ ۲ تار۔ شہد ۱ تولہ ملا کر پلانا اسقاط کرتا ہے نیز کسی
جانور سے ڈرا دینا یا اچانک اوس مکان میں بندوق چھوڑنا وغیرہ وغیرہ ۔

نسخہ برائے دفعیہ جریان

مغلظ منی و ممسک حکیم صاحب موصوف کا ایجاد کردہ سفوف شاہی جریانی ۹۹ نسخہ

بہمنہ ۹ ماشہ۔ تالمکھانہ ۹ ماشہ۔ تخم انگن ۲ تولہ۔ آرد تخم تمر ہندی ۲ تولہ۔ پھلی ببول ۹ ماشہ
گوند ببول ۹ ماشہ۔ گوند ڈھاک ۹ ماشہ۔ گل ببول ۹ ماشہ۔ گل پستہ ۹ ماشہ۔ گل نوفل ۹ ماشہ
گل موٹھی ۹ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۹ ماشہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ شقاقل مصری ۲ تولہ۔ بہمن سفید
۲ تولہ۔ بہمن سرخ ۱ تولہ۔ خار خسک ۱ تولہ۔ موصلی سنبل ۳ تولہ۔ آرد پوست مولی ۲ تولہ
مغز سنگھاڑہ خشک ۲ تولہ۔ کباب چینی ۹ ماشہ۔ گل سیوتی ۹ ماشہ۔ گل چاندنی ۹ ماشہ
مایہ شتر اعرابی ۹ ماشہ۔ حب کاکنج ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ ۹ ماشہ۔ آرد گوکھرو ۱ تولہ۔ مکلس قلعی
۹ ماشہ۔ مکلس مرجان ۶ ماشہ۔ مکلس نقرہ ۳ ماشہ۔ مکلس طلاء ۳ ماشہ۔ مکلس شنجرف ۳ ماشہ
کاہ جوانی سفید مقرض ۵ تولہ۔ نشاستہ گندم ۹ ماشہ۔ تخم زردک ۱ تولہ۔ زہر مہرہ خطائی
۷ ماشہ۔ تخم جرجیر ۹ ماشہ۔ مغز کدو شیریں ۹ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۹ ماشہ۔ کہربائے شمعی
۹ ماشہ۔ پوست بیخ سنکھاولی ۱ تولہ۔ پوست بیخ اونٹ کٹارہ ۹ ماشہ۔ پستان ۹ دانہ
طباشیر ۱ تولہ۔ آرد ماش ۲ تولہ۔ پھان بید۔ بودھ گجراتی ۹ ماشہ۔ پوست بیخ جہرشری
۹ ماشہ۔ سنبل الطیب ۹ ماشہ۔ گل ارمنی ۹ ماشہ۔ ہینگ ۳ ماشہ۔ مائیں ۹ ماشہ۔ پوست
بیخ کچنار ۹ ماشہ جملہ ادویہ کو کوٹ پیسکر سفوف بناویں۔

ترکیب استعمال: اول خرما یعنے چار چھوہارے گرم پانی میں جوش دیں۔ جب
پھول جاویں۔ چاروں چھوہارے نکال کر ہر ایک میں کافی شگاف دے کر اور گٹھلی نکال کر
سفوف شاہی ان میں خوب خوب دبا دبا کر بھر دیویں۔ پھر باحتیاط قدرے منہ
شگفتہ بند کر کے آدھ سیر گائے کے اوٹائے ہوئے دودھ ۲ تار میں ڈال کر جوش دیں
جب وہ دودھ پکتے پکتے منجملہ ۲ تار کے ۱ تار یا ۱½ تار رہ جاوے۔ ۳ تولہ قند سفید ڈال
کر پی لیں۔ قند سفید کی ترکیب: قند سفید یا مصری ۳ تولہ لے کر اسکو کھرل میں ڈال
کر ہمراہ نقرہ ورق ۵ عدد ورق طلاء ۳ عدد۔ مشک تاتاری ۱ سرخ کھرل کریں جب
خوب باریک ہو جاوے۔ یعنے مانند سرمے کے ہو جاوے۔ تب سفوف شاہی ۱ ماشہ
ڈال کر پھر کھرل کریں۔ اور بعد از آں اسکو ایسے برتن میں ڈالیں۔ جو پہلے سے گرم ہو
ہو۔ اس میں ڈال کر جب دیکھو اگرم ہو گئی۔ نکال کر دودھ میں ڈال
کر دودھ پی جاویں۔ نہایت ممسک ہے ۔

نسخہ برائے دفعیہ درد شکم و مہاسول محلل ریاح و قبض کشا وغیرہ

مغز کرنجوہ ۱ تولہ۔ مغز انڈی ۱ تولہ۔ نکچھکنی ۱ تولہ۔ ہینگ ۱ تولہ۔ سونٹھ (زنجبیل) ۱ تولہ۔ کوٹ پیسکر ہمراہ آب تازہ چاہ بقدر بیر جھڑ بیری گولیاں بناویں۔ مقدار خوراک ۲ گولی سندکورہ بالا تمام بیماریاں دور کرنے میں بے مثل ہے ۔ (۱۱)

نسخہ برائے دفعیہ ورم گلو وغیرہ

عناب ۵ دانہ۔ بیدانہ ۲ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۵ ماشہ۔ تخم خطمی ۵ ماشہ۔ اصل السوس مقشر ۵ ماشہ۔ مویز منقے ۹ دانہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں۔ علی الصبح نیم گرم کرکے چھان کر شربت بنفشہ ۲ تولہ ڈال کر پلا دیں۔

برائے غرغرہ

گلنار ۱ ماشہ۔ کوکنار ۱ ماشہ۔ عدس مسلم ۱ ماشہ۔ کشنیز خشک ۱ ماشہ۔ کزمازج ۱ ماشہ پانی میں جوش دے کر اس کا مضمضہ کرانا مفید ہے ۔ (۱۱)

برائے ضماد (لیپ)

چندن خطائی ۲ ماشہ۔ مغز فلوس خیار سبز ۱ تولہ۔ آب سبز کدو میں ملا کر نیم گرم ضماد کریں اگر اس سے فائدہ نہ ہو۔ تو بعد تین روز بشرائط مخصوصہ فصد۔ فصد سرارو کرا دیں۔ اور ان ادویات بلحاظ عمر مریض ملحوظ خاطر رہیں ۔ (۱۱)

قلاع و بثور الفم عام

منہ آنا یعنی منہ میں دانے نکلنا۔ آلہ سمارو غ یعنے کھمبی ۲ ماشہ۔ گاؤزبان سوختہ بظرف گلی ۲ ماشہ۔ تخم خرفہ سیاہ ۲ ماشہ۔ برگ خا خشک ۳ ماشہ۔ کتھ ۲ ماشہ طباشیر سفید ۲ ماشہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ جملہ ادویہ کو باریک کوٹ کر (ذرور) منہ میں ڈالنا مفید ہے ۔ (۱۱)

برائے دفعیہ کھانسی پرانی یعنی کہنہ

حب سعال (سرفہ) رب السوس۔ نشاستہ۔ صمغ عربی۔ کتیرا۔ دم الاخوین۔ پوست بلیلہ زرد۔ مغز بیدانہ۔ مغز بادام۔ برگ خرک۔ ہر ایک ۱ ماشہ سب کو

ریک کوٹ پیسکر بمقدار نخود ہمراہ آب گوند ببکیر گولیاں بنا دیں۔ مقدار خوراک صرف دو گولیاں ۔ (۱۱)

برائے دفعیہ رمد چشم

آنکھ دکھنا۔ آنکھ کا سرخ ہونا۔ سونٹھ ۲ ماشہ۔ گیرو ۲ ماشہ۔ فوفل ۱ تولہ کوٹ پیسکر نیب یعنی نیم کے پتوں کے اوٹے پانی میں گولیاں بنا دیں۔ اور بوقت حاجت ایک گولی پانی میں گھسکر آنکھ میں ڈالیں ۔ (۱۱)

دیگر طلسم

جس سے ایک دم ایک آن میں آنکھ بالکل اچھی اور سفید ہو جائے۔

نسخہ:۔ کونپل نیب سرخ تازہ ۲ ماشہ۔ سفیدہ بریان ۱ ماشہ۔ پھٹکری بریان ۱ ماشہ ہر سہ ادویہ کو باہم ہاتھ سے خوب مل کر ایک سیپی (صدف) میں ڈالدیں۔ بعد زان عورت کا دودھ ۳ ماشہ (وہ عورت جسکی گود میں لڑکی ہو) ڈال کر ملیں۔ جتے کہ نیب (نیم) کی پتوں کی کونپل سبز رنگت دودھ میں اثر کرکے دودھ کو سبز کر دے۔ تب نچوڑ کر چشم ماؤف میں ایکدم تین تین قطرے ڈالیں ۔ (۱۱)

نسخہ مرہم جو کہ عام زخموں کیواسطے ہر حال یعنی زمانہ ابتداء آغاز و زمانہ اوسط و زمانہ انتہائی میں نہایت مفید اور اعلٰے درجہ کا مفید ہے

مسکہ یعنی مکھن ۱ تولہ ایکسو ایکر تبہ دھویا ہوا۔ روغن کنجد ۱ تولہ۔ پھٹکری ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۳ ماشہ۔ زبان سگ سوختہ ۲ ماشہ۔ لعاب اسپغول ۲ تولہ۔ آب برگ نیب سبز ۱ تولہ تھوڑی دیر آنچ لگا کر چولھے سے اُتاریں۔ اور جسوقت ضرورت ہو کام میں لاویں ۔ (۱۱)

گیسں کا فائدہ { جس باولی یا چاہ کے پانی میں شدت سے بو آگئی ہو یا کیڑے و مچھگے پیدا ہو گئے ہوں جس کا پانی پی نہ سکتے ہوں۔ اگر کوئی یہ چاہے۔ کہ یہ بدبو بہت جلد دفع ہو جاوے۔ تو اگر باولی یا کنوئیں میں پانی زیادہ ہو تو ایک سیر یا سوا سیر گیسں اس میں ڈالدو۔ تھوڑے عرصے میں پانی میں ایک دو دن

زخم وغیرہ سے جریان خون بند کرنیکے لئے ایک قسم کی روئی کی تیاری

دُھنی ہوئی روئی ۲ ماشہ۔ گلیسرین ۲۔ اونس۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ۔ پانی ۲۰ تولہ

ترکیب: روئی کو اس پانی میں جس میں پھٹکڑی اور گلیسرین ملایا گیا ہو بھگو کر سکھا دیں۔ عند الضرورت اس میں سے تھوڑا سا لے کر جہاں سے خون جاری ہو باندھیں۔ (د،د)

کان کا درد اور پیپ } سُکھ داس کے پتا کا رس کان میں ڈالنے سے کان کی پیپ سوزش۔ درد دُور ہو جاتا ہے۔ اور تھوڑا سنائی دیتا ہو۔ تو تھوڑے دن ڈالنے سے پُورا سنائی دینے لگتا ہے۔ (د،د)

نسخہ خارشت تر } چوکیا سوہاگہ بریان ۱ تولہ۔ کمیلہ سرخ ۱ تولہ۔ پھٹکڑی ۱ تولہ۔ روغن تلخ ۲ تولہ۔ یہ تمام اجزاء سفوف کرکے روغن تلخ میں ملا کر خوب حل کرے۔ اور پھنسیوں کو پیلی مٹی سے صاف کرکے لیپ سا کر دیں۔ تیسرے روز پھر پیلی مٹی سے صاف کرکے اور دوا لگا دے۔ (حکیم عبد الغنی تھہرامی)

نسخہ مقوی دماغ و باہ } مغز ثارہ۔ مغز نارجیل ۱ تولہ۔ دانہ خشخاش ۱ تولہ۔ رضوا ثار۔ ان سب کا شیرہ نکال کر دارچینی ۱ تولہ۔ جاوتری ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ دانہ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ زعفران ۱۰ ماشہ۔ برادہ صندل سفید ۵ تولہ شعد۔۔۔ حرمی ۲ تولہ۔ شقاقل مصری ۲ تولہ۔ بہمن سرخ ۲ تولہ۔ بہمن سفید ۲ تولہ۔ موصلی سفید ۲ تولہ۔ موصلی سیاہ ۲ تولہ۔ مصری کوزہ رنبات سفید ۲ ثار۔ ان سب کا سفوف کرکے ملاوے۔ اور اوپر کیوڑا ثار ڈال کر معجون بنا دیں۔ خوراک ۱ تولہ سے ۲ تولہ۔ (د،د)

نسخہ برائے سلسل البول و رقت منی

سیپاری دکھنی یعنی چتی بیج ۶ ماشہ۔ تترج ۶ ماشہ۔ ناگ کیسر ۶ ماشہ۔ کلونجی ثار سوتھ ۶ ماشہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ پیپل ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ پیلا مول ۶ ماشہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ جائپھل ۶ ماشہ۔ آملہ ۱ تولہ۔ جاوتری ۶ ماشہ۔ زرنب ۶ ماشہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ بنسلوچن ۶ ماشہ۔ بھلاوہ کنارہ ماشہ۔ پوست بیخ ارنڈ ۶ ماشہ۔ سندر ۶ ماشہ۔ [illegible]

اگر اس پانی کی بدبو دفع ہو جاوے۔ اور تمام جانور مرکر اوپر آ جاویں گے۔ اور پانی بہت صاف پینے کے ہو جاویگا۔ یہ خیال نہ کرنا چاہئیے۔ کہ کسیس کوئی مضر شے ہے۔ بلکہ حکماء نے اس کا استعمال معدہ کے لئے مفید لکھا ہے۔ علاوہ دفع کرنے بدبو پانی کے جس جگہ بکثرت بدبو ہو وہاں پر کسیس کو پانی میں گھول کر ڈالدیں۔ تو اسکی بدبو بالکل جاتی رہتی ہے۔ چنانچہ اگر کسی جگہ کثرت پیشاب سے بہت بدبو ہو گئی ہو۔ تو وہاں پر تھوڑا سا کسیس پانی میں گھول کر ڈالدیں۔ بدبو بالکل جاتی رہے گی۔ لاش کی بدبو دفع کرنے کے واسطے اسی دوا کا استعمال کرتے ہیں۔ حکماء انگریزی واسطے دفع کرنے بدبو کے اس دوا کو بہت مفید خیال کرتے ہیں۔ اس واسطے کہ تھوڑی قیمت اور فوائد زیادہ ہیں۔

(حکیم شیخ محمد صدیق محسن)

عرق اخروٹ: ایام حمل میں خصوصاً اور حالتوں میں بھی جب قے بکثرت ہو تو نسخہ مندرجہ ذیل سے فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ: تازہ اخروٹ ۵ انچ چھلکہ۔ رکٹیفائیڈ اسپرٹ ۱۲ اونس۔ روح انجم۔ پانی حسب ضرورت۔ قرع انبیق میں آدھ سیر عرق نکالیں۔ (د،د)

پرانے اسہال } رات کو برگ ببول کو بھگو کر صبح پیس لیں۔ تھوڑا سا شربت صندل ملا کر دو تین دن برابر دیں۔ اگر افاقہ نہ ہو تو یہ نسخہ مفید ہوتا ہے۔

نسخہ: آکسائیڈ آف زنک ۱/۲ ۲ ماشہ۔ بائی کاربونیٹ آف سوڈا ۱/۲ ماشہ دن میں تین دفعہ دینے سے۔۔۔ مریض بہت جلد آرام پاتے ہیں۔ (د،د)

مجرب دافع وجع المفاصل } آیوڈوفارم ۲۰ رتی۔ ریڈ یوسٹڈ آئرن ۲۰ رتی۔ رب السوس ۴ ڈرام۔ ساٹھ عدد گولیاں بنا کر دن میں دو دفعہ ایک ایک گولی کھانی چاہئیے۔ آتشک کے وجع المفاصل میں بہت فائدہ کرتی ہیں۔ جن مریضوں کو بار بار وجع المفاصل ہوا کرے۔ اگر وہ فوراً جب ایک جگہ میں درد اٹھے۔ رائی کا پلستر لگا دیں۔ تو درد منتقل اور عضووں میں نہیں ہونے

مغز نیم دانہ ۲ تولہ۔ تخم نیلوفر ۲ تولہ۔ برگ بادر نجبویہ ا تولہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ مویز منقی ۔ شار۔ سنگھاڑا ۳ تولہ۔ ستاور ۳ تولہ۔ چرونجی ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۳ تولہ۔ مغز پستہ ۳ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۳ تولہ۔ روغن زرد۔ شاہ شیر گاؤ ۵ سیر۔ مغز فندق ۲ تولہ۔

ترکیب: چھتی سپاری کو دودھ میں اسقدر جوش دیں۔ کہ مثل کھویہ کے ہوجاوے۔ بعد اسکے مغزیات کے علاوہ جملہ ادویات کا سفوف کرکے ڈالدیں۔ روغن زرد بھی ساتھ ہی چھوڑ دیں۔ اور باہم خوب ملادیں۔ جب سرخی مایل ہو۔ جملہ ادویات و مغزیات ڈال کر اتنا جلادیں۔ کہ کھویا گھی چھوڑنے لگے۔ بس تیار ہے۔ خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک ہے۔

نسخہ مغلظ منی { سفوف بتیسی ا تولہ۔ سفوف سنگھاڑا ۲ تولہ۔ سفوف تباشیر ا تولہ۔ سفوف موصلی سفید ۶ ماشہ۔ مصری کوزہ پاؤ تار۔ مغز بادام شیریں ۵ دانہ۔ مغز چلغوزہ ۳ دانہ۔ شہد خالص ۳ ماشہ۔ کل ادویہ کو باہم ملاکر ماشہ کے قریب ہر روز کھاویں۔ گیارہ روز متواتر (د م)

نسخہ ممسک از حد { عرق بھنگرہ کو ایک کوزہ گلی آب نارسیدہ میں ڈالدو جب کہ وہ جم کر ٹکیہ ہوجاوے۔ تو دوسرے کوزہ گلی میں نصف تک دودھ بھر دو اور اس کے اوپر پتلے بانس کی تیلیوں سے پاٹ دو۔ اور ان کے اوپر ٹکیہ مذکورہ رکھ کر تیسرے کوزہ سے منہ بند کرکے گل حکمت کردو۔ پھر بھی آنچ سے اسقدر دو کہ اوپر کی شے خشک ہوجائے۔ کوزہ گلی کو اب توڑ کر جما ہوا دودھ نکال لو۔ اور اس دودھ کو پان کے ساتھ استعمال کرو۔ مگر پان بنا کر بجائے معمولی سپاری کے چھتی سپاری ڈالو۔ بوقت جماع اس کا عرق چوستے رہو۔ جبتک منہ میں رہیگا ۔۔۔ نہ ہوگا۔

نوٹ: زیادہ استعمال سے جنون کا خوف ہے۔ (شیخ محمد صدیق محسن)

چھاتی کو ابھارنے کا علاج { اول چھاتیوں کو خوب ملیں کہ سرخی پر آجاویں پھر ۔۔۔ کو پیسکر اس پر ملدیں جب وہ خشک ہوجائے ۔۔۔ منتقا ۔۔۔ رہنے سے گاڑھا اور بدبودار ۔۔۔ تو ۔۔۔ مل کر اسکو اتار دیں

اسی طرح دو بار روزانہ کریں۔ (اڈیٹر)

سگ گزیدہ کا علاج

یہ علاج جب کسی سگ دیوانہ نے کسی کو کاٹا۔ میں نے علاج کیا۔ اللہ تعالٰے نے صحت بخشی۔ اگر دیر میں ہو تو شاید کافی نہ ہو۔ مگر میں نے دیکھا۔ اکثر آدمیوں کو کہ جو فوراً علاج ہوا کبھی ناکامیابی نہ ہوئی۔ برسوں گذرے اور وہ لوگ اچھے بھلے ہیں۔ اس علاج کی بہت تعریف۔ ویکر جیسا یاد میں ایک گنتا ہیں سے کسی رئیس نے خریدا تھا اور وہ رئیس اب فوت ہوگیا ہے۔ اس سے میرے استاد صاحب حکیم مولوی سید احمد علی صاحب غالب نے سیکھا تھا اب ایک جنٹلمین زندہ موجود ہے۔ وہ میرے کلام کی تصدیق کرتا ہے۔ بعض زخم تیزاب سے جلادیئے گئے۔ اور زخموں کو تیزاب سے جلانے کی ضرورت نہ تھی۔ علاج یہ ہے۔

کہ بیمار کو ۳ روز تک تین بار برگ ببول کا عرق پلادیں۔ جسکو ہندی میں کیکر کہتے ہیں۔ ۳ روز تک تین بار جب مریض عرق ببول پیئے چاول۔ دہی۔ کھویا نمک نہ دیں۔ اس دوا سے قے آتی ہے۔ مگر اس کا مضائقہ نہیں ہے۔ اگر بشدت قے آوے۔ تب ایکدو چمچے گھی پلادیں۔ فوراً موقوف ہوجاویگی چند ہفتہ بعد اگر سگ گزیدہ کے دل میں کچھ خوف ہو۔ تو پھر بھی علاج کرنا بہتر ہے۔ دوبارہ دوا کی حاجت ایک جوان شخص کو ہوئی جسکی پنڈلی میں کاٹا تھا اور اسی روز ایک عورت ایک مرد ایک بکری ایک بیل کو کاٹا تھا مرد کا حال معلوم نہیں۔ عورت۔ بیل۔ بکری ایک ہی دن میں دیوانہ ہوکر مرگئے۔ جس کا میں نے علاج کیا تھا۔ وہ ۱۳ برس سے زندہ ہے۔ اور اچھلے ہیں نے یہ علاج عام فائدہ کیواسطے مشتہر کیا ہے۔ تاکہ لوگوں کو فائدہ پہنچے۔

ناروُ کا علاج

اب تک اس سے زیادہ مفید تجربے میں نہیں آیا ہے کہ مریض کو ۹ ماشہ گندہ بہروزہ اور ۲ تولہ روغن گاؤ گرم کرکے اور اچھی طرح سے باہم کر پلادو اسیوقت تکلیف جاتی رہیگی ۳ روز تک یہ دونوں چیزیں اسی مقدار میں ملاکر پلاتے رہو خدا چاہے تو سب پانی ہوکر بہجاویگا۔ اور پھر کبھی مرض مذکور ظاہر نہ ہوگی۔ (د م)

مغز نبہ دانہ ۲ تولہ۔ تخم نیلوفر ۲ تولہ۔ برگ بادرنجبویہ ۱ تولہ۔ زعفران ۴ ماشہ۔ مویز منقٰی ثار۔ سنگھاڑا ۲ تولہ۔ ستاور ۳ تولہ۔ چرونجی ۲ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۳ تولہ۔ مغز پستہ ۲ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ روغن زرد ۵ تار۔ شیر گاؤ ۵ سیر۔ مغز فندق ۲ تولہ۔

ترکیب: چھیتی سپاری کو دودھ میں اسقدر جوش دیں۔ کہ مثل کھویہ کے ہوجاوے۔ بعد اسکے مغزیات کے علاوہ جملہ ادویات کا سفوف کرکے ڈالدیں۔ بعدہٗ روغن زرد بھی ساتھ ہی چھوڑ دیں۔ اور باہم خوب ملادیں۔ جب سرخی مایل ہو۔ جملہ ادویات و مغزیات ڈال کر اتنا جلادیں۔ کہ کھویا گھی چھوڑنے لگے۔ بس اتار لیں۔ خوراک ۲ تولہ سے ۵ تولہ تک ہے۔

نسخہ مغلظ منی — سفوف بہمنی ۱ تولہ۔ سفوف سنگھاڑا ۲ تولہ۔ سفوف تباشیر ۱ تولہ سفوف موصلی سفید ۲ ماشہ۔ مصری کوزہ پاؤ تار۔ مغز بادام شیریں ۵ دانہ۔ مغز چلغوزہ ۳ دانہ۔ شہد خالص ۳ ماشہ۔ کل ادویہ کو باہم ملاکر ۱ ماشہ کے قریب ہر روز کھاویں۔ گیارہ روز متواتر (د۔ر)

نسخہ ممسک انجد — عرق بھنگرہ کو ایک کوزہ گلی آب نارسیدہ میں ڈالدو جب کہ وہ جم کر تکیہ ہوجاوے۔ تو دوسرے کوزہ گلی میں نصف تک دودھ بھر دو اور اس کے اوپر پتلے بانس کی تیلیوں سے پاٹ دو۔ اور ان کے اوپر تکیہ مذکورہ رکھ کر تیسرے کوزہ سے منہ بند کرکے گل حکمت کردو۔ مگر دھیمی آنچ سے اسقدر تاؤ دو کہ اوپر کی مٹی خشک ہوجائے۔ کوزہ گلی کو اب توڑ کر جما ہوا دودھ نکال لو۔ اور اس دودھ کو پان کے ساتھ استعمال کرو۔ مگر پان بنا کر بجائے معمولی سپاری کے چھیتی سپاری ڈالو۔ بروقت جماع اس کا عرق چوستے رہو۔ جبتک منہ میں رہیگا [illegible] نہ ہوگا۔

نوٹ: زیادہ استعمال سے جنون کا خوف ہے۔ (شیخ محمد صدیق محسن)

چھاتی کو ابھارنے کا علاج — اول چھاتیوں کو خوب ملیں۔ کہ سرخی پر آجاویں پھر [illegible] منتقا [illegible] رہنے سے گاڑھا اور بدبودار ہوگیا ہو۔ اس پر ملدیں۔ جب وہ خشک ہوجائے۔ تو [illegible] مل کر اسکو اتار دیں

اسی طرح دوبار روزانہ کریں۔ (ڈاکٹر [illegible])

سگ گزیدہ کا علاج

یہ علاج جب کسی سگ دیوانہ نے کسی کو کاٹا میں نے علاج کیا۔ اللہ تعالٰے نے صحت بخشی۔ اگر دیر میں ہو تو شاید کافی نہ ہو۔ مگر میں نے دیکھا۔ اکثر آدمیوں کو کہ جو فوراً علاج ہوا کبھی ناکامیابی نہ ہوئی۔ برسوں گذرے اور وہ لوگ اچھے بھلے ہیں۔ اس علاج کی بہت [illegible] جیسا آباد میں ایک گنتا میں سے کسی رئیس نے خریدا تھا اور وہ رئیس اب فوت ہوگیا۔ ان سے میرے استاد صاحب حکیم مولوی سید احمد علی صاحب غالب نے سیکھا تھا اب ایک جنٹلمین زندہ موجود ہے۔ وہ میرے کلام کی تصدیق کرتا ہے۔ بعض زخم تیزاب سے جلادیئے گئے۔ اور زخموں کو تیزاب سے جلانے کی ضرورت نہ تھی۔ علاج یہ ہے۔ کہ بیمار کو ۳ روز تک تین بار برگ ببول کا عرق پلادیں۔ جسکو ہندی میں کیکر کہتے ہیں۔ ۳ روز تک تین بار جب مریض عرق ببول پئے چاول۔ دہی۔ گھی یا نمک نہ دیں۔ اس دوا سے قے آتی ہے۔ مگر اس کا مضایقہ نہیں ہے۔ اگر بشدت قے آوے۔ تب ایکدو چمچ دہی پلادیں۔ فوراً موقوف ہوجاویگی چند ہفتہ بعد اگر سگ گزیدہ کے دل میں کچھ خوف ہو۔ تو پھر بھی علاج کرنا بہتر ہے۔ دوبارہ دوا کی حاجت ایک جوان شخص کو ہوئی جسکی پنڈلی میں کاٹا تھا اور اسی روز ایک عورت ایک مرد ایک بکری ایک بیل کو کاٹا تھا مرد کا حال معلوم نہیں۔ عورت۔ بیل۔ بکری ایک ہی دن میں دیوانہ ہو کر مر گئے۔ جس کا میں نے علاج کیا تھا۔ وہ ۱۳ برس سے زندہ ہے۔ اور اچھا ہے میں نے یہ علاج عام فائیدہ کیواسطے مشتہر کیا ہے۔ تاکہ لوگوں کو فائیدہ پہنچے۔

نارو کا علاج

اب تک اس سے زیادہ مفید تجربے میں نہیں آیا ہے کہ مریض کو ۹ ماشہ گندہ بہروزہ اور ۹ تولہ روغن گاؤ گرم کرکے اور اچھی طرح سے باہم کرکے پلا دو۔ اسیوقت تکلیف جاتی رہیگی۔ ۳ روز تک یہ دونوں چیزیں اسی مقدار میں ملاکر پلاتے رہو۔ خدا چاہے تو سب پانی ہوکر بہجاویگا۔ اور پھر کبھی مرض مذکور ظاہر نہ ہوگی۔ (د۔ر)

نسخہ برائے درازیٔ مجرب

کتھ ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ فسل (پنچل) ۱ تولہ۔ آب برگ دھتورہ ۱ تولہ۔ آب برگ چنبیلی ۱ تولہ۔ ایک پاؤ تیل تلی میں پہلے تینوں چیزیں پیس کر ڈال دو۔ ہر دو آب بھی تیل میں ڈال دو نیچے نرم آنچ کرو جب تیل سے پانی جل جاوے نیچے اتار دو جب سرد ہو جاوے تو تیل کپڑے میں چھان کر شہد میں ڈالو حسب ضرورت آلت پر بجز سیون و حشفہ کے مالش کرو [illegible]

نسخہ قوت باہ وامساک وطاقت مجرب

خولنجان ۱ تولہ۔ ستاور ۱ تولہ۔ تال مکھانہ ۱ تولہ موصلی سیاہ ۱ تولہ موصلی سفید ۱ تولہ ست گلو ۱ تولہ۔ اسگندھ ناگوری ۱ تولہ۔ گوند ڈھاک ۱ تولہ بہمن سفید ۱ تولہ۔ موچرس ۱ تولہ سنبل سوکھ ۱ تولہ۔ رومی مصطگی ۱ تولہ۔ شقاقل مصری ۱ تولہ۔ ثعلب مصری ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ تمام ادویہ خوب باریک کوٹ چھان کر اس میں ۱۶ تولہ کھانڈ ملا دیں۔ خوراک ۶ ماشہ صبح ۶ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ تازہ تازہ کے کھا دیں۔ نہایت مجرب ہے۔

جیرن جوڑ اگر مریض غریب ہے تو مندرجہ ذیل کم قیمت آسان نسخہ بنا دیں۔ مغز جماں گوٹہ ۶ ماشہ گگل (کوڑا) ۴ ماشہ۔ گیرو ۴ ماشہ گھیکوار کے رس میں کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک یا ۲ گولی تک بہمراہ آب سرد صبح و شام۔ (ایڈیٹر)

آنکھیں دکھنا پوست ہلیلہ۔ سونٹھ۔ گیرو۔ برگ املی۔ پوست آملہ۔ لودھ۔ افیون۔ پھٹکڑی بریاں۔ زیرہ سفید۔ تمام ادویہ کوٹ کر اور پوٹلی میں باندھ کر عرق گلاب سے تر کر کے آنکھوں پر رکھیں۔ اگر برگ املی نہ ملے۔ تو برگ کیکر ڈال دیں۔ (د۔ر)

کھٹرالی زخم جات کے پتے باندھنے سے بہت جلد آرام آتا ہے۔ پارہ کی جڑ کو پیس کر اور ٹکیہ بنا کر اس پر ذرا سا شنگرف اور دودھ آک دیکر مرہم ڈھوڑ کر کھٹرالی پر باندھ دیں بہت جلد آرام ہو جاویگا۔ دودھ بڑ کے لگانے سے ابتدائی حالت میں بہت جلد بیٹھ جاتی ہے۔ اور امرت دھارا سے بھی مفید ہے۔

بارش میں پاؤں گلنا روغن تلخ (سرسوں کا تیل) میں سونٹھ ڈال کر پاؤں کو

مالش کریں۔ مگر قبل از مالش نیم گرم پانی سے پاؤں کو دھو ڈالیں۔ ہمیں بھی اکثر ایسا ہوا ہے۔ اور مندرجہ بالا ترکیب سے رفع ہو گیا میرا آزمودہ ہے۔ (سید محمد صدیق حسن)

نسخہ سوزاک کہنہ بیج کنار دشتی یعنی جنگلی بیری کی جڑھ کوٹ کر ایک پیالہ میں رکھ کر اتنا پانی ڈالیں۔ کہ ڈوب جاوے۔ رات کو اسے شبنم میں رکھ دیں اور صبح مل چھان کر مصری اور شب یمانی مساوی الوزن ملا کر نوش فرما دیں۔ اور ایک ہفتہ استعمال کریں۔ (د۔ر)

نسخہ مقوی دل ودماغ وغیرہ

اسگندھ ناگوری ۸ تار۔ شہد خالص ۷ مار۔ روغن زرد ۷ مار۔ اسگندھ کو کوٹ چھان کر شہد اور روغن زرد میں ملا دیں۔ اور مغزیات ومیوہ جو چاہیں ڈال دیں۔ ہم خود اسے استعمال کر چکے ہیں۔ خوراک ۱ تولہ صبح ۱ تولہ شام۔ (د۔ر)

رطوبت رحم بیخ بھنگرہ۔ مازو سبز برابر وزن پیس کر باریک سفوف کر کے روغن زرد گاؤ سیاہ یعنی کالے رنگ کی گائے کے دودھ کا گھی دونوں کے برابر ملا کر ۶ ماشہ ہر روز کھلا دیں۔ (د۔ر)

رفع تکلیف رحم واخراج بچہ زندہ ومردہ

سرگین اسپ وپوست انار شیریں رحم کے نیچے جلا دیں۔ اس طرح کہ اسکی دھونی رحم کو لگے اور بچہ تھراں میں باندھے۔ (د۔ر)

کرسیوں اور میزوں کا پالش

موم ... ۳ اونس سیپ کی راکھ ... ۲ اونس

پانی ... ۶ اونس۔ ان سب کو اسقدر گرم کرو کہ وہ حل ہو جائے اور اسکے بعد یہ چیزیں ملا دیں:۔

گرم کیا ہوا السی کا تیل ... ۴ اونس تارپین ... ۵ اونس

بجھتی ہوئی آگ تیز کرنا

ولایتی کھانڈ کا ایک چمچہ آگ کے مرکز میں ڈال دو۔ ایک اور طریقہ یہ بھی ہے کہ ایک اخبار کا ٹکڑا مٹی کے تیل میں بھگو کر کوئلوں میں داخل کر دیا جائے۔ بھر دع

تیل میں سے براہ راست آگ پر تیل ڈالنا خطرناک ہے۔

برف کو پگھلنے سے بچانا

برف کو فلالین کے ٹکڑے میں لپیٹ کر دو برتنوں کے درمیان رکھو۔

سنگ مرمر کو جوڑنا

چپڑا لاکھ اور میتھی لیٹڈ سپرٹ کا تیز مرکب تیار کرکے دونوں ٹوٹے ہوئے سروں پر لگا دو اور جب خشک ہو جاوے۔ تو آگ کے سامنے اس وقت تک گرم کرو کہ لاکھ پگھل جائے۔ اسوقت دونوں ٹوٹے ہوئے سروں کو جوڑ دو اگر سنگ مرمر کا رنگ سفید ہو تو مرکب اسطرح پر لگانا چاہئے۔ کہ سطح پر نہ پھیلنے پائے۔

چینی کے برتن جوڑنا

ٹوٹے ہوئے چینی کے برتن سیکوٹین کو برش میں لگا کر دونوں حصوں میں لگا دے اور انہیں زور سے جوڑنے سے درست ہو سکتے ہیں۔ اگر سیکوٹین کا زائد حصہ سطح پر پھیل جائے۔ تو کپڑے کو گرم پانی میں بھگو کر آہستہ آہستہ پھیرنے سے صاف ہو سکتا ہے۔

توڑے ہوئے پھولوں کو تازہ رکھنا

اگر پھولوں کی ڈنڈیوں کو گرم پانی میں ڈبونے کے بعد پھر سرد پانی میں رکھ دیا جائے اور اس پانی میں چند ٹکڑے کوئلے کے موجود ہوں۔ تو پھول زیادہ عرصہ تک تازہ رہ سکتے ہیں۔

کپڑوں میں پانی سرائیت نہ کرے

کپڑے کو ۲۴ گھنٹے ذیل کے محلول میں تر کر رکھیں :-

لیڈ ایسی ٹیٹ چھٹانک ۱ :- جسقدر ابلتے ہوئے پانی میں گھل سکے۔ جب پانی سرد ہو جائے۔ تو کام میں لاؤ۔ اگر کپڑے کو بھگونے کے بعد استری کر دیا جائے۔ تو اسکی اچھی صورت نکل آئیگی۔

تیل کہ کھانسی دمہ اور ہاتھ پاؤں کے پھٹنے جھولہ اور اسپنس اور چوراسی (۸۴) قسم کے باد اور قوت باہ کے نہایت درجہ بڑھانے کے لئے مفید ہے

پوست بیخ مدار (آک) ۵ تولہ۔ کچلہ مدبر ۲۔ تولہ تخم دھتورہ سیاہ ۲۔ تولہ ہر سہ کو شیر مدار سے ۱۲ روز تک کھرل کر کے پتال جنتر کے ذریعہ سے تیل نکالیں اسکو بیخ پان سے لگا کے کھاویں۔ (حکیم نند لعل عرف بھارت جسا فرا)

سفوف جو کہ بواسیر کے لئے نہایت ہی فائدہ بخش و مجرب ہے

پشم گوسفند زرد رنگ سفید کو صاف کرکے اور سکورہ گلی میں بند کرکے اور اوپھراڑی کی آگ دیکر جلا دیں۔ جسقدر راکھ برآمد ہووے۔ اسکے برابر بارہ نمک اور کلری نمک لیویں۔ یعنی ہر سہ برابر لیکر باریک پیسکر رکھیں ہر تین انگلیوں کی چٹکی میں آسکے لیکر لگا دیں۔ اوپر سے گھی چھاچھ پیویں۔ ۲۱ روز میں بواسیر دفعہ ہو۔ بادی ترشی اور تقولات سے بچتے رہیں۔ غذا گھی سے روٹی۔ (د)

مسہ ہائے بواسیر کو بالخاصیت خشک کرتا ہے اور گراتا ہے

سر مچھلی شور کا خشک کیا ہوا نزدیک آگ کے کوٹیں پھر پنیر خشک کہنہ کوٹ پیسکر بخوبی ملا کے دھوڑا سا بنا دیں۔ اور مسہائے کو تھوک کے ساتھ تر کرکے اس پر چھڑکا کریں۔ (د)

معجون کہ قوت باہ و سیلان منی کے لئے مجرب و آزمودہ ہے

گل گاؤزبان ۹ ماشہ۔ گل بنفشہ ۹ ماشہ طباشیر ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک ۹ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد سفید ۹ ماشہ۔ رب السوس ۹ ماشہ۔ صمغ عربی ۱ تولہ۔ شقاقل مصری ۱ تولہ۔ گل سرخ کابلی بلا ڈنڈی و سبزی ۱ تولہ۔ پوست بیخ انجبار ۱ تولہ۔ کہربائے شمعی ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ شکر تری سفید پاؤ آثار۔ جواہر کو کھرل کرکے ادویات کو کوٹ پیسکر کھانڈ دیسی کے قوام میں مخلوط کرکے معجون بنا دیں اور کام میں لاویں۔ خوراک ۹ ماشہ صبح و شام۔ (د)

دوا المسک بے جواہر واسطے تقویت دل و دماغ و جگر وغیرہ کے مفید ہے

طباشیر ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ کشنیز خشک ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ تخم خرفہ مقشر ۱ تولہ۔ کہربائے شمعی ۶ ماشہ۔ بہمن ۶ ماشہ۔ ابریشم مقرض ۲ تولہ مشک تبتی قسم اول ۱۰ ماشہ نبات سفید یعنی کھانڈ سہ چند وزن۔ جواہر کو کھرل کرکے ادویات باریک کوٹ پیسکر اور ابریشم کو قینچی سے ایسا کریں۔ کہ مانند غبار کے ہوجاوے۔ پس قوام میں نبات ملاکر جس میں عرق گلاب ملایا ہو بس دوا تیار ہے۔ خوراک ۳ ماشہ سے ۷ ماشہ۔ (ر)

دوا المسک مرواریدی کہ واسطے تقویت قلب اور دیگر اعضائے رئیسہ کے مفید ہے

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ۔ کہربائے شمعی ۹ ماشہ۔ طباشیر ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۹ ماشہ۔ کشنیز مقشر ۹ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۹ ماشہ۔ کوٹ پیسکر شربت فواکہ میں کہ سہ چندان ہو معجون کریں۔ اور آخر میں مشک تبتی خالص ۱ ماشہ ملاویں خوراک ۳ ماشہ۔ (ر)

دوا المسک گرم کہ واسطے دفعہ خفقان بارد کے مفید ہے

سافج ہندی ۲ ماشہ۔ دانہ الائچی سرخ ۲ ماشہ۔ زرنجور ۲ ماشہ۔ بالچھڑ ۳ ماشہ زنجبیل ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۲ ماشہ۔ پیپل ۳ ماشہ۔ لونگ کلاں ۱۰ دانہ۔ ماشہ کستوری عمدہ ۱۰ شہد کف گرفتہ سہ چندان معجون کریں۔ خوراک ۲ ماشہ۔ (ر)

دوا جو کہ قولنج کو نفع دے اور پیشاب کو کھولے

حب القرطم ۱ تولہ۔ تخم خربوزہ ۹ ماشہ۔ عرق بادیان ۲ تولہ۔ شہد خالص ۳ تولہ روغن بید انجیر قسم اول ۲ تولہ ملاکے نیم گرم اور روغن چنبیلی موئے دھوں سے لے کر کمر کی ہڈی پر اور فقرات پر اور جائے۔ پخانہ و شکم پر نیم گرم ملیں۔ اور صابون کو پانی میں پکاکر نیم گرم پیٹ پر باندھیں۔ (ر)

ملیریا بخار کا شرطیہ نسخہ

کونین ۳ رتی۔ تیزاب گندھک ۲ قطرہ۔ عرق سونف ۱۰ تولہ پہلے کونین کو شیشی میں ڈال دیں۔ پھر تیزاب گندھک ڈال کر دو تین مرتبہ ملادیں۔ جب کونین اور تیزاب ایکجان ہوجاویں۔ تو عرق سونف ڈالا کریں۔ خوراک ۲ تولہ صبح و ۲ تولہ

شام پلاویں۔ ملیریا بخار دور ہوگا مجرب المجرب ہے۔ (حکیم نانک چند)

دیگر حبوب دافع بخار ملیریا

روز آنے والا۔ جاڑے کا بخار۔ تیجہ۔ چوتھیہ ایکدو دن میں قطعی دور ہوجاتا ہے کونین عمدہ ۶ ماشہ۔ رسونت عمدہ ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ ایلوا ۱ تولہ۔ تمام اشیاء کو لیموں کی رس میں گولیاں بمقدار نخود کے بناویں۔ ایک گولی صبح و ایک گولی شام پانی کے ساتھ ان سے قبض بھی دور ہوجاتی ہے۔ خوراک دودھ چاول۔ (ر)

دیگر۔ کونین ۱ تولہ۔ مگنیشیا سالٹ ۱ تولہ۔ لیموں کا رس ۶ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ ماشہ تمام اشیاء باریک الگ الگ سوائے کونین کے کرکے ایک جگہ ملادیں۔ کیونکہ کونین کو کوٹنے کی ضرورت نہیں ایک ایک ماشہ کی پڑیہ بناویں۔ ایک پڑیہ صبح و ایک پڑیہ شام بہمراہ پانی دیں بخار پہلے ہی دن ٹوٹ جاویگا۔ (ر)

اولاد کا جاتے رہنا

اپنے دوست کی اہلیہ کو ذیل کی گولیاں بناکر استعمال میں کرادیں۔ بالکل آرام ہوگا اور لڑکا صحیح و سلامت پیدا ہوگا ایشور کی مدد سے عمر پائیگا۔ اور تمام خونی امراض دور ہوں گی۔ جب حمل کو دو ماہ گذر جاویں۔ ہر روز ایک گولی کام میں لاویں یعنی جب تک لڑکا پیدا ہوکر ایک دو سال کا نہ ہوجائے۔ لگا تار کھلاتے رہیں صفت۔ برگ نیم۔ بھماں۔ صندل سفید۔ صندل سرخ۔ مرچ سیاہ۔ ہو چلی۔ گیری۔ دھنتر دانہ۔ چاسکو۔ رسونت۔ سب اشیاء ہموزن لے کر باریک کپڑچھان کرکے شہد خالص میں گولیاں کو کن بیر کے مطابق بنادیں۔ مجرب المجرب نسخہ ہے۔ میں نے اسکو بہت جگہ آزمایا ہے۔ جسکو دیا فائدہ اٹھایا۔ (ایڈیٹر)

نوٹ۔ بھماں سے تو غالباً دھمان مراد ہے اور دھنتر دانہ کی تشریح کریں۔ (ر)

نسخہ:۔ ہر سہ قسم کی اجوائن و ہر سہ قسم کا نمک ہموزن لیکر خوب پیسکر شہد میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائی جاویں۔ ہر قسم کی کھانسی کیواسطے از بس مفید ہیں۔ آزمودہ ہیں۔ اگر آگ سے جلی ہوئی جگہ پر اسی وقت سرخ مرچ بقدر مناسب خوب پیسکر لگائی جاوے تو تھوڑی دیر کے بعد آرام ہوجاویگا۔ ورد جلن وغیرہ رفع ہوجاتا ہے۔ دھرمیدار از ستنڈنلی

نسخہ اکسیر بدن منقول از حکمت "جب امزواب (مدبر کچلہ) ۱۰ تولہ۔ فلفل سفید۔ فلفل سیاہ۔ دار چینی۔ دار فلفل۔ بسباسہ۔ مصطگی۔ زنجبیل۔ قرنفل۔ آملہ۔ سنبل
نانخواہ۔ قاقلہ۔ زرنباد۔ سعد ہندی۔ زعفران۔ صندل سفید۔ عود بلسان۔ عود قماری ہر ایک
۵ تولہ۔ شہد مصفے ۲ سیر حسب دستور معجون بنا دیں۔ اور خوراک ۳ ماشہ سے شروع کریں اور ۲
ماشہ یوم کے بعد بڑھا دیں۔ گھی اور دودھ کا استعمال زیادہ کریں۔ ترشی سے پرہیز
خواص:۔ آتشک کے لئے مفید ہے۔ اگر ایکرتی افیون کھانے کی عادت ہو تو ۲ ماشہ
اکسیر البدن ۲ روز تک اور پھر ۲ ماشہ ۲ روز تک استعمال کریں۔ اور کچھ روز ۲ ماشہ یومیہ
استعمال کریں۔ پھر اور کم کرتے جاویں۔ (دیدیداس حکیم)

لہ مدبر کچلہ از ایڈیٹر۔ کچلہ کو ۷ دن تک پیشاب گائے میں تر رکھیں۔ پھر نکالکر
دھوکر دودھ گاؤ میں ڈال کر ایک پہر تک آنچ پر رکھیں۔ پھر نکال کر اور چھلکا
اتار کر کچلے کے دو ٹکڑوں کے اندر سے باریک تہہ دور کریں۔ یہ کچلہ مدبر یعنی
صاف شدہ ہے۔ (ایڈیٹر)

پھولا چیچک (ماتا) یہ پھولا کبھی نہ کٹ سکیگا۔ البتہ اس نسخہ سے افاقہ ہو جاویگا شاید نظر بھی قائم ہو جائے:۔
مرچ سفید، نیلا تھوتھیا۔ کوئلہ ببول ۶ تولہ ایک کھرل میں نمبر ۲ کی دوا ڈال کر ۱۲ پہر
کھرل کریں۔ پھر نمبر ایک کی دوا ڈال کر ۸ پہر کھرل کریں۔ پھر اس میں نمبر ۳ کی دوا ڈالیں
۱۶ پہر کھرل کریں پس یہ تینوں دوائیں ۸ پہر کھرل کرکے شیشی میں احتیاط سے رکھیں
اور صبح و شب کو ایک سلائی لگایا کریں۔ یہ دوائی آنکھوں کو لگے گی بھی (ر۔ر)

نوٹ از ایڈیٹر:۔ گدھے کا دانت سل پر پانی کے ساتھ گھسکر روزانہ
لگانا پھولا چیچک کو نافع ہے۔

دمہ آپ اپنے دوست کو یہ نسخہ استعمال کراویں نافع ہوگا۔ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے
برگ مدار لے کر اسکو کپڑے سے صاف کرکے آدھ سیر گھی مل لیویں۔ اور ایک
کوری ہانڈی لے کر اس میں برگ ایک یا ایک رکھ کر اس سے پہلے نشادر و نمک قدرتی
ایک ایک چھٹانک جو سفوف کر رکھا ہو ایک ایک تہہ پر ڈال کر پھر تہہ رکھیں اسی طرح

سے تمام سفوف اور برگ اس میں بھر دیں پھر اسکا منہ چینی سے بند کرکے آگ دیویں۔
ایک انگل موٹی لکڑی کی آگ نیچے جلتی رہے جب خیال کریں کہ اب برگ جل گئے ہونگے
یا چینی اٹھا کر دیکھ لیں۔ کہ جب برگ جل جاویں۔ اُن میں آگ نہ نکلے۔ اس ہانڈی کو
اتار کر ان برگوں کو معہ اس سفوف کے جو ڈالا گیا تھا پیس لیں۔ اور بہ قدر ۱ ماشہ لے کر اور
اس میں دو ماشہ کھانڈ دیسی ملا کر ایکبار دن میں پانی کے ساتھ دیں۔ ایک ہفتہ میں
آرام ہوگا یہ مجرب آزمودہ ہے۔ دوران استعمال دوائی میں ترشی دہی۔ چھاچھ۔ دودھ
سے خاصکر پرہیز رکھنا ہوگا۔ ورنہ دوائی فائدہ نہ کریگی۔ اگر ذرا خشکی معلوم ہو تو گھی
کھلا دیں۔ (ر۔ر)

نوٹ از ایڈیٹر:۔ ایک ایک چھٹانک دوائی کے واسطے تعداد برگ مدار
نہیں لکھی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ۲۰ برگ کافی ہیں۔

مقوی دماغ۔ دافع نسیان

مغز کشنیز ۶ تولہ۔ مغز خیارین ۳ تولہ۔ مغز تربوز ۳ تولہ۔ مغز کدو ۲ تولہ۔ مغز فندق ۱ تولہ
مغز بادام ۶ تولہ پستہ ۳ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ مصطگی
رومی خالص ۱ تولہ۔ کندر ۱ تولہ مغز پیٹھا ۱ تولہ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ ورق نقرہ پچاس عدد
ہلیلہ سبز کا پوست ۱ تولہ۔ مصری ایک سیر۔
بطریق عام اطریفل بنا دیں یعنی سب ادویات کو پیسکر قوام مصری میں ملا لیں
۱ تولہ صبح و ایک تولہ شب کو سوتے وقت اگر دودھ سے ہو تو بہتر ہے ورنہ پانی سے۔ (ر)

خوشبودار تیل

بورہ صندل سرخ۔ بورہ صندل سفید۔ اگر۔ تگر۔ ناگرموتھا۔ چھڑیلہ۔ برگ مہندی۔ الائچی کلاں
بالچھڑ۔ لونگ۔ کچور۔ گل گلاب ہموزن لیکر ایک سیر پانی میں اوٹا دیں۔ جب چہارم پانی
رہ جائے اتار کر چھان کر ایک پاؤ تیل کشنیز یا تل یا جو مناسب خیال کریں ڈال کر
آگ پر دھر دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے اور تیل کا تیل رہ جاوے۔ ٹھنڈا کرکے
بوتل میں رکھیں اور استعمال کریں۔ عمدہ خوشبودار ہوگا۔ یاد رہے کہ ایک پاؤ تیل
کے لئے ایک تولہ ادویہ ڈالنی چاہیے۔ (ر۔ر)

کشتۂ فولاد

یکرت پلی ہاری لوہ

کشتۂ فولاد یا لوہا اس سے نصف نصف کشتۂ قلعی۔ ابرک سیاہ و پارہ کا کشتہ مصفا اور لوہے سے سہ چند ترپھلا ان سب کے سفوف کو ۱۶ گنا پانی میں خوب جوش دیں۔ جب دوائی پک کر آٹھواں حصہ باقی پانی رہ جاوے تو اس کے ہموزن گھی ملاویں۔ گھی سے دوچند ستاور کا عرق اور دودھ ملاویں پھر ان ساری چیزوں کو کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر آگ پر پکاویں۔ اور کڑچھی سے پھرا پھرا کر پکاوے۔ پھر کشتۂ ابرک سیاہ ہیں سندھور۔ لوہے سے نصف نصف حصہ ملا یا جاوے۔

باؤ بڑنگ۔ چب۔ کنڈیاری کے پتے۔ سرپھنکہ۔ پاڑھا۔ چترا۔ سونٹھ۔ تماک لاہوری سیندھا نمک۔ کالا نمک۔ کھاری نمک اور میناری نمک۔ جوکھار۔ بدھارا۔ اجمود تراب کشتہ ابرک کے برابر برابر کر لیوے اور اس میں ملا دیوے۔

اس دوا سے تیمار باآگ کے تیزہی تلی و جگر کا بڑھنا۔ لوہے کے مرکبات میں سب سے اعلٰے مرکب ہے اور قوت دہ ہے اگر صرف تلی کے لئے اسے استعمال کرنا ہو تو اسے پان کرن۔ گھنا کرن اور زمین قند کے رسوں میں کھرل کرکے الگ الگ گھنٹے کی آنچ دینے سے تیار ہو جاتا ہے۔

سنکھ دراو اک کا دودھ۔ تھوہر۔ املی تل۔ املتاس۔ چترا۔ جھکنڈہ کی خاک یہ سب ہموزن سب سے پانی میں گھول کر پانی نتھار لیں۔ پھر ان کو دھیمی آنچ پر پکا کر جل تک کہ خشک کر لیا جاوے یہ کھار تیار ہے۔ سندھا نمک۔ سجی کھار۔ جوکھار۔ سہاگہ۔ سمندر جھاگ۔ گودنتی۔ ہیرا کسیس۔ شورہ یہ سب ایک ایک حصہ پانچ نمک دو دو حصے کر ملا دی جاوے۔ ان ساری چیزوں کو بجورا لیموں اس میں کھرل کر کے ایک شیشی میں ڈال کر کھٹے پانی سے بھر کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھے پھر ۳ تولہ سنکھ کا سفوف ملا کر باروتی جنتر کے ذریعہ تیل نکال لیا جائے جیسا کہ شیشے کے ذریعہ پیچھے لکھا ہے۔

یہ دوا سب طرح کی دھاتوں نیز کوڑی سنکھ وغیرہ کو حل کر دیتی ہے۔

پیٹ کی سب بیماریاں اس سے دور ہوتی ہیں۔

مجربات شرما کی بھی کبھی نہ کبھی باری آ ہی جاتی ہے۔ آج جو نسخہ میں درج کرتا ہوں۔ یہ اگرچہ ایک سنسکرت کی کتاب کا ہے۔ مگر اصل یہ ہے۔ کہ جو چیز تجربے میں آ جاوے اس کی بات اور ہی ہوتی ہے ورنہ ایک ایک مرض کے ہزاروں نسخے کتابوں میں ملتے ہیں۔ اس دوائی کا نام :-

امرت آرنب رس

ہے۔ رسیندر چنتامنی میں اس کا نسخہ لکھا ہے۔ پارہ مصفٰے ا تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفٰے ا تولہ دونوں کو کھرل میں ڈال کر اگر دو پہر تک خوب کھرل کیا جائے۔ تو سیاہ سفوف بن جاتا ہے۔ اسکو کجلی کہتے ہیں۔ اور کجلی اچھی وہ ہے۔ کہ اس میں چمک نہ رہے چاہے آدھے دن کی بجائے سارا دن لگ جاوے۔ کجلی خوب سیاہ بلا چمک بنانی چاہئے۔ بعد ازاں کشتہ فولاد ۲ تولہ کشتہ ابرک سیاہ ۲ تولہ اسے کجلی میں ملا کر آب ترپھلا[1] کی ۷ پٹھ دیوے۔ یعنی اس میں آب ترپھلا ڈالدیں اور کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے اور رس ڈالدیں۔ اسطرح ۷ بار۔ رس اتنا ڈالنا کافی ہے۔ کہ تر اچھی طرح ہو جاوے اسطرح سے ہر پٹھ کے واسطے دو پہر کافی ہونگے۔ اور ۱۴ پہر کے اندر ۷ پٹھ آ جاوینگی۔

پھر آدھ سیر پختہ آب بھنگرا لے اس طرح ۱۴ پہر کی ۷ پٹھ دیں پھر اسیطرح آب پوست سنبھل کی سات پٹھ دیں پھر آب کنگی یعنی کوٹ آدھ سیر پختہ لیکر اسمیں سات پٹھ دیں کنگی پانی میں اسطرح سے بنا لیکر کنگی کو ۴ سیر پانی میں ڈال کر جوش دیں حتےٰ کہ نصف سیر پانی رہ جاوے بس پھر خشک ہونے دو تیار ہے۔

خوراک ۲ رتی ہے۔ مگر زیادہ سے زیادہ خاص حالتوں میں ۱ ماشہ تک بھی دے سکتے ہیں۔ بوڑھے کی خوراک ۴ رتی سے ۱ ماشہ تک ہے اور بچے کو نصف

[1] ترپھلا کہتے ہیں ایک حصہ پوست ہلیلہ۔ پوست بلیلہ ۲ حصہ۔ آملہ ۴ حصہ آب ترپھلا اسطرح بناویں۔ کہ ترپھل ایسی نسبت سے لیکر آدھ سیر تمام وزن کریں۔ دس سیر پانی میں جوش دیں حتےٰ کہ تمام پانی باقی سوا سیر رہ جاوے۔ ترپھلا (ہیرڑ۔ بہیڑا۔ آملہ)

رتی سے ایکرتی تک۔ عورت ایک رتی سے ۲ رتی تک۔

یہ دوائی پہلے ایک ماشہ قند سیاہ ۲ ماشہ کے ہمراہ ملا کر دینی چاہیئے۔

رسوں کی خوراک اوّل کم دینی چاہیئے۔ پھر موافق مزاج کے بڑھا سکتے ہیں چنانچہ

جوان کو بھی اوّل ایک رتی سے زیادہ نہ دینی چاہیئے۔

طبیعت اس دوائی کی

گرم خشک ہے مگر ہر مزاج کو ذرا بتدریج بدلنے سے دی جاتی ہے۔ ضعف باہ و ضعف آلات

تناسل کے واسطے بہت مفید ہے۔ جن کے گھر میں اولاد نہ ہوتی ہو۔ تو مرد و عورت

دونوں کو کھلائی جاتی ہے۔ ایک خاص صفت اس میں یہ ہے کہ جس عورت کے اولاد بہ

خوردسالی میں مرجاتی ہو تو ایام حمل میں یہ دوا اس عورت کو کھلانے سے انشاء اللہ کی

کرپا سے بچہ زندہ رہتا ہے۔ چاہے بچہ دست لگ کر یا زخم وغیرہ ہونے سے مرتا ہو۔

نیز اسقاط حمل کو بھی روکتی ہے۔

تقویت باہ و آلات تناسل

کے واسطے سفوف ثعلب ۲ ماشہ کے ساتھ ملا کر صبح و شام کھلا دیں۔ دودھ مادہ گاؤ

پیچھے سے پینا چاہیئے یا بہ ہمراہ ملائی صبح و شام کھاویں۔ ترش اشیاء دھنیا۔ کچالو۔ گوشت

جگر۔ تیل کی اشیاء وغیرہ سے پرہیز کریں۔

اگر مزاج گرم ہو تو

غذا دال ماش یا پلاؤ کہ جس میں گرم مصالحہ نہ ڈالا گیا ہو یا نان گندم یا شیر دیویں۔

اگر طبیعت زیادہ صفراوی ہو

تو اس شخص کو چھاچھ جو کہ ترش نہ ہو۔ نان گندم یا پلاؤ کے ساتھ دے سکتے ہیں۔ اوّل

اوّل ایکرتی سے شروع کریں۔ تیسرے دن ۱½ رتی۔ پانچویں دن ۲ رتی۔ اسطرح جہاں

تک مزاج برداشت کرے۔ مگر ۲ ماشہ سے بالکل نہیں بڑھنا چاہیئے۔

دھڑکن چاہے کسی باعث سے ہو۔ اس کو بھی مفید ہے۔

اگر صفراوی ہے عرق نیلوفر و عرق گاؤزبان کے ساتھ اگر بلغمی ہو تو رنگ کے

سفوف کے ساتھ اگر خونی ہو تو چھاچھ کے ساتھ یا مکھن گاؤ کے ساتھ ہو جاوے

و روغن بادام کیساتھ دینا چاہیئے۔

ضعف جگر و بھس۔ پانڈو۔ یرقان کیواسطے بھی از حد مفید۔

مکھن و چھاچھ گاؤ کے ہمراہ دیویں۔ اور غذا بے نمک گھی کے ساتھ کھانا

بہتر ہے۔ ورنہ نمک بہت کم کھاویں۔ ضعف معدہ۔ ذاتی الامعاء۔ قراقر وغیرہ

مفید ہے۔ طباشیر ۲ ماشہ مصطگی ۱ ماشہ کے سفوف کے ساتھ دیویں۔

غذا نرم۔ زود ہضم چاہیئے۔ اگر گرمی معلوم ہو تو چھاچھ یا چھاچھ

جا سکتا ہے۔

اگر یادداشت کمزور ہو

تو برہمی بوٹی۔ دارچینی۔ خوب کلاں۔ بہنی خاکشی ہر ایک کا سفوف بنا کر تین پاؤ گائے دودھ

میں سات ماشہ سفوف کی پوٹلی بنا کر ڈال کر دھیمی آنچ پر پکا دیں۔ دودھ کو خوب گرم کریں

تاکہ بالائی نہ بنے جب دودھ آدھ سیر رہ جاوے تو اتار کر چھان کر قدرے

مصری ملا کر صبح کے وقت پیا کریں۔

یرقان کا بے نظیر نسخہ

زعفران ۴ رتی۔ زوفا خشک ۳ ماشہ۔ سوڈا بائی کارب سب کو ملا کر آدھ سیر گائے کے دودھ

کے خام تازہ بتازہ دودھ میں میٹھا ملا کر صبح کے وقت پیا کریں۔ چہرے

کی سیاہی اور ضعف جگر چار یا پانچ دن کے اندر کا جاتے رہینگے۔ مجرب ہے

خشکی دماغ و دائمی قبض و ورم و بواسیر کے لئے

روزمرہ علے الصباح بکری کا دودھ آدھ سیر معمولی سا گرم کرکے اس

کا مکھن بہ قدر ۱½ تولہ پگھلا کر ملا دیں اور بہ قدر ضرورت شیرینی حل کر کے

یوم میں تمام شکایات رفع ہونگی۔

چہرے کی چھائیاں اور کلف و جھائیں دور کرنا

ہر روز آدھ سیر دودھ میں بہ قدر ۳ تولہ سیب کا پانی اور ۳ تولہ انار شیریں کا رس

ملاویں۔ اسکے ساتھ پوست۔ بیج چیتہ ۲ ماشہ۔ ہینگ ۲ رتی کا سفوف بنا کر دودھ کے ساتھ کھایا

کریں۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے چہرے کے اور تمام جسم کے داغ رفع

جاویں گے۔ (//)

دیگر خون کی صفائی کے لئے

روزمرہ رات کے وقت پندرہ تولہ چنے اور پندرہ تولہ جو کا دلیہ ملا کر اسکو بھگو کر اس میں ۱/۲ ماشہ کے قریب شنگرف رومی کا سفوف ڈال کر بکری کو کھلایا کریں۔ صبح کو بکری کا دودھ ایک دو جوش دینے کے بعد چھان کر دسواں حصہ شہد حل کر کے پئیں ۱۵-۲۰ دن کے استعمال سے خون نہایت صاف ہو جائیگا۔ اور قوت باہ بھی بدرجہ کمال پیدا ہوگی۔ (//)

عورتوں کے پردہ روگ یعنی کثرت طمث کے لئے

دودھ آدھ سیر میں ہموزن اس کے پانی ڈال کر آگ پر رکھیں اور اسگندھ ناگوری ۱۲ ماشہ کا سفوف پوٹلی بنا کر ڈالیں اور دھیمی دھیمی آنچ پر پکاتے رہیں۔ جب خالص دودھ رہ جائے اُتار کر چھان کر بوقت رات کھانا کھانے کے دو گھنٹے کے بعد پلایا کریں۔ (پوٹلی نچوڑ کر پھینک دینا چاہئے)۔

دیگر برائے تپ ہائے کہنہ مزمنہ و بادی کے لئے

بکری کا دودھ آدھ سیر پانی آدھ سیر ملا کر آگ پر رکھیں۔ اس میں پوست بیخ انار۔ برادہ صندل سفید۔ بیج کاسنی۔ گل بنفشہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ پپل (فلفلدراز) دو ماشہ۔ باریک سفوف کر کے پوٹلی بنا کر ڈالیں۔ اور آہستہ آہستہ پکاتے رہیں۔ جب سمجھیں کہ پانی جل چکا ہے۔ اسوقت اتار کر ٹھنڈا ہونے پر پوٹلی نچوڑ کر پھینک دیں۔ اور دودھ میں بقدر مناسب مصری دیسی ملا کر پلا دیں۔ کھٹائی اور تیل کی اشیاء کا پرہیز کریں۔ چند یوم میں بخار دور ہوگا۔ (//)

دودھ کا عرق

واسطے دفع خفقان و خشکی بدن تصفیہ خون اور قوت باہ کے

دودھ اونٹنی کا دس سیر پانی انگور کا آدھ سیر پانی سیب کا۔ پانی ناشپاتی ہر ایک ۳ پاؤ۔ پانی گاجر۔ پانی انار شیریں کا ہر ایک سیر بھر۔ زعفران۔ ابریشم خام۔ ست سلاجیت۔ آملہ سارا ہر ایک دو تولہ۔ (

برائے تیاری جسم:- ایک سیر خالص دودھ گائے سیاہ رنگ میں [illegible] سفید ڈال کر ایک جوش دو اور اس کا دہی جما کر بترکیب معروف مسکہ یعنی مکھن نکال لیں۔ اس مکھن کو چینی کے برتن میں آگ پر رکھو یہاں تک کہ فضلہ جل جاوے اور جب زرد ہو جاوے باحتیاط کسی منہ بند شیشی میں رکھ لو۔ ہر روز تازہ دودھ گاؤ کے ہمراہ ایک بوند سے شروع کرو۔ اول ہفتہ ایک بوند صبح ایک شام دوسرے ہفتے دو بوند علی ہذا ۲۰ بوند تک اگر طاقت برداشت ہو استعمال کرو اور گھی و مکھن دودھ کا استعمال بھی رکھو۔ دوران استعمال میں ترشی بادی جماع سے پرہیز۔ (حکیم ناظر حسین صاحب) ایڈیٹر

نسخہ بواسیر خونی

سفوف گل ہار سنگھار۔ سفوف فلفل سیاہ (کالی مرچ) مساوی الوزن ہمراہ آب تازہ روزانہ بقدر ۳ ماشہ کے کھاویں۔ (محسن)

خشک کھانسی کا نسخہ

رب السوس۔ پرسیاؤشاں۔ گل بنفشہ۔ کہربا ہر ایک دو ماشہ۔ مغز بادام شیریں مقشر ڈیڑھ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ایک ماشہ سب کا سفوف کر کے چھ تولہ دودھ کی ملائی میں ملا دیں۔ اور دو تولہ کے قریب کوزہ مصری باریک کر کے چھڑک کر صبح و شام چاٹ لیا کریں۔ برسوں کی پرانی کھانسی ۲-۳ دفعہ کے استعمال سے بشرطیکہ دور ہو جاوے گی۔

ترشی و ہر قسم کی تیل اشیاء منع ہیں۔ یہ دوائی چاٹنے کے بعد کم از کم تین گھنٹے تک پانی نہ پئیں۔ اور ایام استعمال دوائی کے نیم گرم ہی پانی یا عرق گاؤزبان پینا چاہئے۔ کھانسی کے ساتھ بلغم نکلتا ہو یا بخار یا زکام اور نزلہ کی بھی قدرے شکایت ہو تو یہ نسخہ الٹا نقصان دیگا۔ یہ تو تندرست لوگوں کے لئے ہے جن کو صرف سوکھی کھانسی کی ہی شکایت ہو۔

لکنت کا آزمودہ نسخہ

لکنت یعنی ہکلاپن (تتلاپن) کے لئے یہ دوائی صدہا دفعہ کی مجرب ہے۔

۴۰ سیر کے قریب گائے کا دودھ بوقت شام آگ پر چڑھا دیں۔ جب آٹھ دس جوش آجاویں۔ تو اتار کر تین چار کھلے برتنوں میں اُلٹ دیں۔ چوڑے سے تھال ہوں یا مٹی کے کونڈے۔

تمام رات اُن ہی کشادہ برتنوں میں دودھ پڑا رہے۔ صبح کے وقت سب دودھ کے اوپر سے ملائی اتاریں اور کھلے منہ کی ایک بوتل میں ڈال کر اس پر کارک لگا دیں۔ اور زور زور سے بوتل کو دائیں بائیں اُلٹ پلٹ کر کے ملائی کو بلوتے رہیں آدھ گھنٹہ بلونے (متھنے) سے ملائی کے اوپر سے مکھن آجاویگا۔ اور اس کی گاد بوتل کے نیچے اچھی طرح بیٹھ جاویگی۔

یہ مکھن بوتل سے جدا کر کے ایک پیالی میں رکھ لیں۔ اور اس کے ساتھ مندرجہ ذیل ادویات کا نہایت باریک سفوف ملا کر چاٹ لیا کریں۔

زرورد۔ مغز تخم کنار دشتی۔ عقر قرحہ۔ خولنجان ہر ایک تولہ تولہ۔ تخم اکلیل مقشر۔ خوب کلاں۔ دانہ الائچی خورد۔ مغز بنولہ۔ بزطی۔ جدوار (زربسی) ہر ایک ۹ ماشہ۔ یاقوت رمانی چھ ماشے

یاقوت کو ایک آہنی چمچہ میں رکھ کر تیز بھٹی میں تپا تپا کر سرخ کر کے بیس دفعہ بید مشک کے دو آتشہ عرق میں بجھاویں۔ بعد ازاں تمام چیزوں کو نہایت باریک پیس کر معہ یاقوت کے کپڑے سے چھانیں۔

ملائی کا مکھن مندرجہ صدر ۲ تولہ اور یہ سفوف ۱½ ماشہ روز مرہ صبح کو ملا کر استعمال کیا کریں۔ اگر میٹھا کر کے چاٹنا مطلوب ہو تو ایک تولہ کے قریب شیر خشت باریک کر کے شامل کریں یا لال بجروں کے چھتہ کی مصری (نبات) ملا دیں۔

چھ سات دن کے استعمال سے بیس برس تک کا ہکلا پن جاتا رہتا ہے۔ دوران استعمال اس دوائی کے بولنا بہت کم چاہیے۔ اگر دس دن دوائی استعمال کریں اور قطعی نہ بولیں۔ تو لکنت شرطیہ دور ہوگی۔

سنکھ دراوک رس

جوگنی اور بھیروی کی قربانی دے کر پھر اس دوا کو تیار کرنا چاہیے۔ یہ بھگوتی

کا فرمان ہے۔ اسکی ترکیب مہادیو جی نے پاروتی جی سے یوں بیان کی ہے۔ یہ پوشیدہ سے بھی پوشیدہ رکھنے والی چیز ہے۔

سنکھ کا سفوف۔ جوکھار۔ سجی کھار۔ سہاگہ۔ پانچوں نمک۔ پھٹکڑی۔ نوشادر۔ ان کو باریک پیس کر کسی شیشی میں ڈال کر بارونی جنتر کے ذریعے پکاوے۔

یہ پانی میں رکھی ہے تاکہ
بخارات سرد ہوتے
جاویں۔

اس تیزاب میں سنکھ۔ صدف۔ کوڑی۔ چار گھڑی میں حل ہو جاتے ہیں۔ اس سے ۸ قسم کی بواسیر۔ موتر کرچھ۔ سنگ مثانہ آٹھ قسم کی پیٹ کی بیماریاں گولا۔ تلی۔ بدہضمی سنگرہنی۔ ہیضہ۔ پرمیہہ دفع ہوتی ہے۔ اگر بدہضمی ہو تو اڑد کے برابر یہ دوا کھانے سے فوراً بھوک لگتی ہے۔ اور کھانا کھانے کے بعد استعمال کرنے سے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ (مترجم)

مہا سنکھ دراو

املی پیپل کے درخت کی لکڑی۔ تھوہر۔ آک۔ پھٹکڑی۔ ان سب کی خاک کر کے پانی میں گھول کر اس پانی کو آنچ پر جلا دے جب نمک مہیا ہو جاوے تو یہ اور پانچوں نمک سہاگہ۔ جواکھار۔ سجی کھار۔ ہینگ۔ تار کی خاک (مندرجہ بالا طریقہ سے بنا دے) لونگ نوشادر۔ جائیفل۔ گودنتی۔ سونا مکھی۔ گندھک مصفےٰ۔ پارہ مصفےٰ۔ میٹھا تیلیا۔ سمندر جھاگ۔ شورہ۔ پھٹکڑی۔ سنکھ کا سفوف۔ سنکھ کی ناف کا سفوف۔ پراکھان بید منجمل۔ ہیرا کسیس۔ یہ ساری چیزیں ہموزن کر کے سفوف تیار کر کے امل بیت کے رس میں بھگو کر کپروٹی کی ہوئی آتشی شیشی میں سب اشیاء ڈالکر ۲ دن گرم جگہ میں رکھا رہے پھر بارونی جنتر کے ذریعے ہلکی آنچ میں پکایا جاوے (جیسا کہ پیچھے لکھا جا چکا ہے) احتیاط سے رکھا رہے۔ سرد ہونے پر ایک رتی یہ دوا اگر پان

پر لگا کر کھائی جاوے تو کھانسی۔ دمہ۔ دق۔ تلی۔ بدہضمی۔ سنگ ہنی۔ رکت پت۔ گولا
بواسیر۔ سنگ مثانہ۔ موتر کرچھ۔ آٹھ قسم کا درد پیٹ۔ آم بات۔ بات رکت۔ لنگڑا
کرنیوالی درد۔ کمان کی طرح جھکا دینے والی امراض بات۔ پیٹ کی بیماریاں۔ آنتوں
کی امراض موٹا پا۔ پیٹ میں کرم۔ بات پت اور بلغم روگ یہ سب دفع ہوتے ہیں
غذا سے پیٹ بھر کر گلے تک رُک گیا ہو تو اس دوا کی ایک رتی کھانی کافی ہے۔ کھانے
کو یوں ہضم کرتی ہے جیسے آگ لکڑی کو جلا دیتی ہے۔ اس تیزاب میں ۴ گھڑی کے
عرصے میں سنکھ صدف۔ کوڑی گل کر حل ہوجاتے ہیں۔ اس دوا کا جب استعمال
مطلوب ہو۔ تو پہلے رات کے وقت کسی چوراہے میں یوگنی اور بھیروں کے نام کی
بلی دینی چاہئے (جنکے مذہب کے مطابق ہو باقی کو ضرورت نہیں) یہ مہادیو جی نے کہا
ہوا ہے اور پوشیدہ سے پوشیدہ رکھنا چاہئے۔ ایسے ویسے لوگوں کو بھی نہ بتلاوے
کبھی اچنبھے دکھلانے کے واسطے یہ بنا رکھنا چاہئے۔ (ر)

گوہانجنی پھٹکڑی ۴ تولہ توا پر رکھ کر آنچ پر رکھیں۔ جب یہ پگھل جاوے ۳ ماشہ
نوشادر پیس کر ڈالدیں۔ اس پر ۲ ماشہ پارہ ڈالدیں۔ اس پر ۳ ماشہ
نیلا تھوتھا ڈالدیں۔ اس پر ۳ ماشہ اور نوشادر ڈالدیں اور گرم ہونے دیں جب پھٹکڑی
سے بلبلے نکلنے بند ہوجاویں۔ تو اسکو اُتار دیں۔ تاکہ بریان ہوجاوے۔ اسکو پیس کر رکھیں
اور آنکھوں میں لگایا کریں۔ جہاں یہ آنکھوں کی امراض دھندھ جالا وغیرہ کا علاج ہے
وہاں گوہانجنی کے نکلنے کو بند کر دیتا ہے میرا مجرب ہے۔ (ایڈیٹر)

پھلبہری یہ ایک سخت مرض ہے ۱۲ سالہ لڑکی کو جب اس کے خاندان میں ایسی
کوئی مرض نہیں شروع ہوجانا حیرانی کی بات ہے۔ ایسی امراض کا
علاج لمبا ہوتا ہے۔ ایک نسخہ مندرجہ ذیل لکھتا ہوں۔ سنکھیا سفید ۲ ماشہ۔ زعفران ۲
رتی۔ لونگ بھی ۲ ماشہ ان کو جدا جدا کوٹیں کم و بیش نہ ہوجاویں۔ دو تین عدد پان بڑی
لگوا دے اور کوٹ کر ان کا رس نکالے۔ اور تھوڑا تھوڑا ڈال کر دو تین گھڑی تک
اور بات اس میں کھرل کر کے ظرف چینی میں رکھے اور داغ سفید کو اوّل اوپر سے
کھجلا دے کہ سرخی ظاہر ہوجاوے۔ اور پھر یہ دوائی کا لیپ پتلا سا کر دیوے۔ پانی سے

اس کو بچا دے۔ خود بخود جب اُترے۔ اور لگا سکتے ہیں۔ اور اگر زخم ہو تو روغن نیم
لگا دیں۔ داغ سفید سرخی میں تبدیل ہو کر اصلی رنگت پر آجاویں گے۔ اندرونی طور
پر مصفّے خون عرق بھی پلاویں تو اچھا ہے۔ (ایڈیٹر)

زکام مزمن کشتہ شنگرف پیپل۔ مرچ سیاہ۔ زعفران۔ کباب چینی۔ مصطگی۔ جاوتری
لونگ۔ دار چینی۔ جائفل۔ عقرقرحا۔ بہمن سرخ۔ بہمن سفید۔ بلیلہ
سیاہ۔ کہربا۔ مرجان کشتہ۔ اندرجو۔ مغز پنبہ دانہ۔ تخم دھتورہ۔ سونٹھ۔ تخم خشخاش۔ ملٹھی
خشک تیخفال۔ تخم کاسنی۔ مغز بادام سب برابر وزن لیوے اور پیس کر شہد ملا کر چنے کے
برابر گولیاں بنا دے ایک سے ۲ گولی حسب طاقت مریض دینی چاہئے۔ عرق گاؤزبان
وغیرہ سے۔ اس کے کھانے سے نزلہ و زکام مزمن کو بہت جلد آرام آتا ہے مزاج اس
نسخہ کی گرم خشک ہے۔ (ر)

مسّہ کا اکسیر نسخہ لکھتے ہیں اگرچہ تیزابوں سے نہیں گیا مگر یہ دوائی فائدہ کریگی
بازار میں دو پیسہ بھیجکر ایک پیسہ کا میٹھا تیل ادھ سیر
کا بھلاوہ اور دھیلہ کی مسل منگوالیں۔ تیل کو آگ پر رکھیں۔ جب اُبلنا شروع ہوجاوے
بھلاوہ ڈال دیں۔ جب سڑ جاویں۔ تیل سے باہر نکالیں۔ تیل کو ٹھنڈا ہونے دیں مسل
باریک اس تیل میں ڈالدیں۔ خوب ملا کر ۲ سیر پانی ڈالدیوے جو کچھ اوپر آوے۔
اُسے اُتار کر پیتل کے برتن میں رکھیں۔ اسکو لگاتے رہنے سے بلا تکلیف مسّہ فوراً
دُور ہوجاتا ہے۔ (ر)

افیون چھڑوانا

ارنڈ کی جڑھ کا سفوف ۱ تولہ۔ ارنڈ کے پتوں کا رس ۲ تولہ۔ افیون ۱ تولہ۔ جائفل
۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ سب کو باریک کھرل کر کے شہد میں گولیاں بنا دیں۔ جتنی افیون کھاتے
ہیں۔ اس سے چوتھائی وزن گولیاں۔ افیون چوتھائی وزن چھوڑ کر ایک گولی اس کی
بجائے کھایا کریں جب وہ جسم سے مل جاوے پھر اور چھوڑ دیں۔ اور ۲ گولیاں کھاویں
اسطرح ۳ گولیاں ہوجاویں۔ تھوڑے دنوں کے بعد ایک ایک کر کے ان کو بھی چھوڑ
دیں۔ (ر)

جریان وقبض پوست ہلیلہ کلاں ۲ تولہ ست گلو۔ سلاجیت مصفےٰ۔ مٹھی مقشر۔ کشتہ قلعی۔ دانہ الائچی خورد۔ تالمکھانہ ہر ایک ا تولہ مصری سفید سب کے برابر سفوف بنادیں۔ ۲ ماشہ صبح و ۲ ماشہ شام ہمراہ شربت بنفشہ وغیرہ کے دیں۔

جاتی پھل آدی گٹکا۔ ہیضہ وغیرہ پر

جائپھل۔ سیندھا نمک۔ شنگرف کشتہ کوڑی۔ سونٹھ۔ صاف زیتون۔ بیج دھتورہ سیاہ مدبر۔ پیپل ترب اشیاء برابر وزن لیوے۔ بھانگ کا گاڑھا دھتورے کے بیج کا گاڑھا اور نیموں کا رس میں ایک ایک دن کھرل کرے۔ پھر گولیاں ایک ایک رتی کی بنادیں۔ چھاچھ ایکتولہ ہینگ بریان ایک چنے کے برابر سیندھا نمک ا ماشہ ملاکر اس میں گولی ڈال کر کھلادیوے۔ فوراً دست وقے بند ہوجاتے ہیں۔ اور پان میں رکھ کر کھانے سے مقوی باہ ہے اور امساک ہوتا ہے۔

گولی بچگان جدوار۔ چیتہ۔ ہینگ ہر ایک ۲ ماشہ۔ سہاگہ بریان۔ عصارہ ریوند۔ مرچ گول سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ طوطیا سبز ۲ رتی۔ سب کو ادرک کے پانی میں کھرل کرکے بقدر دانہ ماش (اُڑد) کے گولیاں بنادیں۔ ایک گولی چار چار گھنٹے کے بعد والدہ کے دودھ میں حل کرکے دیا کریں۔

دیگر۔ جند بیدستر۔ صعتر۔ فاذہر حیوانی۔ زیرہ سیاہ۔ بادیان رومی ہر ایک مساوی الوزن عرق گلاب میں کھرل کرکے بطریق مندرجہ بالا دیں۔

دیگر۔ دانہ الائچی خورد۔ مصطگی رومی۔ اشق۔ جوز جندم ہر ایک ۲ ماشہ۔ کستوری سقمونیا ہر ایک ۴ رتی۔ سب کو باریک کرکے خرگوش کے خون میں ملاکر ایک ایک رتی کی گولیاں بنادیں۔ ایک گولی ایکماہ سے ۳ ماہ کے بچے کو۔ زاید عمر کے بچے کو ۲ تا یکسال ۳ گولیاں تولہ بھر گلاب کے عرق میں حل کرکے ۳۔۴ گھنٹے کے بعد دیا کریں۔

اگر قبض اور نفخ بھی ہو۔ تو مندرجہ بالا گولیوں کے ہمراہ مندرجہ ذیل ادویات منضج مسہل پینے کو کی تبی کے پانی میں کھرل کرکے نیم گرم پیٹ پر لیپ کریں۔ قبض دور ہوگی۔

سنبل الطیب۔ پودینہ جنگلی۔ بادیان۔ مصطگی۔ بابونہ سب ہموزن استعمال کریں۔

دیگر نہایت مفید گولیاں گئوروچن۔ زہر مہرہ اصلی۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ تلسی کے پتوں کا پانی نکال کر ۲ دن تک کھرل کرتے رہیں۔ اور رتی کا آٹھواں حصہ یعنی چاول بھر خوراک دو دو گھنٹے کے بعد قند سے شہد میں حل کرکے چٹاتے رہیں۔ ایک ماہ کے بچے کے لئے یہ ایک خوراک ہے۔

دیگر۔ نیم کے پھول۔ انار کے پھول ہر دو سبز چار چار ماشہ۔ تخم بکائین کا سفوف نسوت زرد۔ ایلوا۔ کتھہ سفید ہر ایک ۴ رتی چند تولہ پانی میں جوش کر چھانکر ایک دن میں ۳۔۴ دفعہ کرکے یہ سب دوائی پلادیں۔ دو ماہ سے کم عمر کے بچے کی ایک دن کی دوائی ہے۔

کثرت طمث (پردر) تودری۔ موچرس۔ مائیں۔ سنگجراحت۔ اسپغول کی بھوسی برابر وزن پیس لیوے۔ یا اسپغول کی بھوسی ویسے ہی ملادیوے اور سب کے برابر کھانڈ ملادوے۔ ۳ ماشہ دودھ کے ساتھ پھانکے تو تقریباً ہر قسم کا پردر جاوے۔

سنگجراحت۔ گوکھرو۔ گیرو۔ چنی گوند ہر ایک ایک تولہ۔ لاکھ کا دانہ ۴ تولہ۔ شکر سفید ۸ تولہ۔ خوراک ۳ ماشہ دودھ کے ساتھ کھاوے۔ کثرت حیض اور استحاضہ کو بند کرے۔

پوٹلی زیادتی حیض گدھے کی لید سایہ میں سکھاکر پیسکر کپڑے میں پوٹلی بناکر فرزجہ کرنے سے خون کا زیادہ بہنا بند ہوجاتا ہے۔ نیز سفید رطوبت کو بھی مفید ہے۔

گولی گوند ببول ۲ تولہ۔ رال ۲ تولہ۔ سپاری چکنی ۲ تولہ پیسکر بیر برابر گولی بناکر کھایا کرے۔ تو کثرت حیض کو نافع ہے۔

پوٹلی بکری کی مینگنی۔ گندر دونوں کو پیسکر پوٹلی بناکر اندام نہانی میں رکھنے سے خون کی زیادتی بند ہوتی ہے۔ سفید رطوبت کو مفید ہے۔ رقت و پانی بہنے کو نافع ہے۔ ان دونوں میں برابر کھانڈ ملاکر ۳ ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ پھانکیں۔ تو بہت ہی نافع ہے چنانچہ ایک جگہ یوں لکھا ہے ؎

جریان وقبض پوست ہلیلہ کلاں ۲ تولہ رست گلو۔ سلاجیت مصفےٰ۔ مٹھی مقشر۔ کشتہ قلعی۔ دانہ الائچی خورد۔ تالمکھانہ ہر ایک ۱ تولہ مصری سفید سب کے برابر سفوف بنا دیں۔ ۲ ماشہ صبح ۲ ماشہ شام بہمراہ شربت بنفشہ وغیرہ کے دیں

جاتی پھل آدی گنگا۔ ہیضہ وغیرہ پر

جائیفل۔ سینددھا نمک۔ شنگرف کشتہ کوڑی۔ سونٹھ۔ صاف زیتون۔ بیج دھتورہ سیاہ۔ مرچ پیپل تر سب اشیاء برابر وزن لیوے۔ بھانگ کا کاڑھا و دھتورے کے بیج کا کاڑھا اور نیبوں کا رس میں ایک ایک دن کھرل کرے۔ پھر گولیاں ایک ایک رتی کی بنا دیں۔ چھاچھ ایکتولہ ہینگ بریان ایک چنے کے برابر سینددھا نمک ۱ ماشہ ملا کر اس میں گولی ڈال کر کھلا دیوے۔ فوراً دست وقے بند ہو جاتے ہیں۔ اور پان میں رکھ کر کھانے سے مقوی باہ ہے اور امساک ہوتا ہے۔

گولی بچگان جدوار۔ پیپت۔ ہینگ ہر ایک ۲ ماشہ۔ سہاگہ بریان۔ عصارہ ریوند۔ مرچ گول سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ لوطیا سبز ۲ رتی۔ سب کو ادرک کے پانی میں کھرل کر کے بقدر دانہ ماش (اڑد) کے گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی چار چار گھنٹے کے بعد والدہ کے دودھ میں حل کر کے دیا کریں۔

دیگر۔ جند بیدستر۔ صعتر۔ فادزہر حیوانی۔ زیرہ سیاہ۔ بادیان رومی ہر ایک مساوی الوزن عرق گلاب میں کھرل کر کے بطریق مندرجہ بالا دیں۔

دیگر۔ دانہ الائچی خورد۔ مصطگی رومی۔ ۲ اشق۔ جوز جندم ہر ایک ۶ ماشہ۔ کستوری سقمونیا ہر ایک ۳ رتی۔ سب کو باریک کر کے خرگوش کے خون میں ملا کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا دیں۔ ایک گولی ایکماہ سے ۳ ماہ کے بچے کو۔ زائد عمر کے بچے کو ۲ یکساں گولیاں تا بعرق گلاب کے عرق میں حل کر کے ۳-۴ گھنٹے کے بعد دیا کریں۔

اگر قبض اور نفخ بھی ہو۔ تو مندرجہ بالا گولیوں کے ہمراہ مندرجہ ذیل ادویات عنب الثعلب پتے مکوی تبی کے پانی میں کھرل کر کے نیم گرم پیٹ پر لیپ کریں۔ قبض دور ہوگی۔

سنبل الطیب۔ پودینہ خشکی۔ بادیان۔ مصطگی بابونہ سب ہموزن استعمال کریں۔

دیگر نہایت مفید گولیاں گٹولوچن۔ زہر مہرہ اصلی۔ زعفران ہر ایک ۶ ماشہ۔ تلسی کے پتوں کا پانی نکال کر ۲ دن تک کھرل کرتے رہیں۔ اور رتی کا آٹھواں حصہ یعنی چاول بھر خوراک دودو گھنٹے کے بعد شہد میں حل کر کے چٹاتے رہیں۔ ایک ماہ کے بچے کے لئے یہ ایک خوراک ہے۔

دیگر۔ نیم کے پھول۔ انار کے پھول ہر دو سبز چار چار ماشہ۔ تخم بکائن کا سفوف نسوت زرد۔ ایلوا۔ کتھ سفید ہر ایک ۴ رتی چند تولہ پانی میں جوش کر چھان کر ایک دوا میں ۳-۴ دفعہ کر کے بسب دوائی پلا دیں دو ماہ سے کم عمر کے بچے کی ایک ن کی دوائی ہے۔

حیض کی زیادتی

کثرت طمث پردر لودھ۔ موچرس۔ مائیں۔ سنگجراحت۔ اسپغول کی بھوسی برابر وزن پیس لیوے۔ یا اسپغول کی بھوسی ویسے ہی ملا دیوے اور سب کے برابر کھانڈ ملا دے۔ ۳ ماشہ دودھ کے ساتھ پھانکے تو تقریباً ہر قسم کا پردر جاوے۔

سنگجراحت۔ گوکھرو۔ گیرو۔ چکنی گوند ہر ایک ایک تولہ۔ لاکھ کا دانہ ۳ تولہ۔ شکر سفید ۹ تولہ۔ خوراک ۳ ماشہ دودھ کے ساتھ کھاوے۔ کثرت حیض اور استحاضہ کو بند کرے۔

پوٹلی زیادتی حیض گدھے کی لید سایہ میں سکھا کر پیس کر کپڑے میں پوٹلی بنا کر فرزجہ کرنے سے خون کا زیادہ بہنا بند ہو جاتا ہے۔ نیز سفید رطوبت کو بھی مفید ہے۔

گولی گوند ببول ۱ تولہ۔ رال ۲ تولہ۔ سپاری چکنی ۲ تولہ پیس کر بیر برابر گولی بنا کر کھایا کرے۔ کثرت حیض کو نافع ہے۔

پوٹلی بکری کی مینگنی۔ گند دونوں کو پیس کر پوٹلی بنا کر اندام نہانی میں رکھنے سے خون کی زیادتی بند ہوتی ہے۔ سفید رطوبت کو مفید ہے۔ رقت ریانی بہنے کو نافع ہے۔ ان دونوں میں برابر کھانڈ ملا کر ۲ ماشہ بکری کے دودھ کے ساتھ پھانکیں۔ تو بہت ہی نافع ہے چنانچہ ایک جگہ یوں لکھا ہے

ادرست گلو۔ سلاجیت مصفےٰ۔ ملٹھی مقشر۔

تالمکھانہ ہر ایک ۱ تولہ مصری سفید

بہمراہ شربت بنفشہ وغیرہ کے

وغیرہ پر

ف زیتون۔ بیج دھتورہ

دھتورے کے بیج کا

ایک

ہے۔ اسکو بھی

کو بھی مفید ہے

شوست داہن میںگنی سوکھ

شاعر نے معتمہ

سواری ہے اسکی

میں لکھا ہے پس

تو پھر دو گرست جا

کثرت حیض

تھوڑا سا کھ

اور نیز پھوڑ

نافع ہے۔ مرد کھاوے تو دریہ

جسم کو طاقت دیتا ہے۔

چندر سوُر یا گمک رس

پارہ مصفےٰ۔ گندھک آملہ سار مصفےٰ کشتہ ابرک سیاہ کشتہ لوہا فی ۴ تولہ کشتہ سنکھ

سہاگہ بریاں کشتہ کوڑی فی ۲ تولہ اور گوکھرو کا چورہ ۴ تولہ۔ ان چیزوں کو بھاپ کے جنتر میں

بھاپ دینی چاہئے۔ پھر ڈول۔ پت پاپڑہ۔ بھارنگی۔ ہلدی قند۔ سونف۔ گلوری دھنا

پانسہ۔ تگر۔ گنڈ وبھا۔ اٹ سٹ سفید۔ بھنگرہ سیاہ۔ شالی کا ساگ۔ سدروں شپی

ہر ایک کے دو دو تولہ رس میں بھاوناں دے کر گولیاں بنائی جاویں۔ بمقدار رتی ایک

گولی روز بکری کے دودھ کے ساتھ استعمال کی جاوے۔ یہ دوا لکھنا نند وید تاج

کی بتائی ہوئی ہے۔ اس سے یرقان اسول۔ یرقان بخار کہنہ۔ مہلک بخار۔ خونی وصفراوی

بھوک کی کمی۔ پیٹ درد۔ تلی۔ نفخ۔ اشتھیلا۔ گولہ۔ ددرروگ۔ سوزش کھانسی۔

پینسی سوجن۔ ہچکی۔ تے۔ بھرم۔ بھگندر۔ آتشک۔ دو خارش بدن۔ پیاس لگنا۔

چھاتی کا دھڑکنا۔ سردی اور بلغم سے گلا بگڑنا وغیرہ سب جملہ بیماریاں دور ہوتی

ہیں۔ (مترجم)

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم! چند نسخہ جات جو کہ کمترین کے مجربات میں سے ہیں ذیل میں

درج کیے جاتے ہیں درج اخبار فرماویں۔

مالیخولیا مراقی مجرب المجرب

اول یہ ۲۰ عدد نقوع پلاویں۔ صندل سفید ½ تولہ۔ آلو بخارا ۱۰ عدد۔ کشنیز خشک

½ تولہ۔ بنفشہ ۳ ماشہ۔ ساؤگی ۲ تولہ۔ برگ ببول ½ تولہ شب کو ا پاؤ پختہ پانی میں

تر کر کے بوقت صبح ۲ تولہ خمیرہ خشخاش ڈال کر پلا دیں۔

بعد ازاں نسخہ مسہل عمل میں لاویں

عناب ۲۰ دانہ۔ کشنیز ۱ تولہ۔ صندل سفید ½ تولہ۔ آلو بخارا ۱۵ دانہ۔ سنا مکی ۱۰ ماشہ

پوست ہلیلہ ½ تولہ۔ گودا املتاس ۴ تولہ۔ روغن زرد ۲ تولہ۔ ۱½ سیر پانی میں ڈال

کر یعنی جوش دیں۔ جو وقت ½ سیر رہ جاوے گلقند ۲ تولہ۔ ترنجبین ۱ تولہ ڈال کر

پلا دیں۔ (ظہر بیارہ ۲۲۳) ست نرائن پوری

طلا مالیخولیا مراقی

روغن کاہو۔ روغن کدو۔ بادام روغن۔ روغن گل باہم ملا کر اس میں پارچہ

تر کر کے ہر وقت دماغ پر رکھیں۔ (//)

ضماد برائے مالیخولیا مراقی

دھنیا۔ مشک کافور۔ صندل سفید۔ گل سرخ۔ کاسنی رگڑ کر اسپغول ثابت

ملا کر پانی میں تالو پر ضماد کریں۔ (//)

تنبیخ مالیخولیا مراقی

روغن گل ۱ حصہ۔ سرکہ ۲ حصہ ملا کر تمام بدن پر ہر روز مالش کریں۔ (//)

تبرید دوروز مالیخولیا مراقی

لعاب بیدانہ ½ تولہ۔ اسپغول ½ تولہ۔ خمیر صندل ۱ تولہ۔ خمیر بنفشہ ۱ تولہ ملا کر

نوش کریں۔ لعاب بیدانہ ½ ۲ پاؤ پختہ پانی میں پکالیں۔ بعد ازاں ادویہ مذکور

داخل کریں۔ (//)

معجون مالیخولیا مراقی

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ کشتہ مرجان ۳ ماشہ۔ تخم بادرنجبویہ ۹ ماشہ۔ پوست اترج ۹ ماشہ۔ پستہ ۹ ماشہ۔ صندل سفید ۹ ماشہ۔ گل سرخ ۹ ماشہ۔ تخم فرنجمشک ۹ ماشہ۔ طباشیر کبود ۵ ماشہ۔ کہرباہ ۵ ماشہ۔ سنگ یشب ۵ ماشہ۔ قرنفل ۵ ماشہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ کباب چینی ۷ ماشہ۔ بہمن سفید ۷ ماشہ۔ دارچینی ۷ ماشہ۔ عود غرقی ۷ ماشہ۔ کشنیز ۷ ماشہ زرنباد ۷ ماشہ۔ گل گاؤزبان ۷ ماشہ۔ پوست آنولہ ۷ ماشہ۔ زرشک ۷ ماشہ۔ تخم بالنگو ۲ تولہ۔ ہمہ ادویہ کو کوٹ لیں۔ عرق گاؤزبان ایک پاؤ پختہ۔ عرق گلاب ایک پاؤ پختہ۔ مصری کا قوام ½ سیر پختہ تیار کر کے داخل کریں۔ خوراک ۹ ماشہ ہمراہ ۳ پانچپا ارجین کے دیویں مجرب ہے۔ (۱۱)

قوت باہ کے واسطے مجرب

ثعلب مصری ۱ تولہ۔ شقاقل ۴ تولہ۔ موصلی سفید ۴ تولہ۔ پوست اسپغول ۴ تولہ بہمن سفید ۴ تولہ۔ گوند کتیرا ۴ تولہ۔ تخم کونچ ۴ تولہ۔ مغز بادام ۴ تولہ۔ مغز نارجیل ۴ تولہ۔ مغز پستہ ۴ تولہ۔ چارمغز ۴ تولہ۔ دال ماش مقشر بریان ½ ۱ پاؤ۔ روغن زرد ½ ۱ پاؤ۔ مصری نیم سیر پختہ۔ تمام ادویہ باریک کر کے ۴ تولہ خوراک ہمراہ شیر و روغن زرد ۴ تولہ مصری ڈال کر نوش فرماویں۔ (۱۱)

نسخہ طلا مجرب

سہاگہ ۱ تولہ۔ فلفل سیاہ ۵ اعدد۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ مغز بادام ۲۰ تولہ۔ سب کو پیسکر ایک رکابی میں رکھ کر نرم آنچ دیں اور مغاؤں کی ٹکیہ کو چمچے سے دباتے رہیں۔ رکابی ذرا ٹیڑھی کر دیں۔ روغن نکل آویں تو اس کو شیشی میں رکھ چھوڑیں۔ بچوں کو ایک قطرہ پانی میں ڈالکر پلادیں۔ جوان آدمی کو ۲ قطرہ نہایت ہی زود اثر ہے۔ (۱۱)

نسخہ جو تمام بلغمی بیماریوں و تپ بلغمی زکام و بدہضمی کو مفید ہے

بچھناگ مدبر۔ سیاہ مرچ۔ پیپل۔ سہاگہ۔ مصفیٰ شنگرف ہموزن عرق لیموں میں دو گھڑی کھرل کر کے بمقدار ماش کے حبوب بنادیں۔ خوراک ایک گولی صبح و شام مجرب ہے۔ (۱۱)

نسخہ جو برص یعنی سفید داغوں کے واسطے مجرب ہے

گیرو۔ گندھک۔ باپچی مساوی باریک پیسکر ادرک کے پانی میں رٹیھ کے برابر گولیاں بنادیں۔ خوراک ۱ گولی بیکوب ½ پاؤ پانی میں شب کو تر کریں۔ اور بوقت صبح صاف پانی نوش فرماویں۔ اور تلچھٹ کو بدن پر مل کے دھوپ میں بیٹھیں۔ ترش اور بادی سے پرہیز کریں۔ ۲۱ روز میں ہی شفا کامل حاصل ہو۔ (۱۱)

نسخہ دفعیہ مجرب ملیریا بخار روزانہ آنیوالا یا تیا یا چوتھیہ۔ اور قبض کشا بھی ہے

پھٹکری ۱ تولہ۔ مصبر ۲ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ ہمہ ادویہ مانند غبار بنادیں و حبوب بمقدار جنگلی بیر خوراک ۱ گولی ہمراہ تازہ پانی کے برائے ذات الجنب ۱ گولی عرق گاؤزبان کے ہمراہ دیویں۔ (۱۱)

برائے آتشک آزمودہ ہے

اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ اجمود ۲ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ۔ کپیلا ۲ تولہ۔ گیرو ۲ تولہ۔ کلونجی ۲ تولہ۔ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ ہمہ ادویہ را در ظرف گلی بریان کند سوائے گیرو کے ایسا نہ ہو کہ جل جاویں۔ بعد میں باریک کر کے افیون خالص کے پانی میں گولی بمقدار جنگلی بیر ۱ گولی روز کھاویں۔ غذا نان گندم و گھی۔ گرم خشک و ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔ (۱۱)

کثرت حیض ارڈ کی دھلی دال کا آٹا آدھ پاؤ۔ گری سنگھاڑہ آدھ پاؤ۔ املی بریان کر کے مغز نکالے ہوئے کا آٹا آدھ پاؤ۔ موصلی سفید آدھ پاؤ۔ تمام ادویہ کو پیسکر آدھ سیر گھی میں بھونے ایک سیر کھانڈ اور سب مغزیات وغیرہ ملا کر لڈو بنادے۔ مرد اور عورت دو دو کھایا کرے۔ تو بہت طاقت پیدا ہو۔ ویرنیپادہ

گاڑھا ہو۔ سرعت جاوے۔ جریان منی وجریان رطوبت زنان اور کثرت طمث۔ کمزوری پرمیہ دور ہوں۔

سپاری پاک یعنی (معجون سپاری)

سپاری چکنی آدھ سیر۔ کھانڈ ۱ سیر۔ گھی ۲½ پاؤ۔ دودھ گائے ۲ سیر۔ ناگرموتھ۔ صندل سفید۔ تالمکھانہ۔ آملہ۔ دارچینی۔ الائچی کلاں۔ تیرج۔ زیرہ سفید۔ سنگھاڑا۔ بنسلوچن۔ جاوتری۔ دھنیا۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ زیرہ سیاہ۔ کونچ کے بیج ہر ایک ۲ تولہ۔ آملہ کی چھال۔ بداری کند۔ اسگندھ۔ ترکٹا۔ چھوہارے سب ایک ایک چھٹانک بھر لیوے۔ اور تمام پیسکر کپڑ چھان کریں۔

سپاری باریک پسی ہوئی دودھ میں ڈال کر پکاوے جب کھویا کی مانند ہوجاوے۔ تو اسے لیکر گھی میں بھونے اور کھانڈ کی چاشنی کرکے اس میں ملاوے مندرجہ بالا سفوف بھی ڈالدیوے اور اسکے علاوہ مغزیات مثل ناریل آدھ پاؤ مغز بادام آدھ پاؤ مغز پستہ ۱ چھٹانک چرونجی ایک چھٹانک بھی ملادیوے۔ اگر زیادہ طاقتور اکسیر بنانا ہو۔ تو کشتہ ابرک ۱ تولہ کشتہ قلعی ۱ تولہ۔ ورق چاندی ایک دفتری۔ ورق سونا ایک دفتری بھی ملاوے۔

یہ دوائی بہت ہی مفید ہے لکھا ہے کہ مرد اور عورت دونو کھایا کریں۔ طاقت بڑھاوے۔ فساد منی۔ فساد رحم اور امراض رحم۔ رکت پت۔ کثرت حیض۔ کمزوری پرمیہ خون کا جانا وغیرہ دور ہوں۔ اور اگر اس کے کھانے سے حمل ہو تو لڑکا ہی پیدا ہو۔ (ر ر)

نسخہ دکھتی آنکھوں کا مجرب المجرب

جو بسبب موسم گرما دکھتی ہوں خواہ بچہ ہو خواہ بوڑھا ہو۔ مجرب سینا سے فقیر کا بتایا ہوا ہے برائے افادہ عوام ارسال خدمت ہے درج اخبار فرما کر مشکور ایک چٹکی یا دوسری چٹکی ڈالنے سے انشاءاللہ تعالے بالکل آرام ہوگا۔

شدہ ہے یہ ہے:۔ صمغ عربی گدھی کے دودھ میں تر کیا جاوے جب وہ دودھ جذب کرکے خشک ہوجاوے رکھ لیوے۔ پھر گدھی کی لید لیکر اس میں پانی ڈال کر گھول کر کسی برتن میں ڈال کر آگ پر چڑھاوے اور چاکسو ایک کپڑے کی تھیلی میں ڈال کر (اگر تھیلی کشادہ ہو) دھاگہ سے منہ بند کرکے لید میں ڈالیں جب جوش کھا کھا کر دانے سوجکر موٹے ہوجاویں۔ تو تھیلی سے نکالکر چٹکی سے دانہ دبادیں۔ کہ اندر کا پتہ دور ہوجاوے۔ باقی پوست لند جمع کرکے ایک حصہ صمغ عربی ۲ حصہ گنڈی میں پیسکر شیشی میں رکھ لیویں۔ جنکی آنکھیں نہایت سرخ اور دکھتی ہوں۔ خواہ تازہ دکھی ہوں۔ خواہ عرصہ کی ہوں۔ چٹکی ۲ ر انگل کی بھر کر ہر ایک آنکھ میں ڈالیں صرف پہلی آخری چٹکی ڈالنے سے خیر ہوگی قیمت ۱ر فی کس سے زیادہ نہ لی جاوے۔ اور مسکین کو مفت دیجاوے۔ (سید گل حکیم ومدرس گیدڑ لود)

امراض شکم کا جانی دشمن یعنی برکھ بھان چورن

پانچوں نمک ۵ چھٹانک۔ نوشادر ایک چھٹانک جوا کھار ایک چھٹانک۔ سجی گلابی ایک چھٹانک۔ سہاگہ ایک چھٹانک۔ شورہ ایک چھٹانک۔ پھٹکری ایک چھٹانک سب کو اسیر پانی میں حل کرکے چھان لیا جاوے۔ بعد ازاں مٹی کے ایک صاف برتن میں جسکے نیچے ایک انگل مٹی لگی ہو یہ حل شدہ ادویات ڈال کر آگ میں رکھ کر پکایا جائے۔ یہاں تک کہ بالکل خشک ہوجاوے اور کھار تہ میں نیچے بیٹھ جاوے۔

چھوٹی ہرڑوں کو جامن کے سرکہ میں ۷ روز تک پڑا رہنے دو۔ اور بعد ازاں نکال کر خشک کرلو۔

سونٹھ ۱ تولہ۔ کالی مرچ ۲ تولہ۔ پیپل ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ مرچ ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ زیرہ سیاہ سفید ۲ تولہ۔ اجواین ہر دو ۲ تولہ۔ اجمود ۱ تولہ۔ ہینگ ۱ تولہ۔ پودنہ خشک ۱ تولہ آک دمار کا کھار ۱ تولہ۔ مولی کا کھار ۱ تولہ۔ باؤبڑنگ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفے ۵ تولہ۔

سرکہ کی ہرڑ مذکورہ بالا ۲۰ تولہ۔ نمکوں کا کھار مذکورہ بالا ۲۰ تولہ۔ تمام ادویات

کو باریک پیسکر کپڑچھان کرلیں۔

بعد ازاں، پُٹھ گھی گوار کے رس کی، تین پُٹھ سنا کے کاڑھے کی اور ایک پُٹھ خنظل کی یعنی اندراین کی رس کی دیگر خشک کرلیا جاوے۔ پھر سائیٹرک ایسڈ یعنی لیموں کا ست ۱ تولہ اور ملا دو۔

خوراک ۲ ماشہ سے ۴ ماشہ تک جوان کے لئے میں دعوے سے کہتا ہوں کہ جملہ امراض شکم آناً فاناً نیست و نابود کردیا ہے۔

نسخہ قلاع و بثور الفم

برگ گاؤزبان سوختہ ۱ تولہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ کتھ ۲ ماشہ۔ زہر مہرہ خطائی ۲ ماشہ۔ طباشیر کبود ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۱ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنا کر منہ میں چھڑکیں۔ (یکے از خریداران اخبار)

طلسم سر درد و رمد چشم کافور

امرت دھارا ۱ بوند۔ عرق گلاب خالص ۲½ تولہ۔ سفید پھٹکری بریان ۲ ماشہ باریک پیسکر عرق گلاب میں حل کریں۔ بعد ازاں بوند مذکورہ ڈال کر بوتل میں حفاظت رکھیں۔ اور بوقت ضرورت سلائی سے آنکھ میں کھینچیں۔ (//)

برائے طحال مجرب

ایلوا مصبر ۱½ تولہ۔ جواکھار ۹ ماشہ۔ قلمی شورہ ۹ ماشہ۔ نوشادر ۷ ماشہ۔ دیسی رائی ۷ ماشہ۔ گوند کیکر ۵ ماشہ۔ سنبر کاہی ۴ ماشہ۔ کونین ۱½ ماشہ۔ گندھک موصلی ۹ ماشہ ۴۸ گولیاں بنادیں۔ خوراک ایک گولی پانی کے ہمراہ دو نو وقت۔ (//)

دیگر تلی کے واسطے

جواکھار ۱ تولہ۔ لونڈبھی ۱ تولہ۔ نوشادر ۱ تولہ۔ شورہ ۱ تولہ ۴ عدد ادویہ کا سفوف بنا کر چینی کے پیالہ میں ڈالیں۔ بعد ازاں تیزاب گندھک ۱ تولہ ڈالدو مگر کسی بالاخانہ میں جہاں پارچات نہ پڑے ہوں یا ایسی جگہ رکھے۔ کہ جہاں اس کا بخار تمہارے جسم کو نہ پہنچے۔ دوپہر تک رہنے دیں۔ بعد ازاں سفوف مرچ سیاہ ۱ تولہ ملادیں۔ اور خوراک ایکماشہ شربت سکنجبین کے ہمراہ دو قطرہ آب سیاہ کے ملا دیں۔ ترکیب آبِ سیاہ

سرکہ ۱ پاؤ، بُرادہ آہن ۱ تولہ۔ ترپھلا ۱ تولہ۔ ایک بوتل میں ڈالکر رکھ چھوڑیں۔ (//)

سفوف مسہل اکسیر

مغز جمالگوٹہ مصفا ۳ تولہ۔ پیپل دراز ۱ تولہ۔ شنگرف رومی مصفا ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ املبید ۱ تولہ۔ ہمہ ادویہ را کوفتہ و بیختہ سفوف سازند خوراک ۳ رتی بہمراہ دودھ گائے کے دیویں۔ آٹھ دس دست ہوتے ہیں مجرب ہے۔ (//)

کشتہ چاندی } جو خون پیدا کرے مقوی ہو اور سرخ رنگت کرے۔ ایک روپیہ کے پپلامول کے سفوف ۴ تولہ کے درمیان ایک اوپلے میں رکھیں دوسرا اوپلہ اوپر دے کر ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں ٹھنڈا ہونے پر نکال کر ایک ماشہ پارہ اس میں رکھکر اسطرح پپلامول کے سفوف کی آنچ دیں اسطرح ۱۲ آنچ دیں ایکتولہ پارہ اور ۵ تولہ پپلامول خرچ ہوگا اور وہ بیکشتہ ہوجاویگا خوراک ۱ رتی دودھ گرم کے ساتھ جس میں منقہ ڈالا گیا ہو۔ (لائیڈیر)

حیض جاری کرنا } بانس کی کونپل ۲ ماشہ صبح و شام بہمراہ ایکتولہ الٹرس کارڈیل Altris Cordial نامی انگریزی دوائی کے ساتھ کھلایا کریں۔ مگر پیشتر ازیں ڈاکٹر کو دکھلادیں۔ کوئی خاص بات نہ ہو جسکے واسطے اتنی عمر تک حیض نہیں آیا ہے۔ (//)

پیٹھا اولیتھہ } ایک عدد پیٹھے کو چھیلکر اس کا گودا نچوڑ لیوے۔ جتنا پانی نکلے سب کے برابر کھانڈ شکر سفید ڈال کر نرم آنچ پر رکھے۔ جب مانند شربت ہو جاوے اور ۳ بار جھاگ اُبھر چکے تو مندرجہ ذیل ادویات پیسکر ڈال دیوے ۱۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ ست گلو ۲ تولہ۔ کہربا ۲ تولہ۔ مروارید ناسفتہ ۱۰ ماشہ۔ ورق چاندی ۵ عدد۔ ورق سونا ۱ عدد۔ پھر اس شربت سے ہی بقدر ۲ تولہ ہمیشہ چاٹا کرے۔ تو خون کا گرنا بند ہو جاتا ہے۔ منہ سے ناک سے۔ کان سے مقعد سے۔ اندام نہانی سے۔ آلت سے۔ کسی بھی جگہ سے جاتا ہو۔ اسکے علاوہ پرمیہ۔ استحاضہ جلن شدت پیاس۔ مور چھا۔ سر گھومنا اور امراض صفراوی دور ہوتی ہیں۔ (//)

بیوشادی گھرت

تین چیزیں

ترکٹا (سونٹھ۔ پیپل۔ مرچ)، بیل پھل۔ دو نو ہلدی (ہلدی۔ دارہلدی) ترپھلا

بسکھپرا سرخ وسفید۔ ناگرمو تھا کشتہ لوہا۔ پارہ۔ داؤ ونرنگ۔ دیودار۔ چھینکا لی۔ بھر نگی۔ ایک ایک تولہ ۴ گنا پانی میں پکاوے۔ جب چوتھائی رہے۔ دودھ ۴ سیر۔ گھی ایک سیر داخل کرکے آنچ پر رکھے جب گھی رہے۔ تو اتارے۔ خوراک ۱ تولہ۔ مٹی کے کھانے سے یرقان۔ کمی وسفیدی خون وغیرہ جو ہوتی ہے۔ اسکے واسطے اکسیر ہے۔

(ر)

نسخہ آتشک

مریض درمیانہ درجہ ابتداءً عرق خالص دودھ مادہ گاؤ ۷ تولہ۔ عرق گاؤزبان ۷ تولہ عرق شاہترہ ۷ تولہ سب کو ان ہر سہ عرق میں گرم کرکے ۲ ماشہ برگ سنا۔ گل سرخ ۱ ماشہ عشبہ مغربی ۲ ماشہ کو کوٹ کر بھگو کر اور صبح کو مل چھان کر۔ ۳ قطرہ بادام روغن ۲ تولہ۔ شربت عناب ملاکر نوش کریں خوراک روٹی یا چاول۔ روغن زرد یا دودھ کے ہمراہ پرہیز ترشی وگرم خشک اشیاء سے دو روز دوا پی کر ایکدن ناغہ دو ہفتہ میں آرام ہوگا۔ (ر)

دیگر آتشک بگڑ کر خراب ہو چکا ہو

ورقی ہڑتال ۲ ماشہ۔ سفید مرچ ۲ تولہ۔ ۱۲ گھنٹے کھرل کرکے سفوف کریں خوراک ۲ رتی ہمراہ تازہ پانی خوراک دودھ چاول۔ ترشی وگرم خشک اشیاء سے پرہیز استعمال سے اول جلاب لیں۔ اور بعد ازاں دوائی شروع کریں۔ (ر)

دیگر برائے آتشک { دمہ۔ قوت باہ۔ کھانسی بلغمی۔ سوزاک کہنہ۔ سم الفار ۱ تولہ کو ۲۰ روز شیر مدار میں تر رکھیں۔ ہر روز تازہ شیر بدلا کریں۔ بعد۔ تخم سورج مکھی ۴ تولہ گھوٹ کر نغدہ بنا کر سم الفار مذکورہ رکھ کر گل حکمت کرکے خشک کریں ۲۰ سیر پاچک دشتی کی آگ میں رکھدیں۔ سم الفار نہایت اعلٰے درجہ کا کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک رتی مسکہ گاؤ یا دہ میں روغنی گھی سے۔ (ر)

نسوار { بخار چوتھیہ چڑھنے سے پہلے دیدیں۔ گھی کہنہ ۲ ماشہ۔ ہینگ ۲ رتی اسمیں ملادیں مجرب ہے۔ ۲ رتی نسوار لیں۔ (ر)

منجور۔ برائے بخار چوتھیہ۔ گوگل۔ پرانا گڑ دونو اشیاء کوٹ کر گھی میں ملادیں

اور نیلے رنگ کے کپڑے میں ڈالکر بتی بنادیں۔ اور آگ دیں۔ (ر)

اکسیر برائے طاعون

زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ۔ زرنبی ۱ تولہ۔ بیپنتہ ۱/۲ ۱ تولہ۔ ورق نقرہ ۶۰ عدد۔ حبوب بمقدار ۲ رتی عرق بید مشک وعرق گلاب کے ہمراہ گولی صبح وشام تناول فرمادیں۔ خوراک دودھ چاول۔ ترشی اور گرم وخشک اشیاء سے پرہیز۔ (ر)

ضماد برائے ورم پلیگ

تخم زرس ۱ تولہ۔ فلفدراز ۱ تولہ۔ بھاڑ بھونجے کی بھٹ کا دھواں تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ ہر ایک ادویہ کو کوٹ چھان کر بکری کے دودھ میں تر کرکے ضماد کریں۔ (ر)

مجرب المجرب برائے وباء

صندل سرخ ۲ ماشہ۔ سہاگہ تیلیا ۲ ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ۲ ماشہ۔ ہر چہار اجزاء کو روغن سرشف ۲ تولہ میں کھرل کرکے ضماد کریں۔ (ر)

بخار بچوں کی ہر قسم کے واسطے تیر بہدف

مرض سوکھا۔ دق اطرم کا جادو ہے بمبئی میں سوکھا سان کہتے ہیں۔ بچہ سوکھتے سوکھتے کانٹا ہوکر ملک عدم کو سدھارتا ہے کئی منتر جنتر وغیرہ ورتیں کرواتی ہیں۔ کئی میتوں میں مبتلا ہوتی ہیں۔ کچھ اثر نہیں ہوتا۔ ذیل کی ادویات کی صفت نہیں ہو سکتی۔ بینظیر ہی اکسیر نسخہ ہے ہزاروں بچے شفا حاصل کر چکے ہیں **صفت**:۔ شیر خشت ۱ تولہ۔ گل سرخ ۱ تولہ۔ بیخ انجبار ۱ تولہ۔ پوست بیخ کٹیلی ۱ تولہ۔ پوست بیخ سمبھالو ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱/۲ تولہ۔ بادیاں خطائی ۱/۲ تولہ۔ اجود ۱/۲ تولہ۔ برگ سنا مکی ۱/۲ تولہ چھوہارہ ۲ ماشہ۔ صندل سفید ۲ ماشہ۔ صندل سرخ ۲ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ بنفشہ ۱/۲ ۱ تولہ۔ گل نار ۲ ماشہ۔ لونگ ۳ عدد۔ عرق گاؤزبان ۱/۲ ۱ پاؤ۔ عرق بادیاں ۱/۲ ۱ پاؤ میں ادویہ مذکورہ ڈالکر جوش دیں۔ کہ پاؤ پختہ عرق رہ جاوے۔ ۵۰ تولہ مصری ڈال کر قوام تیار کریں۔ ایک حصہ شربت ۱/۲ حصہ شراب خالص۔ خوراک دو قطرہ۔ (ر)

طلسم برائے چمبر میں تیر بہدف نسخہ

سبز برگ لیموں کاغذی ۲۰ عدد۔ مرچ سرخ خشک ۲ عدد دونو کو باریک کھرل

کریں۔ جسے کہ تار چھوڑنے لگے۔ بعدازاں ضماد کریں۔ ورم فوراً کافور ہوگا۔ اور زخم خشک ہو جاویگا۔ (۔۔)

بخار ہر قسم کے واسطے تیر بہدف لیکن بخار میں نہ دیں

عرق سہدیوی ۱۲ آتشہ ایک بوتل۔ کونین سلفاس ۱/۲ ۷ ماشہ۔ تیزاب گندھک ۸۰ قطرے۔ مگنیشیا ۱ تولہ۔ ترکیب عرق سہدیوی میں کونین ڈال دیں۔ بعد میں سالٹ مگنیشیا حل کریں۔ پھر تیزاب گندھک ڈالیں۔ خوراک ایک اونس۔ دن میں ۲ دفعہ دیں۔ مجرب ہے

نوٹ:۔ ایک اونس ملیریا میں چھ دفعہ دیویں۔ خوراک دودھ چاول۔

نوٹ:۔ دق و ورم احشا میں نہ دیویں۔ (۔۔)

نفث الدم کے واسطے پرتاثیر ٹوٹکہ فقیرانہ

عناب۔ ادانہ۔ امربیل ۱ تولہ۔ ریشہ برگد ۱ تولہ۔ تینوں ادویہ کو جوش دے کر صاف کر کے قند سفید بقدر ذائقہ ملا کر نوش کریں۔ ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ اور ایک پاؤ رہ جانے پر استعمال کریں۔

کیمیائے بدن مردوں و عورتوں کیواسطے مجرب ہے

خشخاش سفید ایک سیر۔ گوند کتیرا ۱ پاؤ پختہ۔ گوند ناگوری ۱/۲ سیر پختہ۔ مغز بادام ایک سیر پختہ۔ مغز چلغوزہ ۱ پاؤ پختہ۔ مغز پستہ ۱ پاؤ پختہ۔ مغز اخروٹ ۱ تولہ۔ چھوہنجی ۱ تولہ۔ ستاور ۱/۲ سیر پختہ۔ گوکھرو ۱/۲ سیر پختہ۔ ثعلب مصری ۵ تولہ۔ شقاقل مصری ۵ تولہ۔ کشنیز ۱ تولہ۔ آرد مونگ ۱ پاؤ پختہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ۔ موصلی سیاہ ۵ تولہ۔ سیتھل موصلی ۲ تولہ۔ نیلوفر ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ ست اسپغول ۲ تولہ۔ کشتہ مرجان ۲ تولہ۔ کشتہ قلعی ۲ تولہ۔ کشتہ صدف ۲ تولہ۔ کہربا ۲ تولہ۔ سنگ یشب ۲ تولہ۔ رومی مصطگی ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ روغن زرد ۳ سیر پختہ۔ کھانڈ دیسی ۱۰ سیر خام۔ گندم کا آرد ایک سیر پختہ۔ تمام ادویہ کو تھوڑے روغن زرد میں بریاں کریں۔ خشخاش ایک سیر پختہ کی ملائی لے کر داخل کریں۔ اور روغن زرد کھانڈ کی چت میں ملا دیں۔ اور بعد ازاں منزیات کشتہ جات استعمال کریں۔ خوراک ایک چھٹانک۔ (۔۔)

برائے تپ چوتھئے و درد سر کو مفید ہے

سہندہ پھل۔ مرچ سیاہ۔ تلسی کے پتے تینوں کو ہموزن لے کر کوٹ کر مقدار ایک ماشہ کی گولی یا یونہی دیں۔ موافق سن مریض اور مزاج کے دیویں۔ ایک گھڑی پیشتر آنے تپ سے ایک گولی ساتھ پانی کے۔ کسی چیز کا پرہیز نہیں ہے۔ (حکیم رام سرنداس فریدالغنی)

برائے ہکھک یعنی ہچکی کے واسطے

ماش سیاہ بجائے تمباکو کے حقے میں بھر کر کھینچیں۔ ہچکی کے واسطے آزمودہ ہے۔ (۔۔)

جنبش اور دانت کے درد کے لئے

پترج۔ سندرس۔ کوڑی جلائی ہوئی گلاب کے پھول کوٹ پیس کر منجن بنا کر ملیں مفید ہے۔ (۔۔)

پیچش اور مروڑ کے واسطے

کاکڑا سنگی خوب باریک سفوف کر کے کپڑے میں چھان لیوے۔ اور اس میں سے دس دس گرین چار چار گھنٹے بعد دہی میں ملا کر کھلا دیں۔ چھ سے آٹھ پڑیہ دینے سے ہر ایک قسم کی ڈسی سٹری کو آرام آ جاتا ہے۔ یہ جوان آدمی کی خوراک ہے۔ غذا چاول ودہی۔ (۔۔)

نسخہ جوارش لولوی برائے استقاط حمل

مروارید ناسفتہ۔ عقر قرحہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ سونٹھ۔ مصطگی رومی ہر ایک ۱ تولہ۔ زرنباد۔ درونج عقربی۔ تخم کرفس۔ بچرا۔ الائچی خورد۔ جائفل۔ جاوتری۔ قنج ہر ایک ۶ ماشہ۔ بہمن سرخ و بہمن سفید۔ مرچ سیاہ ہر ایک ۹ ماشہ۔ دارچینی سوا تولہ۔ مصری سب کے برابر قوام کر کے تمام اشیاء پیس کر ملا دیں۔ خوراک ۳ ماشہ بہمراہ دودھ کے گرم مزاج کو عرق بید مشک وغیرہ سے دیویں۔ (ایڈیٹر)

ٹڈی کثرت حیض کی — آرد مونگ۔ کتھ۔ پوست۔ ہلیلہ زرد۔ جائفل۔ مازو۔ سپاری چکنی۔ مائیں برابر وزن لے کر پیس کر پوٹلی بنا کر رکھنے سے کا بہنا بند ہوتا ہے۔ اور رطوبت خشک ہوتی اور اندام خشک ہوتی ہے۔ نیز

صرف مونگ کا آٹا پوٹلی میں باندھ کر رکھنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

دیگر } لاکھ۔ موچرس۔ ماجو کو پیسکر رکھنے سے بھی پانی کا بہنا۔ خون کا جانا بند ہوتا ہے۔ اور مفید ہے۔ (د۔ر)

دیگر } ماجو۔ مائیں پھٹکری دہاوے۔ زیرہ سفید ان کو پیسکر ایک کپڑے میں پوٹلی باندھ کر رکھنے سے وہی فائدہ دیتا ہے۔ (د۔ر)

دیگر } مغز آملہ۔ گیرو۔ چھال کیکر۔ جڑھ بیری۔ جڑھ بانسہ۔ سانو۔ برابروزن پیسکر کپڑچھان کر کے پوٹلی باندھ فرزجہ کرے۔ اس کے بھی مندرجہ بالا اوصاف ہیں۔ (د۔ر)

دیگر } پھٹکری بریان۔ مازو دونوں کو پیس کر رکھنا اتنا ہی فائدہ رکھتا ہے۔ سفید رطوبت کو مفید ہے۔ (د۔ر)

دیگر } یا املی کے بیجوں کو بھون کر گری نکال کر گری نکالے۔ اور مازو برابر لیکر دو کو پیسکر پوٹلی بنادے۔ بہت عمدہ ہے۔ کھانے کے بھی کام آتی ہے۔ (د۔ر)

دیگر } یا الائچی چھوٹی۔ بیل کا گوند۔ کیکر کی پھلی۔ موچرس۔ سپاری چکنی۔ جڑھ بیری۔ لاکھ۔ بیل دانہ۔ سنگ جراحت برابروزن ادویہ کی ایک پوٹلی بنادیں اور کام میں لادیں۔ (د۔ر)

ایک بے نظیر نسخہ بیر ہڈی گھوڑا

بندہ ایک تجربہ شدہ بے نظیر نسخہ بیر ہڈی گھوڑا کا ارسال کرتا ہے یہ بے۔ سینہ کا کلکتہ۔ پوشیدہ راز جو کہ اخبار دیش اپکارک کے ناظرین کی خاطر شائع کیا جاتا ہے نسخہ یہ ہے:۔ مدار آک کے پتے زرد رنگ ۴ عدد دھو کر صاف کر کے مکھن سے تر کر کے بیر ہڈی کی مقدار کے مطابق مقرض کرکے ذرا آگ سے سینکیں۔ گرم کر کے بیر ہڈی کے بال استرہ سے مونڈ کر بیر ہڈی کے گرداگرد روئی رکھ کر اوپر وہ مدار کے چار پتے جو کہ خود بخود زرد رنگ ہو گئے ہوں۔ مکھن سے تر کئے ہوئے گرم کر کے

تہ بہ تہ ایک کے اوپر دوسرا علےٰ ہذا القیاس رکھ کر سب کے اوپر ایک ٹھیکری گول رکھ کر کس کر باندھیں۔ سہ پہر کے بعد خود بخود بیر ہڈی دور ہو جاویگی۔ بشرط ضرورت دوسرے دن پھر ایسا کرو۔ جب بیر ہڈی دور ہو جاوے۔ تو مکھن گاؤ مادہ اسم بارشست یعنی دھویا ہوا میں رال باریک شدہ ملا کر مرہم بنا کر لگایا کرو۔ زخم درست ہو جاویگا۔ گھوڑا اصلی صورت اور اصلی قیمت کا ہو جاویگا یہ ہے تحفہ بے نظیر۔

گھوڑے کی حفاظت رکھو منہ سے زخم کو خراب نہ کرنے پاوے۔

(اوتار سنگھ عرضی نویس)

امراض ذیابیطس و بواسیر کے لئے اکسیر

حکیم افلاطوں نے اپنے قیاس اور تجربے کے بھروسے پر بواسیر اور ذیابیطس کی چند علامات بیان کر کے علاج کے بارے میں فرمایا ہے۔ کہ میں نے حکمائے سلف کے صدہا نسخہ اکثر ان ہر دو امراض کے بھی آزمائے۔ مگر کوئی ایسا نسخہ جو ان ہر دو خبیث الامراض سے مدت العمر کے لئے نجات دلانے والا ہو نہ ملا۔ پس یہ کیمیائے اجسام تیار کر کے تجربہ شروع کیا۔ اور ایسے ایسے امراض جن کو بڑے بڑے طبیب تو کیا بلکہ حکیم لاعلاج کر چکے تھے۔ ان نسخوں کے استعمال سے دور ہوئے۔ جن کی تفصیل بعض علامات بواسیر و ذیابیطس میں مفصل بیان کرونگا۔

بکرم حکیم مطلق جسقدر علاج بندہ نے اس نسخہ سے کئے۔ وہ تاحیات بواسیر و ذیابیطس سے امن میں رہے۔ اور بجز پیدائشی نامردی۔ جریان۔ رقت منی۔ سرعت انزال و سوزاک و ضعف دل و جگر اور دماغ کو بیخ و بنیاد سے کھوتا ہے۔ اور بہت سی صفات نسخہ ہذا میں پائی گئیں۔ جو بعید از قیاس تھیں۔ یعنی خضاب اگر ہے تو یہ بھی نسخہ ہے۔ مایوس العلاج مخلوق جو کسی طلا یا پٹی سے صحتیاب ہوا۔ وہ چار ہفتے اگر اس کا استعمال کر کے کلی طور پر صحیح و سلامت ہو جاویگا۔ چونکہ بندہ خاک پائے اطبا ہے۔ یہ نسخہ عمدہ معلوم ہوا۔ پس کسی متمول شخص کو ترغیب دے کر تیار کرایا گیا اور تجربہ کیا تو سرمو فرق نہ پایا۔ مگر ہاں جو حکماء مطلب میں غریب غربا کو نسخے لکھتے ہیں

شوگر کا علاج

اس کام کا نہیں اور تیار کرنے میں بہت وقت درکار ہے لہذا نذر ناظرین ہوتا ہے

جفت ۱ ایک تولہ خالص سونے کو سوہان سے برادہ کرکے اور دس تولہ آب برگ لاجونتی میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر خشک کریں۔ اور لاجونتی مذکور کی گدی میں بند کرکے خوب گل حکمت کرکے ۲۰ سیر اپلہ دشتی کی آگ میں پھونکیں۔ بدیں طریق یہ ہی عمل سات دفعہ کریں۔ یہ طلا نہایت عمدہ نیم کشتہ ہو جاویگا۔ پھر چاندی راجہ شاہی پانچ تولہ لیکر سوہان سے برادہ کرکے آب برگ رتن جوت میں کھرل کرکے پندرہ سیر اپلوں کی آگ میں پھونکیں۔ مابعد برادہ فولاد عمدہ جوہر دار لیکر ۱۰ تولہ صرف کٹھی میں ہر دو نیم کشتہ جات چاندی و سونا لیکر ملا دیں۔ اور کڑاہی آہنی میں رکھ چھوڑیں۔ پس نوشادر ایک سیر پختہ لیکر بطریق معروف کریں۔ اور ۴-۶ ماشہ کی پڑیہ ایک ایک بنا دیں اور کڑاہی چولہے پر چڑھا کر نیچے آنچ کریں۔ ایک ایک پڑیہ ڈالتے جاویں اور نیب کے سونٹے سے ہلاتے جاویں۔ حتےٰ کہ تمام نوشادر ختم ہو جاوے جا کشتہ برنگ شنگرف ۲ رتی مسکہ کے ہمراہ ایک رتی جملہ امراض مذکور کو مفید ہے۔

عنایت و کرم فرمائے من پنڈت ٹھاکر دت صاحب دام اقبالہٗ

موتی جھرہ بچوں کی ایک مہلک مرض ہے اسکا مجرب علاج ملاحظہ ہو

بعد اشتیاق ملاقات و شوق دیدار مسرت آیات کے ملاحظہ ہو کہ خط مسرت نمط آنصاحب کا بعد انتظار پہنچا از حد خوشی حاصل ہوئی۔ آپ نے جو موتی جھرہ کا نسخہ منگوایا جو مندرجہ ذیل تشریح کے ساتھ ہے :۔ برہمی ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ بیتر بالا ۱ تولہ۔ چرائتہ ۱ تولہ۔ سونف (بادیان) ۱ تولہ۔ صندل سرخ ۱ تولہ۔ صندل سفید ۱ تولہ۔ ہموزن لے کر ان سب کو زد و کوب کرکے کاڑھا بنایا جا کر مریض کو ۳ روز صبح شام پلایا جائے۔ فوراً مریض کو شفا ہوگی۔ اور مریض کو بہت ہی پاک و صاف مکان میں رکھنا چاہئے اور اس کا علاج باقاعدہ ہریت سنگھتا کتاب میں درج ہے۔ آپ دیکھ لیویں۔ یہ نسخہ مندرجہ بالا ایک جادو کا اثر بتلاتا ہے۔ بہت سے مریض صحتیاب ہو چکے ہیں۔ (رامجی مل بالا بخش وید سے۔ آئی۔ بیاوره)

معجون شفا برائے بادی ہر قسم۔ ریح و سوداوی مادہ جھولہ و لقوہ اور ادھرنگ و لاغر جسم و کمزوری بدن کا ہلنا۔ کل جسم خشک ہو گیا ہو اور صرف باقی ہڈیاں ہی بدن میں نظر آتی ہوں۔ اور امراض ہوائے بادی اور وجع المفاصل و درد کمر کو آزمودہ کار ہے :۔ مغز بادام ۱ پاؤ۔ مغز پستہ سبز ایک پاؤ۔ کشمش ایک پاؤ۔ منقہ ۱ پاؤ۔ گری یعنی ناریل ۱ پاؤ۔ الائچی خورد دانہ ۲ تولہ۔ الائچی کلاں دانہ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ فلفلدراز ۱ تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ پست چھوہارہ ۲ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۵ تولہ۔ زعفران ۵ ماشہ۔ جاوتری ۵ ماشہ۔ لونگ ۵ ماشہ۔ جائفل ۳ ماشہ۔ مال کنگنی ۲ تولہ۔ کڑد ۳ تولہ۔ پیلا مول ۲ تولہ۔ آملہ ۲ تولہ۔ سونٹھ نیم سیر خورد ایک سیر پختہ۔ اسگندھ ناگوری نصف سیر۔ آرد گندم ایک سیر پختہ۔ روغن زرد تازہ ۵ سیر پختہ۔ شکر تری سفید یعنی کھنڈ ۲ سیر پختہ اول ادویہ کوٹ رکھیں۔ اور گھی کو اوپر آگ کے خوب گرم کریں اور شکر تری کا قوام تیار کر لیں۔ گھی گرم کرکے ۱ سیر آٹا کنک یعنی گندم کا بریان کریں۔ قوام کھنڈ کا ملا کر معجون تیار کریں۔ خوراک ۵ تولہ صبح اور ۵ تولہ بوقت شام کے ہمراہ شیر گاؤ کے ہر روز استعمال کریں۔ پرہیز بادی چیز اور ترشی کا کریں۔ مجرب ہے بنا دیں اور اس سے فائدہ کثیر اٹھا دیں۔

(حکیم جواہر لعل از فیروز پور)

نسخہ برائے جریان ہر قسم کے مجرب ہے

ریش بڑھ ۱۰ تولہ۔ کونپل بڑھ ۱۰ تولہ۔ آرد کا جبر ۱۰ تولہ۔ تکہ مٹیلاں ۱۰ تولہ۔ پستان خام ۱۰ تولہ۔ پانچوں دوائی سایہ میں خشک کرکے باریک پیسکر برابر اسکے تری سفید ملا کر تیار کریں۔ خوراک ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ کے استعمال میں لاویں مجرب ہے خوراک نان گندم اور گھی میں ملا کر چوری کرکے کھاویں۔ پرہیز ترش اور گرم اشیا سے۔ (د، ر)

نسخہ دوائی چنبل پھوڑا

چنبل دا سمجھ توں مٹیں حکیماں قول — چھنگری لے دو تول توں لیہڑے تے تول
دوہاں تائیں کھرل کرائیں پانی نال پیارے — لیں جدان چھٹے وس لاوے بار بجارے

دوتن روزاں وچ پیارے جاسی سب تمام نال پانی تر رکھیں بیلی ہر وقت مدام ●

(د ۱۱)

نسخہ دہرن یعنے ناف کا گر جانا

جو کہ ناڑوں کے ملنے سے مشکل دُور ہوتی ہے۔ کہ جس سے اسہال اور پیچش گاہی قبض۔ بخار وغیرہ بسبب کمزوری کے ہو جاتی ہے۔ دودھک بوٹی سایہ میں خشک کرکے کوٹ چھان کر اس میں گڑ پرانہ وزن برابر ملا کر گولیاں بنا دیں بہ قدر کوکن بیج کے تیار کریں۔ ۲ گولی ہمراہ باسی سرد پانی کے استعمال کریں۔ پرہیز ترشی و گرم اشیاء کا کریں ● (د ۱۱)

نسخہ واسطے ورم طحال جسکو عوام تلی کہتے ہیں

مصبر سیاہ جسکو ایلوا کہتے ہیں ۱ تولہ۔ نشادر ۲ تولہ۔ مغز تخم شحم حنظل یعنی تمہ کا گودا ۵ تولہ۔ تمام ادویات کو کوٹ چھان کر باریک کرکے کوده گھیکوار بیلی کا صاف کرکے پندرہ تولہ ملا کر گھوٹ کر گولیاں بہ قدر نخود کے بنا دیں۔ خوراک ۲ گولی ہمراہ آب گرم نوش کریں ● (د ۱۱)

نسخہ ضیق النفس یعنی مرض دمہ خواہ نیا ہو یا پرانہ یا جدی ورثہ سے چلا آتا ہو

یہ نسخہ بھی ایک سنیاسی صاحب کا آزمودہ مجرب ہے۔ الائچی خورد ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ رب السوس ۱ تولہ۔ عقر قرحا ۱ تولہ۔ گگر سنگی ۱ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ۔ ثمر آک (مدار) کا پھول ۱ تولہ۔ فلفلدراز ۱ تولہ۔ پیپلا مول ۱ تولہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر وزن پورا تول کر ملا کر آب گودہ گھیکوار بھی ایک پاؤ میں کھرل کرکے گولیاں بمقدار نخود کے تیار کریں۔ خوراک ایک حب ہمراہ شہد اگر مزاج بلغمی ہو تو دیں اگر مزاج صفراوی ہو تو ہمراہ شربت نیلوفر کے دیں۔ اور ایک حب بوقت شام کھاویں پرہیز ترشی و گرم اشیاء سے کریں ● (د ۱۱)

نسخہ مقوی دماغ و دل و ذہن و بصارت جبھی مشتہی و دافع جریان و بخار کہنہ قبض وغیرہ

مغز بادام ۳ تولہ۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ نشاستہ ۱ تولہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ سعد کوفی ۳ ماشہ زنجبیل ۲ تولہ۔ پوست ترنج ۲ ماشہ۔ مغز اخروٹ ۳ تولہ۔ قرنفل ۲ تولہ۔ کہربائے شمعی ۲ ماشہ طباشیر ۲ تولہ۔ بہیدانہ ۲ تولہ۔ دار چینی ۳ تولہ۔ عود خام ۱ تولہ۔ مغز فندق ۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ دانہ خشخاش ۳ تولہ۔ ابریشم خام ۲ ماشہ۔ تخم کونچ ۲ تولہ۔ موصلہ سمبل ۳ تولہ۔ دانہ انار ۲ تولہ۔ اشتہ ۳ تولہ۔ تخم شلجم ۳ تولہ۔ اسارون ۲ تولہ۔ تخم گندنا ۱ تولہ شقاقل ۲ تولہ۔ ثعلب مصری ۳ تولہ۔ بہمن سفید ۲ تولہ۔ بہمن سرخ ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ سرنجاں شیریں ۱ تولہ۔ تخم پیاز ۲ تولہ۔ زرنبات ۲ تولہ۔ باقلا ۱ تولہ۔ تودری سفید ۲ تولہ تودری سرخ ۲ تولہ۔ تخم کتان (السی) ۱ تولہ۔ ترنجبین ۱ تولہ۔ بوزیدان ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۳ تولہ۔ موصلی سفید ۳ تولہ۔ کنجد مقشر ۲ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ پھلی ببول ۲ تولہ تخم اٹنگن ۲ تولہ۔ تخم گاجر ۲ تولہ۔ پنبہ دانہ ۳ تولہ۔ گوند پلاس ۲ تولہ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد۔ مربہ ہلیلہ ۱ ثار۔ روغن زرد ۲ ثار۔ شکر سفید ۵ ثار۔ ریٹھی سپاری ۱ ثار۔ شیر گاؤ ۵ سیر۔ ترکیب چنی کیس کو دودھ میں اس قدر جوش دو کہ ربڑی ہو جاوے۔ بعد ازاں ان کے دودھ اور سپاری کو پیسکر جملہ ادویہ سفوف کرکے معہ شکر وغیرہ کے ڈال کر پکا دے۔ جب حلوے جیسا ہو جاوے۔ تو مغزیات ڈال کر تیار کر لیوے۔ خوراک حسب مزاج و قوت برداشت ۶ ماشہ سے ۲ تولہ تک ●

(محسن)

نسخہ مقوی و مبہی } زنجبیل ۱ تولہ۔ لونگ ۱ تولہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ بہیدانہ ۱ تولہ دار چینی ۲ تولہ۔ شقاقل ۲ تولہ۔ دانہ خشخاش ۳ تولہ۔ کونچ بیج ۱ تولہ۔ عود خام ۶ ماشہ۔ موصلہ سمبل ۲ تولہ۔ اشتہ ۱ تولہ۔ تخم شلجم ۱ تولہ۔ اسارون ۶ ماشہ۔ ثعلب مصری ۲ تولہ۔ بہمن سفید ۱ تولہ۔ بہمن سرخ ۱ تولہ۔ تخم پیاز ۲ تولہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ تودری سفید تودری سرخ ۲-۲ تولہ۔ موصلی سیاہ ۲ تولہ۔

موصلی سفید ۴ تولہ۔ کنجد ۱ تولہ۔ سینگھری ببول ۲ تولہ۔ تخم اسگند ۳ تولہ۔ تخم گاجر ۲ تولہ۔ گوند پلاس ۱ تولہ۔ تالمکھانہ ۱ تولہ۔ مربہ ہلیلہ۔ ثار۔ مغز چلغوزہ ۲ تولہ۔ مغز اخروٹ ۲ تولہ۔ سپاری دکھنی۔ ثار۔ روغن بادام ۵ اتولہ۔ روغن زرد۔ ثار۔ شکر سفید ا ثار۔ دودھ گائے ۴ ثار۔ ترکیب بالا کے مطابق بنا کر استعمال میں لاویں ۔ (ر)

نسخہ برائے کمی باہ

منڈی۔ شہد ہموزن اکیاس روز تک نہار منہ صبح کے وقت منہ بھر کے کھانے سے اتنا اثر ہوتا ہے کہ احاطہ تحریر سے باہر ہے ۔ (ر)

نسخہ دافع نامردمی وافزایش قوت باہ بے حد

ساٹھی کے چاول ۱ تولہ۔ بیربہوٹی تازہ ۵ تولہ کے درمیان دے کر ایک شیشی میں ڈال کر رکھو۔ چالیسویں روز دیکھو چاول کے سرخ ہو گیا ہو۔ اسوقت استعمال کرو۔ دوران استعمال میں دودھ گھی زیادہ کھاؤ۔ اکیس روز مجامعت سے پرہیز کرو۔ خوراک ایک چاول تک پان میں کھانا چاہئیے ۔ (ر)

نسخہ مقوی و مبہی } اسبغول کی جڑھ کی چھال ہموزن پانی میں ملا کر کسی کورے برتن میں شام کو رکھ دو اور صبح اٹھ کر اس میں جوش دیں جب نصف رہ جاوے۔ مل چھان کر ایک بوتل میں رکھدو ہر روز صبح کو ایک تولہ لیکر مصری ۲ ماشہ کا سفوف چھڑک کر فوراً پی جاوے۔ دیر ہونے سے لعاب ہو جاویگا۔ اور حلق میں چپکے گا ۔ (ر)

نسخہ ملذذ } پت ربھو مچھلی ۱ تولہ۔ سفوف دارچینی ۳ ماشہ باہم مخلوط کر کے حشفہ پھوڑ کر لیپ کر دے۔ اور بعد خشک ہونے کے مشغول بکار ہو ...

نسخہ ملذذ دیگر } سفوف عاقرقرحا ۱ تولہ۔ شہد خالص ۱ تولہ۔ ترکیب ... عمل کرنا چاہئیے ۔ (ر)

نسخہ دافع سستی } خالص روغن سرسوں ... مخلوط کر کے دھوپ میں ... روغن بنا لے بقدر حاجت بنگلہ پان پر طلا کر ...

سو آلت چھوڑ کر ایک ہفتہ مداومت کرے اور اثر دیکھے ۔ (ر)

نسخہ برائے دفعیہ کینچوا

اندرجو ۶ ماشے لا کر سفوف کر کے ۱ تولہ پرانے گڑ میں ملا کر ہر صبح کھلانے سے کے سب دفع ہو جاوینگے ۔ (ر)

معجون دافع کثرت طمث

ثعلب۔ شقاقل۔ گوکھرو۔ صندل سفید۔ بہمن سفید ۔ ... تج۔ مائیں خورد۔ مائیں کلاں۔ تبسلوچن۔ سنگھاڑہ۔ موصلی سیاہ۔ ست گلو۔ مغز تخم خیارین۔ مغز خربوزہ۔ گوند کیکر۔ دھنیا۔ بہمن سفید۔ تخم ریحان کشتہ قلعی سب ادویات اس میں ملاوے۔ خوراک ۶ ماشہ بہمراہ دودھ بکری یا گائے کے کھاوے۔ جریان منی و جریان الرحم اور کثرت طمث کو نافع ہے مقوی باہ بھی ہے ۔ (ر)

سفوف مغلظ منی و دافع کثرت طمث

تبسلوچن۔ دانہ الائچی خورد۔ ست گلو۔ دارچینی۔ مغز کنول گٹہ۔ سنگ سماقی۔ سنگ یشب۔ شاخ مونگا۔ لاجورد مغسول۔ زہر مہرہ۔ دم الاخوین۔ گل ارمنی۔ زیرہ۔ گلاب۔ زیرہ کیوڑہ۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ ورق چاندی ۲۰ عدد۔ ورق سونا ۱۰ عدد۔ مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ۔ کشتہ ابرک سیاہ ۶ ماشہ۔ سب کو پیسکر ایک تولہ شربت انار میں بمقدار ۶ ماشہ کے چاٹا کریں۔ تو مقوی دل و دماغ ہے۔ دھڑکن کو نافع ہے۔ جریان و رعت کو نافع ہے اور رطوبت سفید و کثرت طمث کو ازحد مفید و بے نظیر ہے ۔ (ر)

نقلی مروارید بنانے کا نسخہ

مروارید ناسفتہ صاف و شفاف لیکر آب کنار میں دھو دیں۔ تاکہ صاف ہو جاویں پھر آب خالص سے دھو کر اسقدر پیسیں۔ کہ بہت باریک ہو جاویں۔ بعدہٗ آب لیموں میں تر کریں۔ اور آب لیموں اسقدر ہو کہ ایک انگشت مروارید سے اوپر رہے بس ایک دو روز پڑا رہنے دیں۔ اگر اچھی طرح سے حل نہ ہو تو آب لیموں تھار کر اور ڈال کر ...

تاکہ خوب طرح حل ہو جاوے۔ اس کے بعد اور لیموں اسی قدر ملا کر اور کتیرا کوٹ چھان کر
گوندھ لیں۔ اور باریک باریک دانے بنالیں۔ اور کسی قالب میں ڈال کر اچھی طرح سے بھرا
لیں۔ تاکہ مدور ہو جاویں۔ پھر روہو ماہی تازہ ہو خوب دھو کر اس قالب پر لپیٹ کر اور خمیرہ
سے گل حکمت کر کے گرم تنور میں رکھ دیں جب پک جائے نکالکر دیکھیں۔ اگر پک گئے
ہوں تو بہتر ورنہ دوسری بار روہو کے زودہ لپیٹ کر گرم تنور میں پکا دیں۔ تاکہ اچھی
طرح سے پختہ ہو جاویں۔ بعد ازاں جلا دینے کو قلمی صاف ریبق یعنے پارہ خالص اور
دار شکنہ ملا کر پتھر پر پیسیں اور تمام چیزوں کو چینی کی رکابی میں رکھ کر نمناک جگہ میں
رکھ دیں۔ اور رکابی کج کر کے رکھیں۔ یہ تینوں چیزیں پانی ہو جاوینگی۔ یہ عمل اکثر برسات
میں خوب طرح سے ہوتا ہے پس یہ آب محلول لیکر چوتھائی وزن پھٹکڑی جو ایل پر سرخی
ہو لیکر ملا دیں۔ جب یہ بھی حل ہو جاوے۔ تو کپڑے میں چھان لیں۔ اور مروارید ساختہ کو
جلا دیں۔ اسکا طریقہ یہ ہے۔ کہ دانوں کو اس محلول میں ڈالکر چار پہر تک رات میں
پڑا رہنے دیں۔ اگر اچھی طرح سے رنگ اور آب قبول کر لیں۔ بہتر ورنہ پھر اسی طرح
سے دوسری دفعہ کریں یہانتک کہ خوب طرح سے آب و رنگ آجائے۔ اگر سوراخ کرنا
منظور ہو تو نقرئی تار سے سوراخ قبل جلا کر دینے چاہئیں تاکہ سوراخوں میں بھی جلا
آجائے۔ (مترجم حکیم رفیق احمد صاحب)

ایضاً ترکیب دیگر مروارید ناسفتہ آبدار یا صدف براق ایسے رنگ سماق پر کھرل کریں جو کہ استعمال نہ کیا گیا ہو۔ اور اسقدر کھرل کریں۔ کہ مثل مسکہ کے ہو جائے۔ اتنا کھرل میں آب لیموں ڈالتے جاویں جب کچھ سختی یا دانے نہ رہیں اور مکھن کی طرح ہو جائے کسی دہن کشادہ شیشہ میں ڈالکر آفتاب میں رکھ دیں۔ اور اس کے منہ پر باریک کپڑا لپیٹ دیں۔ چالیس روز تک تمام دن رکھتے رہیں۔ اور آب لیموں صاف کے شیشہ میں ڈالدیا کریں جب کم ہو جایا کرے۔ دوسرا ڈالدیا کریں۔ یعنی ہمیشہ آب لیموں سے پُر رہے جب کہ مثل موم کے ہو جائے۔ نکال کر چھوٹے چھوٹے دانے مثل مروارید کے بنالیں۔ اور ظرف چینی میں مدور ہونے کی غرض سے پھرالیا کریں۔ اگر سوراخ کرنا چاہیں۔ تو تار نقرہ سے سوراخ کریں۔ اور ماہی روہو کا پیٹ صاف کر کے

وہ دانہ اسکے اندر داخل کر کے مچھلی روہو گرم تنور میں لٹکا دیں۔ اور تنور کا منہ بند کر دیں۔
جبتک کہ مچھلی پختہ نہ ہو کھولنا نہیں چاہئے۔ جب جان لیں کہ پک گئی ہوگی۔ نکال لیں۔
انشاء اللہ تعالےٰ بقدرت الہی نہایت آبدار اور براق نکلیں گے۔ فروخت کریں۔ یا اپنے
کام میں لاویں۔ (د)

ترکیب نقلی افیون بنانے کی

از لالہ امرت رائے۔ بیخ و برگ و پوست اٹروسہ لیکر جوش دیں۔ اور اس کا
عرق نکالکر بحفاظت تمام رکھ چھوڑیں۔ بعدہٗ کو کنار ایک من خام لیکر پانی میں خوب طرح
سے ملیں۔ تاکہ شیرہ نکل آوے۔ پھر آہنی کڑاہی میں ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی خشک
ہو جاوے۔ یعنی مثل شیرہ غلیظ کے ہو جاوے۔ ایک سیر پختہ افیون پانچ سیر شیر گاؤ میں
ملا کر شیرہ مذکور میں ملا دیں۔ اور تھوڑا سا عرق اٹروسہ بھی ملا کر کڑاہی مذکورہ میں الکر
مثل حلوا کے بنالیں جب سمجھ لیں کہ عرق کو کنار اور افیون اور شیر مادہ گاؤ اور شیرہ
اٹروسہ تمام چیزیں مخلوط ہو گئیں۔ کڑاہی کو دیگدان سے اتار کر افیون تیار شدہ
کام میں لاویں۔

ترکیب دیگر از لالہ صاحب موصوف

ایک سیر کو کنار لا کر اسکو ریزہ ریزہ کر لیں۔ اور کونڈہ میں ڈالکر اس پر پانی ڈالدیں
اور اسقدر پانی ڈالیں۔ کہ چار انگل اوپر رہے اور ۵ روز تک رکھا رہنے دیں۔ جب
جوش میں آجائے۔ اس پانی کو دیگچہ میں ڈالکر جوش دیں جب ایک حصہ جل جائے۔
اور دو حصہ باقی رہے۔ تو سرد کر کے پارچہ بیز کریں۔ بعد ازاں دیگچہ میں ڈال کر جوش
دیں۔ جب ۲ حصہ پانی جل جائے۔ اور ایک حصہ رہے یہ پانچوں دوائیں باریک کر کے
آب مذکور میں ڈالدیں۔ مصبر ایکدام۔ بیخ ساٹھی یک و نیم دام۔ برگ پان ۵ عدد مصالحہ
۵ عدد بیدہ چوب یک و نیم دام برگ آک (مدار) ۴ عدد تینوں ادویہ کو جدا جدا کوٹ
کر علیحدہ علیحدہ ملا دیں۔ جب اپنی صورت اصلی پر آجاوے۔ اتار کر ٹکیہ بنالیں۔ اور بحفاظت
تمام رکھیں۔ اور کام میں لاویں۔ (د)

بزرہ دہ

نمک سلیمانی (منقول از میاں غلام محمد صاحب)

دافع غم و درد مفاصل و کلفت وغیرہ دافع غش و سم و دم و ضعف بصر اور گرمی و سردی دور کرتا ہے:۔ نمک سنگ ۳ تولہ اور نصف ماشہ نمک ہندی یعنی سانبھر ششم (چھ) داوقیہ ۲ تولہ ۱۰ ماشہ ۶ رتی کا ہوتا ہے) نمک اندرانی ۶ راوقیہ نوشادر بھی اسی قدر۔ تخم کرفس ۵ تولہ۔ مرچیاگند ۳ تولہ۔ انیسوں ۲ تولہ۔ ہینگ لائتی ۲ تولہ۔ بالچھڑ ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ ۳ تولہ فلفل سفید ۳ تولہ۔ زنجبیل اتولہ۔ زیرہ سفید ۲ تولہ۔ خار چینی قلمی اتولہ ۳ ماشہ کا شیخ ومی شیر حب قرطم ۔انیسوں۔ اصل السوس مقشر جملہ ایک ایک تولہ چار چار ماشے کرا سطرح تیار کریں کہ نمک سنگ ونمک ہندی ونمک اندرانی اور نوشادر کالی مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر منہ بند کرکے گل حکمت کرکے تنور میں رکھدیں۔ جب پختہ ہو جائے نکالکر رکھ دیں۔ اور باقی ادویہ کو جدا جدا کوٹ کر اور چھانکر سب کو ایک جگہ ملا کر چینی کے برتن میں یا مٹی کی ہانڈی میں رکھ کر جو میں دبادیں۔ بعد دو ہفتہ کے استعمال کریں۔ درد شکم اور گرانی شکم دور کریگا۔ اور ہضم طعام میں مدد دیگا۔ اور رنگت چہرہ سرخ کردیگا۔ اور معدہ وجگر کو از حد مقوی کرتا ہے۔ اور جملہ اعضا کی درد کو نافع ہے۔ مجرب ہے۔

نوٹ:۔ از ایڈیٹر۔ کتابوں میں نمک سلیمانی کے کئی نسخے لکھے ہیں۔ بعض اشتہار اس نام سے نکلتے ہیں۔ ان کے متعلق کوئی نہیں جان سکتا۔ کہ یہ وہی نسخہ ہے یا دیگر:

مضمضہ وغرغرہ جہت دفع جوش دہن ودانہائے زبان ولب وورم حلق را نافع است

برگ توت ۳ تولہ۔ برگ امرود ۳ تولہ۔ مائیں خورد کلاں ۳ تولہ۔ دال مسور مقشر اتولہ۔ کوکنار خشک اتولہ۔ پوست خشخاش ۷ عدد۔ برگ چنبیلی ۲ تولہ۔ برگ سرو ۳ تولہ۔ سنگ سانبھر ۲ تولہ۔ در آب جوش دادہ صافکہ اگر شیشود در حلق باشد غرغرہ فرمایند ورنہ مضمضہ و تجربات مطلبی حرارت خون نحو خفینہ (حکیم محمد عبدالعزیز)

نسخہ آکلہ دہن یعنی زخم وبثور کہ اجزاء دہن را فاسد سازد و بخورد

مازوئے سبز ۲ تولہ۔ اقاقیا۔ تولہ گلنار اتولہ۔ گل ارمنی اتولہ۔ گیرو کا فورہ

باریک سودہ برحرارت بافشند۔ (۱۱)

نسخہ ورم۔ بیخ دندان وبرآمدن خون وریم مجرب است

پھٹکری بریان اتولہ۔ توتیا سوختہ اتولہ۔ مازوئے بریان اتولہ۔ کسیلی چکنی سوختہ اتولہ۔ چھالی لودھ اتولہ۔ کتھ سفید اتولہ۔ مائیں خورد کلاں اتولہ۔ مصطگی رومی اتولہ۔ ہیر اکسیس اتولہ۔ کوفتہ وبیختہ سنون سازند و بکار برند مجرب است۔ (۱۱)

نسخہ نافع درد دندان وذہاب آب آن

گیرو ۳ تولہ۔ فلفل سیاہ ۲ تولہ۔ تمباکو خشک اتولہ۔ نمک طعام ۶ ماشہ کوفتہ وبیختہ نگاہ دارند۔ بوقت حاجت سنون فرمایند۔ (۱۱)

منجن نافع بدبوئے دہن

وتقوی مسوڑہ دافع ریم وخون وغیرہ:۔ کھلی سفید ۳ تولہ۔ کافور اتولہ۔ باریک سودہ نگاہدارند در روزانہ ازاں دنداں بمالند۔ (۱۱)

نوع دیگر:۔ پوست ہلیلہ زرد۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ پوست انار۔ مازوئے سبز۔ مساوی الوزن کوفتہ وبیختہ بسر کہ حل کردہ نگاہدارند وقت حاجت بکار برند۔ (۱۱)

جناب علی شاہ صاحب گوپا گنج سے تحریر فرماتے ہیں۔ کہ مندرجہ ذیل نسخہ ان کو سید احمد گیسودراز سے ملا ہے۔ ایکسال لگانے سے بال سیاہ اندر سے نکلتے ہیں۔ انہوں نے آزمایا نہیں ہے۔ اجزا اچھے ہیں۔

نسخہ:۔ بھنگرہ۔ بیخ آملہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ کالی زیری۔ برگ سمبھالو۔ تخم سمبھالو۔ مالکنگنی دارچینی۔ چدونجی۔ بھلانوہ مدبر۔ بھوسی اجوائن ہر ایک آدھ آدھ سیر کوٹ کر قند سیاہ کہنہ میں تین سو ساٹھ گولیاں بنا دے روزانہ ایک گولی کھاوے۔

بخار کا نسخہ { میرا بھی مجرب نسخہ ہے:۔ بتیس۔ مغز کرنجوہ۔ آرد گلو اور کھانڈ دیسی ہموزن لیکر بہ قدر ۳ ماشہ شربت بنفشہ سے دیں۔ اور جاڑے کے بخار میں تازہ پانی کے ساتھ اور اکثر کرکے بادی کا بخار بھی رک جاتا ہے۔

(حکیم جیسا رام)

آدھا سیسی کے لئے:۔ برگ سبزہ رجکو ریحان کہتے ہیں۔ خوشبودار)

تھوڑا سا لیکر اس کے ساتھ تخم تمر ہندی کے برابر قند سیاہ ملا کر ان دونوں کو ہتھیلی میں رگڑ کر دو دو قطرے ناک کے دونوں نتھنوں میں ٹپکا دیں۔ یعنی جس طرف درد ہو پہلے اس طرف کے نتھنے میں بعدہ دوسری طرف میں۔ درد پہلے ہی روز کم ہو جاوے گا۔ اگر کچھ کسر رہے۔ تو تیسرے روز انشاء اللہ ۳ روز میں آرام ہوگا۔ (حکیم محمد حسین)

نارو کا مجرب علاج

دھتورہ سیاہ کی جڑھ کا پوست کوٹ کر رس نکال لینا۔ شام کو چراغ جلانے کے پیشتر ۲ تولہ گھی (خواہ گائے یا بھینس کا) لے کر وہ گھی اگر جما ہوا ہو تو گرم کر کے ہمیں اس رس کے ۳ قطرے ڈالکر مریض کو پلا دینا۔ اور اس کے اوپر دہی اور کھانا پیٹ بھر کر کھلا دینا اور حجرہ تاریک میں اسکو سلا دینا اور شب بھر وہ مریض اسی تاریک حجرے میں سونا اور اس شب میں پانی ہرگز نہیں پینا۔ بلکہ ہاتھ سے پانی کو چھونا تک نہیں۔

وہی کھانا کھانے کے بعد ہاتھ پانی سے نہیں دھونا۔ بلکہ کپڑے سے پاک صاف کر لینا اور پانی کے عوض دہی پینا۔ تمام رات جب پیاس لگے۔ دہی پیا کرنا۔ مگر پانی کا نام نہ لینا اور پیشاب پخانہ وغیرہ کی حاجت ہوئی۔ تو اسی حجرے میں کرنے کا انتظام کرنا اور پانی سے آبدست نہ لینا۔ باہر حجرے سے نہیں نکلنا چاہیے۔ چراغ اسے ہرگز دیکھنے نہ دینا۔ اور صبح کو اسے اختیار حاصل ہے چاہے کچھ بھی کھائے۔ صرف ایک شب کا علاج ہے۔ خواہ کیسا ہی سخت نارو ہو۔ انشاء اللہ روز بروز صحت پذیر ہوگا اور رشتہ وغیرہ سب نکل آئیگا۔ اور پھر کبھی وہ مرض دکھائی نہ دیگا۔ (د ر)

سرد کھانسی و بلغمی کھانسی و نزلہ وغیرہ کیلئے

سونٹھ۔ کاکڑا سنگی۔ بہارنگی۔ دار شیشعان یہ چاروں برابر وزن سفوف کر لیں۔ اور بقدار ایکدم سفوف شہد میں ملا کر چٹاویں۔ (د ر)

منہ کا پکنا } کاؤ زبان بریاں۔ طباشیر۔ کتھ سفید۔ سفوف کر کے منہ میں لیں اور منہ میں بہت سا پانی جمع ہوگا۔ غرغرہ کر کے کلی کر دینا۔ اور جس جگہ پک گر رہی ہے۔ اس پر انگلی سے دابنا دن میں ۳-۴ بار کرنا۔ انشاء اللہ ایک ہی روز

میں فایدہ بخشیگا۔ (د ر)

تحلیل ریاح } کو جو تولید بلغم و ریاح وغیرہ سے پیٹ بڑا ہو جاتا ہے۔ نوشادر جسقدر چاہے لیکر شیر زقوم میں باریک پیسکر خوب حل کر کے کالی مرچ کے برابر گولیاں بنا وے۔ اور ایک گولی صبح کے وقت قند سیاہ میں رکھ کر نگل جاویں۔ تین روز یا سات روز ہر ایک دو دست ہو کر بلغم کا اخراج ہو جاتا ہے۔ غذا مرغ کے چوزے کھانا۔ اگر جلاب زیادہ ہو تو تھوڑا لیموں کا رس پلاویں۔ فوراً بند ہو جاوینگے۔ (د ر)

خشک خارشت کو } سلارس ۲ ماشہ (یعنی میعہ سائلہ) دانہ الائچی ۳ ماشہ۔ رسکپور ۳ ماشہ کافور ۳ ماشہ۔ روغن موتیا ۱ تولہ۔ سب کو پیسکر تیل میں ملا کر ہر روز صبح و شام لگاتا اور روزانہ صرف صبح کو ایک وقت غسل کرتے جانا۔ (د ر)

مسہل و ہم مرض ڈبہ اطفال باؤ گولہ و امراض شکم مجرب

جمالگوٹہ مدبر ۱ تولہ۔ مغز کجہ (یعنی کرنجوہ) ۱ تولہ۔ سونٹھ ۱ تولہ۔ کباب چینی ۱ تولہ۔ ریوندچینی ۱ تولہ۔ کالی مرچ ایکتولہ۔ گیرو ۱ تولہ۔ کلونجی نیم تولہ۔ کشنیز خشک نیم تولہ۔ ان سب کو پانی میں پیسکر بمقدار دانہ نخود یعنی چنے کے برابر گولیاں بنا لینا۔

باؤ گولہ کو وہ سبزی کی رس میں یا برگ کریلہ کی رس میں تھوڑی شہد ملا کر گرم کر کے اس میں ایک سے ۲ گولی تک مریض کی طاقت کے موافق گھس کر پلانا۔

ڈبہ اطفال کیواسطے مقدار مونگ کے دانے سے چنے برابر تک۔ بچے کی عمر کے لحاظ پر ماں کے دودھ میں گھس کر پلاویں۔

قبض یا درد شکم یا مسہل کے لئے مزاج اور طاقت اور عمر کے موافق ایک سے ۲ گولی تک صرف گرم پانی سے استعمال کرادیں۔

جلاب بہت ہوئے تو چھاچھ یا سوڈا واٹر یا مرغ کا شوربہ و گھی پلاویں۔ (د ر)

ہیضہ کیواسطے } گندھک کا تیزاب ۲ تولہ۔ کالی مرچ ۱۵ تولہ ان دونوں کو ایک شیشہ میں ڈالکر پانی اسقدر ڈالا جائے کہ کالی مرچ کے اوپر آوے شیشہ کا منہ مضبوط بند کر کے ۳۰ دن تک رکھ چھوڑیں۔ اور ہر روز بار بار متعدد مراتب صرف ہلاتے رہنا۔ چوتھے روز خوب باریک پیسکر رکھ لینا۔ مقدار حسب رائے طبیب مریض کی طاقت

کے موافق بہرحال دانہ مونگ سے تخم ...
کھانے فرصت کے وقت تھوڑے ...
یہ ایک ...
جو نسلاً بعد نسلاً ہمارے بزرگ ...
ضرور وسیع اخبار فرماویں:-
نسخہ مجرب ہے۔ جسکے فوائد ...
قوت و فرحت دہ مقوی اعضاء ...
را فائیدہ بخشندہ و نزلہ و زکام بارد ...
نسخہ مجربہ یہ ہے:- جدوار ...
درونج عقربی ۱۲ ماشہ۔ فلفل ...
... ماشہ۔ سنبل الطیب ... ماشہ ...
... ماشہ۔ خولنجاں ... ماشہ۔ دار ...
... ماشہ۔ فرفیون ... ماشہ ہمہ ...
شام ہمراہ آب یا شیر مادہ گائے ...
(حکیم نذیر حسین)
درد گوش کا علاج:- ...
پھر ہاتھوں سے مل کر اس کا ...
(۲) کیسر اوّل قسم عرق ...
(۳) تخم مولی کو پیاز کے ...
(۴) کرم گوش کا علاج ...
میں ڈالیں۔ تو فوراً آرام ہو۔
(۵) کری گوش:- تل سیاہ ...
پکاویں جب صرف تیل ہی رہ جا...
آدمی کے کان میں ڈالیں۔ آرام ...

کے موافق بہرحال دانہ مونگ سے تخم ریٹھہ (فندق) تک۔ بہت سے مجربات ہیں، انشاء اللہ
تعالیٰ فرصت کے وقت تھوڑے تھوڑے مجربات لکھ دیا کروں گا۔ (د۔ر)

یہ ایک نسخہ حب جدوار

جو نسلاً بعد نسلاً ہمارے بزرگوں میں تجربہ ہو کر مجرب مانا گیا ہے۔ برائے رفاہ عام
ضرور درج اخبار فرماویں:۔

نسخہ مجرب ہے۔ جسکے فوائد یہ ہیں۔ مُسرف۔ اوجاع صدر را نافع بود و دل و دماغ را
قوت و فرحت دہد و مقوی اعضاء رئیسہ باشد و انحاز آرد و طعام ہضم نماید و در سرعت انزال
را فائدہ بخشد و نزلہ و زکام بارد را دفع سازد و رنگ بدن روشن کند:۔

نسخہ مجربہ یہ ہے:۔ جدوار عمدہ ۲ تولہ۔ زعفران ۱۱ ماشہ۔ تخم کرفس ۱۱ ماشہ
درونج عقربی ۱۱ ماشہ۔ فلفل ۶ ماشہ۔ زرنباد ۶ ماشہ۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ عود عراقی
۶ ماشہ۔ سنبل الطیب ۶ ماشہ۔ قرنفل ۶ ماشہ۔ قاقلہ صغار ۶ ماشہ۔ صمغ عربی
۶ ماشہ۔ خولنجاں ۶ ماشہ۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ عاقرقرحا ۶ ماشہ۔ افیون مصری
۶ ماشہ۔ فرفیون ۶ ماشہ ہمہ را در عرق گلاب بمقدار نیم دانگ حب سازند ہر صبح و
شام ہمراہ آب یا شیر مادہ گاؤ ایک ایک حب خورند و از حموضات احتراز کنند۔

(حکیم نذیر حسین)

درد گوش کا علاج:۔ برگ مدار سبز گائے کے گھی سے چپڑ کر آگ پر گرم کریں
پھر ہاتھوں سے مل کر اس کا پانی نکالکر نیم گرم دو قطرے کان میں ڈالیں۔

(۲) کیسر اوّل قسم عرق گلاب میں حل کر کے نیم گرم کان میں ڈالیں۔

(۳) تخم مولی کو پیاز کے پانی سے گھسکر نیم گرم کان میں ڈالیں۔ درد گوش دور ہو

(۴) **کرم گوش کا علاج:۔** تمباکو کا رس۔ گنوار گندل کا رس ملا کر نیم گرم کان
میں ڈالیں۔ تو فوراً آرام ہو۔

(۵) **کری گوش:۔** تل سیاہ کا تیل ۱ حصہ۔ سرکہ انگوری ۲ حصہ۔ اس سرکہ کو باہم
پکا دیں جب صرف تیل ہی رہ جاوے۔ اتار کر رکھیں۔ اور حسب ضرورت چند قطرے بہرے
آدمی کے کان میں ڈالیں۔ آرام ہو۔ (حکیم نند لعل عرف بھارت مسافر)

کشتہ سیسہ ۲ ماشہ۔ الائچی خورد ۲ ماشہ۔ ست گلو ۲ ماشہ۔ سرد چینی ۲ ماشہ۔
موصلی سفید ۲ ماشہ۔ مصری ۵ تولہ۔ خوراک ۲ ماشہ دودھ کے ساتھ کھایا کرے۔ تو
ہر قسم کا پردر کمزوری و پیچ وغیرہ دور ہوں۔

بیج اکسو ۱ تولہ۔ حب آلاس ۱ تولہ۔ کہربا ۱ تولہ۔ ست گلو ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۱ تولہ۔ ہیرا دوکھی
و خون سیاوشاں ۱ تولہ۔ سرمہ سفید ۱ تولہ۔ دانہ لاکھ پیپل ۱ تولہ۔ گیرو ۲ ماشہ۔ ان سب
کو پیسکر برابر کی کھانڈ ملاکر ۲ ماشہ دودھ کے ساتھ کھایا کرے۔ تو بہتا ہوا خون جلد
بند ہو۔ استحاضہ کے واسطے اکسیر اور سرعت۔ رقت وغیرہ کو بھی نافع ہے۔ رطوبت
زناں کے لئے نیز نافع ہے۔

ایک صاحب کا بیان ہے۔ کہ ۵ تولہ رائی لے کر پیسکر رکھ چھوڑیں۔ ۲ ماشہ دونو
وقت بہمراہ شیر بُز کے کھاویں۔ تو عمر بھر کے لئے کثرت طمث دور ہو۔

درد نیم سر کا علاج { دارچینی۔ سونٹھ۔ زعفران ہر سہ مساوی باریک پیسکر نسوار
بنا کے ایک ایک رتی دونوں ناسوں میں لیا کریں یا پانچ
روز صبح و شام مگر اوّل تنقیہ کر لیا جاوے۔ (نند لعل حکیم)

امراض سر اور چشم کیلئے { جب کہ ابر ہو ہوا نہ ہو اور نزلہ و زکام کی شکایت فی الحال
موجود نہ ہو۔ تو باسی پانی بقدر ۳ ماشہ یا ۶ ماشہ ناک
کے ذریعہ کھینچنے سے درد سر۔ شقیقہ و درد چشم دور ہوگی۔ آنکھوں کی روشنی بڑھیگی
اور خشکی دماغ دور ہوگی۔ (د۔ر)

گٹکہ واسطے درد سر و نزلہ و درد شکم و اقسام ہائے معدہ وغیرہ کے مفید ہے
تخم دھتورہ سیاہ ۱۲ ماشہ۔ ریوند چینی ۸ ماشہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ۔ گوندکیکر ۴ ماشہ۔ ہر چہار
اشیاء کو بھنجنگی رس سے ۳ گھنٹے تک کھرل کر کے بقدر نخود کے حب بنا دیں خوراک
ایک گولی آب گرم سے اگر شربت بنفشہ و عرق بادیان سے دیں۔ تپ کو فائدہ کرے
رات کو دودھ سے پیوے پیخانہ بخوبی ہو۔ (د۔ر)

تھم کا علاج { چندن سفید۔ کافور۔ گندھک آملہ سار۔ ہڑتال۔ سہاگہ۔ کچور۔
گندھک گولہ۔ تخم مولی۔ سب برابر وزن لے کر گھگل کی رس میں

کھرل کرکے، روزتک لیپ کریں۔ اور پچھلے پہر کو گوبر گائے کا ملکے اشنان کرے اور
، روز تک نمک نہ کھاوے۔ صرف گھی اور روٹی تو تمام دُور ہوں ۔ (ر)

مُنہ کے کیلوں کا علاج

پنج۔ وصنعلہ۔ لودھ ہر سہ کو پانی سے پیسکر مُنہ پر لگادیں۔، روز تک لگاتا رہے
(ر) ۔

باد فرنگ کا علاج

نیلا تھوتھا ۲ تولہ۔ کتھ سفید ۲ تولہ۔ ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ۔ مردا سنگ ۲ تولہ۔ لونگ
۲ تولہ۔ سمندر جھاگ ۲ تولہ۔ کیسرہ سرخ سب لے کر آب ۱۰ عدد لیموں کا غذی میں
کھرل کرکے حب بقدر نخود بنادیں۔ ایک صبح ایک شام قند سیاہ کہنہ میں لپیٹ کر بادی
امراض بواسیر و غیرہ ہو۔ ایک ماہ تک مداومت کریں۔ غذا ماش کی دال اور نصف عدد
آچار آم۔ نان گندم ۔ (ر)

انعامی نسخہ

حکیم جلال الدین صاحب نے ایکبار لکھا تھا۔ کہ ان کو دمہ کا نسخہ مجرب معلوم
ہے جو کہ نہایت اعلیٰ ہے۔ ۲ سال کیواسطے اخبار مفت ان کے نام جو صاحب جاری
کرادیں۔ ان کو وہ لکھدینگے۔ اس طرح سے نسخہ ایک صاحب کے پاس جاسکتا تھا۔
چنانچہ لالہ پرشادی لعل اگنی مل صاحب نے کیرانہ ضلع مظفر نگر سے تحریر فرمایا ہے۔ کہ
وہ ۲ سال کے واسطے اخبار جاری کراویں گے۔ حکیم صاحب نے وہ نسخہ مجھے بھیجدیا ہے۔
میں چاہتا ہوں۔ کہ سب ناظرین کے سامنے رکھدوں۔ اسی طرح کا نسخہ جس میں صرف
ناریل نہیں باقی وہی نسخہ ہے۔ میں دیش اپکارک میں لکھ چکا ہوں۔
سید احمد حسن صاحب لکھتے ہیں کہ میں ایک کیا دو نسخہ دمہ کے مجرب لکھتا ہوں
وہ بھی دونو نسخے ہم درج کرتے ہیں۔ اب لالہ پرشادی لعل صاحب اگنی مل صاحب
جنکے نام چاہیں۔ دو سال کے واسطے اخبار جاری کرادیں۔ نسخہ تینوں عمدہ ہیں۔ اگر کوئی
دوسرے خریداران میں سے ایک صاحب کے نام اخبار جاری کراویں۔ تو انکی خواہش
پوری ہوجاوےگی۔ نہ معلوم کس حالت کے اندر ان اصحاب نے ایسی شرط لگائی ہوگی

اور چونکہ باقی سب اصحاب اپنے مجربات بڑی خوشی سے ناظرین دیش اپکارک کے سامنے رکھتے
رہتے ہیں۔

نسخہ ضیق النفس بلغمی

حشیشہ نمک ۲ تولہ کو ایک سالم گنگ ناریل کاٹے کر ایک چھوٹا سا سوراخ کرکے
اس میں ڈالیں اور اس کے اوپرہ تولہ کے قریب شیرمدار آک ڈال کر وہی اُتارا ہوا ٹکڑا
اوپر دے کر سمپٹ کریں۔ اور کپرمٹی کرکے ۲۰ سیر پختہ یا چک دشتی کی آنچ دیں۔ سرد ہونے
پر نکال کر پیس لیں۔ خوراک ایک رتی ہمراہ کڑاہ (حلوا) رجو گڑ اور آرد گندم و گھی ہر سہ
مساوی الوزن ڈال کر بنایا جاوے) کے پہلے لقمہ میں دوائی نگل کر بعد ازاں حسب خواہش
حلوا نوش کریں۔ ہر دو وقت خوراک بغیر حلوا کے اور کچھ نہ چاہئے۔ پینے کے لئے پانی بس
اور سب اشیاء سے ممانعت ہے ۔ (حکیم جلال الدین)
میں اخبار جاری کرانے کی امید پر ایک نہیں بلکہ دو نسخے دمہ کے مجرب درج
ذیل کرکے ارسال کرتا ہوں۔ امید ہے۔ کہ آپ درج اخبار فرماویں گے۔ نسخہ بالکل
مفرد ہے۔ اور ہر جگہ زود تر دستیاب ہونے والی ہے جس میں دو تین آنہ سے زیادہ
خرچ نہیں ہے۔ طرفہ یہ کہ ایک مرتبہ دوا بنا لینے سے واقعی سینکڑوں مریضوں پر کام
آویگا۔ اور یہ امر کسی پر پوشیدہ نہیں ہے۔ کہ اس مرکب دوا سے جس میں روپیہ دو روپیہ
خرچ ہو اور مرض میں دو چار روز میں بھی فائدہ کرے۔ مفرد دوا بدرجہا بہتر اور اولےٰ
ہے۔ کہ جسمیں دو تین آنہ صرف ہوا۔ اور دو تین ہفتہ میں فائدہ کرے۔ بہرکیف مستفسر
صاحب شفا من جانب اللہ مقدم سمجھ کر خود بھی آزماویں۔ اور قدرت خدا ملاحظہ فرماویں۔
نسخہ یہ ہے۔ کچلہ ایک پاؤ لیکر کورے برتن میں رکھیں۔ اور جس وقت بھینس گوبر
یعنی اوپلہ کرے۔ فوراً اوپلہ مذکورہ کے برتن میں ڈالدیں۔ اور ۳ روز تک اسیطرح
رہنے دیں علےٰ ہذا القیاس یہ عمل متواتر دو مرتبہ اور کریں۔ مگر مٹی کا برتن ہر مرتبہ بدل
لینا چاہئے اور اس کچلہ مذکور کو خشک کرکے ایک سیر پختہ دودھ یعنی شیر گاؤ میں جوش دیں
جب دودھ خشک ہوجاوے۔ تب آگ پر سے اُتار لیں۔ اور صاف کرکے نگاہ رکھیں

بس تیار ہے۔ مناسب مزاج سمجھ کر ایک چاول سے دو چاول تک پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اور مرض سے نجات پاویں۔ (آپ کا خادم ایم سید احمد حسین)

ایضاً دیگر:۔ دھتورہ سیاہ معہ شاخ و برگ لا کر سایہ میں خشک کریں۔ بعد اسکے جلا دیں۔ کہ خاکستر ہو جاویں۔ بوقت صبح ۴ رتی کھاویں عجیب النفع ہے۔ اگر اخبار جاری ہو گیا تو چند امراض کے عجیب عجیب چٹکلے اور عمدہ عمدہ نسخہ جات ناظرینوں کیلئے پیش خدمت کرونگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔ (//)

سانپ کے کاٹے کا علاج

کاری گنی یعنی بانجھ گلوڑے کی جڑھ۔ کڑوی پاڑہ۔ سفید کنیر کی جڑھ میٹھا تیلیا۔ پلا یا قند۔ سب ہم وزن ملا کر خوب کوٹ کر پھر گل کا ½ سیر ٹھہ کا آٹا ملا کر بہمراہ آب گولیاں تین۔ تین ماشے کی بنا وے۔ اس کا نام تریاق ہے۔ ایک یا زیادہ سے زیادہ ۳ گولیوں میں آرام آجاتا ہے۔ اگر زخم ہو یا سوجن ہو۔ تو پاڑہ جلا کر راکھ میٹھے تیل میں ملا کر مالش کرے۔ اگر اندھا ہو تو پارہ اور سیاہ مرچ پیسکر آنکھ میں لگا دے۔ اگر دانت بند ہوں۔ تو اس گولی کو نلکی کی راہ ناک میں پھونک دے۔ (ایکے از خریداران اخبار)

بخار اتارنے کا نسخہ

نہایت ہی مجرب و بے خطر:۔ ایک پیسہ کا کافور ایک بوتل میں ڈال کر اس میں پانی بھر دیویں۔ پانی بھرنے کے دو گھنٹے بعد مریض کو پلا دیں۔ بخار کافور ہو گا۔ ایک پیسہ کا کافور پچاس مریضوں کو کافی ہے۔ (//)

ہیضہ کے دفیعہ کا مجرب نسخہ

کالا نمک ا تولہ۔ سونچر نمک ا تولہ۔ سندھا نمک ا تولہ۔ سُنڈھ ا تولہ۔ مرچ سیاہ ا تولہ۔ گھا ا تولہ۔ زیرہ سفید ا تولہ۔ انار دانہ ا تولہ۔ سب کو کوٹ کر ایک جگہ کرو۔ پھر پاؤ خام تھوم لیکر اس کا چھلکا الگ کر کے کونڈی میں کھرل کر کے گولیاں برابر نخود کے تیار کریں۔ دو گولی زیادہ ہو تو ایک وقت بغیر پانی سے اسے کھلا دیں۔ اگر بدہضمی یا اپھارہ ہو تو بھی معدہ دن میں ۲ گولی صبح و شام دیں۔ آرام ہو گا۔ حالت ہیضہ

میں ایک ایک گولی گھنٹہ کے بعد دی جاتی ہے۔ (خریدار اخبار ۱۸ ر ۴۴)

جریان اور بواسیر کو آرام ہو:۔ طباشیر ا تولہ۔ الائچی سفید ا تولہ۔ سرچینی ا تولہ۔ کتھ ا تولہ۔ کافور ½ تولہ۔ نبولی (نیم کا پھل) ۲ تولہ۔ دھرکونہ (بکائین کا پھل) ۲ تولہ رسونت (حضض مکی) آدھ پاؤ۔ مولی کی رس میں اسکی گولیاں برابر کنار دشتی کے بنا دیں۔ ایک گولی صبح و ایک گولی شام باسی پانی سے کھاویں۔ ترشی۔ گرم اشیاء۔ بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ اور بعد استعمال فائدہ سے اطلاع دیں۔ اگر بنا نہ سکیں تو بندہ سے تیار شدہ طلب فرماویں۔ صرف ۸ر کے ٹکٹ خرچ ڈاک وغیرہ کے واسطے ارسال کریں۔ تاکہ دوائی روانگی جاوے۔ (حکیم شبدیال ملہوترہ)

پارہ مصفےٰ ا تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ کشتہ سیسہ ا تولہ۔ لودر پٹھانی ۲ تولہ رسونت ۳ تولہ۔ اوّل پارہ اور گندھک کو کجلی کرے۔ پھر دیگر ادویات بانس کے پتوں کی رس میں کھرل کر کے ۲ رتی کی گولیاں بنا دے۔ شہد کے ساتھ ایک گولی کھاوے تو ہر قسم کے پردر کو مفید ہے موافق خلط انوپان بدل سکتے ہیں۔

ترکیب کشتہ سیسہ: سیسہ کو ایک کڑچھ میں پگھلا دیں۔ آنچ جلتی رہے۔ اور کنوار گندل کا تیر اس میں پھراتے رہیں۔ جب کل راکھ ہو جاوے۔ تو اسکو لیکر گھیکوار کے گودے کی رس میں کھرل کر کے اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح آنچیں دیتے جاویں جب تک کہ اس کا رنگ زرد نہ ہو۔ اکثر ۱۰ آنچوں میں بہت ہی اعلےٰ ہو جاتا ہے۔ جو صرف کڑچھ میں ڈال کر گھیکوار لیکر۔ شورہ۔ نیم وغیرہ کے ذریعہ راکھ کر لیتے ہیں۔ وہ کچا رہتا ہے۔ نیز تیار بر تیار ہم سے بھی مل سکتا ہے۔

(مجرب حکیم جواہر لال)

گل مغیلاں ۶ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ ناگ کیسر ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ زیرہ سفید ۶ ماشہ۔ مغز کنول گٹہ ۶ ماشہ۔ مغز کرنجوہ ۶ ماشہ۔ کوٹ چھان کر ۶ ماشہ کی پڑیاں بنا دے۔ ایک صبح ایک شام بہمراہ جوشاندہ پوست درخت سرس کے نوش فرماویں۔ (//)

———◆———

بس تیار ہے۔ مناسب مزاج سمجھ کر ایک چاول سے دو چاول تک پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ اور مرض سے نجات پاویں۔ (آپ کا خادم ایم سید احمد حسین)

ایضاً دیگر:۔ دھتورہ سیاہ مع شاخ و برگ لاکر سایہ میں خشک کریں۔ بعد اسکے جلادیں۔ کہ خاکستر ہو جاویں۔ بوقت صبح ۲ رتی کھاویں عجیب النفع ہے۔ اگر اخبار جاری ہو گیا تو چند امراض کے عجیب عجیب چٹکلے اور عمدہ عمدہ نسخہ جات ناظرینوں کیلئے پیش خدمت کرونگا۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔ (ر ر)

سانپ کے کاٹے کا علاج

کاری گنی بیٹی بانجھ گوڑے کی جڑھ۔ کڑوی پاڑہ۔ سفید کنیر کی جڑھ۔ میٹھا تیلیا۔ پلاپا قند۔ سب ہم وزن ملا کر خوب کوٹ کر پھر کل کا ½ سیر گڑھ کا آٹا ملا کر بہمراہ آب گولیاں تین۔ تین ماشے کی بنا وے۔ اس کا نام تریاق ہے۔ ایک یا زیادہ سے زیادہ ۳ گولیوں میں آرام آجاتا ہے۔ اگر زخم ہو یا سوجن ہو۔ تو پاڑہ جلا کر راکھ میٹھے تیل میں ملا کر مالش کرے۔ اگر اندھا ہو تو پارہ اور سیاہ مرچ پیسکر آنکھ میں لگا دے۔ اگر دانت بند ہوں۔ تو اس گولی کو نلکی کی راہ ناک میں پھونک دے۔ (ریکے از خریداران اخبار)

بخار اُتارنے کا نسخہ

نہایت ہی مجرب و بے ضرر۔ ایک پیسہ کا کافور ایک بوتل میں ڈال کر اس میں پانی بھر دیویں۔ پانی بھرنے کے دو گھنٹے بعد مریض کو پلا دیں۔ بخار کافور ہو گا۔ ایک پیسہ کا کافور پچاس مریضوں کو کافی ہے۔ (ر ر)

ہیضہ کے دفعیہ کا مجرب نسخہ

کالا نمک ۱ تولہ۔ سونچر نمک ۱ تولہ۔ سنبھا نمک ۱ تولہ۔ مُنڈھا ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ گمھا ۱ تولہ۔ زیرہ سفید ۱ تولہ۔ انار دانہ ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ کر ایک جگہ کر لو۔ پھر پاؤ خام تھوم لیکر اس کا چھلکا الگ کر کے کونڈی میں کھرل کر کے گولیاں برابر نخود کے تیار کریں۔ دو گولی زیادہ ہو تو ایک وقت بغیر پانی سے اسے کھلا دیں۔ اگر بدہضمی یا اپھارہ ہو تو بھی بعد فعہ دن میں ۲ گولی صبح و شام دیں۔ آرام ہو گا۔ حالت ہیضہ

میں ایک ایک گولی گھنٹہ کے بعد دی جاتی ہے۔ (خریدار اخبار ۱۴۳)

جریان اور بواسیر کو آرام ہو:۔ طباشیر ۱ تولہ۔ الائچی سفید ۱ تولہ۔ سرد چینی ۱ تولہ۔ کتھ ۱ تولہ۔ کافور ½ تولہ۔ نبولی (نیم کا پھل) ۲ تولہ۔ دھرکونہ (بکائین کا پھل) ۲ تولہ۔ رسونت (حضض مکی) آدھ پاؤ۔ مولی کی رس میں اسکی گولیاں برابر کنار دشتی کے بناویں۔ ایک گولی صبح و ایک گولی شام باسی پانی سے کھاویں۔ ترشی۔ گرم اشیا و بادی اشیاؤں سے پرہیز کریں۔ اور بعد استعمال فائدہ سے اطلاع دیں۔ اگر بنا نہ سکیں تو نیوہ سے تیار شدہ طلب فرماویں۔ صرف ار کے ٹکٹ خرچ ڈاک وغیرہ کے واسطے ارسال کریں۔ تاکہ دوائی روانگی جاوے۔ (حکیم شبدیال ملوترہ)

پارہ مصفےٰ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ایک تولہ کشتہ سیسہ ۱ تولہ۔ دودھ چھائی ۲ تولہ۔ رسونت ۳ تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو کجلی کرے۔ پھر دیگر ادویات بانس کے پتوں کی رس میں کھرل کر کے ۲ رتی کی گولیاں بناوے۔ شہد کے ساتھ ایک گولی کھاوے۔ تو ہر قسم کے پردر کو مفید ہے موافق خلط انوپان بدل سکتے ہیں۔

ترکیب کشتہ سیسہ ۔ سیسہ کو ایک کڑاچھ میں پگھلا دیں۔ آنچ جلتی رہے۔ اور کنوار گندل کا تراس میں پھراتے رہیں۔ جب کل راکھ ہو جاوے۔ تو اسکو لیکر گھیکوار کے گودے کی رس میں کھرل کرے اور ایک کوزہ گلی میں بند کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح آنچیں دیتے جاویں۔ جب تک کہ اس کا رنگ زرد نہ ہو۔ اکثر ۱۰ پھوں میں بہت ہی اعلےٰ ہو جاتا ہے۔ جو صرف کڑچھ میں ڈال کر گھیکوار لیکر۔ شورہ۔ نیم وغیرہ کے ذریعہ راکھ کر لیتے ہیں۔ وہ کچا رہتا ہے۔ نیز تیار بر تیار ہم سے بھی مل سکتا ہے۔ (مجرب حکیم جواہر لال)

گل مغیلاں ۲ ماشہ۔ صندل سفید ۲ ماشہ۔ ناگ کیسر ۲ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ زیرہ سفید ۲ ماشہ۔ مغز کنول ڈوڈہ ۲ ماشہ۔ مغز کرنجوہ ۲ ماشہ۔ کوٹ چھان کر ۲ عدد کی پڑیاں بناوے۔ ایک صبح ایک شام بہمراہ جوشاندہ پوست درخت سرس کے نوش فرماویں۔ (ر ر)

عجیب نسخہ برائے کثرتِ حیض

پھان بیدہ تولہ۔ مہندی حسب ضرورت باہم ملا کر ہاتھ و پاؤں پر باندھے مثل مہندی کے اور بعد دو گھنٹے کے آب سرد سے دھویا کریں۔ ۷ دن اسی طرح کریں۔ برگ مہندی نے لیں تو کافی ہے۔ یہ ضروری نہیں ہے۔ کہ مہندی ملائی جائے۔ ( )

اشوک گھرت

اشوک درخت کی چھال ایک سیر۔ پانی ۴ سیر دونوں کو پکاوے۔ جب پانی ¼ حصہ رہ جاوے۔ تب اتار کر مل چھان کر اس میں گھی ایک سیر۔ زیرہ کا کاڑھا۔ چاول کا پانی ایک سیر۔ بکری کا دودھ ایک سیر۔ بھانگرہ کا رس ایک سیر داخل کرے۔ اس کے علاوہ مندرجہ ذیل ادویات کا ایک سیر کاڑھا اور شامل کرے:۔

رکھنک۔ جیوک۔ ردھی۔ بردھی۔ میدا۔ مہا میدا۔ کاکولی۔ کھیر کاکولی۔ جرونجی۔ فالسہ۔ رسونت۔ ملٹھی۔ اشوک کی چھال۔ داکھ۔ ستاور۔ چولائی کی جڑھ ہر ایک ۲ تولہ سے ۴ گنا پانی ملا کر جوشاندہ کرے۔ نیز کھانڈ آدھ سیر داخل کرے۔ اور نرم آنچ پر پکاتا رہے۔ جب صرف گھی باقی رہ جاوے۔ تو اتار کر شیشی میں رکھے۔ اسکے کھانے سے سفید۔ نیلا۔ سیاہ ہر قسم کا پردر دور ہوتا ہے۔ پیٹ۔ کمر اور اندام نہانی کی درد۔ بدہضمی کمی خوراک۔ پانڈو روگ۔ دبلا پن۔ دمہ۔ یرقان وغیرہ کو نافع ہے۔ اشوک پردر کیواسطے اکسیر لکھا ہے۔ اس کے درخت سہارنپور اور بمبئی کے باغوں میں اکثر دیکھے ہیں اور بھی کئی جگہ ہوتے ہیں۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۵ تولہ تک ہے۔ (د)

نی اگرودھر آدی گھرت ۱۱ اسال

پوست ٹبہ۔ پوست پیپل درخت۔ پوست درخت ارجن گلور۔ پوست اڈوسہ پوست درخت ککلی۔ پوست درخت۔ پاکھر پوست درخت جامن۔ پوست درخت پیال (جس کا بیج چرونجی ہوتا ہے) پوست درخت سونا پاٹھا (لودر) پوست درخت گولر۔ پوست درخت مہوہ۔ پوست کھر ہٹی۔ پوست درخت ست۔ پوست درخت

پوست دو ہیڑا۔ پوست درخت صندل ہر ایک ۱۰۔۱۰ تولہ لیکر جوکوب کرے ۱۶ سیر پانی ایک کڑاہی میں ڈالے۔ نیچے آنچ کرے جب چوتھائی پانی رہ جاوے تو گھی ایک سیر ملا کر مل چھان کر اس میں آملہ کا رس ایک سیر۔ گنا کا رس ایک سیر۔ میٹھے کا کاڑھا۔ ۱ تولہ ملا کر آنچ پر پکاوے۔ اسکے ساتھ مہوہ کا پھول۔ کھجور۔ دار ہلدی۔ جیونتی۔ کنبھاری پھل کاکولی کھیر کاکولی۔ صندل سرخ۔ صندل سفید۔ دعفورہ۔ اننت مول ہر ایک ۱ تولہ میں ملا دیں جب گھی رہے۔ تو اتار رکھے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۳ تولہ تک ہے۔ دودھ میں ڈالدیو یا کوکہ یا شہد کے ساتھ کھاوے یہ امرت کی طرح فائدہ مند ہے۔ ہر قسم کا نیا یا پرانا سیاہ و سفید۔ نیلا سرخ پردر دور ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ یونی۔ شانہ کا سخت درد۔ آنکھ وغیرہ کا داہ۔ کمی بصارت۔ آنکھ سے پانی جانا۔ اندھیرا تا (جو بات سے ہو) اپھارا۔ روپیٹ امل جیت یونی روگ وغیرہ کو نافع ہے یہ ویدک کی مشہور دوائی ہے مگر تمام ادویات بڑی مشکل سے دستیاب ہوتی ہیں۔ مگر پردر جیسی تو امراض چند دنوں میں دور کرتی ہیں۔ (د)

قوت باہ کے لئے نسخہ

دار چینی۔ مغز بادام۔ زعفران۔ افیون۔ جاوتری۔ خولنجاں ہر ایک ۵۴ گرین۔ بھنگ ۱ تولہ تمام کو کھرل کرکے برابر جنگلی بیر کے بناویں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام گائے کے دودھ کے ساتھ۔ (دیال سنگھ بکنگ کلرک)

گولی امساک کی کافور۔ چینیا۔ کشک۔ جاوتری۔ افیون۔ جائفل ہموزن لے کر پان رس میں کھرل کرکے ۲ رتی کی برابر گولیاں بناویں۔ پیشتر از وقت ڈیڑھ گھنٹہ پانی کے ہمراہ ایک گولی نگل جاویں مجرب ہے۔ (د)

بواسیر کی دوائی ڈیک کی ڈھولی کا مغز۔ نیم کی نمولی کا مغز برابر وزن ملا کے پانی میں گولی برابر چنے کے بناویں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی کے ہمراہ کھاویں آرام ہوگا۔

نوٹ:۔ جو آپ استعمال کریں۔ ان کے نیک و بد اثر سے آگاہ فرما دیں۔ (د)

آملہ۔ سہاگہ پھٹکڑی۔ نیلہ تھوتھا۔ سیندور۔ کمیلہ۔ مہندی۔ سنگجراحت۔ مردار سنگ۔ کتھ
پاپڑیہ ہر ایک ۱/۲ ۱ تولہ۔ مرچ یکدانہ ہلدی یک ماشہ سب کو باریک پیس۔ لوہے کے برتن
میں نیب کی لکڑی کے ساتھ کام میں لاویں۔ اگر بسبب دیر رہنے مرہم سخت ہو جاوے
تھوڑا روغن ملاویں۔ مجرب ہے۔ (حکیم رام سرن داس)

نسخہ جلاب } حب الملوک کی گری کا پتا نکال کر صاف کر لیں حب الملوک کی گری
۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ مرچ سیاہ ۱ تولہ۔ پارہ ۱ تولہ۔ کالا سہاگہ
۱ تولہ۔ سنڈھ ۱ تولہ۔ پارہ اور گندھک کھرل میں کجلی کریں۔ اور باقی اشیاء کوٹ چھان کر
پھر سب اشیاء کو ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ جب اچھی طرح گھوٹی جاویں۔ تو سرد پانی
سے ۲۔۳ رتی کی گولیاں بنالیویں۔ ترکیب کھانے کی مصری ۱ تولہ پیس کر گولی کے ساتھ
کھاویں اور جتنے دست لینے منظور ہوں۔ اتنے گھونٹ سرد پانی کے پلاویں۔ غذا:۔
چاول کے ساتھ اور جلاب کے بعد نیلوفر بنفشہ کا شربت پلانا چاہئے۔

(خوشی رام ورما قلمی کتاب)

دوسرا جلاب سینا سی کا بنایا ہوا

سم الفار ۳ رتی حب الملوک پاک صاف ۳ دانہ دونوں کو ملا کر پیس لے۔ ماجد
اجوائن دیسی ۳ ماشہ۔ خراسانی اجوائن ۳ ماشہ سب اشیاء کو ملا کر گھوٹ کر ہمراہ سرد پانی
کے ۷۰ یا ۸۰ گولیاں بنالیں۔ اور ہمراہ سرد پانی کے دو تین کھاویں۔ (د۔ر)
نوٹ:۔ نسخہ میں ایک اور اجوائن لکھی ہوئی ہے۔ جو کہ پڑھی نہیں گئی۔
از طرف ایڈیٹر۔ وہ دل اجوائن ہوگی۔

ترکیب کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۲ تولہ۔ سوہاگہ ۱ ماشہ تینوں اشیاء کو ایکروز کھرل کریں
مفید ہے تپ بلغمی اور کھانسی کو۔

ترکیب شنگرف کا کشتہ

ایک تولہ شنگرف لے کر بارہ روز تک برابر بھیڑی کے دودھ میں کھرل کریں۔
وزن ۱/۲ ۱ تولہ ہو جاویگا۔ (د۔ر)

نسخہ جھولا و گنٹھیا

وغیرہ میں بہت مجرب ہے۔ میٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ فلفل دراز ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔
لونگ ۱ تولہ۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ ان سب اشیاء کو کوفتہ کر کے پانی زنجبیل میں خوب گھوٹ
لیں۔ جس وقت لیس دور ہو جائے۔ گولی ماش کے دانہ کے برابر بناویں۔ ایک دفعہ
دن میں ہمراہ روغن زرد کے کھلاویں:۔

نسخہ دوم:۔ زنجبیل ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ میٹھا تیلیا ۱ تولہ۔ سم الفار ۱ ماشہ
ان سب اشیاء کو کوٹ کر آب ادرک یا آب زنجبیل کے چار پہر کھرل کریں۔ بعد ازاں گولی
برابر دانہ موٹھ یا کسی قدر زیادہ بناویں۔ ہمراہ تازہ پانی یا روغن زرد کے ایک گولی
کھلاویں۔ کوئی چیز پرہیز کرنیوالی نہیں ہے۔ جھولا اور گنٹھیا کو مفید است۔ (د۔ر)

صندل چندن آدی چور سن

صندل سفید۔ لودر۔ بالچھڑ۔ خس۔ کنول کے اندر کا زیرہ یا نیلوفر کا زیرہ۔ ناگ
کیسر۔ بیل گری۔ ناگر موتھا۔ کھانڈ۔ نیتر بالا۔ پاٹھا۔ اندر جو۔ کڑاکی چھال۔ آدرک۔
اتیس۔ گل دھاوا۔ رسونت گٹھلی آم گٹھلی جامن۔ موچرس۔ نیلوفر۔ مجیٹھ۔ انار دانہ
الائچی خورد برابر وزن لیکر پیس رکھے۔ خوراک ۳ ماشہ چاولوں کے دھوون میں شہد
ملا کر اسکے ساتھ کھاوے۔ یا ان ادویہ کو چاولوں کے دھوون میں کھرل کر کے رکھے
اور شہد میں چاٹا کرے۔ اسکے کھانے سے پردر کثرت طمث اسطرح دور ہوتا ہے۔
کہ جیسے سورج سے اندھیرا۔ نیز اسہال و پیچش کے واسطے اکسیر ہے۔ رکت پت کو دور
کرنے کے واسطے سب سے اول اشونی کماروں نے اسے تجویز کیا تھا۔ بواسیر خونی
کو نافع ہے۔

پردر آدی لوہ

کڑاکی چھال ۵ سیر لے کر ۱۶ سیر پانی میں پکاوے جب آٹھواں حصہ رہے
تو کاڑھے کو اتار کر کپڑ چھان کر کے پھر آنچ پر رکھے۔ جب گاڑھا ہو جاوے۔ تو

ذیل کی ادویات کا سفوف کرکے ملاویوے۔ ہتھیہ سمبل کا موسلہ۔ پاٹھا۔ بل گری۔ ناگر
دھاوے کے پھول منڈی کشتہ ابرک سیاہ کشتہ فولاد سب ۴-۴ تولہ لیکر سفوف
کرکے مندرجہ بالا میں ڈالے چاہے گولیاں بنا دے یا سفوف رکھے۔ خوراک ۱ ماشہ
دوب کی جڑ کے جوشاندہ سے یا چولائی کی جڑ کے جوشاندہ سے یا ان کے نہ ملنے پر چاول
کے دھوون کے ساتھ کھلاوے۔ اس کے کھانے سے ہر قسم کا پردر بہت جلد دور
ہو جاتا ہے۔ سفید۔ لال۔ پیلا سب طرح کی زیادتی حیض دور ہوتی ہے نیز درد جگر
درد کمر وغیرہ دور ہوتی ہے۔ طاقت دیتا ہے عمر بڑھاتا ہے۔ رنگ عمدہ کرتا ہے
ہاضمہ بڑھاتا ہے۔ (د۔ ر)

ست کلیانگ گھرت

کنول سرخ۔ چھڑ۔ کھس۔ نشاستہ۔ چاول ساٹھی۔ مونگ پرنی۔ دودھی
گنبھاری۔ ملٹھی۔ کھوٹی۔ کنگھیرن کی جڑ۔ نیلوفر۔ تاڑ کا گودہ۔ بداری کند۔ سونف
شالپرنی۔ زیرہ۔ ترپھلا۔ ککڑی کے بیج۔ کیلا کا پھل ہر ایک ۲ تولہ گائے کا
دودھ ادویہ سے ۴ گنا اور ان سے ۴ گنا پانی لیوے۔ گھی ایک سیر لیوے۔
ادویات کو پانی میں ڈال کر ان کا کاڑھا کرے پھر مل چھان کر سب ادویات
ملا کر نرم آنچ پر پکاوے۔ جتنے کہ صرف گھی رہ جاوے۔ خوراک ۶ ماشہ سے ۲ تولہ
تک۔ گرمی وغیرہ میں اس کے کھانے سے پندرہ قسم۔ گولا۔ رکت پت۔
یرقان وغیرہ امراض دور ہوتی ہیں۔ یہ گھی حیض کو باقاعدہ کرتا ہے چنانچہ کم آتا
ہو تو زیادہ کر دیتا ہے اور اس طرح عقر کو مفید ہے۔ (د۔ ر)

برہت شُشک مولادی تیل

خشک مولی۔ سہانجنہ۔ دھتورہ۔ نرگندی۔ دش مول۔ دیودار۔ بسکھپرا۔ کرنجوا
اندرجو۔ اکاس ہر ایک ۴-۴ تولہ۔ اور تیل تل ۴۰ تولہ۔ تمام ادویات کا کاڑھا
کرکے تیل میں ملاوے اور مندرجہ ذیل ادویات بھی ملا کر پکاوے۔ سونٹھ

ج۔ سیندھا نمک سانٹھ۔ بسکھپرا۔ بکوا۔ پوست اسوڑہ۔ پیپل۔ گج پیپل۔ کا پھل
کر مول۔ کاکڑا سنگی۔ راسنا۔ دھمانسہ۔ سونف۔ ہلدی۔ دارہلدی۔ کرنجوہ۔ جوانسہ جب
صرف تیل ہی رہ جاوے۔ تو اسکی مالش کرے۔
اسکی مالش سے تروسیج سوجا دیگر ہر قسم کی سوجن پیٹ کی عوارض۔ دمہ باد
غلط علاج سے پیدا شدہ سوجن۔ برن سوجا۔ نیتر شوتھ۔ یرقان۔ پانڈو۔ بلغمی بیماریاں
سردی کی بیماریاں یہ سب بحکم دفع ہو جاتی ہیں۔ (مترجم)
برائے عظم و ورم و طحال را مفید است۔ آب لیموں کاغذی ۱ آثار۔ آب جرات
گاؤ بادہ۔ شاہ مغز کنوار ۱ آثار۔ الائچی کلاں ۱ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۲ تولہ۔ پودینہ
خشک ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ پوست بیخ شیطرج ہندی ۲ تولہ۔ نمک سانبھر ۴ تولہ۔
نمک لاہوری ۴ تولہ۔ سہاگہ تیلیا ۱ تولہ۔ ہمہ ادویہ را کوفتہ و بیختہ آب ہائے مسطورہ بالا
ممزوج کردہ در شیشہ نگہدارند چہار روز در آفتاب بدارند خوراک ایکدام تا بیک نیم
دام۔ (راقم حکیم سید محمد مصطفےٰ حسین احسن)

نسخہ نہایت مجرب درد کمر جو بوجہ مادہ آتشک و فالج کے ہوتی ہے

موصلی سفید ۱ تولہ۔ موصلی سیاہ ۱ تولہ۔ موصلی دکھنی ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ
اجوائن دیسی ۱ تولہ۔ سپاری چھالیہ ۱ تولہ۔ کنجد سیاہ ایک تولہ کوفتہ و بیختہ قند سیاہ کہنہ
تولہ آمیختہ سرشتہ ۲ گولی بندند۔ یک گولی صبح و یک گولی شام بخورند۔ نیز روغن زرد
بسیار بخورند اول گولی مذکور بخورند عقب آں چوب چینی گگاوں و دق کردہ
شب در عرق گاؤزبان ۱ آثار تر کردہ صباح صاف کردہ۔ شہد خالص ۲ تولہ آمیختہ
نیم گرم بنوشند و ہر روز ۳ سرخ چوب چینی افزودہ باشند تا ایک تولہ برسند و سہ پہر
یک گولی بہمراہ عرق بادیان ۱ آثار یعنی ۱۰ تولہ عرق گاؤزبان ۱ آثار یعنی ۱۰ تولہ بخورند
(د۔ر)

روغن نافع درد کمر و وجع المفاصل کو از مادہ آتشک باشد مجرب است

موم خام ۲ تولہ۔ روغن بید انجیر ۲ تولہ۔ روغن بادام ۱ تولہ۔ در ظرف برانش

دھاتری گھرت

آملہ کا رس ایک سیر۔ بداری کند کا رس ایک سیر۔ پانچ ترن کا رس ایک سیر۔ پانچ ترن یہ ہیں: کُشا کا فس۔ رام سر کالی ایکھ مان ۔ ستاوری کا رس ایک سیر۔ دودھ اسیر۔ گھی ایک سیر۔ سب کو ملا کر نرم آنچ پر دیر تک پکاوے۔ جب صرف گھی رہجے اتار کر ٹھنڈا ہونے پر مندرجہ ذیل اشیاء کا سفوف ملا لیوے:

ملٹھی۔ نسوت۔ جوا کھار۔ بدھارا۔ ہر ایک ۴ تولہ۔ شکر سفید ۴ تولہ۔ شہد ۴ تولہ۔ سب کو ملا کر چکنے برتن میں رکھے۔ خوراک ایک تولہ کے قریب۔ اسکے کھانے سے وات پت کی سخت امراض۔ شدت پیاس جو سوم روگ میں ہوتی ہے۔ دواہ۔ موتر۔ کرچھ۔ زیادتی پیشاب۔ کمی بیرج۔ کثرت طمث وغیرہ امراض دور ہوتی ہیں۔

پرور آنتک رس

پارہ مصفیٰ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ۔ کشتہ قلعی۔ کشتہ چاندی۔ کشتہ کوڑی۔ سنکھ بھسمی ہر ایک ایک تولہ۔ کشتہ فولاد ۲ تولہ۔ اول پارہ و گندھک کی کجلی کرے۔ پھر دیگر ادویات ملا کر ایک دن بھنگرا کے رس میں کھرل کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بناوے۔ ایک صبح و ایک شام مناسب انوپان سے کھلاوے۔ ہر قسم کا پردر، سوم، جریان، سرعت۔ رکت کا ناش ہو۔ قوت باہ بڑھے۔ خون صالح پیدا ہو۔ سرعت زائل۔ جاری اور طاقت آوے۔ (ر)

سلاجیت ٹیکا

پارہ مصفیٰ ۱ تولہ۔ گندھک آملہ سار مصفیٰ ۱ تولہ۔ دونوں کو کھرل میں ڈالے ایک دن سرخ کنول کے رس میں اور ایک دن کڑا کی چھال کے رس میں کھرل کرے۔ پھر مصری ۱ تولہ۔ سلاجیت مصفیٰ ۱ تولہ۔ نیلوفر۔ پیپل۔ آملہ۔ کاکڑا سنگی ہر ایک ۱ تولہ۔ کیٹری کی جڑھ۔ کیٹری کا پھل۔ دونوں ۱ تولہ۔ دار چینی۔ الائچی اور تیج پات تینوں ایک تولہ۔ ان سب اشیاء کو پیس کر اس میں ملا کر ایک دن کھرل کرے۔ ۱ تولہ شہد ڈالدیوے اور انار کے پانی میں کھرل کرے۔ اور چنے کے برابر گولیاں

بنا لیوے۔ صبح یا بھوجن کے بعد انار کے رس سے یا انار دانے کے پانی یا چاول کے دھون سے کھاوے۔ تو پردر روگ دور ہوتا ہے۔ یرقان۔ کمی خون۔ بخار۔ تلی۔ دمہ۔ بواسیر۔ بھگندر۔ ویریہ دوش۔ کھانسی۔ رکت پت وغیرہ کو مفید ہے۔ بڑی مفید دوائی ہے۔ (ر)

اشوک ارشٹ

اشوک کی چھال ۵ سیر لے کر ۶۴ سیر پانی میں پکاوے جب ۱۶ سیر پانی رہے تو اتار کر ٹھنڈا ہونے پر مل چھان لیوے۔ اور ۸ سو تولہ گڑ۔ دھاوے کے پھول ۶۴ تولہ۔ اجوائن۔ ناگرموتھ۔ سونٹھ۔ دارہلدی۔ کنول۔ آملہ۔ ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آم کی گٹھلی۔ زیرہ اور صندل سفید۔ یہ سب ۴-۴ تولہ لیوے۔ سب پیس کر مٹی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کر کے مہینہ بھر تک رکھے پھر نکال کر چھان لیوے۔ خوراک ۴-۵ تولہ ہے۔ اس کو کھائے نہ صرف پردر یا کثرت طمث بلکہ عورتوں کی بہت سی دیگر امراض دور ہو کر طاقت آتی ہے۔ رکت پت۔ بواسیر۔ پیچش۔ بدہضمی۔ اروچی۔ پرمیہ۔ سوجن ان سب کو دور کرے۔ (بد)

شوتھہ شار دول تیل

برگ دھتورہ۔ دش مول۔ بڑ گنڈی۔ ارنی۔ سنکھیا۔ کرنجوا۔ ان میں سے ہر ایک ۴ تولے لیکر انہیں ۱۰۲۴ تولے پانی میں پکایا جاوے۔ جب ایک چوتھائی پک کر رہ جاوے۔ تب کڑوا تیل ۶۴ تولے ملایا جاوے۔ اور راسنا۔ سانٹھی۔ دیودار۔ لونی۔ سونٹھ۔ پیپلی۔ ان سب کا سفوف اس میں ڈالدیں۔ تیل میں حل کیا جاوے۔ نرم آنچ پر پکاوے۔ جب صرف تیل رہ جاوے تو اتار لیں۔

اسکے استعمال سے نہایت شدید اور گرمی خشکی۔ بلغم اور سردی میں سے خواہ کسی خرابی سے بھی نمودار ہوئی ہو اور وہ چاہے لاعلاج بھی کیوں نہ سمجھی گئی ہو۔ مگر اس سے وہ بالکل دور ہو جاتی ہے۔ نیز فیل پا۔ بخار۔ پانڈو۔ کرم شکم۔ گولا۔ برن۔ ناڑی برن ان سب کو آرام ہوتا ہے۔

دیگر طبی اخباروں کا عطر

کشتہ شنگرف — شنگرف ۱ تولہ۔ زردی بیضہ مرغ تین عدد میں ڈال کر آہستہ سے حل کریں۔ قریب دو پہر تک بعد اسکے پنج تولہ سیاہ موصلی و پنج تولہ دانہ بھنگ پیسکر آب میں گولی بناویں۔ اور اس میں شنگرف رکھ دیں۔ پھر ایک اینٹ پنجہ میں کٹھالی تیار کریں۔ درمیان اسکے شنگرف مذکورہ رکھ کر اوپر اسکے دوسری اینٹ رکھدیں۔ اور پانچ سیر چوب پیلو کی آگ دیویں۔ اگر موجود نہ ہووے۔ چوب پلاس یا عناب یا کریکی دیویں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ بلغمی و رطوبی کل امراض کو مفید ہے۔ صرف ایک حب بدرقہ مناسب سے کھاویں۔ (دیگر اخباروں کا عطر)

ایضاً — شنگرف ایک تولہ کو لےکر گل زنبق ۵ تولے کے نغدہ میں لپیٹ کر اور گل حکمت کرکے ایک سیر کی آگ دیں۔ اسطرح سات آنچیں دیں۔ خوراک ۱ رتی۔ (//)

کشتہ سیم — ایک دست چوب پھوواں کی لیکر اسمیں گڑھا نکال کر چاندی کو درمیان اسکے رکھدیں۔ اور اجزائے مستخرجہ سے منہ اسکا بند کر دیں۔ اور ایک پشتارہ اوپلے کی آگ دیدیویں کشتہ تیار ہوگا۔ اور ایسا ہی برگ سنبھالو کے نغدہ میں چاندی لپیٹ کر اوپر سے کپڑ مٹی و گل حکمت کرکے ایک پشتارہ کی آگ دیدیویں اسطرح ان میں تانبہ بھی کشتہ ہو سکتا ہے۔ (//)

کشتہ زنبق — اعنی سیم سیماب ایک تولہ پیالی چینی میں ڈالیں۔ اور آب حنظل اس میں ڈال کر انگل سے خوب ملیں۔ بعدہٗ برادہ سیم ۱ تولہ کو ڈالے اور کھرل کرکے نغلولہ تیار کرے۔ اور ایک پوٹلی میں باندھ کر آگ دیویں۔ چار پہر تک ایسا ہی چار مرتبہ کریں۔ نہایت مقوی بدن دوائی تیار ہوگی۔ (//)

نسخہ باد فرنگ — زنبق و شنگرف و رسکپور ہر سہ دو دو تولے لیکر انکے جوہر نکالیں بعد اسکے ان ادویہ کو یعنی ہر سہ تولہ۔ اجوائن ۳ تولہ۔ دار چینی ۶ ماشہ۔ قرنفل ۶ ماشہ۔ طباشیر ۱ تولہ۔ شیر خشت ۲ تولہ۔ مردہ سنگ تولہ۔ بلادر چار عدد

ذفدر سیاہ کہنہ چار تولہ۔ تمام کو ایک جگہ کرکے ایک لاکھ پچیس بار کوٹیں۔ مقدار نخود کے حب تیار کریں۔ ایک صبح و ایک شام کو کھلاویں۔ غذا شیر و برنج۔ بادی و ترشائی سے پرہیز کریں۔ انشاء اللہ تعالے باد فرنگ دور ہوگا۔ (//)

دوائی باد فرنگ — رسکپور تین تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ شیر خشت ۲ تولہ۔ بغیر لبا شیر کے ہر دو کے جوہرے کر حب باندھیں۔ بقدر چنے کے اور مریض کو کھلاویں غذا مے برنج ساتھ شیر کے۔

نسخہ جذام — دو تولہ شنگرف لیکر سانپ سیاہ کے منہ میں رکھیں۔ لیکن شنگرف پر افیون ایک تولہ کا لیپ کریں۔ اور سانپ کے گرد کپڑ مٹی کرکے دو سیر اوپلہ کی آگ دیویں۔ تیار ہو جاویگی۔ کھانسی جذام و تمام مرض جسمی جلدی کے لئے ایک حب کافی ہے۔

کھانسی — مغز بادام مقشر ۱ تولہ۔ نشاستہ گندم ۱ تولہ۔ رب السوس (ملٹھی کا ست) ۱ تولہ۔ ترنجبین ۱ تولہ۔ بہی دانہ ۱ تولہ۔ مویز منقے ۱ تولہ۔ سب کو کوٹ کر گولیاں مقدار بیر جنگلی بناویں۔ اور ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔ (حکیم شہدیال [illegible])

دوسری دُگدھ بٹی

ٹھاتیلیا۔ تخم دھتورہ سیاہ کشتہ شنگرف ساری چیزیں ہموزن لے کر دھتورے کے پتوں کی رس میں پہر پہر کھرل کرکے مونگ کے دانہ کے برابر گولیاں بناویں ہر روز ایک گولی دودھ کے ساتھ کھانے سے ہر قسم کی سوجن۔ پانڈو اور یرقان دور ہو جاتا ہے دودھ کے ساتھ روٹی کا استعمال اور نمک و پانی سے پرہیز کرنا لازمی ہے۔ پھر سارے جسم کی سوج کسی قدر جلد مفقود ہو جاتی ہے۔ اس میں شنگرف مصفے بھی ڈالدیں۔ تو کوئی ہرج نہیں۔ (مترجم)

کلپ لتا بٹی

ٹھاتیلیا مدبر کشتہ شنگرف۔ تخم دھتورہ سیاہ۔ ہر ایک ادویات ۱۲-۱۲ رتی لے کر اور افیون ۲ رتی ملا کر دودھ کے ساتھ سب کو خوب باریک کرکے نی گولی ایک رتی باندھ لی جاوے۔

ہر روز دودھ کے ساتھ ایک گولی کھانی چاہئے۔ دودھ خوب پینا چاہئے۔ نمک اور پانی سے پرہیز رکھا جاوے۔ اس دوا سے سنگرہنی کہنہ۔ مشکل سوجاک (سوء القینہ) بخار کہنہ۔ پانڈو روگ یہ سب دور ہوتے ہیں۔

کشتہ شنگرف کی بجائے شنگرف مصفٰے بھی ڈالا جا سکتا ہے۔ شنگرف کو کم از کم ۲ دن رس لیموں میں کھرل کریں۔ یہ صاف ہے۔

شنگرف کا کشتہ دودھ آک (مدار) میں ہو سکتا ہے۔ (ر)

حب برائے طاعون ہر قسم معہ بخار مجرب

جدوار خطائی۔ گل ارمنی ہر ایک اتولہ۔ کافور دیسی پا پتیہ۔ درونج عقربی۔ زہر مہرہ خطائی۔ ناریل دریائی۔ مغز کرنجوہ۔ ریوند چینی۔ صندل سفید از ہر یک چھ چھ ماشہ۔ فلفل سفید الائچی دانہ۔ صمغ عربی از ہر یک تین تین ماشہ سب کو باریک پیس کر چھان کر آب گ ۔ تولہ میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود کے بنا دیں۔ تین تین گھنٹے کے بعد ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ یا عرق کیوڑہ بید مشک گلاب گاؤزبان استعمال فرما دیں ایک ہفتے میں ہی صحت ہوگی مجرب ہے۔

ضماد طاعون بیخ خیزرا سفید۔ کچلہ۔ زیری سیاہ۔ زہبی اصلی۔ لوبان کوڑیا از ہر ایک ایکتولہ۔ کندرو۔ مین پھل۔ گوگل۔ ریوند چینی از ہر ایک چھ چھ ماشہ سب کو باریک پیس کر آب برگ نیم میں حل کر کے ضماد کریں اور تین گھنٹے کے بعد بدل دیں۔ مجرب ہے۔ (بھگت جواہر مل حکیم)

نسخہ مجرب برائے گلٹی طاعون

ایک تولہ لہسن۔ ایک رتی سم الفار ان ادویات کو کنڈیاری یعنی (جھک نمولی) کے رس میں کھرل کریں جب اچھی طرح کھرل ہو جاوے۔ تو ہانگ کی گلٹی پر لگا دیں اور پانچ منٹ کے بعد اتار کر اکیس دفعہ پانی میں دھوئی ہوئی مکھن لگا دیں۔ ایسا عمل ۴ مرتبہ کرنے پر ایشور پر ماتما ضرور شفا بخشیگا۔ مجرب المجرب ہے۔ (خریدار ۲۲۸۸)

تانبہ و چاندی کا سفید ایک آنچ کا کشتہ

مرسلہ بابو دینا ناتھ صاحب اوّل مدرس مدرسہ امب۔ عرض ہے۔ کہ مجھے بھی

ایک دفعہ خوبئے تقدیر سے ایک سنیاسی صاحب جو عربی فارسی و سنسکرت میں ماہر تھے مل گئے تھے۔ جنہوں نے ویسے ہی میرے سامنے اور میرے ہاتھ سے ایک روپیہ و پیسہ کا کشتہ ایک آنچ میں انہی صفات کا کشتہ کر دیا تھا اور از راہ کرم بوٹی بھی بتلا دی تھی۔ مگر افسوس ہے۔ کہ میں نے آجتک اسے نہیں آزمایا۔ ترکیب مندرجہ ذیل ہے

ولایتی جما لگوٹہ کے ۲۰-۳۰ بیج لیکر ان کو عمدہ مٹی میں بو دے اور سایہ میں رکھے جب اُگیں۔ تو شگوفے اوپر سے کاٹ لے۔ اور بحفاظت رکھے۔ پھر اور اُگیں۔ تو پھر کاٹ لے۔ ۳ دفعہ بعد کے شگوفے ردی ہونگے۔ اب محفوظ شگوفوں کو سایہ میں خشک کرے۔ اور پیسہ روپیہ کے ارد گرد لپیٹ کر گل حکمت کر کے ۲۰ سیر جنگلی اوپلوں کی آنچ دیں۔

ناظرین اخبار و مستفسر صاحب اگر آزما دیں۔ تو بذریعہ اخبار نتیجہ سے مطلع فرما دیں۔

کمزوری منی یعنی سرعت انزال۔ احتلام۔ و دیگر کمزوری جسم کے واسطے آزمودہ ہے

جس صاحب کو ان امراض میں سے کوئی ہو۔ آزمائش کرے۔ اس نسخہ کے ذریعہ سے ایک اشتہاری ڈاکٹر نے خوب ہاتھ رنگے۔ ترکیب استعمال میں گھی ایک تولہ شیرہ چھٹانک [illegible] ۔ اور کھانڈ دیسی اتولہ ملا کر علی الصباح کھائیں۔ اب آپ دوائی سنئے!

بلا بیج اتولہ کشتہ قلعی ایک رتی۔ گھی اتولہ۔ کھانڈ دیسی اتولہ ملا کر اوپر سے دودھ پیوے۔ پرہیز ترش گرم اشیاء اور جماع سے پرہیز کرے۔ (گنگا رام گوتم)

نسخہ سانپ کے کاٹے کا

بعد تسلیمات کے واضح رائے عالی ہو۔ کہ سانپ کے کاٹے کی دوا مجرب جو مجھے ایک سنیاسی خدا رسیدہ سے ملی ہے۔ وہ تحریر کرتا ہوں۔ آپ بھی اپنے اخبار میں درج کر دیں۔ وہ یہ ہے کہ جس وقت کسی کو سانپ کاٹے فوراً درخت کھپ کی جڑ حقہ کے پانی میں گھس کر پلا دیں۔ پھرتے ہوگی۔ سہ بارہ پلا دیں۔ پھر قے

ہوگی بس ۲ دفعہ کے پلانے سے اور قے کے آنے سے آرام ہوگا۔ اگر تھاؤکے سانپ نے کاٹا ہے۔ تو بیں کہ نہیں سکتا۔ ورنہ آرام ضرور ہوجاتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

ایک نسخہ آدھا سیسی کا لکھتا ہوں

چندن سرخ۔ سونٹھ (زنجبیل) ارنڈ کی جڑھ ان کو صبح سورج نکلنے کے قبل گھس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ ایشور چاہے دو روز کے لیپ سے آرام ہوگا۔ اسکے اثر سے ضرور مطلع کریں لیکن یاد رہے کہ دھوپ کے وقت ہی لگایا جاوے۔ (موہن لعل خریدار اخبار ہذا)

اعجاز مسیحائی جوشاندہ فواق (ہچکی) کے واسطے:- کپور کچری ۱۲ ماشہ۔ ایلاچی خورد ۱۱ عدد۔ مصطگی ۶ ماشہ۔ دارچینی ایتقال۔ زیرہ کرمانی اشقال۔ گلقند ۱ تولہ۔ بدستور معروف جوشاندہ بنا کر پلاویں ایک دو خوراک میں فائدہ بالکل ہوجاویگا۔

(حکیم سید عبدالغفور)

لعوق زحیر جو ایک دن میں پیچش کو فائدہ دیوے:- تخم ترب۔ تخم حرف برابر شہد بہ قدر ضرورت ایک دو انگشت ملا کر چاٹے۔ (ر-ح)

سعوط برائے درد سر ہر قسم کے مجرب ہے

زنجبیل و مصری ہموزن کرکے تمام باریک بنا کر پانی میں حل کرکے سعوط لیں بہت تجربہ کیا گیا ہے۔ (ر)

سُدھاندھی رس

دھنیا۔ کشنیز۔ نیتر بالا۔ ناگرموتھا۔ سونٹھ۔ سینندھا نمک یہ سب برابر وزن لیکر گندھک شدہ سب سے دوگنا لیوے۔ سب ادویہ کو ملاکر گائے موتر۔ نیلا بھنگرا۔ ساٹھی۔ بھنگرا۔ زرگوندی برہمی۔ پانشدوک پرنی۔ ان تمام ادویات کی رس میں باری باری ۳ ۳ بار پچھ دے کر پھر سکھاکر چورن بنالیں۔ ۱ ماشہ بھر چورن لے کر چھاچھ کے ساتھ کھاویں اور بہتر ہو جو نیلے بھنگرے کی ترکاری کے ساتھ کھانا کھایا کریں۔ اور نمک سے قطعی پرہیز رکھیں۔ چھاچھ کا زیادہ کھانے پینے میں استعمال کریں یہ یرقان۔ سوجا۔ سنگرہنی۔ پانشدوگ وغیرہ اقسام کی سب طرح کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔

اور رانجے کو بڑھاتا ہے۔ اس رس کی خوراک۔ ۱ رتی تک ہے۔ (مترجم)

جناب ایڈیٹر صاحب تسلیم!

مندرجہ ذیل نسخہ جات درج اخبار فرما کر مشکور فرماویں۔ یہ نسخہ جات میرے تجربہ شدہ ہیں۔ جو صاحب بنا کر آزماویں میرے دل کی خوشی کو بڑھانے کے واسطے ضرور بذریعہ اخبار مطلع کریں۔

نسخہ آتشک | جس سے نہ منہ آوے نہ دست آوے۔ اور آرام جلد ہووے۔ خوراک روغن زرد۔ نخود کی روٹی۔ چوک لکڑی۔ پورانا گڑ ہموزن لے کر گولی بناکر برابر نخود کے گڑ جتنا پرانا ہو اتنا ہی اچھا ہے۔ ایک گولی صبح بہمراہ روغن زرد کھانی چاہئے۔ (پنڈت تھورام حکیم)

مرہم آتشک | کتھ ۲ ماشہ۔ کمیلا ۳ ماشہ۔ باوچی ۳ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۳ ماشہ۔ ہرتال ۳ ماشہ۔ مردار سنگ ۳ ماشہ۔ رسکپور ۳ ماشہ۔ نیلہ تھوتھا ۲ ماشہ۔ پارہ ۳ ماشہ۔ رال ۳ ماشہ۔

سوائے پارہ کے تمام ادویات کھرل کرکے باریک کپڑے میں کپڑچھان کریں بعد ازاں مسکہ ۱۰۰ بار پانی سے کانسی کی تھالی میں دھویا ہوا لے کر سب ادویات ملادیں بعد ازاں پارہ داخل کریں۔ اور انگلی سے اتنا ملادیں۔ کہ پارہ دکھائی دینے سے رہ جائے اور بعد تیار ہونے کے استعمال کریں۔ صرف آتشک کے زخموں کو نہیں۔ بلکہ ہر قسم کے زخم کے لئے مفید ہے۔ (ر)

نسخہ برائے دفعیہ ہیضہ مجرب

بچھناگ مدبر۔ بھلاوا کا عسل۔ باؤبڑنگ۔ سونٹھ۔ پیپل۔ .... پوست بیلہ۔ پوست بیلہ۔ پوست آملہ۔ آرو۔ گلو۔ جلا۔ ایک ایک تولہ لے کر ایک من گاو نازاد کے پیشاب میں کھرل کریں۔ پھر ایک روز ادرک کے رس میں صلایہ کریں۔ اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنادیں۔ اور ا گولی بہمراہ جوشاندہ لونگ۔ جاوتری۔ جائفل دیویں۔ ایک گولی میں ہی آرام ہووے۔ ۳ گولی سے سانپ کا زہر چلا جاتا ہے۔ (ر)

دیگر برائے ہیضہ:- آک کی جڑھ کا چھلکا اور کالی مرچ ہموزن لے کر خوب رگڑیں

جب گولی بنانے کے لائق ہو جاوے۔ ایک ایک رتی کی گولی بنا دیں۔ ہمراہ عرق سونف ایک گولی ۲-۳ گھنٹے کے بعد دیویں۔ خدا آرام دیگا۔ (ر)

محب من مکرم بندہ جناب ایڈیٹر صاحب دام اقبالہٗ

مندرجہ ذیل نسخہ جات ویدک یونانی ڈاکٹری مرض طحال کالم مراسلات میں درج اخبار فرمادیں مشکور ہونگا!

نسخہ یونانی ورم طحال

ایلوا۔ جڑ کبر، مرکی۔ نوشادر سب ادویات برابر ہموزن دو دو تولہ کوٹ چھان کر باریک کرکے گودہ گھیکوار کے ساتھ گولیاں مقدار کونین پیر کے بنا دیں۔ صبح و شام پانی سے دو گولی یا عرق لیموں سے کھانا مفید ہے۔ (حکیم رام سرنداس)

نسخہ ڈاکٹری اسپلین ملسچر

کونین سلفاس ... ... ۲ گرین ایسڈ سلفیورک ڈل ... ... ایک منم

سلفیٹ آف آئرن ... ... ۱ گرین سلفیٹ آف مگنیشیا ... ... ۶ گرین

پیپرمنٹ واٹر ... ایک اونس

یہ ایک خوراک ہے ایسی ایسی ۸ خوراک دو اسپلین دیویں۔ ایک ہفتہ عمل کرنا ضروری ہے۔ طحال کا علاج عرصہ میں اثر پذیر ہوتا ہے۔ صاحبان گھبرانا نہ چاہیے۔

نسخہ ویدک پلیہا ہردی

ہینگ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپلامول۔ کٹھ۔ جوکھار۔ لون سیندھا کل ادویہ ۲-۲ ماشہ لیکر کوٹ پیسکر چورن بناوے۔ بجورے لیکر کوٹ پیسکر چورن بناوے۔ بجورے کے رس کے ساتھ ایک ماشہ کھاوے یہ پلیہا ہرد جگ کو مفید ہے۔ (ر)

حب ہزاری۔ نسخہ برائے جوڑ گٹھیا و نقرس۔ وجع المفاصل۔ ریگن باؤ اور بلغمی کھانسی وغیرہ میں مفید ہے یہ حب ہزاری کہلاتی ہے۔

یہ نسخہ حب ہزاری کا بندہ نے بنا کر کئی ایک اشخاص کو استعمال کروایا ازحد مفید ہے۔ ایکدو شخصوں کا دمہ اس سے جاتا رہا ہے۔

صفت۔ جائفل ۶ ماشہ۔ فلفل گرد ۶ ماشہ۔ زنجبیل ۶ ماشہ۔ فلفل دراز ۶ ماشہ

سیماب ۶ ماشہ۔ سہاگہ ۶ ماشہ۔ مصبر ۶ ماشہ۔ میٹھا تیلیا ۶ ماشہ۔ شنگرف ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ ہڑتال ۶ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ۔ افیون ۶ ماشہ۔

اول پارہ کو گندھک آملہ سار کے ساتھ کھرل کریں۔ بعد ازاں تمام ادویہ کو باریک کرکے ڈالدیں۔ تمام اشیاء کو ایک پہر تک پانی ادرک میں کھرل کریں۔ بعد ازاں دانہ موٹھ کے برابر گولیاں بنا دیں۔ خوراک ۱ گولی بہمراہ آب گرم دیں اور اسکے ساتھ سفوف پیپلامول کھلانی چاہئے۔ اوپر سے گرم پانی پلادیں۔

نوٹ: شنگرف اور افیون کو تھوڑی دیر تک پانی ادرک یا زنجبیل میں کھرل کر لینا چاہئے۔

نسخہ نسوار مجرب المجرب

سمندر پھل ۶ ماشہ۔ برگ کشمیری ایک تولہ۔ الائچی خورد ۳ ماشہ۔ کچور ۳ ماشہ سب کو باریک پیس لیں مرض نزلہ کھانسی۔ زکام کو مفید ہے۔ (ر)

نسخہ برائے دفعیہ خارش

گندھک آملہ سار نیکوفتہ کرکے ہمراہ شہد کے گولیاں بنا دیں۔ دن میں دو دفعہ ہمراہ آب سرد کے دیں۔ پرہیز مرچ سرخ و کھٹا میٹھا۔ (ر)

منہ میں چھالے

زیرہ سفید لے کر منہ میں چبا دیں۔ جب چبایا جاوے۔ تو پھر کتھ بھی تھوڑا منہ میں ڈال کر چبا دیں۔ لعاب خوب پیدا ہوگا۔ اور چھالوں پر اسی لعاب کو منہ کے اندر پھیرتے رہیں۔ اور روئی کو بھی منہ کے اندر ہی چھالوں پر لگا دیں۔ لعاب کو تھوڑی دیر بعد پھینکتے رہیں۔ واقعی آپ حیران ہونگے کہ یہ طلسم ہے۔ یادوائی ہے بہت ہی جلد صحت ہوتی ہے۔ (ر)

ہاتھ پاؤں کی جلن کے واسطے یہ نسخہ آزماویں

ایک مٹی کے برتن میں چرائتہ ایک تولہ بھگا دیں۔ اور اوپر ایک تولہ دھنیا رکھدیں۔ پھر پانی ڈال کر رات کو رکھدیں۔ صبح اسے مل چھان کر پلادیں۔ مصری

بھی اگر ملائی جاوے تو ہرج نہیں۔

دھنیا (کشنیز) مہندی، صندل سفید، گلاب سرکہ میں پیسکر ہاتھ اور پاؤں پر لیپ کر دیا کریں۔ اور دو چار دن کے اندر ہی اسکی تاثیر ملاحظہ فرماویں ۔ (م)

ہومیوپیتھک علاج کثرت طمث

(۱) اکونائٹ نمبر ۳ کا ڈیلیوشن تب دیتے ہیں۔ جبکہ خون حیض معمولی وقت کے بعد اور درد سے آوے اور ساتھ اسکے تپ و دردِ سر اور سر میں زیادتی خون کی علامات پائی جاویں۔

(۲) بلاڈونا نمبر ۳ کا ڈیلیوشن تب دیا جاتا ہے۔ جب خون حیض درد سے آوے اور زیادہ مقدار میں اخراج پاوے۔ پیٹ میں اینٹھن ہو اور پیٹ کے نیچے کے حصے میں کوئی چیز گرتی ہوئی معلوم ہو۔ سینہ اور سر میں زیادتی خون کی پائی جاوے ۔

(۳) برائی اونیا۔ نمبر ۳ ڈیلیوشن تب دیتے ہیں۔ جبکہ خون حیض معمولی وقت کے بعد اور تھوڑا آوے۔ خون کی رنگت گلاب کے پھول کی سی ہو نیز اور سینہ میں زیادتی خون کی پائی جاوے ۔

نسخہ برائے دور کرنے موہکہ (مسہ) وابیر

سنکھیا ۱ تولہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ۔ سرمہ سفید ۲ ماشہ۔ زنگار ۲ ماشہ۔ ۱۰ عدد لیموں لیکر اس کے پانی سے ۴ روز تک برابر کھرل کریں۔ مابعد جگہ مذکور پر سرمچو سے لگاویں۔ اور ۴-۵ دن تک لگاویں۔ اس کے زور سے مریض بہت تنگ ہو جاوے تو دودھ بکری یا گائے جس قدر پی سکیں پلاویں اور دودھ سے موہکہ بھی دھو دیں۔ اگر تسکین نہ ہووے تو دہی کے پانی سے کئی بار دھو ڈالیں۔ (گھنیا لعل درما دید خریدار ۱۵۳)

کنپھڑے کا طلسم

ایک مجرب نسخہ مرض گنگو یعنی کان کے نیچے ورم اور درد کا جو اکثر بخار میں اور بلا بخار کے بھی ایام بادی و سردی میں ہو جایا کرتا ہے۔ اور مریض کو نہایت تکلیف دیتا ہے۔ میرا کئی بار کا مجرب ہے۔ ارسال خدمت ہے۔ امید ہے کہ بغرض رفاہ عام

درج اخبار فرمایا جاوے۔

صفت: جس طرف کے کان کے نیچے ورم ہو درد ہو اسی طرف کے پیر کے تلوار میں موچرس (گوند سمبر کا) بقدر ۱ ماشہ یا زیادہ اول خشک باریک پیسکر بعد ازاں ہمراہ قدرے آب تازہ مانند لیپ کے کرکے لگا دیا جاوے۔ اور اوپر سے روئی پرانی کا پھایہ (گالا) گرم کرکے باندھیں دیگر لیپ سرد ہی لگانا ہوگا) ایک دو مرتبہ میں آرام آجاتا ہے۔ اور طلسم کا کام دکھاتا ہے۔ اگر دونوں طرف کان کے نیچے ورم ہو۔ تو دونوں پاؤں کے تلووں میں اس طرح لگانا چاہئے ۔ (م)

(۱) برائے شقیقہ عصابہ

سیل۔ سر درد وغیرہ کو مفید ہے:۔ کرم مدار ۲ تولہ۔ مشک کافور ۲ ماشہ ملا کر خشک کرکے نسوار تیار کریں اور کام میں لاویں ۔ (حکیم جلال الدین احمد)

(۲) دیگر:۔ کونپل مدار (آک) ۲ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۱ ماشہ سایہ میں خشک کرکے نسوار تیار کریں۔ اکسیر ہے۔

(۳) برائے دفعیہ آتشک

الائچی سفید ۱ تولہ۔ پان ۲۰ عدد۔ رسکپور ۶ ماشہ۔ سپاری ۵ عدد عرق عشبہ سے گوندھ کر گولیاں بمقدار نخود کے بنا ویں۔ خوراک ایک گولی روزانہ ہمراہ آب گرم ۔ (م)

(۴) برائے دفعیہ فالج

عقرقرحا ۱ تولہ۔ ہالون ۱ تولہ۔ موم کپوری ۳ تولہ۔ کٹھ ۱ تولہ۔ سرنجاں تلخ ۲ تولہ السی ۱ تولہ۔ برگ سہانجنا ۲ تولہ۔ برگ دھتورہ ۲ تولہ۔ برگ ہرمل ۲ تولہ۔ برگ انڈ ۲ تولہ۔ برگ مدار ۱ تولہ۔ روغن کنجد ۱۲ تولہ تخم میتھرے ۲ تولہ۔ روغن اور موم کے سوا سب اشیاء شام کو بھگو کر صبح پکا کر مل کر آب زلال لے کر موم اور تیل میں جذب کرلیں۔ اور یہ روغن ملیں مفلوج اعضا پر اور کھانے کے لئے ۱ اسگند ناگوری ۲ تولہ۔ سرنجاں شیریں ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ مصری ۸ تولہ سب کا سفوف تیار کریں خوراک روزانہ ۲ تولہ ہمراہ آب باسی ۔ (م)

(۵) شربت مصفّیٰ خون جو کہ مرض جذام (کوڑھ) تک کیلئے اکسیر ہے

اور سرخ باد و آتشک وغیرہ پر میرا تجربہ ہے۔ پوست ببول ۲ تولہ۔ پوست نیم ۲ تولہ۔ بیخ اندرائن ۲ تولہ۔ بیخ سمبل ۲ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ۔ مصری ۴ تولہ حسب معمول شربت تیار کریں۔ خوراک ۶ ماشے سے ۲ تولہ تک خوراک میں گھی کا زیادہ استعمال کریں ۰ (ر)

(۶) سُرمہ کا عجیب نسخہ

سرمہ ۲ تولہ۔ سرو چینی ۲ ماشہ۔ سمندر جھاگ ۲ ماشہ۔ قلمی شورہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ طباشیر ۲ ماشہ۔ قاقلہ صغار ۴ ماشہ۔ جوکھار ۴ ماشہ۔ ناگر نہ ۲ ماشہ۔ مصری کوزہ ۶ ماشہ۔ عقرقرحہ ۲ ماشہ۔ مصری بھونڈا ۴ ماشہ۔ نمک سفید ۲ ماشہ۔ زجاج سفید ۲ ماشہ۔ موتی ۲ ماشہ۔ جملہ ادویات کو کھرل کرکے ملالیویں۔ اور آب شراب جس قدر ہو سکے جذب کردیں ۱۰، ۲ یوم تک کھرل کریں۔ بوقت شب ایک ایک سلائی لگادیں ۰ (ر)

ہر قسم کا ورم پکانے اور پھوڑنے میں اکسیر ہے

تخم اننڈ۔ قند سیاہ۔ قند سفید۔ السی۔ آرد گندم۔ پانی شیریں۔ نمک ان چیزوں کی پلٹس بنا کر لگادیں ۰ (ر)

دو دن میں دُکھتی آنکھیں اچھی ہونا

چاکسو مقشر ۱ ماشہ۔ پھٹکری سفید بریان ۱ ماشہ۔ سفیدہ کاشغری ۱ ماشہ۔ تینوں دوائیوں کو باریک پیسکر علے الصبح اور رات کو سوتے وقت لگادیں۔ درد سرخی کافور ہوگی ۰ (حکیم ایوب احمد خاں)

پھوڑا پھنسی کا مرہم

رال ۲ ماشہ۔ موم زرد ۲ ماشہ۔ مردار سنگ ۱ ماشہ۔ سندور ۱ ماشہ۔ گندہ بہروزہ ۲ ماشہ۔ روغن سیاہ ۲ تولہ۔ موم و رال و بہروزہ کو روغن میں پگھلا کر اور باقی ادویہ باریک پیسکر مرہم بنا کر کام میں لادیں ۰ (ر)

کھانسی خشک و تر۔ شکر تیغال ۲ ماشے۔ بیخ اسود ۲ ماشہ۔ رب السوس

خشخاش سفید ۲ ماشہ۔ شہد خالص ۵ تولہ دوائوں کو پیسکر شہد میں ملالیویں۔ اور ایک ماشہ صبح اور ایکماشہ شام چاٹ لیا کریں ۰ (ر)

بندو گھرت

دودھ آک (مدار) ۸ تولہ۔ تھوہر کا دودھ ۳۲ تولہ اور ہرڑ۔ کیلہ۔ املتاس۔ وشنو کرانتا۔ نیلی درخت۔ نسوت (ترُدی)۔ جبا لگوٹہ کی جڑ۔ دھ شنکھنی۔ چیتا سب چار چار تولہ لیکر کوٹ چھان کر سفوف بنا وے۔ اور ۴ گنا پانی ڈالے۔ اور اس میں ۶۴ تولہ گھی پکا کر گھی کرلیوے۔ تب خراب پیٹ والے مریض کو جتنی بوند دیوے۔ اتنے دست آویں۔ اس جلاب سے جو کہ بندو گھرت لاتا ہے۔ ۱۷ قسم کا کوڑھ۔ گولا۔ ادوادرت سوجن بھگندر ۸ قسم کا اُدر روگ بیماریاں اس طرح دور ہوتی ہیں۔ جیسے اندر کے بجر سے درختوں کی قطاریں۔ اس بندو گھرت کی پیٹ پر مالش کرنے سے جلاب لگجاتا ہے۔ اسکو پکانے کے لئے چار گنا پانی ڈالنا چاہیئے ۰ (مترجم)

مہا بندو گھرت

تھوہر کا دودھ ۸ تولہ۔ گھی ۳۲ تولہ۔ کمیلا ۴ تولہ۔ سینیعا نمک ۲ تولہ۔ نسوت (ترُدی) ۴ تولہ۔ دس آنولہ ۱۶ تولہ۔ ان سب اشیاء کو ۴۶ تولہ بھر پانی میں ڈالکر نرم آنچ پر پکاوے جب گھی رہے تو اتار لیوے یہ گھی ۶ ماشہ بھر کھانے سے پیٹ کی بیماریاں۔ تلی۔ گولا۔ گولا سے پیدا ہوئی بیماریاں۔ شول ان سب بیماریوں کا اس طرح مریض سے بھاگتا ہے۔ جیسے ہوا بادلوں کو بھگاتی ہے۔ پانچ گولوں کے دور کرنے کے لئے برہما جی نے یہ بجر روپ مہا بندو گھرت بنایا ہے۔ اور بڑے بڑے ویدوں کا آزمایا ہوا ہے ۰ (ر)

جناب ایڈیٹر صاحب دام عنایتہ تسلیم!

چند تحفہ مجربہ خود برائے اندراج اخبار دیش اپکار رک روانہ خدمت کرتاہوں براہ نوازش شائع فرمادیں۔ گو میں عرصہ سے خریدار اخبار رہذا نہیں ہوں۔ لیکن برادران دیش سے اتحاد ضرور ہے۔ برفاہ عام ثواب دارین حاصل فرمادیں۔ طلا عجیب کہ جو مردہ رگوں میں انشاء اللہ تعالیٰ روح بخش اثر پیدا کریگا۔ یہ تمام تحفہ عطیہ

دوست محمد خاں مرحوم مالیر کوٹلہ و دیگر درویشان ہیں۔ جو قیام مالیر کوٹلہ میں صد ہا [illegible]
پر تجربہ کیا گیا۔ اس مرحوم نے اس کے و دیگر تحایف کے خفیہ رکھنے کی سخت تاکید فرمائی
تھی۔ مگر یہ فعل احقر کو ناپسند آیا۔ کیونکہ قبر میں لے جانے سے کیا فائدہ۔ بقول شخصے ہو
نہادن چہ سنگ و چہ زر۔ لہٰذا بخل کو بالائے طاق رکھ کر پیش کرتا ہوں۔ نتیجہ سے بندہ [illegible]
خط تحریر فرمانیوالے احقر کو بھی مطلع فرماویں۔

طلا از حد مجرب

صفت یہ ہے۔ سم الفار سفید زنی ۶ ماشہ ایک کڑاہی میں ڈال کر ایک زردی
بیضہ بط ڈالکر خوب گھوٹیں۔ صبح سے شام تک اسی طرح ۶ عدد زردی حل کریں۔
بعد ازاں برگ پان بنگلہ زرد پختہ ۱۲ عدد حل کریں۔ پھر لوبان کوڑیہ ۶ ماشہ۔ گاؤزبان
۶ ماشہ۔ خون حمار جوان ۱ تولہ۔ لونگ ۳ ماشہ۔ عاقرقرحا ۴ ماشہ۔ چوک ۱ تولہ۔ مومیائی کانی
۳ ماشہ۔ عطر حنا ۳ ماشہ۔ خوک صحرائی خشکی ۱ عدد۔ برادہ کچلہ ۶ ماشہ۔ روغن پستہ ۶ ماشہ
زہر بچھناگ ۴ ماشہ۔ روغن زنبق ۱ تولہ۔ جمالگوٹہ ۵ عدد۔ پنچال بوزنہ صحرائی خشک
شدہ ۱ تولہ۔ ان سب کی گولیاں بنا کر روغن کشید کریں اور دو ہفتہ زمین میں دفن
کر دیں۔ بعد ازاں بدستور معروف طلاء کریں۔ انشاء اللہ تین دن یا ۷ یوم میں انکار شدہ
جو مادرزاد نامرد نہ ہو شرطیہ اصلی حالت پر لے آویگا۔ درازی فربہی شدت نعوظ اعلیٰ
درجہ ہویدا ہوگی مگر یاد رہے اس کے کشید کرنے میں نہایت احتیاط اور ہوشیاری
کرنی ہوگی۔ روغن خام نہ رہے اور نہ اس کا جوہر جلے۔ ورنہ لاگت خراب ہوگی کئی شخصوں
سے بگڑ بھی گیا ہے۔ اطلاعاً عرض ہے۔ (بندہ سید علیشاہ)

دیگر کشتہ سیماب واسطے سوزاک و بواسیر

مجمع اوجاع وضربہ وسقط وضیق النفس وغیرہ اکسیر صفت ۲ تولہ سیماب مصفٰے
ایک ناریل میں کہ جس کا پوست تراشیدہ ہو۔ مثل پیالہ بنا کر سیماب ڈال کر عرق برگ
ترب اس میں ڈال کر ایک پہر لکڑی سے حل کریں۔ بعد ازاں آبخورہ گلی میں

ڈال کر خوب گل حکمت کر کے ۵ سیر پاچک دستی سے کشتہ کریں۔ خوراک دو برنج پانی میں
دیگر مس طوطیا ۱ تولہ۔ سہاگہ ۱ تولہ۔ سم الفار سفید ۲ ماشہ۔ اول سہاگہ و سم الفار کو باریک
پیس کر دو سکوروں میں ڈال کر درمیان مذکورہ مس۔ سوہن زرد رکھ کر گل حکمت کر کے
۴ سیر آتش دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ سیاہ برآمد ہوگا۔ اسکو ہتاریمیں چرخ دیں۔ اور
ہموزن نقرہ ملا کر حلان کریں۔ نقرہ مقبول بازار ہوگا۔ تجربہ فرماویں۔ اور مطلع فرماویں۔
آئندہ اگر ایڈیٹر صاحب کی مرضی ہوگی۔ تو اعلےٰ اعلےٰ درجہ تحفہ پیش کروں گا۔ (۱۱)

نسخہ دافع پڑوال چشم

سرمہ سیاہ ایک ٹکڑا لے کر خواہ وزن کتنا ہو۔ لیکن خیال رہے کہ موٹی ہو۔ سات دفعہ
لوہار کی بھٹی میں اس ترکیب سے سرخ آگ کی طرح کریں یعنی سرمہ کو بھٹی میں ڈالکر
آہستہ آہستہ پھونک سے سرخ کریں۔ جب سرخ ہو جاوے۔ تو گائے کے پیشاب
میں بجھادیں۔ اسطرح سات دفعہ بجھادیں۔ پھر سات دفعہ اسطرح گائے کے دودھ
میں بجھادیں۔ بعد ازاں سرمہ کو کھرل کریں۔ ایک سلائی صبح کو اور ایک سلائی شام
کو آنکھوں میں لگادیں۔ بالٹے تو جلدی ہی دور ہونگے۔ اور ذرا دیر کے بعد لطف یہ کہ
پھر نہیں ہونگے۔ (۔۔ رنگ رل خریدار)

واسطے درد دل کے مجرب بلکہ تیر بہدف ہے

گلقند ۳ ماشہ۔ منقہ ۳ ماشہ۔ سرنا ۳ ماشہ۔ سونف ۳ ماشہ باریک سفوف کر کے
گولیاں ۴ بنادیں۔ اور ۴ گھنٹوں میں تینوں دیں۔ گرم پانی سے یا سردے سے موقعہ دیکھ
کر دیں۔

دوسرا نسخہ۔ جب کسی کو درد چھاتی ہووے۔ یا پیٹ میں سخت درد ہووے۔ تو فوراً
ایک فلفل دراز لے کر ۲ ماشہ نوشادر لیکر باریک کریں۔ اور ہلکی گرم پانی سے دیں۔ فوراً
آرام ہو گا تے ہو جاوے گی۔ (سندر سنگھ خریدار)

نسخہ برائے بد ہضمی

ہلیلہ ۱ تولہ۔ بلیلہ ۱ تولہ۔ آملہ ۱ تولہ۔ فلفلدراز ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۱ تولہ۔ سونف
۱ تولہ۔ بابڑنگ ۱ تولہ۔ سونچر نمک ۱ تولہ۔ نمک سفید ۱ تولہ۔ نمک سیاہ ۱ تولہ۔ زردی

ا تولہ کشمش ا تولہ ہینگ بریان ا تولہ۔ اجوائن دیسی ا تولہ۔ چرائتہ ا تولہ۔ زیرہ ا تولہ۔ انار دانہ ا تولہ۔ پودینہ ا تولہ۔ سب اشیاء کو کوفتہ کر کے گولی مقدار ڈیڑھ رتی تیار کریں۔ خوراک ۲ گولی۔ (راقم خوشی رام از وھنولہ)

نسخہ دھات کے آنے میں مجرب

گوند کتیرا ا تولہ۔ الائچی خورد ا تولہ۔ طباشیر ا تولہ۔ کشتہ فولاد ا تولہ۔ مصری سفید کوزہ ۵ تولہ۔ سب اشیاء کو باریک کر کے رکھ چھوڑیں۔ خوراک ۵ ماشہ دونو وقت ہمراہ دودھ گائے۔ پرہیز گرم اشیاء سے۔ (//)

ترکیب اطریفل مُصفّا خون

خارش۔ گنج و آبلہ فرنگ کو دور کرتا ہے۔ جیسا کہ سرخ بادہ۔ چھپاکی وغیرہ۔

نسخہ:۔ پوست ہلیلہ زرد ۴۰ درم۔ پوست ہلیلہ کابلی ۳۰ درم۔ پوست بلیلہ و آملہ ۲۰ درم۔ سنا مکی ۱۰ درم۔ گل سرخ ۶ درم۔ پاپڑہ ۵۰ درم۔ کشمش ۹۶ درم۔ تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر کشمش میں ملا لیویں۔ خوراک موجب مزاج۔ (//)

نسخہ برائے داغ سفید یعنی پھلبہری

سم الفار ۲ رتی باریک کر کے ۲ تولہ بھیڑ کے دودھ میں ملا کر کھرل کریں۔ دن میں دو دفعہ داغوں پر ملیں۔ شام کو گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اس طرح ۳ دن تک عمل کریں۔ آرام ہو جاوے گا۔ (//)

دیگر نسخہ برائے پھلبہری

سم الفار ۲ رتی۔ مکھن ا تولہ۔ مکھن کو ایک سو ایک بار پانی میں دھو لیں۔ بعد ازاں سم الفار باریک کر کے اس میں ملا دیں۔ ۳ یوم تک برابر ملیں۔ اور غسل کریں۔ (//)

نسخہ کھانسی کے واسطے

ہڑتال ورقیہ ا تولہ۔ مرچ سیاہ ا تولہ۔ دونوں کو ملا کر ایک روز تک یا دو روز تک خوب کھرل کریں۔ خوراک ایک رتی سے دو رتی تک مکھن میں ڈال کر صبح و شام کھلاویں۔ تین یوم تک تمام دور ہو جاویگے۔ (//)

نسخہ سرمہ دافع پڑوال

سرمہ سیاہ لے کر سات دفعہ لوہار کی بھٹی میں لال کر کے باسی پانی میں اور سات دفعہ گائے کے دودھ میں بجھاویں۔ پھر سرمہ کی طرح باریک پیس کر رکھ لیں اور سلائی سے استعمال کیا کریں۔ پڑوالوں کے لئے مفید اور مجرب ہے۔ (خریدار ۵۰۳۶)

برہد ناراج گھرت

دودھ۔ چترا چب۔ باؤبڑنگ۔ ترپھلا (ہرڑ۔ بہیڑہ۔ آملہ) نسوت (تروی) سنکھنی۔ مرچ۔ انیس۔ سونٹھ۔ پیپل۔ اجود۔ بلدی۔ ہلدی۔ بھانگرہ کی جڑھ یہ سب ایک ایک تولہ بھر اور گائے کا موتر ۳۲ تولہ۔ تھوہر کا دودھ ۱۶ تولہ۔ املتاس کا گودہ ۱۶ تولہ۔ گھی ۶۴ تولہ۔ پانی ۲۵۶ تولہ۔ ان کو ملا کر آنچ پر پکاوے۔ جب صرف گھی رہ جاوے۔ اتار لیوے۔ خوراک ۶ ماشہ اس سے پیٹ کی خرابیاں۔ آم بات۔ گولا۔ تلی۔ بھگندر وغیرہ سب دور ہوتے ہیں۔ یہ گھی امرت کے برابر فائدہ دینے والا ہے۔ اس کے استعمال کرنے والے کو تمام مذکورہ بالا شکایات سے نجات ملتی ہے۔ (مترجم)

نتری وئیدناتھ ویش بٹیکا

ترکٹا (سونٹھ۔ مرچ۔ فلفل دراز) پارا مصفا۔ ہرڑ یہ سب برابر وزن لے کر اور ان سبھوں سے دگنا دھتورے کا پھل ملا کر کوٹ چھان کر ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنا لیں۔ روز ایک گولی چوکے کے رس کے ساتھ کھاوے۔ یہ سخت قسم جلودھر۔ گولا۔ بخار۔ پانڈو روگ۔ آنکھوں کی پلکوں کی امراض۔ اندھراتا۔ سب قسم کی کلائی فوطہ۔ تمام قسم کی آنکھوں کی بیماریاں۔ طاقت۔ ادادرت۔ شول۔ کبڑے۔ اور کوڑھ کی سب قسم کی بیماریاں۔ خارش۔ داد وغیرہ سب قسم کی جلد پھٹی ہوئی بیماریوں کا یہ عمدہ علاج ہے۔ (//)

اچھیا بھیدی رس

سونٹھ۔ مرچ۔ پارہ مصفا۔ گندھک مصفا۔ سہاگہ ہر ایک ایک تولہ۔ مغز جمالگوٹہ

مدبر ۳ تولہ۔ اوّل پارہ و گندھک کو باریک کجلی کرے پھر دیگر ادویہ ملا کر کھرل کرے
اس اچھیا بھیدی رس کو مصری کے ساتھ کھا کر اوپر سے پانی پیوے۔ جتنے گھونٹ
پانی کے پیویں گے۔ اتنے ہی دست آویں گے۔ غذا دہی و چاول۔ خوراک دو رتی
کے قریب۔ (م)

دوسرا اچھیا بھیدی رس

صاف کیا ہوا پارہ ۱ ماشہ۔ گندھک مصفےٰ ۲ ماشہ۔ پوست بہیڑہ ۱ ماشہ۔
آملہ ۱ ماشہ۔ پیپل ۲ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۲ ماشہ ان کو چیکے کے رس
کے ساتھ کھرل کر کے مٹر کے برابر گولیاں بنالیں۔ روز ایک گولی چیکے کی رس
کے ساتھ کھا دے۔ اور گرم پانی کا استعمال کرے۔ جب تک ٹھنڈی چیز کا استعمال
نہ کرے۔ دست بند نہ ہونگے۔ (م)

اچھیا بٹی:۔ ہرڑ۔ مرچ۔ پیپل۔ سہاگہ۔ سب برابر وزن اور ان کے برابر
دنتی درے کا پھل ان کو تھوہر کے دودھ میں کھرل کرے۔ اور جب گولیاں بننے
پر آوے۔ تو برابر مٹر کے گولیاں بنا دے۔ ایک گولی اور ایک ہرڑ ملا کر پیس کر چاول
کے پانی سے کھا دے۔ اور گرم پانی کا استعمال کرے جب تک گرم پانی استعمال
میں رہیگا۔ تب تک دست بند نہ ہونگے جب ٹھنڈا پانی پیوے۔ فوراً دست بند ہو
اس سے جیرن جور تلی۔ سہ قسم کے اودر روگ۔ بات اور سب قسم کی اجیرن کاملا
(یرقان) پانڈو روگ (سفیدی خون) کمبھ کاملا دور ہوتے ہیں (آتشک کا زہر بھی
براہ راست نکلتا ہے۔ (م)

تیسرا اچھیا بھیدی رس

پارہ مصفےٰ ۲ تولہ۔ گندھک مصفےٰ ۲ تولہ۔ مرچ سیاہ ۳ تولہ۔ سہاگہ بریان ۴ تولہ
سونٹھ ۵ تولہ۔ پوست ہرڑ ۶ تولہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبر ۷ تولہ۔ تمام ادویہ کو سب کے
برابر گڑ (قند سیاہ) ملا کر دو یا تین رتی بھر کی گولیاں بنا دیں۔ اس اچھیا بھیدی رس
کے کھانے سے جلاب لگتا ہے۔ اور تمام امراض پیٹ دور ہوتی ہیں۔ (م)

مجربات حکیم شیخ عبدالغنی صاحب مرحوم شہسرامی

نسخہ برائے قوت باہ} مرتل عقرقرا۔ تالمکھانہ۔ روغن زرد مساوی الوزن ہمراہ
منہ کھانے سے بیحد قوت بڑھتی ہے۔ (محسن)

نسخہ بواسیر خونی} برگ گیندا ایک چھٹانک دانہ الائچی چھوٹی ایک تولہ باہم پیس کر
چھانکر چینی کے برتن میں رکھ کر تھوڑا سا نمک ملا کر
آگ پر نیم گرم کرو اور ہر روز صبح کے وقت اسی طرح تیار کر کے پینے سے اگر تازہ
بیماری ہے۔ تو مریض ایک ہفتہ میں شفایاب ہوگا۔ ورنہ دیر لگے گی۔ اگر گرمی معلوم
ہو تو پانی میں الائچی خورد ڈال کر استعمال کرنا چاہئے۔ استعمال دوا سے ۲ گھنٹہ
قبل اور ۲ گھنٹے بعد کچھ غذا نہ کھانا چاہئے۔ (م)

نسخہ حیض جاری کو بند کرنے کے لئے

سفوف گچ پرانا ایک چھٹانک دہی ایک سیر شکر سرخ آدھ پاؤ باہم
ملا کر روزانہ صبح کو پینے سے حیض جاری کو بند کرتا ہے۔ علاوہ ازیں سوزاک و
جریان کو بھی نافع ہے۔ (م)

نسخہ گرمی:۔ زرد بھڑ کا چھتہ آدھ پاؤ بچے وغیرہ دور کر کے اتنا جلاؤ کہ خاک
سیاہ نہ ہو۔ اسکو پیسکر رکھو۔ ایک تولہ سفوف شدہ ہمراہ مکھن گائے آدھ پاؤ جو کہ
ایک سو ایک بار پانی سے دھویا ہوا پیتل کے برتن میں ڈالکر سب کو خوب ملانے
اور آگ پر وقت حاجت نیم گرم کرے۔ ترکیب استعمال زخم کو جوشاندہ
برگ نیم سے دھو کر روزانہ چار مرتبہ تمام دن میں۔ دوا مذکورہ لگا دیوے
بہت جلد صحت ہوگی۔ پرہیز مچھلی۔ بعد صحت جلد صحبت کرنا چاہئے۔ (م)

نسخہ دمہ اگر سردی سے ہو

کونین ایک چھٹانک۔ جائفل ۲ عدد سہاگہ [illegible] ایک تولہ۔ نمک سینہ [illegible] ۳ ماشہ
افیون ایک رتی۔ تخم دھتورہ سیاہ ایک چھٹانک۔ لونگ ۲ ماشہ ہر ایک ادویہ کو جدا جدا
سفوف کر کے باہم مخلوط کرے۔ اور قدرے پانی ڈال کر حب بقدر [illegible] بیر کے

بنا دے۔ روزانہ دو وقت ایک ایک حب بہمراہ مکھن تازہ استعمال کرے۔ اگر مکھن ہو تو بالائی بھی کھا وے۔ پرہیز ترشی۔ شیرینی۔ سرخ مرچ تیل وغیرہ ۔ (//)

نسخہ دمہ اگر گرمی سے ہو

مصری ایک چھٹانک ریشمی ایک چھٹانک۔ کاسنی ایک چھٹانک۔ پرانی دھنیا ایک چھٹانک سب کو سفوف کرکے ملاوے۔ اور صبح کے وقت ایک کف دست بلب پانی کے ہمراہ استعمال کرنے سے ضرور شفا بخشیگا۔ پرہیز مندرجہ بالا سے ۔ (//)

برائے دفیعہ زہر سگ دیوانہ

عرق لگر وندہ ایکتولہ۔ پرانا گڑ آدھی چھٹانک باہم ملا کر ایک ہی بار کھا دے

(//)

نسخہ برائے تقویت قوت باہ

خشخاش۔ ثعلب مصری۔ گل سرخ۔ چنی سپاری۔ گل ببول۔ تالمکھانہ۔ غرما خارخشک دیجھکل تخم گاجر پستہ اسپغول۔ بادام۔ طباشیر ہر ایک ایک تولہ ان سب ادویات کو سفوف کرکے گائے کے دودھ کے ساتھ صبح وشام ایک ایک تولہ کھانا تمام امراض منی دور کر اور سریع الانزالی کو ہے ۔ (//)

نسخہ نار و امجرب المجرب

جنگلی اوپلے جہاں پڑے ہوں۔ ان کے اوپر جالا لگ جاتا ہے وہ جالا بوزن ایکتولہ اکٹھا کرے اور ۲ انگل سانپ کی کینچلی دونوں کو باریک کتر کر ہم گنا گڑ ملا کر ۲ عدد گولیاں بنا صبح سورج نکلنے پر اس کے سامنے کھڑا ہو کر ایک گولی کھا لے۔ خوراک گولی ہے نیز خوراک فی طاقت مریض کے کم کرکے بنا کر روزانہ ایک گولی کھائی جا سکتی ہے ۔ (ایڈیٹر)

حب ابن الحارث

اس کا تجربہ بہت لوگوں پر کیا گیا کہ تمام بدن پر پھیل گیا تھا اسکو تین دن میں زائل کردیا۔ لہٰذا بنا بر فائدہ عوام سمجھ کر تحریر کیا گیا۔ اور انپ اور بلغم و اوجاع مفاصل مرض بلغمی و سوداوی کو بہت نافع ہے۔

صفت ہلیلہ سیاہ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ صبر سقوطری۔ انزروت۔ مقل احمر شحم حنظل ہر ایک ۵ تولہ سقمونیا فارسی ۳ تولہ کوٹ پیکر عرق بادیان سے گوندھ مثل کنار صحرائی یکدو گولی صبح و شام گرم پانی سے نوش کریں ۔ (حکیم سید عبد اللہ)

قلمی بیاض کا ایک ورق

کمترین کو کچھ قلمی کاپیاں اتفاقیہ ہاتھ لگ گئیں۔ اس میں سے چند متفرق نسخہ جات بغرض افادہ عام پیش نذر ہیں :۔

(۱) برائے اورار بول

آرد ماش آب سے حل کرکے ناف پر حلقہ باندھے اور قدرے شورہ قلمی ناف پر ڈالیں۔ بول فوراً جاری ہوگا۔ (حکیم جلال الدین احمد)

نوٹ از طرف ایڈیٹر۔ شورہ رکھ کر پانی بھی ڈالنا چاہئیے ۔

(۲) برائے دیوانہ پن

شنگرف ۱ تولہ سنبل الفار سفید ۱ تولہ بہمراہ آب چولائی ۸ تولہ کے کھرل کرکے قرص بنا دیں۔ در سکوزہ گلی میں بند کرکے سمپٹ کریں کشتہ بررنگت سفید نکلیگا۔ مقدار خوراک ایک برنج ہمراہ پان یا برگ کنار بوقت خفتن نوش کریں غذا کھچڑی روغن آمیز۔ بادی ترشی اشیاء سے پرہیز کریں۔ اور مریض کو بوقت خواب بیدار نہ کریں۔ جتنے کہ خود بیدار ہو۔ یہ نسخہ خاکسار کا مجربہ ہے ۔ (//)

(۳) ترکیب مومیائی مصنوعی

مصفیٰ جمالازہ ۴ تولہ۔ رال ۴ تولہ۔ سم الفار سفید ۲ ماشہ۔ ہڑتال ورقی ۲ ماشہ ہر چہار اشیاء کو خوب کوٹ کر درمیان ۲ ظروف گلی کے بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔ بس یہی روغن مومیائی ہے۔ خوراک ایک قطرہ ۔ (//)

ضرب زدہ (مضروب) و اعضائے شکستہ کو کھلاوے مجرب است ۔ (//)

(۴) برائے جذام (کوڑھ)

پیپل دراز ۲ تولہ۔ پیلا مول ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ عاقرقرحا ۲ تولہ۔ اصل السوس ۲ تولہ۔ کتھ سفید ۲ تولہ۔ بھلانوہ ۱۰ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۴۲ تولہ۔ دجمگ ۲ تولہ

ہڑتال ورقی ا تولہ۔ ہمہ ادویہ را پیسکر قرص برابر کف دست بناویں۔ درمیان لوگند
دے کر ہڑتال درمیان میں رکھیں۔ دو برتنوں میں خاک پیپل پُر کر کے درمیان
میں سپینڈ مذکورہ دے کر آتش کریں۔
پانچ سیر پختہ اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ پیسکر دو دو ماشہ
کی گولیاں بناویں۔ ایک گولی روزانہ نہار منہ کھایا کریں۔ بادی سردی و
ترشی سے پرہیز کریں۔ (〃)

برائے جذام و آتشک وغیرہ کے

سنا کی ۲ تولہ کوٹ چھان کر پانچ پڑیاں باندھیں۔ ۲ سیر پختہ شیر گو سپند
یا مادہ گائے لا کر آتش پر رکھیں۔ اور اس میں نصف پاؤ پانی ڈال کر ۵ تولہ املی
کر کے نکالا ہوا ڈالیں۔ بعدہٗ نیچے اتار کر پارچہ بیز کریں۔ ایک تار خام آب
شیر کا شکر تری سے شیریں کر کے ہمراہ ایک پڑیہ مذکورۃ الصدر کے نوش کریں
اور بعد گذرنے ایک پہر کے عرق ملو اگرم شدہ یک تار۔ دو دفعہ کر کے پیویں۔
انشاء اللہ تعالٰی ایک ہی روز میں جذام آتشک وغیرہ دور ہو گا۔ (〃)

دیگر برائے جذام و آتشک وغیرہ

آب آملہ سبزہ ۵ تار۔ ایک تار روغن زرد کے درمیان جلا دیں۔ جو کچھ باقی بچے
ہر روز ایک تولہ مصری کے ہمراہ صبح و شام نوش کریں۔ (〃)

برائے قوت باہ و نامردی و جلق

سیل کھڑی (سنگ جراحت) ۴ تولہ لا دیں۔ اور شیر بڑھ در سکوزہ گلی ڈال
کر سپنٹ کرے۔ اور گجپٹ کی آنچ دیں۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ بالائی یا مسکہ یا برگ
پان روزانہ استعمال کریں تا ۱۰ یوم۔ امید کلی ہے۔ کہ تیسرے یوم میں تاثیر ظاہر
ہو گی۔ (〃)

برائے کشادن حیض

اگر دس سال سے مسدود ہو۔ فو نج یعنی گنٹھ اور پودینہ۔ ہر ایک ۴ درم
سورنجاں ۱۰ درم۔ سداب ۱۰ درم۔ مویز دانہ بیروں کردہ ۲۰ درم۔ ایل خشک

۵ درم۔ نرم کوٹ کر بازہرہ گائے بتی بنا دے اور فرزجہ کریں۔ ۳ یوم تک تین بتی
استعمال کرا دیں۔ حیض جاری ہو گا۔ مجرب ہے۔ (حکیم جلال الدین احمد)

کشتہ ہڑتال ورقی

سیاہ سانپ لے کر اُسکو چار اُنگل پیچھے سے اور چار اُنگل آگے سے کاٹ
کر اس میں ہڑتال ورقی ۸ تولہ بھر دو۔ بعد ازاں دونوں ٹکڑے دونوں طرف
سے سِی دو۔ اور سانپ کو ہانڈی میں رکھ کر نیچے اوپر پلاس کی راکھ بھر دو بعد ازاں
ہانڈی پر سمپٹ دے کر دھے کی تار لپیٹ دو۔ پھر ایک گڑھے میں جو کہ تین ہاتھ
گہرا اور طول و عرض دو دو ہاتھ کا ہو۔ لکڑی پلاس کی ۲ من لگا کر اوپر ہانڈی
رکھ کر ۲ من لکڑی اوپر لگا دیں۔ پھر اس گڑھے کے منہ کو مٹی سے بند کر کے چھوٹا
سا سوراخ رکھیں۔ اور لکڑیوں کو آگ لگا دیں۔ تیسرے دن نکالو۔ سفید کشتہ
برآمد ہو گا۔ خوراک ایک چاول بالائی وغیرہ میں واسطے رکت لیکار خواہ کیسا ہی
ہو مجرب است۔ (خریدار اخبار ۲۳۴۲)

عرق دافع تلی آزمودہ نسخہ

چھاچھ ۱۰ سیر کچی۔ رائی آدھ سیر کچی۔ چاروں نمک ۸ تولہ۔ نسوت ایک تولہ
برادہ تو بنے کی جڑھ ۲ تولہ۔ بکے آدھ سیر پکے سب ادویات کو ملا کر ایک گھڑے میں
ڈال کر اکیس دن تک سوڑی یعنی کھاد میں دبا کر بعد میں عرق کھینچ لو۔ اور مریض کو
نہار منہ جا کر صبح صادق ہی یہ عرق ایک تولہ سرد و تازہ پانی کے ساتھ پلاؤ۔ مجرب است
(راما نند سیہاں خریدار ۲۰۴۴۲)

مرتیو سنجار رس دافع سنجار

وکھ (بچھناگ) ا تولہ۔ کالی مرچ ایک تولہ۔ فلفلدراز ایک تولہ۔ گندھک آملہ سار
ایک تولہ۔ پارہ ایک تولہ۔ لوگانے کے موتر میں شُدھ کر کے ڈالو۔ پارے اور
گندھک کی کجلی کر کے باقی ادویات کو ملا کر پان یا ادرک کی رس میں کھرل کر کے
مونگ کے برابر گولیاں بنا لو۔ نوجوان آدمی کو پوری ماترا یعنی چار گولی۔ بوڑھے کو
بیمار کو نصف ماترا اور بالک کو ۱/۴ ماترا۔ سنجار خواہ کیسا ہی ہو۔ نیا۔ پرانا بحران

آدمی سب کے واسطے مجرب ہے ۔ (〃)

پہلا نسخہ داڑھ درد

آن بجھ چونہ ۔ نوشادر ۔ برابر وزن لے کر پیس کر شیشے میں رکھیں اور بوقت ضرورت روئی کے پھاہے کو ذرا سا پانی سے تر کر کے مندرجہ بالا سفوف لگا کر جس جگہ درد ہوگا ۔ لگا دیویں ۔ انشاء اللہ فوراً آرام ہوگا ۔

(راقم قاضی درویش احمد از منگوتا رد)

دوسرا نسخہ کوتاہ دمی کا مجرب

ست گلو ۔ ست ملٹھی ۔ سونچر نمک ۔ نوشادر برابر وزن پیسکر بقدر دو رتی ہمراہ عرق سونف صبح و شام کو ہر تی کھا لینے سے ایک ہفتہ میں آرام ہو ۔ (〃)

جلودر اری رس

پارہ مصفے احصہ ۔ گندھک مصفے امنسل ۔ ہلدی ۔ مغز جما لگوٹہ مدبر ۔ ترپھلا ہرڑ ۔ بہیڑہ ۔ آملہ) ترکٹا (سونٹھ ۔ مرچ ۔ فلفلدراز) چترا یہ سب ۱۲ دو حصہ لیکر سب کو ملا کر کوٹ چھان کر اس سفوف کو جما لگوٹہ ۔ تھوہر اور بھنگرے کی رس میں الگ الگ سات سات بار گھوٹ کر سکھاوے جب طاقت و عمر کے استعمال کریں جب جلاب جاوے تو دہی کے ساتھ ٹھنڈی چیزیں دیویں ۔ اور جب طاقت آجاوے ۔ تو پھر جلاب رس کو دیوے ۔ جلاب کے پیچھے پھر دہی وغیرہ مناسب چیزیں استعمال کریں ۔ اسطرح جب جلاب کی ضرورت ہو دیوے ۔ (مترجم)

شرنیدر مودک :۔ لونگ ۔ انار ۔ تردی ۔ ستاور ۔ کنول ۔ اجوائن ۔ پیپل ۔ کاکڑا سنگی ۔ داکھ ۔ سونف ہر ڈ ان کو پیسکر اور مناسب وزن شہد میں ملا کر لڈو بنا لیویں ۔ پھر ان لڈوؤں میں سے جتنا ہضم ہو سکے ۔ روزانہ کھاوے ۔ تو اس سے علم کھوم دور ہوتا ہے یہ شرنیدر مودک طاقت اور ویرج کو بڑھاتا ہے ۔ ہاضمے کو تیز کرتا ہے اور بڑا مفید ہے رسائنوں میں یہ اعلے درجہ کی ایک رسائن ہے ۔

کشتہ منور :۔ منور کو کسی کوزہ گلی میں ڈال کر منہ اسکا بند کر کے گل حکمت کر دیں

میں کھرل کر کے ٹکیاں بنا کر خشک کر کے ایک بڑے کوزہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے خشک ہونے پر اتنی ہی آگ دیویں جب سرد ہو نکال کر پیسکر رکھیں ۔ خوراک صرف ایک رتی

ترکیب دیگر :۔ منور خالص لیکر سرکہ انگوری میں ۲۰ دفعہ بجھا دیں ۔ پھر درخت جامن کی جڑ میں خول کر کے اس میں رکھ کر دس سیر جنگلی اوپلوں کی آنچ دیں کشتہ بزرنگ سرخ ہوگا ۔ اگر ۵۰ دفعہ ایسا کیا جاوے ۔ تو بہت ہی اعلے کشتہ تیار ہوگا ۔ خوراک ۱ ماشہ ضعف جگر و معدہ کو مفید ہے ۔ (حکیم شبنیال)

ناروا یعنی عرق مدنی یا رشتہ (ضماد) پیاز ایک گرہ ۔ لہسن ایک گرہ ۔ تھوڑا صابون ۔ بھلاوہ ایک عدد ۔ رائی ۱۰ ماشہ کوٹ چھان کر ٹکیہ بنا کر ناروا پر باندھیں ۔ ایک ٹکیہ ایک دن رات کافی ہے ۳ روز میں بالکل تاگا نکل آویگا ۔ (〃)

دیگر :۔ رال ایکدام صابون ۲ دام ۔ افیون ۱۰ ماشہ تمام ادویہ کوٹ پیسکر ۵ دام روغن کنجد میں پکا کر مثل مرہم کے پان پر لگا کر باندھیں ۔ اور صبح و شام مرہم بدل دیا کریں ۔ ۳ دن میں شفا ہوگی ۔ ہر دو نسخہ جات آزمودہ ہیں ۔ جو پسند ہو کریں ۔ (〃)

لوہے چون :۔ بندہ نے دو دفعہ کشتہ کی ہاتھی سونڈی بوٹی کا پانی لیکر ۹ یوم تک اسکو تر کریں کشتہ عمدہ ہو جاوے گا پانی جب خشک ہو جاوے اور ڈالدیں ۔ (خریدار ع ۳۸۱)

عورت کے واسطے ، جس کو نفرت ہے اور پانی بدبودار آتا ہے :۔ دھاوے ۲ ماشہ ۔ ماجو ۲ ماشے ۔ موچرس ۲ ماشہ ۔ زردی گلاب ۲ ماشہ ۔ کافور ۱ ماشہ ۔ کیکر کے پھول ۱ ماشہ ۔ گل انار ۲ ماشہ ۔ مازو ۱ ماشہ ۔ پھٹکڑی ۱ ماشہ ۔ ان چیزوں کو کوٹ کر پوٹلی بنا کر عورت اپنے اندر رکھے ۳ دن تک مرد سے پرہیز رکھے اگر پھر لذت نہ آوے ۔ تو بندہ اس بات کا ذمہ وار ہے ۔ (خریدار ۳۸۱)

(دیگر) بھڑ کی کھکھر یعنی (بھڑ کا چھتہ) ۶ ماشہ کوٹ کر اور شہد ملا کر لیپ کر کے بعد ½ گھنٹے کے صحبت کر کے لذت حاصل کریں ۔ شرطیہ دوائی ہے ۔ (خریدار ۳۸۱)

نسخہ ضیق النفس کے لئے

انشاء اللہ تعالے ۱۰ ۔ ۱۲ برس کا پرانا مرض مذکور ۳ ہفتہ میں کافور ہوگا :۔

افاراقی (کچلہ) ایک پاؤ کو سرخی خشت میں پانی ملا کے ایک ہفتہ پڑا رہنے دیں ۔ بعد میعاد مذکور کے اوپر کا چھلکا اور درمیانی تہ نکال کر دھوپ میں خشک کریں ۔ اور

ایک کپڑا دو ریز میں لپیٹیں۔ پھر کچی مٹی کی ایک کلھیا بنا کے اس میں وہ کپڑا اور اراقی لپ
ہگا پھر کر منہ کو مٹی سے اچھی طرح بند کر کے سکھا لیں۔ اور ۲ سیر پاچکہ دشتی میں جلاویں
جب سرد ہو جاوے۔ تو نکال کے کلھیا توڑ ڈالیں اور اراقی جلکر کوئلہ ہو جاویگی۔ اسکو
رکھیں۔ اور ایک عدد بنگلہ پان میں مقدار ایک ماشہ یا کچھ کم و زیادہ حسب طاقت
میں ۲ بار لپیٹ کر چابیں اور رس کو نگل جاویں۔ اور بندہ کو دعائے خیر سے یاد کریں
تجربہ شدہ ہے۔ (حکیم سید عبدالرحمن مائل)

نسخہ پیچش نئی ہو یا پرانی ۲ روز میں کافور

انار خام جس میں تخم پختہ نہ ہوں لاویں۔ اور اوپر کا تھوڑا مقدار چھلکا کاٹ لیں
اور اندر سے کسی قدر تخم باہر کر لیں۔ اور اس میں ½ تولہ افیون اور نیم مغز جائفل اور
آم کا تخم پرانا ۳-۴ برس کا نیم مغز ان تینوں اجزا کو بھر دیں۔ اور وہی ٹکڑا کاٹا ہوا
منہ پر رکھ دیں۔ اور کپڑا لپیٹ کے گل حکمت کر کے سکھا لیں۔ اور ۵ سیر اوپلا جنگلی
میں جلا دیں جب جل جاوے۔ تو نکال کے پانی دیکر باریک پیس لیں۔ اور مقدار نخود کی
گولیاں بنا دیں۔ خوراک ایک گولی سے ۲ گولی ادرک کی رس میں یا یونہی پانی سے نگل جاویں
صبح دوپہر شام اور اگر بیماری زور پر ہو تو دو دو گھنٹے کا وقفہ دیکر ۲-۳ یا ۴ مرتبہ کھلا دیں
مجرب ہے۔ (ر)

آشوب چشم

انشاء اللہ پہلے ہی روز آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور ۳ روز میں کلی آرام
ہے لیموں کا عرق لوہے کی کڑاہی میں ڈالکر لوہے کے دستہ سے خوب گھوٹیں جب گھوٹتے
گھوٹتے سیاہ مانند لیپ کے ہو جائے۔ رات کو لگانا زیادہ فائدہ مند ہے۔ پلکوں پر ضماد
کریں۔ (ر)

جناب مدیر تسلیم! مندرجہ ذیل نسخہ جات درج اخبار فرما کر مشکور کریں۔
نسخہ بلغمی کھانسی:۔ کاکڑا سنگی۔ پیپل۔ قسطی مقشر۔ لونگ۔ چھلکا انار۔ جاکھار
برابر وزن کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر بقدر نخود گولیاں بنا دیں۔ ایک یا دو معمولی
روزانہ عرق گاؤزبان سے کھلاویں۔ (حکیم رام سرن داس)

نسخہ اپدنش:۔ ریٹھہ نیا لیکر بغیر مغز کے باریک کر کے رگڑ رگڑ کر پڑانے ہیں گولی برابر
کے بناوے۔ گھی کے گھونٹ سے ایک گولی کھا لیوے۔ روٹی بھی گھی ہی سے کھاویں
نخود کی۔ (ر)
نسخہ سوزاک:۔ سنگجراحت۔ رال۔ مصری۔ ہر ایک ۱ تولہ۔ تالمکھانہ۔ گوکھرو سہ ہی
ہر ایک ایک تولہ۔ کوٹ چھان کر ۳ خوراک کرے۔ اور بکری کی لسی سے کھاوے۔
اگر پیپ بھی بہت آتی ہو۔ تو صرف رال سفید و گری نخود بریان ہموزن ایک ایک
تولہ مصری ۳ ماشہ ملا کر باسی پانی سے کھاویں۔ مجرب ہے۔ (ر)
نسخہ طاعون:۔ سجدار ۱ تولہ۔ مشک کافور ۱ تولہ۔ گل ارمنی ۶ ماشہ۔ جڑ آک (مدار)
۲ ماشہ۔ صندل سرخ و سفید ۲ تولہ۔ عرق گلاب میں کھرل کر کے گولیاں بقدر گولی
بنا دیں۔ اور ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق گلاب۔ (ر)
واسطے گلٹی طاعون:۔ جڑ آک (مدار) ایک پاؤ کوٹ کر ایکتولہ ہلدی ملا کر
بنا کر باندھیں۔ مجرب ہے۔ (ر)

جوشاندہ برائے پرسوت بخار

گاؤزبان۔ برگ پودینہ چرائتہ ہر ایک ۶-۶ ماشہ۔ الائچی دانہ۔ ابریشم۔ اندرجو
ناگ کیسر۔ پوہکر مول۔ پیپلا مول ہر ایک ۲-۳ ماشہ۔ منقہ ۱۱ دانہ سب دوائیاں جوش
دیکر اور تھوڑا سا شہد ملا کر دیوے۔ از حد مفید ہے۔ (ر)

کھجلی کا ایک نسخہ مجرب المجرب جو میرا بارہا کا آزمودہ ہے

صفت:۔ گندھک آملہ سار ۱ تولہ۔ طوطیا ۴ ماشہ علیحدہ علیحدہ پھوڑ لے۔
اور بہت باریک نہ کرے۔ پھر ایک کاغذ کی نلکی بنا کر اس میں بھر کر تیل کرو ابھ
دے۔ اور چراغ کی لو پر بتی لگا کر تیل ٹپکا لیا جاوے۔ یہ تیل کھجلی کے لئے از حد
مفید ثابت ہوا ہے۔ اور میرا آزمودہ ہے۔ (رام چند از آگرہ)
کرنگ کا نکلنا:۔ پہلے کوئی جلاب دیویں اگر جب فتن کا جلاب دیں تو بہتر ہے بعدازاں نسخہ ذیل
... منتھی۔ تخم ترب۔ تخم گزر ہر ایک ایکدام قند سیاہ ایکدام۔ ۱½ سیر پانی میں جوش
... سیر پانی رہ جاوے۔ صاف کر کے ۳ درم روغن زرد ملا کر پلا دیں۔

شیاف: پھٹکری ۲ تولہ آگ پر رکھیں۔ اسکے عین جوش میں ۶ ماشہ زر کچور کا ... دھوڑیں۔ اور آگ سے نیچے اتار کر ۳ انچ لمبی بتی بنا کر ۳ روز ہر صبح فرج میں رحم کے اندر رکھیں یعنی حصہ شیاف رحم میں رہے۔ اور ایک حصہ باہر اگر کچھ تکلیف ہو تو خوف نہ کریں مجرب ہے۔ میرے زیر علاج ایک عورت تھی جسکو پانچ ماہ کے فضل سے شفا ہو گئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے جواب دیدیا تھا۔ اور عرصہ ۴ سال سے بیمار تھی صرف اسی ایک عورت کا علاج ان نسخہ سے نہیں کیا ہے۔ (حکیم شبدیال)

مجلوق اعضاء و منی کمزوری (نسخہ طلا)

خراطین مٹی سے صاف کئے ہوئے ۲ تولہ۔ بیر بہوٹی ۲ تولہ۔ سم الفار ۲ تولہ ... ۲ تولہ چاروں ادویہ کو کھرل میں ڈالکر تین زردی بیضہ مرغ ملا کر تین روز برابر کھرل کرو۔ بعد ازاں بہ قدر کنار دشتی گولیاں بنا کر آتشی شیشی میں ڈالکر بذریعہ پتال جنتر تیل نکال لو تیل بڑا احتیاط سے نکالیں نہ کچا رہے۔ اور نہ ہی جل جاوے۔ ورنہ کام نہ دے گا۔ کم از کم ایک ہفتہ اور اس سے زیادہ دو ہفتہ حشفہ و سیون چھوڑ کر طلاء کریں اور اوپر بنگلہ پان گرم کر کے باندھیں۔ اور اوپر سے پٹی باندھیں۔ اس اثناء میں اعضاء خاص کو پانی نہ لگے۔ اور جماع سے پرہیز کریں۔ اور ۱۵ یوم تک استعمال کریں۔ اگر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکلیں تو اندیشہ نہ کریں۔ رگوں سے پانی ناقص نکل جاویگا کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ بعد استعمال طلاء ۱۵ دن یہ مرہم لگاویں۔

صفت: موم ۱ تولہ۔ روغن گائے ۲ تولہ۔ سندھور ۶ ماشہ۔ اول گھی کو جوش دیں اس میں موم ڈال دو۔ اور جب موم پگھل جاوے تو اسے آگ سے علیحدہ کر کے ملا دو۔ (ر)

بچے میں زہر آتشک: لونگ ۴ ماشہ۔ دانہ الائچی سفید ۳ ماشہ۔ بجائیفل جاوتری ۴ ماشہ۔ سنا مکی ۵ ماشہ۔ مغز جمالگوٹہ مدبرہ ۸ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ ... ۲ تولہ جملہ ادویہ کو کوٹ کر باریک کر کے مغز جمالگوٹہ مدبر ملا کر خوب کھرل کرو۔ اور جملہ ادویہ کے ۴ حصے کرو۔ ایک حصے دوا کی بارہ گولی بنالو۔ ۲ گولی صبح بالائی میں لپیٹ کر کھلادیں۔ ۳ روز تک گولی کھلاؤ۔ گولی کھا کر پانی گرم پینا ایک ایک گھنٹے

کے بعد کل مادہ خارج ہوگا۔ گولی کھانے سے ۳ روز تک پہلے کھچڑی ہو نمک کھانا اور دوا کے عمل میں بھی کھانا ۲ گولی خوراک بچہ کی ہے جوان آدمی کی خوراک ۴ گولی ہے۔ اسکے بعد کوئی عرق مصفیٰ خون پلانا اچھا ہے۔ (ر)

سریندر ابھروتی

ہرا ڈھیچی کشتہ ابرک سیاہ۔ شنگرف سے نکالا ہوا پارہ۔ بھنگرے کی رس میں صاف کی ہوئی گندھک کشتہ ہیرا کشتہ مرجان کشتہ موتی کشتہ سونا کشتہ چاندی۔ شہد اور کشتہ لوہا ان کو چترے کے پانی سے کھرل کر کے مسور کے برابر گولیاں بنا دیں۔ اور سایہ میں سکھا دیں پھر عقل کے موافق حکیم کو جیسا جیسا بیمار کے موافق انوپان سے امراض کلوم اور بدہضمی کو دور کرنے کے لئے ایک ایک گولی کھلا دے۔ کوئی ایسی بیماری نہیں ہے۔ جس کو یہ دوائی دور نہ کرے۔ سب کے واسطے اکسیر ہے۔ کلوم کی جو جو بیماری ہو ان کو دیکھ دیکھ کر حسب طاقت و عمر مریض کے وید کو استعمال کرنا چاہئے نیز کلوم کی امراض میں کوئی سخت چیز کھانے کو نہ دیوے۔

امرت آدی گوگل

گلو ۱ تولہ۔ الائچی خورد ۲ تولہ۔ مرچ ۳ تولہ۔ گڑ ہا کی چھال ۴ تولہ۔ اندرجو ۵ تولہ ہڑ ۶ تولہ۔ آملہ ۷ تولہ۔ گوگل ۸ تولہ ان سب کو ملا کر کپڑ چھان کر کے سفوف بنا دیں شہد میں ملا کر چاٹنے سے موٹاپا اور بھگندر وغیرہ بیماریاں دور ہوتی ہیں۔ (ر)

لوہ رسائن

گوگل۔ موصلی سیاہ۔ ترپھلا۔ کھیر۔ بانسا۔ ترودی۔ گورکھ منڈی۔ زگندٹی چترا چرچرہ تھوہر ان سب کو چالیس چالیس تولہ بھر لیکر ۱۲۸۰ تولہ پانی میں پکاویں جب چوتھا حصہ رہ جاوے۔ تو آگ سے اتار کر اس میں کشتہ فولاد ۴۸ تولہ پرانا گھی ۴۴ تولہ کھانڈ ۳۲ تولہ ان کو ملا دیں۔ پھر تانبے کے برتن میں پکاویں جب ٹھنڈا ہو جاوے تو اتار کر شہد ۳۲ تولہ سلاجیت ۸ تولہ۔ الائچی ۲ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ۔ بابڑنگ ۸ تولہ۔ مرچ سیاہ ۸ تولہ۔ فلفل دراز ۸ تولہ۔ ترپھلا ۸ تولہ۔ ہیرا کسیس ۸ تولہ و پیسنے والی چیزیں کپڑ چھان کر کے ملا دیں۔ اور اسے کسی چکنے برتن میں رکھیں۔ مریض کو پہلے ایک

جلاب دے لیں بعدازاں مریض ایک تولہ بھر روزانہ دوائی کھاوے - اور دودھ اور
جنگل کے جانوروں کے گوشت کی رس کھانے کی اجازت ہے۔
اس دوائی سے بات کی بیماریاں کوڑھ - پرمیہ - بخار - یرقان - سفیدی خون
سوجن - بھگندر - غشی - موہ - زہر کی بیماریاں - اپھارہ اور بہت قسموں کے زہر بسبب
بیماریاں دور ہوتی ہیں - اور موٹے آدمی کو کمزور کرتا ہے - اور پیٹ کی خرابیوں میں بہت
مفید ہے - اور موٹے کو پتلا کرتا ہے - یہ طاقت دینے والی رسائن اور اعلٰے سے اعلٰے
باجی کرن ہے - لڑکا پیدا ہوتا ہے - بال سیاہ پیدا کرے - اس میں کیلا کی جڑھ - کانجی
کروندا پھل - کریلا وغیرہ اشیاء سے پرہیز واجب کہا گیا ہے ۔ (۱۱)

جناب پنڈت صاحب دام اقبالہٗ تسلیم ایک نسخہ داد اور چنبل کا مجرب و آزمودہ
ہے تحریر کرتا ہوں - اخبار میں بغرض رفاہ عام درج فرما دیں - عنایت ہوگی - نسخہ یہ

ایمنٹ منٹ انگریزی مرہم ... ۱ تولہ ... ایڈوفارم ... ۴ رتی
زنک ... ۴ ماشہ ... کونین ... ۸ رتی
سلفر یعنی گندھک ... ۱ ماشہ ... طوطیا ... ۲ ماشہ
بروسک ایسڈ ... ۱ رتی

تمام ادویہ کو ملا کر اور داد کو کھجلا کر اور چنبل کو کاربالک صابون سے دھو کر جب
پانی خشک ہو جاوے - مذکورہ تیار شدہ مرہم تھوڑی تھوڑی لیکر خوب مالش کریں ۔
چنبل کا پانی دوسرے ہی روز خشک کر دیگی - اور آہستہ آہستہ پانچ چھ یوم تک
آرام ہو جاویگا لیکن تاہم چند یوم تک پھر بھی اس سے مالش کرتے رہنا چاہیئے
نہایت عمدہ نسخہ ہے - جو چنبل کے مریض مایوس ہو گئے ہوں - آزماویں اور دیکھیں
کسقدر فائدہ ہوتا ہے ۔ (خریدار ۹۸۲۲ ع)

روغن مقوی باہ

سم الفار سفید ایک تولہ کو ۳ تولہ شیر مدار (آک) میں کھرل کر کے گولیاں بنا
لیں - جب گولیاں تمام خشک ہو جاویں - بذریعہ پاتال جنتر تیل نکالیں - اس تیل
کی ایک سینخ بالائی یا مسکہ میں لگا کر کھا جایا کریں - ایک ہفتہ استعمال کرنے سے

بیشک دوبارہ جوان ہو جاؤ گے - آزمودہ ہے ۔

کشتہ ابرک سیاہ

ابرک کالا بہ قدر حاجت لے کر گھونگچی سرخ کے شیرہ میں ایک پہر کھرل کر کے
ٹکیہ بنا کر خشک کریں - نیچے اور اوپر چونہ دے کر ایک من کی آنچ دیں - کشتہ رنگ
سنہری برآمد ہوگا - یہ کشتہ تپ بلغمی یا بادی کے لئے یا جنکو بھوک نہ لگتی ہو - نیز طاقت
باہ کے لئے ادرک کے ساتھ دینا بے نظیر ہے - یہ نسخہ بنو باشیان کا لکھا ہے - بنو باشیان
ایک فقرا کی جماعت کا نام ہے - خوراک اس کشتہ کی ایک سرخ ہے ۔

ترکیب کشتن زرنیخ

ہڑتال ورقی کو پیالہ گلی میں رکھ کر دوسرا پیالہ بطور سرپوش لب بلب جوڑ کر
دیگدان پر رکھیں - اور نیچے نرم نرم آنچ جلاویں - اور اوپر [illegible]
پر پودینہ دشتی کا عرق چوپہ دیتے رہیں - جو جوہر اوپر لگیں گے - وہ اکسیر کا حکم رکھتے
ہیں - اگر ان میں سے کسی قدر مس پر لگا کر آنچ دیں - فوراً مس کشتہ ہو جاویگا ۔ (۱۱)

کشتہ مس یعنی تانبا

تانبا مصفیٰ ۱۰ ماشہ - رانگ ۱۰ ماشہ ہر دو کو گلا کر جب ایک جسم ہو جاویں تو اس کے
ریزے ریزے کر لیں - سیماب ۱ حصہ - آنولہ سار چار حصہ - دونوں کی ٹکیلی کر کے
ریزہ ہائے مذکور حصے کے نیچے اوپر دے کر کسی برتن میں خوب بند کر کے بعد کپڑمٹی گجپٹ
کی آنچ میں کشتہ ہوگا ۔
یہ کشتہ ہمہ صفت موصوف ہے اور عجیب الخواص ہے - نامرد کو مرد بنانا تو اس
کے بائیں ہاتھ کا کرتب سمجھئے - فالج - لقوہ - ادھرنگ اور گنٹھیا کل سات ہی خوراک
میں کافور ہوتا ہے - اور بواسیر خونی کا تو نمود نہیں چھوڑتا - خوراک ایک برنج بعض
کو نصف برنج ۔

ایک پرانی قلمی فارسی بیاض کا ترجمہ

(مترجم حکیم رفیق احمد از نجیب آباد)

طریق خوردن آہن کشتہ :- فلفلدراز - قرنفل - عاقرقرحا - زعفران ہر ایک

ایک دام برابر کوٹ چھان کر ایکماشہ ان اجزاء سے لے کر ایک رتی کشتہ فولاد ملاکر
ہر وقت صبح کھایا کریں۔

ترکیب شراب انگوری: - جو کہ خوش مزہ اور خواص میں اصلی کے برابر ہے ۔ شراب قندی دو آتشہ تیس سیر کشمش پانچ سیر چینی کے مرتبان میں رکھیں۔ کشمش ڈیڑھ سیر۔ مویز منقہ دانہ نکال کر اور مقراض سے ریزہ ریزہ کریں۔ اور ایک سیر شراب اوپر ڈالیں۔ اور نیچے آگ جلادیں۔ تاکہ اچھی طرح جوش آجاوے اور مویز منقہ پختہ ہوجاویں۔ اور اس بیس سیر شراب میں کشمش ملادیں۔ اور حرکت دیدیں۔ تاکہ وہ بھی جلکر قریب ریج کے ہوجاوے۔ پھر سرپوش رکھ کر آٹے کے آٹے سے مضبوط بند کردیں۔ اور آفتاب میں رکھ چھوڑیں۔ یہاں تک کہ جوش کھاجائے۔ بعد چند روز کے ہاتھ سے خوب ملکر چھوڑیں جب خوب طرح پک جائے۔ ہمیں بطریق اپنے رنگریزان ٹپکاویں۔ اور صاف کرکے استعمال میں لاویں۔ بہت اچھی ہوجاویگی۔

طریق استعمال کشتہ سیماب: - فلفلدراز۔ قرنفل۔ جوزبوا۔ زربادکبابہ۔ عاقرقرحا۔ الائچی۔ سفید مصطگی۔ زعفران۔ مشک ہرایک ایکدام ایک رتی کشتہ ملاکر ایکماشہ ان اجزاء میں کھایا کریں۔ ترش۔ بادی اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

طریق کشتہ زرنیخ: معمول لالہ صاحب رام:۔ زرنیخ طبقی بغدادی دو دام اول سہیڈی زرد گل کی دو سیر رس میں کھرل کریں۔ بعد ازاں پشنے کے ایک سیر رس میں کھرل کریں۔ اس کے بعد سہیڈی کبود گل کی رس میں کھرل کریں۔ بعد ازاں ۴ عدد قرص (ٹکیہ) بناکر خشک کریں۔ اور خاکستر پوست درخت پیپل قریب دس پندرہ سیر کے لیکر نصف خاکستر کڑاہی آہنی میں فرش کریں۔ اور قرصوں کو اس میں رکھیں۔ اور نصف باقی اوپر بچھاویں۔ اور کڑاہی کے نیچے آگ جلادیں اور ۲۴ پہر تک آگ جلاتے رہیں۔ جب دھواں بند ہوجاوے۔ بعد ازاں سرد کرلیں۔ اور قرصوں کو نکال کر کام میں لاویں۔ خوراک ایک چاول مقرر ہے۔

ترکیب روغن کہ کمان وغیرہ پر کیا جاتا ہے

سندرس پاؤ سیر تیل السی ڈیڑھ پاؤ ظروف گلی آب نارسیدہ لے کر دیگدان پر رکھیں۔ جب برتن خوب طرح سے سرخ ہوجاوے۔ سندرس مذکور کو چوب کرکے اس میں ڈالدیں۔ اور سرپوش سے بند کردیں جب سندرس گداز ہوجاوے۔ آگ دور کرکے روغن السی پاؤ سیر ڈالدیں۔ جب جوش آجاوے۔ تو دوسرا پاؤ ڈالدیں۔ ایک لحظہ توقف کرکے دیگدان سے اتارلیں۔ روغن تیار ہے۔

ترکیب روغن بھلانوہ

بھلانوہ کو دو ٹکڑے کرکے کسی مٹی کی ہانڈی میں بھردیں۔ بعد ازاں ایک شراب کے گھڑے کو درمیان سے توڑدیں۔ اوپر کا حصہ علیحدہ کرکے نیچے والے حصے میں درمیان میں سوراخ کردیں۔ اور ہانڈی مذکور ٹیڑھی کرکے رکھیں۔ اور گڑھے میں چاروں طرف اوپلے دے کر آگ لگادیں۔ مثل چوہ کے تیل نکل آویگا۔ بعد ازاں سندرس کو جب روغن کمان کے گداز کریں۔ جس وقت گداز ہوجاوے۔ روغن بھلانوہ مذکور ڈالکر آگ پر رکھیں۔ ایک لحظہ میں جوش آئیگا۔ اسوقت دیگدان سے اتار کر بحفاظت تمام رکھ چھوڑیں۔ چوہ کھینچنے کے وقت ایک پیالہ نیچے رکھدیں۔ تاکہ تیل اس میں ٹپک آوے۔ اسکے بعد آگ دینی چاہئے۔

طریق جوہر خراطین نکالنے کا

قریب ایک سیر کے خراطین لاکر سرگین گاؤ میں ڈالدیں۔ روغن بیش دو تولہ اور سہاگہ ڈالکر سب کو ایک جگہ کرکے اوپلہ بناویں جب خشک ہوجاوے۔ کسی پاک صاف جگہ جلادیں۔ اور اس کی راکھ کسی تغار میں ڈال کر پانی سے دھودیں۔ اور پانی اوپر سے ڈالیں۔ جب راکھ بہ جاوے۔ اور تغار کی تہ میں کچھ تہ نشین رہجاوے اسکو لیکر تھوڑے روغن اور شہد وسہاگہ ایکجا کرکے بوتہ میں ڈال کر آگ میں گھلادیں بس اصل ایک جا ہوجاویگا۔

ترکیب تیزاب کھینچنے کی جس سے سیماب کشتہ ہوجاوے

شورہ قلمی ایک سیر۔ زاک زرد بمبئی ہیرا کسیس آدھ سیر۔ چوا کھار ڈھائی پاؤ کسی

شیشی میں گل حکمت کرکے جملہ اشیاء ڈالدیں۔ اور آگ پر مثل چوہ کے عرق ٹپکا دیں۔ تیزاب نکل آویگا۔

ترکیب دیگر پارہ کو خاکستر کردیوے

تخم کرفس ۵ ماشہ۔ زہر سنکھیا ۵ ماشہ۔ گھونگھچی ۵ ماشہ۔ اجوائن خراسانی ۵ ماشہ ریزہ کچلہ ۵ ماشہ۔ کبریت ۵ ماشہ۔ تخم دھتورہ ۵ ماشہ۔ سب کو اکٹھا کرکے شیر گاؤ سیاہ کہ جس کا بچہ بھی سیاہ اور نر ہو جسقدر خشک کریں۔ تر کرتے جاویں۔ اور سایہ میں خشک کریں۔ تر کرتے جاویں۔ اور سایہ میں خشک کریں۔ بعد ازاں بطریق چوہ کے اس کا عرق لیکر محفوظ رکھیں جب پارہ کھاویں۔ مقدار ایک رتی کے برگ پان پر رکھ کر اور اس عرق سے دو ایک قطرہ ڈال کر سیماب کو حل کریں۔ جب خاک ہو جائے برگ تنبول کے ساتھ کھاویں۔ اور ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ قوت باہ اور بھوک بڑھاتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔ بارہا تجربہ کیا گیا ہے۔

نسخہ جواہر مہرہ عمل حکیم فتح اللہ صاحب لعل چار سرخ۔ یاقوت سرخ ۴ سرخ یاقوت کبود ۴ سرخ۔ یاقوت زرد ۴ سرخ عقیق یمنی ۵ سرخ۔ یشب ایکماشہ پانچ سرخ فیروزہ ۱ ماشہ۔ کہربا دو اور پاؤ ماشہ پانچ سرخ۔ مروارید سوا دو ماشہ۔ جدوار ۶ ماشہ پانچ سرخ۔ نارجیل دریائی سوا تین ماشہ۔ لاجورد سوا ۳ ماشہ۔ تریاق فاروق ۲ سرخ۔ مومیائی۔ مشک۔ عنبر اشہب ہر ایک ۶-۶ رتی۔ کافور ۳ جو۔ افیون ایک سرخ۔ ورق طلا ۲ ماشہ۔ گوند کے پانی سے گولیاں بنا دیں۔ مقدار خوراک ۲ رتی۔ تقویت بخشنا ہے اور اوراش حرارت میں لاجواب ہے۔ بعض نسخوں میں بسد ایک ماشہ تحریر ہے۔

نسخہ جواہر مہرہ معمولی:۔ یاقوت ہر سہ۔ لعل زمرد ہر ایک اجزء مروارید مرجان یشب محرق ہر ایک جزء۔ خاکستر شاخ گوزن سوختہ۔ چوب ہا ہر ایک ۳ جزو۔ ابریشم محرق زعفران مصطگی ہر ایک اجزء۔ نارجیل دریائی۔ جدوار خطائی۔ مومیائی کانی ہر ایک ۳ جزو۔ فادزہر ہری۔ اجزء بہ لعاب کتیرا میں قرص بنا دیں۔ عنبر اشہب اور ورق طلا دو دو جزو اور نیم جزو بڑھا دیں۔ بہت مقوی ہو جاویگا۔ بعد ازاں تین ماشہ اس دوا سے اور ایک ماشہ مغز تخم ترنج اکٹھا صلایہ کرکے اس پر لیپ کریں۔ اور ورق طلا کو گوشت کر کھاویں

ترکیب چینی جوڑنے کی:۔ روغن کہربا اور سفیدہ کاشغری اس میں حل کریں اور ٹوٹی ہوئی جگہ پر طلا کریں۔ اور باہم پیوند کرکے دھاگہ سے مضبوط باندھیں۔ اور آفتاب میں خشک کریں مضبوط ہو جاویگا۔

ترکیب مچھلی کے کانٹے گلانیکی

اگر چار سرشاہی مغز پٹیھہ ایکسیر مچھلی میں ڈالیں تمام کانٹے گل جاوینگے۔

ترکیب جل مندرہ بنانے کی

[illegible] کے کار آمد ہے۔ سہ نجنہ کو خوب گھسکر سفیدی بیضہ مرغ سترہ (۱۷) عدد میں خمیر کرکے کٹورے کے چاروں طرف چسپاں کریں۔ اور اسی کے اوپر پانی ڈالیں اگر دس روز تک آگ میں رکھیں گے۔ پانی اثر نہیں کریگا۔ ایک مجوسی سے دستیاب ہوا ہے۔ اگر بیضہ مرغ سے سفیدی کم ہو تو پانی ڈال لیں۔ اور خمیر سخت مثل پتھر کے کریں۔ اور ۴۸ گھنٹے تک آفتاب میں بعد ازاں پانی ڈالیں۔ اور آگ جلادیں۔

ترکیب چٹنی بنانیکی:۔ کہ سال بھر تک اپنی ہیئت اصلی پر رہتی ہے۔ امراء کے کھانے کے قابل ہے۔ انب نام آم خام ایکمن لیکر پوست اور گٹھلیاں دور کرکے خوب باریک پیسیں اور آدھ سیر پانی ادرک ایکسیر عرق نعناع میں داخل کریں۔ اور نمک بقدر ذائقہ دار چینی۔ قرنفل و پودینہ خشک۔ مرچ سیاہ۔ مرچ سرخ۔ خولنجان۔ کلونجی۔ دانہ الاچی کلاں۔ جوز بوا ہر ایک ۲ دام۔ کشنیز خشک نیم پاؤ۔ سب کو کوٹ چھان کر داخل کرکے شیشے یا چینی کے مرتبان میں بحفاظت رکھ چھوڑیں۔ اگر عرق خشک ہو جاوے۔ بقدر تراوٹ اور ڈالدیں۔

ترکیب مسی کہ خوب استحکام دندان کرتی ہے:۔ برادہ آہن دو تولہ۔ مازو کہنہ ۵ تولہ۔ توتیا سبز ۲ تولہ۔ گیرو سرخ ۲ ماشہ۔ سنگ جراحت ۴ ماشہ۔ دانہ الاچی ساڑھے ۳ ماشہ۔ چنیا گوند ساڑھے ۳ ماشہ۔ مصطگی رومی ۴ ماشہ۔ کسیس ۴ ماشہ۔ سوہن مکھی ۴ ماشہ۔ اول برادہ آہن کو مٹی کے پیالہ میں رکھ کر آب لیموں کاغذی اوپر ڈالیں۔ اور اس قدر ڈالیں کہ آب لیموں ۴ انگشت اوپر آجائے۔ پس اسکو

کونوں کی آگ پر چڑھا دیں۔ اور نیب کی لکڑی سے چلاتے رہیں۔ تاکہ خشک ہو جائے پس اس کو اتار کر دوسرے اجزا کوٹ کر اور پارچہ بیز کر کے چھان کر کے مستی بنا کر چھوڑیں۔ اور بوقت ضرورت دانتوں پر ملا کریں ٭

شراب بنانا:۔ اگر ایک تولہ کی پیالی مقدار پئیں ٨ پہر تک نشہ کرتی ہے۔ اور رنگ چہرہ سرخ بناتی ہے۔ اور منی مثل سیماب کے کرتی ہے:۔ پوست بیخ ڈھاک ٢ سیر پوست بیخ لسکھر اسیر ۔ موصلہ سنبل جوان ٣ سالہ پاؤ سیر ایک چھٹانک کچھ تخم خروس چھٹانک تخم ترب چھٹانک۔ قند سیاہ اڑھائی سیر بدستور معروف شراب آتشی کھینچیں۔ ٩ ماشہ مقدار خوراک ہے۔ اگر قوی اور جوان ہو تو ایکدام کھا سکتا ہے اور موسم سرما میں جبکہ برف پڑتی ہو کسی برتن میں رکھ کر برف کی طرح بستر کریں صبح کے وقت جو روغن اوپر آجائے کبوتر کے پر سے اتار کر ایک رتی برگ پان میں کھاوینگے تو قدرت خدا مشاہدہ کرینگے ٭

ترکیب مستی:۔ سنگ جراحت ٥ تولہ۔ گیرو ٢ ماشہ۔ لوہ چون ٥ تولہ۔ سہ بن مکھی ابرک مازو ٥ تولہ۔ توتیا سبز ٢ ماشہ۔ کتھہ سفید ایک ماشہ۔ الاچی کلاں ٢ تولہ۔ کسیس زرد سب کو کوٹ چھان کر کھرل میں سرمہ بنا دیں ٭

ترکیب منجن دندان:۔ مازو۔ توتیا بریان۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ۔ مہندی۔ کسیس گل ذقل نگل لیتہ۔ سب کو باریک پیکر پارچہ بیز کر کے چھان کر کے کام میں لاویں ٭

نسخہ حمل رہنے کا:۔ برگ حنا ایکدام پختہ قند سیاہ ٢ دام دونوں کو رات میں ڈیڑھ پاؤ پانی میں تر کر کے صبح کے وقت ہاتھ سے مل کر صاف کریں جب عورت بول و براز سے فارغ ہو وہ پہر تک پیشاب نہ کرے جو وقت بہت بیقرار ہو قارورہ کی شیشی میں پیشاب نہ کرے جو وقت بہت بیقرار ہو قارورہ کی شیشی میں پیشاب کرے اور دیکھے اور سرخ یا سیاہ ہو تو قابل علاج ہے۔ اور اگر سفید ہو تو لاعلاج ہے۔ اگر قابل علاج ہو تو برگ دھتورہ اور سرگین خرگوش ایکدو تولہ زہرہ ماہی ہو ایک عدد ۳ ہم سب کو پیکر اور صوف میں: بعد کرغسل شیا فہ ایام حیض میں تین روز فرزجہ بنا کر رکھیں اور بعد ٣ روز کے غسل کر کے شوہر سے ہمبستر ہو مجرب ہے ٭

دوائی بیہوشی کہ قبل شگاف زخم دیجائے

کچھ درد اور تکلیف معلوم نہ ہوگی۔ شیخ صاحب سے یہ نسخہ دستیاب ہوا ہے۔ افیون خالص بزرالبنج۔ پوست بیخ لفاح۔ تخم دھتورہ۔ تخم کاہو سب اجزا کو مساوی جدا جدا لیں اور جوکوب کر کے جوشدیں۔ اور صاف کر کے گندم تھوڑے سے اس پانی میں تر کریں۔ اور کسی صاف برتن میں رکھ کر محفوظ جگہ رکھیں تاکہ خشک ہو جاویں۔ بعدہ پھر ان دواؤں کو جوشدیں۔ اور صاف کر کے گندم مذکور اس کے اوپر ڈالیں۔ چار پانچ مرتبہ اسی طرح کریں۔ بعد میں گندم کو خشک کر کے رکھ چھوڑیں جبوقت ضرورت ہو مرد قوی کو ایک ماشہ اور بچوں کو ٣ رتی صلایہ کر کے دیں تاکہ پی لیں۔ جب ضرورت ہو کہ ہوش آجائے یہ دوا عمل میں لادیں ٭

دوائی دیگر رفع بیہوشی:۔ کندش۔ زنجبیل۔ فرفیون۔ جندبیدستر ہر چہار کو نرم صلایہ کر کے قند سرکہ میں ڈالکر مزاج دہن شیشی میں کر کے برابر ناک کے کریں تاکہ بو اسکی دماغ کو پہنچے چند چھینکیں آکر ہوش آجاویگا ٭

ترکیب مرہم بنانیکی:۔ چربی سفید ایکسیر۔ رال سفید سہ پاؤ خوب باریک پیسکر زنجفر بقدر ٩ ماشہ زرد چوب ایکدام خام اول چربی کو دیگدان پر پگھلاویں۔ اور زنجفر اس میں ڈالدیں۔ تاکہ بو اسکی چلی جائے اور قدرے زرد چوب ڈال کر پھرا دیں۔ تاکہ رنگ قبول کرے۔ بعد ازاں رال ڈالدیں۔ اور کسی لکڑی سے جلادیں۔ تاکہ آمیز ہو جاوے جاوے اور بعجلت تمام نیچے اتار کر مٹی کے پیالہ میں ڈالیں نہایت عمدہ مرہم تیار ہوگا۔ بعضے اس طرح بناتے ہیں کہ مثلاً سیر اور موم خالص پاؤ سیر اور زنجفر ایکدام خام اور زرد چوب کم اچاہیں۔ تو بجائے زرد چوب اور زنجفر کے کافور بہ قدر ٥ ماشہ ڈال کافوری تیار ہوگا ٭

بیخ مدار اول ... بناویں۔ خوراک ... دونوں وقت ہیضہ میں

معجون حجر ... ال کہ دفعیہ جذام کیلئے مجرب ہے

مغز تخم کدو ... سے پہنچا ہے:۔ پانچدام سیماب۔ ایکدام شیرہ جھکنی۔ پانچدام ١ تولہ حجر الیہود ٩ ... سائی خورد عصارہ گناگی کلاں۔ شیرہ بھنگرہ۔ شیرہ تھوہر خاردار۔

شیرہ بلبل زرد۔ عصارہ دھتورہ سیاہ ...
میں حل کریں۔ بعد ازاں ظرف گلی میں ...
ہو رکھ کر ٣ ٦ پہر تک درمیانہ آگ ...
میں کھانا شروع کریں۔ ایکدفعہ کے ...
تو اشتہا اور قوت باہ بے اندازہ ...

دانت سیاہ و خراب:۔ نسخہ ...
جوان کی دانت پان اور مستی ...
ان کا نسخہ ذیل سے علاج کیا ...
ہیں۔ دوبارہ سیاہ نہیں ہوئے ...
تحریر فرمادیں۔ سمندر جھاگ ...
٢ تولہ۔ روغن بابونہ ٢ تولہ ...
سے ملا کریں۔ یقین کامل ہے ...
میں کامل طور فائدہ ہو گیا ...
از مجرب ...
درج اخبار فرما کر مشکور ...
اٹھاویں گے ٭

جوب برائے امراض ...
تخم دھتورہ سیاہ ٣ ماشہ ...
بنادیں بمقدار سرخ کے خوراک ...

برگ نیم۔ بابڑنگ ...
فرمادیں ٭ (...)

خناب ٥ دانہ عنب ...

شیرہ بلبل زرد، عصارہ دھتورہ سیاہ، شیرہ (جلبہ یہ دوا سمجھ میں نہیں آئی) از ہر یک ۷ تولہ
میں حل کریں۔ بعد ازاں ظرف گلی میں ڈال کر ایسی ہانڈی میں جس میں ریت بچھا ہوا
ہو رکھ کر ۲۴ پہر تک درمیانہ آگ دیں۔ بعد ازاں ایک سرخ سے دو سرخ تک پان
میں کھانا شروع کریں۔ ایکدفعہ کے کھانے سے جذام اور برص دور ہوگا۔ اگر ۳ بار کھاویں
تو اشتہا اور قوت باہ بے اندازہ ہو جاویگی۔ (د۔ر)

دانت سیاہ و خراب:۔ نسخہ ذیل میرے ایک خاص دوست کا تجربہ شدہ ہے
جوان کی دانت پان اور مستی وغیرہ کے باعث بالکل سیاہ ہو کر خراب ہو گئے ہیں
ان کا نسخہ ذیل سے علاج کیا۔ تو دانت سفید مثل موتی کے ہو گئے جو کہ اب تک سفید
ہیں۔ دوبارہ سیاہ نہیں ہوئے۔ مجرب نسخہ سمجھ کر پیش خدمت ہے۔ بعد تجربہ بذریعہ اخبار
تحریر فرما دیں۔ سمندر جھاگ ۵ تولہ لیکر باریک پیسیں۔ اور اس میں روغن ناریل
۲ تولہ۔ روغن بابونہ ۲ تولہ ملا کر رکھ لیویں۔ وقت صبح و شام ہمراہ مسواک زور
سے ملا کریں۔ یقین کامل ہے۔ کہ بہت جلدی سیاہی دور ہو جاوے گی۔ ان کو ۱۵
میں کامل طور فائیدہ ہو گیا تھا مجرب ہے۔ (حکیم سید غلام علی شاہ)

از مجربات حکیم نرائن لعل پری بیناسی

درج اخبار فرما کر مشکور فرما دیں۔ جو ناظرین ان کو بنا کر تجربے کرینگے فائیدہ عظیم
اٹھاویں گے۔

جوب برائے امراض نزلہ و تپہائے بلغمی و سودا

تخم دھتورہ سیاہ ۳ ماشہ۔ زنجبیل ۷ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۷ ماشہ
بناویں بمقدار سرخ کے خوراک بقدر احتمال طبیعت کے۔

برائے اقسام کرم شکم

برگ نیم، بابرنگ، کمیلہ ہموزن سفوف کرکے شہد
فرماویں۔ (د۔ر)

خارش کیواسطے مجرب

ضابہ دانہ، صندل سفید ۵ ماشہ، گاؤزبان ۵ ماشہ۔

ج نورات میں
کریں جب عورت بول
شیشی
بیقرار ہو۔ قارورہ کی
شی میں پیشاب کرے
تو لا علاج ہے۔ اگر
رہ ہو ایک کو
زعفران بنا کر رکھیں

چرائتہ ۵ ماشہ سرپھوکہ ۵ ماشہ خساندہ کرکے ۳ تولہ شہد ملا کر پلا دیں۔ (د۔ر)

عرق برائے خارش نہایت پُر تاثیر ہے

گل گاؤزبان۔ گل نیلوفر، سرپھوکہ، برادہ شیشم، صندل سفید، چرائتہ، برہم ڈنڈی
نیل کنٹھی، پوست کچنال، پوست مولسری، گل مولسری، عناب، ہرن کھری، عشبہ، گل
ہر ایک ۵ درم۔ کافور دو درم کوٹ کر خام سبزہ تولے کر دیگچہ میں پانی ڈال کر عرق
کھینچیں۔ شہد ملا کر بقدر ۱۰ تولہ نوش کریں۔ فی یوم ایک پاؤ۔ (د۔ر)

نسخہ برائے پھنسیاں چہرہ

اگر چہرے پر پھنسیاں سرزد ہوں۔ تو چند بار امرت دھارا کے لگانے سے کافور
ہو جاتی ہیں۔ (د۔ر)

کشتہ عقیق

دل کی تقویت کیواسطے نہایت کارآمد ہے:۔ ۱ تولہ عقیق جو کہ نہایت سرخ ہو۔
اسکو آگ میں سرخ کرکے عرق بیدمشک و کیوڑہ میں ڈالیں۔ اسی طرح بار بار
بجھ دیتے جاویں حتے کہ سفید نہ ہو جاوے۔ پھر پاؤ پختہ مغز کنول گٹہ کا پانی سے نغدہ
بنا کر عقیق درمیان دے کر سمپٹ کریں۔ خشک کرکے آگ میں پختہ اوپلے جنگلی یا خانگی
یا کوئلہ کی گڑھا کھود کر دیدیں۔ سرد ہونے پر دوبارہ مذکورہ بالا عمل پھر کریں کہ مثل لائی
ہو جاویگا۔ خوراک ۱ تولہ مکھن میں ایک رتی رکھ کر کھلانا فوراً مقوی قلب اور معدہ
و دماغ کو بھی خوب قوت دیتا ہے جو کہ کامل درجہ کا تیار شدہ ہوگا۔ (د۔ر)

گولیاں برائے وجع المفاصل و ہیضہ کے مجرب ہے

بیخ مدار ۱ تولہ۔ فلفل گرد ۶ ماشہ۔ نمک سونچر ۶ ماشہ گولی بمقدار سیاہ مرچ کے
بناویں۔ خوراک وجع المفاصل کے واسطے ایک ایک گولی روغن زرد ½ تولہ کے ہمراہ
دو نوں وقت ہیضہ میں ایک یا دو گولی سے فوراً صحت ہوتی ہے۔

معجون حجر الیہود مجرب کہ سنگ گردہ و مثانہ کو دفع کرکر

مغز تخم کدو شیریں ۱½ تولہ۔ مغز تخم خیارین ۱½ تولہ۔ مغز تخم خربزہ ۱½ تولہ۔ کاکنج
۱½ تولہ۔ حجر الیہود ۹ تولہ۔ شہد سہ چنداں بدستور معجون بناویں۔ خوراک ۵ ماشہ۔

ہمراہ چو شاندہ خار خشک ۱ تولہ کے تناول کریں ۔ (د)

معجون کشمش مقوی باہ مولد و مغلظ منی

موچرس ۵ درم۔ ثعلب مصری ۵ درم۔ سمندر سوکھ ۵ درم۔ موصلی سیاہ ۵ درم۔ موصلی سفید ۵ درم۔ مغز بادام ۱۵ درم۔ ستاور ۱۰ درم۔ سونٹھ ½ ۲ درم۔ خولنجاں ½ ۲ درم۔ کشمش آدھ سیر۔ قند سفید ایک سیر بدستور قوام بناویں۔ اور ہمہ ادویہ کوفتہ بیختہ آمیز کریں۔ خوراک ۲ تولہ۔ دودھ گائے کے ہمراہ جس میں خرما جوشیدہ ہو۔ (د)

درد گردہ کا مجرب علاج

السی ۹ ماشہ لے کر پاؤ بھر پانی میں جوش دیں۔ بعد ازاں جواکھار ۳ ماشہ پھانک کر اوپر سے جوش شدہ پانی میں ۳ قطرہ امرت دھارا ملا کر پلا دیں ۔ (د)

ضماد برائے درد گردہ

مغز تخم کرنجوہ۔ سفیدی بیضہ مرغ۔ دس قطرہ امرت دھارا ملا کر نیم گرم لیپ کریں۔

مضبوطی و صفائی دانتوں کیلئے نہایت کار آمد منجن

پھٹکڑی بریاں ۱ تولہ۔ چاک مٹی ۲ تولہ۔ ان کا سفوف بنا کر دانتوں پر ملیں۔ اگر درد شدید ہو۔ تو تھوڑے سفوف میں دو قطرہ امرت دھارا کے ملا کر عمل میں لادیں۔ درد کافور ہوگا ۔ (د)

برائے ورم الطحال

نوشادر ۵ تولہ۔ سہاگہ ۳ تولہ۔ شورہ قلمی ۴ تولہ تینوں کو دو پیالہ گلی میں رکھ کر جوہر اڑالیں۔ اور نمک سونچر۔ فلفل گرد ۲ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ۔ زیرہ سفید مقشر ۱ تولہ۔ سب کے ہموزن مصری ملا کر بقدر ۳ ماشہ ہمراہ سکنجبین سرکہ والی کے تناول کریں ۔ (د)

حب سہال خونی بخش

شنگرف مصفے۔ افیون۔ سہاگہ و مصطگی کل ہموزن حب بمقدار جوار ایک گولی صبح ایک گولی شام پانی سے تناول فرماویں ۔ (نرائن پوری حکیم)

آنکھوں کی پھنسیوں کیواسطے

کشتہ ست ۳ ماشہ۔ پھٹکڑی بریان ۲ ماشہ۔ طوطیا بریان ۱ ماشہ۔ سرمہ سیاہ ۲ تولہ زاب ۵ دانہ

ان سب کو اول نیم کے پانی میں بعد ازاں مہندی کے پانی میں مانند غبار بنا دیں۔ اور استعمال کریں۔ اور فائدہ عظیم ہوگا ۔ (د)

ضماد بیضہ کی خارش کے واسطے

درخت سرس کی چھال پیس کر ضماد کریں۔ یا امرت دھارا قدرے روغن سرشف میں ملا کر لگادیں۔ چند روز میں آرام ہوگا ۔ (د)

بخار چوتھیہ کیواسطے نیز بہدف نسخہ

مغز بلاس پاپڑہ ۱ تولہ۔ مغز کرنجوہ ۱ تولہ۔ دونوں کو پیس کر بقدر نخود کے گولیاں بناویں خوراک ایک گولی روزانہ کھلاویں۔ دورہ کے دن تین حب ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے کھلادیں۔

بواسیر خونی بادی کیواسطے نہایت زود اثر

مغز تخم نیم۔ گوگل مصفے۔ رسوت۔ ایلوا۔ فلفل گرد۔ گیرو۔ پوست ہلیلہ زرد مساوی الوزن گرد دہ یعنی لگڑ چھنڈی کے پانی میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بناویں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام باسی پانی سے نگلیں ۔ (د)

برائے آتشک و زخم ناسور و بھگندر کو مجرب ہے

مغز کرنجوہ۔ فلفل گرد۔ زنجبیل۔ جماّلگوٹہ مصفے مساوی الوزن کوٹ پیس کر پانی میں بقدر سیاہ مرچ حبوب بناویں۔ خوراک ایک دو گولی تین ہفتہ تک کھلاویں۔ ایک دست روزانہ آتا ہے کچھ پرہیز نہیں ہے ۔ (د)

برائے سوزش سوزاک

رال سفید ۲ تولہ۔ نبسلوچن ½ تولہ۔ کباب چینی ۲ ماشہ۔ مصطگی ۳ ماشہ۔ الاچی خورد ½ تولہ۔ سنگجراحت ½ تولہ سب کو پیس کر ہموزن کھانڈ دیسی ملا کر سفوف بناویں خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شیر گائے بوقت صبح تناول فرماویں۔ سرخ مرچ ترشی سے پرہیز لازم ہے ۔ (د)

سوزاک و قرحہ کا قلع و قمع

صدف۔ شورہ قلمی۔ نوشادر۔ پھٹکڑی۔ سہاگہ۔ سم الفار ہر ایک برابر وزن لیکر دو روز کھرل میں کھرل کریں۔ بعد ازاں ٹکیہ بنا کر خشک کرکے ایک سر چونہ گلی کے اندر رکھ کر منہ بند کرکے سات سیر اپلہ کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے۔ نکال کر پیس کر رکھیں

نہایت عمدہ مرکب تیار ہو گا۔ رال ایک چھٹانک کو دو چھٹانک بالوریت کے ساتھ لت پت کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ نصف بوند تیل کو ایک سرخ کشتہ میں ملا کر بالائی یا مسکہ میں رکھ کر نہار منہ نگل لیا کریں۔ دوران عمل میں ترش اشیاء مرچ سرخ تیل کی اشیاء سے قطعی پرہیز کریں۔ بفضلہ تعالیٰ ہی خوراک میں خواہ کیسا پرانا سوزاک کیوں نہ ہو شفا ہو گی ۰

بینظیر نسخہ ممسک و مقوی باہ

سکہ ۴ ماشہ سیماب ۴ ماشہ اول سکہ کو کسی برتن میں ڈال کر آگ پر گلا دیں اور درمیان سیماب شامل کر کے عقد کریں۔ میٹھا ۵ تولہ کو شیرہ بنا زبو میں ایک دن کھرل کر کے دو ٹکیاں بنالیں۔ پھر کوزہ گلی میں ایک ٹکیہ رکھ کر اوپر اسکے عقدہ سرب و سیماب رکھیں۔ دوسری ٹکیہ عقد پر رکھ کر شیرہ بنا زبو قریب ۱۱ تولہ کے کلیہ میں داخل کر کے مضبوط گل حکمت کر دیں۔ اور ۱۲ سیر کی آنچ میں جب سرد ہو جاوے۔ تب نکال لیں۔ نہایت عمدہ کشتہ برآمد ہو گا۔ خوراک ایک برنج سے تین برنج تک امراض سلبیہ بلغمیہ یا بوسہ کے لئے اکسیر ہے ۰

برائے دفعیہ سفیدی چشم جالا پھولہ غبار دھند ناخونہ رمد وغیرہ جمیع امراض چشم

جو میرے تجربے میں نسخہ آ چکا ہے۔ ہدیہ ناظرین ہے۔ بسکھپرا سفید کی جڑ ۲ تولہ افیون ایک تولہ۔ ریوند ۳ تولہ سکائی مرچ ۲ تولہ عقرقرحہ ۶ ماشہ۔ پہلے مرچ سیاہ کو زہرہ گاؤ میں ڈال ۴ روز رکھ چھوڑیں۔ بعد خشک ہو جانے کے تمام کا سفوف کر کے عرق ہنجنہ سے دو پہر کھرل کریں۔ بعد ازاں ۲ پہر عرق لیموں میں کھرل کر کے قرص بنا رکھیں۔ انشاء اللہ سوائے موتیا بند دیگر جملہ امراض چشم کے لئے اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ اس دوائی کے استعمال سے بہت سے مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ ترکیب عرق لیموں میں گھس کر آنکھ میں لگانا چاہئے۔ پرہیز گرم و بادی اشیاء و ترشی۔ گوشت مچھلی ۰

کھول شنگرف

بند شورہ ۱۰ تولہ سنبل سنکھیا ۱ تولہ سنکھیا کو عرق اترنی میں دو پہر کامل حل کر کے

شنگرف پر لحاف کی طرح لگا دیں۔ مابعد ایک ٹھیکرے میں شورہ کے درمیان ڈلی مذکورہ رکھ کر آگ دیں۔ اور ایک سوئی سے دیکھتا جائے جب سوئی شنگرف میں صاف اتر جائے ٹھنڈا کر دیوے۔ انشاء اللہ کشتہ گلابی رنگ کا ہو گا۔ اور یہ کشتہ رنگتا ہے مجرب ہے ۰

کشتہ نقرہ جاذب

قرص نقرہ یا روپیہ کو آگ میں گیارہ دفعہ تپا کر دودھ میں بجھا دیں۔ بعدہ خرطومی یعنی ہاتھی سونڈی بوٹی کے ایک سیر نغدہ میں روپیہ رکھ کر گجپٹ آنچ دیں۔ بعد سرد ہونے کے نکال لیں کشتہ نقرہ برآمد ہو گا ۰

دودھ کا سفوف بنانا

پانچ چھ بار میں نے دودھ کو اس طرح برادہ بنایا ہے۔ کہ دودھ خالص ایک سیر اسکو نرم آگ پر چڑھایا۔ اور شطانحول کی جسکو فارسی میں درخت شانہ اور اردو میں کنگھی کہتے ہیں۔ ہری شاخ لیکر دودھ مذکور کو مسلسل چلاتے چلاتے کھویا کر دیا۔ بعدہ اتار کر سرد کر لیا۔ اور ہتھیلی سے مل کر برادہ بنا لیا کھویہ کو زیادہ آنچ پر نہ رکھے۔ ورنہ حدت آتش سے اس میں سرخی آ جاوے گی۔ یہ برادہ آٹے کی طرح ہو جاتا ہے۔ اور سیر بھر عمدہ دودھ میں پاؤ بھر برادہ نکلتا ہے۔ اور رنگ برادہ مذکور کا سفید خفیف سی سبزی لئے ہوئے ہوتا ہے سبزی ہری شاخ سے چلانے کا اثر ہے۔ نہایت خوش ذائقہ مقوی قلب و معدہ مصلح خون ناقص کا ہے۔ اگر برادہ سیر بھر گرم پانی میں ڈال کر لکڑی یا انگلی سے چلا دیا جائے۔ تو پھر دودھ اصلی حالت پر عود کر آتا ہے۔ کنگھی کو ہندی میں کانگھی و کنگھنہ و جھنگر کہتے ہیں۔ اور مالوہ کی طرف پہاڑی اور سنسکرت میں پیلا بندا کہتے ہیں۔ دو قسم کی ہوتی ہے۔ خورد و کلاں پھول بھی دو قسم کے ہوتے ہیں۔ زرد گل اور سفید گل آخر الذکر بوٹی اکسیر اعظم ہے ۰

ترکیب سم الفار موزیتہ

خوانندہ تولہ لے کر ایک کٹورہ پر موٹا کاغذ گوند سے چسپاں کیا جاوے۔ اور اس کاغذ پر سوراخ سوزن سے نکال دیئے جاویں۔ پھر ایک دیگچے کو پانی سے بھر کر آگ پر چڑھا دیا جاوے۔ اور کٹورہ اس دیگچہ کے اوپر پانی پر رکھا جاوے۔ اوپر سے دیگر برتن سے ڈھانپ دیا جاوے۔ اسکا تیل نکل آویگا۔ سم الفار ایک تولہ لیکر اس تیل کا چوبہ دیا جاوے۔ حکم اکسیر رکھتا ہے ۰

حملان قمر، شورہ قلمی ا ماشہ، سہاگہ خام ا ماشہ، جار چکنا ا ماشہ، سم الفار سفید اصلی نہایت باریک پیسکر قدرے شہد ملاکر اوّل مس مصفےٰ پر ضماد کریں جب قدرے خشک ہو جاوے کو ٹھالی میں رکھکر چرخ دیں۔ انشاء اللہ مس سفید ہوگی ہموزن نقرہ ملاکر کام میں لاویں۔ (خادم الفقرا حکیم سید علی شاہ)

کاجل برائے سوزاک کہنہ

برادہ شاخ گاؤمیش ۲ تولہ۔ اسگندھ ناگوری ۲ تولہ۔ مغز تخم خربزہ ۶ ماشہ۔ خارخسک ۶ ماشہ۔ گل حرمزی ۴ ماشہ باریک پیسکر روغن یاسمین قسم اوّل میں آلودہ کرکے کپڑے پر ضماد کرکے فتیلہ بناکر بدستور معروف کجل تیار کریں۔ ضرورت پر قدرے مکھن گائو ملاکر سلائی سے آنکھ میں لگاویں۔ پرہیز گرم اشیاء مرچ سرخ۔ ترشی وغیرہ دو ہفتہ میں مرض لاحقہ برطرف ہوگا۔ (")

روغن خوردنی مبہی و مشتہی اکسیر

گندھک آملہ سار ا تولہ۔ سم الفار سفید ا تولہ۔ ہڑتال طبقی ا تولہ۔ شنگرف ا تولہ۔ اوّل شنگرف پر ایک زردی بیضہ بط ڈال کر پکاویں۔ جسوقت زردی کوئلہ ہو جاوے، دوسری زردی ڈالکر پکاویں۔ اس طرح ۵ عدد زردی بیضہ میں پکاویں۔ بعدہ سب کو ہمراہ عرق تہ ماہی رو ہو کھرل کریں۔ اور ایک ایک تولہ عرق ڈالتے جاویں۔ اس طرح ۲۴ تولہ عرق جذب کریں۔ بعدہٗ عرق پیاز ۲۰ تولہ جذب کریں پھر روغن مالکنگنی تازہ نکالا ہوا ۵ تولہ جذب کرکے سب کی گولیاں بناکر بطریق معروف روغن کشید کریں احتیاط ہے جوہر سوختہ نہ ہو ورنہ بالکل ناقص ہوگا۔ خوراک ایک سینک بالائی تولہ بھر میں صبح و شام نوش فرماویں موسم سرما میں استعمال ہو۔ روغن و شیر خام زیادہ استعمال ہو۔ غذا مرغن ہو ایک ہفتہ میں دوسری حالت ہو جاویگی۔ (")

دو مجرب نسخہ جات

(اوّل) بدہضمی۔ درد معدہ۔ پیٹ درد کو مفید ہے قبض کشا ہے۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔ غلفل دراز ۳ عدد۔ دار چینی ۳ ماشہ۔ سونٹھ ۳ ماشہ۔ ہینگ ا ماشہ۔ اجوائن ا تولہ

بعد خوراک کھائے۔ (قاضی محمد درویش)

(۲) کوتاہ دمی کو از حد مفید ہے

مصطگی بقدر ایک تولہ لیکر اس کو مصبر کے پانی میں سات بار تشویہ دے۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں۔ خوراک ا گولی صبح اور ایک شام ہمراہ آب تازہ۔ (")

ایک مجرب نسخہ ناسور کا تحریر کر رہا ہوں

اسکو اخبار میں جگہ دیکر مشکور فرماویں۔ سر پھوکہ نگی جڑ ایک تولہ کافور ۶ ماشہ ان دونوں کو گائے کے پیشاب میں پیسکر اور گرم کرکے زخم پر باندھ دیوے۔ اور دوسرے یوم بعد دوسرا اسی طرح تبدیل کرکے لگاوے کیسا ہی پورانا ناسور ہو فوراً آرام آجاویگا۔

دھرم پرشاد نگم قصبہ ڈاکخانہ ریلوے اسٹیشن کھاگا

آنکھ کا مجرب نسخہ

آنکھ آجاوے۔ اور سرخ ہو اسکے لئے پھٹکڑی بریان دو دام پختہ۔ زردچوب سات ماشہ۔ خام افیون پانچ ماشہ پاؤ سیر مہوے کا عرق میں لوہے کی کڑاہی میں ہلکی آگ پر پکاویں جب گولی بنانے کے قابل ہو جائے۔ تیار کرکے رکھیں۔ پانی میں گھسکر رقیق سا طلا کرے مجرب و آزمودہ ہے۔ (حکیم عبدالرحمٰن خاں)

روغن گوگرد جو کھانے اور بطور طلاء کے لگانے میں کام آتا ہے

گندھک آملہ سار ۵ تار۔ مغز جما لگوٹہ ۵ تار۔ عرق لگروندہ (دگر چھٹی) ۵ تار میں پیسکر ۲۲ روز کسی گڑھے نمناک میں دفن کردو۔ اس دفن سے غرض تعفین ہے حل کرنا منظور نہیں ہے۔ (زیادہ مدت اس سے جائز ہے) اسکے بعد نکالو اور پیسکر مخروطی شکل کی گولیاں بناؤ جب سایہ میں خشک ہو جاویں۔ بطور متعارف روغن کشید کرو سیاہ روغن سرخ نکلتا ہے۔ مگر دو قسم کا جما لگوٹہ کا تو نیچے اور اوپر گندھک کا اوپر کا روغن جدا کرلو اسکی ایک سینک پان پر لگا کر کھلائی جاتی ہے۔ اور بائیس روز سے لغایت چالیس یوم سستی کو فائدہ کرتا ہے سمیت اس میں نہیں ہے۔ ملین اور دافع قبض ہے۔ ۱۲۹۲ ... ایک مریض کو ذکر کو منٹ میں ہم نے اچھا کیا ہے۔ اور آج تک زندہ ہے

چقار ضلع مرزاپور میں سب سے جڑا رہے۔

روغن ہڑتال

کسی گلی کوزہ میں زرنیخ زرد داخل کرکے ظرف مذکور شیر مدار سے پُر کردیویں پھر سرپوش سے لب بندی کرکے زمین میں ۱۱ روز دفن رکھیں۔ بعد ازاں اسی دودھ میں ہڑتال پیس کر چھوٹی گولیاں بنا کر خوب خشک ہونیکے بعد تار آہنی پرو کر سبوچہ گلی میں اسی طرح لٹکا دیں۔ کہ تار سرپوش سے پیوند ہو۔ اور گولیوں کا حصہ اندر رہے۔ اور تار کا انتہائی حصہ نیچے روزن کے ذریعہ سے باہر نکلا رہے اور اس کے نیچے شیشی رکھدیں۔ اور سبوچہ کی اطراف اور اوپر ۴ سیر ۲ [illegible] اوپلے ایک جا کر آگ لگا دیں۔ روغن نکل آویگا۔ آزمودہ ہے۔

رس سے آتشک کا علاج

گندھک آملہ سارا تولہ کو پاؤ بھر سار کے پتوں کے پانی میں کھرل کرے۔ دانہ نخود گولیاں بنالیں۔ ایک گولی روز تازہ پانی کے ساتھ نگل جایا کریں۔ دوران عمل دوائی میں ترش اشیاء، میٹھا خام سے پرہیز اور روغن زرد بکثرت کھاویں۔

کشتہ سے آتشک کا علاج

سم الفار سفید ا تولہ کو اوّل چار تولہ سندھور میں دے کر کھلے منہ کی چھی آہنی میں کوئلہ کی آنچ پر رکھیں چار گھنٹے کی تیز آنچ سے سم الفار پھول جاویگا۔ وہاں سے سم الفار مذکور کو علیحدہ کرکے ایک روز نیم کے پانی میں کھرل کریں۔ دوسرے دن ڈنڈ تھوہر کے دودھ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیں جب خشک ہو جاوے۔ پاؤ بھر دال چونہ کلی میں رکھ کر ۵ سیر بھر کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ مریض آتشک کو ایک سرخ کھلانے سے اسہال آئینگے بفضل خدا ایک ہی دن میں مریض شفایاب ہوگا۔ کشتہ جذام والے کو بھی نافع ہے۔

کشتہ سے مرگا علاج

سم الفار ۲ تولہ۔ نوشادر ۲ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔ سہاگہ سفینہ ۲ تولہ۔ برادہ فولاد پھٹکڑی سفید ۲ تولہ۔ پھر گنتہ کے پانی میں کھرل کریں۔ دوسرے دن شیر مدار

کھرل کرکے ایک ٹکیہ سی بنا کر جب خشک ہو جاوے۔ برتن گلی میں دو سیر چونہ آب نارسیدہ کی تہ دیں پھر اڑھائی ۳ سیر پشاوری وزن کی آنچ پانچ گھنٹی دیں جب سرد ہو جائے۔ نکال لیں۔ خوراک نصف سرخ بالائی سے یا مسکہ سے۔ غذا شیر برنج۔

نسخہ درد شکم

انگوزہ بریاں۔ ہر دو زیرہ۔ ترکٹا۔ بابڑنگ۔ سونٹھ۔ دیودار۔ چوکھار۔ نمک سنگ۔ نمک سانبھر۔ نمک سونچر۔ پوکھر مول سب کو ہموزن لیکر میدہ کر رکھیں۔ ہر روز ۳ ماشہ گرم پانی کیساتھ کھایا کریں چند روز کے استعمال سے درد شکم اور قراقر دفع ہوگا۔

سنکھیا کا تیل

لانی بوٹی کا رس نکال کر سنکھیا پر چوبیس دیتے جاویں نیچے نرم آنچ کریں چار پہر کے بعد شیشی میں ڈالدیں۔ ایک دو روز میں خود ہی تیل ہو جاویگا۔

کشتہ تانبا سفید

ڈبل پیسہ کو ایک سوٹھ عرق بیل تیری میں دو اسی کے گھڑہ میں رکھ کر جنگلی اوپلوں کی گجپٹ دے کر سرد ہونے پر نکال لو۔ سفید رنگ کا کشتہ سالم الحروف ہو جاویگا۔ اگر کشتہ کرنے سے پہلے تانبہ کو شدھ کر لیا جاوے تو نہایت بہتر ہے۔ سہدیوی کے گندہ میں بھی یہ عمل ہو سکتا ہے۔

سرمہ تمام اقسام حمیات

جدید یہ سرمہ خصوصاً سنپات اور وبا کے لئے مفید تمام ہے۔ ترپھلا، تر انگوزہ، [illegible] مغز تخم سرس، پھٹکڑی، نمک لاہوری ہموزن کوٹ چھان کر بول بز میں کھرل کریں [illegible] شیافہ بنا کر رکھ چھوڑیں۔ ایک حصہ کی مقدار گرم پانی میں پیسکر ایک آنکھ میں ڈالنے سے ایک طرف کا تپ دور ہوگا۔ اور دونوں آنکھ میں ڈالنے سے تمام بدن کا تپ دور ہوگا۔

ایک نایاب سرمہ

یہ نسخہ اکسیری درج کرتا ہوں جو صاحب دروغ سمجھیں وہ مجھے اطلاع دیں

گو میں ایک غریب آدمی ہوں۔ تعداد تاوان مقرر نہیں کر سکتا۔ ناظرین ضرور منظور فرمائیں
صفت: سرمہ لیکر اول اسکو قیمہ گوشت بز میں رکھکر کپروٹی کرکے آٹھ سیر پختہ پاچکہ کی
کی آتش دی جاوے۔ اور سرد ہوجانے پر نکال کر اسکو حقہ میں جہاں پانی ڈالتے ہیں
رکھا جائے۔ اور بجائے پانی کے دودھ ڈالدیا جاوے۔ اور وہ دودھ پھر نہ پھینکا جاوے
حقہ نوشی برابر ہوتی رہے۔ ایک ہفتہ کے بعد اسے نکال کر گڑھے پانی کپڑا صاف
میں باندھ کر لٹکا دیا جائے۔ پھر اسے پانی سے خالی نہ رکھا جائے۔ ڈورا باندھ کر
لٹکا دیا جاوے غرضیکہ، روز وہاں لٹکا رہے پھر نکال کر کھرل بطریق ذیل کرے
عرق گلاب خالص ۲ بوتل۔ عرق برگ سرپتہ ا بوتل جتنا سرمہ باقی رہے۔
اس میں نصف حصہ ممیری ڈالدی جاوے۔ اگر سرمہ ۲ تولہ ہووے۔ تو ممیری ا تولہ۔
پٹھانی لودھ ۲ ماشہ پھٹکڑی بریان ۶ ماشہ۔ زردی بیضہ ۲ عدد۔ روغن کھرل
کرلیا جاوے۔ گر کھرل عرق بالا میں ہووے۔ بحکم اکسیر کار رکھتا ہے۔ جمیع امراض
چشم کے لئے مفید ہے۔

خضاب } مازو سوختہ ۴ ماشہ۔ نیلا تھوتھا ۴ رتی۔ نمک سانبر ۴ رتی۔ آملہ ۴ تولہ کو
آب میں ترکرکے دو ہاون آہنی دستہ آہنی سے کھرل کریں۔ و بر موئے
سفید چسپاں کنند بعد یک پاس بشویند۔ اگر داغ سیاہ بجائے دیگر نمود۔ ترشی نیمو وغیرہ
مالیدہ دور کنند۔ (حکیم جلال الدین احمد)

برائے غبار و سفیدی چشم و ناخونہ

شورہ قلمی ا تولہ۔ نوشادر ا تولہ۔ پھٹکڑی ا تولہ۔ کف دریا ا تولہ ایں ہمہ را باریک
سائیدہ بر تابہ آہنی بریان کنند بعدہٗ ایں ادویہ را آمیز کنند۔ پنجال سفید سانبہ سے
سفید۔ فلفل دانہ مرچ سیاہ۔ سرمہ سفید ہر ایک تولہ تولہ۔ جست پھر کھرل کنند۔ خلل بھی
شود و در چشم کشند۔ (//)

خضاب } قلمی یعنی چونہ سفیدہ ا ماشہ مردار سنگ ا تولہ۔ آب آملہ ۵ تولہ۔ سرب ا تولہ
در ظروف آہنی بدستہ آہنی کھرل نماید بر موئے سفید چسپاں کنند۔ بہ
ساعت بشوید سیاہ خواہد شود۔ سیوم متواتر کنند بسہ ہفتہ سفیدی نمود۔ (//)

کشتہ عقیق } یک ماشہ عقیق در ۲ تولہ لقوم کوبیدہ دردہ درمیان ۲ عدد پاچکہ دشتی
نہادہ آتش دہد گل خواہد شود۔ خوراک یک سرخ است۔ (//)

کشتہ ہڑتال ورقی

یک تولہ گولی سرب در آب نبو کھرل کنند۔ یا کھرل کند مجرب است۔ خوراک ۲ ماشہ
گرم مزاج کو مفید است۔ (//)

کشتہ سرب } شورہ قلمی ۴ تولہ در سکوزہ گلی داخل بقدر آب انداز۔ بجرد آتش دہد
یک تولہ ہڑتال ورقیہ بیندازد سو تنکیہ خشک شود سو تنکیہ بیروں
آوردہ از گردش شورہ سوختہ صاف کند و باز از ہڑتال در آب کنوار گندل آلودہ کند
در آتش نہند دباد۔ بیاد کش۔ دہد گل خواہد شد۔ (//)

برائے بواسیر } تخم بکاین بہ قدر نیم تار کوفتہ ساختہ در سیال دہ آثار پختہ شیر بادہ
گائے انداختہ۔ جزات بطریق ہموارگی نمود بلوید و روزمرہ آں دغن
قدر دو سہ تولہ ہمراہ نان گندم بخورد و از کیلہ و جانور کچھوا بجانب بد ہد و نیز لوبی گیڈر
بیاکو و روز نماز دبنجار از کبریت و ناخن لسپ بدہد۔ (//)

کشتہ سیماب } اکسیر باید کہ مبلغ عہ کبریت یعنی گندھک کشتہ در دوا نود و تولہ
سیماب حل کنند و آں سیماب را در بیضہ خوق انداختہ سوراخ
ہلی بدوزد۔ یکتو رسرگین گو سفنداں پر کنند درمیانش نہادہ بوقت سرد شدن بیرون
آرد بکار برد۔ (//)

خضاب } آرد جو ۲ تولہ۔ لوہ چون ا تولہ۔ با آب آملہ ترکردہ سہ روز بیدارد۔ بعد ازاں
بجوئے سفید چسپید و برگ ہنڈولہ بہ بندد۔ و بعد از پنج گھڑی کشادہ
ہر چٹے سیاہ سائیدہ خمیری ساختہ بالا مو بچسپاند چون چار گھڑی بگذارد کشادہ بشوید
مگر سہ روز ایں عمل متواتر کند۔ (//)

کشیدن روغن گندھک

گندھک آملہ سار ۳ تولہ۔ سیماب نیم تولہ ہر دو را بکڑاہی آہنی نہادہ۔ بآسائش
گرادہ بترکیب حل مندرا بند سازند۔ در آب کڑاہی مذکور بر کنند و زیر آتش

متواتر کھرل کرکے بقدر کنار دشتی گولیاں بناویں۔ اور بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں جس د
یہ تیل رات کو وقت استعمال کرنا ہو۔ اس دن بوقت شام استرہ سے آلہ تناسل کے با
اچھی طرح سے رگڑ کر اتاریں۔ اور رات کو سوتے وقت بقدر دو رتی کے یہ تیل اوپر لیپ کر
پان یا انڈیا توت کا پتا اوپر رکھ کر کچھ سُوت رخام سُوت) کے چند تار لپیٹیں۔ دوسر
دن پھر لگا دیں۔ یونہی تین چار دن استعمال کرنے سے ذکر کے ہر مقام پر باریک باریک
(آبلے) پیدا ہو جاوینگے۔ وہ خود بخود پھوٹتے جاوینگے۔ اسوقت تیل لگانا بند کر دیں
نہانے دھونے کا شروع استعمال کے دن سے ہی پرہیز رکھنا ہوگا۔ اور آبلوں پر مغز تخم
تیل لگاتے رہا کریں۔ درد و سوزش کو آرام ہونے لگیگا۔

نسخہ نمبر ۲ (آبلہ انگیز) مغز جما لگوٹہ مغز تخم انڈ۔ برادہ کچلہ ہر ایک تولہ تولہ ہر سہ کو بر
شراب تیز و تند میں تین دن تک کھرل کرکے بطریق مندر
بالا عمل کریں۔

نسخہ نمبر ۳ سنکھیا سفید ۳ رتی مغز پستہ ۹ ماشہ دونوں کو آک کے دودھ میں کھرل کر
کسی باریک کپڑے پر لگا کر استعمال کریں۔ یہ بھی یاد رہے کہ ایا ڈوا
(آبلہ انگیز) ادویات زیادہ سے زیادہ چار پانچ دن یا آٹھ دن تک ہی استعمال کر
ہوتی ہیں۔ اور جن دواؤں سے آبلہ۔ سوزش اور جلن وغیرہ پیدا نہیں ہوتی۔ ان کا
استعمال کم از کم ۳ ہفتہ ضرور ہی کریں۔ مندرجہ ذیل نسخہ جات آبلہ انگیز نہیں ہیں۔

نسخہ:۔ لوبان کوڑیہ۔ لونگ۔ دارچینی عقرقرحا جاوتری۔ جائیفل۔ زعفران ہر ایک
ایک تولہ کستوری ۲ ماشہ۔ کافور ۳ ماشہ سب کو جوکوب کرکے ایک دیگچی (پتیلہ) قلعی
لاویں۔ اسکے منہ پر سفید کپڑا لٹھہ کا قدرے پانی میں بھگو کر باندھیں۔ دیگچی کے کنارے
ہر چہار طرف اس کپڑے کے اوپر سخت گوندھا ہوا آٹا لگا کر اسکے اوپر توا الٹا کرکے اس
طرح جما دیں۔ کہ توے کا سینہ دواؤں سے اونچا رہے۔ پھر توے کے قعر میں کوئلوں کی
آنچ دم کا دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد ان چیزوں کا تیل چھنکر دیگچی میں ٹپکنے لگیگا۔ اسکو
شیشی میں محفوظ کریں۔ اور بوقت رات ذکر کا منہ حشفہ اور سیون چھوڑ کر ہر طرف مالش
کریں۔ اوپر سے باندھنے کی بھی حاجت نہیں ہے۔ نہانا ہو تو بھی ہر روز ہی نیم گرم پانی

نہا سکتے ہیں۔ کم از کم چالیس یوم مالش کرنے سے سب رگ اور پٹھے اور شکن وغیرہ دور ہو جاتے
ہیں۔

نسخہ دیگر عاقرقرحا۔ گول مرچ سفید۔ دارچینی۔ رگٹ مالکنگنی۔ تخم دھتورہ سیاہ۔
پوست بیخ کنیر سفید۔ بچھکنی۔ گھونگچی سرخ۔ لونگ۔ جاوتری۔ کچلہ کا برادہ
ہر ایک دو تولہ۔ بیر بہوٹی۔ ہینگ ہر ایک تولہ تولہ سب کو باریک کرکے روغن کنجد (تل)
اس قدر ملا دیں۔ کہ تمام ادویات چرب ہو جاویں بطریق معمول آتشی شیشی میں تیل نکالیں
اور مطابق ترکیب مندرجہ بالا عمل کریں۔

دیگر:۔ ایک بہت موٹا سا ورنی پکا ہوا زرد رنگ کا مار بینگن لاویں۔ اس میں ۳ تولہ
کے قریب فلفلدراز داخل کرکے کم از کم چار ہفتہ سایہ میں رکھدیں پھر سفوف کرکے
نصف سیر تل کا تیل ایک کڑاہی میں جوش کرکے بینگن کا سفوف ملا دیں۔ اور خراطین خشک
۱ تولہ۔ چونک خشک۔ بیر بہوٹی ہر ایک ۲ تولہ باریک کرکے ڈالیں۔ اور سیر بھر لہسن
(تھوم) کا پانی نکال کر داخل کرکے پکاویں جب تمام پانی جل جاوے۔ اتار کر ٹھنڈا کر
ایک بوتل میں بھر لیں۔ اور روزمرہ رات کو دو ماشہ کے قریب لیکر کچھ دیر عضو مخصوص
پر مالش کیا کریں۔ نہایت مقوی اعصاب ہے۔

ایک کشتہ فولاد

اس میں سے نقل کرتے ہیں:۔
فولاد جوہر دار لیکر اسکو رتوا بنویں۔ ۵ مثقال میں ۵ مثقال گندھک آملہ سار
داخل کرکے دونوں کو کھرل کریں۔ ایک برتن میں ڈال کر اوپر کوزہ گلی سے ڈھانپ
دیں۔ اور نیچے آنچ کریں جب گندھک جل جاوے۔ یعنی گندھک کا دھواں نہ آوے۔ تو
نکال کر گھیکوار کے گودہ و پرانے سرکہ کے ساتھ ایک ہفتہ تک صلایہ کریں۔ پھر سرکہ
دھو کر پیچھے پانی سے دھو ڈالیں۔ کہ تلخی و ترشی سب دور ہو جاوے۔ پھر خشک کرکے
لیموں کے پانی سے صلایہ کریں۔ یہاں تک کہ جب پانی پر ڈالیں۔ تہ میں نہ جاوے۔ اگر تیرتا
رہے کشتہ ہو گیا۔ فوائد بہت سے ہیں۔

جے پور کی سرکاری لائبریری کے اندر قلمی کتب اکثر ہیں۔ ایک فارسی کی قلمی کتاب کے چند نسخے نقل کئے ایک دوا بھی ناظرین کی بھی نذر کرتے ہیں۔

جلندھر ہلدی ۴ درم کوٹ کر تھوہر کے دودھ میں خمیر کریں۔ اور ۳ گولیاں بنا دے ہر روز ایک نہار منہ گرم پانی سے کھاویں۔ جو کچھ پانی وغیرہ پیٹ میں بھرا ہوگا۔ وہ سب دور ہوگا۔

برائے بند کشادو رفتن منی

نخود بریان نیم پاؤ۔ مصری ۲ دام۔ مائیں خورد نیمدام۔ مائیں کلاں نیمدام۔ سب کو کوٹ پیسکر نیم پاؤ روغن لیکر حلوا بناویں۔ سات روز کھاویں۔ ایک صبح ایک شام۔ پرھیز:۔ ترشی و بادی سے پرہیز کریں۔

برائے باریک شدہ و سُستی زدہ قضیب

تیل سوسن ایک پاؤ۔ پوست بیخ کنیر ۱ تولہ۔ گھونگچی سفید ۱ تولہ۔ ناخن اسپ ۱ تولہ۔ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ تخم ترب ۱ تولہ۔ پنبہ دانہ ۳ تولہ۔

ترکیب:۔ سب ادویہ کو پیسکر شراب میں تر کرکے تین روز تک رکھیں۔ پھر وہ کل رس نکال لیویں۔ اور روزانہ پان کے پتے پر لگا کر باندھا کریں۔ کامل درست اور تجربہ شدہ ہے۔

ترکیب کشتہ ابرک سیاہ

ایک چھٹانک ابرک لیکر ہاتھ سے خوب باریک کریں۔ پھر اس میں ایک تولہ قلمی شورہ اور ایک تولہ سیماب اور ۶ ماشہ گلگر کا گھوٹ ڈالیں۔ (التماس) تمام ادویہ کو ہاتھ سے ملکر بہت باریک کریں۔ تب اس میں ۳ پاؤ لکڑی گوار گندل کا رس نچوڑیں۔ گوار گندل کو ذرا بھوبل میں گرم کرلیویں تاکہ رس جلدی نکل آوے۔ اور کونڈے میں ڈال کر خوب گھوٹیں۔ بعد ازاں کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کرکے دھوپ میں سکھاویں۔ اور پھر ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیویں۔ بعد سرد ہونے کے نکال لیویں۔

نوٹ:۔ گوار گندل کا رس اتنا ڈالیں۔ کہ گاڑھا شدہ ہوجاوے۔ کوزہ گلی کو گل حکمت کرتے وقت ایک ٹکڑا ورق منہ پر رکھدیں۔ ...

نسخہ فائدہ کشتہ ہڑتال

ہڑتال ۲ ماشہ۔ الاچی خورد ۲ ماشہ۔ فلفل گرد ۴ عدد۔ گلقند یکتولہ۔ سب اشیاء کو ملاکر ایک ایک ماشہ کی گولیاں طیار کر لیا کریں۔ تپ میں ہمراہ دودھ کے دو دفعہ دن میں صفرا والے کو ہمراہ شربت بنفشہ کے اور درد سر والے کو اسی شربت کے ساتھ یا شربت نیلوفر کے ساتھ۔ دست بند کرنے کو ہمراہ تباشیر کے اور بدہضمی والے کو ساتھ منقہ کے درد گردہ والے کو ہمراہ روغن زرد یا پانی۔ مرض تولنج ربیح والے کو ہمراہ گلاب اور سرکہ کے درد معدہ والے کو ہمراہ برگ بیری جذام والے کو ہمراہ تباشیر اور بچھو کے کاٹے کو ہمراہ زنجبیل اور سانپ کے کاٹے ہوئے کو ہمراہ مردہ سنگ کے گھسکر پلانا اور کمزوری کو ہمراہ کھن اور بید یو و عورہ کو ہمراہ ... لگانا۔ مرض کرم والے کو ہمراہ کمیلہ۔ اور بخبیر کے واسطے ہمراہ آب پوست یا ملٹھی اور درد شقیقہ کو ہمراہ آب آذلہ سار۔ شنگرف اور ابرک کا فائدہ بھی اس طرح ہے۔ (ہ)

ترکیب کشتہ کانچ سفید

کانچ خوب سفید ہو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرکے شام کو سجی کے پانی میں بھگو رکھیں۔ اور صبح کو پانی نتھار کر علیحدہ رکھیں۔ اور اس ٹکڑے کانچ کو کڑچھی آہنی میں ڈال کر آگ پر تپاویں۔ پھر اتار کر سجی کے پانی میں سرد کریں۔ اس طرح کئی بار عمل کریں جب ہاتھ سے ملا جاوے۔ تو پیس لیویں۔

درد گردہ میں مفید۔ وزن کانچ پانچ تولہ۔ سجی نیم پاؤ۔ سنجتا در پانی و تار خام ہونا چاہئے۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ مکھن ایک دفعہ دن میں اوپر سے دودھ بکری پلاویں غذا نان گندم و دال مونگ۔ (ر)

نسخہ برائے سفلس (آتشک)

مردار سنگ نیمدرم۔ ماجو نیمدرم۔ مرچ سیاہ یکدرم۔ زرد چوب یعنی ہلدی یکدرم تمام اشیاء کو باریک کرکے چار حصہ کریں۔ ایک حصہ کو خدا کے نام دور کریں۔ اور باقی ۳ حصہ کو تین دن دیویں۔ غذا:۔ دودھ چاول جس میں قطعی پانی نہ پڑا ہو۔ خدا کے فضل سے تین یوم میں شفا ہو جاوے گی۔ (ر)

روزانہ کھانے کے لائق جلیبی

کونچ بیج کو لیکران کو گنگا پانی میں خوب جوش دیں۔ پھر بھجورے میں اس قدر ملیں کہ چھلکا دور ہو جاوے۔ تب سکھا کر مغز نے لیویں۔ ان کو باریک میدے کی طرح کر لیویں۔ جلیبیاں بنانے کیواسطے جو میدا کو خمیر دیا جا چکا ہو۔ اور میدا تیار ہو تو کونچ بیج کا میدا اس کے برابر وزن اس میں ملا کر پانی اسقدر ملادیں۔ کہ جلیبیاں بننے کے لائق ہو جاوے۔ بس جلیبیاں بنالیں۔ اگر سیر بھر کونچ بیج ہونگے۔ تو ۲-۳ سیر کے قریب جلیبیاں بن جاوینگی۔ بڑی مزیدار جلیبیاں ہوتی ہیں۔ رنگ ذرا سیاہ ہوتا ہے۔ مگر خوراک کی خوراک ہے۔ اور دوا کی دوا ہے۔ ایکدفعہ جسکو کھلا دو۔ دوسری دفعہ کھانے کو دل چاہتا ہے۔ کثرت احتلام اسکے کھانے والے کو نہیں ہوتا ہے۔ سرعت کے مریضوں کو مفید ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔ دماغ کو تقویت دیتی ہے۔ اور منی کو پیدا کرتی و گاڑھا کرتی ہے۔ ساری سردیاں پھر اسکو کھانے میں تو مشکل نہیں ہے۔ ایک بار بنا کر دو تین ماہ تک کھا سکتے ہیں۔ ان کو کھا کر اوپر سے دودھ پیویں۔ یا دودھ گرم کر کے نرم کر لیں۔ اور چمچے کے ساتھ کھاویں۔ صبح۔ سہ پہر۔ رات کو سوتے وقت جب مناسب سمجھیں۔ خوراک ۵ تولہ روزانہ کافی ہے۔

لیپ برائے تُندی

شخصیکہ سرد شدہ باشد و از کار رفتہ باشد۔ شانہ گوسفند اور اگر وہ نہ ملے۔ تو شانہ بز اسکو آگ پر جلاوے۔ پھر سرد کر کے رکھے۔ رات کو دودھ میں ملا کر حشفہ چھوڑ کر لیپ کر کے اوپر برگ پان باندھے۔ تین روز متواتر بعد ازاں آب گرم سے دھووے آنقدر کہ سختی و تندی خواہد شد کہ از خفتن و رخاستن شرم خواہد۔ آزمودہ است۔ (م)

معجون مقوی باہ چنانچہ مرد ماندہ نگردد

آب پیاز ایکسیر۔ شہد ایکسیر دونوں کو ملا کر ایک قلعی کی تبیلہ میں جوش دیوے جب نصف رہ جاوے۔ تو اتار کر رکھے اور تودری سفید و سرخ۔ ثعلب۔ بہمن سرخ و سفید۔ موسلی [illegible] تخم لن۔ [illegible] رستم۔ شلغم۔ تخم گندنا۔ تخم کھٹا۔ موصلی سفید سیاہ از ہر ایک یکسر [illegible]

گرفتہ کوٹ پیسکر مندرجہ بالا تمام میں پکاویں۔ اور تھوڑا مشک برائے خوشبو ملاوے اور نگاہ رکھے۔ اور تھوڑا ہر روز نہار منہ کھاوے۔ تقریباً ۳ ماشہ۔ (م)

برائے سخت کردن ذکر

خوشہ بیدانجیر کہ تخم نہ پڑا ہو کوٹ کر اس کا شیرہ نکالے۔ اور اس شیرہ سے کپڑا تر کر کے ایک ہفتہ تک اس کو ذکر پر باندھے۔ بسیار سخت گردد۔ (م)

نسخہ برائے رفع بند کشاد و رقت منی نیز شہوت انگیز و ممسک بسیار است

[illegible] و تخم تمر ہندی پاؤ۔ تالمکھانہ ۲ تولہ۔ ستاور ۲ تولہ۔ تخم اٹنگن ۲ تولہ۔ موچرس ۲ تولہ۔ [illegible] ۲ تولہ۔ بیج بند۔ تخم سروالی۔ گوند ڈھاک۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ گوند [illegible] سنبل ہمہ را کوٹ پیسکر سب کے برابر کھانڈ ملا کر گائے کے دودھ سے ہر روز ۶ ماشہ تک کھاویں۔ سرعت۔ جریان۔ احتلام کے واسطے بہت مفید ہے۔

نسخہ آزمودہ برائے تُندی و درستی اندام نہایت مفید

سنبل زرد ۱ تولہ۔ ہڑتال ورقی ۱ تولہ۔ پارہ ۲ تولہ۔ سنبل و ہڑتال کو باریک کر کے پارہ میں ملا کر انگلی سے اسقدر ملے کہ سرمہ کی طرح ہو جاوے۔ بعدہ تخم دھتورہ ۱ تولہ۔ گھونگچی سفید ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۲ تولہ۔ سرسوں ۶ ماشہ۔ کتھ سفید ۱ تولہ۔ بیج کنیر سفید ۲ تولہ۔ سب کو جدا جدا پیسکر اس میں ملاویں۔ اور ایک تولہ روغن تل ملا کر ایک رات تک رہنے دیوے۔ صبح بذریعہ پتال جنتر تیل نکالیں۔ اور طلا استعمال کریں۔ ایک آدمی کے واسطے ۲ ماشہ کافی ہے۔ (م)

نسخہ امساک کہ ہتھیلی پر ملنے سے از حد فائدہ دیوے

گھونگچی سفید۔ تخم دھتورہ سیاہ برابر وزن لے کر روغن نکالیں۔ اور ایک گھڑی قبل ہاتھوں پر مالش کریں۔ (م)

سب کھانے خوشبودار

مندرجہ ذیل طریقے سے گھی کو بنا کر رکھ چھوڑو۔ بس جہاں اس گھی کو ڈالا اور جس کھانے کو اس میں پکایا سب خوشبودار ہوا۔ روغن زرد ۶ سیر۔ کیوڑہ پاؤ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ بالائی ۲ تولہ۔ ستوری ۳ ماشہ۔ سب کو ملا کر پکاوے۔ مقوی بھی نہایت [illegible]

ضماد مجرب مقوی باہ

پوست بیخ لفاح۔ پوست بیخ آک (مدار) وان کے پھول گل کنیر سفید و پوست بیخ کل کٹائی دو دھتورہ فلفلدراز عاقرقرحا۔ شراب میں ۱۲ پہر کھرل کر کے نگاہ رکھے اور سرکہ سے حل کر کے برقضیب بمالد و برگ پان پیچیدہ (//)

گنجی کا ایک عجیب آسان مگر مجرب علاج

پُرانے جوتوں کو روغن تل میں بھگو کر ایک گھڑے میں بھر رکھو۔ اور بذریعہ پتال جنتر کے تیل نکال لیویں۔ اس تیل کی مالش سے گنجی دور ہو کر طاقت آتی ہے ❊ (//)

معجون مرکب

از حد مقوی باہ ہے۔ سرعت کیواسطے از حد مفید ہے۔ اور جریان کے واسطے اکسیر ہے۔ نیز احتلام کو بند کرتی ہے۔ جسم کو طاقت دیتی ہے۔ دماغ کو مفید ہے۔ سردیوں میں کھانے لائق تحفہ ہے۔ اور بعد از فراغت کھانے سے کبھی کمزوری نہیں ہوتی ہے ❊

کرنخ بیج گوندا پوٹلی باندھ کر دودھ میں اوٹاوے جب چھلکا نرم ہو جاوے۔ تو اسے اتار کر سکھا کر میدہ بنا کر لیوے اسطرح املی کے بیج کا بھی آٹا بنا لیوے۔ آرد کرنخ بیج آرد املی سفوف گوکھرو۔ سفوف موصلی سفید۔ سفوف موصلی سیاہ۔ سفوف اسگندھ سفوف ستاور۔ سفوف ثعلب ہر ایک۔ ۱ تولہ۔ دودھ گائے کا۔ ۱ سیر۔ شکر ۲ تولہ بھانگ کی پوٹلی باندھکر اس میں لٹکا دے۔ اور نرم آنچ پر رکھے۔ جب دودھ ۵ سیر رہ جاوے۔ تو بھانگ کی پوٹلی کو مل کر اس میں سے نکال دیوے۔ اور مندرجہ بالا سفوف ملا کر نرم آنچ پر کھویا کرے۔ اور ایک سیر گھی ڈال کر اس کھویہ کو خوب بھونے۔ مگر جل نہ جاوے۔ پھر مصری ۴ سیر لے کر اس کی چاشنی کر کے اس میں اس کھویہ کو ملا دیوے۔ اور مغز بادام و پستہ۔ ناریل۔ کشمش۔ اخروٹ۔ چلغوزہ وغیرہ مغزیات جو چاہے داخل کرے۔ اور ایک سیر نارسنگھ چورن بھی داخل کر دیوے بس اکسیر تیار ہے۔ سردیوں میں استعمال کرنے لائق ہے۔ میرے کے متعلق کوئی بیماری نہ ہے تو آسان بات ہے۔ بتاؤ اور انڈرسٹوڈیش ایکارک کے گن گاوے ❊

(نسخہ نرسنگھ چورن کا دیکھو صفحہ ۳۷۶)

منہ کے کیل اور چھائیاں دور کرنے کا نسخہ یہ ہے: چھلکا نارنگی خشک شدہ۔ کچور۔ ہلدی۔ گندھک برابر وزن لیکر اس میں مناسب مقدار میں قدرے مشک کافور ملا کر رکھ چھوڑیں۔ اور صبح کو قدرے پانی سرد ملا کر منہ پر ملیں۔ بعد میں گرم پانی سے دھویا کریں۔ آرام ہوگا ❊ (حکیم غلام علی شاہ)

پھولا کا نسخہ ارسال خدمت ہے:۔ گل کنجد۔ غنچہ چنبہ برابر وزن سائیدہ در چشم کشند۔ انشاء اللہ آرام خواہد شود ❊ (//)

خط اول

مشفقی پنڈت ٹھاکر دت صاحب زاد عنایتہ تسلیم! آج مورخہ ۲ نومبر کے پرچہ میں محمد فضل الرحمٰن صاحب کی تجویز نظر سے گذری۔ واقعی اس عمدہ تجویز کی بندہ دل و جان سے ہمدردی کرتا ہے اور یہ ۲ نسخہ جات تحفہ سرا ء کے لئے مجرب المجرب ارسال خدمت ہیں۔ امید ہے کہ بلا کراہت درج فرماویں گے (حکیم سید محمد عبد الرحمٰن)

نسخہ ۱:۔ ۴ عدد خرما بیج نکالا ہوا میں برگد کا دودھ بھر بھر کے دھاگہ سے جدا جدا باندھ دیویں۔ اور ۲ آثار شیر گائے میں جوش دیں۔ جب شیر مذکور خشک ہو جائے اتار لیں۔ اور نگاہ رکھیں۔ ایک خرما روز نہار منہ چالیسواں حصہ دودھ جوش دیا ہوا مذکور تا چہل یوم کھائیں اور قدرت خدا دیکھیں۔ ترشی و بادی سے پرہیز کریں۔ مقوی مبہی ہے ❊

نسخہ ۲:۔ قند سیاہ ۵ سیر پرانا ۱۲ برس کا ایک پاؤ علیحدہ کر کے اس میں ایک چھٹانک سفوف ہلدی ملا دیں۔ اور نیچے دیگدان (چوکھا) کے گاڑ دیں۔ لیکن خیال رہے۔ کہ جلنے کا مقام نہ ہو۔ یعنے آگ سے فرق ہو فقط گرمی پہنچے۔ بعد ۲۱ روز نکال کے باقی ماندہ قند میں ملا دیں۔ اور جس قدر گھی پی سکے پلا دیں جب خوب تر ہو جاوے۔ ایک برتن میں اٹھا کے رکھیں۔ اور ہر روز وقت صبح ایک تولہ لیکے ایک چھٹانک مکھن ملا کے کھاویں۔ اور اوپر سے آدھا سیر دودھ پئیں۔ انشاء اللہ تعالےٰ یہ دوا چالیس روز میں نامردی رفع کر کے مرد کامل بنا دیوگی ❊ (//)

نسخہ طلا ئے:۔ سفید کنیر کی جڑ ۲ تولہ۔ گھونگچی سفید ۲ تولہ۔ گھونگچی سرخ ۲ تولہ

بیر بہوٹی ۲ تولہ کوٹ کر چربی غوک کلاں (مینڈک) ۳ تولہ پتال جنتر سے تیل نکالیں
حشفہ و سیون چھوڑ کر رات کو مالش کریں۔ اور پان کا پتہ باندھیں + (//)

نسخہ دافع جریان کلی سپاری عمدہ ۲ تولہ۔ طباشیر کبود ا تولہ۔ ثعلب مصری ا تولہ۔ تخم بنیر دانہ (پھلی ببول) ا تولہ۔ آرد سنگھاڑہ ا تولہ۔ مغز
تخم املی ا تولہ۔ ریشہ بڑھ ا تولہ۔ کشتہ قلعی ا تولہ۔ کشتہ مرجان ا تولہ۔ مصطگی رومی ۶ ماشہ
موصلی سفید ۳ ماشہ۔ موصلی سیاہ ۳ ماشہ۔ موچرس ۳ ماشہ۔ کمرکس ۳ ماشہ۔ کتیرا گوند
۶ ماشہ۔ شقاقل مصری ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کو پوست ببول کے پانی سے کھرل کر کے
گولی برابر کنار دشتی بناویں۔ دو صبح دو شام ہمراہ مکھن یا ملائی کے کھاویں۔ دہی۔ گرم
اشیاء تیل۔ ترشی جماع سے پرہیز۔ گھی کا استعمال زیادہ کریں

نوٹ:۔ پوست ببول کا پانی اس طرح بناویں۔ کہ پوست ببول نرم شاخ کا لیویں
اور اس کو کوٹ کر پانی نکالیں۔ اور پانی موافق ضرورت کے لے لیویں۔ اور خوب کھرل
کر کے گولیاں تیار کریں۔ اگر اس طرح نہیں۔ تو ½ سیر چھلکا مذکور نرم نرم لیکر سیر بھر
پانی میں ابال کر چوتھائی رہے۔ تو اتار کر کام میں لاویں مجرب ہے۔ میرا اپنا نسخہ ہے
کسی کتاب کی نقل نہیں ہے (مقوی باہ و دافع جریان و احتلام ہے) +

نسخہ دافع ضعف باہ و دماغ

زنسائی فاسفاس ۔۔ ۔ ۲۰ گرین۔ ایکسٹریکٹ نیولس وامسی ۔ ۔ ۔۔ ۵ گرین
ایکسٹریکٹ جنشیانی ۔ ۔ ۔۔ ۲۰ گرین ملا کر اسکی ۲۰ گولیاں بناویں۔ ایک صبح
ایک شام بعد از غذا۔ پرہیز ترشی۔ بادی۔ تیل وغیرہ دودھ گھی کا استعمال کریں +

(//)

نسخہ دافع ضعف باہ

پل فاسفورس ۲ گرین۔ سفرائی ریڈکٹی ا گرین۔ اکسٹریکٹ مجھوامیکا ا گرین ملا کر
اس کی ایک گولی بناویں۔ دو بار دن میں غذا کے بعد دیں۔ یعنی ایسی دو گولیاں
دن میں صبح و شام دیں۔ دودھ گھی کا استعمال زیادہ کریں۔ اور پرہیز مناسب کریں

(۵)

(اول) قوت باہ پیدا ہو۔ اور امساک بھی بڑھے

موہا گہ۔ موچرس۔ ستاور۔ تروی۔ بیخ سمبھالو۔ بیخ ناگر موتھا۔ ان سب ادویہ کو پیسکر
کپڑ چھان کر کے شہد میں گولی بقدر جنگلی بیر بناؤ۔ بعد از طعام ہمراہ دودھ کے ایک گولی
کھاؤ۔ عجب ثبات ہو گا + (قاضی محمد درویش)

(دوم) واسطے امساک کے نسخہ یہ ہے (منظوم)

جلوتری۔ جائیفل۔ بھنگ۔ افیم۔ پنجواں ہر مل میل حکیم آدھی ان سے کھنڈ لاؤ۔
تھوڑا بیں دھتورہ پاؤ مانڑا پانی سنگ کھلاوہ کسو بہتی کسو تھوڑی کھاوہ + (//)

نسخہ قوت باہ جو آج تک کسی کتاب میں نہیں چھپا مندرجہ ذیل ہے

صفت:۔ چھال درخت سفید کنیر ایک تولہ۔ خوب باریک پیسکر کپڑ چھان کر کے اس
میں اس قدر روغن زرد ملا دیں۔ کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو۔ تو بیر کے برابر جسقدر
گولیاں بنیں بنالی جاویں۔ اور میدہ آٹا کی روٹیاں تیار کر کے ان روٹیوں کے
اندر جسقدر گولیاں آسکیں۔ بھر کر گوجھیاں جیسی کہ اکثر ہمارے دیس کی عورتیں
تہواروں میں بناتی ہیں بنا لیوے۔ اور روغن زرد میں پکا کر نکال لیوے۔
ازاں بعد گولیوں کو ان کے اندر سے نکال کر باریک پیسکر اور ہموزن مصری
ملا کر صبح و شام دو تین چاول کے مقدار سے دودھ کے استعمال کرے۔
قدرت خدا سے جو بالکل نامرد ہو گا۔ وہ بھی اصلی طاقت بہت جلد حاصل کریگا +

(سیتا رام وید)

خطوط پنجم

شری مان پنڈت صاحب نمستے! اخبار مطبوعہ ۱۷ نومبر ۱۹۱۰ء صفحہ ۱۷ پرچہ سرخی ایک
نسخے تجویز جناب حکیم محمد فضل الرحمن صاحب چرکھاری کا خط تحریر ہوا ہے۔ لہذا ذیل کا
نسخہ تحفہ سرما ۱۹۱۰ء ماہ نومبر سال حال میں شائع ہونے کے لئے ارسال خدمت کرتا ہوں
یہ نسخہ میرا خود آزمودہ ہے نہایت ہی مجرب وبے ضرر ہے:۔
صفت۔ آرد دال نخود بریان ۴۰ تولہ۔ صمغ عربی ۱۰ تولہ۔ پوکھرا تولہ۔ تالمکھانہ
آرد سنگھاڑہ ۵ تولہ۔ السی ۱۰ تولہ۔ ستاور ۵ تولہ۔ موصلی سیاہ ۵ تولہ۔ موصلی سفید ۵ تولہ

مغز تخم پنبہ ۵ تولہ۔ مغز تخم کدو شیریں ۵ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۲۰ تولہ۔ مغز نارجیل بریان ۱۰ تولہ۔ کنجد سفید ۱۰ تولہ۔ تخم خشخاش سفید ۱۰ تولہ۔ کشمش سبز ۲۰ تولہ۔ چینی ۱۱/۲ ۔ روغن زرد ۱ ماہ۔ مغز بادام و مغز نارجیل و کشمش کے علاوہ بقیہ ادویہ کو باریک کر کے چینی کے قوام میں گھی پیوست کر کے مغز بادام و مغز نارجیل و کشمش شامل کر کے بقدر ۳ تولہ لڈو تیار کر کے علی الصبح بہمراہ شیر گاؤ۔ ماریا پانی سے روزانہ استعمال کریں۔

(متھرا پرشاد خریدار نمبر ۳۳۱)

مصفی خون:- پوست ببول ۲ تولہ۔ پوست نیب ۲ تولہ۔ بیخ مہولی ۲ تولہ۔ بیخ اندرائن ۲ تولہ عشبہ ۴ تولہ۔ پرسیاؤشاں ۱ تولہ۔ گاؤزبان ۵ تولہ۔ بیخ کاسنی ۲ تولہ۔ سب کو دستور جوشاندہ کر مصری ۱ آثار میں قوام کریں۔ یہ شربت دموی امراض جلد کو مفید ہے۔ خوراک ۱ تولہ بوقت صبح۔ مجرب است۔ (حکیم جلال الدین احمد)

عورت کا دودھ زیادہ کرنا:- زیرہ سفید کا سفوف بقدر ۲ تولہ۔ گندم کا آٹا ۱ ... روغن زرد نصف چھٹانک مصری شاہی ایک چھٹانک حلوا بنا کر کھلایا کریں۔ لیکن یہ خیال رہے کہ حلوا کھانے کے ۲ گھنٹہ بعد پانی پیوے۔ کیونکہ حلوا دیر ہضم غذا ہے۔ ایک ماہ کے استعمال سے دودھ خاطر خواہ بڑھیگا۔ مجرب ہے۔ (حکیم جیا رام دیو یداس)

بچہ کو درد دندان:- آپ اپنے لڑکے کو میٹھی اشیاء کے کھانے سے منع کر دیں اگر وہ سال ہے۔ تو اسے کوئی اشیاء شیریں کھانے کو نہ دیں۔ اگر اب درد ہے۔ تو مرچ کا پھایہ لگاویں۔ اور آئندہ کے واسطے یہ نسخہ استعمال کریں۔ پھٹکڑی بریان ۶ ماشہ مازو سوختہ ۲ ماشہ عاقرقرحہ ۲ ماشہ۔ نوشادر ۳ ماشہ۔ سپاری کا سفوف ۶ ماشہ۔ سوڈا بائی کارب یعنی سادہ سوڈا ۶ ماشہ۔ تمام ادویہ کا سفوف بنا کر رکھیں۔ صبح داتن یا انگلی سے مل دیا کریں۔ اور بعد ازاں پانی کا مضمضہ کریں۔ اگر بھروالیں تو بہتر ہے (ایڈیٹر)

سروا لیشور رس

یہ رس ذیابیطس۔ جریان۔ بواسیر۔ سنگرہنی۔ سنجار۔ امراض دات۔ امراض پیٹ یرقان، پانیما، بھگندر، سوزاک، رقت، سرعت وغیرہ کو نافع ہے۔ ۲۰ قسم کے پرمیہ ...

کرنے کی اس میں طاقت ہے۔ طاقت کا کوئی اندازہ نہیں ہے۔ پیشاب میں شکر آنے کی بھی ایک اعلیٰ دوائی ہے۔

صفت۔ کشتہ چاندی۔ سہاگہ بریان کشتہ سونا مکھی کشتہ سونا۔ سنگ بصری۔ گندھک ہر ایک ۱ تولہ۔ کشتہ تانبہ۔ کشتہ مرجان۔ مروارید ناسفتہ۔ سلاجیت مصفیٰ ہر ایک دو تولہ کشتہ قلعی کشتہ فولاد کشتہ سیسہ۔ چندر اودے (یا رس سندھور یا عمدہ کشتہ پارہ) کشتہ ابرک سیاہ۔ کشتہ کانسی کشتہ لوہا ہر ایک ۳ تولہ۔ سب کو کھرل کر کے میٹھی تری جاک (دار چینی۔ الاچی۔ تیج پات) ناگر موتھا۔ خس۔ ترپھلا۔ اڑوسہ۔ گلو۔ کچور۔ گھیکوار۔ بداری کند۔ ستاور۔ ہر ایک کی رس یا کاڑھے میں علیحدہ علیحدہ تین تین دن کھرل کرے پھر گائے کا دودھ۔ گنے کا رس اور موصلی کی رس میں تین تین دن کھرل کرے۔ ایک گولا بنا کر سمپٹ میں رکھکر ایک پہر بھر تھوڑے اوپلوں کی آنچ دیں۔ خود ہی سرد ہونے پر نکال لیں۔ خوراک:- ایک رتی سے ۲ رتی تک ہے۔ کستوری۔ پیپل و شہد کے ساتھ دیوے۔

دل کی طاقت کی دوائی

جو کہ مقوی دل و دماغ و جگر ہے۔ سدھر کا کے واسطے اکسیر ہے۔ امراض دل کو دور کرتی ہے۔ گرمی مثانہ کو ہٹا کر اس سے پیدا شدہ جریان سرعت اور احتلام کو نافع ہے۔

صفت۔ کشتہ چاندی کشتہ مرجان کشتہ عقیق کشتہ زہر مہرہ خطائی۔ مروارید ناسفتہ برابر وزن سب کو برہمی۔ سنکھ پشپی۔ پھول گاؤزبان کے جوشاندوں میں علیحدہ علیحدہ ایک ایک دن کھرل کریں۔ پھر ایک ایک دن روح کیوڑہ۔ روح بید مشک۔ عرق گلاب۔ دودھ بکری میں کھرل کر کے سفوف کریں۔ خوراک:- ایک سے ۲ رتی تک عرق کیوڑہ و بید مشک کے ہمراہ۔

سرعت و جریان منی کی عجیب دوائی

تالمکھانہ۔ ثعلب۔ موصلی سیاہ۔ مغز املی۔ کونچ بیج۔ موچرس۔ طباشیر۔ سنبل بیج بند۔ گوکھرو۔ ستاور۔ بداری کند کشتہ چاندی برابر وزن کا سفوف بنائیں خوراک:- ۶ ماشہ بہمراہ دودھ صبح و شام کھاویں۔

گلھڑ یا کھینگا:۔ جسکو انگریزی میں گائٹر کہتے ہیں۔ بعض پہاڑی مقامات میں جہاں کے
پانی میں چونہ وغیرہ ہوتا ہے۔ وہاں پر گلھڑ کا مرض بہت زیادہ ہوتا ہے۔ یہ مرض تین
قسم کا ہوتا ہے (۱) سادہ گلھڑ (۲) رسولیدار گلھڑ۔ ریشہ دار گلھڑ۔ چھوٹے گلھڑ سے تو کچھ تکلیف
نہیں ہوا کرتی۔ مگر جب وہ بڑا ہو کر لٹک جائے۔ تو بوجھ کی تکلیف ہوتی ہے اور نرخرے پر
دباؤ پڑنے سے تکلیف تنفس ہوا کرتی ہے۔

علاج:۔ تبدیل آب و ہوا کرائیں۔ گلھڑ پر ٹنکچر آیوڈین یا اینٹمنٹ آیوڈائی یا مرہم
آیوڈین لگانا یا اس پر ریڈیا تھرمنٹ کی مالش کر کے مریض کو ۱۰ سے ۱۵ منٹ دھوپ
میں بٹھانا یا گلھڑ کے اندر ہفتے میں دو بار پندرہ بوند ٹنکچر آیوڈین کی جلدی پچکاری
کرنا مفید ہوتا ہے۔ کھانے کے لئے مریض کو پوٹاسی آیوڈائی بمقدار دس دس گرین
قدرے پانی میں ملا کر دن میں دو بار دیں۔ یہ گولیاں بھی اس مرض میں مفید ہیں۔
نسخہ: تھائیرائیڈ ٹاکسین ۔۔ ۔۔ ایکگرین۔ ایکسٹریکٹ ارگٹ ۔۔ ۔۔ ایک ڈرام
دونوں دواؤں کو باہم خوب ملا کر ۳۰ گولیاں بنا دیں۔ اور ایک ایک گولی دن میں
۳ بار دیویں۔ اور خارجی طور پر ٹنکچر آیوڈین یا ریڈ آئنٹمنٹ لگاتے ہیں۔ یا آیوڈوفارم
ایک حصہ باہم ملا کر اسکو گلھڑ پر لگاتے ہیں۔ (جیسا رام در بوبداس)

عرق تریاق معدہ:۔ باؤگولہ۔ ریح وقے و اسہال و خفقان و بدہضمی مفید ہے
صفت:۔ پودینہ خشک ۱ تولہ۔ الائچی خورد مع پوست ۱ تولہ۔ دارچینی ۱ تولہ۔ بادیان
۱ تولہ۔ ان سب کو ۵ آثار پانی میں ایک شب تر کر کے صبح ایک بوتل عرق گلاب عمدہ
ملا کر عرق کشید کریں۔ خوراک ۲ تولہ۔ (مرسلہ خادم الفقراء حکیم سید علی شاہ)

سنگ مثانہ و برائے ریگ وغیرہ

خاکستر پوست بیضہ مرغ ۲ تولہ۔ خاکستر پنج کرم کلہ ۲ تولہ۔ کشتہ حجر الیہود جو عرق
سے کیا ہو ۲ تولہ سب کو ملا کر رکھیں۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ مدرات اور شیرہ جات

نسخہ نافع درد ریح گردہ (مجرب)

شائیدہ مقشر شیاب مقشر یک شارک۔ شکر سرخ نیم شارک۔ باہم آمیختہ
نوشیدہ انشاء اللہ فوری آرام حاصل شودہ (مرسلہ:۔ فرید احمد ۱۹۲۶)

نسخہ انگریزی دفعیہ طحال

کونین سائیٹراس ۔۔ ۔۔ ۲ گرین۔ کونین سلفاس ۔۔ ۔۔ اگرین
ایکسٹریکٹ جنشن ۔۔ ۔۔ حسب ضرورت۔ ایسی ایک گولی تیار ہوگی جس قدر
گولیاں مطلوب ہوں دوائی ایزاد کر دے۔ (ر)

کشتہ مس (تانبا)

مس ۲ تولہ۔ اسگندھ ناگوری ۱ تولہ۔ لاجونتی ۶ ماشہ۔ سب اشیاء کا نغدہ بنا کر دس
اوپلوں کی آنچ دیویں۔ (مرسلہ:۔ خوشی رام کھتری از دھونیہ)

کشتہ ہڑتال ورقیہ

ہڑتال ۱ تولہ لیکر ۱۲ تولہ نغدہ دودھ کل چھتری والی میں رکھ کر بعد کوزہ گلی میں بند
کر کے دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ (ر)

کشتہ فولاد واسطے قوت باہ اور بھوکھ در معدہ امراض بلغمی میں بہت ہی مفید ہے

ترکیب:۔ فولاد اصلی باریک شدہ ۱ تولہ۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ دونوں کو ملا کر ایک روز
کھرل کریں۔ اور کوزہ گلی میں بند کر کے ایک سیر کی آنچ دیویں۔ پھر نکالکر ایک تی
سیماب اور ایک تی زنجفر یعنی شنگرف ملا کر ہمراہ شراب کے جو کہ تند اور تیز ہووے
مثلاً برانڈی ڈال کر کھرل کریں۔ پھر کوزہ گلی میں بند کر کے اور گل حکمت کر کے تھوڑی
سی آنچ دیں۔ تا کہ اس کا پانی خشک ہو جاوے۔ اتنی آگ نہ دیویں کہ پارہ اور
شنگرف اڑ کر اوپر جا لگے۔ اور پھر شراب کی ٹپھ دیکر سو دفعہ پھر یہی ترکیب کریں۔ یعنی ۱۰۰
دیویں۔ اگر دو صد پھوڑی جاوے تو بہت بہتر ہے۔ (ر)

کشتہ ابرک سفید

ابرک سفید ۲ تولہ لیکر ماتل کے دودھ میں چار روز تر رکھیں۔ پھر نکال کر چھاچھ
ترش میں کھرل کریں۔ پھر قرص بنا دیں۔ اور گھٹیالی میں ڈال کر خشک کر لیویں۔
اور کمس جنگلی اوپلوں کی آنچ دیویں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ پھر اس میں ہم وزن
مرچ سیاہ ایک ایک تولہ حل کریں۔ خوراک دو رتی ہے۔ (ر)

گنگا درویشی تیر بہدف واسطے شہوت جماع ولغوظ مجلوق پر کم اثر ہو

منسل ۲ ماشہ۔ ہڑتال طبقی ۲ ماشہ۔ گندھک آملہ سار ۲ ماشہ۔ سم الفار سفید
مصطگی رومی ایکماشہ سب کو باریک مانند سرمہ کرکے روغن گائے سے خمیر کرکے
پارچہ پر آلودہ کرکے فتیلہ بناکر بدستور معروف روغن کشید کرکے ایک ہفتہ زیل میں
میں مدفون کردیں اور نکال کر حشفہ کو چھوڑ کر طلاء کریں۔ صبح وشام طلاء کرتے رہیں
اوپر بنگلہ پان ضرور باندھیں۔ انشاء اللہ قوت رجولیت عود کر آئیگی۔ اور قوت
اوّل شب خیزگی پذیر ہوگی۔ بعد از جماع ۱۲ یوم صرف بہ قدر خشخاش دانہ برآمد ہونگے
جسوقت اچھی طرح دانہ برآمد ہوجاویں طلاء نہ کریں۔

(مرسلہ۔ خاکپائے درویشاں حکیم سید علی شاہ)

نسخہ دفعیہ بخار کونین کا دادا

خانہ ابلیس کی گری ۴۰ عدد۔ دارچینی ۲ تولہ ہینگ ۲ ماشہ۔ پھٹکڑی بریان
۲ تولہ رَت گرنج ۲ تولہ۔ بمقدار بیر جنگلی کے گولیاں بناویں۔ تین گولی صبح دوپہر
شام قوی اور جوان آدمی کو دیویں۔ بخار موسمی بلغمی میں خواہ بخار ہو یا نہ آئیگا
ہو دیویں بہر تارائے طبیب پر منحصر ہے۔ درج اخبار فرماکر مشکور فرماویں تاکہ
عوام کو فائدہ ہو۔ (مرسلہ بیگل مدس از گیدڑ پور)

نسخہ مقوی دماغ

مغز سونف ربادیان، ۱۰ تولہ مغز دھنیا ۱۰ تولہ۔ طباشیر ۲ تولہ۔ الاچی خورد ۲ تولہ
موصلی سفید ۲ تولہ۔ بہمن سرخ وسفید ۴ تولہ۔ مغز بادام مقشر ۱۰ تولہ پستہ ۱۰ تولہ
چہار مغز ۱۰ تولہ۔ برہمی بوٹی ۱۰ تولہ مغز خشخاش ۱۰ تولہ۔ بنفشہ ۵ تولہ شکر تیغال ۵ تولہ
گوند کتیرا گھی میں بھنی ہوئی ۲ تولہ۔ گوند ببھبری گھی میں بریان کی ہوئی ۲ تولہ۔ ورق
ایک نقرئی۔ مروارید ناسفتہ اگر توفیق ہو تو ۳ ماشہ۔ سب کو پیس لیں۔
مصری آدھ سیر لیکر لعاب بیدانہ ۲ تولہ۔ لعاب پوست ۲ تولہ۔ لعاب صندل سفید
۲ تولہ عرق کیوڑہ ۱۵ تولہ۔ ملاکر قوام بناویں۔ اور اوپر کی ادویات داخل کردیں۔ اور

ہر روز بوقت صبح وشام بمقدار ۶ ماشہ کھایا کریں۔ (ایڈیٹر)

اُشیر آسو

خس۔ نیتر بالا۔ کنول کشمیری۔ نیلوفر۔ ماکنگنی۔ پدماکھ۔ لودھ۔ مجیٹھ۔ جوانسا۔ پاڑھا
ازنیا۔ کلکی۔ بڑھ۔ گولر۔ کچور۔ پت پاپڑا۔ کنول سفید۔ پڑول۔ کچنار۔ جامن۔ سنبل کا
گوند ۲-۴ تولے۔ سب کو باریک پیسکر داکھ ۲۰ تولہ دھاوے کے پھول ایک سیر لیکر
۲ سیر پانی میں پکاویں۔ پھر شکر سفید ۵ سیر۔ شہد ۲ سیر ڈالیں۔ نکال کر صاف کرکے
مٹی کے برتن میں ایک مہینہ بھر رکھیں۔ پھر ایک مہینہ بعد استعمال کرنا شروع کرے
تو یہ رکت پت۔ سفیدی خون۔ کوڑھ۔ پرمیہ۔ بواسیر۔ کیڑے اور سوجن ان سب کا
ستیاناس کرتا ہے۔ خوراک تقریباً ۲ تولہ۔

سولپ اگنی مکھ چورن

ہینگ ۱ ماشہ۔ بچ ۲ ماشہ۔ فلفل دراز ۳ ماشہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ۔ اجوائن ۵ ماشہ
ہرڑ ۶ ماشہ چترا ۷ ماشہ کٹھ ۸ ماشہ ان سب کو کوٹ پیسکر سفوف کریں۔ اسکو چھاچھ۔
چھاچھ۔ ستو۔ شراب ہلکی یا گرم پانی ان میں سے کسی ایک کے ساتھ استعمال کرنے سے
اداورت۔ بدہضمی۔ تلی۔ پیٹ کی بیماریاں اور جس آدمی کا جسم ڈھیلا سا رہتا ہو جس نے
زہر کھالی ہو۔ ایسی بیماریوں کو۔ بواسیر۔ درد ریح۔ گولا۔ کھانسی۔ دمہ اور تپدق یہ سب
بیماریاں جلد دور ہوتی ہیں۔ یہ اگنی مکھ چورن ہمیشہ فائدہ کرتا ہے۔ (")

اگر عورت کے پیٹ میں لڑکا مر کر رہ گیا ہو یا تولد ہونے میں دشواری ہے اور درد کی شدت ہو تو

گل شبو ۶ ماشہ آدھ پاؤ پانی میں خوب جوش دیکر اسکا فقط پلادینا فوری درد زہ
اور ولادت میں ہر حالت دشواری میں فوری نفع بخش ہے۔ اور اگر لڑکا مر گیا ہو تو
زیادہ مقدار میں پھول دے پانی میں جوشدیکر زچہ ایک بڑے ظرف میں بٹھلائی جائے۔ فوراً
لڑکا خارج ہوجاویگا۔ (مرسلہ سید محمد نور الرحمان عرف سید شاہ اللہ از پٹنہ)

بڑہاگنی مکھ چُورن

جواکھار۔سجی کھار۔چترا۔پاڑھا۔کرنجوا۔پانچوں نمک۔الاچی خورد۔تمال پتر۔
بھارنگی۔باؤبڑنگ۔ہینگ بریان۔پوہکرمول۔کچور۔دارہلدی۔تروی۔ناگرموتھا۔پیج۔آملہ
زیرہ۔املی۔ساندرچہ۔فلفلدراز۔میتھی۔امل بیت۔اجوائن۔دیودار۔ہرڑ۔اتیس۔تر
ہاؤبیر۔المتاس۔یہ سب برابروزن لیویں۔اور تل کی کھار۔موکھا۔دشنک گھراٹا۔پاملی
درخت کی کھار۔سہنجنہ۔تالمکھانہ کی کھار۔پلاس کی کھار کشتہ منڈیا گرم کرکے پیشاب
گائے میں ۳ بار بجھایا ہوا منڈور یہ بھی برابروزن لے کر پہلی ادویات کے ساتھ ملاویں
اور پھر سب کو کوٹ پیسکر کپڑچھان کرکے سفوف بنالیں۔پھر بجورا لیموں۔کانجی۔ادرک
کے رسوں میں تین تین دن بھگو کر سکھالیں۔اب اس رس چورن کو کھانے سے
بڑھتا ہے۔اور آگ کی طرح روشن ہوجاتا ہے۔یہ چورن مناسب استعمال کرنے سے
ایک بیماری متعلقہ ہاضمہ کو بہت جلد دُور کرتا ہے۔اور بدہضمی۔گولا۔تلی۔بواسیر۔پیٹ کی
بیماریاں۔نبق وات۔اشٹھیلا وغیرہ کو دور کرے۔کم ہوئی گرمی کو تیز کرے۔بھوجن کے پہلے
اسکو کھا کر پھر بھوجن کریں۔

کھانسی خشک وتر:۔بیدانہ۔گوند کتیرا۔شک تنغال۔آرد ملٹھی۔نشاستہ۔خشخاش
سفید ہر ایک ۱ تولہ۔مغز بادام ۲۰ عدد کوٹ پیسکر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔دو
روز میں آرام آجاتا ہے۔گولی کو منہ میں رکھ کر چوسنا چاہئے۔

(مرسلہ چمن لعل سگنیلر ریلوے اسٹیشن نوشہرہ)

(ایضاً) آک (مدار) کے پھول کے اندر زیرہ جو مثل مٹھائی کے ہوتا ہے۔ایک تولہ
اور اس کے شادی نمک لاہوری اور فلفل دراز ملا کر حب بقدر مرچ سیاہ کے بنا دیں۔
خوراک ۱ گولی دودھ کے ساتھ بوقت رات بچوں کیواسطے ایک گولی۔ریزش۔کھانسی
بلکہ دمہ تک دور ہوجاوے سوتے وقت منہ سے لعاب گرنے۔درد شکم۔ہیضہ۔بدہضمی
کو مفید ہے۔ (//)

ملذذ:۔عقرقرحہ ۲ ماشہ۔طباشیر سفید ۳ ماشہ۔کافور ۱ ماشہ۔مغز خروس سفید ادنٰی

الاچی سفید ۲ ماشہ کوٹ پیسکر شہد خالص میں ملا کر نگاہ رکھیں۔خوشبو کے واسطے عطر وغیرہ
ملا سکتے ہیں۔جشفہ پر ملکر قدرت خدا کا تماشہ دیکھیں۔ (//)

جریان وغیرہ:۔چرس کا ساڑ (جلی ہوئی چرس) ۱ ماشہ۔خولنجان ۳ تولہ۔کوٹ
پیسکر قدرے شکر سفید ملا کر رکھیں۔اور صبح کے وقت ۳ ماشہ دودھ سے کھاویں
مقوی باہ بھی ہے۔ (//)

سوزاک:۔مندرجہ ذیل نسخہ آزمانے کا موقع نہیں ملا۔ناظرین میں سے جو آزماویں
اسکے نیک وبد اثر سے مطلع فرماویں۔اور جناب ایڈیٹر صاحب بھی اپنی رائے مبارک
سے مطلع فرماویں۔ریٹھے کے اندر کی سیاہ گٹھلی لیکر اسکو کوٹ کر چھلکا دور کرکے مغز
کو لیکر کوٹ کر اسکے برابروزن کھانڈ ملا کر بقدر ۳ ماشہ دودھ بکری یا دودھ گائے
کیساتھ کھاویں۔پرانے اور نئے سوزاک دونوں کو مفید ہے۔پرہیز مناسب۔ (//)

مقوی باہ:۔گندم ڈیڑھ چھٹانک لیکر رات کے وقت دودھ گائے میں بھگو
رکھیں۔صبح کے وقت نکال کر دورے میں ڈال کر خوب گھوٹے۔پھر ۴ تولہ شہد خالص
زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔روغن زرد ایک چھٹانک۔کھانڈ ایک چھٹانک۔الاچی
خورد ۲ ماشہ ڈال کر خوب گھوٹے جب اسقدر باریک ہوجاوے۔کہ چھاننے کی
ضرورت نہ پڑے۔نہار منہ پی جاوے۔اسی طرح ایک ہفتہ تک کرے۔اور قوت
ملاحظہ کرے۔ (//)

لذیذ چورن:۔زنجبیل ۱ تولہ۔امچور۔انار دانہ۔چیتہ۔پودینہ۔پوست ہلیلہ زرد
مرچ سیاہ۔ترنج۔بالچھڑ۔سونف۔اجوائن ہر ایک پانچ پانچ تولہ۔دارچینی۔شگوفہ
اذخر۔ہینگ بریان۔نرکشک۔دانہ الاچی کلاں ہر ایک تین تین تولہ۔نمک لاہوری
نوشادر۔نمک سانبھر ہر ایک ۴ تولہ کل ادویہ کوٹ چھان کر ۹ یوم لیموں کاغذی کے
رس میں کھرل کرکے دھوپ میں خشک کریں۔
کھانا کھانے کے بعد ۲ ماشے باسی پانی سے دیویں۔یہ چورن مندرجہ ذیل پیٹ درد
باؤگولہ۔ریح غرضیکہ تمام امراض پیٹ کے لئے جادو ہے۔

(مرسلہ حکیم بابو رام سرنداس خریدار اخبار ۴۸۲۳)

لسنخہ جریان:- الاچی خورد ۶ ماشہ موصلی سفید ا تولہ ثعلب مصری ۶ ماشہ سنبل کا موسلہ ۶ ماشہ۔ تج ۶ ماشہ۔ گوگرو ۶ ماشہ پھلی ببول ا تولہ مصطگی ۶ ماشہ۔ برگ لسوڑہ ۶ ماشہ مغز کدو ا تولہ مصری ۳ تولہ سب ادویات کوٹ چھان کر سفوف بناویں۔ ۹ ماشہ ہمراہ شیر گائے مجرب ہے۔ (//)

گنٹھیا وجع المفاصل (روماٹیزم کیلئے)

پوٹاسی آیوڈائیڈ۔ ... ... ایکڈرام ، پوٹاسی ایسی تیس ... ... ایکڈرام

سوڈا سلی سلاس ... ... ، ایکسٹریکٹ کیسکا اسگریڈا ... ... دوڈرام

گلیسرین ... ... دوڈرام ، ایکوا انسی موسیائی ... ...

ایکوا انیسی ... ... ۳ اونس ، تمام ادویہ ملا کر ایک دن میں ایکدفعہ تین تین ڈرام ۔ (//)

لسنخہ (جانڈس) یرقان کیلئے

ایکسٹریکٹ ایلوز ... ... ۲۴ گرین ، پوڈو فلین ریزن ... ... ۶ گرین

کونین سلف ... ... ۱۲ گرین

کل ادویات کی ۲۴ گولیاں بناویں ، ایک صبح ایک شام پانی سے نگل جاویں ۔ (//)

درد دانت کے لئے

شیر مدار خشک ۶ ماشہ عقر قرحہ ا تولہ۔ مشک کافور ا تولہ سب ادویہ کوٹ چھان کر ایک رتی دانت پر ملیں۔ آرام ہوگا ۔ (//)

برائے اسہال ہر قسم

موچرس۔ بل کتھ۔ سپاری تلیا۔ مازو۔ گل انار برابر وزن کوٹ چھان کر ۳ ماشہ ہمراہ ملتانی مٹی۔ ننا چاول یا ساگودانہ ۔ (//)

حبوب برائے بخار

آرد گلو ا تولہ مغز کرنجوہ۔ پوست بیخ تلسی ا تولہ۔ زہر یلی عمدہ ا تولہ گلقند بنفشہ ا تولہ سب کو ایک جان کھرل کر کے گولی بقدار نخود بناویں۔ اور دو دو گھنٹہ کا وقفہ ڈال کر دیویں۔ ایشور چاہے چند روز میں ہی آرام ہوگا ۔ (//)

حبوب برائے طحال

نوشادر۔ شورہ قلمی۔ جوکھار ایک ایک تولہ مصبر (ایلوا) ۳ ماشہ۔ ریوند عصارہ ۳ ماشہ سب ادویات کو کوٹ پیسکر ہمراہ گھیکوار کی رس کھرل کر کے گولیاں بمقدار نخود بناویں اور دو گولی عرق بادیان سے کھاویں ۔ (//)

لسنخہ برائے امساک

دو تولہ عقر قرحہ بڑھ کے دودھ میں تر کر کے سایہ میں رکھیں۔ غنچہ ناشگفتہ انار شیریں ۱ تولہ تو لہ سب باریک کر کے ادرک کی رس میں دو تولہ کی گولیاں بناویں۔ ایک گولی ایک گھنٹہ قبل جماع کے کھاویں ۔ (//)

لسنخہ ۸:- پوست درخت مدار تازہ ۶ ماشہ نیکوب کر کے ایک باریک کپڑے میں پوٹلی باندھ لی جاوے۔ اور آدھ سیر شیر گائے میں جوشدیوے جب ۲ مرتبہ جوش آجاوے۔ دودھ کو اتار کر پوٹلی نکال لی جاوے۔ اور دودھ کو پی لیوے اسطرح ۷ دن تک کرے انشاء اللہ درمیان میں ہی قوت باہ اس قدر ہوگی۔ کہ ضبط کی طاقت نہ رہیگی۔ لیکن ۷ دن تک مجامعت نہ کرے۔ خدا نے چاہا۔ تو تمام عمر قوت باہ میں کمی نہ ہوگی۔ میرا مجرب ہے۔

(سید یعقوب علی سندیافتہ مدرسہ طبیہ دہلی)

دیگر روغن مجلوق:- مغز جمالگوٹہ ا تولہ۔ میٹھا تیلیا چربی ۳ تولہ۔ مالکنگنی ۲ تولہ سانڈہ کی چربی ۲ تولہ۔ پوست درخت کنیر ۷ ماشہ۔ کچلہ سودہ ۳ ماشہ۔ بیر بہوٹی ۷ ماشہ عرق درخت ستیاناسی ۲ تولہ۔ عرق برگ پھکنی ۲ تولہ سب کو تپال جنتر میں رکھ کر روغن کشید کریں۔ اور حشفہ اور سیون چھوڑ کر بقدر ڈیڑھ ماشہ مالش کریں۔ اوپر سے برگ تنبول باندھ کر کچے دھاگے سے باندھ دیں۔ انشاء اللہ چند روز میں قوت اصلی آجاویگی۔ اور نعوظ زیادہ ہوگا۔ اور کجی و رگوں کا موٹا پن دفع ہوجاویگا مجرب ہے ۔ (//)

لونگ آدیہ مودک

لونگ۔ فلفل دراز۔ سونٹھ۔ مرچ۔ زیرا سفید۔ زیرہ سیاہ۔ کیسر۔ تگر۔ الاچی۔ جائفل۔ دارچینی۔ کا یچھل۔ تیج پات۔ کنول گٹہ۔ صندل سفید۔ کنکول۔ عود خس۔

کشتہ ابرک۔ بھیم سینی کافور۔ جاوتری۔ سرد چینی۔ ناگرموتھا۔ بالچھڑ۔ اندرجو۔ دھنیا۔ سونف یہ سب ادویات برابر وزن لیکر ملاکر کوٹ چھان کر سفوف کریں۔ اب اس چورن کے استعمال کرنے سے سخت امل پت۔ بدہضمی۔ اجیرن۔ یرقان۔ سنگرہنی خوان۔ سب اقسام کی سنگرہنی دست یہ سب دور ہوجاتی ہیں۔ اور طاقت و ہمت بڑھتی ہے۔ اور یہ ویرج کو بہت بڑھاتا ہے۔ یہ لونگ آدی چورن اشونی کماروں کا تجربہ کیا ہوا ہے۔

تروورت آدی مودک

تروی۔ جاگلوٹہ کی جڑ۔ پپلامول۔ چترا یہ سب ادویات ۴۔۴ تولہ لیویں۔ اور سب کے برابر گڑ اور سونٹھ ملاکر گڑ کے ساتھ مودک بنادیں پھر ایک مودک روزانہ بلاناغہ کھانے سے دشٹیدہ اجیرن (بادی بدہضمی) دور ہوتی ہے۔ اور قوت ہاضمہ بہت بڑھتی ہے۔

بھیڑ

کشتہ منور| ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ تینوں ادویہ وزنی ایک سیر خام برابر برابر وزن لیکر بھگودیں۔ اور دو تین دن بھیگا رہنے دیں پھر منور کی اس میں کھرل کرکے ٹکیہ بناکر ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیدیں۔ اسطرح کی چھ میں کشتہ ہوجاوے گا۔

ترکیب استعمال۔ منور کا کشتہ ۱ تولہ۔ میدہ گندم ۱۰ تولہ۔ پرانا قند سیاہ ۴ تولہ۔ روغن زرد ۵ تولہ۔ میدہ گھی میں بھون کر اور قند سیاہ کی چاشنی بناکر حلوہ تیار کریں جب تیار ہو جاوے۔ خوراک موجب مزاج دیویں۔ جوان کے واسطے ایک تولہ صبح کے وقت کھلاویں اس سے ہر قسم کی کمزوری اور ضعف جگر وغیرہ دور ہوتے ہیں۔ (رسالہ منشی رام کھتری)

ترکیب کشتہ قلعی یعنی رانگا

رانگ کو کڑچھی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل کر پانی ہوجاوے اس میں گندھک آملہ سار ایک پسی ہوئی کی چٹکی دیں۔ اور لوہے کے دستے سے ہلاتے جاویں۔ پھر کوزہ گلی میں ڈال کر پوست درخت پیپل خوب باریک کرکے اسکے اوپر نیچے ڈال کر دو سیر اوپلوں کی آنچ دیویں۔ ٹھنڈا ہونے پر ساکھ سے جدا کرکے رکھ چھوڑیں۔

ترکیب استعمال۔ خوراک ایک رتی مکھن میں اس سے ضعف دماغ۔ ضعف جگر ضعف

فائدہ ہوتا ہے۔ یہ یاد رہے۔ کہ رانگ ۴ تولہ اور گندھک ایک تولہ ہونی چاہئے۔ (رر)

کشتہ رانگ| یہ کاپی میں نہیں ہے۔ دیگر تراکیب یہ ہیں۔ سہاگہ۔ درخت پیپل کے پوست اور پوست درخت اصلی میں بھی رانگ کا کشتہ ہوجاتا ہے۔ (رر)

واسطے از کار رفتہ و سستی مجلوقی اکسیر لنگ فقیری ہے

صفت:۔ جو وقت اسپ مادہ کے بچہ نر پیدا ہو فوراً اسکے منہ میں ایک پارچہ کپڑا ابھری کہ اس کا لعاب کپڑے میں آلودہ ہوجائے۔ تب نکال کر عضو تناسل پر لپیٹ دیوے۔ اور دو گھنٹے کے بعد کھول ڈالے۔ اسی پارچہ کو پھر باندھے۔ اور تین روز تک دن میں دو مرتبہ عمل کرے۔ قوت نعوظی بحالیت پذیر ہوگی۔ (رسالہ حکیم حید علی شاہ)

دیگر سرمہ لاثانی جو اکسیر چشم ثابت ہوا

خارش چشم و سرخی و پڑوال و ناخنہ و بیاض چشم مفید ہے۔ سرمہ اصفہانی ۲ تولہ جو درمیں رکھا گیا ہو ۴۰ روز تک اس کے بعد ۲۱ روز بیخ کیلہ میں رکھو۔ ۲۱ روز درخت سرس سیاہ میں رکھو بعدہٗ اس سرمہ کو کلیجی آہو یعنی ہرن میں کہ جس کا قیمہ کیا گیا ہو وزنی تا ایک سیر رقد برگ سرس حل کرکے دیگدان پر رکھ کر تمام عرق جذب کردیں۔ یہ سرمہ تیار ہوگیا۔ ناخن فیل جو کہ عرق سرس میں ۲۱ روز تر کیا گیا ہو۔ سنگ بصری اصلی مسحوق عرق لیموں ۶ ماشہ مرچ سیاہ جو تپہ ماہی روہو میں جذب شدہ ہو۔ ۶ ماشہ تبت ۶ ماشہ مغز تخم کھرنی تازہ ۱۱ عدد تخم سرس سیاہ ۳ ماشہ۔ گوبی بندوق تیر تولہ۔ اس کو گندھک آملہ سار سے خاکستر کیا ہوا مروارید ناسفتہ ۳ سرخ بڑکیوڑہ مسحوقہ ہم ناس مس محرق جو بوٹی لانا سے کشتہ کیا ہو۔ ایک ماشہ میل نقرہ ۳ ماشہ ۱۱ ماشہ۔ ان سب کو عرق لیموں نصف سیر سے کھرل سماق میں تیار کریں اس کے جوہر قسیبہ لگانے والوں سے دریافت کریں۔ انشاء اللہ بنانے کے بعد پوری کامیابی حاصل ہوگی۔ (رر)

مبارک کی بند ہوگئی ہو "(ماہواری)"

نوبکلاں ۲ رتی۔ تخم کثوث ۲ رتی۔ تخم کرفس ۲ رتی۔ مٹھراں ۱ ماشہ۔ سونف ۱ ماشہ۔

کھادیں ماشہ سوائے کشوث کے جملہ اشیاء کوٹ کر اور جوشاندہ بنا کر پلادیں۔

(مرسلہ ہری چند کھنہ ازادو دکی)

جھولہ ایک یوم میں کافور ہو سکتا ہے

برادہ مس ۲ تولہ ہڑتال ورقیہ ۲ ماشہ۔ پارہ ۲ ماشہ۔ ترکیب:۔ نمبر ۱ و ۲ کو شیر مدار سے رگڑ لے۔ اور رات کو بوتہ لوم میں رکھ کر پانچ دستی کی آگ دیوے۔ پھر ۱ و ۲ کو شیر مدار سے رگڑ کر بطریق مذکورہ سے آگ دیوے۔ دوسری دفعہ لیموں کی رس سے رگڑ کے بطریق مذکورہ آگ دیوے۔ اسی طرح سے آگ دیوے۔

خوراک نصف رتی یا چوتھائی رتی مناسب موقعہ استعمال:۔ برائے طاقت میں۔ روغن زرد اوپر سے جھولے کے واسطے پتاسہ دکھنڈ میں۔ (ر)

شاردول کانجی

فلفل دراز۔ ادرک۔ دیودار۔ چترک۔ چب۔ بل گری۔ اجموده۔ ہرڑ۔ سونٹھ۔ اجوائن۔ مرچ۔ زیرا۔ ہینگ۔ یہ سب اشیاء ملا کر کانجی بنا کر استعمال کرنے سے قوت ہاضمہ بڑھتی ہے۔ اور تیل سرسوں کا دھواں دیئے ہوئے کانجی کے کھانے سے اقسم کی بیماریاں مثلاً کھانسی۔ دمہ۔ دست۔ سفیدی خون۔ یرقان۔ آؤں روگ گولا۔ بات شول۔ سوجن سب دور ہوتی ہیں۔ مگر اس کانجی کو کھانا کھانے کے بعد پوسے دکوٹے برس کا تیل ڈالتے ہیں۔ جب دھواں اٹھے۔ پیالہ اوپر دیدیا۔ اس پیالہ میں کانجی ڈال کر

کھشدھا ساگر رس

سونٹھ۔ فرج۔ فلفلدراز۔ ترپھلا۔ پانچوں نمک۔ سجی کھار۔ جواکھار۔ سہاگہ کھار۔ گندھک مصفے۔ شہد تیلیا۔ مدیہ ہر ایک ایک حصہ برابر وزن لیکر سب کو ملا کر کوٹ چھان کر چورن بنالیویں۔ اور پھر اسکی ایک رتی بھر کی گولیاں بنالیں۔ اور ہر روز ایک گولی کے سفوف کیساتھ استعمال کریں۔ تو بھوک بڑھے یہ کھشدھا ساگر رس سوریہ نا جی کا تیار کیا ہوا ہے۔

جناب پنڈت صاحب تسلیم اچند مجرب نسخہ جات اس سے پہلے بھی حاضر

خدمت کئے گئے معہ چھپ گئے لیکن میرے پاس اخبار روش الکارک نہیں آیا۔ ورنہ بہت سے اور مجرب نسخہ جات حاضر خدمت کرتا جسکو وجع المفاصل یعنی گنٹھیا ہو تو یہ نسخہ استعمال کرادیں۔ خدا چاہے یقینی نفع ہوگا۔

صفت:۔ سرنجاں شیریں ۱ تولہ۔ بوزیدان ۱ تولہ۔ صبر زرد ۵ ماشہ۔ برگ سنا ۹ ماشہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۵ ماشہ۔ مصطگی رومی ۱۱ ماشہ۔ ہلیلہ سیاہ ۶ ماشہ سب کو باریک پیسکر روغن بادام ۲ تولہ میں چرب کریں۔ پھر شہد خالص بہ قدر پانچ ماشہ ہمراہ آب گرم خلو معدہ پر استعمال کریں۔ پرہیز اشیاء سرو تر سے اگر اس دوا میں سفوف جلی ہوئی آدمی کی ہڈیوں کا $1\frac{1}{2}$ تولہ اور آمیز کردیں۔ تو نہایت سریع التاثیر ہوجاویگا مجرب خاص ہے۔

(مرسلہ حکیم سید یعقوب علی)

جوب بواسیر مجرب

عطیہ درویش صفت ثمر بکائن جس میں تخم نہ پڑا ہو خشک شدہ ۲۰ تولہ ہلیلہ سیاہ جس کا دانہ بہ قدر نخود ہو ۱۰ تولہ ہردو کا سفوف بنا کر عرق کوکر چھڑی میں حبوب بمقدار کنار صحرائی بنالیں جسوقت خون کی زیادتی ہو صبح وشام ایک حب ہمراہ عرق کگر چھڑی کھاتے رہیں انشاءاللہ تعالیٰ دوتین خوراک میں حبس دم ہوگا۔ اور روزمرہ رفع مرض کو دو حب صبح وشام ہمراہ آب تازہ کھاتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ خطا نہ کریگا۔ اگر مسے پھوڑے ہوگئے ہوں۔ تو برگ انار کی لکڑی باندھتے رہیں۔ درد و دم دور ہوگا۔

(مرسلہ خادم الفقرا حکیم سید علی شاد)

کشتہ نایاب فی فعیہ دمہ وسوء النفس وسرفہ کہنہ مجرب المجرب

ہڑتال گودنتی ۲ تولہ۔ سفوف برگ نیم سایہ میں خشک شدہ ۱۰ تولہ۔ ایک ظروف گلی میں نصف سفوف ڈال کر درمیان میں ہڑتال موصوف یکمقدار رکھ کر بالائے سفوف مذکور رکھ کر دہن مسدود کرکے گل حکمت کرکے دس سیر پاچکہ دستی صحرائی کی آنچ دیں۔ خوراک ایک سرخ ہمراہ پان یا ملائی یا شہد جیسا موقع ہو۔ استعمال فرمادیں۔ اکسیر ثابت ہوگا۔ ایک کہنہ کو انشاءاللہ تعالیٰ دفع کریگا۔ (ر)

کشتہ بارہ سنگھا مجرب المجرب سرعت انزال ضیق النفس سرفہ کہنہ درکنہ و

سوزاک مجرب، شاخ بارہ سنگھاہ تولہ ۱۔ ان کو آگ میں ڈال کر کوئلہ کرلیں۔ بعدہٗ
آگ دمادم ۱۱ تولہ میں کھرل کریں۔ اور قرص بنا کر ظرف گلی میں ڈال کر گل حکمت کر
۔ ثانا آگ سے کشتہ کریں۔ بعدازاں اس عرق گھیکوار سے جس کا وزن ۲۰ تولہ ہو کھرل ک
اور قرص بنا کر اسیر آگ سے بدستور معروف کشتہ کریں۔ خوراک موافق بدرقہ و مزاج
چاول سے ایک سرخ تک ۔ (۱۱)

سم الفار مومیہ

ایک تولہ سم الفار سالم ڈلی لے کر ۷ روز تک شیر مدار میں بھگو رکھیں۔ ۸۔۸
بعد شیر تازہ بدل دیا کریں۔ بعد بوٹی ترنڈی کو گھوٹ کر اس کا پانی بقدر ایک سیر
کر پارچہ بیز کریں۔ دوسرے روز بند یعنی مقطر کر لیویں۔ تا کہ خوب مصفٰے ہو جاوے
بعدازاں سم الفار مذکور پیالہ چینی میں رکھ کر مگر پیالہ چینی کا اصلی اور پتلا جیسا ہوتا ہے
باورنگ بقدر چار سیر تو آہنی پر رکھ کر اسکے اوپر پیالہ رکھدیں۔ اور چولھا پر رکھ کر او
درجہ آگ بیر کی لکڑی کی جلادیں۔ اور قطرہ قطرہ پانی مذکور کا ڈلی سم الفار پر ڈالتے جا
اس طرح جب تمام پانی جذب ہو جاویگا۔ تو سیخ لگا کر دیکھیں سم الفار مثل موم ہو
پس جب مومیہ ہو تو سرد کر کے اتاریں۔ اور کسی چوبی ڈبیہ میں رکھیں۔ بوقت ضرورت
بقدر دانہ خردل دوائی مکھن میں رکھ کر دیویں۔ تو مریض آتشک کہنہ سے کہنہ کو
مثل اکسیر کا کام دیگا۔ ایک ہفتہ کے استعمال سے برسوں کا مرض نیست و نابود
ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ قرحہ سوزاک کے لئے مفید ہے۔ پیرسن نامرد کے لئے
ہے۔ اور مرض دمہ کھانسی ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ غرض کہ مناسب بدرقہ سے
ایک بلغمی امراض کے لئے حکم اکسیر کا رکھتا ہے۔ پرہیز ترشی مچھلی۔ تیل۔ سرخ مرچ
خوراک روٹی گندم با روغن اگر کچھ خشکی معلوم ہو۔ تو شیر و روغن زرد استعمال کر
چاہئے۔ (حکیم غلام علی شاہ)

کشتہ ہڑتال ورقی

برائے مرض دمہ کھانسی ہر قسم اسہال مفاصل مرض رعشہ کے لئے بالکل مفید ہے

بقدر ۲ تولہ ہڑتال ورقی لے کر ۱۲ روز تک پانی انار ترش میں بھگو رکھیں۔ اور ہر تیسرے روز
جدید پانی بدل لیا کریں۔ بعدازاں کھرل میں ڈال کر ہمراہ پانی بوٹی ترنڈی ۱۲ پہر تک مسلسل [illegible]
ہو جاوے۔ بعدازاں غولہ بنا کر سایہ میں خشک کریں جب غولہ خشک ہو جاوے۔ تو برگ ترنڈی
بقدر ۲۰ تولہ کو گھوٹ کر نغدہ بنا کر اس میں غولہ مذکور رکھ دیں۔ اور اوپر سے ۳ مرتبہ گل حکمت
پتا اسا کریں جب اچھی طرح خشک ہو تو ۵ سیر پاچکہ دشتی کی اخگر آگ میں رکھ دیں جب
سرد ہو تو آہستہ آہستہ نکال لیں۔ مثل بتاشہ کے پھول جاویگا۔ اور ہموزن بزنگ سفید
کشتہ ہوگا خوراک بقدر دانہ باجرہ موافق طبیعت کے منقہ میں رکھ کر کھلا دیں۔ (۱۱)

تحفہ ترکیب نادرہ: ممسک مقوی باہ بعد استعمال کے برف کے دریا میں کود پڑو
تو سردی پاس نہ آوے پی کر جماع کرو۔ تو بہت ہی لطف بخشے۔ باہ اور امساک دونوں
ہوں۔ یا قوتی کی قوت دیتا ہے۔ بادیان خطائی ا ماشہ۔ دارچینی ا ماشہ۔ چوب چینی ا ماشہ
جوتری نیم ماشہ۔ جائفل نیم ماشہ۔ قرنفل نیم ماشہ۔ الائچی سفید معہ پوست ا ماشہ۔ سب کو
جوکوب کر کے نیم پاؤ پانی میں جوشدیں۔ کہ نصف باقی رہے۔ چاء خطائی ا ماشہ اس میں
ڈالیں۔ اور دم دیں۔ دیگچی ہر وقت بند رہے۔ جس وقت چاء خطائی رنگت دیدے۔
دودھ تازہ ملا کر دو تین جوش اور دیں۔ اور سب کو چھان لیویں۔ اور شکر سفید ۲ تولہ
زعفران ۵ سرخ در کیوڑہ ۲ تولہ سودہ ملادیں۔ تھوڑا قلاقند یا جلیبی ڈال کر قاشق سے جرعہ
جرعہ نوش کریں۔ چند روز میں رنگت ہو جاویگی۔ مثل اس کی رنگت کے۔ ترشی بادی
مرچ سرخ۔ بینگن وغیرہ سے پرہیز غذا عمدہ کھاوے۔ اگر اس میں روغن زرد ڈالیں
تو قوی ہو جاوے۔ بندہ تو روزانہ اسکو نوش کرتا ہے۔ اور لوگوں کو پلاتا ہے۔ یہ صرف ایک
آدمی کی خوراک ہے زیادہ پینا ہو۔ تو سب چیز کا وزن اور زیادہ بڑھا لیں۔

(مرسلہ حکیم سید محمد جعفر حسین)

امساک کی گولیاں بھی ہوں۔ ان کے اندر نہ کوئی دھات ہو۔ نہ مشک عنبر وغیرہ
ہو۔ اور نہ افیون وغیرہ ہو کیا مزے دار سوال ہے! اچھا لیجئے لکھتے ہیں۔ ہاتھی کی مستی
۱ رتی (اس سے زیادہ کبھی نہ کھاؤ) گرم دودھ کے ساتھ سہ پہر کو کھاؤ۔ بیشمار امساک
ہوگا [illegible] ہے۔ (ایڈیٹر)

اودیا ورت رس

مقید برص۔ داد جذام۔ ترکیب تیاری۔ پارہ مدبر ا تولہ۔ گندھک مدبر ا تولہ کو عرق کنوار گندل میں ۴ پہر کھرل کرکے گولی بنادیں۔ اور گولی مذکور کو ایک مٹی کے کوزہ میں رکھیں۔ اور اسکے سرپوش دیکر مضبوطی سے بند کردیں۔ اور اوپلوں کی آگ کے بیچ میں رکھیں۔ اور سرپوش کے اوپر بھینس کے گوبر کا پانی ڈالتے جاویں جب آگ سرد ہو جائے۔ تو برتن مذکور چولھے پر رکھ کر اوپر برابر آگ دیتے رہیں۔ بعدہ پہر کی آگ دیکر ٹھنڈا کرکے نکالیں۔ اور جوشاندہ بائی ترنگ ترپھلا اور باپچی میں کھرل کریں اور احتیاط سے رکھیں۔ مقدار خوراک جوشاندہ ترپھلا کے ساتھ ☆

(مرسلہ لالہ کامن چند صاحب کپور)

نسخہ برائے سفلس (آتشک)

شنگرف۔ مردار سنگ۔ زرد ہڑ قرص ہر ایک ۱ تولہ جدا جدا باریک ساختہ بعد جمع نمودہ مثل تمباکو چہار چلم تیار کنند ہر چہار در کلیان مثل تمباکو در وقت شب یک یک چلم بنوشند مقام شب بیدار مانند علی الصبح شور با مرغ بنوشند انشاء اللہ در یک شب صحت کامل گردد مگر نسخہ تو تیار ساز ند او در حقہ بے آب بانشد۔ (قلمی کتاب سے)

ترکیب کشتہ ہڑتال

بیار ہڑتال ورقیہ ۴ تولہ۔ در چہار سر ساہی در آب پان کھرل کنند تا کہ خشک شود۔ بعد از آں در چہار سر ساہی آب کنوار گندل کھرل نمودہ و چہار سر ساہی آب تھوہر یعنی لسن و بعد از آں در شراب نہند نیز در چہار سر ساہی کھرل سازند و بیار خاکستر میں در آوند گلی ایں اندازہ در وسط خاکستر زرنیخ نہند در من آوند بگل حکمت بند کنند و در کوئے اندازہ آں یک در عرصہ باشد و آں او پلہ انداز دہ آتش دہند بعد سرد شدہ بر آوردہ اس جگہ سے تھوڑا پڑھا نہیں گیا مطلب یہ ہے کہ سرد ہونے پر نکال لیویں۔ شربت آل نیم سرخ وا تو پان در بسیار بجا مجرب است۔ فائدہ مساوی الوزن و الاچی خورد کو بریدہ وا دو بانمودہ باریک نمائیدہ در بل انداز و جہت قوت باہ عجیب الاثر است و اگر از ۴

نمی سردی داشتہ باشد ہمراہ مسکہ جہت بند کشادہ مسلسل و بہق باد فرنگ ☆ (۱۱)

نسخہ درد ریح و بلغم خواہ کسی جگہ ہو بہت مفید است درد خواہ عضلہا ئے خواہ عصبہائے

صفت:۔ اسگند ناگوری ۲ تولہ۔ زنجبیل ۲ تولہ۔ فلفل گرد ا تولہ۔ گوگل ۲ تولہ۔ میدہ گندم ۴ تولہ۔ قند کہنہ ۱۶ تولہ۔ شیر گاؤ ۲ آثار پختہ سوائے گوگل کے تمام ادویہ کو باریک کرنے سے پہلے شیر کو کڑاہی میں ڈالیں۔ اور شیر میں گوگل ڈالدیں جب شیرہ سا ہو جاوے۔ تو پھر قند سیاہ کہنہ ڈالدیں جب آمیز ہو جاوے۔ تو پھر میدہ روغن زرد میں بریان کرکے باقی اشیاء باریک کی ہوئی اور میدہ تمام اشیاء شیر مذکور میں ڈالدیں جب مانند حلوا طیار ہو جاوے۔ تو نیچے اتار لیں۔ یہ یاد رہے۔ کہ آگ نرم ہونی چاہئے خوراک حکیم کی رائے کے مطابق و موافق مزاج ☆ (۱۱)

نسخہ جلاب برائے مرض قولنج

بیارد یکتار خام خنظل یعنی تمہ را در دیگ انداز دو آب یک دو چند ما آرد در زیر آتش نرم کنند تا پختہ شود تا وقتیکہ قدر آب مانند باشد و از دیگ بر آوردہ بالیدہ در کپل صاف نمودہ۔ ترید سفید ۲ تولہ ہلیلہ زرد ۲ تولہ باریک نمودہ در آب خنظل آمیز سازند باریک بسیار تا حب بستہ گردد حب بمقدار نخود بند در انشاء اللہ تعالےٰ از علت مذکور شفا باید اگر خنظل سبز ہو تو بہت بہتر ہے ☆ (۱۱)

نسخہ برائے ہیضہ و درد پیٹ

زنجبیل۔ سوہاگہ۔ نمک۔ سونچر ہینگ سب اشیاء برابر وزن لیکر سوہانجنا کی جڑھ کے رس میں گولیاں طیار کریں۔ بہت فائدہ مند ہے ☆ (۱۱)

نسخہ واسطے درد شقیقہ و درد اعصاب

ماش دھانہ کی دال ایک آثار پانی میں بھگو کر چھلکا دور کرے۔ اور خوب باریک کوٹے۔ روغن زرد گاؤ ایک آثار خام۔ مصری سفید ایک آثار خام مصری کا قوام کر لویں پھر مغز پستہ ایک آثار خام مغز بادام ایک آثار خام۔ ۔ ۔ ۔ لیکر اور نیم

بریان دال کو چولھے سے اتار کر کوفتہ کرکے سرد کریں پھر قوام میں چینی اور مغز پستہ بدام وغیرہ آمیختہ کرکے رکھ چھوڑیں۔ یہ معجون مقوی دماغ ہے ◆ (۱۱)

نسخہ جات مجرب ادویات قوت باہ

سوامی شیوانند پرمانند سرسوتی درشنگ گجرات نے اپنے ہاں کی ایک قلمی کتاب کے کچھ اوراق نقل کروا کر برائے افادۂ ناظرین ارسال کئے ہیں۔ وہ فارسی میں ہیں۔ ان کا ترجمہ اردو میں کرکے نیچے شایع کیا جاتا ہے۔ (ایڈیٹر)

حلواء باہ } اگر نامرد کھاوے تو مرد ہو جاویگا۔ نسخہ یہ ہے:۔ کہ دارچینی۔ مرچ سیاہ۔ جائفل و تج ہر ایک سات سات تولہ لے کر اور وال اٹرد ایک پاؤ شکر چینی ایک پاؤ۔ روغن زرد مادہ گائے ایک پاؤ کوٹنے والی اشیاء کو کوٹ کر ملا لے اور حلوا تیار کرے۔ مجرب ہے۔ (مرسلہ سوامی شیوانند پرمانند سرسوتی)

ایضاً:۔ ان دواؤں کے کھانے والا ۴۰ عورتوں کو خوش کر سکتا ہے۔ اور یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کا فرمان ہے۔ نسخہ یہ ہے:۔ عقر قرحا۔ اجوائن خراسانی۔ رومی مصطگی۔ تخم ترب۔ رائی۔ تخم پیاز۔ موچرس ہر ایک ہموزن ایک ایک درم۔ اندر جو دو درم ان تمام دواؤں کو پیس کر رکھے۔ اور ہر روز ۳ ماشہ بھر انڈوں کی زردی کے ساتھ کھائے مجرب ہے۔ دو درم ۶ ماشہ کا ہوتا ہے ◆ (۱۱)

نوع دیگر } بہوپھلی ۳ سیر۔ گوکھرو کلاں ایک سیر۔ اجوائن ۳ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۳ تولہ۔ ببول کی گوند ۳ تولہ۔ ان سب کو باریک پیس چھان لیں۔ اور گھی میں تل کر حسب ضرورت شہد میں جو شیکر اور دوائیوں میں ملا کر حلوا بناوے۔ اور ہر روز تین تین تولہ کھاوے۔ ترش اور بادی اشیاء سے پرہیز کرے۔ نامرد مرد ہو جاتا ہے اور دھات کے لئے بھی مفید ہے ◆ (۱۱)

طلائے مجرب } تخم ترہ تیزک۔ اسپند۔ حرمل۔ مالکنگنی ان تینوں کو ہموزن لے کر بذریعہ پتال یتر روغن کھینچے۔ پان کے پتوں میں ۴ رتی کے برابر کھلاوے۔ نامرد مرد ہو جاویگا ◆ (۱۱)

نسخہ پٹی قوت باہ:۔ کافور۔ کیسر۔ پارہ ہر ایک ۳ ماشہ لیکر بچہ گدھا کے پیشاب میں

اتنا کھرل کرے۔ کہ سب ملکر پارہ نابود ہو جاوے۔ بعد ازاں ظروف چینی میں رکھیں۔ بوقت شام طلاء کرکے برگ پان اوپر باندھیں۔ اور صبح کھول دیں۔ ۴۰ دن کے اندر فائیدہ ہوگا۔ یہ مجرب اور آزمودہ ہے ◆ (۱۱)

نسخہ باہ لائق شاہان

گوند کالائی یعنی عود سفید ایک سیر خام۔ خرما ایک سیر خام۔ شیر گوسفند یا مادہ گاؤ ۵ سیر خام۔ آرد گندم ۳ سیر خام لیلیں۔ اور خرما کو ساری رات پانی میں بھگو رکھیں۔ اور گٹھلیاں نکال کر عود مذکور کو خرما میں بھر دیویں۔ اور مذکورہ بالا آٹے کی دو روٹیاں تیار کرکے خرما کو ان میں ڈال کر انہیں اوپلوں میں پکاویں۔ تاکہ خوب سرخ ہو جاوے ازاں بعد انہیں آگ سے نکال کر رات بھر سرد کرکے خرما مذکور کو پوری سے نکال لیں۔ اور مرقومہ بالا دودھ میں انہیں جوش دے کے خوب خمیر ہو جاوے۔ دو چار روز خوب خشک کریں۔ پس ازاں کونڈی میں ڈال کر خوب کوٹ چھان کر میدہ کی مانند کریں۔ اور اکیس دن ہر روز سویرے ایک تولہ کے قریب کھاوے۔ اور اوپر سے ایک سیر دودھ یا پاؤ بھر گھی لیوے۔ اور ترش و بادی اشیاء سے پرہیز کرے۔ اور ہمبستری سے بھی بچا رہے۔ تجربہ کرکے دیکھیں۔ کہ کس قدر قوت حاصل ہوتی ہے لیکن اس دوائی کے ساتھ گھی کا عام استعمال ہونا چاہئے ◆ (۱۱)

پچھکنی وسندھی ہموزن لیکر انہیں باریک پیس لے اور ہر روز چار درم کے قریب علی الصباح گائے کے کچے دودھ کے ساتھ کھاوے۔ بدرجہ غایت قادر ہو جاویگا۔ آزمودہ ہے ◆ (۱۱)

مقوی باہ:۔ اسپند ۵ درم۔ جاوتری ۵ درم۔ قرنفل ۵ درم۔ کنجد سیاہ (تل) ۱۰ درم افیون ½ درم۔ ان سب اشیاء کو باریک کرکے اور شہد میں ملا کر دو دو درم کے برابر گولیاں باندھ لیں۔ اور استعمال کریں۔ اگر طاقت ہضم نہ ہو تو حسب موافق طبیعت کھاویں۔ ۴ روز تک متواتر کھانے سے تجربہ ہوگا کہ کس قسم کا مجرب نسخہ ہے ◆ (۱۱)

دیگر مقوی باہ } خرما ۱ تولہ۔ تخم پیاز ۱ تولہ۔ تخم گاجر ۱ تولہ۔ کندر ½ تولہ۔ نخود بریان مقشر ۲ تولہ۔ ان سب کو باریک پیسکر ہر روز علی الصبح حسب موافق

عارضہ آدبا یا کرتا ہے۔ (ر)

عے جو کوئی مرگ مفاجات سے مرجاوے تو چاہئے کہ برگ کپی کا عرق اسکے ناک میں چوادے جب عرق اسکے مغز میں پہنچیگا۔ تو یہ امر تجربہ شدہ ہے کہ وہ زندہ ہو جاویگا۔ اچانک کسی سبب سے مردہ ہو جاوے۔ تو در اصل جان نہیں نکل جاتی۔ فوراً علاج کرنے سے راضی ہو جاتا ہے اگر برگ کپی کا پتہ نہیں لگا ہے۔ (ایڈیٹر)

عے۸ نسخہ برائے دفعیہ زہر سانپ

تخم جاگُرنہ ۴ تولہ مرچ سیاہ ۱ تولہ دونوں کو پیسکر اور ۵ عدد کاغذی لیموں کے عرق میں تین رات دن تک حل کرکے تخم ریٹھے جتنی گولیاں باندھ رکھے۔ اور وقت حاجت گولی کو پانی میں گھول کر اس شخص کی دونوں آنکھوں میں ڈالے جس کو سانپ نے کاٹا ہو صحت حاصل ہوگا۔ اور زہر کا بالکل اثر نہ ہوگا۔ اور اگر مارگزیدہ مردہ حالت میں پڑا ہو۔ تو اسکے سر کے درمیانی حصہ کے بالوں کو استرہ سے کاٹ کر تالو پر حجامت کر دیکھیں۔ اگر خون ظاہر ہو تو ایک گولی کو پانی میں حل کرکے اسپر لیپ کریں۔ زندہ ہو جاویگا بعد ازاں پھر ایک گولی گھسکر اسکی دونوں آنکھوں میں ڈال دینے سے صحت ہو جاویگی مجرب ہے۔ (ر)

عے۹ علاج دھات پشٹ و قوت باہ

پیپل دراز انجیر سپیدہ لکڑی ایک پاؤ ان دونوں چیزوں کو دو سیر گائے کے دودھ میں نرم آنچ پر پکاویں۔ کہ سارا دودھ جذب ہو جاوے۔ بعدہٗ جہاں ہوا کا گذر نہ ہو۔ وہاں سایہ میں خشک کرکے باریک پیسکر اور دو سیر مصری کو بھی پیسکر اس میں ملالیں پس ہر روز ۹ ماشہ کھا لیا کریں۔ اور اوپر سے دودھ پیویں۔ جبتک دوائی کھاتے رہیں۔ تب تک ترش بادی اشیاء سے پرہیز رکھیں۔ یہ دوائی بہت مفید ہے۔ اگر ۲ عورتیں بھی ہوں تو اس دوائی کا استعمال کریں۔ بہت قوت باہ پیدا ہوگی۔ (ر)

عے۱۰ علاج پشت کمر۔ درد کمر۔ زکام و زیادتی سردی

آرد اُڑد ۱ سیر آرد گندم ۱ سیر آرد نخود ۶ تولہ قند سیاہ کہنہ یک پاؤ ۱ سیر اکو گل یک پاؤ ان سب کو روغن زرد میں بریان کرکے ۲۵ ٹکیہ باندھیں۔ اور وقت حاجت

ایک گولی کو صبح و شام کھایا کریں۔ اور جب تک دوا کھاتا رہے۔ تب تک ترشی بادی اشیاء سے پرہیز رکھے نافع ہے۔ (ر)

عے۱۱ نسخہ عجائب از تصنیف حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہ العزیز رحمۃ اللہ علیہ

بلیلہ ایک پاؤ۔ بلیلا ایک پاؤ۔ آملہ ایک پاؤ۔ عقرقرحا ایک پاؤ۔ چترمول ایک پاؤ دارچینی ایک پاؤ۔ گل ایک پاؤ۔ کباب چینی ایک پاؤ۔ پوست بنادی ایک پاؤ۔ تخم پنوار ایک پاؤ۔ بھنگرہ سیاہ ایک پاؤ۔ قند سیاہ کہنہ ۳ سیر شہد خالص ۳ سیر۔ ان سب ادویہ کو صبح کے وقت ہاتھ منہ دھو کر خوب باریک پیسیں۔ اور کپڑ چھان کریں۔ بعد ازاں گڑ اور شہد سمیت چوبی برتنوں میں ڈال کر آدھے دن تک ہلاتا رہے۔ جتنے کہ خوب مل جاویں بعد ازاں ۳ سے ۹ ماشہ کی گولیاں بنا کر دس مہینے تک ہر روز ایک گولی کھاویں۔ اور کوئی بھی پرہیز کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بفضل ایزد تعالےٰ حسب ذیل فائدہ حاصل ہوگا پہلے مہینہ میں جسقدر نقص اندام جسم (اعضا) میں ہونگے وہ دور ہو جاوینگے دوسرے مہینے میں اندام بادرم کی مانند ہو جاویگا۔ تیسرے مہینے سردی بالکل ہی جاتی رہیگی چوتھے مہینے میں اندام میں ہوئی ہوئی تمام سردی کا قلع قمع ہو جاویگا پانچویں مہینے میں سفید بال سیاہ ہو جاوینگے۔ چھٹے مہینے میں استعداد طاقت ہو جاویگی ساتویں مہینے میں قوت حافظہ کا عود ہو کر جو کچھ فراموش ہو گیا ہوگا۔ وہ بھی یاد آجاویگا یعنی نسیان دور ہو جاویگا۔ آٹھویں مہینے میں نظر بہت بلند ہو جاویگی۔ نویں مہینے میں دن کو ستارہ دیکھنے کی طاقت بینائی کو حاصل ہوگی۔ اور دسویں مہینے حضرت مخدوم شیخ نصیر الدین چراغ دہلوی کی برکت دنیا کی سب باتیں اُسکے دل پر آشکارا ہو جاوینگی۔ (ر)

عے۱۲ نسخہ دافع لقوہ و بادی و درد ریح مفید است

جائیفل۔ مہرہ بنگی از ہر ایک یک عدد۔ لونگ۔ مالکنگنی۔ اجوائن خراسانی۔ تخم بید انجیر لکڑی از ہر ایک ۹ ماشہ۔ افیون ۱ ماشہ ان سب ادویہ کو کوٹ کر عرق برگ بید کے

گولیاں بنادیں۔ ایک گولی صبح شام کی ہمیشہ بنادیں۔ اور سوفن سے دیا کریں۔ ۱۴ دن میں اکثر آرام ہوتا ہے۔ اس کے لئے اگر ... باقی رہے تو یہ معجون کھلائیں تو بہت مفید ہے۔ گیرو پاؤ مرچ سیاہ پاؤ پیس کر سیر پاؤ خالص شہد گرم کرکے بوتل میں ڈال کر ۲۰ دن گندم کے ڈھیر میں دبادیں۔ بعد ۲۰ دن کے نکال لیں۔ خوراک ایک تولہ یا ڈیڑھ تولہ۔

نسخہ مصفی خون

گندھک آملہ سار ½ پاؤ۔ برگ پان ۱۱ عدد۔ ہر دو کو ایک دن کھرل کرکے اور شل ٹکیہ بنا کر اوپر اس کے روئی لپیٹ دیویں۔ پھر ایک آہنی سیخ سے چسپاں کرکے پھر تیل سیاہ میں تر کریں اور تھوڑی روئی لگا کر آگ لگا دیں۔ نیچے طشتری رکھ لیں تیل خون کے سرخ رنگ کے قطرے گریں گے۔ اس کو شیشی میں بند رکھیں [illegible] تک۔ کھجلی چنبل داد وغیرہ کے لئے ایک بوند بتاشہ میں دیا کریں۔ اول درجے کی مصفی خون ہے۔

نسخہ ملذذ

تخم مغز تخم توبنہ۔ مغز تخم کرنج۔ برابر وزن تینوں کو بہت باریک کرکے رکھے۔ لعاب بیدانہ میں حل کرکے تمام پر لیپ کرے۔ اوپلے کے سینک سے خشک کرے۔ یا خود بخود خشک ہونے دیں اس کے بعد مشغول ہو۔ قدرت خدا دیکھے۔

نسخہ طلا برائے مجاوق

مثھا تیلیہ ۱ ماشہ۔ گھونگچی سفید ۳ ماشہ۔ مغز جمال گوٹہ ۳ ماشہ۔ پوست بیخ کنیر ۳ ماشہ۔ بیربہوٹی دو نیم سیر۔ شیر مدار علے الاتصال ہشت پاس کھرل نمایند و در سایہ خشک کردہ حب ابقدر کنار جنگلی بندند۔ بطریق معروف روغن کشیدہ بر قضیب طلا نمایند۔ بالائش برگ پان پیچند۔

نسخہ جریان کے واسطے

گوکھرو سینگھاڑہ ... مغز املی برابر وزن لے کر اول عرق ادرک میں ۱ ... پھر عرق پیاز میں

ساتھ کھرل کرکے ۱۰۰ ماشہ کی ٹکیہ بنادیں۔ اور روغن تل خالص ۳ چھٹانک پختہ خوب کرے۔ تاکہ آدھ پاؤ روغن باقی رہے۔ اور قرص ہائے خوب بریان ہوجاویں۔ سرد چھان کر رکھے۔ اور وقت حاجت ملے ۔ (//)

اگر کسی کو خون آتا ہو اور بند نہ ہوتا ہو۔ ایکدم کھانڈ اور نصف درم گولی کے ساتھ ۷ دن تک ہر روز ایک گولی کے حساب سے کھلاوے۔ اور دال چاول بغیر اور کچھ بھی نہ کھاوے۔ ۷ دن تک پرہیز سے دوائی کا استعمال کرنے پر شفا حاصل ہوگی ۔ (//)

بہرہ پن کی دوائی:- سرسوں کا تیل ۵ تولہ، سرکہ نیشکر ۲ تولہ ہر دو اشیاء کو ملا کر آگ پر پکائیں۔ تاکہ سرکہ جل جائے۔ بعد میں چھان کر قدرے کان میں نیم گرم ٹپکادیں۔ مہینہ میں صحت کلی حاصل ہوگی ۔ (عبد الغفور عطار)

نسخہ برائے طحال بخار مجرّب ہے

امیڈ کیسس ۴ گرین۔ کونین ۴ گرین سلفٹ آف میگنیشیا ۴ اونس۔ ڈائیلیوٹ سلفیورک ایسڈ ۱ ڈرام۔ اسپرٹ آف امونیا ایرومیٹک ایک اونس۔ ٹنکچر جنجر ۱ اونس ٹنکچر ہائی سائمس ۲ ڈرام پیپرمنٹ ۴ اونس واٹر سب کو ملا کر ایک اونس مقدار میں صبح کو اور ایک اونس شام کو پلادیں۔ اور ورم طحال پر ٹنکچر آیوڈین لگائیں ۔ (//)

امساک:- ایک جائفل میں افیون ۱ ماشہ ڈالیں۔ اس جائفل کو دھتورہ کے ڈوڈے میں بند کرکے ایک بینگن کلاں میں بند کردیں۔ بینگن کو گل حکمت کریں جب خشک ہوجاوے۔ ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں جائفل و افیون کھرل کرکے مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گھنٹہ پیشتر دودھ سے کھادیں ۔ (دیوی دتہ مل سرگودھا)

نار سنگھ چورن

سناء مکی کا سفوف ایک سیر، گوکھرو دکھنی کا سفوف ایک سیر، بڑی ہڑ ایک سیر، گند کا ایک سیر، ست گلو، چھٹانک، بھلاوہ مدبر ۱ سیر، بیخ [illegible] کی چھال اڑھائی پاؤ، تلی صاف ایک سیر، سونٹھ، پیپل، [illegible] کا سفوف آدھ سیر، مصری ۵ سیر، شہد ۱۲ سیر، گھی کا ملا [illegible] سفوف بڑی کنڈ [illegible]

ان سب کو باریک پیس کر چنا کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنا کر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ شربت حسب ۔۔ بعض اگر کھلائی جائے بہت جلد مریض شفایاب ہوگا۔

خارجی علاج

سنبل الطیب یا بچھڑا کسی قدر لے کر تھوڑے سے پانی میں جوش دے کر اس جوش شدہ پانی سے ہاتھ پاؤں مریض کے دھلانے چاہئے۔ اس مرض کا یہ عمدہ علاج ہے ۔ (//)

قرحہ کا علاج

شورہ، پھٹکری بریاں، سہاگہ، نوشادر، سیپ، چونہ قلعی، پھٹکری، برابر وزن لے کر آک کے دودھ میں ایک دن کھرل کریں اور ۵ سیر اوپلوں کی آنچ دیدیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔ آتشک، سوزاک، قرحہ، دمہ، کھانسی، بلغمی کو نافع ہے۔ خوراک ایک رتی صبح و شام آتشک ۔۔۔ ہمراہ ۔۔ قرحہ میں ہمراہ مکھن، کھانسی و دمہ میں ہمراہ ۔۔ دیگر بادی و بلغمی امراض کو بھی بدرقہ مناسب سے مفید ہے ۔ (//) میرا تجربہ ہے مندرجہ ذیل نسخہ ایک خط میں سے نقل کیا جاتا ہے ۔

نسخہ امساک

سفوف کچلہ، تخم دھتورہ، تیل قسیون، بیخ موٹھ ہر ایک ایک پاؤ ان سب کو جو کوب کرکے باہم ملاکر اور تیل افیون شامل کرکے بذریعہ پتال جنتر نکال لیں۔ سبب ناخنوں پر تھوڑا تھوڑا تیل لگا لینا چاہئے۔ جب تک ترشی نہ کھاوے۔ مگر یہ نسخہ میرا خود آزمودہ نہیں ہے۔ ایک شخص مسمی زہرہ خاں جو کہ آدھ آدھ سیر سم الفار کھا جاتا تھا اس سے ۔۔۔ میں عرض کردوں کہ میں نے بھی اسکو خود آزمایا نہیں ہے۔ مگر اجزا کل اچھے ہیں ۔ (//)

بواسیر کا علاج

ایلوا، دصبر آدھ گھنٹہ عرق گلاب و عرق بادیان سے کھرل کرکے بقدر جنگلی بیر کے